سلسلۂ اشاعت العلوم نمبر (۶۵)

وَاَنزَلنَآ اِلَيكَ الذِّكرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيهِم وَلَعَلَّهُم يَتَفَكَّرُونَ

الحمد للہ والمنۃ کہ جزو اول تفسیر

روح الایمان
فی
توضیحات القرآن

جسکے صلہ میں پیشگاہ اعلیٰحضرت قدر قدرت بندگان عالی حضرت غفران مکان نظام الملک آصف جاہ بہادر

خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ سے نقد پانچسو روپیہ عطا ہوئے تھے

مؤلفہ

مولوی محمد فتح الدین صاحب ازہر خوشابی ابن حکیم غلام محمد صاحب مرحوم حنفی و قادری مولوی فاضل و منشی فاضل

صاحب کتاب العطایا و کتاب المیراث و نقشہ انوار الفرائض

حسب الحکم

حقائق آگاہ معارف دستگاہ عارف باللہ مولنا مولوی حافظ حاجی محمد انوار اللہ خاں نواب فضیلت جنگ بہادر

معین المہام امور مذہبی و صدر الصدور صوبجات دکن و میر مجلس اشاعت العلوم

باہتمام

جناب مولوی حافظ محمد ولی الدین صاحب فاروقی مہتمم مجلس اشاعت العلوم حیدرآباد دکن صانہا اللہ عن الشرور والفتن

[illegible]

دفعہ اول — سنہ ۱۳۳۶ ہجری — یکہزار جلد

سلسلۂ اشاعت العلوم نمبر (۶۵)

وَأَنزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ

الحمد للہ والمنۃ کہ جزو اول تفسیر

روح الایمان
فی
تشحیات القرآن

جسکے صلہ میں پیشگاہ اعلیحضرت قدر قدرت بندگان عالی حضرت غفران مکان نظام الملک آصف جاہ بہادر

خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ سے نقد پانچسو روپیہ عطا ہوئے تھے

مؤلفہ

مولوی محمد فصیح الدین صاحب آزر جوشانی ابن حکیم غلام محمد صاحب مرحوم حنفی قادری مولوی فاضل و منشی فاضل

صاحب کتاب العطایا و کتاب المیراث نفقہ و انوار الفرائض

حسب الحکم

حقائق آگاہ معارف دستگاہ عارف باللہ مولانا مولوی حافظ حاجی محمد انوار اللہ خان بہادر فضیلت جنگ بہادر

معین المہام امور مذہبی صدر الصدور صوبجات دکن و مہتمم مجلس اشاعت العلوم

باہتمام

جناب مولوی حافظ محمد ولی الدین صاحب فاروقی مہتمم مجلس اشاعت العلوم حیدرآباد دکن صانہا اللہ عن الشرور والفتن

مطبع انجمن دکن واقع افضل گنج میں طبع شد

دفعہ اول سنہ ۱۳۳۶ ہجری یکہزار جلد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی اِذَا قَرَاْتَ الْقُرْآنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ اِنَّہٗ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَاَنَّہٗ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَاظَبَ عَلَیْہِ فَیَکُوْنُ وَاجِبًا لِقَوْلِہٖ تَعَالٰی وَاتَّبِعُوْہُ وَمُسْتَحَبٌّ قَبْلَ الْقِرَاءَۃِ عِنْدَ الْاَکْثَرِیْنَ

تلاوت کلام اللہ اور اس سے ظاہری انصاحب حاصل کرنے کے لئے جسطرح جسمانی طہارت اور صفائی مکان ضروری ہے۔ اسی طرح اس سے باطنی تقرب پیدا کرنے اور اسکے تحفظ کے لیے روحانی نزہت اور انجلائے قلب کی ضرورت ہے بقولہ تعالیٰ "لَا یَمَسُّہٗ اِلَّا الْمُطَھَّرُوْنَ" پس جس طرح صاف پانی بدن انسان کو تمام میل کچیل سے پاک صاف کر دیتا ہے اسیطرح کلمہ استعاذہ مزکی قلب و مطہر لسان ہے لغو اور خرافات جو منہ سے نکلکر زبان اور قوائے روحانیہ کو نجس اور پلید کر دیتی ہیں ان کلمات کے پڑھنے سے انہیں طہارت کاملہ حاصل ہو جاتی ہے گویا عبادت کے لئے استعاذہ روحانی وضو ہے پس کسی عبادت کے ارادے پر جب کوئی شخص تعوذ شروع کرتا ہے تو گویا تزکیہ قلب اور صفائی باطن کے لئے جناب اقدس میں وہ یہ عرض کرتا ہے

اے خداوند عالم تیری عالم الغیب ذات پر ہر ایک خفی و جلی آواز کی سماعت اور ہر ایک پوشیدہ و ظاہر امر کی پوری کیفیت نہایت واضح اور ظاہر ہے شیطانی وساوس کو تو بخوبی سن سکتا ہے۔ اور اسکی غرض سے بھی تو پورا واقف ہے۔ تیری عام قدرت اسکے تسلط و تصرف کو بڑی سہولت اور نہایت ہی آسانی کے ساتھ رفع کر سکتی ہے اے میرے پروردگار شیطانی خطرات اور نفسانی وسوسون سے مجھے محفوظ فرما۔ کہ مین اس عبادت کو خلوص نیت سے ادا کر سکون۔ وَاِنْ لَمْ تَرْحَمْنِیْ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِیْنَ۔

تحقیق ماہیت تعوذ نوع انسان کے افراد جس طرح شخصی تشخصات مین ایک دوسرے سے متمیز و منفرد ہین۔ اسی طرح طبعی میلان۔ سوچ۔ سمجھ اور عقلی قوت مین بھی باہم متفاوت ہین جس سے عام رائے نتائج نظریہ مین مختلف رہتی ہے اور ایک شخص کا خیال دوسرے سے نہین ملتا۔ اور اگرچہ ہر ایک شخص کسی شاہد یا عقلی دلائل سے اپنی رائے کی صداقت پر یقین رکھتا ہے۔ لیکن تاہم مخالف مقابل کے متضاد خیالات اور ناقص دلائل اسے مشکوک اور ظنی ضرور کر دیتے ہین۔ یہ دوسری بات ہے کہ کوئی شخص اپنے خیالات کے مقابلہ مین دوسرون کی رائے کو غلط قرار دے اور اپنی ہٹ دھرمی سے اسکی طرف توجہ نہ کرے پس جب انسانی افراد کی رائے اپنے نوعی کمالات اور ان نتائج فکریہ مین (جن پر انسانی عقول پہونچ سکتے ہین) ایک دوسرے سے نہین ملتی۔ اور کوئی شخص اپنے نتائج فکریہ کی حتمی صداقت پر یقین نہین کر سکتا تو کیا امور غائبہ اور ان ماہیات کی حقیقت پر عوام الناس بذاتہ مطلع ہو سکتے ہین، جنکے علل اور

مواد کے حدود عقول متوسطہ کی پہونچ سے بھی باہر ہین؟ نہین ہرگز نہین قال
"وَمَا اُوْتِیْتُمْ مِنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِیْلاً" بلکہ ایسے امور کا انکشاف اس قادر مطلق
عالم الغیب کی محض عنایت اور اُسکے فضل وکرم کی اعانت پر موقوف ہے ۔
(وَذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَاءُ وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ)

چونکہ انسان اپنی زندگی بسر کرنے مین بالطبع غیر کا محتاج ہے اور اوپر کی
تقریر سے ظاہر ہو چکا ہے کہ وہ کسی امر کے انجام ۔ اُسکے بھلے بُرے نتائج اخذ
وترک کے فوائد پر کماہی مطلع نہین ہو سکتا تو ہم کہہ سکتے ہین کہ انسان اپنی ضروریات
معیشت مین عنایت ایزدی کا محتاج اور اسکے احسان کا دست نگر ہے ۔ اور
اسکے مدارج کی ترقی غیبی تائید کے بغیر نہین ہو سکتی ۔

پس جب انسان یہ سمجھ لیتا ہے کہ وہ اپنے روحانی اور جسمانی منافع کی
تحصیل ۔ دفع مضار ردِ موانعات مین بالکل عاجز اور بے بس ہے ۔ اور یقین
کر لیتا ہے کہ وہ اپنے دینی و دنیوی مصالح کی رعایت اور اُن کی حفاظت
بذاتہٖ پورے طور پر نہین کر سکتا اور اس عالم الغیب کی علیم ذات ہر ایک شے
اور اس کی حقیقت پر حاوی اور پورے پورے طور پر واقف ہے وہ جواد
مطلق ہے ۔ حسد ۔ بخل وغیرہ اخلاق رذیلہ وخصائل خسیسہ سے منزہ و برتر ہے
وہ خیر محض ہے ۔ اسکی عمیم الاحسان رحمت کے سوائے کوئی شخص اس کی
حاجت براری نہین کر سکتا ۔ تنہا بذات خود بدون امداد و مشورت غیر مدبر عالم
ہے ۔ زمین و آسمان اور جو کچھ ان میں ہے ۔ ہر ایک کا وجود اُن کی تربیت
حیات ۔ بقاء ۔ باہمی ارتباط اور تمام نظم ونسق اسی کی قدرت سے وابستہ ہے

تو اس علم سے اسکے دل مین ایک حالت پیدا ہوتی ہے جسے انکسار اور تواضع کہتے ہین۔ اور تضرّع الی اللہ وخضوع سے بھی تعبیر کرتے ہین۔ پھر اس حالت سے دو صفتین پیدا ہوتی ہین۔ ایک عارف کے دل مین جس سے وہ اپنے حقیقی مالک کی طرف نہایت خلوص سے متوجہ ہوتا ہے اس اُمید سے کہ اس کی عنایت اپنے سایۂ عاطفت مین لیکر عموم توہمات اور ہجوم نزوات سے اسکو نجات دے گی اور دوسری صفت اس کی زبان پر پیدا ہوتی ہے جس سے وہ اپنے خیالات اور اپنی آرزون کو ظاہر کرتا ہے پس اسی طلب کا نام استعاذہ ہے۔ اس تقریر سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ استعاذہ کے تقرر اور تحقیق کے لیئے عزت ربوبیت اور ذلت عبودیت کی معرفت رکن اعظم ہے۔

گویا عاجز بندہ اپنے قادر مختار حقیقی مالک سے عرض کرتا ہے۔ مین سچے دل اور خلوص نیت سے اقرار کرتا ہون کہ تیری ذات۔ حیؔ[1]۔ علیمؔ[2]۔ قدیرؔ[3]۔ مریدؔ[4]۔ کلیمؔ[5] سمیعؔ[6] و بصیر ہے۔ کوئی شئے تیرے علم سے اور تیری قدرت سے باہر نہین۔ ہر ایک چھپی بات اور پوشیدہ سر تجھ پر واضح و ظاہر ہے میری عاجزی و بیکسی پر رحم فرما۔ میری روحانی و جسمانی تربیت جس قوت یا عقل کے سپرد کی گئی ہے وہ خود غضب شہوت۔ حرص و حسد وغیرہ قوائے واہمہ و خیالیہ کے تسلط اور انکی دباؤ سے اس قدر پریشان و متحیر ہے کہ کسی امر پر اسکی رائے قائم نہین رہتی شیطانی وساوس اور نفسانی خطرات سے دم بھر فرصت نہین۔ اگر تیری خاص عنایت ہر وقت میرا ساتھ نہ دے تو اس خونخوار دشت اور بے پایان و کنار وادی سے نجات پانا میری ہمت کے احاطۂ امکان سے خارج ہے اور ورگاہِ

رب العزت نے اسطرح اطمینان و تسلی دیجارہی ہے۔ کہ اے میرے صادق
بندے ہم تجھے بشارت دیتے ہین کہ میری رحمت عام اور نہایت وسیع ہے
جب بندہ (خواہ کوئی ہو اور کیسا ہی ہو) سچے دل اور خلوص نیت سے میری
طرف جھکتا ہے اور عالم یاس مین بے بس ہوکر مجھے پکارتا ہے اور تنہا مجھ ہی
سے مدد و استعانت طلب کرتا ہے تو مین اسکے تمامی کاروبار کا اور ہر ایک امر کا
متکفل ہوجاتا ہون۔ "وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيلًا" دنیا مین اس کے لئے غلبہ
ونصرت۔ عزت و آبرو ہے اور آخرت مین نعیم جنت اور وہ شے ہے جسکو
وہ پسند رکھتا ہے۔ "وَلَدَيْنَا مَزِيدٌ" ہم نے اپنے بندون کے لئے ایک
قانون عمل تجویز کیا ہے جو ان کی روحانی جسمانی تکمیل اور نفسانی اصلاح و ترقی
مدارج انسانیہ کے لئے کامل دستور العمل ہے جو فی الحقیقت صِرَاطِ مُسْتَقِيم
ہے فرمان بردار بارعب و داب محافظ اسکی نگہبانی کے لئے معین ہین جو کسی وقت
غفلت نہین کرتے پس اس سیدھی سڑک پر چلنے والے بے خوف اور بلا روک ٹوک
اپنی منزل مقصود پہونچ سکتے ہین اس راہ پر چلنے اور راہ زنون سے محفوظ رہنے کے
لئے ہمنے ایک خاص علامت قائم کی ہے وہ کلمہ (اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم
اور اعوذ باللّٰہِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ مِنْ هَمْزِهٖ وَنَفْخِهٖ وَنَفْثِهٖ)
ہے ان کلمات مبارکہ کی تلاوت اور ذکر سے عازم طریقت مین ایک خاص اثر اور محمود نشان
پیدا ہوجاتا ہے جس سے ہمارے مقرر کئے ہوئے ملائکہ اور فرشتے اسے اپنی خاص
حفاظت مین لے لیتے ہین اور وہ ہر ایک قسم کے تردد و توہم اور شیطانی وساوس و
نفسانی خطرات سے بالکل محفوظ و مصئون ہوجاتا ہے۔ واللہ الموفق والیہ المرجع والمآب



یہ مکی اتری ہے سات آیتیں ہیں	شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے	یہ سورہ فاتحہ ہے
آیاتها سبع و رکوعها	بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بنام خدائے بخشاینده مهربان	سورۃ فاتحۃ مکیۃ

اے مستعینا باسم اللہ ابدء یا - اقرء ھذا الکتاب مستعینا	بنام خدا - اللہ کے نام سے یا اللہ کا نام لیکر

لہ سورۃ فاتحہ - اس صورت کے پچیس نام ہیں (۱) فاتحۃ الکتاب (۲) فاتحۃ القرآن (۳) ام الکتاب (۴) ام القرآن (۵) قرآن العظیم (۶) سبع المثانی (۷) الوافیہ (۸) الکنز (۹) الکافیہ (۱۰) الاساس (۱۱) نور (۱۲) سورۃ الحمد (۱۳) سورۃ الشکر (۱۴) سورۃ الحمد الاولی (۱۵) سورۃ الحمد القصوی (۱۶) الواقیہ (۱۷) الشفا (۱۸) الشافیہ (۱۹) سورۃ الصلوۃ (۲۰) الصلوۃ (۲۱) سورۃ الدعا (۲۲) سورۃ السوال (۲۳) سورۃ التعلیم المسئلۃ (۲۴) سورۃ المناجات (۲۵) سورۃ التفویض

(تفسیر اتقان سیوطی)

باسم اللہ یعنی خداوند عالم کے
اسم اللہ ہی کی مدد اور استعانت
سے میں اس کتاب کو پڑھتا ہوں ۔
بسم (ب اسم) اسم کا الف کثرت
استعمال سے حذف ہوا ہے اور اسکے
عوض عربی رسم الخط میں حرف ب
کو لمبا[۱] لکھتے ہیں ۔ اس طرح بسم
یہ خصوصیت اسی کلمہ شریفہ ہی کی ہے
ب ۔ بمعنی استعانت یا مصاحبت

لے استعنت باللہ او مستعینًا[۲]
بہ او متلبسًا و متبرکًا بہ
اسم ۔ اس لفظ کو کہتے ہیں ۔ جو اپنے
موضوعہ و معینہ معنی کے اظہار میں
کلمہ غیر کا محتاج نہ ہو ۔ اور اسمیں کسی زمانہ
کا لگاؤ بھی نہ پایا جائے ۔ اس جگہ اسم
سے اسم عینی مراد ہے یعنی وہ لفظ جو قائم
بذاتہ معنی پر دلالت کرتا ہے ۔
لفظ اسم مشتق[۳] ہے سُمُوٌ بمعنی بلندی

۱؎ حرف با کو لمبا لکھتے ہیں ۔ نیشاپوری وغیرہ مفسرین نے لکھا ہے طولوا الباء من بسم اللہ انما
لدلالتہ علی ھمزۃ الوصل المحذ وفۃ الخ ایسے ہی رسم قدیم میں ۔ حرف سین کو دندانہ
دار لکھنے کی تاکید ہے ۔ اسکے متعلق قاضی عیاض نے شفا میں ایک حدیث کو پیش کیا ہے ۔

۲؎ اذ فیہا ادب و تلمیحٌ الی اسقاط الحول و استفتاحٌ لباب الرحمۃ وجوابٌ
لقولہ علیہ السلام ولست بقارئٍ کانہ قال جبریل علیہ السلام فی جوابہ
مُستعینًا ای اقرء مستعینًا باسم اللہ ومتبرکًا ۔

۳؎ لفظ اسم کے مشتق ہونے میں جمہور علما کا اتفاق ہے البتہ ماخذ اشتقاق میں اختلاف ہے
بصری سُمُوٌ کعُلُوٌّ تشدید کے ساتھ یا بدون تشدید بمعنی غلبہ و بلندی سے مشتق مانتے
ہیں کیونکہ محاورۂ عرب میں جب ایک شے دوسری شے پر غالب یا پورے طور پر ظاہر ہو جاتی
ہے تو اسے سما سموا سے تعبیر کرتے ہیں ۔ اس تقدیر پر اسم معتل اللام ناقص واوی ہے

وعلیہ یا سِمَۃ بمعنی داغ وعلامت سے۔ بتقدیر اول معتل اللام ناقص واوی ہے اور دوسری تقدیر پر معتل الفاء ہے

الله³ معبود برحق۔ علم ذاتِ واجب الوجود جامع جمیع صفات کمال۔

اللهُ اسم عربی جامد۔ مرتجل غیر مشتق ہے (ک) اور کہتے ہیں یہ اسم مشتق ہے۔ اور اس میں تین قول ہیں۔ (۱) اصل میں اِلٰہ بکسر ہمزہ بمعنی معبود ہے الف ولام کے داخل ہونے سے مخصوص الاستعمال ہے (۲) اصل لاہ بمعنی پوشیدہ و مرتفع ہے۔ الف لام زاید

بقیہ صفحہ ۷۔ پھر اس میں دو قول ہیں (۱) اصل اسم اسمُ مضموم الآخر ہے یا اسمِ مکسور الآخر ہے یعنی اسم دراصل سما یسمو۔ یا سمی یسمی کا بوزن ادع اسم یا بوزن ارم اِسم صیغہ امر ہے بعد ازاں صیغہ امر حد افعال سے نکال کر اسم بنا لیا گیا ہے اور اس پر وجوہ اعراب جاری کیے گئے ہیں (قول دوم) اصل اسم سمو مثل حمو ہے بعد ازاں واؤ کو حذف میم کو ترک سین کو ساکن کر کے اسکے اول الف وصل لایا گیا ہے جس سے اسم کا وزن افع ہے اور کوئی اسم کو سِمَۃ بمعنی داغ و علامت سے ماخوذ مانتے ہیں اسلئے کہ اسم اپنے مسمی کی ایک علامت ہے یقال۔ وسمہ یسمہ وسما وسِمَۃ کواہ وجعل لہٗ علامۃ یعرف بہا اس تقدیر پر اسم معتل الفاء ہے کہ سِمَۃ دراصل وسم ہے مثل عدۃ وزنۃ کہ اصل میں وعدٌ ووزنٌ ہیں لیکن چونکہ اسم کی جمع اسماء اور اسامی آتی ہے اور اسکی تصغیر سُمَیّ ہے لہٰذا جمہور علماء نے مذہب اول کو ترجیح دیتے ہیں۔ اور کوفیین کے مذہب پر لازم آتا ہے کہ اسم کی تصغیر وُسَیْمٌ اور اسکی جمع اوسام آتی لیکن کوفی ایسی امثلہ کو قلت پر محمول کرتے ہیں۔ اس تقدیر پر اسم کا وزن اعْل ہے۔

ے الله اسم یعنی علم ہے۔ اکثر نحات مثل خلیل سیبویہ اور علماء اصول فقہ کا قول ہے کہ لفظ الله اسم عربی

غیر عوض کے داخل ہونے سے خاص	معبود برحق پر بولا جاتا ہے (۲) اصل اسکی

بقیہ صفحہ ۸ - جامد ابتدا ئً علم ذات واجب الوجود ہے مشتق نہیں اور نہ صفت ہے لیکن بعض نحات نے اسکو مشتق مانا ہے (۱) کہا ہے کہ اصل میں یہ اِلٰہ بکسر ہمزہ بمعنی معبود ہے اور وہ کلی ہے کہ جو شخص جس ذات کی پرستش کرتا ہے وہ ذات اُسکے لئے معبود اور اسکی اِلٰہ ہوتی ہے اسلئے ہر ایک معبود کو اِلٰہ کہہ سکتے ہیں وہ معبود برحق ہو خواہ غیر حق پس ہمزہ خلاف قیاس حذف کر کے اسپر الف ولام عہدی داخل کیا گیا ہے جس سے وہ مخصوص الاستعمال سمجھا جاتا ہے سیبویہ کے نزدیک یہ الف لام حذف شدہ ہمزہ کے عوض ہے اور دوسروں نے کہا ہے کہ الف لام زائدہ اور لازم ہے تعریف کے لئے نہیں - بعضوں نے کہا ہے اٰلہ کی اصل صرف اللہ کی "ہا" (۲) ہے اسپر لام ملک زیادہ کیا گیا تو لَہٗ ہوا پھر تعظیم کے لحاظ سے اسپر الف ولام کا اضافہ کیا اور تاکید کے خیال سے اسکی تفخیم کر دی گئی تو اللّٰہ ہو گیا اور اٰلہ مصدر موضع مفعول مالوہ بمعنی معبودؐ ہے اصل اشتقاق اَلَہَ کعَبَدَ یَاْلَہُ اِلٰھَۃً کعِبَادَۃٍ والٰھۃٍ کنُبُوّۃٍ واُلُوْھِیَّۃٍ کعُبُوْدِیَّۃٍ والوھیّۃٍ واُلْھَانِیَّۃٍ بمعنی تعبّد ہے اور کہاہے وہ صفت مشبہ ہے بمعنی مالوہؐ مثل کتاب بمعنی مکتوب اور اس کا مصدر ہونا خلاف مشہور ہے - (قول دوم) اصل اسکی لاہ بمعنی پوشیدہ و مرتفع ہے اور اصل میں وہ مصدر ہے - یقال لاہَ یَلِیہُ او لاہَ یَلُوہُ لیھًا و لاھًا اذا ارتفع واحتجب ہے فھو محتجب بسرادقات الجلال و مرتفعٌ عن ادراک الخیال فسمی اِلٰھًا یعنی وہ ذات کہ ادراک ابصار سے پوشیدہ اور ہر ایک شے پر مرتفع اور سب پر اعلے ہے اور عقول بشر اسکے ادراک سے عاجز ہیں پس مصدر بمعنی مفعول ہے اور الف لام زاید غیر عوض ہے (۳) اصل اسکی الاِلٰہ الف ولام تعظیم کے داخل ہونے سے الاِلاہ ہوا پس تخفیفاً ہمزہ حذف کر دیئے اور ادغام لام کے بعد اللّٰہ علم ٹھہرایا گیا ہے -

اللہ ہے تعظیمی الف ولام کے داخل ہونے اور ایک خاص لفظی تصرف کے بعد علم ذات واجب الوجود ٹھہرالیا گیا ہے۔

منعم ۔ عمیم الاحسان ۔ نہایت رحم و مہربانی کرنے والا۔ دنیا مین اپنے پروردہ کی نگاہداشت کرنے اور آخرت مین اسکے معاصی و جرائم سے درگزر کرنے والا۔

الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ ہر دو صیغہ مین مبالغہ ہین اور کہا ہے وہ مبالغہ کے[۵] صیغے ملحق باسم فاعل فعل متعدی سے

[۵] صاحب اتقان نے برہان رشیدی سے نقل کیا ہے کہ خدا تعالی کی جسقدر صفتین مبالغہ کے وزن پر آئی ہین وہ سب مجاز ہین ۔ کیونکہ وہ صفتین مبالغہ کے لئے موضوع تو ضرور ہین مگر ان مین مبالغہ پایا نہین جاتا اسلئے کہ مبالغہ اسبات کا نام ہے کہ ایک شے کے لئے کوئی ایسی بات ثابت کیجائے جو اسکی موجودہ صفت سے زاید ہے ۔ اور خدا تعالی کی صفتین کمال کے انتہائی درجہ پر پہنچی ہوئی ہین ان مین بڑہانا گھٹانا یا مبالغہ کرنا ممکن نہین اور نیز مبالغہ ان صفات مین کیا جاتا ہے جو کمی بیشی قبول کرسکتی ہین اور صفات الہی اس نقص سے منزہ و برتر ہین ۔ اور تحقیق یہ ہے کہ مبالغہ کے صیغون کی دو قسمین ہین (۱) جس مین زیادتی فعل کے موافق مبالغہ ہوا کرتا ہے (۲) جس مین تعداد مفعولات کے مطابق مبالغہ حاصل ہوتا ہے اور اسمین کچھ شک نہین کہ مفعولات کا متعدد ہونا فعل مین زیادتی ہونے کو واجب نہین بناتا اسواسطے کہ کبھی ایک فعل متعدد مفعولون کی جماعت پر واقع ہوا کرتا ہے اس قسم سے ہین صفات واجب تعالی شانہ جو مبالغہ کے وزن پر آئی ہین ۔ پس مثلاً تَوّابٌ کے معنی یہ ہین کہ خداوند کریم توبہ کی قبول کرنے مین بلیغ یعنی حد درجہ تک پہنچا ہوا ہے یہانتک کہ وہ اپنے کرم کی وسعت سے توبہ کرنے والے کو بمنزلا ایسے شخص کے بنا دیتا ہے جسنے کبھی گناہ ہی نہین کیا پس رحمان و رحیم مین بھی مبالغہ تعلق برحمت رکھنے والون کی کثرت کی نسبت سے ہے نہ کہ کثرت وصف کے خیال سے ۔ ۱۲

لئے گئے ہین - اور کہا ہے یہ دونون صفت مشبہ مفید معنی مبالغہ ہین اور یہ دونون اسم قریب المعنی ہین اور کہا ہے رحمٰن ابلغ ہے اسلئے کہ حروف کی زیادتی معنی کی زیادتی پر دلالت کرتی ہے - اسی خصوصیت کے باعث وہ رحیم پر مقدم ہوا ہے گویا کثرت رحمت کے باعث وہ علم کے قریب ہے اور اسی لحاظ سے استعمال مین بھی فرق کرتے ہین کبھی باعتبار کمیت کہتے ہین - یا رحمٰن الدنیا اے دنیا مین مومن و کافر فاسق و فاجر پر احسان اور رحمت کرنے والے - ویا رحیم الآخرۃ اے قیامت مین خاص مومنون پر عنایت و مہربانی کرنے والے اس لئے کہ آخرت کی تمام نعمتین جلیلہ ہین اور دنیا کی حقیر و ذلیل -

راغب کہتے ہین - بعض نے کہا ہے کہ رحمٰن اس صفت پر دلالت کرتا ہے جو قائم بذات واجب الوجود ہے اور رحیم اس صفت کے اس تعلق کو بتاتا ہے جو مرحوم کے ساتھ ہے پس رحمان اسبات پر دلالت کرتا ہے کہ رحمت اللہ تعالی کی ایک صفت ہے اور رحیم یہ بتاتا ہے کہ وہ اپنی مخلوق پر اپنی رحمت کے باعث توجہ فرماتا ہے - اسکے برخلاف یہ بھی کہا گیا ہے کہ رحیم بلیغ تر ہے کہ فعلان کا وزن تثنیہ کا وزن ہے اور تثنیہ تضعیف (دوچند کرنے) کے لئے آتا ہے اور رحیم صیغۂ جمع کے وزن پر عبید کی طرح آیا ہے اور صیغۂ جمع تثنیہ سے بہت زیادتی پر دلالت کرتا ہے ۱۲-

اور کہا ہے فعیل اس ذات پر دلالت

کرتا ہے جس سے فعل کثیر واقع ہو اور فعلان
اسپر کہ اس سے فعل کثیر اور مکرر واقع ہو
اور ابن المبارک سے منقول ہے
رحمٰن وہ کریم ہے کہ جب اس
سے سوال کیا جائے وہ عطا کرے
اور رحیم وہ کریم ہے کہ اگر اس
سے نہ مانگا جائے تو وہ غصہ کرے

بِ ‎۱... حرف جار
اسمِ، مجرور مضاف ‎۲
اللہ، ... موصوف
رحمٰن، صفت اول
رحیم، صفت دوم
اقرا یا ابتدء مقدر فعل با فاعل
اے اقرء ہذا الکتاب یا ابتدء ہذا الامر

‎۱ ب، حرف جار۔ یہ حرف ان حروف مین سے ہے جو کہ فعل یا شبہ فعل کے اثر کو انکے اسماء تک پہنچانے کے لئے موضوع ہوئے ہین۔ پس جہان کہین ان حروف مین سے کسی حرف کو لایا جاتا ہے اس جگہ کسی ایسے فعل یا شبہ فعل کا ہونا ضروری ہوتا ہے جو اس حرف کا متعلق بن سکے اور اگر کہین ایسے کلام مین استعمال کیا جائے جسمین اس حرف کا متعلق ذکر نہین ہوا تو اس جگہ ایک فعل عام یا شبہ فعل مثل موجود و کائن ثابت وغیرہ کے مقدر مانا جاتا ہے اور اگر قرینہ کسی خاص فعل کا مقتضی ہو تو حسب قرینہ فعل خاص مقدر مان لیا جاتا ہے پس اسجگہ یعنی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم مین چونکہ کوئی ایسا فعل مذکور نہین جسکے ساتھ حرف جارہ مذکور متعلق ہو سکے اسلئے ایک فعل محذوف ماننے کی ضرورت ہے اور وہ فعل خاص اِقرء ہے کیونکہ بسم اللہ الخ کے ساتھ ملی ہوئی دوسری تمام آیتین یعنی جملہ نظم کتاب مقروء ہے پس اسی حالی قرینے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بسم اللہ مین بھی کوئی فعل قرأت ہی سے مشتق مانا جاوے۔

‎۲ اسم مضاف اسم سے اگر اسم اصطلاحی مراد ہے تو یہ اضافت لامی ہے اور عام خاص کی طرف مضاف ہے اور اگر اسم معنوی مراد ہے تو صفت کی موصوف کیطرف اضافت ہے ای عظمت وکبریائے خدا۔ اور یا اضافت بیانی ہے ۱۲۔

بعون اللہ تعالیٰ باستعانۃ اسمہٖ۔

وبالبسم اللہ الجار متعلق بخبر محذوف
کائن، المحذوف ... خبر
ابتدائی، المحذوف ... مبتدا

(تفسیر جمل صفحہ ۸)

ف مشرکین وکفار عرب کی یہ عادت تھی کہ ہر ایک امر کی ابتدا اپنے معبودون کے نام سے کیا کرتے تھے یعنی ہر ایک کام کے شروع مین باسم العزیٰ وباسم اللات کہا کرتے تھے۔ اس آیت مکرمہ مین موحدین کو تعلیم کیجاتی ہے کہ تمہارے ہر ایک امر کی ابتدا اس حقیقی مالک کے معظم ومکرم اسم مبارک سے ہونی چاہیئے اور تمہین ہر ایک کام مین اسی قادر مطلق کے مقدس ومتبرک اسمائے حسنیٰ سے تبرک وتیمن حاصل کرنا چاہیئے اسلئے کہ جیسے اسکی ذات جملہ ذاتون سے اشرف ہے اسی طرح اسکا اسم بھی اشرف اسماء اور اسکا ذکر افضل اذکار ہے۔ تو جسطرح اسکی ذات اپنے وجود مین ہر شئے پر سابق ہے اسی طرح اسکے ذکر کا جمیع اذکار پر اور اس کے اسم کا تمام اسماء پر سابق ومقدم ہی رہنا مناسب ولایق ہے

اس آیت شریف کے نزول سے پہلے جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم اپنے فرامین اور خطوط کے ابتدا مین بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ لکھوایا کرتے تھے اور اسکے بعد تمام مکاتیب پر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے لکھے جانے کا حکم فرماتے تھے مگر حدیبیہ کا صلح نامہ جب لکھا گیا اور کفار قریش نے بِسْمِ اللّٰهِ کے لکھے جانے پر انکار کیا تو بغرض دفع فساد وباجازت وحی آپ نے اسپر بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ لکھوا دیا تھا۔

کی ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جبریٔل جب وحی لاتے تھے اوّل بِسْمِ اللّٰہ بجہر اُتارتے تھے۔ اور صحابہ کبار رضوان اللہ علیہم اجمعین سے مروی ہے کہ ان میں سے کوئی شخص نماز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کو ظاہر کرکے نہیں پڑھتا تھا مظہری میں ہے۔ رواہ الشیخان عن انسؓ قال صَلَّيْتُ خلف رسول اللّٰہ

بقیہ صفحہ ۱۵

کہ ان کا دل خدا کی یاد سے ڈر جائے" پڑھتے تو یہاں تک روتے کہ بےخود ہو جاتے اور آپ فرمایا کرتے البِرُّ شیٔ ھیّنٌ وجہ طلق کلامٌ لیّن۔ نیکی آسان چیز ہے کشادہ پیشانی اور نرم کلام۔ آپ سے جماعت کثیر نے روایت کی ہے۔ ۷۳ھ میں آپ کا انتقال ہوا ہے۔ پچاسی برس کی عمر پائی۔ عرفہ کے دن حجاج کے اشارہ پر ایک شخص نے آپ پر وار کیا اور سخت زخمی کر دیا چنانچہ اس صدمہ سے آپ کا انتقال ہو گیا جنازہ کی نماز ظالم وقت حجاج نے پڑھائی اور بمقام محصب یا ذی طوی میں دفن ہوئے (اسد الغابہ)

[1] انس۔ حضرت انس بن مالک خزرجی اجلہ صحابہؓ سے ہیں۔ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت فرما کر مدینہ منورہ تشریف فرما ہوئے اس وقت ان کی والدہ نے آپ کو آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت شریف میں لاکر چھوڑ دیا اس وقت آپکی عمر دس برس کی تھی غزوہ بدر میں آپ شریک ہوئے تھے مگر لڑنے کے قابل نہ تھے دوسرے آٹھ غزوں میں شریک رہے ہیں۔ آپ ہمیشہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر رہا کرتے تھے۔ چنانچہ حضرت رسالتمآبؐ نے آپکو دعائے خیر دی کہ "اے اللہ اُن کی اولاد اور اُنکے مال میں کثرت دے۔ اور جنت میں داخل کر" حضرت انس کہا کرتے تھے میری پہلی کہ دونوں باتیں پالی ہیں اولاد اس قدر ہوئی کہ ایک سو پچپن بچوں کو انہوں نے اپنی آنکھ سے دیکھا مال کی اس قدر کثرت

صلی اللہ علیہ وسلم وخلف ابی بکر وخلف عمر رضی اللہ تعالیٰ
عنہم فلم یجہرا احد منہم بہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
ورواہ احمد ابن عبد اللہ بن مغفل قال سمعنی ابی وانا
فی الصلوٰۃ اقرء بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ فلما انصرف قال یا بُنَیَّ
ایاک والحدث فی الاسلام فانی صلیت خلف رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم وخلف ابی بکر وعمر وعثمان رضی

صفحہ ۱۶ ہوئی۔ کہ ایک جنگل آپ کی بکریون سے بھرا رہتا تھا آپ نے تیرہ برس شب و روز صحبت نبوی علیہ التحیہ والسلام کا شرف حاصل کیا ہے ابن السکین کہتے ہین کہ مرتے وقت انہون نے مجھ سے کہا کہ یہ آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا موے مبارک ہے اسکو میری زبان کے نیچے رکھدو چنانچہ مین نے رکھدیا اور اسی طرح دفن ہوگئے بصرہ مین تمام صحابہ کے آخر آپکی وفات بمقام طف ہوئی ہے اور بصرہ سے دو فرسخ پر دفن ہوئے قطن بن مدرک نے جنازہ کی نماز پڑھائی۔ آپ کی عمر سو برس سے اونچی تھی اور آپ بڑے قادر تیر انداز تھے (اسد الغابہ وغیرہ)

٥١ مغفل مزنی یہ مغفل ذوالبجادین مزنی کے بھائی ہین ۸ھ مین فتح مکہ کے سال قبل مکہ فتح ہونے کے اثناء راہ مین مکہ پہونچنے سے پہلے آپ نے وفات پائی ہے (اسد الغابہ)

٥٢ - ابی بکر حضرت امیر المومنین ابابکر صدیق رضی اللہ عنہ - اسم شریف عبد اللہ - لقب صدیق اکبر و عتیق کنیت ابو بکر و افضل البشر بن عثمان ابی قحافہ بن عامر بالغ مردون مین سب سے پہلے بلا طلب معجزہ آپ مشرف بایمان ہوئے ہین اور اس تصدیق بلا طلب معجزہ کے باعث آپکو لقب صدیقیت کا اعزاز حاصل ہوا ابتداے اسلام مین آپ بہت بڑے دولتمند تھے جب آپ مشرف باسلام ہوئے آپکے

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ بہ یفتنون لا وکانوا اللہ عنہم

پاس اسوقت نقد چالیس ہزار درہم تھے جن کو آپ نے رضائے خدا اور رسول مین صرف کر دیا اور
انتقال کے وقت ایک درہم ترکہ مین چھوڑا آپ کے مناقب بے شمار ہین ۔ آپ مین پانچ خوبیان
ایسی تھین کہ ان مین کوئی دوسرا شریک نہین ۔ (۱) ثانی اثنین فی الغار ۔ یعنی غار حرا کی صحبت
(۲) ثانی اثنین فی العریش کہ جنگ بدر کی گھمسان لڑائی مین صحابہ نے جب بظاہر غلبہ کفار
کو محسوس کیا تو انہون نے حضرت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی نشست کے لئے درختون
کی پتلی پتلی شاخون اور پتون سے ایک چھپر تیار کیا اور یہ عرض کی کہ حضرت یہان تشریف
فرما رہین یہ اونٹنی سامنے موجود ہے اور ہم میدان مین جاتے ہین ۔ اسوقت بھی آن حضرت
علیہ السلام نے حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کو اپنی صحبت کے لئے اختیار فرمایا تھا ۔ (۳) ثانی
اثنین فی الدفن ۔ کہ بعد انتقال آپ جوار رسول اکرم مین مدفون ہوئے ہین ۔ (۴) سرور کائنات
صلی اللہ علیہ وسلم نے سوائے آپکے کسی صحابہ کے پیچھے نماز مین اقتدا سے تکریم نہین فرمائی
(۵) آنجناب مع والدین اور جملہ اولاد و ملازمین زمرۂ اصحاب مین تھے ۔ اس کے سوائے
آپ نے کبھی شراب نہین پی ۔ حضرت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم جب ہجرت فرمائے
مدینۂ منورہ ہوئے تو سب سے پہلے باجازت آنحضرت علیہ السلام آپ نے خطبہ پڑھا جس سے
عام لوگون مین یہ شبہ پیدا ہو گیا تھا کہ شاید محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ ہی ہین جس کا
ازالہ آپ نے بعد مین فرمایا پھر آن حضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی وفات کے بعد بھی آپ
ہی نے خطبہ پڑھا اور اعلان وفات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دیا ۔ پھر سقیفہ بنی سعد مین بھی آپ ہی
نے خطبہ پڑھا اور لوگون نے آپ سے بیعت کی ۔ مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ابتدائی
جب زمین خریدی گئی تو آپ ہی کے بقیہ دس درہم جو مصارف ہجرت سے بچ رہے تھے معاوضہ

وَلَوْ اَرْجُلاً قَطُّ اَبْغَضَ اِلَيْهِ الحَدَثَ مِنْهُ (مط) اور یہی روایت

ہین دیے گئے شیخ ابن حجر لکھتے ہین۔ جب مسجد نبوی کو وسعت دی گئی تو صحابہؓ کے گھرون کے

ان دروازون کو جو مسجد کی جانب تھے اور دوسری طرف بھی اُنکے دروازے تھے بند کردینے کا حکم

ہوا۔ اور بند کرادیئے گئے مگر سب کے دریچے مسجد کی جانب کھلے رہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہ کا

دروازہ بحالہ چھوڑ دیا گیا کیونکہ اس حجرے کا راستہ اور طرف سے نہین تہا لیکن آخر مرض وفات مین

سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام نے صحابہؓ کے تمام دریچون کو بھی بند کردینے کا حکم دیدیا

اور وہ بند کرادیئے گئے مگر حضرت صدیق کا دریچہ بحالہ رکہا گیا جس سے حضرت صدیق براہ دریچہ

مسجد مین آجاسکتے تھے۔ آپ اول جامع القرآن ہین۔ اس طرح کہ قرآن مجید کے جدا جدا پرچے جو

حضرت علیہ السلام کے زمانہ مین لکھے گئے تھے ایک جگہ جمع کردیئے اور سب سورتین مرتب کردین

اڑہائی برس آپ نے خلافت کی ہے حضرت عائشہ صدیقہؓ سے آپ نے نزع کی حالت مین پوچھا

کہ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی وفات کون سے دن ہوئی ہے انہون نے فرمایا دوشنبہ

کے دن اور وہ دن دوشنبہ ہی کا تھا آپ نے فرمایا میری زندگی فقط شام تک ہے چنانچہ

رات کے وقت ۱۳ھ جمادی الآخر مین آپ کا وصال ہوگیا تریسٹھ سال عمر پائی اور حسب وصیت

بہت ہی جلد حجرۂ شریف مین دفن کردیے گئے۔ آپ نے حضرت صدیقہؓ سے یہ وصیت فرمائی تھی

کہ جب مین مرجاؤن اور میری تجہیز وتکفین ہوجائے تو مجھے روضۂ اکرمؐ کے دروازۂ اقدس پر

رکھہ کر باآواز بلند یہ عرض کردینا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر در دولت پر حاضر ہے

اور اندر آنے کی اجازت چاہتا ہے اگر اجازت ملگئی تو مجھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم

کی کروٹ مین دفن کردینا اور اگر اجازت نہ ملی تو بقیع مین رکھہ دینا اور اُسوقت کہنا

تفسیر عزیزی صفحہ ۱۸

روح المعانی میں اسطرح ہے۔ نقل صلّیتُ خلفَ رسول اللّٰہ صلّے اللّٰہ علیہ وسلم وخلف ابی بکر و عمرؓ و عثمانَ الخ فابتلاء القراۃ

(تتمہ صفحہ ۱۹) انا للّٰہ و انّا الیہ راجعون۔ پس حسب وصیت آپکو پہلوئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میں بعد اجازت دفن کیا گیا۔ قبر میں حضرت عمر۔ عثمان۔ طلحہ نے اُتارا اور قبر کو مسطح بناکر اوپر پانی چھڑک دیا۔ حضرت قتیلہ بن عبد العزیٰ و ام رومان دختر عامر بن عمیر ایام جاہلیت میں آپکی بیویاں تھیں عبد اللہ و اسماء ذات النطاقین قتیلہ سے اور عبد الرحمٰن اور عائشہ صدیقہ ام رومانؓ سے پیدا ہوئیں اور بعد اسلام آپنے اسماء بنت عمیس بیوہ حضرت جعفر طیار سے نکاح کیا جس سے حضرت محمد پیدا ہوئے جنکی تعلیم و تربیت حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمائی۔ آپ کے مشیر اعظم حضرت عمر بن الخطاب منشی حضرت عثمان بن عفانؓ اور زید بن الحارث مکہ کے عامل عتاب بن اسید جنکو فتح مکہ کے بعد سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے والی مکہ بنایا تھا۔ طائف میں عثمان بن ابی العاص۔ صنعا میں مہاجر بن امیہ حضرموت میں زیاد بن لبید بحرین میں علاء حضرمی نجران میں جریر بن عبد اللہ بجلی سواد عراق میں مثنی بن الحارث شام میں ابو عبیدہ بن الجراح و شرجیل بن حسنہ و یزید بن ابی سفیان یہ تینوں خالد کے ماتحت تھے (خلاصہ اسد الغابہ و تاریخ صدیق وغیرہ)

۵ے عمر۔ حضرت عمر بن الخطاب کنیت ابو حفص لقب فاروق عام الفیل سے تیرہویں سال میں پیدا ہوئے ابتداے بعثت میں مسلمانوں پر بڑی سختی کیا کرتے تھے اپنی بہن کے مسلمان ہو جانے کی خبر سنکر انہیں اتنا مارا کہ انکے بدن سے خون پھوٹ نکلا۔ مگر اس بے گناہ لہو نے آپ کے مبارک چہرے کو دارین میں سرخ کر دیا۔ کہ جب آپ ان کی زد و کوب سے فارغ ہوئے دیکھا کہ ایکطرف چند اوراق رکھے ہیں۔ آپنے انکو اٹھالیا اور پڑھا۔ اول بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

بالحمد للہ رب العلمین - فاذا صلیت فقل الحمد

لکھا ہوا تھا جسکے پڑھنے سے آپکا دل بے اختیار ہو گیا - اسکے بعد آیت سبح للہ ما فی السموات والارض وھو العزیز الحکیم لکھی تھی جسکے پڑھنے سے آپ اسلام کے مسخر ہو گئے یہان تک کہ جب آپ نے آیت اٰمنوا باللہ ورسولہ کو پڑھا تو بے اختیار آپکی زبان سے اشھد ان لا الٰہ الا اللہ واشھد ان محمدا رسول اللہ کا نعرہ بلند ہوا اور اسی کلمۂ مبارک کا ورد کرتے ہوئے دربار حضرت رسالت مآب مین حاضر ہو گئے اسوقت نبوت کا چھٹا سال تھا اور مسلمانون کی تعداد چالیس کے قریب تھی آپ نے اسلام لاتے ہی فوراً اعلان کر دیا جس سے کفار مین ایک سنسناہٹ سی پھیل گئی اور انہین یقین ہو گیا کہ اب ضرور مسلمان ترقی کر جائین گے لہذا وہ مسلمانون کی تکلیف دہی اور انکی ایذا رسانی مین ہمہ تن مصروف ہو گئے جس سے صحابہؓ کو ہجرت کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی - ایک دن قریش کی بڑی بڑی جماعتین صحن حرم مین جمع تھین کہ ادہر سے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم صحابہؓ کی ایک جماعت کے ساتھ صحن حرم مین تشریف فرما ہوئے جون ہی حضرت عمرؓ نے رؤسائے قریش کو دیکھا تو آپ جوش اسلام مین آگے بڑھ آئے اور یہ اشعار پڑھنے لگے مالی ارکم کلکم قیاما - الکھل والشاب والغلاما قد بعث اللہ لنا اماما - محمدا قد شرع الاسلاما - فالیوم حقا نکسر الاصناما - نذب عنا الخال والاعماما - اور کفار کو سامنے سے ہٹا دیا - پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعت نماز ادا فرمائی - بعد فراغت حضرت عمرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم "کیا بیت اللہ شریف مین داخل ہونیکا آپ قصد فرمائین گے" پھر آپ نے آنجناب علیہ الصلوٰۃ والسلام کا دست مبارک پکڑ لیا اور داخل بیت اللہ شریف ہو گئے - اسوقت جناب

لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۔ اے اجمہہا ۔ واخف البسملۃ ۔

رسالت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک مین ایک پتلی چھڑی تھی جس سے آپ بتون کو کوچتے اور فرماتے قَدْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۔ اور حضرت عمرؓ یہ پڑھتے ۔ یا ایہا الاصنام وھذا احمد ۔ ھذا رسول اللہ حقًا فاشھدوا ۔ ھذا رسول ماجد و مجد ان کان حقا ما یقول فاسجدوا ۔ پس تمام بت الٹ گرگئے ۔ پھر آیت ۔ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ نازل ہوئی ۔ پھر جب ہجرت کا وقت آیا تو اکثر صحابہؓ مخفی طور پہ ہجرت فرما ہوجاتے تھے مگر حضرت عمرؓ مسلح ہوکر کعبۃ اللہ مین آئے مقام ابراہیم مین بفراغ خاطر بعد طواف بیت اللہ دو رکعت نماز ادا فرمائی ۔ اور پھر باآواز بلند فرمایا ۔ اے کفار تم مین سے جو اپنے بچے کو یتیم اور اپنی بی بی کو رانڈ بنانا چاہتا ہے وہ اس وادی کے باہر مجھ سے ملے مگر کسیکو آپ سے تعرض کرنیکی قدرت نہ ہوئی ۔ حضرت صدیق اکبر خلیفہ اول نے اپنے حین حیات مین آپکو اپنا جانشین مقرر کردیا تھا ۔ آپ نے دس برس چھ مہینے خلافت کی ہے ۔ آپکے زمانۂ خلافت مین جسقدر ملک فتح ہوئے اور جیسی شان وشوکت اسلام کو حاصل ہوئی ہے وہ عام طور پر ظاہر ہے ایک ہزار چھتیس شہر مع انکے مضافات کے فتح ہوئے چار ہزار مسجدین تعمیر ہوئین ایک ہزار نوسو منبر خطبہ جمعہ کیلئے نصب ہوئے ۔ باضابطہ دفتر قایم ہوا ۔ مسکوک سکہ رایج ہوا جن پر کلمۂ طیبہ اور بعض پر قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ لکھا ہوتا تھا ۔ بزمانۂ خلافت حضرت ابی بکر رضی اللہ عنہ جنگ یمامہ مین جب بہت سے قاری شہید ہوگئے تو آپ نے کلام مجید کی ترتیب اور اسے ایک جگہ جمع کردینے کی تحریک کی اور وہ کام بفضلہ آپکی مشورت کے بموجب اچھی طرح سرانجام پایا ۔ تقرر تاریخ ہجری اور

وهو مذهب الثوری وابن المبارك وابن مسعود وابن

عمر بن خطاب امیر المومنین اول بالالتزام جماعت نماز تراویح - آپ ہی کی یادگار ہے - علاوہ اسکے آپکے فضائل بے شمار ہیں جنکی گنجائش اس مختصر میں نہیں ہوسکتی آخر ماہ ذی الحجہ سنہ تیئیس ہجری میں ایک روز آپ مسجد نبوی میں صبح کی نماز پڑھا رہے تھے کہ ابو لؤلؤ مغیرہ بن شعبہ کے غلام نے آپکو سخت زخمی کردیا اور آپکے علاوہ اور بھی تیرہ آدمیوں کو زخمی کیا جن میں سے سات فوت ہوگئے اور چھ شفایاب ہوئے پھر اس نے خود بھی خودکشی کرلی - جب آپ بیتاب ہوگئے تو آپ نے عبدالرحمن بن عوف کا ہاتھ پکڑکر امام نماز بنایا اور انہوں نے سورۃ اِذَا جَآءَ - اور اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ پڑھکر نماز کو تمام کیا - جب آپ کا وقت اخیر ہوگیا تو آپ نے اپنے صاحبزادے حضرت عبداللہ کو بلایا اور فرمایا حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں جاؤ اور کہو عمر بن الخطاب سلام عرض کرتا ہے اور اجازت مانگتا ہے کہ اپنے صاحبین کے ساتھ دفن کیا جائے - اگر اجازت ملگئی تو حجرہ مطہرہ میں مجھے دفن کردینا اور اگر اجازت نہ ملے تو عام قبرستان اہل اسلام میں دفن کردینا - پھر آپنے امر خلافت کے بارے میں حضرت علی - عثمان - زبیر - طلحہ - سعد - عبد الرحمن بن عوف کا نام لیکر فرمایا کہ ان میں سے جسکو چاہو خلیفہ بنا لینا - پھر آپ نے یہ شعر پڑھا ؎

ظلومٌ لنفسی غیرَ اَنِّیْ مُسلِمٌ   اصلی الصلوۃ کلہا و اَصوم

سنہ ۲۴ ہجری محرم کے مہینے میں آپکا انتقال ہوا اور جنازہ اسی سریر پر اٹھایا گیا جسپر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جنازہ مبارک اٹھایا گیا تھا تریسٹھ سال عمر پائی نماز جنازہ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے چار تکبیروں کے ساتھ پڑھائی - بعد ازاں آپ حسب اجازت و وصیت حجرہ مبارک میں حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کے بازو میں دفن کردئے گئے - ؂

الزبیر وعمار بن یاسر والحسن بن ابی الحسین والشعبی والنخعی وقتادۃ وعمر بن عبد العزیز واعمش وزھری ومجاھد واحمد رضوان اللہ علیہم اجمعین وغیرھم خلق کثیر واحادیث الجھر لم یصح منہا سوی حدیث ابن عباس الذی اخرجہ الشافعی عنہ "کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یجھر بہ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِیۡمِ۔ وھو معارض لما روی عن ابن عباس۔ "لم یجھر النبی صلی اللہ علیہ وسلم بالبسملۃ حتی مات" او محمول علی انہ کان یجھر بہا احیانًا لبیان انہ یقرء فیہا کما جھر عمر رضی اللہ عنہ بالثناء للتعلیم وکما شرع الجھر بالتکبیر للاعلام وحتی مات ھناک قید للمنفی لا للنفی (روح البیان) خلاصہ روایات یہ ہے کہ نماز میں بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِیۡمِ کا ظاہر پڑھنا مختلف فیہ ہے۔ اور فقہائے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کی ایک بہت بڑی جماعت نے عدم جہر بِسۡمِ ٱللَّهِ شریف کو ترجیح دی ہے۔ واللہ اعلم۔

۳۔ واضح ہو کہ تکوین انسان کی غایت اور اسکے وجود کا اعلیٰ مطلب اپنے اصل کے ساتھ صفات میں مناسبت اور مشابہت اور اسکی ذات کے ساتھ قرب ومعیت کا حاصل کرنا ہے اور اس مقصد اعلیٰ تک پہونچنے

کے لئے اس سے آسان کوئی اور ذریعہ نہین کہ طالب حق اپنے حقیقی مطلوب اور اپنے سچے معشوق کے لذت بھرے نامون اور اسکے محبت انگیز اسمائے مقدسہ کو نہایت شوق سے ورد بنائے ان سے موانست پیدا کرے اسکی یاد مین محو ہو اور اسکے خیال مین ہمہ تن مستغرق ہوکر اپنی یاد تک بھول جائے اپنی نفسانی وروحانی خواہشونکو اس کی رضا وخوشی کے تابع بنائے ۔ اسکی عظمت وجلال وجبروت وکبریائی کے سامنے اپنے عجز وبیکسی کا اظہار دے اسکے انعامات واحسانات کا شکریہ نہایت خلوص اور سچی عقیدت سے ادا کرے ۔ لہذا شاہد حقیقی اپنے شیدائیون اور متوالون سے ارشاد فرماتا ہے کہ اے ہمارے مقدس جناب مین پہونچنے کی آرزو کرنے والو اس سے تقرب اور اس کی مصاحبت کی خواہش رکھنے والو اس عالی بارگاہ کی سیدھی سڑک اور اسکے پہلی سیڑھی **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ** ہے ۔ یہ وہ اسمائے مقدسہ ہین جن کے ذکر سے صرف تمہاری طبعی کثافتین اور فطرتی کدورتین ہی نہین مٹین گی بلکہ تمہاری روحین ہمہ تن عارف اور نور محض بن جائینگی اسکے بعد ہمارے تقرب کی دوسری سیڑھی **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ** ہے ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ستایش	خدایراست	پروردگار	عالمہا	بخشاینده	مهربان
سب تعریف	واسطے اللہ کے	پروردگار	عالمون کا	بخشش کرنیوالا	مہربان

حمد (ستائش یا جمیع محامد - تعریف - یا
سب تعریفین)
الحمد - ألْ اصل جملہ کے
لحاظ سے جنسی ہے اسلئے کہ حمد
دراصل فعل محذوف (حمدت) کا
مفعول مطلق حمداً[۵۱] ہے اور جو بعد
حذف ہو جانے فعل کے محذوف
کا قائم مقام اور اس کا نائب ہے -
توچونکہ فعل محذوف محض حدثی معنی
پر دلالت کرتا ہے اسلئے ضرور ہے
کہ اس کا نائب بھی محض مشیر بطبیعت
ہی ہونا چاہیئے اور الف و لام صرف
اسی حدثی معنی ملحوظ ذہنی کے
تعین اور غیر سے اس کی علیحدگی
کو ظاہر کرتا ہے -
لیکن مقامی خصوصیت سے الحمد
کا الف و لام حمد کے جمیع افراد
کے ملحوظ اور معہود ہونے کی طرف
اشارہ کر رہا ہے اور اسپر تین قرینے
ہین (۱) مقام[۵۲] کہ مقام حمد ہے

۵۱ - حمداً - اور یہ فعل محذوف کا مفعول مطلق ہے تقدیر عبارت یہ ہے (احمد الله حمداً
یا حمدت الله حمداً یا حمدوا الله حمداً) دوام اور اثبات کے لئے جملہ فعلیہ سے
جملہ اسمیہ کی طرف عدول کیا گیا ہے - کیونکہ عدول ہی استمرار کا باعث ہے - پس حمداً
کے نصب کو رفع سے بدل کر اسپر لام الف لام زیادہ کیا گیا ہے کیونکہ غرض اظہار اتصاف بالجمیل
بروجہ ثبوت و دوام ہے - قَالَ فَالْمُرَادُ بِهِ اِنْشَاءُ نِسْبَةِ الْاِتِّصَافِ بِالْجَمِيْلِ
عَلَى الدَّوَامِ (الشیخ)

۵۲ قرینہ اول - یہ مقام حمد ہے اور مقام حمد مبالغۂ حمد کا مقتضی ہوتا ہے - اور مبالغہ اسی وقت
ہو سکتا ہے جبکہ ان تمام افراد حمد کو ممدوح کیطرف منسوب کیا جائے جنکا وہ فی الواقع مستحق
ہے اور اگر تمام افراد اسکی طرف منسوب نہ کئے جائین گے تو پوری حمد نہ ہوگی -

جو مبالغۂ حمد کا مقتضی ہے۔
(۲) استحقاق حمد[۱] کہ نفس الامر میں
تمام صفات محمودہ واجب تعالے
شانہ کے لیے ثابت ہیں (۳) فعل[۲]
وفاعل معین حذف کردیا گیا ہے۔
حمد اسم جنس بمعنی حاصل بالمصدر
(ستایش وتعریف) اور یا وہ مصدر
بمعنی ستودن ہے یعنی ممدوح کی عظمت
جلال اور کمالِ ربوبیت کو محبت

اور سچے اعتقاد سے ظاہر کرنا اور کہنا
ہے کہ یہ الف ولام عہدی ہے
اور معہود وہ حمد ازلی ہے جسکو خالق
کل نے نیابۃً عن الخلق ادا فرمایا ہے
ابو عباس مرسی کہتے ہیں میں نے
ابن نحاس سے پوچھا کہ الحمد کا الف
ولام جنسی ہے یا عہدی۔ انہوں نے
کہا جنسی ہے میں نے کہا عہدی
ہے یہ اسلئے کہ جب عالم الغیب

[۱] دوسرا قرینہ استحقاق واختصاص حمد۔ کہ ممدوح کے تمام نفس الامری اوصاف مختصہ جو اسکے سوائے کسی غیر میں نہیں پائے جاتے۔ ضرور ممدوح کی طرف منسوب ہونے چاہئیں۔ ورنہ اختصاص باطل ہوگا۔

[۲] تیسرا قرینہ حذف فعل وفاعل معین۔ کہ الحمد باعتبار اصل فعل (حمدت) حصر افراد حمد پر البتہ دلالت نہیں کرتا کیونکہ فاعل معین سے غیر محصور افراد حمد کا صادر ہونا محال ہے اسی طرح فعل خاص تمام افراد حمد پر حاوی نہیں ہوسکتا۔ لیکن معین فعل اور مخصوص فاعل کے حذف کردینے کے بعد اب اس کے یہ معنی ہونگے کہ کسی حامد کی حمد یا ہر ایک مادح کی مدح اور کوئی حمد یا ہر ایک مدح۔ ممدوح ومحمود حقیقی کے لئے ثابت ہے گو بظاہر زید وعمر کی تعریف کیجائے اور مدح یا حمد وثنا کسی غیر کی طرف منسوب کیجائے۔ کیونکہ مصنوع کی حمد درحقیقت اسکے صانع ہی کی مدح وثنا ہوتی ہے۔

خالق حقیقی نے اپنی مخلوق کو ادائے
حمد سے عاجز دیکھا تو براہ عنایت
ان کی طرف سے نیابۃً خود ہی نے
ازل میں اپنی ذات کی حمد کو ادا فرمایا
قبل اسکے کہ ہم پیدا ہون - اور حمد
کرین یہ سنکر ابن نحاس نے کہا کہ
بیشک یہ لام عہدی ہے وقال
علیہ السلام اللّٰھم لا نحصی
ثناءً علیک کما اثنیت علی
نفسک وھذہ اشارۃ الی ما قلنا-
مرحِدائے راست - برائے خداست
اللہ ہی کے لئے ہے یا ہین -
لِلّٰہِ - ل، حرف جارہ - مخصص صفات
ممدوح قایم مقام - خبر -
اللّٰہ - علم ذاتِ واجب الوجود جو ازلی
ابدی - جامع صفات کمالیہ ہر قسم کے
عیب ونقصان سے منزہ وبری ہے
اپنی قدیم ذات کے ساتھ موجود اور
قایم ہے اپنی ذات وصفات مین
یگانہ وبے مثل - تنہا وبے نظیر ہے
وجوب وجود اور استحقاق عبادت
مین کوئی اس کا شریک نہین لوازم
جواہر واجسام اور اعراض واعتبارات
زمان ومکان وحدود وجہات کے
قیود وغیرہ سے اعلے وبرتر ہے -
زمین وآسمان اور انکے اندر کی سب
چیزین عرش اور ماسوائے اسکے
سب اس کی مخلوق ہے وہ اول
الاول اور آخر الاخر ہے اسکی ذات
پر کسیطرح عدم نہین آسکتا - لفظ اللّٰہ

لہ اسم عربی جامد غیر مشتق - مرتجل ابتدا ءعلم ذات واجب الوجود ہے - یہی مذہب حضرت امام اعظم اور خلیل وغیرہ ائمہ نحات کا ہے اور کہتے ہین کہ جسطرح اسکے مسمّی کا کوئی مصدر ودر اصل نہین - اسی طرح اسکا اسم بھی ہر قسم کے تغیر وتبدل کے حوادث وعوارض سے محفوظ رہنا چاہیئے - بعضون نے اسکو اسم جنس کہا ہے اور بعضون نے کہا ہے کہ اصل مین یہ وصف ہے خصوصیت استعمال

اسم عربی مرتجل جامد ہے۔ یہی مذہب حضرت امام اعظم اور خلیل وغیرہ ائمہ

سے منقول علم ہوگیا ہے یا الف ولام عہدی کے داخل ہونے سے مخصوص الاستعمال سمجھا جاتا ہے لیکن یہ صحیح نہیں اسلئے کہ اسم جنس اور اسم جنس معرّف باللام اور ایسے ہی وہ اعلام جو وصفیت سے منقول ہیں۔ مفید توحید نہیں ہوسکتے۔ کیونکہ اس قسم کے اسماء وضعًا غیر خاص ہوتے ہیں اور مدلول وصف معنی ہوتا ہے نہ ذات معینہ اسلئے جنس اور صفت مانع شرکت غیر نہیں ہوسکتیں گو استعمال میں مخصوص بذات واحد ہوں پس اس صورت میں کلمۂ توحید مفید توحید کامل نہیں ہوسکتا جیسے لا الٰہ الاّ الرّحمٰن ہے کہ بلحاظ اصل اسمیں کوئی چیز مانع کثرت نہیں بخلاف علم کے کیونکہ مدلول علم ذات معینہ ہوتی ہے گو تعقل اسکا بوجہ کلی ہو کیونکہ کلیت تعقل کلیت معلوم کو مستلزم نہیں جیسے کہ اصحاب وضع سے منقول ہے وقد اعترفوا بعموم الوضع وخصوص الموضوع لہ (خلاصہ روح) اور اس لفظ کی زیادہ تشریح حاشیۂ بسم اللہ میں ہے۔

۵۲ حضرت امام اعظم۔ اسم مبارک آپکا نعمان کنیت ابوحنیفہ اور لقب امام اعظم رحمۃ اللہ ہے آپکے والد کا نام ثابت اور دادا کا نام زوطی ہے جو بعد میں نعمان کے نام سے معروف ہوئے حضرت زوطی شہر سلطانہ (مضافات اصفہان) کے رہنے والے ہیں اگرچہ سلطنت میں آپ کا بہت بڑا رسوخ تھا اور وزارت خزانہ کے معزز عہدے پر آپ مامور تھے مگر آپ کی طبیعت زہد و تقویٰ کیطرف زیادہ تر مائل تھی اسی وجہ سے آپ نے نوکری سے قطع تعلق کرکے اسلام قبول کرلیا آپکا اسلامی نام نعمان ہے اس اسلامی شوق میں آپ مدینۂ منورہ تشریف لائے اور خلیفۂ وقت حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے شرف اندوز صحبت ہوئے اور اسلامی معلومات کا ذخیرہ جمع کیا۔ اسکے بعد آپ کوفہ میں چلے آئے اور یہاں آکر اپنی معیشت کا مشغلہ

نجات کا ہے۔ اور یہ کہنا کہ وہ اسم منقول ہے۔ یا	اسم جنس معرف باللام ہے صحیح نہین۔

بقیہ صفحہ ۲۹ سے

تجارت قرار دیا۔ یہین آپ کے ہان حضرت ثابت پیدا ہوئے۔ اس وقت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کوفہ ہی مین رونق افروز تھے۔ پس حضرت زوطی (لقمان) اپنے مبارک صاحبزادے کو حضرت سید الابرار علی کرم اللہ وجہہ کی خدمت مین لائے اور آپکے قدمون پر اُن کا سر رکھدیا۔ آنحضرتؓ نے اس معصوم بچے کو اُٹھالیا اور محبت سے اسکے سر پر ہاتھ پھیرا اور دعا دی "خدا اس مین برکت پیدا کرے اور اسکو سعادت دارین عطا فرمائے اور اسکی اولاد مین سے ایسے پرجوش لوگ نکلین جو اسلام کے خدمت گزار ہون"۔ چنانچہ آنجناب کرم اللہ وجہہ کی دعا مستجاب ہوئی کہ ۸۰ھ مین حضرت ثابت کے ہان حضرت امام ابو حنیفہ پیدا ہوئے۔ حضرت امام متوسط قد جمیل شکل۔ پسندیدہ گفتگو۔ شریف مزاج۔ صادق القول۔ وفادار اور مستجمع صفات حمیدہ تھے جب آپ کی علمی شہرت شہرۂ آفاق ہوئی اور آپ کی ذہانت۔ معاملہ فہمی زہد و ورع اور فقاہت کا چرچا عامۂ خلائق کا زبان زد ہوا اور اہل الرائے مشاہیر اور بڑے بڑے اساتذہ نے آپکے اجتہاد کو تسلیم کرلیا تو یزید بن عمرو بن ہبیرہ والی کوفہ نے آپکو بلایا اور عہدۂ قضاءت آپ کے سپرد کرنا چاہا مگر آپ نے انکار کردیا۔ جسپر والی نے قید کر دیا اور روزانہ دس کوڑے مارنے کا حکم دیا جب تک کہ وہ اس خدمت کو منظور کرلین۔ لیکن دس دن کے بعد اس خوف سے رہا کر دیا کہ اس سے عام بلاد مین تشویش پیدا ہوجانے کا یقین ہوگیا تھا۔ پھر جب بنو امیہ کی سلطنت کا خاتمہ ہوگیا اور عباسی دور شروع ہوا تو خلیفہ منصور عباسی نے پھر آپ کو بغداد مین بلوایا اور عہدہ قضاءت پر مامور کرنا چاہا مگر آپنے یہان بھی انکار

رَبّ ، پروردگار - مالک سید	پروردگار - پالنے والا

کردیا اسلئے اس نے پہلے تو قید کر دیا اور بعدازان زہر پلوادیا آخر امام نے سجدہ مین انتقال فرمایا انا للہ وانا الیہ راجعون حسن بن عمارہ قاضی نے آپکو غسل دیا۔ اور سات بار آپ کے جنازہ کی نماز کئی ہزار آدمیون نے پڑھی پھر بھی سلسلہ ختم نہین ہوتا تھا آخر عصر کے وقت موضع خیزران مین دفن کردیے گئے حمید بن جوزی لکھتے ہین کہ متواتر تین ماہ تک مسلسل لوگ آپ کے جنازہ پر نماز پڑھتے رہے یہ واقعہ ۱۵۰ھ کا ہے پھر ۴۵۹ھ مین سلطان الپ ارسلان نے ایک بہت بڑا مقبرہ آپ کی قبر پر تعمیر کردیا اور اسپر مشہد امام ابوحنیفہ کے نام سے ایک دار العلوم بھی قایم کیا جو اس وقت تک موجود ہے۔ حضرت امام نے زیادہ تر علم حدیث وفقہ حضرت امام حماد تابعی سے کوفہ مین حاصل کیا ہے اور حدیث شریف مکہ معظمہ مین حضرت عطا بن ابی رباح سے علاوہ اسکے حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی صحبت سے بھی آپ نے بہت بڑا ذخیرۂ علمی فراہم کیا ہے۔ ہملٹن ایک مورخ مترجم فقہ انگریز لکھتا ہے۔ حضرت امام ابوحنیفہ نے کئی کتابین سیول اور مذہبی نیچر کی تصنیف کی مین اور وہ یہ ہین۔

اول مسند اس کتاب مین اصلی نکات مذہب اسلام مذکور ہوئے ہین۔ جو قرآن مجید اور احادیث نبویہ کے اصول پر مبنی ہین۔

دوم فلک العلم - علم الہیات مین

سوم معلم محاسن اسلام مین ۱۲ (خلاصہ حیات اعظم وغیرہ)

مربی مصلح - ارباب ربوب جمع
صفت مشبہ[1] مصدر اَلرَّبُّ
پالنا - پرورش کرنا - مضاعف
ف - ض یا مصدر[2] بمقام فاعل یا وہ
اسم فاعل ہے اسکا اصل رابٌّ
ہے الف حذف کیا گیا ہے مثل

الْعٰلَمِيْنَ

بَرٌّ و بَارٌّ اور اسکے مفعول کی تغییر
مضاف ہے جس سے اس قول
کی تائید ہوتی ہے -
عالمہا - یا عالمیان - تمام عالموں
یا سارے جہان کا -
العالمین - ال[3] مظہر استغراق

[1] صفت مشبہ اکثر فعل لازم سے بنائی جاتی ہے اور جب اسکو فعل متعدی سے بنانا چاہتے ہیں تو اول اس فعل کو فعل یفعل بالضم العین کی طرف نقل کر لیتے ہیں رب مالك وغیرہ اسی قسم کی صفت مشبہ ہیں جو فعل متعدی سے بعد نقل بنائی گئی ہیں - اور یہ طریق مطرد ہے جیسے رفیع الدرجات کے معنی رفیع درجاتہ ہے نہ رافع للدرجات

(خلاصہ مطولات)

[2] مصدر بمقام فاعل یعنی مربوب کو بتدریج درجۂ کمال پر پہونچانے والا کیونکہ تربیت کے معنی تدریجا ترقی دینے کے ہیں -

[3] ال استغراقی - یہ الف لام استغراق افراد کے لئے آتا ہے اسکی علامت یہ ہے کہ اسکی جگہ لفظ کل حقیقۃً قایم مقام کیا جا سکتا ہے - پس العالم سے مراد کل عالم ہے - جیسے قولہ تعالی خُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ میں ہے - اور نیز اس کی دلیلوں میں سے ایک یہ امر بھی ہے کہ اسکا وصف صیغۂ جمع کے ساتھ وارد کیا جا سکے جیسے قولہ تعالی اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا میں ہے - اور دوسرا یہ امر ہے کہ جسپر وہ داخل ہوا ہے اس میں سے کسی چیز کا استثنا صحیح ہو - مثلاً اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ اِلَّا الَّذِيْنَ

عَالَمِیْنَ: جمع عالم بنا پر تغلیب
ذوی العقول اور عالم اس ماسوے
اللہ کو کہتے ہیں جو موجود ہو چکا ہے
یا آیندہ ہوگا یعنی موجود بالقوہ اور اسکا
اطلاق اجناس موسومہ یا ذوی العلم پر
ہوا کرتا ہے۔ مثلاً کہتے ہیں عالم
انس۔ عالم جن۔ عالم ملک الغرض
اللہ تعالیٰ شانہ کے سوائے جتنی
چیزیں ہیں وہ سب عالم کہلاتے
ہیں۔ اور ہر ایک جنس ایک جدا جدا
عالم ہے اور ان اشیا پر بھی اس کا

اطلاق ہوتا ہے جن کا وجود صانع و
خالق کل کے وجود اور اسکی حکمت وعظمت
وقدرت کی واضح وظاہر دلیل ہے جیسے
عالم عناصر۔ عالم افلاک۔ اسے اسم
لِمَا یُعْلَمُ بِہِ الصَّانِعُ فَالْمُمْکِنَاتُ
بِاَثَرِهَا عَالَمٌ قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا
رَبُّ الْعَالَمِیْنَ۔ فَقَالَ مُوْسٰی
رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَمَا بَیْنَهُمَا۔
ماخذ اسکا عَلَم[۱] بالفتح یا علامت ہے
جمع اجناس کی شمولیت اور الف ولام

(بقیہ صفحہ ۳۲) الحمدُ اور کبھی یہ الف اور لام افراد کے خصائص کے استغراق کے لئے آتا ہے ایسے وقت
میں لفظ کل حقیقۃً اس کا قایم مقام نہیں ہوسکتا مثل قولہ تعالیٰ "ذٰلِکَ الْکِتَابُ"
کہ الف لام کتاب کے تمام افراد کو مستغرق نہیں بلکہ انکے صفات اور خصوصیات کے انحصار پر دلالت
کرتا ہے یعنی وہ کتاب جو ہدایت میں کامل اور تمام نازل شدہ کتابوں کی صفتوں اور خصوصیتوں
کی جامع ہے۔ ۱۲ (خلاصہ مطولات)

[۱] علم بالفتح یعنی عالم عَلَم سے مشتق ہے جسطرح طابع طبع اور خاتم ختم سے لیا گیا ہے اور عالم اس
شے کو کہتے ہیں جس سے دوسری شے کا علم حاصل ہوسکتا ہے۔ اور بعض کے نزدیک عالم علامت
سے ماخوذ ہے گویا ممکنات مصنوعہ ومخلوقہ کا وجود خالق کل اور صانع بیچون کے وجود کی بین علامت

انواع اور انکے تمام افراد کی شمولیت پر
دلالت کرتا ہے یعنی ہر ایک جنس و ہر
نوع اور اسکے ہر ہر فرد کی پرورش
کرنیوالا اور ہر ایک کو بتدریج اپنے درجہ

کمال پر پہونچانے والا۔
بخشایندہ۔ منعم عمیم الاحسان۔
صفت مشبہ اور یا صیغہ مبالغہ ملحق
باسم فاعل۔

اور ظاہر دلیل ہے کیونکہ سبب اور فاعل کے سوائے عالم کون و فساد میں کوئی شے خود بخود پیدا نہیں ہوسکتی پس ذات باری عز اسمہ کے سوائے جو چیز موجود ہے اس قادر مطلق و توانا کی حکمت و قدرت کی مظہر اور اسکے ذات و وجود کی معلن ہے۔

۵۔ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ ہر دو صفت مشبہ یا صیغہ مبالغہ ملحق باسم فاعل ہین۔ ماخذان کا رحمت بمعنی نرم دلی و رقت قلب ہے لیکن ایسے اعراض نفسانیہ جب ذات واجب الوجود کی طرف منسوب کیے جاتے ہین تو ان سے ان کی غایات مراد ہوتی ہین۔ پس اسجگہ رحمت سے مراد مرحوم (پروردہ) کی پرداخت اور اسکے ضروریات پرورش کا تعہد کرنا اور ثمرات پرورش و تکمیل کو ضایع و بیکار ہونے سے محفوظ کرنا ہے۔ اور کہا ہے رحمان اس منعم عمیم الاحسان کو کہتے ہین کہ جسطرح وہ انعام دیتا اور احسان کرتا ہے غیر سے اس جیسی رحمت کا صدور نہ ہوسکے۔ واضح ہو کہ رحمت دو قسم ہے۔ (۱) وہ رحمت جسکا ظہور عین پرورش مربوب (پروردہ) کیوقت ہوتا ہے جبپر مربوب کی تربیت موقوف ہوتی ہے اس رحمت کی حقیقت یہ ہے کہ مربی کی پوری پوری توجہ اپنے مربوب کے حاجات اور اسکے ضروریات پرورش کے تعہد و نگاہداشت مین مصروف رہتی ہے۔ اس قسم کی رحمت کو اسم رحمٰن سے تعبیر کرتے ہین۔ (۲) وہ رحمت جسکا ظہور تکمیل پرورش کے بعد ہوتا ہے کہ مربی اپنے پروردہ کو ثمرات کمال تربیت سے مستفید اور بہرہ مند کرتا ہے اور نتایج پرورش کو بیکار و معطل نہین چھوڑتا اس قسم کی رحمت کو اسم رحیم سے تعبیر کرتے ہین۔ الغرض ہر شے کی خوبی معاش کا انتظام صفت رحمانیت سے وابستہ ہے۔ اور اس کی حسن معاد

الرحیم — بخشایندہ - معاف کنندۂ جرائم و معاصی
مہربان - رحم کرنیوالا - جمع رُحَمَاءُ

ترکیب:

الحمد ... مبتدا
ل ... حرف جار
اللہ، مجرور - موصوف
رب، مضاف — صفت اول
العلمین، مضاف الیہ
الرحمن، صفت دوم
الرحیم، صفت سوم

غرض اس سے یعنی اسمیہ جملہ سے اظہار استحقاق حمد و ثنا ہے بطریق استمرار و دوام اور مقصود ثنا بمضمون جملہ ہے - کیونکہ بلحاظ اصل تقدیر عبارت یہ ہے حمدُ وا اللہِ حمداً و یا قولو الحمدُ للہِ ربِّ العلمین برعایت و مناسبت قولہ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

(۳) مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ (۴) اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ (۵)

خداوند	روز	جزا	ترا	مے پرستیم	و از تو	مدد می طلبیم
خداوند	دن	جزا کا	تجھی کو	عبادت کرتے ہین	اور تجھی سے	مدد چاہتے ہین

لغات: مَالِك - ولی صاحب ملک - صاحب تصرف - مُلّاک جمع -

مالک، صفت مشبہ یا صیغہ مبالغہ
یوم: دن - وقت - وہ وقت ما بین طلوع فجر

۱۔ یوم اصل مین مقدار زمانے کا نام ہے اور کبھی اس سے وہ خاص زمانہ مقصود ہوتا ہے جو کسی خاص واقعہ یا سختی و شدۃ پر مشتمل ہوتا ہے - کہتے ہین یَوْمٌ اَیْوَمُ و یومٌ یعنی سختی اور شدۃ کا دن جو اپنی صعوبت و شدۃ کے باعث بہت طویل معلوم ہوتا ہے ایسے اَیَّامُ العرب سے مراد عرب کے باہمی واقعات اور انکے باہمی میدان جنگ وغیرہ ہوتی ہے ایامُ اللہ اللہ کی نعمتین اور اس کا عذاب

تاغروب آفتاب - اسم جامد غیر مشتق
ظرف زمان جمع ایّام جمع الجمع ایاویم
جن کا اصل ایوام و ایواوم
ہے -

الدین

جزا - وبدلہ - وحساب
ال - عہدی یا خارجی لیے جزائے
اعمال واعتقادات شرعیہ -
دین ۔ مصدر بمعنی حساب یقال
هٰذا يَوْمُ الدِّيْنِ اسے
الدّا بنونتہ و بمعنی ملک و غلبہ
وحکم اور تمام احکام الٰہیہ وعبادات
جیسے اللہ کی عبادت کیجاتی ہے
وشان وطاعۃ وذلت جمع ادیان
اور کہا ہے کہ دین موجب جزا ہے
کیونکہ اسکے آنے سے مظلوموں کا
ظالموں سے اور بیکسوں اور عاجزوں
کا جابروں وقاہروں سے بدلہ وعوض
لیا جائیگا ماخذ اسکا محاورہ عرب کما
تدین تدان ہے کہ جیسا کریگا ویسا
پائے گا یوم الدین - مراد یوم
الفصل ویوم الجزا ہے جسمیں ہر ایک
شخص اپنے اپنے اعمال کی جزا و سزا
کے عوض بہشت یا دوزخ میں
ڈالا جائیگا -

ایاک [۱]

ترا - تجھ ہی کو یا تیری ہی ایّا ضمیر
منفصل منصوب اسکے ساتھ جمیع ضمائر
نصب حروفاً متصل ہوتے ہیں اور
غرض اس سے صاحب ضمیر کی تمیز

[۱] - ایّا - زجاج کہتے ہیں یہ اسم ظاہر ہے - اور جمہور کے نزدیک یہ ضمیر ہے اور اس میں چند اقوال ہے (۱) یہ کہ ایّا اور جو ضمیر اسکے ساتھ متصل ہوتی ہے وہ سب ملکر تمامہ ضمیر ہی ہوتی ہے (۲) ایّا تنہا ضمیر ہے اور اس کا مابعد اس سے مضاف شدہ اسم ہے اور اس بات کی تفسیر کرتا ہے کہ مدا ایّا سے تکلم خطاب غیبت کیا چیز مراد ہے جیسے اِيَّاكَ نَعْبُدُ اِیّای فَارْهَبُوْن - بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ میں ہے - (۳) ایّا اکیلا ہی ضمیر ہے - اور اس کا مابعد ایسے حروف ہیں جو مراد کی تفسیر کرتے

ہوتی ہے مثل إیّانا - إیّاکم
إیّاکِ إیّاہُ ک حرف خطاب
یا اسم مضمر مضاف الیہ۔
می پرستیم پوجتے ہین ہم۔
ہم عبادت کرتے ہین
نَعْبُدُ مف ج م العبادۃ اقصائے
مراتب تعظیم بجالانا نہایت درجہ کی
ذلت عجز و انکسار کا ظاہر کرنا غیر
کی تعظیم کے لئے بشرطیکہ اس کا صدور

اختیاری اور اعتقاد کے ساتھ ہو
اصطلاحاً تمام اعضاء اور قوائے
ظاہر و باطن کو اپنے معبود کی خوشنودی
اور اسکی رضا مین بخلوص نیت مشغول
کرنا جسطرح کہ شارع علیہ السلام نے
اسکی تعلیم فرمائی ہے۔
مراد عبادتِ شرعیہ اور یہ محاورہ
عرب طریقٌ معبّدٌ و ثوبٌ
ذو عَبَدَۃ سے ماخوذ ہے کہ عرب اس

لہ اصطلاح شرع مین عبادت چند قسم پر ہے بعض کا تعلق جوارح سے ہے جیسے نماز پڑھنا ذکر کرنا تسبیح و تہلیل پڑھنا۔ کعبۃ اللہ کو دیکھنا انبیاء و رسل علیہ و علی جمیعہم السلام علماء و فضلاء اور اولیائے کاملین و صلحاء صالحین کی ملاقات و صحبت اختیار کرنا اور ان شہداء مخلصین کی زیارت کرنا جنہون نے اپنے آپ کو راہ خدا اور اپنے حقیقی مالک کی رضا و خوشنودی مین فنا کردیا ہے اور ان مصنوعات کا نظارہ کرنا جن کا وجود صانع کامل کی حکمت و قدرت کی واضح دلیل ہے مواعظ حسنہ اور ایسے تذکرون کا سننا جن سے خدائے تعالیٰ اور اُسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت بڑھتی اور ان کی اطاعت و فرمان برداری کا شوق و ولولہ دل مین پیدا ہوتا ہے حج و جہاد کے لئے سفر کرنا غریب و محتاجون کی حاجت برآری مین سعی کرنا وغیرہ وغیرہ دوسرے قسم کی عبادت وہ ہے جسکا تعلق باطن سے ہے جیسے شرائع اسلام اور اسکی آیات مین غور کرنا خوشنودی و استرضائے مالک حقیقی کے لئے نفسانی مرغوبات

راہ کو مُعَبَّد کہتے ہین۔ جسپر کثرت سے
لوگ چلتے ہین اور وہ ہر وقت پائمال
رہتا ہے اور ایسے ہی اس کثیر الاستعمال
کپڑے کو جو عموماً ہر کام مین استعمال
کیا جاتا ہے ذو عَبَادَۃٍ کہتے ہین
گویا وہ ہر وقت ہر ایک کام کیلئے مطیع

وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ

و فرمان بردار رہتا ہے۔
العبادۃ مصدر۔ فن۔ ص۔ عَبَدَ یَعْبُدُ
عَابِدٌ معبودٌ۔ اُعْبُدْ۔ لَا تَعْبُدْ
واز تو یاری میخواہیم۔ اور ہم تجھہی سے مدد اور یاری چاہتے ہین۔
اِیَّاکَ ضمیر منفصل مفید حصر استعانت

بقیہ صفحہ ۳۴
اور اس کی خواہشون کے ترک پر صبر کرنا مثلاً روزہ رکھنا اعتکاف بیٹھنا اور اسکے دوستون سے محبت
و اخلاص اور اسکے دشمنون سے بغض و کدورت رکھنا خداوند عالم کی عنایت و مہربانی اور اس کے
ثواب کا امیدوار رہنا اسکی نافرمانی اور عذاب سے ڈرنا وغیرہ وغیرہ الغرض اپنے تمام اعضاؤن کو بہ تن
خوشنودی مالک حقیقی مین مصروف و مشغول کرنے کو عبادت کہتے ہین۔ (خلاصہ مطولات)

۵ - مدد و استعانت - انسان اپنے ہر ایک کام کے پورا کرنے مین چار قسم کی غیبی تائید کا محتاج ہے۔
اول قدرت عمل مثل تہیہ اسباب صحت عقل و شعور درستی قوائے و اعضا وغیرہ جس سے عمل کرنے
پر قدرت ہو سکتی ہے۔ دوم تسہیل امر مثلاً رفع موانع و فراغ خاطر وغیرہ۔ سوم رغبت عمل مثلاً
دل مین اس کام کی رغبت اور آرزو و شوق کا پیدا ہونا اور اسکی حسن و خوبی کا دل مین اثر کرنا۔
چہارم تحریک عمل یعنی عامل کا ایسے محرک و باعث کی صحبت مین پہونچنا جسکے وعظ و نصیحت سے اسکی
دل مین اس کام کے کرنے کی تحریک پیدا ہوتی ہے اور جسکا اشارہ اس کے خیال کو بزور اس
کام کے سرانجام دینے کی طرف متوجہ کر دیتا ہے۔ پس انسان اپنے تمام کاروبار مین لے علی ہون
خواہ ادنیٰ اللہ تعالی کی تائید کا محتاج ہے۔
اور واضح ہو کہ غیر اللہ سے مدد چاہنا اس طرح پر کہ سائل اسپر اعتماد رکھتا ہے اور اسکو امداد الٰہی
کا مظہر نہین خیال کرتا۔ بلکہ وہ اس غیر کو بالاستقلال اپنا حاجت روا سمجھتا ہے۔ یہ طریق حرام ہے
اور کسی صورت مین جائز نہین۔ لیکن اگر سائل کی دلی توجہ اپنے مالک حقیقی کی طرف لگی ہوئی ہے

بحضرت واجب تعالیٰ شانہ۔ اسے

کررہ للتنصیص علیٰ انّہ المستعان

المعین لاغیرہ۔

نَسْتَعِیْنُ، ج۔م۔ متکلم اصل نَسْتَعْوِنُ

اَلْاِسْتِعَانَۃُ (اَلْاِسْتِعْوَانُ)

مدد یاری چاہنا اعانت طلب کرنا

مصدر استفعال واوی اِسْتَعَانَ

یَسْتَعِیْنُ۔ مُسْتَعِیْنٌ مُسْتَعَانٌ

اِسْتَعِنْ لَا تَسْتَعِنْ

الترکیب

مَالِكِ، اسم فاعل
امر، محذوف مفعول
یوم، مضاف الیہ مضاف
الدِّیْنِ، ... مضاف الیہ

(مضاف) (اللہ کی چوتھی صفت)

یہ چاروں صفتیں بمنزلہ دلیل ہیں

اس امر کے لئے کہ اُس پروردگار

عالم مستجمع صفات ہی کی ذات

مستحق حمد وثنا ہے۔

اور جو شخص ایسی صفتیں نہیں رکھتا

وہ مستحق حمد وثنا نہیں۔ پس ہمارا معبود

وہی حقیقی پروردگار ہے جو رحیم

وکریم اور مختار جزا وسزائے اعمال

ہے۔

فقال۔ اِیَّاكَ ضمیر منفصل مفعول مقدم
نَعْبُدُ، فعل با فاعل

([illegible])

وتقدیم الضمیر للتعظیم والاھتمام بہ وللدلالۃ علی الحصر والتنبیہ علیٰ اَنَّ العابد ینبغی اَنْ یکون نظرہ اِلی المعبود اوّلًا وبالذات

وَاِیَّاكَ ضمیر مفعول مقدم
نَسْتَعِیْنُ، فعل با فاعل

([illegible])

اور کارخانہ اسباب میں اس غیر کو امداد الٰہی کا مظہر سمجھ کر اس سے امداد و اعانت و نصرت کی درخواست کرتا ہے تو اس قسم کی مدد و استعانت شرعاً جائز اور درست ہے انبیا علیہم السلام اور اولیائے ذی الاکرام اس قسم کی مدد و استعانت کے اہل ہیں درحقیقت یہ استعانت لغیر نہیں بلکہ استعانت بحق ہے لہذا

[illegible]

[illegible]

ہر دو جملہ معطوف علیہ و معطوف [جواب ثانی] [جملہ انشائیہ]

یامَنْ ھذا شانہ، محذوف ہی [ندا]

تقدیر عبارت یہ ہے یا من ھذا

شیون ذاتہ وصفاتہ نخصک

بالعبادۃ وَالاستعانتہ وبا

ہر دو جملہ استینافیہ سوال مقدر کا جواب

ہین کانہ قیل ماشانکم معہ

وکیف توجھکم الیہ فاجیب

بحصر العبادۃ وَالاستعانۃ

ویا لفعل، فعل بافعل

وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ [جملہ فعلیہ حال] [لہ] [معطوفہ]

اے نَحْنُ نَسْتَعِیْنُکَ اے

الضمیر فی الفعلین للقاری

وَمَن معہ وفیہ اِشعارٌ علی

التزام الجماعۃ

وجملہ اھدنا الخ بیان

معوث ہے۔

اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ

بنما مارا راہ راہ درست آنانکہ

دکھا ہمکو راہ سیدہی راہ ان لوگون کی کہ

اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ

اکرام کردہ برایشان بجز آنانکہ خشم گرفتہ شد برآنہا و بجز گمراہان

نعمت کی ہے تونے اوپر اُن کے سوائے اُنکے جو غصہ کیا گیا ہے اوپر اُن کے اور نہ راہ گمراہون کی

لہ- جملہ فعلیہ حال- اِیَّاکَ نَستعین جملہ فعلیہ بتادیل مفرد ہوکر حال ہے لیکن انشائیہ ہونے کی وجہ سے ضرور ہے کہ ایک مبتدا مقدر ما نا جائے- تقدیر عبارت یہ ہے نحن نستعینک اس تقدیر پر یہ معنی ہونگے ہم تیری ہی عبادت کرتے ہین درانحالیکہ جملہ حاجات مین تجھ ہی سے مدد و استعانت کے طلبگار ہین - ۱۲

(بتا دیا - دکھایا چلا ہمکو)	هادٍ - مَهدِیٌّ - اِهْدِ لَا تَهْدِ
اِهْدِ - ا - ح امر بمعنی دعا الہدایۃ صیغہ	(راہ راست سیدھی راہ)
بھلائی کی راہ - سیدھی سڑک بتانا	اَلصِّرَاط اصل سراط من سرط الشیٔ
مطلوب تک پہونچانا - مصدر لث	اذا ابتلعہ والصراط یذکر و یونث کا
ث ناقص - هَدَیٰ - یَهْدِی	الطریق وصراط بمعنی راہ و طریق سلوک

ف الہدایۃ وھی الدلالۃ بلطف ویستعمل فی الخیر - ہدایۃ کے معنی
راہ نمائی - توفیق خیر اور اس راہ پر چلنے کے ہین جو نہایت آسانی سے
منزل مقصود پر پہونچادے عرفا اس کا استعمال نیک چیزون کی طرف
راغب کرنے طریق خیر کی راہنمائی اور اس امر کی طرف متوجہ کرنے مین ہوتا
ہے - جسمین بھلائی اور حصول نفع کی امید ہو ماخذ اسکا مقولہ عرب (ھوا
دی الوحش) ہے عرب ان صحرائی جانورونکو ہوادی الوحش کہا کرتے
ہین جو راستہ چلنے مین اپنے ہمراہیون اور تمام جماعت سے آگے آگے
رہتے ہین گویا وہ طریق سلوک مین پیش رو سے قوم اور ہادیان طریق ہین -
اور واضح ہو کہ لفظ ہدایت دو معنون مین مشترک ہے کبھی اس کا اطلاق مقصود
اور مطلوب تک پہونچا دینے مین ہوتا ہے اور کبھی صرف مقصود کی طرف
راہ بتا دینے مین - اور امتیاز معانی صلہ فعل سے ہوا کرتا ہے کیونکہ ہدایت اور
اسکے تمامی مشتقات دو مفعول چاہتے ہین - دونو مظہر ہون خواہ ایک مظہر
اور دوسرا مضمر ہو - پس متعدی بنفسہ ہونیکی صورت مین ہدایت سے راہ پر
لانا اور مقصود تک پہونچا دینا مقصود ہوتا ہے - اور اگر متعدی بواسطہ حرف ہو

(الیٰ) کے ساتھہ جیسے آیۃ اللہ یھدی من یشاء الی صراطٍ مستقیم مین اور خواہ (لام) کیساتھ ہو - جیسے آیۃ - ان ھذا القران یھدی للتی ھی اقوم) مین تو لفظ ہدایت سے صرف مقصود کی طرف راہ بتادینا مراد ہوتا ہے - پس اسجگہ اھدنا الخ مین کمال عجز و لتوالی بندہ کا اظہار دیا گیا ہے کہ صرف راہ دکہادینے یا راہ پر لانے سے منزل مقصود پہ پہنچنا ہم سے مشکل ہے جب تک کہ لحظہ بلحظہ خداوند کی توفیق و ہدایت دلیل راہ اور ہادی و رفیق نہ ہوجائے جاننا چاہیئے کہ ہدایت چند قسم پر ہے - (۱) عام الہامی جیسے بچونکو طفولیت کے زمانہ مین اقتضائے حوائج کے لئے ہوا کرتی ہے - (۲) احساسی جس سے مثلاً انسان بذریعہ حواس نیک و بد نفع و نقصان مین تمیز کرنے لگتا ہے - (۳) ہدایت عقل جس سے انسان معلومات جزئیہ حسیہ اور مدرکات محسوسہ سے کلیات انتزاع کرکے ان چیزونکو معلوم کرنے لگتا ہے جن کا ادراک احاطہ حواس سے باہر ہے (۴) ہدایت دلائل نظریہ - معلومات تصدیقیہ و تصوریہ کے ترتیب دینے سے ان چیزون کا معلوم کرنا جن کا ادراک بداہتہ عقل کی قدرت سے خارج ہے (۵) ہدایت الہام خاص ایسی اشیاء کا دریافت کرنا جو عامہ انسانی عقول کی حد سے باہر ہین یا عقلی قوت غلبہ وہم و خیال کیوجہ سے ان کے حسن و قبح پر کوئی حکم نہین کرسکتی ایسے امور کا انکشاف قدسی مناسبت اور غیبی تائید پر موقوف ہے اس قسم کی ہدایت کو الہام اور صاحب الہام کو نبی کہتے ہین (۶) ہدایت خاص - عالم نبوت یا عالم ولایت کے ظل اور انکے

ساتھ ایک خاص تعلق اور لگاؤ پیدا کرنے سے حاصل ہوتی ہے جس سے سالک طریقت پر حقائق امور منکشف ہو جاتے ہیں اور سالک ہر ایک چیز کو اپنے اپنے مرتبہ میں پہچاننے لگتا ہے اور انبیاء علیہم السلام کی صداقت ان امور اور چیزوں میں (جن کی انہوں نے خبر دی) مشاہدہ کر کر اجمالاً و تفصیلاً کرنے لگتا ہے۔ پھر جسقدر عالم نبوت یا عالم ولایت سے اس کا تقرب بڑھتا جاتا ہے اسی قدر اسکے دل میں اطاعت امر الٰہی اور اجتناب عن المنواہی کی آرزو پیدا ہوتی جاتی ہے یہاں تک کہ ہدایت محضہ اسکے لئے چراغ راہ بنجاتی ہے اور جذب محبت اسکو نہایت زور سے اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔ جس سے اسکی ذات ہمہ تن نور معرفت بنکر غریق بحر حقیقت ہو جاتی ہے۔ آیۃ نورٌ علیٰ نورٍ اور آیۃ نورھم یسعیٰ بین ایدیھم و بایمانھم میں اسی معنی کی طرف اشارہ ہے۔

آنجناب سرور کائنات علیہ التحیہ والتسلیمات اور صحابہ کرام کا ہر وقت طالب ہدایت رہنا باوجودیکہ آن حضرات ہدایت کامل اور ہمہ تن نور محضہ عرفان تھے اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ الطافات وہدایات کا کوئی انتہا نہیں۔ وقال ھذہ الدعاء من المومنین ومن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مع کونھم علی اصل الھدایۃ بطلب التثبت او طلب مزید الھدایۃ

فان الالطاف والھدایات عن اللہ تعالی لاتتناھی

علی مذھب اھل السنۃ والجماعۃ (منہ) ....

ربنا اتمم لنا نورنا وھب لنا من لدنک رحمۃ ط

المستقیم، ال بمعنی الذی مستقیم (مستقوم) متوسط میان افراط و تفریط و ہموار و راست۔ الاستقامۃ مصدر استفعال اجوف واوی بمعنی سیدھا ہونا

صراط مستقیم، اس واضح اور کھلی ہوئی ہموار راہ کو کہتے ہیں جسمیں کسی طرح کی کجی اور ٹیڑھا پن نہو۔ اور باامن ہو۔ مراد راہ حق و ملت اسلام

صراط الذین

(راہ آنانکہ) راہ ان لوگوں کی

الذین، اسم جمع با نون مبالغہ اسم موصول عہدی اسم مبہم[1]

انعمت علیھم

(انعام کردہ برایشان - جنپر تونے فضل کیا ہے)

انعمت، ماضی از الانعام نعمت رسانیدن احسان کرنا۔ اور اس منفعت حسنہ کو کہتے ہیں جو تبرعاً غیر کے ساتھ کیجائے اور اسمیں ذاتی غرض اور کوئی خاص طمع منظور بالذات نہو۔ ماخذ اسکا نعمۃ بالفتح بمعنی نرمی ہے وبمعنی تنعم وسعۃ العیش وبکسر النون المنۃ۔ والعطیۃ یقال انعم اللہ النعمۃ علیہ وانعم

[1] اسم موصول عہدی۔ اور اس سے وہ افراد مقصود ہیں جن پر دینی و دنیوی دونوں نعمتیں انعام ہو چکی ہیں۔ جیسے صدیقین شہداء صلحاء و انبیاء صلوات اللہ وسلامہ علیہم اجمعین حسب آیت ومن یطیع اللہ والرسول فاولئک مع الذین انعم اللہ علیہم من النبیین والصدیقین والشہداء والصالحین وحسن اولئک رفیقا۔ لہذا کہا گیا ہے کہ عوام مومنین کو صالحین کی رفاقت طلب کرنی چاہیئے۔ اور صالحین کو شہداء کی اور شہداء کو صدیقین۔ اور صدیقوں کو انبیاء علیہم السلام کی حسب بیان آیۃ۔ پس عوام الناس میں سے اگر کوئی شخص انبیاء و مرسلین علی نبینا وعلیہم اجمعین الصلوٰۃ والتسلیم کی رفاقت چاہتا ہے تو اسے درجہ بدرجہ ماتحت کے تینوں گروہوں سے رفاقت حاصل کرنی چاہیے اسلئے اہل اللہ کے طریقوں میں داخل ہونا اور ان سے۔۔۔

(... ۱۹۷۰ء) - ... ۱۳۹۰ھ ...

بالنعمۃ اے اوصلہا انعام مصدر
انعال۔ اَنْعَمَ۔ یُنْعِمُ۔ مُنْعِمٌ۔ انعم
لاَ تنعم۔ علیٰ، جار بمعنی استعلا مجازاً
ومرجع ضمیر (الذین)۔
(نہ راہ آنانکہ خشم گرفتہ شد برآنہا)
نہ راہ اُن لوگوں کی جن پر غضب کیا گیا ہے
غیر بجر۔ سوائے۔ اسم صفت شدید
الابہام۔
المغضوب۔ اے الذین[ا] غضب
علیہم۔
مغضوب۔ اسم مفعول غضب
اس نفسانی کیفیت کا نام ہے جس کی
وجہ سے خون دل میں جوش مارتا ہے

اور روح حیوانی دشمن سے بدلہ لینے
کے لیے خارج بدن کیطرف متوجہ
ہوتی ہیں اور ایسے ہی مکروہات طبعیہ
کے اندفاع طبیعت کے جوش مارنے
کو غضب اور غصہ کہتے ہیں لیکن
اسجگہ غضب سے غایت غضب
یعنی مقہوریت مغضوب علیہ مراد ہے
کیونکہ اغراض نفسانیہ جب واجب الوجود
کی طرف منسوب ہوتے ہیں تو ان سے
ان کی غایات مقصود ہوا کرتے ہیں
وقیل الغضب ھو ارادۃ الانتقام
من العصاۃ وغضب اللہ تعالیٰ
لا یلحق عصاۃ المومنین انما

[ا] المغضوب۔ ال بمعنی الذی۔ اگر اس سے وہ مخصوص افراد مراد ہیں جن پر اخروی و دنیوی عذاب کا واقع ہونا قرار پا چکا ہے مثل ابوجہل و ابولہب وغیرہ کفار و منافقین کے تو یہ موصول عہدی ہے۔ اور اگر وہ افراد مطلوب ہیں جو مطلق عذاب کے مستحق ہیں۔ خواہ دنیوی ہو خواہ اخروی یا ہر دو تو یہ موصول جنسی ہے۔ امام احمد اور ابن حبان نے عدی بن حاتم اور ابن مردویہ نے ابوذر سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ مغضوب علیہم سے یہود اور ضالین سے نصاریٰ مراد ہیں۔ ابن حاتم نے کہا ہے کہ اسی قول پر سب کا اتفاق ہے۔ ابن جریر نے ابن عباس اور ابن مسعود۔

یلحق للکافرین والمنافقین
(نہ راہ گمراہان۔ اور نہ بھٹکے ہوؤن یا
بھٹکنے والون گمراہون کا)
وَ۔ لا، زاید مؤکد نفی ماقبل یا بمعنی غیر
الضآلین۔ جمع ضال۔ ضلالۃ
ضد ہدایۃ۔ ایسا راہ یا ایسی چال اختیار
کرنا جو منزل مقصود کے خلاف ہو
وبمعنی غیبوبت وہلاکت یقال ضل
الماء فی اللبن اذا غاب وھلک
فیہ وضل الکافر اے غاب عن
الحق۔
آمین اسم فعل بمعنی استجب او کذالک
یکون او کذالک فافعل یعنی
لفظ آمین و آمین اسم فعل ہے بمعنی
قبول کر یا اسی طرح ہو یا ایسے ہی کر۔

اھدنا فعل با فاعل مع مفعول
الصراط ... موصوف
المستقیم اے الذی استقم
الذی ... موصول
استقم، جملہ فعلیہ صلہ
صراط الذین انعمت علیھم الخ بدل
یا جملہ مستقلہ استینافیہ فکانہ قال کیف اعینکم
فقالوا اھدنا الصراط المستقیم
صراط، ... مضاف
الذین انعمت علیھم موصوف یا مبدل منہ
غیر المغضوب الخ صفت یا بدل
الذین ---- موصول
انعمت، فعل با فاعل
علیھم، جار مجرور ظرف لغو
غیر[5] ---- مضاف

بدل صراط المستقیم

[5] غیر لفظ غیر اگرچہ شدید الابہام ہے مگر اس وقت یہ معرفہ ہو جاتا ہے یا معرفہ کی صفت واقع ہو سکتا ہے جبکہ وہ ایسے دو معرفون کے درمیان واقع ہو کہ وہ دونوں باہم ایک دوسرے کی ضد اور نقیض ہین یا جس وقت اس کے مضاف الیہ کی ضد مشہور ہو جیسا یہان کہ لفظ غیر منعم علیہم اور المغضوب علیہم کے درمیان واقع ہے جو آپس مین متقابلین ہین۔ کیونکہ تمام لوگ انہین دونون گروہون

المغضوب - اے الذین غضب علیہم
الذین موصول
غضب، فعل
ضمیر مستتر نائب فاعل
علیہم ظرف لغو
صفت اول الذین انعمت علیہم است
اے المنعم علیہم ہم السالمون من الغضب والضلال اوصفۃ له مبینۃ او مقیدۃ ان اجری

الموصول مجری النکرۃ اذالم یقصد بہ معہود -
لَا، زایدۃ تاکید نفی ماقبل -
الضالین - الذین ضلوا
الذین، ... اسم موصول
ضلوا، فعل مع الفاعل
عن صراط الحق، مفعول
معطوف بر المغضوب علیہم

ف اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الخ اس صورت مین تین مضمون ہین - خداوند عالم کی تعریف بندون کی عاجزی اور دعا گویا اس مین انسان کامل کی سچی کیفیت کا اور اسکی واقعی حالت کا بیان ہے وہ پروردگار عالم کے دربار عام مین پہونچکر عرض کررہا ہے - کہ اے ہمارے مالک ہمارے خالق و پروردگار تو اپنے احسان و کرم اور ان نعمتون ہی کی وجہ سے (جنکو تو نے اپنی محض عنایت و مہربانی سے ہماری پرورش قیام وجود اور تکمیل ذات کے لئے وقف کر رکھا ہے) لایق حمد و قابل تعریف نہین بلکہ بذاتہ تیری مقدس و منزہ اعلےٰ و برتر ذات ازلاً و ابداً حمد سے

مین محصور و منحصر ہین - پس اگر الذین انعمت علیہم موصول عہد خارجی ہے تو غیر اس کے لئے صفت مبینہ ہے اور اگر وہ معہود ذہنی ہے اور اس سے عام ما انعم علیہم مقصود ہے تو غیر اسکے لئے صفت مقیدہ ہوگا کیونکہ اس وقت موصول خود قوت نکرہ مین ہے -

متصف ہے تمام مادحین کی مدح حامدین کی حمد شاکرین کے شکر سے پہلے ہی
تو ممدوح و محمود و مشکور ہے اور بیشک پوری حمد و کامل تعریف کا تو مالک
ہے اور وہ تیرے ہی لایق ہے - تمام مخلوق کی مثالی - روحانی اور جسمانی
و اخروی پرورش تیری عنایت ہی سے وابستہ ہے - ہر ایک شخص کی محنت
کوشش اور سعی کے اجرا و پاداش کا تو صاحب و مختار ہے - پس اے
یگانہ و بے مثل وحدہ لاشریک لہ تو ہی ہمارا سچا معبود اور واقعی مالک ہے -
ہم تجھ ہی کو عبادت کے لئے خاص کرتے ہین اور اقرار کرتے ہین کہ خالصاً
ہم تیری ہی عبادت کیا کرینگے اور تیری ہی عنایت سے ایفاے وعدہ کی
توفیق چاہتے ہین - اے ہمارے مولا ہمارے پروردگار ہمین اپنی رضا و خوشنودی
کی راہ بتا ہر ایک امر مین توسط اور استقامت عطا فرما - اپنے خاص برگزیدہ
بندون کی مقبول چال اور ان کی سچی پیروی اور متابعت نصیب کر مناقفین
و گمراہون کے طرز عمل اور ان کی صحبت کے برے اثرون سے محفوظ رکھ -

ف ۲ - اھدنا - واضح ہو کہ انسان روح اور جسد سے مرکب ہے - روح کو جسم
کے ساتھ متعلق کرنے کا اعلیٰ مقصد یہ ہے کہ روح انسان اسکے ذریعہ سے
اپنی ترقی و تکمیل کے اسباب فراہم کرے اور اسکی وساطت سے مدارج علیا پر
عروج کر سکے لہذا حرکات جسم سے وہی افضل و احسن حرکات ہو سکتے ہین -
جو تحصیل سعادت روحانیہ مین روح کے لئے معین و مددگار بن سکتی ہین - اور
چونکہ روحانی سعادت اور اسکے مدارج کی تحصیل تعظیم معبود اور اس کی خالص
عبادت پر موقوف ہے لہذا انسان کے لئے حالت بقا و صحت مین سب سے

بہتر یہی طریقہ ہے کہ عبادات شرعیہ مین نہایت کوشش اور استقلال کے
ساتھہ قایم رہے یہ سعادت انسانی کا پہلا درجہ ہے اور قول (ایاک نعبد)
سے اسی معنی کیطرف اشارہ ہے - ایک زمانہ تک شرایع اسلام پر عامل رہنے
اور اسی مرتبہ پر مواظبت کرنے کے بعد قلب عابد کا انوار غیب کے انعکاس
اور اسکی نورانی تجلیون کے پرزور نورانی شعاعی پرتو سے اثرپذیر ہونے لگتا
ہے - اور آہستہ آہستہ اسکی توجہ عالم قدس کی طرف بڑہنے لگجاتی ہے -
یہان تک کہ عالم شہادت سے کلیۃً عالم غیب کیطرف سفر کرجاتا ہے -
اور عالم شہادت کو عالم غیب کا مسخر دیکھکر اسے یقین ہوجاتا ہے کہ اعمال ظاہرہ
عالم غیب کی مدد اور استعانت پر موقوف ہین اس وقت اس کا دل ظاہری
اسباب سے منقطع ہوکر ہر ایک امر مین حقیقی مسبب الاسباب اور واقعی مفتح الابواب
کی طرف منتقل ہوجاتا ہے اور ہر ایک فعل مین فاعل حق کے اثر کو بداہتہً
محسوس کرنے لگتا ہے - سعادت انسانی کا یہ دوسرا درجہ ہے اسے طریقت
بھی کہتے ہین - قول اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ،، سے اسی مرتبہ کیطرف اشارہ ہے
اسکے بعد سالک طریقت کا گزر انوار قدس اور تجلیات و مکاشفات پر ہوتا ہے
یہ وہ مقام ہے جسکی سیر کے لئے واقف کار اور ایک بہتر رفیق کی ضرورت
ہے جسکی تعریف مین یہ شعر موزون ہے -

درین ورطہ کشتی فروشد ہزار — کہ پیدا نہ شد تختہ بر کنار

اسی درجہ مین عالم شہادت بالکل معزول و معطل رہجاتا ہے - اور عابد کی توجہ
خالصًا مدبر کل ذات واجب الوجود ہی کی طرف لگ رہتی ہے - جب اسے

کوئی نفع یا خیر پہونچتی ہے۔ تو ھوالنافع" کہتا ہے اور جب کوئی رنجش
ضرر یا تکلیف آتی ہے تو کہتا ہے " لاضارا لاھو" اِس وقت اس کی
ہر ایک حمد اور تمامی مدح کا مرجع محض ذات حق ہوتی ہے اور حجاب ماسوے
بالکلیہ محجوب و مرتفع ہو جاتا ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
سے اسی معنی کی طرف اشارہ ہے۔ سعادت انسانی کا یہ آخری درجہ ہے
اسے حقیقت بھی کہتے ہین اور قول (اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ)
سے اسی درجہ مسعودہ کی طرف اشارہ ہے اور اسی درجہ کی ہدایت مقصود ہے
ف۳ جب کوئی شخص کسی صنعت یا حرفت و عمل پر مداومت کرتا ہے۔ تو ایک
مدت کے بعد اس کاسب مین ایک ایسی زبردست قوت اور قوی ملکہ
پیدا ہو جاتا ہے کہ اس قسم کی صنعت کے مشکل اور اہم کام اسپر نہایت
سہل اور آسان ہو جاتے ہین اور وہ بلا دقت انکو سرانجام دے سکتا
ہے۔ کیونکہ کثرت فعل اور اسکی مداومت سے طبیعت کاسب اور اس
خاص فعل مین ایک قسم کا تعلق اور لگاؤ پیدا ہو جاتا ہے اور آہستہ آہستہ
عامل کے افعال طبعی مین شمار ہونے لگ جاتا ہے۔ ایسے ہی ہمنشین
اپنے صاحب کے اثر صحبت سے متاثر ہو کر اس کا رنگ قبول کر لیتا ہے
کیونکہ نفوس بشریہ پر حب محاکات غالب ہے لہذا جب کوئی شخص شہدائے
مکرم و صلحائے معظم کی صحبت اختیار کرتا ہے تو انکے اثر صحبت اور فیض
مجاورت اسے روحانی مکاشفات اور ربانی انوارات کی طرف متوجہ کر دیتی
ہے۔ اور ان ارواح مقدسہ و مطہرہ کی محاذات اور تقابل سے اُس کا

دل انوارِ غیب اور فیوض قدس کو قبول کرنے لگ جاتا ہے۔ اسی وجہ سے اولیائے کاملین و مرشدان صاحب تلقین کی صحبت شرعاً محمود و ممدوح ہے۔ ایسے ہی اہل فسق و معاصی کی رفاقت اپنے مصاحب کو فسق و فجور کی طرف بزور کھینچ لیتی ہے۔ اور چونکہ انسان بالطبع محتاج ہے اور اس کی زندگی کے دو اصول ہیں۔

(۱) طلب نفع ملایم طبع۔

(۲) دفع مضار غیر ملایم طبع۔ اور ہر ایک کی تحصیل تہیۂ اسباب پر موقوف ہے اور ظاہر ہے کہ جب کسی امر کا حصول کسی واسطہ پر موقوف ہوتا ہے تو تحصیل واسطہ مقدم اور مقصود بالتوجہ ہو جاتی ہے اسی وجہ سے انسان کے دل میں ظاہری اسباب کی عظمت حد سے زیادہ بڑھ جاتی ہے اور آخر کار حقیقی مطلوب اور سچے معشوق کی طلب سے مانع ہو کر اسے دائمی حرمان و غضب و قہر الٰہی کا مستوجب بنا دیتی ہے چونکہ اکثر اہل دنیا اسی صفت سے موصوف ہیں لہذا ان کی صحبت مانع ثواب آخرت ہو کر اپنے ہمنشین کے دل میں متاع فانی کی عظمت اور اسکی محبت اس طرح قایم کر دیتی ہے۔ کہ اس سے نجات پانا کسی پرزور کشش اور تائید غیبی کے سوائے ممکن نہیں اور چونکہ انسان کو اپنے ہمجنس کی صحبت سے گریز نہیں اسلئے ضرور ہے کہ خداوند عالم سے ہمیشہ ابرار کی صحبت کا خواستگار اور اشرار کی ہمنشینی اور اسکے برے اثر سے محفوظ رہنے کے لئے اسکی درگاہ میں ہر وقت ملتجی رہے یہ مضمون قول اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ

الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ کا ہے۔

امام احمد اور ابن حبان نے عدیؓ[۵۱] بن حاتم سے اور ابن مردویہ نے ابو ذرؓ[۵۲] سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے

۵۱۔ عدی بن حاتم اُسی حاتم طائی کے بیٹے ہین جو سخاوت مین ضرب المثل ہے۔ سنہ ۹ ہجری مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو ڈیڑہ سو سوارون کے ساتھ ان کی قوم پر بھیجا اس زمانہ مین حاتم مرچکا تھا عدی بن حاتم اور دوسرے مقابلین بھاگ گئے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے وہان کا نامی بت فلس توڑ ڈالا اور بہت سی عورتون کو قید کرلیا اونٹ اور بہت سی بکریان بھی غنیمت مین ملین ان قیدیون مین سفانہ حاتم کی بیٹی بھی تھی۔ جناب سرور کائنات نے اسپر رحم فرماکر اسے چھوڑ دیا اور سواری اور کپڑے اور کچھ نقد بھی دیا۔ سفانہ جب اپنے ملک مین گئین اور انجناب علیہ السلام کی انہون نے تعریف کی انکے بھائی عدی بن حاتم مشتاق ہوگئے اور فوراً مدینہ مین آکر مشرف باسلام ہوگئے اور آخر تک نہایت ثابت قدم رہے۔ حضرت صدیق کے زمانہ مین ان کے ملک کے لوگون نے زکوٰۃ دینے سے انکار کردیا تھا مگر حضرت عدی طریقہ سابق پر قایم رہے اور اپنی قوم کی زکوۃ بیت المال مین پہونچاتے رہے۔ فتوح عراق مین آپ شامل رہے ہین اور پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ساتھ لڑائیون مین شریک رہے ہین۔ ایکسو بیس ۱۲۰ برس کی عمر پاکر سنہ اسّی ہجری مین ان کا انتقال ہوا۔

۵۲۔ ابوذرؓ۔ ابو ذر غفاری آپ اجلہ صحابہ اور سابقین اولین مین شامل ہین۔ ابتدائے نبوت کے زمانہ مین مشرف باسلام ہوئے ہین۔ جب آپنے ایمان کا اعلان کیا تو کفار نے آپکو بہت سی تکلیفین دین پھر حضرت عباس نے انکو اپنے پناہ مین لیکر بچالیا۔ دوسرے روز پھر

کہ مغضوب علیہم سے یہود اور ضالین سے نصاریٰ مراد ہیں اور ابن جریر نے

یہی حالت ہوئی۔ پھر حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اُن کو بچا لیا۔ تب وہ مکہ کو چھوڑ کر اپنی بستی میں چلے گئے۔ اور پھر اس وقت مدینہ کی طرف ہجرت کی جب بدر اور احد اور خندق کے غزوات کا زمانہ گزر چکا تھا احمد اور ابو داؤد نے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں اُٹھایا زمین نے اور نہ سایہ میں لیا آسمان نے کسی ایسے شخص کو جو ابوذر سے زیادہ سچا ہو۔ ایسے ہی ابو داؤد نے روایت کی ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے تھے کہ ابوذر ایک ظرف علم سے بھرا ہوا ہے۔ آپ اکثر تنہا رہا کرتے تھے۔ سنہ ۳۲ ہجری میں آپ کا انتقال ہوا ہے حضرت عبداللہ بن مسعود نے جنازہ کی نماز پڑھائی حضرت ابن مسعود اہل عراق کے ایک گروہ کے ساتھ عراق سے مدینہ منورہ تشریف لا رہے تھے۔ راستہ میں انکے جنازہ پڑھنے کا اتفاق ہوا

۵۔ ابن عباس حضرت عبداللہ بن عباس رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے چچا زاد بھائی ہیں ہجرت سے تین برس پہلے پیدا ہوئے روایت میں ہے کہ جب وہ پیدا ہوئے تو اُن کی ماں ام الفضل انکو گود میں لیکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لائیں آپنے داہنی طرف انکے کان میں اذان دی اور بائیں طرف اقامت کہی پھر فرمایا ابو الخلفاء کو لیجاؤ۔ یہ پیشین گوئی تھی انہیں کی اولاد میں سے وہ خلفاء پیدا ہوئے ہیں جو خلفائے عباسیہ کہلاتے ہیں آپ کی اولاد میں یہ کثرت ہوئی کہ مامون رشید کے زمانہ میں چھ لاکھ آدمی ان کی نسل سے شمار ہوئے تھے آپ فقہ حدیث ۔ عربیت ۔ اور انساب و شعر میں نہایت فاضل اور اعلےٰ درجہ میں سمجھے جاتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ جب ابن عباس ہماری عمر کو پہونچینگے تو ہم سے کسی کا علم اُن کے علم کا دسواں حصہ بھی نہ ہوگا ۶۸ھ میں بمقام طائف آپ کا انتقال ہوا ہے ۱۲

عباس اور ابن[1] مسعود رضی اللہ عنہم سے بہی یہی روایت کی ہے - اور ابن ابی حاتم نے کہا ہے کہ اسی قول پر اجماع ہے -

ف۴ - اس سورت مین دس چیزین قابل غور واقع ہوئی ہین پانچ چیزین صفات ربوبیت سے ہین - اللہ - رب - الرحمن - الرحیم - مالک - اور پانچ دوسری اس کے مقابل بطریق لف ونشر مرتب صفات عبودیت سے بیان ہوئی ہین - عبادت استعانت - طلب ہدایت - طلب استقامت - طلب نعمت و پناہ عن الغضب

ف۵ - سورۃ الفاتحہ آغاز کلام مجید اور علوم قرآن کی براعۃ الاستہلال اور مطلع مقاصد علوم اولین و آخرین ہے بیہقی نے ابو القاسم بن حبیب اس نے محمد بن صالح بن ہانی سے اس نے حسین بن الفضل سے بواسطہ عفان بن مسلم روایت کی ہے کہ خداوند کریم نے ایکسو چار کتابین نازل فرمائی ہین اور ان سب کے علوم چار کتابون - توراۃ - انجیل - زبور - اور قرآن کریم مین ودیعت

---

[1] - ابن مسعود - حضرت عبد اللہ بن مسعود ہذلی صحابی سابقین اولین سے ہین - بدر مین شریک تھے اور اسکے بعد کل غزوات مین شریک رہے ہین - خدمت رسول اللہ کو انہون نے اپنے پر لازم کر رکھا تھا جب آنحضرت کہین تشریف فرما ہوتے تو آنجناب کا تکیہ - مسواک - اور نعلین اور وضو کا برتن عبد اللہ بن مسعود لیکر آگے آگے چلتے تھے اور جب آنجناب کسی مجلس مین بیٹھتے تو اُن کی جوتیان عبد اللہ اپنی آستینون مین رکھ لیا کرتے تھے روایت مین ہے کہ آپکو آنجناب نے فرمایا تھا کہ تم بغیر اذن لئے ہمارے حجرے مین چلے آیا کرو اور بیشک ہماری باتین سنا کرو - آنجناب علیہ الصلوۃ نے فرمایا ہے - کہ جو شخص ٹھیک ٹھیک موافق منزل کے قرآن پڑہنا چاہے تو اسکو چاہیئے کہ عبد اللہ بن مسعود سے پڑہے سنہ ۳۲ یا ۳۳ھ مین بمقام مدینہ اُن کا انتقال ہوا ہے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان پر جنازہ کی نماز پڑہی اور بقیع مین مدفون ہوئے ۱۲

رکھہ دئے ہین پھر توراۃ و انجیل اور زبور کے علوم قرآن مین ودیعت فرمادئے اور علوم قرآن کو اسکے حصہ مفصل مین اور مفصل کے جملہ اسرارات سورہ فاتحۃ الکتاب مین امانۃً ودیعت فرمادئے ہین لہذا جو شخص فاتحۃ الکتاب کی تفسیر معلوم کرلیگا وہ گویا تمام کتب منزلہ کی تفسیر سے واقف ہوجائیگا اس حدیث شریف کی توجیہہ اس طرح پر کیگئی ہے کہ جسقدر علوم پر قرآن مجید حاوی ہے اور جو علوم قیام مذاہب کے ارکان ہین وہ صرف چار علم ہین - اول علم اصول اسکا مدار خدا تعالی کی معرفت یعنی اُسکی صفات کی معرفت پر موقوف ہے اس کی جانب رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ اشارہ ہوا ہے اور نیز نبوت کی شناخت اسکی جانب اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ سے اشارہ ہوا ہے اور معاد کی شناخت یعنی اللہ کی طرف لوٹ کر جانے کا علم ہونے پر مَالِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ سے اشارہ کیا گیا ہے - دوم علم عبادت اس کی طرف اِیَّاكَ نَعْبُدُ مشیر ہے سوم علم سلوک اور یہ اسبات کا نام ہے کہ نفس کو آداب شرعیہ کے برتنے اور خداوند عالم کی اطاعت و فرمانبرداری کرنے پر آمادہ و مستعد بنایا جائے اسکی طرف اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ - اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ اشارہ ہے اور چوتھا علم قصص ہے یعنی گزشتہ زمانون اور پہلی قومون کے حالات اور تاریخ کا علم جس سے اطاعت الٰہی کے برکات اور اطاعت پذیر بندون کے سعادت اور کافرون کی شقاوت کا علم حاصل ہوتا ہے اس مضمون کی طرف صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ

علیهم غیر المغضوب علیهم و لا الضآلین سے اشارہ کیا گیا

ہے۔ غرض سورہ فاتحہ میں قرآن مجید کے جملہ علوم اجمالاً مندرج ہیں۔

اور یہ بات براعت الاستہلال کی غایت ہے

ف۔ اور سنت ہے بعد ختم فاتحہ امین کہنا الگ کر کے۔ وقال السنة عند

ختم الفاتحة ان یقول آمین مفصولاً عن ابی هريرة رضی

الله تعالى عنه ان النبی صلعم قال اذا قال الامام ولا

الضآلين فقولوا آمين فان الملائکة تقول امين وان

الامام يقول آمين فمن وافق تأمينه تامين الملائكة

غفرله ما تقدم من ذنب۔ ۱۲ منہ

(۲) سورة البقرة مدنية وهي مائتان وست وثمانون اية واربعون ركوعا

یہ سورہ بقر ہے مدینہ مین اتری ہے دوسو چھیاسی آیتین ہین اور چالیس رکوع ہین

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

بنام خدائے بخشایندہ مہربان

شروع کرتا ہون مین ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے

(۱) الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ

این کتاب ہیچ شبہ نیست در رہنما ست

یہ کتاب نہین شک بیچ اسکے راہ دکھاتی ہے

هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝

پرہیزگاران را

واسطے پرہیزگارون کے

۵۱۔ ابو ہریرہ آپ اسی کنیت سے مشہور ہین اور اجلہ صحابہ سے ہین غزوہ خیبر کے سال مین مسلمان ہوئے ہین اور اس مین آنجناب علیہ السلام کے ساتھ غزوہ مین شریک تھے۔ پھر انھون نے ہمیشہ کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت اختیار کر لی تھی اور ہر وقت حضرت کے ساتھ ہی

(البقرۃ ۱)

(این کتاب است روشن - یہ نہایت واضح اور کھلی کتاب ہے)

۹ الٓمٓ - اللہ اعلم بمرادہ - اسکے معنی مین سلف و خلف کے اقوال مختلف ہین - حق یہ ہے کہ اس قسم کے حروف مقطعات اسرار ہین مین اللہ و بین رسول اللہ کوئی غیر اسکو سمجھ نہین سکتا - اِلّا مَنْ شاءَ اللہ من کمل اتباعہ

ذٰلِكَ ، اسم اشارہ بعید مظہر تعظیم و تفخیم یا اسم اشارہ موکد (قرآن یا الٓمٓ)

الْكِتٰبُ ، ال ، عہدی یعنی وہ کتاب جس کی خبر کتب سابقہ مثل تورۃ وانجیل مین دی گئی ہے یا وہ جسکی بشارت بذریعہ وحی پہلے پہونچائی گئی ہے - بقولہ اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْكَ قَوْلًا ثَقِیْلًا - اور کتاب مصدر بمعنی مکتوب مفعول مبالغۃً ہے یا اسم فعال بمعنی مایول الیہ مثل لباس بمعنی ملبوس - ماخذ اسکا مقولہ عرب (کتبتہ ای جمعتہ) ہے اور لغت مین کتب کے معنی جمع کرنے اور ملانے کے ہین کتاب کو اسلئے کتاب کہا جاتا ہے کہ اسمین علوم جمع کئے جاتے ہین یا اسمین حروف ملائے جاتے ہین - مراد قرآن شریف -

---

رہا کرتے تھے - صحابہ مین سے سب سے زیادہ حدیثین انہین سے مروی ہین سنہ ۵۹ یا ۵۷ یا ۵۸ ہجری مین ان کا انتقال ہوا ہے

۵۱ - ذٰلِكَ ، اسم اشارہ ہے - ذا - اسم اشارہ - ل ، حرف تاکید معنی اشارہ - كَ - حرف مخاطبۃ گویا متکلم مخاطب کو مشارٌ الیہ کی طرف نہایت اہتمام اور تنبیہ سے متوجہ کرنا چاہتا ہے اور غرض اس سے اظہار تعظیم و تفخیم مشار الیہ ہے -

۵۲ - جبکہ کتاب کا اطلاق اس ذہنی عبارت پر کیا جائے جو کتابت کی صلاحیت رکھتی ہو لیکن ابھی لکھی گئی ہو

رَيْبَ فِيْهِ

(کوئی شبہ نیست دران۔ کچھ شک وشبہہ یا تہمت اسمین نہین ہے)

اے لَا رَيْبَ فِيْهِ بوضوحہ و سطوح برھانہ بحیث لا یرتاب فیہ العاقل بعد نظر الصحیح فی کونہ وحیًا۔ وقیل خبرٌ بمعنی النہی اے لا ترتابوا فیہ ۔

لَاؔ، حرف نفی جنس[۵] مراد نفی ماہیت مدخول۔

ریب، تہمت وبدگمانی۔ سوء ظنی وشک اور تردد و پریشانی خاطر جو معنی کی تعین اور خبر کے سچ جھوٹ کی تمیز مین عارض ہوتی ہے۔

فِیْهِ اے فی ذٰلِكَ الْكِتٰبِ

هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ

(رہنماست مر پرہیزگاران را۔ پرہیزگارون یا ڈرنے والون کو راہ بتاتی ہے۔)

هُدًى[۶]، دلالت علی الخیر۔ بھلائی اور ثواب یا مصدر بمعنی فاعل (ہادی رہنما) مبالغۃً لفظ ہدایت اور ایسے ہی تعلیم وارشاد وانذار وغیرہ الفاظ کبھی صرف بمعنی فعل فاعل مستعمل ہوتے ہین جیسے آیۃ وَاَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى

۵۔ حرف نفی جنس۔ کبھی اس سے مدخول کی صفت اور کبھی مدخول کی ماہیت کی نفی مراد ہوتی ہے اس جگہ تمام ماہیت ریب۔ یعنی اسکے افراد کی فرداً فرداً نفی مقصود ہے اور اس کا مدخول اس وقت منصوب ہوتا ہے جبکہ نکرہ مفرد اور مضاف ہو۔

۶۔ ھدی کلام مجید مین یہ لفظ سترہ وجوہ پر آیا ہے (۱) بمعنی اثبات واستقلال اھدنا الصراط المستقیم (۲) بیان اولٰئك علی ھدی من ربھم (۳) دین۔ ان الھدی ھدی اللہ (۴) ایمان ویزید اللہ الذین اھتدوا ھدی (۵) دعا۔ یعنی ایمان کی طرف بلانا ولکل قوم ھاد۔ وجعلنا ھم ائمۃ یھدون بامرنا۔

ہیں اور کبھی یعنی تاثیر فاعل ہیں جو کہ مقرون بہ تاثیر منفعل ہو جیسے آیۃ هدى الله فاهتدى ہیں مثل اُحی واُما ت اور ہدایت کے یہ دونوں معنی حقیقی ہیں۔ اور مآل دونوں کا ایک ہی ہے اور دونوں معنی خداوند تعالیٰ کی صفت بھی ہو سکتے ہیں۔ اور قرآن مجید و پیغمبر

و اولیاؤ مرشدانِ صاحب تلقین کی بھی صفت بن سکتے ہین۔ البتہ خلق ہدایت خاصہ حضرتِ رب خالق مطلق ہے۔

لِلْمُتَّقِیْنَ۔ ل[۱] مظہر تخصیص و تخصیہ متقین، موتقیون بروزن مفتعلون ہے یا متقیئین بدویا۔ جمع ہین متقی اسم فاعل۔

بقیہ نوٹ

(۶) رسول وکتاب فَاِمَّا یَاْتِیَنَّکُمْ مِّنِّیْ هُدًى (۷) معرفت و بالنجم وھم یھتدون (۸) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے معنی ہین۔ اِنَّ الَّذِیْنَ یَکْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَیِّنٰتِ والھدی وَ قَدْ جَآءَھُمْ مِّنْ رَّبِّھِمُ الْھُدٰی (۹) توراۃ۔ و لقد اٰتینا موسی الھدی (۱۰) استرجاع اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُھْتَدُوْنَ (۱۱) حجت لا یھدی القوم الظّٰلمین قولہ تعالیٰ اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْ حَآجَّ اِبْرٰھِیْمَ فِیْ رَبِّہٖ کے بعد یعنی خدا انکو کوئی حجت نہین سمجھاتا (۱۲) توحید اِن نَّتَّبِعِ الْھُدٰی مَعَکَ (۱۳) سنت فَبِھُدٰھُمُ اقْتَدِہْ اور انا علی اٰثارھم مُّھْتَدُوْنَ (۱۴) اصلاح اِنَّ اللّٰہَ لَا یَھْدِیْ کَیْدَ الْخَآئِنِیْنَ (۱۵) الہام اعطی کل شیء خلقہ ثم ھدی یعنی ان کو زندگی بسر کرنے کا طریقہ بذریعہ الہام بتایا (۱۶) توبہ اِنَّا ھُدْنَآ اِلَیْکَ (۱۷) ارشاد اَنْ یَّھْدِیَنِیْ سَوَآءَ السَّبِیْلِ (اتقان)

لہ۔ ل مظہر تخصیص۔ اس سے یہ مراد نہین کہ وہ کتاب منزل لاریب فیہ صرف متقین کے لئے ہادی اور انہین کی راہ نما ہے اور باقی عوام کے لئے ہادی نہین۔ بلکہ اس سے مقصود یہ ہے کہ وہ کتاب بنفسہ بیشک ہدایۃ محض عامہ ہے۔ لیکن بلحاظ تاثر و قبول و نفع متقین خاص ہیں یعنی قبول کے اعتبار سے متقین ہی مخصوص ہین کہ وہی اس پر عمل کرتے ہین۔ ۱۲

مُتّقی، اس سلیم الفطرت شخص کو کہتے
ہین جو اپنے آپکو ایسی نکمی باتون
اور بے سود خیالون سے بچاتا ہی
جو انجام کار نقصان و تکلیف اور
عذاب کا باعث بنتی ہین وہ مضرات
بُرے اعتقادات ہون خواہ
بُرے اعمال و عادات ہون۔
اور کہتے ہین متقی وہ شخص ہے
جسکی فطرت سلیمہ اور صحیح استعداد
بحالہ قایم اور باقی ہو اور اس کے
آئینہ فطرت پر زنگ شرک و کدورت
معاصی کا ہجوم نہ ہو چکا ہو وَ ھُوَ
ماخوذ من اتقاء واصلہ الحجز
بین الشیئین ومنہ یقال اتقی
بترسہ ای جعلہ حاجزاً بین نفسہ
وبین ما یقصدہ
عرف شرع مین تقوی کا استعمال
چند متفاوت معنی پر واقع ہوا ہے
بمعنی ایمان۔ کما فی قولہ "والزمہم
کلمۃ التقوی۔ وبمعنی توبہ آیۃ۔
ولو ان اهل القری امنوا و
اتقوا اللہ" مین وبمعنی طاعت"
واتوا البیوت من ابوابها و
اتقوا اللہ مین وبمعنی اخلاص آیۃ
فانها من تقوی القلوب" مین (ع)
وقیل اتقاء ھو الاقتداء بالنبی
صلعم وفی الحدیث جماع التقوی
فی قولہ تعالی۔
ان اللہ یامرو بالعدل و
الاحسان وایتائی ذی القربی
الایۃ (معالم)
الاتقاء ڈرنا، مصدر افتعال لفیف
مقرون۔
الم ..... مبتدا

سلہ ۔ الم۔ یہ اگر حروف مقطعات سے اور اس کا علم خدا ہی کو ہے اور عام علماء اس کے معنی و مراد
سے نا واقف ہین تو اس تقدیر پر اسکے لئے کوئی محل اعراب نہیں۔ کیونکہ معانی کی اطلاع

ذٰلِكَ، اسم اشارہ موصوف
الکتٰب، صفت مبتدا یا بدل
لَا رَیْبَ فِیْهِ، جملہ اسمیہ خبر

یا- الٓمّٓ ---------- مبتدا
ذٰلِكَ، اسم اشارہ ذوالحال
الکتٰب، عطف بیان
لَا رَیْبَ فِیْهِ، جملہ اسمیہ حال
خبر
ھُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ جملہ خبر بعد خبر

ھُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ ----- خبر ای ھو
ھو، محذوف ----- مبتدا ھُدًی

(دوم) الٓمّٓ مبتدا
ذٰلِكَ مبتدا ثانی
الکتٰب ذوالحال
لَا رَیْبَ فِیْهِ حال خبر
ھُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ خبر بعد خبر

سوم- الٓمّٓ مبتدا
ذٰلِكَ ..... مبتدا
الکتٰب ..... خبر
جملہ اسمیہ خبر
والمشار الیہ ماسبق نزولہ من القران

بغیر اسکے ہم اسکو نہ مبتدا کہہ سکتے ہیں نہ خبر اور نہ اسکے لئے کسی قسم کی کوئی اور حالت اعرابی قائم کر سکتے ہیں اور اگر یہ بعض ان حروف کے اسماء ہیں جن سے کلام مرکب ہوتا ہے اور یہ جتانا مقصود ہے کہ قرآن شریف یا یہ سورت انہیں حروف سے مرکب ہے جن سے عام انسان کی کلام مرکب ہوتی ہے یا یہ کہ الٓمّٓ سورت یا قرآن شریف کا نام ہے یا اسماء واجب تعالیٰ شانہ ہیں تو اسکے لئے البتہ محل اعراب ہے اور اسکی ترکیب میں وہ چند احتمال ہو سکتے ہیں جن کا متن میں اجمالاً ذکر کیا گیا ہے۔

ل اس تقدیر پر یہ معنی ہونگے یہ کتاب کہ لاریب فی تنزیلہ ہے متقین کے لئے ہادی ہے۔

۲ حال بنا بر مذہب صاحب شافیہ ابن مالک یا اس تقدیر پر کہ ذٰلک الکتٰب فعل محذوف اعنی کا مفعول مانا جائے یا اس نسبت کے اعتبار سے جو خبر کی مبتدا کے ساتھ ہے اسے (اُنَبِّہُ یا اُنَبِّت)

لَا۔ نفی جنس۔ رَیب۔ اسم
فیہ ھدًی للمتقین۔۔ خبر

فی، جار ہ، ضمیر مجرور۔ مبدل منہ
ھدی۔۔۔۔۔ مصدر
للمتقین، جار مجرور ظرف لغو } بدل

اے لاریب فی کونہ ھادیا

یا فی، جار۔ ہ، ضمیر مجرور مبدل منہ
انہ من عند اللہ، محذوف بدل

اے لاریب فی کونہ منزلاً من عند اللہ

یا۔ لا، حرف۔ نفی جنس
ریب موصوف
فی، جار۔ ہ، ضمیر ذی الحال
ھدی، حال

کائنا محذوف۔۔ صفت
للمتقین۔ جار مجرور متعلق بخبر
ثابت، محذوف۔۔۔ خبر

یا لا، نفی جنس
ریب موصوف
فیہ متعلق بکائنا صفت
عند المومنین، محذوف۔ خبر

یا لا، حرف نفی۔ ریب، اسم
فیہ، متعلق بکائن۔۔۔ خبر

فیہ، مذکورۃ الکتاب متعلق بخبر
ثابت، محذوف۔۔۔ خبر مقدم
للمتقین متعلق ھدًی، ۔۔ مبتدا

(۴) ذٰلِكَ الْكِتٰبُ مبتدا
لَارَيْبَ فِيْهِ الخ

بہرحال یہ تقدیر حال ہونے کے یہ معنی ہونگے یہ کتاب درآنحالیکہ حق یا غیر ذی شک ہے پرہیزگاروں کے لئے ہادی ہے۔

جملہ اسمیہ ابتدائیہ اور معنی یہ ہیں کہ یہی کامل کتاب ہے اور یہی ایک کتاب ہونیکے لائق ہے تا المشار الیہ ماسبق نزولہ من القرآن علی سورۃ البقرۃ او القرآن کلہ الذی سبق بعضہ اسے ہذا الکتاب الذی یقرءہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ویکذب بہ المشرکون کتاب المعہود والموعود

لَا، حرف نفی جنس
رَیبَ فِیه، اسم
هُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ، خبر
٥ ذٰلِکَ الْکِتٰبُ ---- مبتدا
لَا، حرف نفی ریب اسم
فِیه، محذوف ---- خبر
٦ هٰذِہٖ، محذوف ---- مبتدا
الٓمّٓ خبر اول
ذٰلِکَ الْکِتٰبُ خبر دوم

اے هٰذا الَّذِی یوحی إلیکَ الذی وعدنا انزاله فی التوراۃ وَالانجیل او واعدناکَ من قبل بقولنا انّا سنلقی علیکَ قولاً ثقیلا۔ فذٰلکَ خبر مبتدا محذوف والکتاب صفته (مظ) علاوہ اسکے اور بھی بعض احتمال پیدا ہو سکتے ہیں۔ فمن شاء فلینظر

ولیعمق فیہ۔
وقیل انها جمل متناسقات یقرر اللاحقة السابقة ولذا لم یعطف فذٰلک الکتاب جملة تفید انه الکتاب المنعوت بغایة الکمال حیث لَا رَیْبَ فِیه وَکَذٰلِکَ هُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ اے هو هدی للمتقین یؤکد کونه حقا لا ریب فیه او یکون کل جملة منها یستتبع السابقة اللاحقة استتباع الدلیل للمدلول فانه لما کان بالغا حد الکمال لَا یسوغ فیه الریب فیکون البتة هدی (مظ)

ف-الٓمّٓ- حروف مقطعات یا حروف تہجی سے کلام پاک کا شروع ہونا اسکے منزل من جانب اللہ ہونے اور اسکے معجزہ ہونے کی پہلی دلیل ہے۔ یہ ان منافقین وکفار کے بیجا شکوک اور بیہودہ شبہات کا جواب ہے جو

کہا کرتے تھے کہ یہ کتاب جسکے نازل ہونے کا مسلمان دعوی کر رہے ہین ہرگز وہ کتاب نہین جسکی خبر پہلی منزلہ کتابون مین دیگئی ہے۔ اور نہ یہ آسمانی کتاب ہوسکتی ہے بلکہ یہ محض تراشے ہوئے چند مضمونون کا مجموعہ ہے لہذا انکے جواب اور ابطال شبہات مین کہا جاتا ہے کہ دیکھو یہ کلام الہٰی الف ۔ لام ۔ میم وغیرہ حروف ہجا سے مرکب ہے جن سے اپنے کلام کے مرکب کرنے اور اُسکے ترتیب دینے مین تمکو بھی قدرت ہے ۔ فصاحت ۔ بلاغت ۔ شعرگوئی نثر نویسی کا بھی تمہین دعویٰ ہے ۔ اگر یہ کتاب تمہارے جیسے کسی ایک شخص کی بنائی ہوئی ہے تو ایک نہین تم سب ملکر اس جیسی ایک دو سورتین بنا لاؤ اور ہم دعوے سے کہتے ہین کہ ایسے معجز کلام پر ہرگز تم قادر نہین ہوسکتے ۔ کیونکہ یہ کلام بشری تالیف نہین ہے بلکہ خداوندِ عالم خالق ارض وسما کی بھیجی ہوئی مقدس کتاب ہے جسکی صداقت اور حقیقت مین کسی قسم کے شک وشبہ یا تہمت وبدگمانی کی گنجایش نہین ۔ اسکے مضامین واضح اور مدلّل بیانات ۔ شستگی عبارت برجستگی مضامین بجائے خود قاطع دلائل ہین ۔ ع آفتاب آمد دلیل آفتاب

ف ۔ فتح الباری مین ہے جس وقت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس معجز کتاب کو اہل عرب کیطرف لے کر آئے وہ ایسا وقت تھا کہ اہل عرب فصیحون کے سرتاج اور آتش زبان مقررون کے پیشوا بنے ہوئے تھے ۔ اور قرآن نے اسوقت تحدی کی ان کو کہا کہ میرا مثل پیش کرو اور بہت برسون

تک انہین مہلت بھی دی مگر عرب کے فصحاء سے اسکا مقابلہ نہو سکا
اور وہ اس کا مثل نہ لاسکے چنانچہ اللہ تعالیٰ جل وعلا فرماتا ہے فَلْيَأْتُوا
بِحَدِيثٍ مِّثْلِهِ إِن كَانُوا صَادِقِينَ - اور اس کے بعد رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے بفرمان الٰہی اہل عرب سے دس سورتون کے
برابر ویسے ہی کلام پیش کرنے کی تحدی فرمائی - بقولہ تعالیٰ أَمْ يَقُولُونَ
افْتَرَاهُ قُلْ فَأْتُوا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهِ مُفْتَرَيَاتٍ وَادْعُوا مَنِ اسْتَطَعْتُم
مِّن دُونِ اللَّهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ فَإِن لَّمْ يَسْتَجِيبُوا لَكُمْ فَاعْلَمُوا
أَنَّمَا أُنزِلَ بِعِلْمِ اللَّهِ اور اس کے بعد پھر ان سے ایک ہی سورۃ بنالانے
کی تحدی فرمائی بقولہ تعالیٰ أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ قُلْ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّثْلِهِ
الآیۃ اور بعد ازان اپنے قول وَإِن كُنتُمْ فِي رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلَىٰ
عَبْدِنَا فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّن مِّثْلِهِ الآیۃ مین اسی تحدی کو مکرر بھی فرمادیا
مگر جب مشرکین عرب سے کچھ نہ بن پڑی اور وہ قرآن کی مانند ایک
سورۃ بھی بناکر پیش کرنے سے عاجز رہگئے اور انکے بلیغون اور خطیبون
کی کثرت کچھ بھی انکے کام نہ آئی تو اس وقت بآواز بلند من جانب اللہ
یہ کہہ دیا گیا کہ مشرکین عرب عاجز ہوگئے اور قرآن کا معجزہ ہونا پایۂ ثبوت کو
پہونچ گیا بقولہ قُل لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْإِنسُ وَالْجِنُّ عَلَىٰ أَن يَأْتُوا بِمِثْلِ
هَٰذَا الْقُرْآنِ لَا يَأْتُونَ بِمِثْلِهِ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيرًا - پس اگر
قرآن مجید کا معاوضہ انکے امکان مین ہوتا تو وہ قطعاً کر گزرتے اور
قرآن کی تحدی توڑ کر جھگڑا مٹادیتے لیکن کوئی روایت اس بارہ مین

وارد نہین ہوئی کہ مشرکین عرب مین سے کسی کے دل مین قرآن کے
معارضہ کا خیال تک آیا ہو یا اس نے اسکا قصد کیا ہو بلکہ جہان تک
معلوم ہوا یہی کہ جب ان کی حجت نہ چل سکی تو دشمن اور جاہلانہ حرکتون
پر اتر آئے کبھی دست بگریبان ہوجاتے کبھی ہنسی مسخری اور بیجا طور
پر مذاق کرنے لگتے۔ قرآن کو مختلف نامون سے یاد کرتے کبھی کہتے
جادو ہے۔ شعر ہے۔ پہلی امتون کے حالات کا قصہ ہے افسانہ ہے
فسون ہے۔ اور جب اس طرح بھی کام نہ چلا تو آخر کار تلوار پر راضی
ہوگئے اپنی عزیز جانین ضایع کین عورتون اور لڑکیون کو مسلمان
فاتحین کا جنگی قیدی بنوایا مال و جاہ غنیمت مین دیدینا گوارا کیا۔ یہ
سب آفتین کن لوگون پر گزرین سب سے پہلے اہل عرب پر جو بڑے
غیرت مند اور باحمیت لوگ تھے اگر قرآن کا مثل پیش کردینا انکے امکان
مین ہوتا تو وہ کیون اتنی ذلتین سہتے اور ایک آسان بات کے مقابلہ مین
امر دشوار کو کیون گوارا کرتے ۱۲ وزیادۃ لہ فی المقدمہ۔ فلیرجع

(۲) الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ

آنانکه	ایمان می آرند	به نادیده	و برپا می دارند
وہ جو	ایمان لاتے ہین	ساتھ غیب کے	اور قایم رکھتے ہین

الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿٣﴾ لا

نماز را	و از آنچه	ایشان را روزی داده ایم	خرج می کنند
نماز کو	اور اس چیز سے	کہ دی ہے ہمنے ان کو	خرج کرتے ہین

الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ [۲]
افعال من الامن

(آنانکہ می گروند۔ وہ جو ایمان لاتے ہین۔)

الَّذِیْنَ، جمع اسم موصول یائون مبالغہ

یُؤْمِنُوْنَ۔ (یؤمنون) ج مضارع الایمان، التصدیق والاذعان و فی شرح المقاصد الایمان المتعدی من الباء یتضمن معنی الاقرار والاعتراف وباللام یتضمن معنی الاذعان والقبول۔ ماخذ اسکا اَمن ہے۔ پس ایمان کے حقیقی معنی کسی شے کو اَمن مین کر دینے کے ہین اسی مناسبت سے لغت مین ایمان کے معنی تصدیق کے ہین

یعنی کسی شے کو دل سے یقین کرنے اور اس پر اعتقاد جازم رکھنے کے ہین جس سے اطمینان حاصل ہو۔ کیونکہ کسی شے کی تصدیق بلاشبہ اُس شے کو تکذیب اور مخالفت کی کشاکش سے امن مین کر دیتی ہے۔ اور عرف شرع مین اُن چیزون کے سچ اور برحق ماننے کا نام ایمان ہے جو یقینی طور پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوئی ہین اور جن کا ثبوت شریعت[۱] مین قطعی طور پر ہو چکا ہے اگر اُن کی تفصیل ثابت

[۱]۔ عرف شرع مین ایمان کا اطلاق کبھی اُن چیزون کے سچ جاننے اور برحق ماننے پر ہوتا ہے جنکا ثبوت شریعت مین قطعی اور یقینی طور پر ہو چکا ہے اور جو کہ بالیقین دین محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے ہین۔ اس تقدیر پر ایمان فقط تصدیق قلب کا نام ہے اور اعمال نیک وبد کو اسکی حقیقت مین دخل نہین اور ایسے ہی اقرار محض اجرائے احکام کیلئے شرط ہے۔ نہ جز حقیقت ایمان قرآن شریف مین ہے و قلبہ مطمئن بالایمان کتب فی قلوبھم الایمان لما یدخل الایمان فی قلوبکم ان تمام آیات مین

ہوئی ہے تو تفصیل کو ماننا ورنہ بالاجمال اُن پر یقین کرلینا - مثلاً اعتقادِ توحید

تشریح نور ط

ایمان کو دل کی طرف مضاف کیا گیا ہے - اور ظاہر ہے کہ کارِ دل تصدیق ہی ہے اور کبھی
ایمان کا اطلاق اُس پر ہوتا ہے جو تصدیق امورِ دین کے بعد قلبِ مومن مین پیدا
ہوتی ہے - وہ ایک نور ہے جو بعد ارتفاع حجاب بین اللہ و بین الخلق کے دل مین
ظہور کرتا ہے - آیت " مَثَلُ نُوْرِہٖ کَمِشْکٰوۃٍ فِیْھَا مِصْبَاحٌ " مین اور آیۃ " اَللّٰہُ وَلِیُّ
الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُھُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَی النُّوْرِ " وآیت - اِذَا تُلِیَتْ
عَلَیْھِمْ اٰیَاتُہٗ زَادَتْھُمْ اِیْمَانًا " مین اسی نور کی طرف اشارہ کیا گیا ہے - طریق
زیادت یہ ہے کہ جسقدر عابد و معبود کے درمیان حجابات کا ارتفاع ہوتا جاتا ہے اسی قدر
نورِ ایمان قوی اور زیادہ ہوتا جاتا ہے یہان تک کہ تمامی اعضاء و جوارح و قوائے
پر محیط ہو کر انہین گھیر لیتا ہے - اور اسکی روحی بصارت اس قدر تیز ہو جاتی ہے
کہ حقایق اشیاء اسپر منکشف اور عیان ہو جاتے ہین اور غیوب الغیوب اسکے مدرکہ
پر منعکس ہونے شروع ہوتے ہین - جس سے وہ ہر ایک شئے کو اپنے مرتبہ مین دیکھنے
اور پہچاننے لگتا ہے - اسوقت اسکے تمامی حرکات و سکنات تابع شریعت اور موافق
امرِ الٰہی ہوتے ہین - اور اسکی ذات مظہر صفات الٰہی بنجاتی ہے اخلاق حمیدہ و صفات
فاضلہ اس سے صادر ہونے لگتے ہین - ایسے وجود فاضلہ کو کبھی تربیت عالم کے لئے
خاص کیا جاتا ہے جس سے وہ مقتدائے عالم و ہادی عالم کا خطاب پایا جاتا ہے - حضرت
امام ربانی مجدد الف ثانی فرماتے ہین - بداند حقیقت ایمان گرویدن دل است بمؤمن
بہ و انشراح صدر است بآن و ان ورائے یقین دل است - و اگرچہ ورائے تصدیق نیست
لیکن متفرع است بر آن یقین - بعد از حصول یقین یکے از دو حالت تسلیم و انقیاد

وصفاتِ ثمانیہ واجب الوجود قبول نبوت۔ تصدیق احوالِ حشر و نشر وجزا و سزا۔ جنت و دوزخ۔ وجود ملائکہ وغیرہ ماجاءبہ من عند ربہ

جمہور محققین کا مذہب ہے کہ ایمان صرف تصدیق قلبی کا نام ہے اور اقرار لسانی اجراے احکام دنیاوی کے لئے شرط ہے۔

بمومن بہ یا جحود و انکار بآن در دل قایم شود۔ علامت تسلیم رضاے قلب است بمومن بہ وانشراح صدر است بآن و علامت انکار کراہت قلب است بمصدق بہ وتنگی بآن قال اللہ تبارک تعالی فَمَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ اَنْ یَّھْدِیَہٗ یَشْرَحْ صَدْرَہٗ لِلْاِسْلَامِ وَمَنْ یُّرِدْ اَنْ یُّضِلَّہٗ یَجْعَلْ صَدْرَہٗ ضَیِّقًا حَرَجًا کَاَنَّمَا یَصَّعَّدُ فِی السَّمَاءِ پس ایمان موہب الہی است کہ قلب مومن بعد از حصول تصدیق و یقین بمومن بہ بعنایت خداوندی منشرح شود و بہ تسلیم وانقیاد گردید والاصح ان یقول ان رکن الایمان الاقرار باللسان و التصدیق بالقلب وھو قول ابی حنیفۃ رحمۃ اللہ علیہ وقال الشافعی رح ان رکن الایمان الاقرار باللسان والاعتقاد بالقلب والعمل بالارکان والحق ان الاقرار والتصدیق والعمل حقیقۃ ایمان الکامل لا حقیقۃ اصل الایمان بل ھو عبارۃ عن التصدیق ۔ والاقرار شرط لاجراء الاحکام والعمل مکمل لہ وغیر داخلۃ فی حقیقتہ ولذا صح عطف یقیمون الصلوٰۃ علی یومنون وعطف اٰمنوا وعملوا الصّٰلحٰت والحدیث لا ایمان لمن لا امانۃ لہ ونحوہ فمحمول علی نفی الکمال ومبالغۃ فی الزجر والتوبیخ۔ خلاصہ مطولات۔ اور کبھی اس کا اطلاق قدر مشترک بین التصدیق و بین الاعمال پر ہوتا ہے جیسا کہ لفظ شجر عرفاً کبھی شاخ پر کبھی مجموع شاخ وپتون پر استعمال کیا جاتا ہے۔ اس تقدیر پر تصدیق

یؤمنون

الایمان مصدر افعال مہموز الفاء اٰمَنَ - یُؤمِنُ - مُؤمِنٌ اٰمِن - لَا تُؤمِن (بنا دیدہ بے دیکھے یا سب - دیکھی چیزوں پر)

لے یومِنون متلبسین بالغَیب او یومنون بِمَا غاب عَن ابصارھم وبداھۃ عقولھم مِن ذاتِ اللہِ وصفاتہ والملائکۃ والبعث والجنۃ والنار وغیر ذلك -

ب ۓ حرف جار بمعنی مصاحبت و ملابست یا بمعنی استعانت - یا تعدیہ

الغیب - مصدر بمقام صفت (غائب) مبالغۃً مثل صوم بمعنی صائم - اسے یومنون غائبین دیا مصدر بمقام مفعول اور یا تعدیہ کی ہے مراد وہ اشیاء جو ادراک حواس و بداہتہ عقل سے خارج ہین -

مثل جنت و دوزخ و متعلقات آخرت دیا یومِنون بالغیب - لے یومنون غائبین عن المومن بہ وھو ایمان من امن بمحمد صلی اللہ علیہ وسلم غائبا عنہ و یا بمعنی یومنون متلبسین بالغیب لا کالمنافقین - او یومنون بالغیب کما یومنون بالشھادۃ یعنی اسکے نزدیک مشاہد وغیرہ مساوی ہے - اور یا غیب سے مراد قلب ہے - اے یومنون بقلوبھم لا کمن یقولون بافواھھم مالیس فی قلوبھم والباء للآلۃ -

ویقیمون الصلوٰۃ[۵۱]

(ویر پا میدارند نماز را - اور قایم کرتے ہین یا درست رکھتے ہین نماز کو)

قَال ابن عباس رضی اللہ عنہ اقامۃ الصلوٰۃ اِتمام الرکوع والسجود والتلاوۃ والخشوع

[۵۱] اقامت صلوٰۃ - اقامت سے اگر تعدیل ارکان ورعایت شروط اداب مراد ہے تو ماخذ اسکا

والاقبال علیہا فیہا وقال قتادۃ
اقامۃ الصلوٰۃ المحافظۃ علیہا
وعلی مواقیتہا ووضوئہا ورکوعہا
وسجودھا- یعنی نماز کو برعایت شروط
ومحافظت اداب ادا کرنے کا نام اقامت
صلوٰۃ ہے قرآن شریف مین جابجا
بمقام مدح وتاکید اداے نماز کو
اقامت نماز ہی سے ادا کیا گیا ہے
اور اقامت قیام بمعنی راست ایستادن
سے ماخوذ ہے اور یہ قاعدہ ہے کہ
جب کسی شئے کو سیدھا کھڑا کرتے
ہین تو اس کا ہر ایک جزء اپنے اپنے
مناسب مقام مین آجاتا ہے۔
اسلئے اقامت نماز کے یہی معنی ہین
کہ نماز کو ہر ایک قسم کے خلل وکجی سے
بچایا جاے- اور اس کے تمامی
فرایض وسنن وواجبات ومستحبات
وشرایط وغیرہ متعلقات کی پوری
پوری حفاظت کیجاے یقال اقمت
الشی اقامۃً اذا وفیت حقہ-

یُقِیْمُوْنَ یُقْوِمُوْنَ ج ع الاقامۃ
قایم کرنا- درست کرنا مصدر افعال
اجوف واوی- اَقَامَ- یُقِیْمُ- مُقِیْمٌ
اَقِمْ- لَاتُقِمْ-

الصَّلٰوۃَ اے صلوٰۃ المفروضۃ
واصل صلوٰۃ صَلَوَۃ بروزن فَعَلَۃٌ
ہے لقولھم صَلَوَاتٌ صلوٰۃ بمعنی دعا
ومراد عبادات شرعیہ بہیئۃ مخصوصۃ بطریق

ف۱- الصلوٰۃ یہ نو وجوہ پر کلام مجید مین آیا ہے (۱) نماز پنجگانہ- یقیمون الصلوٰۃ (۲) عصر تحبسونھما من بعد الصلاۃ (۳) نماز جمعہ اذا نودی للصلوٰۃ (۴) نماز جنازہ ولا تصل علی احدٍ منھم (۵) دعا، وصل علیھم (۶) دین اصلوٰتک تامرک (۷) قراءت ولا تجھر بصلوٰتک (۸) رحمت واستغفار ان اللہ وملائکتہ یصلون علی النبی (۹) نماز ادا کرنے کی جگہین- وصلوات ومساجد- لاتقربوا الصلوٰۃ - اتقان

تسمیۃ کل باسم الجزء - اور یا یہ حقیقۃ
شرعیہ ہے - از آنچہ کہ دادہ ایم
ایشانرا اور اس سے کہ دیا ہمنے انکو
مِمَّا (من - ما) من ابتدائیہ یا تبعیضیہ
وَمَا بمعنی الذی اسم موصول بحذف
عائد -
رَزَقْنَا ج - م الرزق الحظ -
روزی و روزی دینا و بمعنی مرزوق
شرعًا وہ شے عام جس سے فائدہ
حاصل ہو سکے مگر اسجگہ رزق حلال مراد
ہے کیونکہ وہ معرض وصف متقی
مین ہے - مصدر ف - ض -
رَزَقَ - یرزق - رازقٌ - مرزوق
ارزق - لاترزق -
(۱۰) یُنْفِقُوْنَ نفقہ میکنند - خرچ کرتے ہین)
الانفاق - حسب ضرورت خرچ کرنا
مال ہاتھ سے نکالنا یقال نفقت
الدابۃ اسے خرج روحہ عن جسدہ
عرفًا مخلوق کے ساتھ احسان کرنے
مین خرچ کرنا مصدر افعال اصل مادہ
خروج وذہاب پر دلالت کرتا ہے -
اسجگہ طریق خیر مین مال صرف کرنا اور
ظاہرہ و باطنہ نعمتون کا خرچ کرنا مراد ہے
اَنْفَقَ - یُنْفِقُ - مُنْفِقٌ - اَنْفِقْ
لَاتُنْفِقْ -
اَلَّذِیْنَ . . . . اسم موصول
یُؤْمِنُوْنَ - فعل مع الفاعل
بِالْغَیْبِ، جار مجرور ظرف لغو
وَیُقِیْمُوْنَ، فعل مع الفاعل
الصَّلٰوۃَ مفعول
صفت مقیدۃ لِلْمُتَّقِیْنَ ان فسر
بالتقوی التحرز عن الشرک و
الا فموضحۃ مشتملۃ علی اصول
الاعمال من الایمان فانہ راس
الامر کلہ و الصلوٰۃ فانہا عماد
الدین و الزکوٰۃ فانہا قنطرۃ
الاسلام او صفۃ مادحۃ
و یا اَلَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ الخ مبتدا

اولئک علی ھدی الخ ... خبر — جملہ اسمیہ

ومن ...... حرف جار
ما، مجرور اسم موصول
رزقنا، الخ فعل با فاعل

رزقنا - فعل با فاعل
ھم مفعول
ینفقون ...... فعل فاعل
ہ - ضمیر محذوف مفعول

وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ

وآنانکہ ایمان می دارند باآنچہ فرود آوردہ شدہ بسوے تو

اور جو لوگ ایمان لاتے ہیں ساتھ اس چیز کے جو اُتاری گئی ہے طرف تیرے

وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ وَبِالْاٰخِرَۃِ

وآنچہ فرود آوردہ شدہ پیش از تو و با آخرت

اور جو کچھ اتاری گئی ہے پہلے تجھ سے اور ساتھ آخرت کے

ھُمْ یُوْقِنُوْنَ ۝۴ اُولٰٓئِکَ عَلٰی ھُدًی

ایشان یقین دارند ایشانند بر ہدایت

وہ یقین رکھتے ہیں یہ لوگ اوپر ہدایت کے ہیں

مِّنْ رَّبِّھِمْ وَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۵

از جناب پروردگار خویش و ایشانند رستگاران

پروردگار اپنے سے اور یہ لوگ وہی ہیں چھٹکارا پانے والے

(وآنانکہ می گروند - اور جو لوگ ایمان لاتے ہیں یا یقین رکھتے ہیں)

اَلَّذِیْنَ - اسم موصول عہدی و مراد عبداللہ بن سلام وغیرہم[1]

[1] - عبداللہ بن سلام بنی اسرائیل میں سے ہیں - اسلام لانے سے پہلے آپکا نام حصین تھا

ویا جنسی مراد عامه مومنین۔
یُؤمِنُونَ ۔ ج ع ۔ مصدر
الایمان۔

بِمَا اُنْزِلَ اِلَیْكَ

(بآنچه فرود آورده شد بسوے تو یا
فرستاده شد بتو۔ جو اُتاری
گئی ہے تیری طرف یا اُترا تجھ پر)
بِمَا ۔ ب، صلہ فعل، مَا موصولہ
(قرآن)
اُنْزِلَ، ماضی ا ع مجہول الانزال
اوپر سے نیچے لانا۔ اُترنا مصدر
افعال اَنزل۔ یُنزِل۔ مُنزِل
واُنزِلَ۔ یُنزَل۔ مُنزَل۔
اَنزِل۔ لاتُنزِل۔
اِلَیْكَ ۔ الی، حرف جار مظہر
بعد و انتہاے امر
كَ، حرف خطاب خوطب بہ النبی
صلی اللہ علیہ وسلم۔ اے یومنون

ای بالقرآن۔

وَمَا اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ

(وآنچه فرود آورده شد پیش از تو
اور جو کچھ اتاری گئی ہے ترے آنے
سے پہلے)
لے من التوراة والانجیل و
سائر الکتب المنزلة علی الانبیاء
الذین کانوا قبلك۔
وَ ۔ مَا، موصولہ۔ اُنزِلَ، ماضی ا ع
مِن، بمعنی فی یا زاید قبل، ظرف

وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ

زمان (وبآخرة ایشان اند یقین آرندگان
اور ساتھ آخرت کے وہ یقین رکھتے
ہیں)
لے وبدار الآخرة مع فیہا
من الحساب والسوال وادخال
المومنین الجنة والکفار النار
واللقاء اللہ تعالی وشرب الکوثر
ب ۔ صلہ۔ آخرة، مکان ثانی نقیض

بعد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ کا نام بدلکر عبد اللہ معین کیا۔ آپ جلیل القدر صحابی ہیں ۴۳ھ میں ان کا انتقال ہوا ہے۔

اول وحالت ثانیہ (تانیث آخر اسم
فاعل ثلاثی اسکا آخر بمعنی تاخر) اصل
وضع مین یہ دار کی صفت ہے لیکن
استعمال مین بمقام موصوف لایا جاتا ہی
ھم، ضمیر جمع راجع بالّذین
یُوقِنُونَ - ج مض ع - الایقان
الاستقرار والاطمینان ویقین کرنا
مصدر افعال مثالی -
اَیقَن - یُوقِن - مُوقِن - اَیقِن - لَاتُوقِن

اُولٰئِكَ عَلٰی هُدًی مِّن رَّبِّهِم

(ایشانند براہ راست یہ لوگ ہین سیدھی
راہ پر - یا ہدایت پر)
اُولٰئِكَ - اسم اشارہ مبہم جمع - واحد
اسکا (ذی - ذٰلك) ہے - **مُتَّقِین**
مشار الیہ -
علی - بمعنی استعلا - گویا ہدایت مرکوب
کے مشابہ ہے -
ھُدًی - اصل ھُدَیٌ مصدر بمعنی
حاصل بالمصدر نکارت اسکی مظہر تفخامت
وعظمت امر ہے اور یا افراد کے
لئے ہے والمعنی علی ھدی واحد
کیونکہ ہدایت وہی ہے جسکا نزول
آنجناب علیہ الصلاۃ والسلام پر ہوا
ہے - اسلیئے کہ اسکے سوا سے
باقی تمام طرق منسوخ کردئے گئے ہین
(از پروردگار ایشان - اپنے خداوند کی
طرف سے)
مِن، ابتدائیہ - یا تبعیضیہ بحذف
مضاف اسے من ھدی ربھم -
رب - مصدر یا صفت مشبہ -
او آن گروہ ایشانند رستگاران اور

له الایقان - شک وشبہ وتردد کے بعد جب ذہن کسی حالت پر قائم ہوجاتا ہے اور اس کا علم مستحکم ہوجاتا ہے تو اسے ایقان کہتے ہین - پس یقین طمانیت قلب ہے حقیقتہ حال شے پر ویقال ایقن الماء فی الحوض اذا استقر فیه ویقال الیقین جزم القلب مع الاستناد الی الدلیل القطعی (حموی)

وہی لوگ ہیں مراد کو پہنچنے والے	اَلَّذِیْنَ ، ---- اسم موصول
اُولٰٓئِكَ - واُو اظہار فرق کے لئے ہے اشارہ -	یُؤْمِنُوْنَ فعل مع الفاعل
	بِ ، جار ، مَا ، موصولہ
والیك ہیں کہ جار مجرور ہے -	اُنْزِلَ اِلَیْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ } صلہ
ھُمْ ضمیر فصل موکد و مخصص مظہر حصر خبر	
اَلْمُفْلِحُوْنَ - اصل مؤفلحون - اسم فاعل جمع	اُنْزِلَ ، فعل ضمیر مستتر نائب فاعل
الافلاح - بامراد ہونا - مصدر - افعال	اِلَیْكَ ، جار - مجرور - ظرف لغو
لہ ان المتقین ھم الناس الذین بلغك انھم یفلحون فی الاٰخرۃ -	اے یومنون بالقران وبنبوۃ محمد صلعم

[illegible]

۵۱- المفلحون - لام حرف تعریف ہے اور مراد اس سے ثبات علی الفلاح یہ صفت ہے جسپر اسمیت غالب ہے اور یا صفت مشبہ سے ملحق ہے اور لام عہد خارجی ہے اور معہود وہ متقی ہیں جو مفلحون فی العقبیٰ ہیں اور ضمیر اظہار قصر کے لئے ہے یا مجرد تاکید نسبت کے لئے بعض نے ایت مذکور سے استدلال کیا ہے کہ تارک واجب کے لئے خلود فی العذاب لازم ہے اسلئے کہ قصر جنس فلاح کا موصوفین مذکورین پر مقتضی انتفاء فلاح ہے تارک صلاۃ و زکوٰۃ سے اور یہ ظاہر البطلان ہے کیونکہ فلاح مذکور سے کمال فلاح مراد ہے اور انتفاء کمال سے انتفاء مطلق شئے لازم نہیں آتا -

۵۲- اَلَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ الخ ہر دو جملہ مبتدا ویا ہر دو جملہ صفت متقین ہیں - اس تقدیر پر مجرور المحل ہیں - پس اگر متقین کی تفسیر باعتبار اصل کیجاے یعنی وہ لوگ کہ اپنے آپکو برائی اور نقصان دینے والے امور سے بچاتے ہیں - تو یہ صفت مادحہ ہوگی اور اگر اُن کی تفسیر شرعی طور پر

وَ - ما ---- اسم موصول

اُنْزِلَ، فعل مع ضمیر نائب فاعل | صلہ

مِنْ قَبْلِكَ، جار مجرور ظرف لغو

و۔ یا۔ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ الخ

اَلَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَا اُنْزِلَ | مبتدا

اُولٰٓئِكَ عَلٰی هُدًی الخ | خبر

وَ - بِ، حرف جار

اَلْاٰخِرَةِ، مجرور صفت

الساعة یا الیوم موصوف

یُوْقِنُوْنَ، فعل مع الفاعل

هُمْ ------ مبتدا

اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ مبتدا

الذین یا متقین مشار الیہ

عَلٰی، جار هُدًی مجرور موصوف

مِنْ رَّبِّهِمْ، جار مجرور

متعلق بکائنة محذوف | صفت

الثابتون، محذوف ------ خبر

یا - اولٰئك ------- مبتدا

هُمْ ------ مبتدائے ثانی

اَلْمُفْلِحُوْنَ ------ خبر

یا - اولٰئك مبتدا

هُمْ، خبر اول المفلحون، خبر دوم

ف۔ ان آیات میں خاص بندگانِ خدا کی تعریف ہے اور اُنکے استحقاقِ تعریف کا بیان ہے۔ کہ اس ہدایتِ عامہ محضہ سے یعنی کلام اللہ شریف سے مستفید ہونے والے وہ خاص بندے ہیں۔ جو مخبرِ صادق کی ہدایت کے موافق ذاتِ صانع و بیچون اور اسکی صفاتِ کمالیہ۔ اسکے پیغمبروں۔ کتابوں۔ فرشتوں جزاؤ

کیجا ہے یعنی وہ حضرات جو شرعی تعلیم کے موافق عمل کرتے ہیں اور عذاب آخرت سے اپنے آپ کو بچاتے ہیں اور ان جملوں سے ممدوح کی عظمت کا بیان مقصود ہے تو یہ صفت کاشفہ ہوگی اور اگر متقین کے صفات حسنہ سے بعض صفات کا اظہار مطلوب ہے تو صفت خاصہ ہے ۱۲

کے دن۔ جنت ودوزخ کے وجود قیامت اور اس کے تمامی متعلقات کو
عین الیقین جانکر صدق دل سے تسلیم اور قبول کر لیتے ہین۔ پیغمبر زمان
کے سامنے ہون یا اس سے دور ہون صداقت حقہ ہی کا اظہار کرتے ہین
احکام شرعیہ کی تعمیل صدق دل اور خلوص نیت سے بجالاتے ہین خصوصًا
نماز کو نہایت خشوع وخضوع کے ساتھ مع شرایط محافظت ورعایات آداب
مثل فرایض وواجبات وسنن ومستحبات کے ادا کرتے ہین۔ اپنے مالون
سے شرعی تعلیم کے موافق فقرا ے مستحقین کے ساتھ سلوک خیر کرتے ہین
یعنی صدقہ وزکوۃ پوری پوری ادا اور برمحل خرچ کرتے ہین۔ ان مین سے
بعض لوگ اگرچہ امور غایبہ پر پہلے سے ایمان رکھتے ہین۔ مگر اس کی تاکید
اور تکمیل کے لیے اس کتاب خاتم الکتب کے ہدایت خیر اور حکمت آمیز
احکام کی پیروی کو لازم اور ضروری سمجھتے ہین۔ بیشک اس کتاب کے
ماننے والے اور صدق دل سے اسپر عمل کرنے والے لوگ البتہ خاص
ہدایت پر ہین اور بیشک یہی خوشوقت اور فائز المرام ہین۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنْذَرْتَهُمْ

بہر آئنہ آنانکہ کافر شدند برابراست برایشان کہ ترسانی ایشان را

تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے برابر ہے اوپر اُنکے کیا ڈرایا تو نے انکو

أَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ خَتَمَ اللَّهُ

یا نہ ترسانی ایشان را ایمان نیارند مہر کرد خدا

یا نہ ڈرایا تو نے انکو نہین ایمان لاوینگے مہر کی اللہ نے

عَلٰی قُلُوْبِھِمْ وَعَلٰی سَمْعِھِمْ ؕ وَعَلٰٓی اَبْصَارِھِمْ

بر دلہاے ایشان و بر شنوائی ایشان و بر چشمہاے ایشان

اوپر دلون انکے کے اور اوپر کانون انکے کے اور اوپر آنکھون انکی کے

غِشَاوَۃٌ وَّلَھُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ

پردہ ایست وایشان راست عذاب و بزرگ

پردہ ہے اور واسطے انکے عذاب ہے بڑا

(ہر آئینہ آنانکہ کافر شدند - بہ تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوے)

اِنَّ[۵۱]، حرف مشبہ بفعل موکد صدق خبر

اَلَّذِیْنَ، جمع اسم موصول عہدی مراد مثل ابولہب[۵۲] وکفاران مخصوص - ویا عہدی جنسی مراد عام منکرین نبوّت و کتاب -

کَفَرُوْا، ما مع - الکفر ستر النعمۃ وستر لغۃ الحق - ضروریات شرع دین اور اُن امور سے انکار کرنا جن کا ثبوت

۵۱ - اِن - حرف موکد صدق خبر - یہ حرف فعل ماضی کے ساتھ چند وجوہ مین مشابہ ہے (۱) عدد حروف مین جیسے (عدد مدا ن) (۲) ماضی کی طرح فتح پر مبنی ہوتے مین (۳) نون وقایہ کے داخل ہونے مین جیسے (ضَرَبَنِیْ - اِنَّنِیْ) (۴) فعل کی طرح دو اسمون مرفوع و منصوب پر داخل ہونے مین پس اسی مشابہت کے باعث یہ حرف عامل ہے -

۵۲ - ابولہب - ابولہب بن عبد المطلب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چچا اور نام اس کا عبد العزیٰ ہے بنی ہاشم مین سے جو لوگ مسلمان نہین ہوئے تھے وہ بلحاظ قرابت ایذاے کفار کے مقابلہ مین آنجناب سرور کائنات کو مدد دیتے تھے مگر ابولہب خود بھی ایذا دیتا تھا اور لوگون کو بھی ایذاے نبی پر بہکاتا تھا - اور جو حضرات مسلمان ہو جاتے تھے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یقینی طور پر ہوا ہے۔ اور اُن سے جن پر اعتقاد رکھنا بحکم شریعت ضروری ہے مثلاً ذاتِ واجب الوجود اور اسکی توحید تمامی صفات یا کسی ایک صفت کمال کا منکر ہونا یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم حضرت خاتم نبوت کی رسالت یا قرآن یا قیامت

وغیرہ یقینیات سے انکار کرنے کو کفر کہتے ہیں وَ فِی الْمَوَاقِفِ بِاَنَّہُ عَدَمُ تَصْدِیْقِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وسلم فِی بَعْضِ مَا عُلِمَ مَجِیْئُہٗ بِالضَّرُوْرَۃِ

مصدر۔ ف۔ض۔ کَفَرَ۔ یَکْفُرُ کَافِرٌ۔ مَکْفُوْرٌ۔ اُکْفُرْ۔ لَا تَکْفُرْ یقال۔ کَفَرَ۔ کَفْرًا وَ کُفْرًا الشَّیْءَ

بقیہ فوائد

انہیں مرتد بنانے کی فکر میں لگا رہتا تھا۔ جنگ بدر میں خود نہیں آیا مگر اپنے عوض اسنے ابو جہل کے بھائی عاصی بن ہشام کو بھیجدیا تھا۔ عاصی اس کا مقروض تھا معافی قرضہ کی شرط پر ابولہب کی جانب سے اس کا عوض ہو کر شریک جنگ ہوا تھا۔ اس لڑائی کے تھوڑے ہی دنوں بعد اسے ایک قسم کا زہریلا متعدی پھوڑا نکلا جس سے عرب کو گمان تھا کہ جو شخص اس مریض کے پاس جائیگا وہ بھی اسی مہلک مرض میں فوراً مبتلا ہو جائے گا لہذا کوئی شخص اسکے پاس آتا جاتا نہ تھا یہان تک کہ اسکے بیٹے بھی اسکی خبرگیری سے تنگ آگئے تھے آخر وہ اسی بیکسی کی حالت میں مرگیا اور دوسرے دن معلوم ہوا۔ جبکہ اس کا بدن سڑ کر بدبوناک ہوگیا تھا۔ آخرکار بڑی ذلت سے اسکا مردہ لکڑیوں سے ڈھکیل ڈھکیل کر ایک گڑھے میں ڈالدیا گیا۔ اگر اس آیت سے خاص لوگ مثل ابوجہل و ابولہب وغیرہ مراد ہیں تو یہ آیت منجملہ معجزات سے ہے۔ جس میں آنجناب کو جتا یا گیا کہ فلان فلان شخص ایمان نہیں لائیں گے۔

سترہ۔ وغطاہ وکفر کفراً۔ وکفراً وکفوراً۔ وکفراناً۔ ضدّ آمن۔ ۱۲

(یکسان است برایشان۔ ان پر برابر ہے)

سواءٌ، اسم مصدر بمعنی استوار بقام مستوی مصدر یا

اے مستوٍ علیہم انذارک وعدمہ۔

للسیرا فی سواءٍ اذا دخلت بعدھا الف الاستفہام لزمت ام کسواءٌ علیّ أقمتُ ام قعدتُ فاذا عطف بعدھا احد الاسمین علی الآخر عطف بالواو لا غیر نحو سواء عندی زیدٌ وعمروٌ فاذا کان بعدھا فعلان بغیر استفہام عطف احدھما علی الآخر بأو کقولک علیّ قمتُ او قعدتُ فان کان بعدھا مصدران مثل سواءٌ علیّ قیامک وقعودک فلک العطف بالواو وبأو وانما دخلت فی الفعلین بغیر استفہام لما فی ذلک من معنی المجازاۃ وتقدیر المثال ان قمتُ او قعدتُ فہما علیّ سواء۔ ھذا استعمالات العرب لسواء۔

وانما قال سبحانہ سواءٌ علیہم ولم یقل علیک لان الانذار وعدمہ لیسا سواءً لدیہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

۱۲ علی صلہ۔ ھم ضمیر الذین کفروا

(کہ ترسانی ایشانرا۔ کہ ڈراوے یا ڈرایا تونے اُن کو)

أ ۱ ہمزہ استفہام بمعنی تاکید۔

اَنْذَرْتَ معنے ڈرایا تونے ا۔ح یا بمعنی مضارع برعایت حکایت حال

ا۔ أ ہمزہ استفہام وام اسجگہ دونوا اپنے وضعی معنوں سے مجرد ہیں کیونکہ قائل کا مقصود نہ استفہام ہے اور نہ احد الامرین کی تخییر وتعیین۔ اسلئے یہ دونوں اپنے معنی سے مجرد ہو کر صرف تاکید کا فائدہ

واستقبال الانذار، ڈرانا۔ پادشاہ مطلق العنان اور مالک حقیقی کی نافرمانی کے جرم اور اُس کی سزا سے خوف دلانا۔ ڈرانا (بمعنی ابلاغ) وفی البحر الانذار الاعلام مع التخویف فی مدۃ تسع التحفظ من المخوف فان لم تسع فھو اشعار واخبار لا انذار۔

مصدر۔ افعال۔ اَنذَرَ۔ یُنذِرُ مُنذِرٌ۔ اَنذِرْ۔ لاتُنذِرْ

ءَاَنذَرتَھُم (یا نہ ترسانی ایشانرا۔ نہ ڈراوے یا نہ ڈرایا تو نے انکو)

اَمْ، حرفِ عطف موکد تسویۃ اسجگہ یہ حرف اپنے موضوعہ معنی سے یعنی تخییر وتعیین احدالامرین سے مجرّد ہے۔

لَمْ تُنذِرْ، مضـ ا۔ ح مجزوم بلم بمعنی ماضی منفی۔

لَایُؤمِنُونَ (نمی گروند۔ ایمان نہیں لاوینگے)

لَایُؤمِنُونَ، مضـ ح ع منفی مصدر الایمان

خَتَمَ اللّٰہُ (مہر نہادہ است خدا۔ مہر کردی ہے اللہ نے)

خَتَمَ۔ مضـ ا۔ ع الختم، مضبوط۔ بند کرنا۔ مہر کرنا۔

یقال ختمہ ختمًا وختامًا۔ الشئ وعلیہ وضع علیہ الخاتم۔ وختم الاناء بمعنی سدّہ بالطین اوغیرہ

ل۔ لَایُؤمِنُونَ، اس سے ظاہرًا یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ کوئی کافر ایمان نہیں لاسکتا۔ کیونکہ الذین کفروا اور لایومنون دونوں جمع کے صیغے ہیں۔ اور جمع کا تقابل جب جمع سے ہوتا ہے تو اس وقت جمع کا ہر ہر فرد ملحوظ ہوا کرتا ہے لہذا اس تقدیر پر آیۃ کے یہ معنی ہونگے کہ کفار میں سے کوئی شخص ایمان نہیں لائیگا۔ لیکن چونکہ اکثر کفار مشرف باسلام ہوچکے ہیں اور آیندہ قیامت تک ہوتے رہیں گے۔ لہذا بالطریق مجاز اسجگہ عام سے خاص کفار

وختم اللہ علی قلوبھم جعلہ لا یفھمون (مہر کردی)
مصدر ف ک - ختم - یختم - خاتم
مختوم - اختم - لا تختم
(برد لہاے - ایشان - انکے دلون پر) [1]
علی - صلہ فعل - قلوب - جمع قلب
(دل - روح - نفس ناطقہ - جان
لطیفہ نورانی) (ذراکہ)

وعلیٰ سمعھم (اور بر شنوائی ایشان - اور انکے کانون پر)
سمع [2]، کان شنوائی - حواس ظاہرہ
مین سے ایک حس ہے جس کے
واسطے سے عقل آوازون مین تمیز
کرتی اور ان کو حاصل کرتی ہے
اصل مین مصدر ہے -
وعلیٰ ابصارھم (و بر دیدہاے ایشان - اور انکی آنکھون پر)

[1] - قلب - لغت مین اس گوشت کے ٹکڑے کو کہتے ہین جو سینہ کے بائین طرف پہلو مین لٹکا ہوا ہے اسی مین سے روح حیوانی بذریعہ شرائین تمام اعضائے جسم مین پہونچتی ہے - اور حس و حرکت کا باعث ہوتی ہے - اصطلاح شرع مین قلب اس قوت یا لطیفہ کا نام ہے جس سے انسان کی انسانیت قایم ہے - دلیل سے استدلال کرنا اور مدلول کا پہچاننا اور اس کا بیان کرنا اسی لطیفہ دراکہ کا کام ہے یہی مشعر با حکام الہی اور محل الہام ربانی ہے اسی لطیفہ کی وجہ سے انسان امور الہیہ کا مکلف بنتا ہے اور شرعی اوامر و نواہی اس پر واجب ہوتے ہین - اسی لطیفہ کو نفس اور روح بھی کہتے ہین یہ ایک لطیف نورانی جسم ہے اور لحمی قلب کے ساتھ اسکا ایسا تعلق ہے جیسے سفیدی کا کپڑے کے ساتھ تعلق ہے اور حرارت کا آگ

[2] - سمع ضمیر جمع کے ہوتے ہوئے لفظ سمع کا واحد لانا یا اس لحاظ سے ہے کہ سمع دراصل مصدر ہے اور تثنیہ و جمع نہین آتی - اور یا اسوجہ سے کہ سمع کا مدرک ایک ہی ہے یعنی اصوات اور قلب اور بصر کے مدرکات زیادہ ہین - مثل جوہر و عرض - یا بہ تقدیر حذف مضاف اسے حواس سمعھم (حاشیہ بیضاوی)

ابصار، جمع بصر۔ (آنکھ بینائی) حواس ظاہرہ مین سے ایک حس ہے جسکے ذریعہ سے عقل رکھنے والی چیزون مین اوران کی شکلون اور صورتون مین تمیز اوران کو حاصل کرتی ہے۔

اصل مین بصر چشم کے ادراک اور اسکے احساس کو کہتے ہین۔

غشاوۃ[لہ]، پردہ چشم اور وہ شئے (پوشش است۔ پردہ ہے) کہ دوسری شئے کو اپنے مین لئے ہوئے ہو۔ اوراسپر محیط ہو۔ اور

لہ۔ غشاوۃ، غرض اس سے شعاع بصری کے خروج کی رکاوٹ ہے جس سے کہہ سکتے ہین کہ غشاوہ ہدایت علت کا مانع ہے جیسے سپر ہاتھ رمی کا مانع ہے۔ ایسے مانع سے معلول اپنی اصلی حالت عدم پر قایم رہتا ہے جو ایک امر ثابت غیر متجدد ہے۔ پس ایسے مانع کو جملہ اسمیہ سے لانا نہایت ہی مناسب مقام ہے اور ختم جسکی غرض امور خارجہ کے دخول کی منع ہے۔ گویا وہ مانع علت ہے۔ جیسے سپر جرح کی علت تام شمشیر اور نیزہ کی مانع ہے ایسا مانع علت تام کو ہدایت علت کے مانع سے ضرور موخر ہونا چاہیئے پس ایسے مانع کا جملہ فعلیہ سے لانا ہی مناسب مقام ہے جو حدوث اور تجدد پر دلالت کرتا ہے۔ و

اعاد سبحانہ الجار لتکون ادلّ علی شدۃ الختم فی الموضعین فان ما یوضع فی خزانۃ اذا ختمت خزانۃ وختمت دارہ کان اقوی فی المنع عنہ واظھر فی الاستقلال لان اعادۃ الجار تقتضی ملاحظۃ معنی الفعل المعدی بہ حتی کانہ ذکر مرتین ولذا قالوا فی امررت بزید وعمرو مرور واحد فی مررت بزید وبعمرو مرد والعطف وان کان فی قوۃ الاعادۃ لکنہ لیس ظاھراً مثلھا فی الافادۃ۔

(حاشیہ بیضاوی روح)

واضح ہو کہ وزن فعال بدون الحاق
حرف تا اسم آلہ ہے ۔ نحو خزام اور بعد
ملنے حرف تا کے اس چیز پر بولا
جاتا ہے جو دوسری شے پر محیط ہو ۔
جیسے لفافۃ و قلاوۃ ۔ اور مصادر بھی
اسی وزن پر آتی ہین ۔ مثل کتابۃ و
خلافۃ اور کہا ہے کہ واو اسکی یا سے
بدل ہے اسلئے کہ اس سے کوئی
فعل سوائے یا کے نہین آتا اور
تنوین تنویع کے لئے ہے اور اس سے
مراد ایک خاص قسم کی غشا رہے غیر
متعارف اور یا تعظیم کے لئے ہے
اے غشاوۃ ای غشاوۃ اور یا دونو
کے لئے ہے جیسے تکثیر و تعظیم معاً
مراد ہے قولہ تعالے کذبت رسل
ہین ۔

ولھم عذاب عظیم

(و م ایشان راست عذابے بزرگ ۔ اور
انکے واسطے ہے بڑا عذاب)
لھم ۔ ل حرف مخفض غیر مبتدا ۔ و

مظہر استحقاق عذاب بروزن نکال
و رنج و تکلیف اصل مین اس کے
معنی مراد سے باز رہنے اور رکاوٹ
کے ہین من اعذب الشی اذا
امسك ای عقاباً یمنع الجانی
عن المعاودۃ ویطلق علی کل الم
وان لم یکن عقاباً مانعاً وقیل
من التعذیب بمعنی ازالۃ العذب
فعذبتہ ازلت عذب حیاتہ اور
کہا ہے اصل مین عذاب استمرار کو
کہتے ہین لیکن اس کا اطلاق استمرار
الم و رنج مین ہوتا ہے یقال عذبتہ
اے داومت علیہا لالم اور تنکیر نوعیۃ
کے لئے ہے گویا ان کے لئے
آخرۃ مین ایک خاص قسم کی سزا اور
ایک خاص نوع کی عذاب ہے جس کا
مثل عذاب دنیا مین نہین ہے ۔
عَظِیْمٌ ۔ صد حقیر (شدید و گران و
سخت) صفت مشبہ

اِنَّ ۔۔۔۔۔۔ حرف مشبہ بفعل

الَّذِیْنَ ۔۔۔ اسم موصول

کَفَرُوْا ۔ فعل ۔ صلہ ۔ جملہ فعلیہ

ضمیر جمع ۔ فاعل

سَوَآءٌ ۔۔۔۔۔ مصدر

عَلَیْہِمْ ۔ جار مجرور متعلق بمصدر

ءَاَنْذَرْتَہُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْھُمْ ۔ فاعل

لے استوی یا مستوٍ عندھم الانذار وعدمہ ۔ یا استوی علیہم انذارک وعدمہ (جمل)

لَا یُؤْمِنُوْنَ ۔۔۔ فعل

ضمیر جمع ۔۔۔۔ فاعل ۔ جملہ فعلیہ تاکید یا تفسیر اول

وقال المظہری لَا یؤمنون جملۃ مفسرۃ لاجمال ما قبلہا فیما فیہ الاستواء فلا محل لہا وحال مؤکدۃ

احتمال (۲) اِنَّ ۔ حرف مشبہ بفعل

الَّذِیْنَ کَفَرُوْا ۔۔۔ اسم

لَا یُؤْمِنُوْنَ ۔ جملہ فعلیہ ۔۔۔ خبر

سَوَآءٌ ۔۔۔۔ مصدر ۔ خبر مقدم

عَلَیْہِمْ ظرف لغو

ءَاَنْذَرْتَہُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْھُمْ ۔ جملہ مبتدا

لے الانذار وعدمہ سواءٌ علیہم او سیان علیہم

ویا سَوَآءٌ عَلَیْہِمْ ۔۔۔۔ مبتدا

ءَاَنْذَرْتَہُمْ الخ ۔۔۔ خبر

لے سواء علیہم الانذار وعدمہ (جمل)

ء استفہامیہ ۔ انذرتَ فعل با فاعل

ھُمْ ۔۔۔ ضمیر مفعول اول

مِنَ الْعَذَابِ مفعول دوم

اَمْ ۔ لَمْ تُنْذِرْ با فعل با فاعل

ھُمْ ۔۔۔۔۔ مفعول

عَلٰی ۔۔۔۔ حرف جار

احتمال (۳) ھُمْ ۔ مجرور ذی الحال

لَا یُؤْمِنُوْنَ ۔ جملہ فعلیہ (سعودی) حال

ویا ۔ ھُمْ مجرور ۔۔۔۔ مبدل منہ

لَا یُؤْمِنُوْنَ ۔ جملہ فعلیہ بدل اشتمال

لے ۔ اَنْذَرْتَ ۔ یہ فعل دو مفعولوں کی طرف متعدی ہوتا ہے مثل قولہ تعالیٰ اِنَّا اَنْذَرْنٰکُمْ عَذَابًا قَرِیْبًا

والذنب للطرف لا للنجم فی الصغر ۔

خَتَمَ، فعل - اللهُ، فاعل

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ، جار مجرور ظرف لغو

وَ - عَلٰى، ... حرف جار

حواس، محذوف مضاف

سَمْعِهِمْ، مضاف مضاف علیہ

(معطوف علیہ جملہ فعلیہ)

وَعَلٰى اَبْصَارِهِمْ، متعلق بخبر

ثابت محذوف ..... خبر

غِشَاوَةٌ .... مبتدا

(جملہ اسمیہ معطوفہ)

لَهُمْ، جار مجرور متعلق ... بخبر

محذوف ...... خبر مقدم

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ...... مبتدا

موصوف صفت -

جملہ وَخَتَمَ الخ وَعَلٰى اَبْصَارِهِمْ

وَلَهُمْ عَذَابٌ

لَا يُؤْمِنُوْنَ

- - - - - - - - - -

ف - ان آیات میں معاندین اسلام اور سرکش کفار کا ذکر ہے - اور مقصود اس سے آنجناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلی اور اطمینان خاطر ہے - اسلام کے ظاہر وبدیہی آثار ہدایت کو دیکھ کر کفار کے انکار کرنے اور انکے بیجا اصرار وہٹ دھرمی سے آنحضرت کو نہایت ہی رنجش آتی تھی - لہذا آپکو کفار کی واقعی حالت پر مطلع کیا جاتا ہے اور اسلام کی طرف متوجہ نہونے اور کفر پر مصر رہنے کی علت بیان کیجاتی ہے کہ اے ہمارے صادق پیغمبر یہ وہ لوگ ہین جن کی فطرت سلیمہ اور صحیح استعدادین ناقص اور نکمی ہوگئین ہین - ظاہری صورت وشکل کے سواے انسانی فضائل اور اخلاق حمیدہ بشریہ سے انکے پاس کچھ بھی نہین بہیمیت کے غلبے سرکشی خودرائی اور رسم ورواج کی بیہودہ پابندیون نے ان کی رہی سہی قابلیت واستعداد کو بھی کھودیا ہے - اب ان کی ایسی حالت ہے - کہ کفر ومعاصی - عناد وسرکشی

کے سوائے کچھ دوست نہیں رکھتے۔ اپنے مرضی کے خلاف کچھ سنتے نہیں اور مرغوب طبعی کے سوائے دیکھتے تک نہیں۔ نفسانی خواہشات کے انہماک نے انہیں اس قابل نہیں چھوڑا کہ کسی عبرت خیز واقعہ سے نصیحت لے سکیں۔ یا ڈرائے دھمکائے سے سنبھلیں۔ اسے پیغمبر ان کمبختوں کے اسلام کی طرف متوجہ نہ ہونے سے آپ رنجیدہ خاطر نہ ہوں یہ لوگ کسی طرح ہدایت نہیں پا سکتے۔ کیونکہ انہوں نے اپنے ہاتھوں نور فطرت اور صلاحیت استعداد کو دے چھوڑا ہے اب یہ دوزخ ہی کے ہو رہے ہیں نہ انکے دل کفر و معاصی کے گڑھوں سے نکل سکتے ہیں اور نہ انکے کان امر حق کی سماعت کے لائق ہیں اور نہ انکی آنکھیں آیات واضحہ و دلائل ظاہرہ کی تجلی کو دیکھ سکتی ہیں (وَلَقَدْ ذَرَأْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ الخ)

وَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ

و از مردمان کسے ہست — کہ می گوید ایمان آوردیم — بخدا

اور بعضے لوگوں میں سے وہ ہیں — جو کہتے ہیں ایمان لائے ہم — ساتھ اللہ کے

وَبِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَمَا هُم بِمُؤْمِنِينَ ﴿٨﴾

و بروز — بازپسین — و نیستند ایشاں — مومناں

اور ساتھ دن — پچھلے کے — اور نہیں وہ — ایمان لانے والے

يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَمَا

فریب می دہند — خدا را — و — مومناں را — و

فریب دیتے ہیں — اللہ کو — اور ان لوگوں کو — ایمان لائے — اور

يَخْدَعُونَ إِلَّآ أَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ⑨

بحقیقت نمی فریب دہند مگر خود را و آگاہ نمی شوند

نہیں فریب دیتے مگر جانوں اپنی کو اور نہیں سمجھتے

فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ

در دل ایشاں بیماری است پس افزون کرد بایشان خدا

بیچ دلوں انکے کے بیماری ہے پس بڑھائی انکی اللہ نے

مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۙ بِمَا كَانُوا

بیماری را و ایشان راست عذاب درد دہندہ بسبب آنکہ

بیماری اور واسطے انکے عذاب ہے درد دینے والا بسبب اس کے

يَكْذِبُونَ ⑩

دروغ می گفتند

کہ تھے جھوٹ بولتے

(و از مردمان - اور بعضے لوگوں سے) من ، بعضیہ - النّاس - ال ، عوض ہمزہ محذوفہ و لذا لا تجمع بینہما اصلہ اناسٌ یا ناس کیونکہ اسکی تصغیر نویس آتی ہے اور کہتے ہیں یہ دونوں لغتیں ہیں -

سلہ - النّاس - اصل اسکی اناس ہے بروزن فعال فا اسکی تخفیفاً حذف ہوگئی ہے اور یہ اسم جمع انسان کا ہے - نہ جمع کیونکہ فعال اوزان جمع سے نہیں - ماخذ اس کا انس بمعنی ابصر ہے قال تعالیٰ و انس من جانب الطور نارا و بمعنی ظہور و وضوح - پس جس طرح خفائیت اور پوشیدگی کیوجہ سے جن (جن اور جان) نام رکھے گئے ہیں - اسیطرح

الناس، اسم جمع ماخذ اسکا انس بمعنی ظہور و وضوح ہے۔ یا نسیان یا استیناس بمعنی الفت و انسیت) مَنْ، نکرہ موصوفہ۔ یا موصولہ یقول۔ ا۔ ع مضارع القول بات کہنا اور قول اس جملہ کو کہتے ہیں جو مفید مطلب و معنی ہو سکے کبھی معقول پر

اور معانی فی النفس۔ رائے اور مذہب پر بھی بولا جاتا ہے۔ جیسے کہا جائے یہ قول ابی حنیفہ کا ہے۔ مصدر ف ض۔ اجوف واوی قال قولاً و قالاً و قیلاً و قولۃً و مَقالاً و مقالۃً یقولُ قائلٌ مقولٌ۔ قل۔ لا تقل۔

ظہور کے سبب سے اس کو انسان کہا گیا ہے۔ بعضوں نے کہا کہ وہ استیناس سے ماخوذ ہے۔ کیونکہ اسکی جبلت میں ہمجنس کی صحبت اور اس کی الفت کا خمیر ڈالا گیا ہے۔ اور کہتے ہیں کہ وہ نسیان سے ماخوذ ہے اور اسکی اصل نسی بکسر سین و فتح یاء ہے۔ اس میں دو تغیر واقع ہوئے ہیں۔ پہلے کلمہ لام کو موضع عین میں لاکر نیس مکسور الاخر بنایا گیا ہے اور بعد یاء متحرک ماقبل مفتوح پاکر اسکو الف سے بدل دیا ہے پس نسی سے ناس پڑھا جاتا ہے۔ اور کہتے ہیں اصل اس کی نوس ہے بدلیل تصغیر نویس وزن فعل ہے ۱۲

ل۵ مَن۔ اگر الناس میں الف و لام عہدی ہے تو مَن موصولہ ہوگا۔ اور معہود عبد اللہ بن ابی بن سلول۔ معتب بن قشیر و جد بن قیس وغیرہ منافقین ہیں۔ اور اگر وہ جنسی ہے تو مَن نکرہ موصوفہ ہے اور معہود الذین کفروا یا جملہ منافقین۔

ل۵۔ یقول کا واحد لانا برعایت لفظ مَن ہے۔ اور لفظ آمنا و ھم کا جمع لانا برعایت معنی مَن ہے کیونکہ یہ لفظ واحد تثنیہ اور جمع کی صلاحیت رکھتا ہے۔ پس یہ موحد اللفظ مجموع المعنی ہے۔

آمنّا گرویدیم بخدا - ہم ایمان لائے اللہ پر

امنّا، ج - م مصدر الایمان

بالیوم الآخر (بروز بازپسین - اور پچھلے دن یا قیامت پر)

یوم، اسم ظرف زمان - ایام (ایوام) جمع

اخر، مونث اخری بمعنی بعد ومتاخر

یوم الآخر سے عالم امر کا وہ انتہائی زمانہ مراد ہے جسمیں جنتی جنت میں اور دوزخی دوزخ میں پہونچ جائیں

اوریا اس سے وہ زمانہ مقصود ہے جو متغیر نہ ہو اور نہ منقطع ہو - بلکہ یکساں قایم ودائم ومستمر رہے - اور آخر اسلئے کہا کہ وہ آخر زمان محدود ہے -

وما ھم بمؤمنین (اور نہیں وہ ایمان لانے والے)

و، حالیہ - **ما**، بمعنی لیس ومرجع ضمیر ھم من)

ب، موکد نفی **مومنین** جمع مومن

ف - وماھم - قاعدہ - جسوقت کہ ضمیروں میں لفظ اور معنی دونوں کی رعایتیں اکٹھا ہوجائیں اسوقت لفظی مراعات سے ابتدا کرنی چاہیئے - اسی قبیل سے ہے، **ومن الناس من یقول**، اور **وما ھم بمومنین**، کہ پہلے لفظ کے اعتبار سے ضمیر مفرد کی وارد کی اور پھر معنی کے لحاظ سے ضمیر کو بصیغہ جمع ارشاد فرمایا اسی طرح ہے، **ومنھم من یستمع الیک** "تا آخر آیت" **وجعلنا علی قلوبھم**، اور **ومنھم من یقول ائذن لی ولا تفتنی الا فی الفتنۃ سقطوا**، عراقی کہتا ہے قرآن مجید میں معنی پر محمول کرکے صرف ایک ہی موضع میں ابتدا کی گئی ہے ورنہ اور کہیں ایسا نہیں ہوا - وہ جگہ قولہ تعالیٰ، **وَقَالُوا مَا فِي بُطُونِ هَٰذِهِ الْأَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُورِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلَىٰ أَزْوَاجِنَا** "ہے کہ اس میں "خالصۃ"، کو معنی پر محمول کرکے پہلے مونث کے صیغہ میں وارد کیا اور پھر لفظی رعایت کرکے، "ومحرم"، کہا و زیادہ توضیح فی مقدمۃ التفسیر فلیرجع -

واصلہ ما امنوا حتی یطابق قولھم
فی تصریح الفعل دون الفاعل
لکنہ عکس مبالغۃ فی التکذیب
لان اخراجھم من المومنین
ابلغ من نفی الایمان فی ماضی
(منہ)
الزمان ولذالک اکد النفی بالباء
اس آیۃ میں تصریح ہے کہ جسکے
دل میں تصدیق نہیں وہ مومن
نہیں۔

یخادعون اللہ

(وہ فریب دیتے ہیں اللہ کو۔)
یخدعون ج۔ ع الخدع مصدر
فریب دینے کے لئے عیب اور
نقص کو چھپاکر صلاح و عمدگی ظاہر
کرنا۔ اصل میں خدع کے معنی
چھپانے اور پوشیدہ کرنے کے
ہیں۔ اسی لئے خزانہ کو مخدعہ اور
خلاف مقصود راستہ کو جس سے
عوام واقف نہ ہوں طریق خادعؔ
کہتے ہیں۔ اس جگہ مفاعلہ اظہار مبالغہ

کے لئے ہے گویا ہر امر میں دہوکا اور
فریب دینا ان کی عادت ہوگئی تھی
اور وہ کثرت سے اسکے عامل تھے
اور یہ معنی نہیں ہیں کہ خدا ورسول
و مومنین و منافقین سب ایک
دوسرے کو دہوکہ دیا کرتے تھے
بعضوں نے کہا ہے چونکہ صورت
واقعہ خدع کے مشابہ تھی اسلئے
بطریق مجاز و تشبیہ اسکو مخادعہ سے
تعبیر کیا گیا ہے منافقین کے معاملہ
کی صورت یہ تھی کہ وہ خدا ورسول
و مومنین کے سامنے ایمان کا
اظہار کرتے ہیں حالانکہ وہ دل سے
مسلمان نہ تھے اور انکے ساتھ
خداوند تعالے کے معاملہ کی یہ صورت
تھی باوجود واقفیت اصل حالت
کے انپر عام مسلمانوں کے
احکام جاری فرمائے اور مسلمانوں
میں انکو ظاہراً شمار کیا۔ حالانکہ وہ

اسکے نزدیک درک اسفل کے مستحق
تھے اور مسلمانوں کے معاملہ کی یہ
صورت تھی کہ انہوں نے حکم خداوند
کی اطاعت کی اور منافقین پر عام
مسلمانوں کے احکام جاری رکھے
باوجودیکہ وہ اکثروں کی منافقت
سے واقف تھے اس توجیہہ کو شاید
بعض لوگ پسند کریں۔ مگر اول ارجح سے
المخادعۃ۔ ایک دوسرے کو دہوکہ
اور فریب دینا۔ مصدر مفاعلہ۔
خَادَعَ۔ یُخَادِعُ۔ مُخَادِعٌ۔
خَادِعْ۔ لَا تُخَادِعْ۔
(و آنانرا کہ گرویدند۔ اور ان لوگوں کو
کہ ایمان لائے ہیں)
وَ الَّذِیْنَ، اسم موصول عہدی
ویا جنسی۔
اٰمَنُوْا، ج۔ ع۔ مض۔ صف۔ مصدر الایمان
(دمی فریبند۔ اور نہیں فریب دیتے)
وَمَا یَخْدَعُوْنَ۔ ج۔ ع۔ مض۔ منفی

الخِدَعُ، وَالخَدْعُ دہوکہ میں
ڈالنا۔ مصدر ف ت خَدَعَ
یَخْدَعُ۔ خَادِعٌ۔ مَخْدُوْعٌ
اِخْدَعْ۔ لَا تَخْدَعْ
(مگر ذاتہائے خودرا۔ مگر اپنی جانونکو)
کہ اِن الخدع لا یعدوھم
الی غیرھم رک)
الا، حرف استثنا مفرغ غیر عامل
انفس، جمع قلت نفس مراد کثرت
بمعنی ذات وحقیقت شئے۔ دل
روح۔ جان۔
اور اس بخار لطیف کو بھی کہتے ہیں
جو حس وحرکت اور قوۃ حیاۃ کا حامل
ہوتا ہے اور جوہر مجرد جسکے متعلق
تدبیر بدن ہے اور اسے روح امر
کہتے ہیں اور یہی مراد ہے اس
مقولہ میں مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ عَرَفَ رَبَّہٗ
ھم، ضمیر جمع راجع بمن برعایت
معنی۔

وما یشعرون ٩

(وآگاہ نمی شوند - اور نہیں سمجھتے)

و، حالیہ ما یشعرون ج ع مضارع منفی - الشعور، العلم البدایہی والعلم الحواس -

حواس کو اسلئے مشاعر کہتے ہیں کہ وہ شعور کے لئے وسائل ہیں ماخذ اسکا شعار ہے ومعنی الایۃ ان لحوق ضرر ذلك الخدع بھم کالمحسوس لکنھم لتمادیھم فی الغفلۃ کالذی لا یحس -

الشعور بواسطہ حس دریافت کرنا مصدر ف - ض شَعَرَ - یَشْعُرُ - شَاعِرٌ مَشْعُوْرٌ - اُشْعُرْ - لا تَشْعُرْ

یقال شَعَرَ - شَعْرًا - وشَعَرًا - وشُعْرًا وشِعْرًا وشَعْرَۃً بتثلیث الشین - وشُعُوْرًا - وشعورۃً ومشعورۃ بہ بمعنی علم او احسّ بہ

فی قلوبھم مرض ١٠

(در دلہاے ایشاں مرضے است - انکے دلوں میں بیماری ہے)

فی، ظرفیہ - قلوب - جمع قلب (دل روح) مرض، ایک کیفیت اور عارضی اثر کا نام ہے - کہ بدن کو عارض ہو کر اس کے افعال طبعی میں خلل انداز ہوتا ہے اور رفتہ رفتہ موجب ہلاکت وسبب فوت مریض بنجاتا ہے - ایسے ہی قلب انسان میں جب ایک صفت پیدا ہو جاتی ہے کہ ذکر حق - اطاعت مالک اور سچے معبود کی عبادت سے اسکو روک دیتی ہے تو یہ صفت یا عرض - مرض قلب یا بیماری روح ہے - ویا مرض بمعنی غم وحزن -

فزادھم اللہ مرضا ١١

(پس افزون داد خداوند بیماری بایشان - پس زیادہ دی اللہ نے انکو بیماری)

ف - فزادہ بتقویۃ تلك الاعراض الخبیثۃ بالختم والرین وانزال الآیات -

ف، فصیحیہ یا تفریعیہ -

ھم - راجع باصحاب قلوب اور یا مضاف محذوف ہے۔

لے زادا اللہ قلوبھم مرضًا اور یا اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ مرض قلب مرض ہی تمام جسد کیلئے اور یا یہ کہ قلب سے نفس ناطقہ مراد ہے

مرضًا - اعادہ مرض بنکرہ دلیل مغایرۃ ہے اسلئے کہ مزید مزید علیہ کا مغائر ہوتا ہے اور کہا ہے مظہر بمقام مضمر ہے یہ قول ضعیف ہے۔

زاد ، مضارع الزید والزیادۃ - زیادہ کرنا زیادہ ہونا مصدر ف ک اجوف - یائی - زاد - یزید - زائدٌ - مزیدٌ - زِدْ - لَا تَزِدْ - یقال زاد - زِیْدًا وزِیَدًا وزَیْدًا - وزِیَادَۃً ومَزِیْدًا وزیدانًا بمعنی نَمَا - والشیء - اَنْمَاہُ

وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ١٠

(مر ایشاں راست - عذابے دردناک - اور انکے لئے ہے درد دینے والا عذاب)

ل ، مظہر تخصیص - عذاب ، درد و رنج

الیمٌ ، اسم فاعل اسم ثلاثی سے ماخوذ ہے بجائے مفعول (مالوم) ویا فعیل بمعنی مُفْعَل (مُولَم) مثل

لہ الیم - فعیل ہے الم سے بمعنی مفعل مثل سمیع بمعنی مسمع - زمخشری کہتے ہیں یہ ماخوذ ہے الم ثلاثی سے مثل وجیع وجع سے کیونکہ اس کے نزدیک فعیل بمعنی مفعل ثابت نہیں ہے اس لئے بدیع السموات کو صفۃ مشبہ سے شمار کیا ہے - اسے بدایعۃ سماواتہ وسمیع فی قولہ امن ریحانۃ الداعی السمیع یورقنی واصحابی ھجوع بمعنی سامع ہے اسے امن ریحانۃ داع قلبی سامع لدعاء داعیہا بدلیل ما بعدہ کیونکہ اکثر قلق وارق دواعی نفس اور اسکے انکار سے ہوتا ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ الیم ہر جگہ قرآن میں بمعنی موجع ہے۔

سمیع وسمع العما وآلام جمع مثل
شرفا واشراف کہ جمع شریف ہیں
معنی ا لسبب آنکہ دروغ می گفتند
(اسپر کہ جھوٹ کہتے تھے)
بما - ب سببیہ - وما مصدریہ
یا موصولہ -
کانوا یکذبون، ج مضارع استمراری
الکذب خلاف واقعہ ظاہر کرنا - باوجود
علم خلاف واقعہ خبر دینا اور کہا ہے

خلاف اعتقاد خبر دینا اور کہا ہے -
اصل میں یہ کذب متعدی سے ہے
کاندیکذب را یہ فیقف لینظر
مِنَ النَّاسِ، جار مجرور متعلق بخبر
ثابت، محذوف ---- خبر
مَنْ، موصولہ یا موصوفہ
یَقُوْلُ اٰمَنَّا جملہ صلہ یا صفت
ویا - من الناس بمعنی لبعض الناس
مبتدا
من یقول الخ
خبر

لے - یکذبون - کہا ہے ماخذ اس کا کذب الوحش ہے یعنی وحشی جانور خوف زدہ ہو کر جب
بھاگتا ہے تو اسکی عادت ہے کہ چلتے چلتے ٹھہر جاتا ہے اور پیچھے مڑ کر دیکھتا ہے جیسا کہ
حدیث شریف میں ہے مثل المنافق کمثل الشاۃ العائرۃ بین الغنمین تعیر الی ھذہ
مرۃ والی ھذہ مرۃ یہ تشبیہ منافق کے حال کے لئے نہایت مناسب ہے جو
اسکے تحیر حالت کا بیان ہے - کانوا یکذبون جب افعال مضارع افعال
ماضیہ ناقصہ کے اخبار میں لائے جاتے ہیں مثل اصبح یقول کذا وکادت تزیغ
قلوب فریق منھم تو اس سے یہ معنی مقصود ہوتے ہیں انہ فی الماضی
کان مستمرا متجددا بتعاقب الامثال پس کان استمرار فی جمیع
ازمنہ پر دلالت کرتا ہے -

اور مضارع استمرار تجددی پر جمیع ازمنہ میں -

وَمِنَ النَّاسِ، اس جملہ کا عطف
اَلَّذِیْنَ كَفَرُوْا پر ہے اور ان جملوں
میں محض مناسبت اور اتحاد غرض کا
لحاظ کیا گیا ہے۔
اور یا اَلَّذِیْنَ كَفَرُوْا کے بعض
متعلقہ کا ذکر ہے۔
اسے ومنھم الذین یقولون اٰمنا
ویخادعون اللہ والمؤمنین۔

اٰمَنَّا، فعل با فاعل ذو الحال
بِاللّٰهِ، جار مجرور ظرف لغو۔
وَ بِ، حرف جار
اَلْيَوْمِ، مجرور موصوف
الْاٰخِرِ، صفت
وَ، حالیہ۔ مَا، مشابہ لیس
هُمْ .... اسم
بِ، زائد مُؤْمِنِيْنَ، خبر
يُخٰدِعُوْنَ، فعل مع الفاعل
ذو الحال

اللّٰهَ، معطوف علیہ
وَ الَّذِيْنَ موصول
اٰمَنُوْا، جملہ فعلیہ صلہ
وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ
اَنْفُسَهُمْ، حال
يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ الخ بدل اشتمال
یقولون اٰمنا سے اور یا حال ہے
ضمیر فاعل یقول اٰمنا سے لے
یقول اٰمنا مخادعین۔
و یا حال ہے ضمیر مومنین سے
لے وما هم بمؤمنين فی حال
خداعهم و یا جملہ مستانفہ وقع فی
سوال مقدر کانہ قیل فما شان
قائلین بہ فقیل وما هم بمؤمنين
لانهم يقولون بافواههم ما ليس
فی قلوبهم اذ قيل لم يدعون
كاذبين وما ذا نفعهم باظهار
الايمان فقيل فی جوابہ
يخادعون۔

وَ - مَا یُخٰدِعُوْنَ فعل مع الفاعل ذوالحال۔

اِلَّآ حرف استثناء مفرغ

اَنْفُسَ مستثنیٰ مضاف

ھُمْ مضاف الیہ

اَحَدًا، محذوف مستثنیٰ منہ

وَ - مَا یَشْعُرُوْنَ فعل مع الفاعل

ان اللہ یطلع نبیہ علی کذبہم وخداعہم — مفعول

فِیْ .... حرف جار

قُلُوْبِھِمْ مجرور — متعلق بخبر

ثابت - محذوف .... خبر

مَرَضٌ مبتدا مؤخر

یعنی علت یخادعون ویا علت

وَمَا ھُمْ بِمُؤْمِنِیْنَ اے یخادعون

لان فی قلوبھم مرض ویا سبب

عدم ایمانھم تمریض قلوبھم

فَ - زَادَ فعل - اللّٰہُ، فاعل

ھُمْ مفعول اول

مَرَضًا مفعول دوم

اے اذا کان الامر کذلک فزادھم اللہ مرضًا۔

وَ لَھُمْ جار مجرور متعلق بہ خبر

اَلِیْمٌ [1] موصوف

بِمَا کَانُوْا یَکْذِبُوْنَ صفت

عَذَابٌ، موصوف

ثابت، محذوف مع متعلق خبر

ب، حرف - جار -

مَا، مجرور موصولہ یا مصدریہ

کَانُوْا، فعل ناقص

ھُمْ اسم

یَکْذِبُوْنَ جملہ فعلیہ خبر

۱- الیم عذاب کی صفت مبالغۃ وارد ہوا ہے تقدیر عبارت یہ ہے الیم کائن بتکذیبہم

اور بما کانوا کا تعلق یقول آمنا سے ہے یعنی غرض اسکا یقول آمنا سے یکذبون فی قولہم آمنا

ف۔ وَمِنَ النَّاسِ یہ تیسرا فرقہ ہے جو زبانی قرار سے مسلمانوں کے ساتھ اور دلی بغض وعداوت اور حسد وکینہ۔ شرارت وکفر اور فساد میں کفار سے ملتا ہوا ہے یا کفار ہی سے بعض ابن الوقت عبد البطن ایسے ہیں کہ جدہر جھونک دیکھتے ہیں اسی کے ہو رہتے ہیں۔ ظاہرا فریب دینے کے لئے مسلمانوں سے کہتے ہیں، ہم خدائے وحدہ لاشریک لہٗ پر ایمان لائے ہیں۔ بیشک وہ زمین وآسمان جنت ودوزخ کا خالق اور ان کا مالک ومتصرف ہے۔ قیامت اور حشر ونشر برحق ہے۔ اسکی بھیجی ہوئی کتاب (قرآن شریف) برحق اور سچی شریعت ہے لیکن خداوند عالم الغیب ان کی منافقت اور انکے پوشیدہ فسق وفجور سے مومنین کو آگاہ فرماتا ہے کہ اے مومنین ان بے ایمان منافقوں کا زبانی اقرار صرف دنیوی لالچ اور اپنی جان و مال کی حفاظت کے لئے ہے نہ یہ اس وقت مسلمان ہیں اور ان سے نہ آئندہ اسلام لانے کی امید کیجا سکتی ہے۔ بلکہ یہ اشد کافر ہیں اور دوزخ کے سخت عذاب کے مستحق ہیں۔ یہ لوگ اپنے فاسد خیال اور زعم باطل میں خدا اور اسکے رسول اور عام مومنین کو دہوکہ وفریب دیتے ہیں لیکن یاد رہے کہ ان کا فریب مومنین اور خداوند عالم کو کچھ ضرر نہیں پہونچا سکتا بلکہ انہیں کے لئے نقصان دہ اور وبال ہے۔ تنزیل احکام اور اشاعت اسلام کو یہ لوگ حسرت بھری نگاہوں سے دیکھتے ہیں اور مارے حسد کے جلے جاتے ہیں۔ اے مومنین ان بیوقوفوں کی سزا ہمنے یہ تجویز کی ہے کہ روز افزوں ترقی اور غلبۂ اسلام کے پر زور جھونکوں سے انکے حسد وبغض

کی آگ کو ہم زیادہ کرتے رہتے ہیں۔ اور اسے نہایت زور سے بھڑکاتے
ہیں اور آخرت میں انکے لیے سخت درد دینے والا عذاب ہے۔

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ قَالُوا

وچون گفتہ شود ایشاں را تباہ کاری مکنید در زمین گویند

اور جب کہا جاتا ہے واسطے انکے مت فساد کرو بیچ زمین کے کہتے ہیں

إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُونَ ⑪ أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ

جز این نیست کہ ما اصلاح کاریم اگاہ شو بتحقیق ایشان

سوائے اسکے نہیں کہ ہم سنوارتے ہیں خبردار ہو تحقیق وہی ہیں

الْمُفْسِدُونَ وَلَٰكِن لَّا يَشْعُرُونَ ⑫

تباہ کارانند و لیکن آگاہ نمی شوند

فساد کرنے والے اور لیکن نہیں سمجھتے

(وچون گفتہ شود ایشانرا۔ اور جب کہا جائے ان کو)	قِيلَ، مضغ، ا۔غ مجہول بمعنی مضارع بوجہ اذا اصل ترجمہ کہا گیا۔ مصدر
إِذَا، اسم ظرف زمان مبنی متضمن معنی شرط مخصوص بمستقبل منصوب المحل	القول ف۔ ض اجوف واوی قَالَ۔ يَقُولُ۔ قَائِلٌ و قِيلَ يُقَالُ

له۔ إِذَا، ظرفیت کے اعتبار سے منصوب المحل ہے۔ اور اس کا عامل اس کا جواب یعنی
(قالوا) ہے نہ قیل کیونکہ قیل اسوجہ سے کہ اذا اس کی طرف مضاف ہے مجرور المحل ہے
اور مضاف الیہ مضاف میں عمل نہیں کرسکتا۔

مَقُوْلُہٗ ۔ قُلْ ۔ لَا تَقُلْ

لَھُمْ ۔ ل ، مظہر تخصیص و تاکید

لَا تُفْسِدُوْا

(فساد مکانید ۔ تباہ کاری نہ کرو ۔)

لَا تُفْسِدُوْا ، ج ۔ مضـ ۔ ح ۔ نہی

اَلفساد ، شے کا حد اعتدال پر نہ رہنا

اور اس حالت سے متغیر ہو جانا ۔ جو

اسکے لایق و سزاوار ہے اور شے

کا اس منفعت سے خالی ہو جانا جو

اسمیں فطرتًا ودیعت رکھی گئی ہے (مراد نقاشتا)

اَلْاِفْسَادُ ، فساد ڈالنا ۔ بگاڑنا مصدر

افعال ۔ اَفْسَدَ ۔ یُفْسِدُ مُفْسِدٌ

اَفْسِدْ ۔ لَا تُفْسِدْ

فِي الْاَرْضِ

(در زمین ۔ زمین میں)

اے لَا تُفْسِدُوْا فِیْ اَھْلِ الْاَرْضِ

وَ سُکَّانِھَا کہ لوگوں کی آسایش اور

آرام میں خلل انداز نہ ہوں ۔

فی ، ظرفیہ ۔ الارض ۔ اے الحرم

او البلاد الاسلامیۃ یہ لفظ مونث

ہے (اَرَضَات ۔ اُرُوْض ۔ اَرَضُوْن

اَرَاضٍ ۔ الاراضی) جمع ۔ اور ذکر ارض

مجرد تاکید ہی کے لئے نہیں بلکہ

اس سے اس امر پر تنبیہ کرنا مقصود

ہے ۔ کہ فساد مطلقًا بری چیز ہے

خصوصًا ایسے منعم محسن کے مملوکہ

دار میں جسنے تمکو اسمیں رہنے کی

اجازت دی ہے اور جس سے تم

مطمئن ہو کر زندگی بسر کرتے ہیں

بہت ہی برا اور قبیح ہے ۔ قال قائل

و اقبح خلق اللہ من بات عاصیًا

لمن بات فی نعمائہ یتقلب ۔

قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ

(بگویند جز این نیست کہ ما صلاح

کاریم ۔ کہتے ہیں سوائے اس کے

نہیں ہم سنوارنے والے ہیں ۔

صلاح کار ہیں)

قَالُوْا ، ج ، مضـ ، ع ۔ بمعنی مضارع بوجہ

جواب شرط ۔

اِنَّمَا ، کلمہ مفید حصر ۔ یہ مرکب ہے

اِنَّ ، حرف مشبہ بفعل اور ما کافہ

سے ۔ لیکن بحر میں ہے کہ مفید
حصر سیاق کلام ہے اور انما حصر
کے لئے موضوع نہیں ہے
المعنی اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۔
مقصورون علی الاصلاح المحض
الذی لم یشبہ شئ من وجود
الفساد وقد بلغ فی الوضوح
بحیث لا ینبغی ان یرتاب فیہ ۔
نَحْنُ ضمیر جمع منفصل اسم مضمر مرفوع المحل
مُصْلِحُوْنَ جمع مصلح اسم فاعل وہ لوگ
جنکے افعال عقلاً و شرعاً تحسین کے قابل ہیں
صلاح حاصل ہونا شے کا حالت
مستقیمہ نافعہ پر مصدر الاصلاح ۔

اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ

(بدانند یہ تحقیق ایشانند فساد کنندگان
خبردار ہو تحقیق وہی ہیں تبہ کاراں)
اَلَآ، حرف تنبیہ ۔ هُمْ ضمیر فصل
اَلْمُفْسِدُوْنَ، جمع مُفْسِد
اسم فاعل ۔

وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ (۱۰)

(ولاکن آگاہ نمیشوند ۔ سمجھ نہیں سمجھتے
اس میں اشارہ ہے بمبالغہ فساد میں کہ گویا
اُن کا فساد محسوس بالمشاعر ہے ۔
اگرچہ وہ اسکو معلوم نہیں کر سکتے ۔
لٰكِنْ، حرف ۔ استدراک ۔
لَا يَشْعُرُوْنَ ۔ جمع مضارع مصدر
الاشعار واقف ہونا ۔ مصدر افعال

وَاِذَا قِيْلَ

وَ ۔ اِذَا، اسم ظرف متضمن
معنی شرط
قِيْلَ، فعل مجہول

ف۱ اَلَآ، حرف تنبیہ یہ حرف اپنے مابعد کے وجود اور اثبات پر تنبیہ کرتا ہے ۔ کیونکہ ہمزہ استفہام
انکاری جب نفی پر داخل ہوتا ہے تو ثبوت کے معنی دیتا ہے اسلئے کہ نفی کی نفی مستلزم
ثبوت ہو جاتی ہے اور کہتے ہیں یہ لفظ بسیط ہے مرکب نہیں (جمل)

ف۲ ۔ لکن، یہ حرف عطف ہے پہلے کلام میں جب کوئی شبہ آ جاتا ہے تو اس کے دفع کرنے کے
لئے یہ کلمہ عبارت میں لایا جاتا ہے ۱۲

لَھُمْ، جار مجرور ظرف لغو
یا لَھُمْ مفعول بہ
قول۔ محذوف مفسر
لَا تُفْسِدُوْا، جملہ تفسیر
قَالُوْا، فعل مع الفاعل
اِنَّمَا، کلمہ مفید حصر
نَحْنُ، ... مبتدا
مُصْلِحُوْنَ، خبر
لَا تُفْسِدُوْا، فعل... مع الفاعل
فِی الْاَرْضِ، جار مجرور ظرف لغو
ھو، محذوف ... مبتدا
لے اذا قیل لھم قول ھو لا تفسدوا فی الارض
اَلَآ، حرف تنبیہ۔
اِنَّ۔ مشبہ بالفعل
ھُمْ، ضمیر اسم

ھُمْ ... مبتدا
الْمُفْسِدُوْنَ، خبر — جملہ اسمیہ خبر
لٰکِنْ، حرف استدراک
لَا یَشْعُرُوْنَ۔ فعل ضمیر مستتر فاعل
انھم مفسدون، محذوف مفعول
اور یا ان وبال ذلک الفساد یرجع الیھم مقدر ہے اور یا انا نعلم انھم مفسدون مقدر ہے اور الا انھم ھم المفسدون افادہ لازم فائدہ خبر ہے اس بنا پر کہ وہ عالم بالخبر ہیں اور اس سے انکار کرتے ہیں۔ جیسے کہ ان کی دائمی عادت ہے۔
اور یا محذوف ملتوی نہیں ہے اور اس میں تسلی ہے آنجناب صلعم کے لئے کہ جاہل کے مقابلہ میں اہل علم کو زیادہ زیادہ متردد نہ ہونا چاہیے اور

ف۔ ان آیات میں منافقین کی بعض ناشایستہ حرکتوں اور مضر رو عادتوں کا بیان ہے کہ۔ انکی عادت تھی کہ فریقین میں اپنا رسوخ اور اعتماد قایم رکھنے کے لیے مسلمانوں کے مشورے اور ان کی چھپی باتیں کفار سے جا کر کہتے۔ اور کفار کی سچی جھوٹی کیفیت مسلمانوں پر ظاہر کرتے لہذا طرفین میں غیر معمولی اشتعالک اور بے وجہ تنازع اور کشیدگی پیدا ہو جانے کے خوف سے جب ان کو مصلحتًہ فہمایش کیجاتی کہ ایسی حرکتوں سے باز آؤ فتنہ و فساد پیدا نہ کرو۔ اول تو وہ اپنی حرکتوں سے بالکل انکار کر دیتے تھے۔ اور جھوٹی قسمیں کھا کر مکر جاتے تھے اور اگر کوئی حرکت انکے ذمے ثابت ہو جاتی جس میں انکار نہ کر سکتے تو اسکی تاویل کرنے لگجاتے اور کہتے یہ باتیں ہمنے بغرض اصلاح کی تھیں۔ کیونکہ ہم نہایت ہی صلح پسند اور امن دوست ہیں ہمارا کوئی کام مصلحت سے خالی نہیں ہوتا۔ مخبر صادق انکی طبعی خباثت اور جبلی قساوت سے مسلمانوں کو آگاہ فرماتے ہے کہ یوں نہیں بلکہ وہی مفسد و فتنہ پرداز ہیں اور بیشک مفسد ہیں لیکن ان کے فتنہ و فساد کا وبال انہیں کی گردن پر عاید ہوتا رہتا ہے اور آیندہ بھی انہیں کیطرف رجوع کریگا مگر یہ لوگ اسے معلوم نہیں کر سکتے۔ اور ان کی ایک یہ بھی عادت تھی کہ وہ پورے پورے شرائع اسلام کے پابند نہ رہتے تھے اور ظاہر ہے کہ قانون امن کی پابندی نہ کرنا فتنہ و فساد کا موجب ہے۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ

و چون گفتہ شود ایشان را کہ ایمان آرید چنانکہ ایمان آوردند مردمان

اور جب کہا جاتا ہے واسطے انکے ایمان لاؤ جیسا ایمان لائے ہیں لوگ

قَالُوٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ

گویند آیا ایمان آریم چنانچہ ایمان آوردند بیخرداں آگاہ شو تحقیق

کہتے ہیں کیا ایمان لاویں ہم جیسا ایمان لائے ہیں بیوقوف خبردار ہو تحقیق

هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾

ایشاں اند بیخرداں و لیکن نمی دانند

وہی ہیں بیوقوف و لیکن نہیں جانتے

(و چون گفتہ شود ایشاں را۔ اور جب انکو کہا جاتا ہے)

اِذَا[1]، شرطیہ۔ قِیْلَ، ماضی۔ ع بمعنی مضارع۔

ھُمْ، مرجع ضمیر۔ مَنْ یَقُوْلُ باعتبار معنی۔

(ایمان آرید۔ ایمان لاؤ)

یعنی خدا اور رسول کے احکام اور شرائع حقہ کی پیروی کرو۔

لے اٰمنوا باللہ و برسولہٖ

یکتا یہ حذف مومن بہ کمال ظہور پہ مبنی ہے اور یا اٰمنوا بمعنی افعلوا الایمان ہے۔

اٰمنوا، ج۔ ع امر مصدر الایمان

(چنانکہ گرویدند مردمان۔ جیسا کہ ایمان لائے لوگ)

کما۔ اسے مثل ما۔ ك، حرف بمعنی مثل و ما کافہ۔ کسی مضمون کو واضح صورت میں بیان کرنے کے لئے اس کلمہ کا استعمال کیا

لے۔ اذا یہ حرف مستقبل کے ساتھ مخصوص الاستعمال ہے۔ اگر ماضی پر داخل ہوتا ہے تو اسکو مستقبل کے معنی میں کر دیتا ہے اور کہا ہے کہ اسجگہ بمعنی لو ہے۔ انکے پوشیدہ کفر کے اظہار کیلئے گویا انکی حالت ایسی ہے کہ اگر ان سے یہ کہا جائے کہ ایمان لاؤ تو وہ ضرور اس سے انکار کر جائیں گے

جاتا ہے اور یا ما مصدریہ ہے
اے امنوا ایمانا مشابہا
لایمانہم وعلی الکف حققوا ایمانکم
کما حقق ایمانہم

اٰمَنَ، ماضی ا۔ ع **النَّاسُ**۔ ال
عہدی اور اس سے مراد وہ حضرات
ہیں۔ جو ان کی جنس سے اسلام
لائے ہیں مثل عبد اللہ بن سلام
وغیرہ اور یہی مناسب ہے بقرینہ
جواب (هم السفهاء) یا جنسی۔

والناس۔ اسم جمع اصل اناس
(بگویند آیا ایمان آریم۔ کہتے ہیں کیا
ہم ایمان لائیں۔ یا کہتے ہیں ہم ایمان
نہیں لاتے۔)

قالوا، ماضی ج۔ ع بمعنی مضارع بوجہ اذا
أ، ہمزہ استفہام انکار الطالی اسے
لا یکون ذلك اصلا۔

نؤمن، مضارع ج۔ م (چنانکہ گرویدند
بے خردان۔ جیسے ایمان لائے
بیوقوف۔ یا ناسمجھ)

اٰمَنَ، ماضی ا۔ ع بمعنی جمع باعتبار فاعل
السُّفَهَاۗءُ جمع سفیہ مردم خفیف
الرائے اور وہ بیوقوف جو نفع دینے
والی باتوں اور ضرر و نقصان پہنچانے
والے امور میں تمیز نہ کرسکے سفاہت
کے لغوی معنی خفیف اور ہلکے پن
کے ہیں۔ چنانچہ جب ہوا کسی تنکے
کو اڑا کر لیجاتی ہے تو کہا کرتے ہیں

کما اٰمن السفهاء

لہ۔ الناس۔ ال اگر عہدی ہے تو اس سے آنجناب سرور کائنات علیہ التحیہ والتسلیمات اور آپکے صحابہ رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین یا عبد اللہ بن سلام وغیرہ حضرات مراد ہیں اور اگر جنسی ہے۔ تو وہ اشخاص مراد ہیں جو مستجمع خصائص انسانی ہیں۔ اور الناس اسم جمع ہے نہ جمع کیونکہ فعال اوزان جمع سے نہیں اور الف ولام اس کا عوض ہمزہ محذوفہ ہے اور اصل اناس ہے۔

سفہت الریح الشیٔ لیکن اکثر استعمال
اسکا نقصان عقل وخفت رائے میں
ہوتا ہے۔ مراد اس سے الناس
مذکورین ہے یا جنس سفہاء
(ہدایہ بدبختی اپنا نہ چھوڑا ان چھوڑا
ہو۔ تحقیق وہی ہیں بیوقوف

السفہاء جمع سفیہ مردم خفیف الرائے
ہم [له] ضمیر فصل مفید تاکید وحصر
(ولیکن نمی دانند۔ اسے پر نہیں جانتے)
لا یعلمون ج۔ع مضارع منفی برعایت
سفاہت مناسب مقام ہے کیونکہ
سفاہت خفت عقل کو کہتے ہیں۔

[له] ۔ ھو ضمیر فصل یہ ضمیر صیغہ مرفوع کے ساتھ آتی ہے اور متکلم مخاطب اور غائب اور مفرد وغیرہ ہونے میں اپنے ماقبل سے مطابق ہوا کرتی ہے اسکا وقوع صرف مبتدا یا ایسی چیز کے بعد ہوا کرتا ہے جس کی اصل مبتدا ہو اور کہا گیا ہے کہ اس خبر کے بعد بھی جو مبتدا بننے والی اور اسم ہو اسکا وقوع ہوتا ہے مثلاً واولئک ھم المفلحون ۔ وانا لنحن الصافون ۔ کنت انت الرقیب علیہم تجدوہ عند اللہ ھو خیراً ان ترن انا اقل منک مالاً ھٰؤلاءِ بناتی ھن اطھر لکم ۔ اور اخفش نے ضمیر منفصل کا حال اور ذی الحال کے مابین واقع ہونا بھی جائز قرار دیا ہے اور اسکی تمثیل میں قولہ تعالیٰ ھن اطھر لکم نصب کے ساتھ پیش کیا ہے جرجانی اس کا وقوع فعل مضارع کے قبل روا رکھتا ہے اور اسکی مثال قولہ تعالیٰ ھو یبدیٔ ویعید ؐ سے دیتا ہے ۔ اور ابوالبقاء نے اسی قسم کی مثال قولہ تعالیٰ ومکر اولئک ھو یبور کو بھی بتایا ہے ضمیر منفصل کے لئے اعراب کا کوئی محل نہیں ہوتا اور اسکے تین فائدے ہیں۔

(۱) اس بات کی خبر دینا کہ اسکا مابعد خبر ہے نہ کہ تابع یعنی بدل یا صفت وغیرہ
(۲) تاکید اور اسی وجہ سے کوفیوں نے اس کا نام دعامہ قرار دیا ہے کیونکہ اس کے ساتھ

العلم- جاننا مصدر رک ف- عَلِمَ
یَعْلَمُ- عَالِمٌ- مَعْلُومٌ- اِعْلَمْ- لَاتَعْلَمْ

اذا، شرطیہ- قیل، فعل
لھم، جار مجرور ظرف لغو
اٰمِنوا کما آمن الخ
نائب فاعل

قالوا، فعل مع الفاعل
انؤمن، ... مقولہ
امنوا ... فعل بافاعل
ایمانًا محذوف مصدر موصوف
ک بمعنی مثل ... مضاف
ما ... مصدریہ
امن ... فعل
الناس ... فاعل

اے اذا قیل قول ھو امنوا مثل ایمان
الناس-

قالوا، فعل مع الفاعل
انؤمن، فعل بافاعل
ایمانًا محذوف موصوف
کما امن السفہاء، صفت
ک بمعنی مثل ... مضاف
ما ... مصدریہ
امن ... فعل
السفہاء، فاعل

ای قالوا انؤمن ایمانا مثل ایمان السفہاء

الا، حرف تنبیہ- ان، مشبہ بالفعل
ھم ... اسم
ھم ثانی ضمیر فصل السفہاء خبر
و لکن- لا یعلمون، جملہ فعلیہ استدراکیہ
کہ یوں نہیں بلکہ یہی سفیہ ہیں لیکن
اپنی سفاہت اور اسکے اثر سے
واقف نہیں ہیں-

کلام کی ویسی ہی تقویت ہوتی ہے جسطرح ستون سے سقف کی پائیداری مقصود ہوا کرتی ہے،
اور اسی اصول پر بعض لوگوں نے یہ قاعدہ بنا دیا ہے کہ ضمیر منفصل اور ضمیر متصل کے
مابین الکجائی نہیں کیجا سکتی چنانچہ (زید نفسہ ھو الفاضل) کبھی نہ کہا جائیگا (۲) اختصاص

ف ۳۔ منافقین کی یہ تیسری ناشایستہ حرکت ہے۔ یہ لوگ کفار سے زیادہ میل جول رکھتے تھے اور شرکت تقسیم غنائم کے سوائے احکام شرعیہ کے چنداں پابند نہ رہتے تھے۔ نصیحۃً یا بطور اصلاح اگر ان سے کہا جاتا۔ کہ ایمان لاؤ۔ یعنی دوسرے مسلمانوں کی طرح پورے طور پر شرعی احکام کی پابندی کرو شعائر اسلام کی عظمت کرو۔ تو جواب دیتے کہ ہم بیوقوفوں کی طرح کا ایمان نہیں لا سکتے اپنے کاروبار چھوڑ کر دن رات مسجدوں میں پڑے رہنا اور ہر وقت پیغمبر کے ارد گرد گھومتے رہنا ہم سے نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ یہ خوشامد کرنے والوں چاپلوسوں اور منافقوں کا طرز ہے۔ ہم سیدھے سادے مسلمان ہیں اور اسلام کے سچے اصولوں کے پابند ہیں اور ہم انہیں کی پابندی کو لازمی اور ضروری سمجھتے ہیں۔ لیکن عالم الغیب ان کی منافقت کے اظہار میں ارشاد فرماتا ہے۔ کہ اے مسلمانو! ان بیوقوف احمقوں سے بڑھ کر دنیا میں کوئی زیادہ سفیہ و بیوقوف نہیں ہو سکتا چند روزہ دنیوی منافع اور نفسانی خواہشوں کو دائمی عیش اور روحانی زندگی پر ترجیح دینا۔ دنیا کے

یعنی خاص بنا دینا زمخشری نے بیان کیا ہے کہ قولہ تعالیٰ "اولٓئِكَ هُمُ المفلحون" میں تینوں فائدے اکٹھے موجود ہیں۔ وہ کہتا ہے اس ضمیر منفصل کا یہ فائدہ ہے کہ وہ اپنے مابعد کے خبر ہونے پر دلالت کر رہی ہے اور اسکو صفت نہیں ٹھہراتی دوم تو کید کا فائدہ دیتی ہے۔ اور سوم اس بات کا ایجاب کر رہی ہے کہ مسند کا فائدہ خاص مسند الیہ ہی کے لئے ثابت ہے نہ کہ اس کے سوائے کسی اور شے کے لئے۔

(اتقان)

بدلے آخرت کے نصیب کو بیچ ڈالنا کیا اُسے عقلمندی کہتے ہیں؟ نہیں بلکہ یہ غایت درجہ کی حماقت ہے۔ مگر سچ تو یہ ہے کہ وہ اپنے سفاہت سے واقف نہیں۔

اور ممکن ہے کہ یہ مقولہ منافقین کا ہو جیسے کہ اگلی آیت سے معلوم ہوتا ہے تو مطلب آیت یہ ہے کہ جب منافق آپس میں بات چیت کرتے اور دستور ہے کہ مشورت میں ہر پہلو پر گفتگو ہوتی ہے لہذا اثنائے بحث میں کبھی ان کی یہ گفتگو بھی ہوتی تھی کہ آؤ ہم خالص مسلمان بنجائیں یا بعض کہتے کہ دوسرے مسلمانوں کی طرح خالص مسلمان بنجاؤ تو جواب میں دوسرے منافق یہ کہتے تھے۔ کہ ہم بھی دوسرے بیوقوفوں کی طرح بیوقوف بنجائیں۔ کہ بیوقوفوں کی مانند ایمان لائیں اور اللہ تعالٰے نے انکی اس گفتگو کو نقل کر کے یہ امر ظاہر کر دیا کہ درحقیقت منافق ہی بیوقوف ہیں مگر وہ اس کو سمجھتے نہیں۔ خلاصہ مطولات۔

لیکن سیاق کلام سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ کلام علمائے منافقین اور انکے احبار کا ہے۔ کہ اثنائے گفتگو میں جب کبھی ان سے وہ لوگ جو اسلام کی طرف مائل تھے یا وہ جو کہ متردد تھے کہتے کہ تم بھی ایمان لاؤ جسطرح کہ ہم میں سے بعض علمائے کتاب ایمان لاچکے ہیں۔ تو وہ استہزاءً یا بطور تشنیع یا اظہار اپنی عظمت بڑھانے کے لئے جواب میں کہتے کہ کیا ہم ان معمولی لوگوں کی طرح ہیں جن کا ایمان لانا اور نہ لانا مساوی ہے اور کیا ہمارا ایمان عام لوگوں کی مانند ہے جو کسی حساب و شمار میں

نہیں - ہم برگزیدۂ خلائق ہیں - اور مقربان خدائے عظیم کی یادگار ہیں اگر ہمیں خاص طور پہ ایمان لانے کے لئے القاء ہو یا کسی اور طریق سے بواسطۂ وحی ہمیں نامزد کیا جائے تو البتہ یہ ہوسکتا ہے - عوام الناس کی طرز پہ ہم ایمان نہیں لاسکتے - اور نہ ہماری شرافت کے شایان ہے -

وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ صلے

ووقتیکہ ملاقات میکنند با اہل ایمان گویند ایمان

اور جب ملتے ہیں ان لوگوں سے جو ایمان لائے ہیں کہتے ہیں ایمان

وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا

آوردہ ایم وچوں تنہا شوند با شیاطین خود گویند ہر آئینہ

لائے ہیں ہم اور جب اکیلے ہوتے ہیں طرف سرداروں اپنے کے کہتے ہیں بہ تحقیق

مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ○

با شما ایم جز ایں نیست کہ ما تمسخر کنیم

ہم ساتھ تمہارے ہیں سوائے اسکے کہ ہم ٹھٹھا کرتے ہیں

١٢٦
۸ (ووقتیکہ ملاقی شوند - اور جب ملتے ہیں)

اِذَا شرطیہ -

لَقُوا (لقیوا) ماضی ج - ع بمعنی مضارع

اللقاء (اللقی) سامنے آنا - ملاقات کرنا روبرو ہونا - ملنا مصدر ک ف

ناقص - لَقِیَ - یلقی - لِقَاءً لقاءۃً وَلِقَایَۃً ولُقْیَانًا ولِقیانًا و لُقْیَانَۃً و لِقیانۃً فلانًا بمعنی استقبلہ - صادفہ - راٰہ -

لَاقٍ - مُلْقٍ - اِلْقَ - لَا تَلْقَ -

یا اہل ایمان۔ ان سے جو ایمان لائے ہیں
ایمان والوں سے۔)
الذین، جمع اسم موصول۔
اٰمنوا، ماضی ج م غ
(میگویند ایمان آوردیم کہتے ہیں
ہم مسلمان ہوئے) اور یہ تکرار نہیں
ہے کیونکہ آیت اول میں اسکے
خداع کا اظہار کیا گیا ہے اور اس
آیت میں ان کی عند الملاقات کے
حالات کا بیان مطلوب ہے۔
قالوا، ماضی ج م غ بمعنی مضارع بوجہ
جواب شرط۔
اٰمنّا، اے اخلصنا الایمان المشکوک
فیہ ھو الاخلاص۔ اٰمنا ماضی ج م
(ووقتیکہ خلوت کنند۔ اور جب اکیلے
ہوتے ہیں)
اصل میں خلوۃ خالی مکان وزمان کو
کہتے ہیں۔ یقال خلوت بہ و
الیہ اذا انفردت معہ۔ صلہ

الی ب۔ معہ آتا ہے۔
خلوا (خلووا) ماضی ج م غ بمعنی مضارع
الخُلُوّ۔ والخَلْوَۃ اکیلا ہونا۔ تنہا
ملنا۔ مصدر ف۔ ض۔ ناقص
خلا۔ خلوۃ۔ وخلوا وخلاءً بہ
ومعہ والیہ بمعنی اجتمع معہ علیٰ
خلوۃ۔ یخلوا۔ خالٍ۔ مخلوٌّ۔ اُخلُ
لاتخلُ
(یا شیاطین خود۔ اپنے سرداروں
کی طرف۔ یا اپنے شیاطین کے
پاس۔
اے اذا خلوا مع شیاطینھم
یقال خلا الیہ اے اجتمع معہ
فی خلوۃ
الیٰ حرف جر۔ صلہ بمعنی مَعَ
کما فی قولہ "من انصاری الی
اللہ۔
اے مع اللہ۔
شیاطین، جمع شیطان شریر وسرکش

ومفسد یا[1] ماخذ شطن - یا شاط ہے
اسجگہ شیاطین سے ان کے سردار
مراد ہیں - جو تمرد و سرکشی میں مماثل
شیطان ہیں - کافر ہوں خواہ منافق
ھم، ضمیر راجع - بمن یقول باعتبار
معنی -

قالوا انا معکم

(بگویند ہر آئینہ ما باشمائیم - کہتے ہیں
ہم تمہارے ہی ساتھ ہیں)
قالوا، ماضی بمعنی مضارع بوجہ
جواب شرط -
انا (ان - نا) انّ، حرف مؤکد
مضمون جملہ - نا، ضمیر متکلم -
مع، (ہمراہ ساتھ شریک) اسم ظرف

انما نحن مستہزءون

(جز این نیست کہ ما استہزا کنندگانیم
یا تمسخر میکنیم - سوائے اسکے نہیں
کہ ہم ہنسی یا مسخری کرتے ہیں)
انما، کلمہ مفید حصر
مستہزءون، جمع مستہزئ
اسم فاعل -

اللہ یستہزئ بہم

(خدا تمسخر میکند بایشان - یا خدا جزائے
استہزاء می دہد ایشانرا -
خدا انکو ان کی ہنسی کا بدلہ یا مسخری
کرنے کی سزا دیتا ہے)
یستہزئ، مضارع الاستہزاء[2]
تمسخر کرنا دل لگی اور ہنسی کے
طور پر برائی چھپا کر موافقت ظاہر کرنا

---

[1] - ماخذ شیطان بروزن فیعال شطن سے ماخوذ ہے - جسکے معنی اصلاح اور بھلائی سے دور ہونے اور دوسرے کو اسکے نیک ارادے اور اعلیٰ قصد سے برگشتہ کرنے کے ہیں - اس تقدیر پر اسکا نون اصلی ہے اور بعضوں نے کہا ہے کہ شیطان بروزن فعلان لفظ شاط سے مشتق ہے جسکے معنی اپنے مرتبہ سے تجاوز کرنے - ہلاک ہونے اور باطل ہونے کے ہیں اسوقت اسکا نون زائد ہے اسی لحاظ سے کہا جاتا ہے کہ شیطان کا ایک نام باطل بھی ہے -

[2] - الاستہزاء - لغت میں اسکے معنی خفت اور ہلکے پن کے ہیں اصل اس کا ھزءٌ بمعنی

مصدر استفعال۔ استھزء۔	اسے۔ یمدھم فی العمر او یزید ھم
یستھزء۔ مستھزء۔ استھزء۔ لاتستھزء۔	او یقویھم من مد الجیش اذا
(ومہلت وبڑھانا۔ اور بڑھانا ہے انکو	زادہ وقواہ۔ واصلہ الزیادۃ

رفتار تیز وقتل ناگاہ ہے یقال ھزء۔ یھزء۔ اذامات مکانہ وناقتہ تھزآءً بہ اسے لشرع اور عرف مین اظہار موافقت بابطان مایجری مجری السوء بطریق تمسخر کو کہتے ہین۔ یہان پر استہزاء سے جزاء استہزاء مراد ہے یا یہ کہ منافقین کی استہزاء کا ضرر بالآخر انہین کی طرف رجوع کرنے والا ہے جس سے ذلت وحقارت ایک لازمی امر ہے۔ علماء نے اس بارہ مین کہا ہے کہ جس صفت کا اطلاق خداوند تعالی پر حقیقۃً محال معلوم ہو اسے اسکے لازم کے ساتھ تفسیر کر لینا چاہیے امام فخر رازی کا قول ہے کہ تمام اعراض نفسانی یعنی رحمت۔ فرحت۔ سرور۔ غضب حیا۔ مکر۔ تمسخر۔ استہزاء اور اس طرح کی جتنی چیزین نفس کو لاحق ہوا کرتی ہین ان مین سے ہر ایک کا کوئی آغاز (اوایل) اور انجام (غایت) ضرور ہوتا ہے۔ مثلاً غضب (غصہ) کو لیا جائے۔ اس کی ابتداء قلب مین حزن کے جوش مارنے سے ہوتی ہے اور اسکی غایت (انتہائی غرض ونتیجہ) اس شخص کو نقصان پہونچانے کا ارادہ ہے جس پر غصہ آیا ہو لہذا غضب کا لفظ خدائے تعالے کے حق مین قلب کا خون جوش مارنے پر کبھی محمول نہ کیا جائے گا۔ بلکہ اسکا حمل غرض پر ہوگا یعنی ضرر رسانی کے ارادہ پر۔ اسی طرح حیا کی ابتدا وہ انکسار ہے جو کہ نفس (طبیعت) مین ہوتا ہے اور اس کی غایت فعل کا ترک کر دینا ہے اس لحاظ سے حیا کا لفظ خدائے تعالے کے حق مین ترک فعل پر محمول ہوگا نہ انکسار پر۔ اسیطرح لفظ استہزاء ہے

والمد والامداد واحد غیر انّ
المد کثیراً ما یستعمل فی الشر
والامداد فی الخیر کما فی قوله
امددناکم باموال و بنین۔
المدُّ ، ملنا شئے کا دوسری شئے
سے اسطرح کہ اسکو قوی اور زیادہ کرے
ملنے والی شئے کو مدد کہتے ہیں اور
مد کے اصلی معنی زیادہ کے ہیں و
بمعنی امہال یعنی چھوڑنا اور ڈھیل
دینا اسی سے ہے مد العمر لیکن
یہاں پر معنی اول مناسب ہے۔
مصدر ۔ ثث ۔ عن ۔ مضاعف ۔
مَدَّ یَمُدُّ ۔ مَادٍ مَمْدُوْدٌ ۔ اُمْدُدْ
لَا تَمْدُدْ ۔ ھم ، ضمیر راجع بمن
الناس ۔ یا من یقول ۔
(فی طغیانهم یعمهون)
(اور گمراہی اپنا سرگرداں باشند
اکثروان کی شرارت میں بہکتے ہوئے
طغیان ۔ حد مقررہ سے تجاوز کرنا
سرکشی و نافرمانی ۔ شریعت میں
افراط اور کفر و الحاد میں غلو کرنا ۔
جب پانی اپنی مقررہ حد سے تجاوز
کرجاتا ہے تو کہتے ہیں طغی الماء اور
ایسے جب کوئی شخص حدود شرعیہ
کی پرواہ نہیں رکھتا اور عصیان
میں منہمک ہو جاتا ہے تو کہتے
ہیں انہ طغا کیونکہ وہ متردّد و متحیر
نہ تھے بلکہ اپنی خباثت پر مقر و مصر
تھے ۔
یعمھون ، ج ۔ ۔ ع ۔ العمہُ
تحمل و پریشان و متردد و حیران ہونا ۔
العمی کوری چشم والعمہ کوری باطن
مصدر ک ن عَمِہَ یَعْمَہُ عامہٌ
اِعْمَہْ لا تَعْمَہْ یقال عَمِہَ
یَعْمَہُ کتَعِبَ ۔ یَتْعَبُ عَمْہًا
وعمہانًا فھو ۔ عَمِہٌ وعامِہٌ
وعمہاء اور کہا ہے عمہ سر جھکانا
ایسے طور پر کہ سامنے سے آتی ہوئی
چیز نظر نہ آ سکے مراد اہلاک و اصرار

اور یہی مناسب ہے منافقین کی
حالت سے۔

و۔ اذا، اسم ظرف متضمن
معنی شرط۔
لقوا، ... فعل مع الفاعل
الذین، ... موصول
امنوا، جملہ فعلیہ صلہ
قالوا، ... فعل مع الفاعل
امنا،
بما الحنتم به مفعول جملہ فعلیہ مقولہ

و۔ اذا۔ خلوا، فعل مع الفاعل
الی، حرف جار
شیطینهم، مجرور
قالوا، فعل مع الفاعل
ان، حرف مشبہ بالفعل
نا، ضمیر ... اسم
مع، مضاف
کم، مضاف الیہ

اسے قالوا انا کا ثبوت معکم

(اعراب)
پس ظرف قائم مقام خبر ان کے ہے
ومعنی الاٰیۃ اذا خلوا اسے اذا
(جمل)
انفردوا ورجعوا الی شیطینهم
ویا اذا انفردوا مع شیطینهم
یعنی صاحب جمل کہتے ہیں کہ الی
کا متعلق محذوف ہے اور یا الی
بمعنی مع ہے۔ وتقدیر عبارت
اذا خلوا۔ اذا انفردوا عنهم
ورجعوا الی شیطینهم ہے ویا
انفردوا مع شیطینهم ہے۔

انما، کلمہ حصر نحن، مبتدا
مستهزءون، ..... خبر

لان المستهزئ بالشیئ والمستخف
مصر علی خلافہ اور یا بدل ہے
جملہ اول سے لانہ من حقر الاسلام
فقد عظم الکفر۔
ویا جملہ مستانفہ ہے۔ گویا جب انہوں نے
شیاطین سے مل کر کہا انا معکم
تو انہوں نے کہا اگر یہ سچ ہے تو

پھر تم کس طرح اسلام کا دعویٰ کرتے ہو
اور اہل اسلام سے کیونکر ملتے ہو۔ تو
انہوں نے کہا۔ انما نحن مستھزءون
اللہ .... مبتدا
یستھزئ فعل مع الفاعل
بھم جار مجرور ظرف لغو
یعنی یہ جملہ مقولہ کفار نحن مستھزءون
کے جواب میں ہے کہ اے منافقین
تم کیا تمسخر کرو گے اللہ تم سے استھزاء
کرتا ہے۔ کہ تمہیں ڈھیل دیکر ایک

درجہ عذاب کا اور بڑھا دیتا ہے۔
ولم یقل اللہ مستھزئ بھم
لتجدد الاستھزاء بھم حینا
بعد حین الا ترون انھم یفتنون
فی کل عام مرۃ او مرتین۔ (مظ)
و یمدّ فعل مع الفاعل
ھم ذی الحال ..... مفعول
مصدر مضاف لفاعلہ یا جملہ یعمہون
فی طغیانھم کی ضمیر سے حال ہے ۱۲ اجمل
ظرف لغو یعمہون۔ حال

ف۔ منافقین کی یہ چوتھی خصلت ہے۔ ان آیات میں فریقین کے ساتھ ان کی طرز معاملت وکیفیت معاشرت کا اظہار دیا ہے منافقین کی یہ عادت تھی کہ جب بزرگان دین صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی مجلس میں شریک ہوتے یا راستہ چلتے کہیں ملجاتے۔ تو نہایت ادب سے جھک کر دست بوسی کر لیتے۔ چاپلوسی اور خوشامد سے اسلام اور اہل اسلام کی تعریف کرتے اور تکلفاً اپنے آپکو سچا مسلمان اور پکا دیندار ٹھہراتے لیکن جب کفار سے ملتے تو اپنے اخلاص اور خیر خواہی کے اظہار میں نہایت زور سے کہتے ہم تو تمہارے ہی ہیں۔ اور تمہارے زور بازو ہیں اور جب وہ یہ کہتے کہ اگر تم اس بات میں سچے ہو تو بتاؤ مسلمانوں

کے ساتھ پھر تمہاری نشست و برخاست کیسی ہے - اور دعویٰ اسلام
کے پھر کیا معنی تو جواب ہیں کہتے ہم مسلمانوں سے محض دل لگی اور
تمسخر سے ملا کرتے ہیں - لفظ آمنا کہنے سے کیا ہم مسلمان ہو سکتے
ہیں - نہیں مگر وہ لوگ اپنی سادہ لوحی اور بیوقوفی سے ہمارے تمسخر
کو واقعی تصدیق اور سچا اقرار سمجھ لیتے ہیں - عالم الغیب مخبر صادق
کا ارشاد ہوتا ہے کہ اے بیوقوفو تم کیا دھوکہ دے سکتے ہو - اور تمہاری
قدرت ہی کیا ہے اے مسلمانوں یقین کرلو کہ ہم انکے استہزاء اور
اسکے وبال کو انہیں پر لوٹاتے ہیں اور انہیں پر عاید کرتے رہتے ہیں
اور گو ظاہراً وہ تمہاری دست برد سے محفوظ ہیں مگر فی الواقعہ نہایت
ہی حیران اور پریشان ہیں - ہمارا انکو ڈھیل دینا اور عجالۃً گرفت کرلینا
ایک مصلحت ہے - کیونکہ وہ اسطرح عذاب کا ایک اور درجہ طے کرلیتے
ہیں - مگر وہ ایسے امور پر ہرگز مطلع نہیں ہو سکتے -
بیضاوی نے اس آیت کے نزول کا سبب یہ لکھا ہے - کہ ایک دن عبداللہ[1]

---

[1] - عبد اللہ بن ابی بن سلول خزرجی منافقوں کا سردار تھا اور آنجناب سرور کائنات
کو اس سے بہت تکلیفیں پہنچا کرتی تہیں - اور آنجناب سے ہمیشہ وہ گستاخانہ پیش
آیا کرتا تھا - لیکن اسکا بیٹا مخلصین صحابہ میں شامل تھا اور اپنے باپ کے طرز اور اسکی
بدسلوکی سے تنگ آکر ایک دن اس نے اسکے قتل کا ارادہ کرلیا اور آنجناب علیہ السلام
سے اجازت چاہی - مگر آنجناب نے اسکو اس ارادہ سے روک دیا اور یہ فرمایا کہ تو اسکے
ساتھ بھلائی کر اور اس کا معاملہ خدا پر چھوڑ دے ہجرت کے نویں سال ذی قعدہ میں

ابن اُبیؔ اپنے یاروں کے ساتھ کہیں جارہا تھا۔ کہ سامنے سے صحابہ کا

وہ بیمار رہوا باوجودیکہ وہ جناب سرور کائنات کا جانی دشمن تھا مگر آنحضرت اسکی عیادت میں قدم رنجہ فرمایا کرتے آخری وقت آپ نے فرمایا۔ کہ میں تجھے یہود کی دوستی سے منع کیا کرتا تھا مگر تو نے میرا کہانہ مانا۔ اُسنے وہیں گستاخی سے جواب دیا کہ اسعد بن زرارہ یہود کو دشمن سمجھتا تھا۔ لیکن یہود کی عداوت نے اسکو موت سے نہ چھڑایا۔ اے رسول اللہ یہ سرزنش کا وقت نہیں۔ میں آپکے اخلاق کریمانہ سے امید رکھتا ہوں۔ کہ میرے فوت ہوجانے کے بعد میرے جنازہ کی نماز آپ بذات خود پڑہائیں گے اور میرے گناہوں کی معافی چاہیں گے۔ اور میں امید رکھتا ہوں کہ جناب اپنا کرتہ مبارک عطا فرماکر میرا کفن بنائینگے کیونکہ مجھے یقین ہے کہ جس چیز کے ساتھ آپ کا پسینہ مبارک لگا ہے وہ دوزخ میں نہیں جاسکتی اور اب میرے پاس اپنی نجات کا اس سے زیادہ کوئی حیلہ نہیں۔ جناب سرور کائنات نے اُسدن دو پیرہن زیب تن فرمائے ہوئے تھے ایک شعار اور دوسرا دثار۔ آنجناب نے اُسی وقت اپنا دثار یعنی اوپر کا کرتہ اتار کر دیدیا مگر اس نے کہا کہ میں اس پیرہن کی التماس کرتا ہوں جو آپ کے بدن کے ساتھ چمٹا ہوا ہے اور جسپر آپ کے پسینہ مبارک کے اثر ہیں۔ آنجناب نے اسکی خواہش کے موافق وہی پیرہن عطا کردیا اور اسکے فوت ہوجانے کے بعد حسب وصیت اس کی تکفین غسل کے وقت تشریف فرما ہوئے اور اسکے بیٹے سے جو خالص مسلمان تھا برسم تعزیت بات چیت کرتے رہے۔ جنازہ کے وقت جب آپ آگے بڑہے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جناب کا دامن پکڑکر عرض کی یا رسول اللہ اس منافق نے آپکو بہت سخت تکلیفیں دی ہیں فلاں فلاں دن وہ وہ بُرے کام اس نے کئے ہیں اور اس وقت جناب

ایک گروہ اُس سے ملا جس میں خلفاء ثلاثہ رضوان اللہ علیہم بھی موجود تھے
عبداللہ نے اپنے یاروں سے کہا ذرا ٹھہر جاؤ میں ان سفیہوں
سے دل لگی کروں۔ چنانچہ اُس نے آکر پہلے حضرت ابوبکر صدیق
رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا ہاتھ پکڑا اور کہا۔ خوشخبری ہو اے صدیق قبیلہ
بنی تیم کے سردار۔ شیخ الاسلام۔ رفیق غار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔
اپنی جان و مال کو اپنے سچے دوست رسول اللہ علیہ السلام پر بیدریغ خرچ
کرنے والے۔ پھر اس نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا اور کہنے لگا
خوشخبری ہو آپ کو قبیلہ بنی عدی کے سردار۔ حق و باطل میں تمیز اور
واقعی فرق کا اظہار کرنے والے۔ دین میں نڈر اور قوی۔ اپنی جان و
مال کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر تصدق کرنے والے۔
پھر اُس نے حضرت علیؓ ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا اور

بذات خود اس پر نماز پڑھنے کا ارادہ فرما رہے ہیں۔ آپ نے ارشاد کیا مجھے عمر میں تخییر ہوں
درمیان اسکے کہ اُس کے لئے ستر مرتبہ آمرزش چاہوں اور درمیان عدم آمرزش
کے میں نے آمرزش کو اختیار کیا ہے۔ اگر میں یہ جان لوں کہ ستر مرتبہ سے زیادہ اگر
اسکے لئے آمرزش چاہوں اور وہ بخشا جائے گا تو البتہ میں اسپر عمل کروں گا قال
اللہ تعالیٰ استغفر لھم او لا تستغفر لھم ان تستغفر لھم سبعین
مرۃ فلن یغفر اللہ اسکے بعد اللہ تعالےٰ نے کافروں پر نماز پڑھنے سے آنجناب
کو منع کر دیا۔ قال ولا تصل علی احد منھم مات ابدا ولا تقم علی قبرہ
۵۔ خاتم الخلفاء امیر المومنین حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ و کرم اللہ وجہہ

سے کہنے لگا۔ خوشخبری ہو تمہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کے بیٹے

کم سن نابالغوں میں سب سے پہلے مسلمان ہوئے ہیں۔ آپکا علم سب صحابہ سے زیادہ سمجھا جاتا ہے قال علیہ السلام فی حقہ اقضٰکم علیؓ۔ ایسے ہی آپ شجاعت میں ضرب المثل ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی صاحبہ خاتون جنت حضرت فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر ہیں آپ کے مناقب بے شمار ہیں۔ جن کا حصر مشکل ہے بنی اُمیہ آپ سے عداوت رکھتے تھے۔ اس لئے اُن اصحاب کو جو آنجناب کی تعریف اور آپ کے مناقب کی روایتیں کیا کرتے تھے۔ وہ اُنہیں تشدد اور تنبیہ کیا کرتے تھے۔ مگر اس کا اثر بالعکس ہوتا تھا اور آپ کے مناقب روز بروز زیادہ مشہور ہوتے جاتے تھے۔ بعد شہادتِ حضرتِ امیر المومنین عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفۂ سوم کے آپ نے چار برس نو مہینے آٹھ دن خلافت کی ہے۔ معاویہؓ کے سوائے اور بعض چند انکے لواحقین کے تمام مہاجرین و انصار نے اُن سے بیعت کر لی تھی۔ آپ کی خلافت کا تمام زمانہ باغیوں اور خارجیوں کے ساتھ جہاد کرنے میں صرف ہوا ہے۔ درحقیقت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی یہ رائے تھی کہ اول تمام لوگ بیعت کر لیں اور احاطۂ اطاعت میں آجائیں پھر حضرت عثمانؓ خلیفہ ثالث کا ولی آپ کے خون کا دعویٰ کرے پھر اقامت بینہ کے بعد موافق شرع شریف اس کا فیصلہ کیا جائے انکے مخالفین یہ کہتے تھے کہ علی کرم اللہ وجہہ سب سے پہلے قاتلین عثمانؓ کی تلاش کر کے انکو ہمارے حوالہ کریں یا آپ قتل کر ڈالیں اسی کشمکش میں نزاع بڑھتی گئی دونوں فریق صاحب اجتہاد تھے بعض صحابہؓ ایسے بھی تھے کہ ان لڑائیوں میں کسی طرف شامل نہیں ہوئے امام احمدؒ

اور اُن کے داماد۔ رسول اللہ کے سوائے تمام بنی ہاشم کے سردار

کے بیٹے عبد اللہ کہتے ہیں۔ کہ میں نے اپنے باپ سے پوچھا کہ علیؓ اور معاویہؓ کے
حق میں تم کیا کہتے ہو کچھ دیر تک انہوں نے توقف کیا اور پھر فرمایا حضرت علی
کرم اللہ وجہہ کے دشمن بہت تھے اور انہوں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے
عیوب کی جستجو کی مگر ان میں کوئی عیب نہ پایا آخر وہ ایک ایسے شخص کیطرف
متوجہ ہوئے جو حضرت علیؓ سے لڑا تھا پس حضرت علیؓ کی ضد پر انہوں نے اسکو
بہت بڑھا دیا (انتہی) اس میں انہوں نے یہ اشارہ کر دیا کہ معاویہؓ کے فضائل
میں لوگوں نے جو روایتیں بیان کی ہیں وہ بے اصل ہیں اور موضوع ہیں۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے زمانۂ خلافت میں معاویہؓ کے بھائی یزید بن
ابی سفیان کو دمشق کا حاکم مقرر کیا تھا جب وہ مر گئے تو اُن کی جگہ سنہ انیس ۱۹ ہجری
میں معاویہؓ کو مقرر کر دیا۔ اور بعد میں حضرت عثمانؓ نے بھی اپنی خلافت کے زمانہ
میں انکو اسی حکومت پر قائم رہنے دیا۔ اسکے بعد حضرت علیؓ سے مخالفت
ہو گئی۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی شہادت کے بعد حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ
نے ان سے صلح کر لی اور تمام ملک کی حکومت سے دست بردار ہو کر ملک انکے
حوالہ کر دیا اور خود گوشہ نشین ہو گئے جس سے معاویہؓ نے چالیس
برس حکومت کی ہے سولہ برس دونوں خلیفوں کی طرف سے اور چار برس حضرت
علیؓ سے لڑنے میں اور بیس برس بعد میں مستقل حکومت کی ہے۔ اور سنہ ۵۹ھ
میں ان کا انتقال ہوا ہے۔ اہل سنت کا مذہب بالاتفاق یہ قرار پایا ہے کہ جو جھگڑا
حضرت علیؓ اور حضرت معاویہؓ میں ہوا ہے۔ اس میں حق بجانب حضرت علیؓ تھے اور حضرت معاویہؓ

پس اس وقت اللہ تعالے نے اس آیت کو نازل فرمایا بیضاوی نے اس
حدیث کو بغیر سند کے ذکر کیا ہے ۔

(۱۵) أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ

ایشاں آن کسانند کہ خریدند گمراہی را عوض ہدایت

یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے مول لی گمراہی بدلے ہدایت کے

فَمَا رَبِحَت تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ۝

پس سود نیافت تجارت ایشاں وراہ یاب نہ شدند

پس نہ فائدہ دیا سوداگری انکی نے اور نہ ہوئے راہ پانے والے

أُولَٰئِكَ (ایشاں آن کسان اند کہ ۔ یہی لوگ ہیں کہ)

أُولَٰئِكَ ، اسم اشارہ جمع اس لفظ سے مذکر و مونث کی ہر ایک جماعت کی طرف اشارہ کیا جاسکتا ہے ۔

مراد مذکورین بالا جامعین اوصاف ذمیمہ بوجہ بعد منزلت و سوء حالی اشارہ بعید سے انکو ذکر کیا ہے ۔

الَّذِينَ ، اسم جمع موصول ۔ یا نون مبالغہ اسم موصول عہدی یا جنسی

اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ (بخریدند گمراہی را ۔ خرید کیا گمراہی کو)

کی خطائے اجتہادی تھی اور چونکہ حضرت معاویہ جلیل القدر صحابی ہیں اسلئے اُن کو طعن اور تبرا کرنا چاہیئے اسی پر تمام اہل سنت کا اتفاق ہے جب حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی عمر تریسٹھ برس کی ہوئی تو عبد الرحمن ابن ملجم نے آپکو شہید کیا ۔ جائے شہادت آپ کی جامع مسجد کوفہ ہے اسوقت روئے زمین پر آپ سے افضل و اکمل کوئی شخص نہ تھا ۔

اشتروا - مضـ - ج - غ اصل اشتریوا
الاشتراء ، خرید و فروخت کرنا
بعوض شئے مملوک غیر مملوک مرغوب
الطبع شئے کا حاصل کرنا لغت میں
نقدی خرچ کرنے والے کو مشتری
اور لینے والے کو بائع کہتے ہیں
مصدر افتعال - ناقص -
اِشتَرَی - یشتَرِی مُشتَرٍ
اِشتَرِ - لَا تَشتَرِ
الضَّلٰلَةَ - سیدھی راہ چھوڑ دینا -
گمراہی - و اسباب ہدایت گم کرنا -
مختار طریقہ دین حقہ سے دور ہو جانا -
(بعوض ہدایت - ہدایت دیکر -
ب ، بمعنی عوض و بدل -
ھدٰی ، راہ راست و دین
حق و راہنما - و استقامت بر دین حقیقی
(پس سود نکرد - پس نفع نہ لائی
(سود نہ کیا)
ف ، مظہر ترتیب -

مَا ، حرف نفی -
مَارَبِحَت ، مضـ - ا - غ منفی
الرِّبحُ ، زیادتی و نفع جو راس المال
اور اصل پونجی پر حاصل ہوتا ہے
مصدر ک - ف - رَبِحَ - ربحًا -
ورَبَحًا - ورَبَاحًا فی تجارتہ
بمعنی کسب یَربَحُ - رَابِحٌ -
مَربُوحٌ - اِربَح - لَا تَربَح -
(تجارت ایشاں - ان کی سوداگری
ان کی تجارت نے)
تجارت نفع حاصل کرنے کے لئے
خرید و فروخت کرنا - و عام کاروبار
سوداگری - بازاری لین دین
مراد تجارات اور یا واحد اس لحاظ
سے کہ گویا وہ تمام ایک ہی تجارت
ضلالہ کے شرکار تھے
ھم ، ضمیر جمع راجع بمن الناس
من یقول -
(و نہ شدند راہ یابندگاں -

اور نہ ہوئے راہ پانے والے۔ یا
اپنی مراد کو پہونچنے والے)
لے ما کانوا مھتدین بالتجارۃ
اذ المقصود منہا حصول الربح
مع سلامۃ راس المال وھم
ضیعوا راس المال وھی الفطرۃ
وما حصلوا الفضل بادراک
الحق ونیل الکمال مھتدی
اسم فاعل اھتدی سے ما کانوا
ج ع منفی۔ مصدر۔ الکون
ف۔ ص۔ کان۔ یکون۔
کائن۔ مکون۔ کن۔
لا تکن۔ مھتدین، جمع مھتد
اسم فاعل۔

اُولٰئِکَ ،.... اسم اشارہ
بمذکورین بالا، مشارٌ الیہ } مبتدا
الذین اشتروا الخ } خبر

الَّذِین ،........ موصول
اشتروا، فعل مع الفاعل
الضَّلٰلَۃَ ...... مفعول
بالھُدٰی، ظرف لغو

ف، ماربحت،..... فعل
تجارت، مضاف
ھم۔ ضمیر، مضاف الیہ } فاعل

و، ما کانوا، فعل مع الاسم
مھتدین، ..... خبر

و یا۔ ماربحت ،...... فعل
تجارتھم، ذوالحال فاعل
وما کانوا مھتدین،
.... حال

ف۔ اولئک۔ ان آیات میں منافقین کی حالت کو وضاحت سے بیان

فرمایا ہے۔ اور اس کے انجام کو بھی ظاہر فرمایا ہے۔ کہ یہ وہ لوگ ہیں۔ جن کی فطرتی صالح استعدادیں اور عزیز عمروں کے حاصل نفسانی خواہشوں اور شہوانی لذتوں میں برباد ہو چکے ہیں۔ نور ہدایت کی انمول پونجی کے عوض اب انکے ہاتھوں میں ضلالت گمراہی۔ حسد بغض کینہ و عداوت کے سوائے کچھ باقی نہیں اور نہ آیندہ فائدہ کی امید ہو سکتی ہے۔ کیونکہ وہ اصلی پونجی اور راس المال ہی کو کھو بیٹھے ہیں۔ اس تجارت میں راس المال عقل سلیم وصلاحیت نفس ہے۔ علامات الہیہ میں غور کرنے سے صاحب عقل اپنے اصلی مقصود پر پہونچ سکتا ہے۔ لیکن حسد و بغض کے نکمے مشغلوں نے منافقین کے دلوں اور انکی فکری قوتوں کو اب اس قابل نہیں چھوڑا کہ وہ عقاید حقہ کی طرف مائل ہو سکیں۔

(۱۶) مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا

داستان ایشان مانند داستان کسے است کہ افروخت آتش را

مثال انکی جیسے مثال اس شخص کی ہے جو جلاوے آگ

فَلَمَّا أَضَاءَتْ مَا حَوْلَهُ ذَهَبَ اللَّهُ

چوں روشن کرد آتش حوالی اورا دور ساخت خدا

پس جب روشن کیا جو کچھ کہ گرد اسکے تھا لے گیا اللہ

بِنُورِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِي ظُلُمَاتٍ لَا يُبْصِرُونَ

نور ایں گروہ را وبگذاشت ایشانرا در تاریکیہا ہیچ نہ بینند

روشنی انکی اور چھوڑ دیا انکو بیچ اندھیریوں کے نہیں دیکھتے

(۱۷) صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ۝

کرانند گنگانند کورانند پس ایشاں باز نمی گردند

بہرے ہیں گونگے ہیں اندہے ہیں پس وہ نہیں پھر آتے

مثلهم (داستان ایشاں - مثال انکی)

مثل لغت میں اس بات کو کہتے ہیں جسکا مورد (اصلی حالت - پہلی کیفیت) مضرب (موضع بیان) کو اچھی طرح واضح کردے اور سامع کے دل پر اسکی تصویر کا پورا نقشہ جما دے

اَلْمَثَل بالفتح والمثل بالکسر والمثیل کل واحد بمعنی النظیر والمعنی حالهم العجیبۃ الشان -

كمثل الذي (مانند حالت آن کسی است اسکی مانند ہے جس نے)

ک، بمعنی مثل ومانند - مثل کہاوت وحالت وقصہ امثال جمع -

اَلَّذِیْ، اسم موصول واحد[1] بجاے جمع یا اصل الذین ہے اور نون حذف ہوا ہے یا بمعنی کل واحد آ مثل کل واحدٍ منهم مثل قول یخرجکم طفلاً -

اے یخرج کل واحد منکم -

استوقد نارا (برافروخت آتش - آگ سلگاے)

[1] واحد بجاے جمع یعنی الذی بجاے الذین یا تو اس لحاظ سے ہے کہ الذی اسم جنس ہے اور اس کی طرف لفظ مفرد اور جمع دونوں بصفات کے ساتھ ضمیر راجع ہو سکتی ہے - اور یا الذی دراصل الذین ہے نون حذف کردیا گیا ہے - و یا الذی بمعنی کلو احد ہے وکمثل الذی - اے الذین مثل قولہ وخضتم کالذی خاضوا - اور واضح ہو کہ الذین جمع الذی نہیں ہے بلکہ وہ بذاتہ مفرد کلمہ ہے زیادتی معنی کے لئے اس میں زیادتی کیگئی ہے - ۱۲

اسے قصتہم العجیبۃ کقصۃ
التی استوقد نارًا یعنی استعیر
المثل للقصۃ او الصفت
استوقد بمعنی اوقد مثل استجاب
واجاب اور یا استیقاد یعنی
طلب وقود یعنی سطوع النار اس
تقدیر پہ کلام میں حذف ہے۔
والمعنی طلبوا نارًا واستدعوها
فاوقدوها فلما اضاءت
اسلئے کہ اضاءت طلب پر مترتب
نہیں بلکہ وہ ایقاد پر مترتب ہے ماضی ا۔ع
وقود سے مشتق ہے اور وقود نار
آگ کے روشن ہونے اور اسکی
لپیٹ اُٹھنے کو کہتے ہیں۔
اَلْاِستِیقَادُ آگ سلگانا۔ آگ کا
سلگنا۔

مصدر۔ استفعال۔ معتل۔
اِستَوقَدَ۔ یَستَوقِدُ۔ مُستَوقِدٌ
اِستَوقِد۔ لَا تَستَوقِد۔

نارًا۔ نار ایک نہایت لطیف روشن
وگرم جلانے والا عنصر ہے ماخذ اسکا
محاورہ عرب نار ینور ہے لِاَنّ
فیہا حرکۃ۔ واضطراب۔ یہ لفظ
مونث ہے اور اصل واو سے ہے
کیونکہ اس کی تصغیر نُوَیرَۃ اور جمع
نور۔ انور۔ ونیران بقلب واؤ یا
ماقبل مکسور آتی ہے۔

فلما اضاءت
پس وقتیکہ روشن کرد۔ پس جب کہ
(چمکایا)
اسے اضاءت النار۔
ف، تفریعیّہ (لما۔ لم۔ ما)
حرف شرط۔ یا ظرف بمعنی حین واذ
اضاءت، چمکا۔ چمکایا ماضی ا۔ع
الاِضَاءَۃ چمکنا۔ چمکانا۔ مصدر
افعال مہموز اللام لازم ومتعد
یقال اضاءت النار بنفسہا و
اضاءت لے غیرہا۔ اَضَاءَ
یُضِیءُ۔ مُضِیءٌ۔ مُضَاءٌ

آضِیْءُ ۔ لَا تُضِیْءُ ۔

(اماکن اطراف آں اسکو اطراف کی چیز وں کو) اسے

ماحول المستوقد ۔

ما، موصولہ ۔ یا زاید

حول، گردا گرد و اطراف ۔ مراد ملی ہوئی چیزیں ۔ اور یہ ظرف مکان لازم الظرفیۃ و اضافۃ ہے ۔ ویثنی و یجمع یقال حولیۃ واحوالہ و حوال وحوالیہ پس حول اور ایسے ہی حوال بمعنی جوانب ہے ۔ اور اصل میں یہ ترکیب موضوع ہے ۔ طواف و احاطہ کے لئے ہے اس لیئے سال کو حول کہتے ہیں ۔ بوجہ دور اس کے از روئے فصل و موسم کے اور کہا ہے اصل میں تغیر شئی اور اسکے انفصال کو کہتے ہیں اسی سے ہے استحالہ ۔ یقال دار حولہ وحوالیہ ۔

(ربہ برد خداوند روشنی آتش ایشاں را

ذهب الله بنورهم

۔ یا دور ساخت نور ایں گروہ را لے گیا اللہ ان کی روشنی) قال اللہ بنورهم ولم یقل بنارهم لان النور هو المقصودة ۔

ذهب، لے گیا ماضی الذهاب والذهوبُ ۔ والمذهبُ جانا چلنا ۔ مصدر ف ۔ ذَهَبَ یذهَبُ ۔ ذاهب ۔ مَذهُوبٌ اِذْهَبْ ۔ لَا تذهَبْ ۔ وذَهَبَ بہ استصحبہ وذَهَبَ معہ

ب، حرف تعدیہ فعل لازم کو متعدی بنانے کے لئے لائی گئی ہے ۔ اور یہ حرف جر ہے ۔ بواسطہ ہمزہ بھی متعدی ہوتا ہے ۔ یقال ذهب بہ و ذهب ۔ لیکن اسجگہ بواسطہ با متعدی لانے کی یہ وجہ ہے کہ با ازالہ و الصاق و مصاحبۃ کے معنی دیتا ہے پس ذهب بالشئ سے یہ مراد ہوتی ہے انہ استصحبہ وامسکہ

عن الرجوع الی الحالۃ الاولی
اور اذھب سے یہ معنی مراد نہیں
لے سکتے۔ ابو العباس کہتے ہیں
ان ذھبت بزید مقتضی ہے
ذہاب متکلم مع الزید کو سوائے
اذھبتہ کے پس یہ آیۃ شدت اخذ
پر دلالت کرتی ہے جس سے رجوع
ممکن ہی نہیں۔

نور، (روشنی ضد تاریکی) یہ ایک
کیفیت ہے جس کے ذریعہ سے
آنکھ دکھنے والی چیزوں کو دیکھتی ہے،

ھم، ضمیر جمع راجع بالذی
برعایت معنی موصول۔

وَتَرَكَهُمْ (اور چھوڑ دیا ان کو) ترک بمعنی طرح شی یقال
ترک العصا من یداہ و بمعنی تخلیہ

شئے محسوس ہو خواہ غیر محسوس اگرچہ
اسکے ہاتھ میں نہ ہو مثل ترک وطنہ
ودینہ اور کہا ہے اصل میں محسوسات
کی مفارقت کے لئے وضع ہے
اور معانی میں بطور استعارہ استعمال
کرتے ہیں۔

ترک، باب ن، ع۔ الترک چھوڑ دینا
مصدر ف۔ ض۔ تَرَكَ۔ یَترُكُ
تَارِكٌ۔ متروكٌ۔ اُترُكْ۔
لا تَترُكْ

ھم، راجع بالذی یا اصحاب مثل

فِي ظُلُمٰتٍ (اور تاریکیوں اندھیروں میں)

فی، حرف جار ظرفیہ۔

ظلمات[1]، جمع ظلمۃ اندھیرا و
تاریکی جس میں آنکھ اچھی طرح دوسری
چیزوں کو نہ دیکھ سکے۔ اور کہا ہے یہ

---

[1] ظلمات جمع ظلمۃ۔ ھم کا مرجع اگر اصحاب مثل مستوقدین نار ہیں۔ تو ظلمات سے مراد
ظلمۃ لیل و ظلمۃ تراکم غمام و ظلمۃ انطفائے نار ہے (جمل) اور اگر مرجع ضمیر منافقین
ہیں۔ تو ظلمۃ سخطہ و ظلمۃ عقاب یا ظلمۃ کفر و ظلمۃ نفاق مراد ہے (بیضاوی)

اس کیفیت کا نام ہے جو مانع ہوتی ہے
ابصار سے اس چیز کے جو اس میں ہے
مراد ظلمۃ لیل۔ ظلمۃ تراکم غمام۔
ظلمۃ انطفاء نار و یا ظلمۃ سختہ ظلمۃ
عقاب سرمدی یا ظلمۃ کفر و ظلمۃ نفاق
و ظلمۃ یوم القیامۃ اور کہا ہے کہ
قرآن میں جہاں کہیں ظلمات کا لفظ
واقع ہے بصیغہ جمع واقع ہے اور
نور کا لفظ ہر جگہ بصیغہ مفرد آیا۔ اس کا
سبب یہ ہے کہ ظلمت قلیل المقدار
بھی کثیر ہے اور نور خواہ کتنا ہی کثیر ہے
اسے قلیل سمجھنا چاہیئے کہ وہ
ضرر نہیں دیتا۔ اور یا اس لئے کہ
ظلمۃ و نور سے اکثر مراد کفر و ایمان
ہوتا ہے۔ پس قلیل کفر کثیر الضرر ہے
اور کثیر الایمان قلیل ہے جسکی طلب
کی کوئی حد نہیں اور اس لئے کہ
معدن ظلمت یعنی کفر قلوب کفار
ہیں اور وہ بظاہر گو ایک معلوم

ہوتے ہیں لیکن در اصل وہ پراگندہ
اور متفرق ہوتے ہیں۔
قال اللہ تعالیٰ تَحْسَبُہُمْ جمیعا و
قلوبہم شَتّٰی ۔ اور مشرق نور قلوب
مؤمنین ہیں۔ اور وہ جملہ مثل قلب
رجل واحد کے ہیں۔ اور کہا ہے
ظلمت کے معنی اصل میں منع کے
ہیں یقال ماظلمک ان تفعل
کذا۔ اے ما منعک اور کہا ہے ظلم
بالفتح ہر شے حائل کو کہتے ہیں جو
ناظر کی نظر کو روک دیتی ہے اور اسکی
لئے سدراہ بنجاتی ہے یقال
لقیتہ اول ذی ظلم اے اول
شخص یسد بصری و ذرتہ واللیل
ظلم اے مانع من الزیارت

(لا یبصرون)

(ہیچ نہ بینند۔ نہیں دیکھتے۔)
لَا یُبْصِرُوْنَ، مضـ ج ع منفی
الابصار دیکھنا مصدر افعال۔ اَبْصَرَ
یُبْصِرُ۔ مُبْصِرٌ۔ اَبْصِرْ۔ لَا تُبْصِرْ

(کرانند۔ گنگا شند۔ کورانند۔ بہرے ہیں۔ گنگے ہیں۔ اندھے ہیں)

صُمٌّ، جمع اصم۔ صمم اس بیماری کو کہتے ہیں جس سے قوت سماعت میں فرق آجاتا ہے۔ اسکے اصلی معنی صلابت اور ٹھوس پن کے ہیں۔ جو اجتماع اجزا سے پیدا ہوتے ہیں۔ شنوائی کے مفقود ہونے کا نام صمم اسلئے رکھا گیا ہے کہ اس بیماری کا سبب کان کے اندرونی اجزاء کا ٹھوس ہوجانا اور منافذ کا بند ہونا ہے جس سے خارج کی ہوا کان کے اندر نہیں پہونچ سکتی قال واصلہ من الصلابۃ او السد ومنہ قولہم قناۃ صماء وصممت القارورۃ۔

بکمٌ، جمع ابکم گنگا مع تجربیان وبلاہت مگر جو سمجھے اور بول نہ سکے اسے اخرس کہتے ہیں۔ بعضوں نے دونوں کو ایک ہی کہا ہے۔ ماخذ بکم یعنی گنگی وکرے مادرزاد اور کہا ہے ابکم اس بیوقوف کو کہتے ہیں جو کچھ سمجھ نہیں سکتا اور نہ طریق جواب کو پہچانتا ہے اس تقدیر پر بکم بیماری قلب کا نام ہے۔

عمیٌ، جمع اعمی اندھا۔ اور وہ شخص جسکا خیال اور فکر ہرا بہرا نہ ہو۔ العمی بینائی فکر وخیال میں خلل واقع ہونا۔

(پس ایشاں باز نمی گروند۔ وہ نہیں پھرینگے)

(الذی استوقد نارا لما ذھب اللہ بنورھم وترکھم فی ظلمات اذ ھشتھم واختلت حواسھم فھو متحیرون فیہ۔

ف، حرف عطف فصیحیہ۔ سببیہ۔ مظہر ہے کہ اوصاف مذکورہ سے انکا متصف ہونا سبب ہے انکے تحیر و اختباس کا۔

هو، (الذی یا من الناس)
جمع برعایت معنی موصول۔
لَا یَرْجِعُوْنَ، مضارع منفی الرجع
والرجوع والمرجع والمرجعۃ و
الرُّجعیٰ والرُّجعانُ۔
بازگردیدن واپس رجوع ہونا مصدر
ک۔ ف رَجَعَ۔ یَرْجِعُ۔ راجِعٌ۔
مرجوعٌ۔ اِرْجِعْ۔ لَا تَرْجِعْ
مَثَلُهُمْ، مضاف مضاف الیہ مبتدا
کَ، جار۔ مثل مجرور مضاف
الذی .... موصول
اِسْتَوْقَدَ، فعل مع فاعل
نارًا .... مفعول

لَمَّا، شرطیہ، اضاءت، فعل مع ضمیر فاعل
ما، موصوفہ یا موصولہ
حولہ، مضاف مضاف الیہ ظرف
متعلق ثابت
ذهب، فعل، الله فاعل
لے ذهب الله بضوءهم و
ان کان ذهب الله غیر داخل
فی التمثیل فالمعنی ذهب الله
نورا یسا نهو
نورهم، بواسطہ حرف با مفعول
ویا اضاءت .... فعل لازم
ضمیر نار یا ضمیر مستتر .... فاعل
وتانیث فعل بوجہ تاویل فاعل با کلمہ وجہات

لہ ذهب الله۔ الخ جواب لما اور یہ سببیت ادعائی ہے چونکہ ترتب اذہاب نور اضاءت نار پر بلا مہلت ہوا ہے لہذا اسکو گویا سبب قرار دیا ہے۔ اس لئے کہ شرطیت مجرد توقف کافی ہوسکتا ہے۔ مثل لو کان لی مال حججت اور اذہاب متوقف علی الاضاءت ہے۔

مَا، موصولہ یا موصوفہ
حولہ، ظرف متعلق ثبت
صلہ یا صفت
(ظرف)
ویا۔ مَا، زاید۔ حولہ، ظرف متعلق لفعل
ویا۔ اضاءت ....فعل لازم
ماحولہ، موصول صلہ یا موصوف صفت فاعل
(جملہ فعلیہ) (جملہ فعلیہ)

ترک۵۲ بمعنی صیر، فعل مع الفاعل
ھم، مفعول(۱)
فی جار ظلمات مجرور مفعول(۲)
لا یبصرون، حال ضمیر
منصوب مقرراً نتقاسے
نور یا کلمیہ
(جملہ فعلیہ معطوف بر ذھب)

۵۱ ظرف اور تقدیر فی کی کچھ ضرورت نہیں جیسا کہ بعض نے کہا ہے کیونکہ ما سے موصولہ یا موصوفہ جب ظرف ہوتا ہے تو اس سے مراد وہ امکنہ ہو سکتے ہیں جو مستوقد کو محیط ہیں اور وہ جہات ستہ ہیں اور وہ منصوب بظرفیہ ہیں قیاساً اور یہی حالت ہے اسکی جس کی تعبیر کیگئی ہے ساتھ اس کے اسے فکذا اما عبر بہ عنہا۔ لیکن اولی الوجوہ یہ ہے کہ اضاءت فعل متعدی ہے اور مَا موصولہ ہے اور اسکو "زیادہ" کہنے کی کوئی وجہ نہیں۔ اور اگر فاعل ضمیر نار ہے اور فعل کو لازم مانا جائے تو اسنادِ فعل لازم کی طرف ہوگی کیونکہ مستوقد کے اطراف مین نار کا پھیلا یا جانا ضروری نہیں ہے اور نہ یہ اس سے مراد ہو سکتی ہے بلکہ اس کے اطراف اس کا ضؤ و اشراق کا ہونا مراد ہے جو لازم نار ہے اور ظرف قاصر از متعدی فعل ہے۔

۵۲ ترک یہاں ترک بمعنی صیر ہے کیونکہ اس سے صرف اہمال ہی منظور نہیں لہذا یہ دونوں مفعولوں کی طرف متعدی ہوا ہے اور ظلمات سوائے کسی متعلق کے اسکا دوسرا مفعول ہے اور لا یبصرون ظلمات کی صفت ہے بتقدیر فیہا اور یا حال ہے ضمیر مستتر سے یا ہم سے لیکن یہ جائز نہیں کہ فی ظلمات حال ہو اور لا یبصرون مفعول ثانی اور اگر متعدی بواحد مانا جائے بمعنی طرح وخلی تو ھم، اسکا مفعول ہے اور فی ظلمات اور لا یبصرون دونوں حال ہونگے حالاں مترادفان مفعول سے اور یا متداخلان ہیں اول مفعول سے، اور ثانی اس کی ضمیر سے اور یا فی ظلمات ہتوکھم کے ساتھ متعلق ہے اور لا یبصرون حال ہے۔ ۱۲

لَا يُبْصِرُونَ، فعل مع الفاعل
مَا حَوْلَهُمْ ... مفعول
لان من کان فی الظلمۃ لا یبصر
ویا۔ لما اضاءت ما حولہ شرط
خمدت نارھم محذوف جزا
و۔ ذھب اللہ بنورھم وترکھم
ہر دو جملہ مستانفہ وجواب سوال ہے کانہ قیل عما
بالھم شبہت حالھم بذالک
یا ہر دو جملہ بدل جملہ تمثیلیہ علی سبیل البیان
اور ضمیر منافقین کے لئے ہے۔
صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ ہر سہ خبر بعد خبر
ھم، محذوف ... مبتدا
یہ جملہ اسمیہ ترکھم کی ضمیر منصوب سے حال ہے
یعنی الذی استوقد نارا
لما ذھب اللہ بنورھم وترکھم
فی ظلمات ادھشتھم
واختلت حواسھم فالکلام

علی الحقیقۃ
وان کان ضمیر بنورھم راجعا
الی المنافقین فالمعنی انھم
لما لم یسمعوا الحق وابوا ان
ینطقوا بہ ویبصروا الآیات
ویتفکروا فیھا صاروا کانھم
انتفت مشاعرھم وقواھم
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
ھم ... مبتدا
لا یرجعون بمعنی لا یعودون
فعل مع فاعل
الی الھدی، مقدر ... متعلق
ای لا یعودون الی الھدی الذی ضیعوہ
ویا۔ لا یرجعون، فعل مع الفاعل
عن الضلالۃ مقدر ... متعلق

ف مثلھم الخ متعدد صفات بیان کرنے کے بعد مزید صفات کے لئے
منافقین کی حالت کو مثال دیکر سمجھایا گیا ہے کہ نور ہدایت کے عوض گمراہی اور

کفر کی تاریکی خرید کرنے والوں کی مثال اس بھٹکے ہوئے شخص کی مانند ہے
جو اندھیری رات میں لق و دق جنگل اور سنسان گھاٹیوں میں بھٹک کر
راستہ ٹٹولنے کے لئے آگ سلگاتا ہے۔ اور اسکی روشنی سے کچھ دور و نزدیک
کی چیزیں دیکھ کر اس خیال سے آگ بجھا دیتا ہے۔ کہ اب آنکھیں کھل گئی
ہیں۔ جنگل کی نشیب و فراز دیکھ لی ہے۔ اب آنکھیں کھل جانے کے بعد
رات کی تاریکی اور جنگل کی بھول بھلیاں مجھے دھوکہ نہیں دے سکیں۔
لیکن اندھیرا چھا جانے کے بعد ویسے ہی حیران اور متحیر رہجاتا ہے۔ یہی
حالت نا عاقبت اندیش منافقین کی ہے کہ صرف جان و مال کی حفاظت
اور شرکت تقسیم غنائم ہی کو ایمان کی غائت سمجھ کر حمایت اسلام میں داخل
ہو جاتے ہیں۔ اور اہل ایمان سے ظاہری رفاقت۔ معمولی میل جول اور زبانی
اقرار توحید کے سوائے سچی صداقت رسالت اور واقعی تصدیق نبوت و
توحید کی ضرورت نہیں سمجھتے۔ جس سے آنکھیں بند ہونے کے بعد جب
عذاب کی تیرہ و تاریک اندھیریوں میں چھوڑے جاتے ہیں۔ تو حیران
رہجاتے ہیں۔ اور پچھتاتے ہیں مزید براں یہ لوگ ضدی اور ہٹ دھرم
بھی ہیں اپنے مطلب کے سوائے کچھ سنتے نہیں اور اگر
سنتے ہیں تو اسپر عمل نہیں کرتے جیسے کہ بہرے ہیں۔ اور گونگے بھی ہیں
کہ کفر و نفاق کے سوائے کچھ زبان پر نہیں لاتے۔ اظہار حق میں انکی
زبان ہرگز نہیں کھلتی اور اندھے بھی ہیں کہ آبائی رسم و رواج کے بغیر
بھلائی اور برائی حسن و قبح اشیا میں تمیز نہیں کرسکتے۔

اس مثال میں دنیاوی قلیل نفع کو نور سے اور آخرت کے ضررِ عظیم کو ظلمت اور
تاریکی سے تشبیہ دیگئی ہے وقال المظهری والاٰية مثل ضربه الله
لمن اتاه ضربًا من الهدی فاضاعه ولم يتوصل به الی النعيم
الابد فبقی متحيرا متحسرا ومثل لايمانهم من حيث انه يعود عليهم
بحقن الدماء والاموال ومشاركة المسلمين فی المغانم
وللذهاب اثره باهلاكهم فی الاخرة او افناءها لهم فی الدنيا
باطفاء الله اياه۔

١٨ اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ وَّرَعْدٌ

یا داستان ایشاں مانند باران بزرگ است آمدہ از آسمان کہ باشد درو سے تاریکیہا و رعد

یا مانند مینہ کے آسمان سے بیچ اس کے اندھیرے ہیں اور گرج ہے

وَّبَرْقٌ ۚ يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ

و برق درمے آرند انگشتان خود را در گوش خود بسبب

اور بجلی کرتے ہیں انگلیاں بیچ کانوں اپنے کے

الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ۭ وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِا

آوازہائے پرہول بترس مرگ و خدا احاطہ کنندہ است

کڑک سے ڈر موت کے سے اور اللہ گھیرنے والا ہے

الْكٰفِرِيْنَ ⑲ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَھُمْ ۭ

کافراں را نزدیک است کہ برق بربابد چشمہائے ایشاں را

کافروں کو نزدیک ہے کہ بجلی اچک لیجاوے آنکھیں ان کی

كُلَّمَآ أَضَآءَ لَهُم مَّشَوْا فِيهِ ۙ وَإِذَآ أَظْلَمَ

ہرگاہ روشنی دہد　برق ایشاں را　راہ روند دراں روشنی　و چوں تاریکی دہد

جب روشنی دیتی ہے انکو چلتے ہیں بیچ اسکے　اور جب اندھیرا کرتی ہے

عَلَيْهِمْ قَامُوا ۚ وَلَوْ شَآءَ ٱللَّهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ

بر ایشاں　بایستند　واگر خواستے خدا　ہر آئینہ ببردے　شنوائی ایشاں

اوپر انکے　کھڑے ہورہتے ہیں　اور اگر چاہے اللہ　لیجاوے　کان　انکے

وَأَبْصَٰرِهِمْ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ ۝

و دیدہائے ایشاں را　ہر آئینہ خدا　بر ہمہ چیز　توانا است

اور آنکھیں انکی　تحقیق اللہ　اوپر ہر چیز کے　قادر ہے

كَصَيِّبٍ مِّنَ ٱلسَّمَآءِ

۶ (یا داستان ایشاں یا انکی مثل)

اَوْ، حرف عطف مظہر تساوی طرفین

(مانند باران بزرگ قطرہ آمدہ از آسمان

جیسے مینہ آسمان سے پڑے)

كَ، بمعنی مثل حرف جر۔ اور کہا

ہے کہ زائد ہے بوجہ داخل ہونے

لفظ مثل اوّل کے اسپر حکماء۔

صَیِّب، اسم جنس یا صفت بمعنی

نازل اصل۔

(صیوب بروزن فیعل و یا صویب

فعیل ہے باران بزرگ قطرہ اور سخت

بارش فصیغۃ للمبالغۃ اور تنکیر

سك اَوْ کلمۂ او کلام خبری میں شک کے معنی دیتا ہے لیکن جبکہ وہ کلام متضمن معنی تخییر و تسویہ ہو تو

معنی شک سے مجرد ہوکر تسویہ و تخییر میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے کہ اس جگہ جزو تشبیہ

کے مساوات کو ظاہر کرتا ہے۔ ۱۲

تفخیم وتنویع کے لئے ہے۔ مصدر صوب بمعنی نزول ووقوع فعل اجوف

مِنَ، ابتدائیہ یا تبعیضیہ بحذف مضاف لے من امطار السماء

السَّمَاءِ (اوپر۔ آسمان۔ افق۔ کنارہ آسمان) اصل سماو۔ واو اس کی ہمزہ سے بدل ہوئی ہے اور یا سمو ہی اور جب اس کے ساتھ تائے تانیث لاتے ہیں اُس وقت واو کا لانا ضروری ہے مثل سماوۃ جمع اسکی سموات واسمیہ افعلہ وسمائی فعائل آتی ہے اور یہ جموع شاذہ ہیں

ال، استغراقی لے محیط لجملہ افاق آسمان اور ہوسکتا ہے کہ سماء سے سحاب مراد ہو اس تقدیر پر الف لام تعریف ماہیۃ کے لئے ہوگا۔

فِيْهِ ظُلُمٰتٌ (کہ باشند دروے تاریکیہا۔ کہ اس میں اندھیرے ہیں)

فی، بمعنی مع یا ملابست۔

ہ، ضمیر راجع بصیب یا سحاب ویا سماء والسماء یذکر ویؤنث کما فی قولہ تعالیٰ والسَّمَاءُ منفطر بہ واِذا السَّماء انفطرت۔

ظلمات، جمع ظلمۃ صفۃ

وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ (واواز صعب وبرق۔ اور گرج وبجلی)

رعد[1]، مصدر بمعنی لرزیدن بمعنی ارعد وہ سخت آواز جو اجرام سحابی کے اصطکاک یا اجزائے دخانیہ کے خرق

---

[1] رعد وبرق۔ لکھا ہے کہ آفتاب کی تیز شعاعیں جب خشک زمین پر پڑتی ہیں تو اس سے اجزائے ناریہ اجزائے ارضیہ کے ساتھ ملے ہوئے اُٹھتے ہیں اس کا نام دخان ہے۔ اور ایسے ہی مرطوب زمین سے بخار اُٹھتا ہے اور یہ دونوں آفتاب کی قوت جاذبہ کے باعث اوپر چڑھتے ہیں اور طبقہ باردہ میں پہونچکر بخار منجمد ہو جاتا ہے اور اجزائے ارضیہ کے ساتھ ملکر سحاب کی صورت اختیار کرلیتا ہے اور دخان اسکے دل کے اندر محتقن اور محبوس رہجاتا ہے

سے پیدا ہوتی ہے۔

برق، مصدر بمعنی بارق وہ چمکاہٹ جو ابر سے ظاہر ہوتی ہے۔ یقال برق الشی بریقا اذا لمع

(درمی آرند - ڈالتے ہیں۔)

یجعلون، جمع مضارع الجعل نمودن - کردن - مصدر ف جَعَلَ یَجْعَلُ جَاعِلٌ - مَجْعُول - اِجْعَلْ لَاتَجْعَلْ

(انگشتان خودرا در گوشہاے خود - انگلیاں اپنے کانوں میں)

اصابع، جمع اصبعہ (انگلیاں)

ھم (اصحاب صیب)

اٰذان، جمع اُذن (گوشہا - کان)

نوٹ صفحہ ۱۴۱ - پس اگر اسپر برودت غالب نہیں آتی اور وہ اپنی طبیعت پر قائم رہتا ہے تو مقتضی صعود رہتا ہے اور اگر ثقیل و بارو ہو جاے تو نزول کا مقتضی ہوتا ہے - اور دونوں صورتوں میں وہ زور سے جوش مارتا ہے اور بادل کو پھاڑ دیتا ہے اس سے آواز پیدا ہوتی ہے اور کبھی حرکت کی تیزی سے اس میں روشنی پیدا ہو جاتی ہے - پس یہ آگ یا روشنی اگر لطیف ہے تو اسے برق کہتے ہیں اور اگر غلیظ ہے تو صاعقہ اور بسا اوقات برق رعد کا باعث ہوتی ہے کیونکہ دخان مشتعل کبھی وہیں سحاب میں منطفی ہو جاتا ہے اور اسکی حرارت و تیزی بادل کی برودت و مائیت سے سرد ہو جاتی ہے اس وقت اس سے آواز پیدا ہوتی ہے جسطرح کہ جلتے کوئلہ کو جب پانی میں بجھاتے ہیں تو اس سے ایک قسم کی آواز نکلتی ہے اور رعد و برق دونوںکا ظہور ایک ہی وقت ہوتا ہے مگر برق فوراً دکھائی دیتی ہے کیونکہ ابصار صرف محاذات کی محتاج ہے رفع حجاب کے بعد اسکے لئے کوئی مانع نہیں رہتا اور رعد کی آواز اس لئے بعد میں سنائی دیتی ہے کہ وہ بواسطہ تموج ہوا قوت سامعہ تک پہونچتی ہے - اس لئے اسکے پہونچنے میں دیر ہوتی ہے -

(آواز ہولناک۔ کڑک کے ڈر سے)

مِنْ بمعنی اجل مثل لام جو سبب پر داخل ہوتا ہے
الصّواعق۔ ال، عہد ذکری جو پہلے
بعنوان رعد بذریعہ تنوین ذکر ہو چکا ہے
صواعق[۱] جمع صاعقہ اصل میں صفت
ہے صعق بمعنی صراخ سے اور تا
اسکی تانیث کے لئے ہے اگر یہ مؤنث
کی صفت ہے اور اگر نہیں تو مبالغہ
کے لئے ہے اور یا علامت نقل ہے

وصفیت سے طرف اسمیت کے اور کہا ہے
اصل میں یہ مصدر ہے مثل عافیۃ
وعاقبۃ اور اطلاق اسکا ہر ایک پر ہول
مسموع ومشاہد پر ہوتا ہے اور مشہور یہ
ہے کہ وہ رعد شدید ہے معہ قطعہ نار
کے جسپر گزرتی ہے اُسے جلا دیتی
ہے اور اس کے اجرام حجری وحدیدی
بھی ہوتے ہیں۔
والتاء للمبالغۃ۔ صعق اس مہیب

---

[۱] صواعق جمع صاعقہ بادل کی پرہول آواز اور وہ لطیف آگ جو ابر سے نیچے گرتی ہے۔ لکھا ہے کہ دہواں اور بخار جب باہم مخلوط ہوکر اوپر کی جانب اُٹھتے ہیں اور سردی کی حد تک پہونچتے ہیں وہاں بخار تو سرد ہوکر رہجاتا ہے اور دہواں زور سے اوپر کیطرف نفوذ کرتا ہے اس شدت حرکت سے ایک سخت آواز پیدا ہوتی ہے اسے رعد اور کڑک کہتے ہیں۔ کبھی سخت حرکت اور شدت نفوذ سے وہ دہواں روشن ہو جاتا ہے اسے برق اور بجلی کہتے ہیں کبھی بیحد سردی کی وجہ سے دہواں جم جاتا ہے اور زمین پر گرتا ہے اسے صاعقہ کہتے ہیں۔ وقال المظہری والصعق شدۃ الصوت بحیث یموت من یسمعہا او یغشی علیہ ویطلق علی الموت والغشی الحاصل بہا کما فی قولہ تعالی فصعق من السموات والصواعق جمع صاعقۃ والتاء للمبالغۃ او للمصدریہ ویقال لکل عذاب مہلک صاعقۃ والمراد بہ ھھنا قصیفۃ رعد ھائل مع نار لا تمر بشیٔ الا اھلکتہ۔ ۱۲

اور سخت آواز کو کہتے ہیں جس کی شدت وہشت سے سننے والا بیہوش ہو جاوے یا مر جاوے اور کبھی اس کا اطلاق موت اور غشی پر بھی ہوتا ہے کما فی قولہ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ اور عذاب مہلک کو بھی صاعقہ کہتے ہیں یہاں پر مراد اس سے سخت بجلی ہے کہ جہاں گرتی ہے اسے فنا کر دیتی ہے۔

حَذَرَ الْمَوْتِ (بترس موت - موت کے ڈر سے)

حذر، دہشت و بمعنی ترسیدن۔

الموت، زوال حیات، انقطاع تعلق روح بدن سے۔

وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ (و خدا در گیرندہ است کافران را - اور اللہ گھیر رہا ہے منکروں کو)

محیط، احاطہ کنندہ - وہ شے جو دوسری شے کو اپنے اندر لے لے - اصل محوط

ب، حرف جر بمعنی الصاق۔

ال، جنسی یا استغراقی کافرین مظہر بمقام مضمر گویا ذوی الصیب اپنے کفر کے باعث اس عذاب کے مستحق سمجھے گئے ہیں

يَكَادُ الْبَرْقُ (نزدیک است کہ روشنی برق - قریب ہے بجلی کہ)

یکاد (یکود) مضارع الکود - وَالْكَادُ - وَالْمَكَادَةُ نزدیک ہونا فعل کے اور نہ کرنا اس کو۔

مصدر ک - ف اجوف واوی کَادَ یَکَادُ - کَائِدٌ - مَکُوْدٌ - کَدْ - لَا تَکَدْ

البرق، ال، عہدی و مراد برق مذکور جو اولاً بطور نکرہ مذکور ہے۔

يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ (بربایند چشمہا یا بینائیہاے ایشان را - اچک لیجاوے آنکھیں اُن کی -)

یخطف، مضارع الخطف بسرعت در ربودن - اچک لینا مصد

ل **یکاد**، مضارع افعال مقاربہ سے ہے جو اپنے مابعد کے فعل کی قربت وقوع پر دلالت کرتے ہیں لیکن لائے نفی کے داخل ہونے کے بعد محض وقوع فعل مابعد کو ظاہر کرتے ہیں اسجگہ یکاد خبر محض ہے

ک - ت - خَطِفَ - یَخْطَفُ - خَاطِفٌ -
مَخْطُوْفٌ - اِخْطَفْ - لَا تَخْطَفْ
ابصار، جمع بصر (آنکھیں و بینائی)
ضوء (اصحاب صیب)

کُلَّمَا ۱۹ (ہرگاہ - جب)
کلما، اسم ظرف زماں متضمن معنی شرط
لے کل زمان اضاءۃ و یا کل وقت
اضاء لھم فیہ -

اَضَاءَ لَھُمْ ۱۰ (روشنی دہد برق ایشاں را - جب بجلی روشنی
دیتی ہے انکو یا جس بار بجلی چمکتی ہے)
اضاء، ماضی بمعنی مضارع بوجہ کلما
الاضاءۃ روشن ہونا اور روشن کرنا - مصدر
افعال اجوف مہموز اللام -
اَضَاءَ - یُضِیْءُ - مُضِیْءٌ - مُضَاءٌ
اَضِیْءْ - لَا تُضِیْءْ -
ھُمْ ل، بمعنی علی - ھم اصحاب صیب

مَشَوْا فِیْهِ ۱۱ (رواں میشوند - دراں یا روند دراں
چلتے ہیں اس روشنی میں)
مشوا، ماضی ج - غ - بمعنی مضارع
بوجہ جواب شرط - المشی و التمشاء
راستہ چلنا - مصدر - ف - ک
ناقص - مَشٰی - یَمْشِیْ - مَاشٍ
مَمْشِیٌّ - اِمْشِ - لَا تَمْشِ -
فیه، فی ظرفیہ - ہ - ضمیر راجع بضوء
لے مشوا فیه لحرصهم علی
المشی دون الوقوف و لذلك
ذکر کلما مع الاضاءۃ دون الاظلام

وَاِذَا اَظْلَمَ عَلَیْهِمْ ۱۸ ۱۹ (و ہرگاہ تاریکی دہد بر ایشاں - اور جب
ان پر اندھیرا کرتی ہے - یا جب اندھیرا پڑا)
اذا، اسم ظرف زمان متضمن بمعنی شرط -
اظلم، ماضی ا - ع بمعنی مضارع
اے اختفی عنھم -

لے کلما، اسم ظرف زماں یہ مرکب ہے کل اسم ظرف اور ما ے مصدریہ سے یا ما ے نکرہ موصوفہ سے جسکے
معنی وقت کے ہیں - بتقدیر اول لفظ زماں محذوف ہے اور تقدیر عبارت یہ ہے (کل زمان اضاءۃ)
اور بتقدیر ثانی عاید محذوف ہے (اے کل وقت اضاء لھم فیه)

تاریک شدن و تاریکی شدن مصدر
لازم و متعدی مصدر افعال۔ اَظْلَمَ
یُظْلِمُ۔ مُظْلِمٌ اَظْلِمْ۔ لَا تُظْلِمْ
عَلَیْہِمْ لے علی اصحاب الصیبا
والمعنی اختفی عنہم اور یا متعدی ہے
اور مفعول اس کا محذوف ہے التقدیر
اذا اظلم البرق بسبب خفائہ
معاینۃ الطریق قالوا اے وقفوا
عن المشی مجازاً اس سے کساد شو
مراد ہوئی ہے اسی سے ہے قامت
السوق جسکو ہندی میں کہتے ہیں
بازار ٹھنڈا ہے اور اسکے مقابلہ میں
ہے۔ مشت المال جسکو ہندی

میں کہتے ہیں بازار تیز ہے۔ یا بھاؤ
تیزی پر ہے۔
(ٹھہر جاتے یعنی کھڑے ہو جاتے ہیں)
قَامُوا، ماضی ج غ بمعنی مضارع
بوجہ جواب شرط القیام، کھڑا ہونا
اُٹھنا ٹھہر جانا۔ مصدر ف۔ ض اجوف
قَامَ۔ یَقُوْمُ۔ قَائِمٌ۔ مَقَامٌ
قُمْ۔ لَا تَقُمْ۔
یقال قَامَ قَوْمًا وقَوْمَۃً۔ وَقِیَامًا
وقامۃً بمعنی انتصب۔
(اور اگر خواستے خداوند۔ اور اگر چاہے
یا چاہتا خداوند۔)
لَوْ، کلمہ شرط مظہر تعلیق مشروط بحصول

لہ لو۔ یہ لفظ زمانہ ماضی میں امر مفروض کے حصول پر مشروط کے معلق ہونے کی خبر دیتا ہے اور کہا گیا ہے کہ یہاں پر کلمہ لو اپنے معنوں سے مجرد ہو کر صرف شرط اور جزا کے ربط کے لئے واقع ہوا ہے مثل ان کے لو یشاء اللہ ان یذھب بسمعہم الخ لیصل ولکن لم یشاء۔ جاننا چاہیئے کہ لو۔ گزشتہ زمانہ میں حرف شرط ہے اور یہ مضارع کو ماضی کے معنی میں بدل دیتا ہے اور اِنْ شرطیہ کے برعکس ہے اس کے امتناع کا فائدہ: شے کی کیفیت میں اختلاف کیا گیا ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ وہ کسی وجہ سے بھی

امر مفروض اور کہا ہے مظہر امتناع ثانی بوجہ امتناع اوّل مثل لوکان فیہما اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لفسدتا۔	شَاءَ، ماضی۔ اَلْمَشِیْئَةُ وَالْمَشَاءَةُ وَالْمَشِیْئَةُ خواستن چاہنا۔ مصدر ف ت ناقص۔ شَاءَ۔ یَشَاءُ

بقیہ نوٹ صفحہ ۱۴۵ ۔ امتناع کا فائدہ نہیں دیتا۔ نہ شرط کے امتناع پر اور نہ جواب کے امتناع پر دونوں میں کسی ایک پر بھی دلالت نہیں کرتا بلکہ یہ محض اسواسطے آتا ہے کہ جواب کو اس شرط سے ربط دیدے جو کہ زمانہ ماضی سے متعلق ہونے پر اسی طرح دلالت کیا کرتی ہے جسطرح کہ "اِنْ" زمانہ مستقبل کے ساتھ شرط کا تعلق ہونے پر دال ہوتا ہے اور لو بالاجماع کسی امتناع یا ثبوت پر دلالت نہیں کرتا۔ ابن ہشام کہتا ہے یہ قول ایسا ہے جیساکہ بدیہی باتوں سے انکار ہوا کرتا ہے کیونکہ جو شخص "لو فعل" کو سنیگا وہ اس سے بلاکسی تردد کے فعل کے واقع نہ ہونے کو سمجھ لیگا اور یہی باعث ہے کہ "لو" کا استدراک جائز ہے چنانچہ ہم کہہ سکتے ہیں "لو جاء زیدٌ" اکرمتہ لکنہ لم یجیٔ دوسرا قول سیبویہ یہ کہتا ہے کہ "لو" اس شرط کو ظاہر کرنے والا حرف ہے جو کہ عنقریب اپنے غیر کے وقوع کے باعث واقع ہوگی یعنی یہ وہ ایک ایسے فعل ماضی کا مقتضی ہوتا ہے جسکے ثبوت کی توقع اسکی غیر کے ثبوت کی وجہ سے کیجاتی ہے اور متوقع غیر واقع ہے یعنی جسکی توقع کیجاتی تھی وہ واقع نہیں ہوا۔) پس اسکے یہ معنی ہوئے کہ "لو" ایسا حرف ہے جو اس طرح کے فعل کو چاہتا ہے کہ وہ بوجہ امتناع اس شے کے جس کے ثبوت کی وجہ سے یہ بھی ثابت ہونا ممتنع ہوگیا ہے ۔ قول سوم عام نحوی کہتے ہیں کہ "لو" بوجہ کسی امتناع کے حرف امتناع ہے یعنی وہ شرط کے ممتنع ہونے کے باعث جواب کے امتناع پر دلالت کرتا ہے ۔ پس تمہارا قول "لو جئت لاکرمتہ" اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ آنیکا

شَآءَ - مَشِیْءٌ - شَیْئٌ - لَا تُشِیْئُ یُقَال - شَاءَہٗ - شِیَاءً - وَ مَشِیْئَۃً - وَمَشَاءَۃً - وَمَشَائِیَۃً	بمعنی اراد فھو شاءٍ والمُرادُ مَشِیْءٌ ہر آئنہ ببرد شنوائی ایشاں را البتہ لیجائے - کان اِن کے یا سماعت

نوٹ - صفحہ ۱۴۶ - امتناع ہونے کے سبب سے اکرام کا بھی امتناع ہوگیا اور بہت سی جگہوں پر جواب کا امتناع ہونے کی وجہ سے اس قول پر اعتراض کیا گیا مثلاً قولہ تعالےٰ ولوانّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَۃٍ اَقْلَامٌ وَالْبَحْرُ یَمُدُّہٗ مِنْ بَعْدِہٖ سَبْعَۃُ اَبْحُرٍ مَا نَفِدَتْ کَلِمَاتُ اللّٰہِ -" اور وَلَوْ اَسْمَعَھُمْ لَتَوَلَّوْ کہ ان میں سے پہلی آیت میں عدم نفاد (نہ چکنا نہ کنا) اسوقت ہوتا جبکہ ذکر کی ہوئی شے بالکل جاتی رہے - اور پشت پھیرنا عدم اسماع (نہ سنانے) کے وقت زیادہ اچھا ہے - قول چہارم - ابن مالک کہتا ہے "لو" ایسا حرف ہے جو کہ اپنے مابعد یعنی متصل چیز کا امتناع چاہتا ہے اور اس بات کا مقتضی ہے کہ اس کا متصل امر کسی تاکید کو لازم کرلیتا ہو مگر اس طرح کہ یہ امتناع اور استلزام تالی کی نفی سے کوئی تعرض نہ کرے مثلاً "لو قام زیدٌ قام عمرو" کی مثال میں زید کے قیام پر منتفی ہونے کا حکم لگایا گیا ہے اور اسپر یہ بھی حکم لگایا گیا ہے کہ وہ اپنے ثبوت کے لئے عمرو کے کسی قیام کے ثابت ہونے کو لازم ہے مگر وہ بات یعنی زید کا قیام نہیں کرنا کہ آیا عمرو سے کوئی ایسا قیام بھی واقع ہوا ہے جسکو زید کے قیام سے لزوم ہے یا نہیں یعنی اس نے کوئی ایسا قیام نہیں کیا ابن ہشام نے اس توجیہ کو ترجیح دی ہے -

(خلاصۂ اتقان)

ان کی ۔

لَ ، البتہ ۔ ضرور ۔ تاکید جواب لو ۔

ذَھَبَ ، ماضی ۔ لے جاتا ۔ ب ، حرف تعدیہ

سَمْعِھِمْ ، سمع واحد بمعنی جمع تعبیر

ابصار (جمل)

رد دیدہائے ایشانرا یا بینائے ایشانرا

انکی آنکھیں یا بینائی انکی

وَ ، حرف عطف ۔ یا بمعنی مع لے

مع ابصارہم ۔

ابصار ، جمع بصر ھُوَ راجع باصحاب

صیب ۔

(ن) تحقیق خداوند ۔ بر ہمہ چیز توانا است

البتہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے ۔

اِنَّ ، حرف مشبہ بفعل ہوکہ مضمون جملہ

علیٰ ۔ حرف جر ۔ کُل ، واحد بمعنی

جمع اس میں مذکر و مونث یکساں ہے

شیء ، مترادف موجود ۔ اصل میں

مصدر ہے ۔ کبھی اسم فاعل (شائی)

بمعنی مرید اور کبھی اسم مفعول مشیّ

بمعنی مراد میں مستعمل ہوتا ہے یہاں پر

ثانی معنی مراد ہیں یعنی موجود یا ممکن مرجح الوجود

وسعد و صم متعلق الوجود جو فی الجملہ موجود ہے

الشیء خواستن ۔ ارادہ کرنا مصدر ۔

والشیء تناول الباری تعالےٰ

قال اللہ تعالیٰ قل ای شیء اکبر

شہادۃ قل اللہ ۔

قدیر ، زبردست اندازہ کنندہ صفت

مشبہ القدرۃ التمکن من ایجاد

الشیء والقادر ھو الّذی ان

شاء فعل وان شاء لم یفعل

وفی القدیر مبالغۃ ۔

او ک ۔ ۔ ۔ ۔ حرف جار

صیب ۔ ۔ ۔ مجرور موصوف

من السماء ، جار مجرور متعلق

کائن (۱) صفت

فیہ ، جار مجرور متعلق کائنۃ

خبر مقدم

ظلمات ، ورعد وبرق

بواسطہ عطف ، مبتدا

اسے مثلہم کمثل اصحاب الصیب

اور یا اس کا عطف الذی استوقد پر

ہے بحذف مضاف اے مثلہم کمثل

ذوی صیب۔ اور حرف ک،

زائد ہے۔

یجعلون، ... فعل مع الفاعل

اصابعہم، مضاف مضاف الیہ مفعول (۱)

فی اذانہم .... مفعول ثم

من، حرف محذوف

مجرور مضاف

الصواعق، مضاف الیہ

حذر الموت .... مفعول لہ

و یا صفت اصحاب صیب اور ہو سکتا

ہے کہ حذر الموت مفعول مطلق محذوف

کی صفت ہو تقدیر عبارت یحذرون

حذرا مثل حذر الموت)

واللہ، مبتدا

محیط اسم فاعل

بالکافرین، جار مجرور متعلق — خبر

گویا جملہ یجعلون الخ اور یکاد البرق

ایک ہی قصہ ہے اور جملہ واللہ محیط

بالکافرین تنبیہ کے لئے لایا گیا

ہے اور یا یہ جملہ مستانفہ اس امر کا اظہار

کرتا ہے کہ انکا مکر و حیلہ محض بے سود

اور لا حاصل ہے۔

یکاد، فعل۔ البرق، اسم

یخطف، فعل مع الفاعل

ابصارھم .... مفعول

کانہ قیل ماحالہم مع تلک الصواعق

فقیل یکاد الخ

کلما، اسم ظرف زمان متضمن معنی شرط

اضاء، فعل مع الفاعل الخ (۱)

ف ۱ - اضاء یہ متعدی ہے اور مفعول محذوف ہے لے کلما اضاء لھم ممشی مشوا فیہ و سلکوہ

اور یا لازم ہے اس تقدیر پر دو مضاف مقدر ہونگے لے کلما مع لھم مشوا فی مطرح ضوئہ یعنی

کبھی حذف ہے اور تقدیر کی ضرورت ہے۔ کیونکہ برق میں مشی نہیں ہو سکتی بلکہ موضع برق اور موضع اشراق سے برق مراد ہے

اضاء، ... فعل مع الفاعل

لھم، جار مجرور ظرف لغو

مشوا، فعل بافاعل

فیہ، جار مجرور ظرف لغو

اسے لاجل الاضاءۃ فیہ -

و۔ اذا، ظرف زمان -

اظلم، فعل مع الفاعل

علیھم، جار مجرور ... ظرف لغو

قاموا، } جملہ فعلیہ

جزا

و۔ لو۔ شاء ... فعل

اللہ ----- فاعل

اذھاب سمعھم محذوف مفعول

ل۔ ذھب، فعل مع الفاعل

ب، سمعھم

معطوف علیہ

و ابصارھم

معطوف

ص کیونکہ اس میں جواب کی صلاحیت نہیں لیکن بعض نے اسکو جائز رکھا ہے کہ

جواب کے ساتھ اس کے مناسب الفاظ کو بڑھا سکتے ہیں۔ گو اسکو جواب میں دخل نہ ہو مگر مقام اس کا مقتضی ہے جیسے کہ ماتلك بیمینك یا موسیٰ الخ میں ہے اور یہ کہنا کہ وہ جملہ معترضہ ہے یا حال ہے ضمیر قاموا سے بتقدیر مبتدا یا معطوف ہے جملہ اول پر مناسب مقام نہیں -

ویا کلمہ لَو اپنے معنی سے مجرد ہو کر صرف شرط اور جزا کے ربط کے لئے واقع ہوا ہے کلمہ اِن کی طرح اور شاء کا مفعول محذوف ہے -

اے لوشاء اللہ اذھاب سمعھم بقصیف الرعد وابصارھم بومیض البرق لذھب اولوشاء اللہ اذھاب ھاتیك القوی اذھبھا

سلہ جملہ کلما اضاء لھم اور اذا اظلم ہر دو استینافیہ جواب سوال مقدر ہیں۔ سوال یہ ہو کہ جس طرح اصحاب صیب کڑک کی آواز سنکر اپنے کانوں میں انگلیاں

من غیر سبب فلا یغنیھم ما صنعوہ لو شاء اللہ ان یذھب بسمعھم یفعل ذلک ولکن لم یشاء۔	ان، حرف مشبہ بفعل۔ اللہ، اسم علی کل شئ، جار مجرور ظرف قدیر،......... خبر [illegible]

ف اَوْ کَصَیِّبٍ الخ۔ یہ انہیں منافقین کی دوسری مثال ہے یا دوسرے قسم کے منافقین کی حالت کا اظہار ہے جو کفر و ایمان میں متردد ہیں کبھی ایمان ظاہر کرتے ہیں اور کبھی چھپاتے ہیں۔ ان منافقین کی مثال اس شخص جیسی ہے جو سرسبز اور شاداب ملک کی رہائش پر قحط زدہ ریگستان کو اس خیال پر پسند کرتا ہے کہ اس ملک میں کثرت سے پانی برستا ہے۔ سیاہ تار گھٹائیں محیط عالم رہتی ہیں۔ سخت بجلی آنکھوں میں خیرگی اور چکا چوندی پیدا کر دیتی ہے کڑک کی آواز سے دل تھراتا ہے کان بہرے ہوتے ہیں اسی طرح منافقین اسلام سے بھاگ کر کفر اور دہریت کو اس غرض سے اپنا مسکن بناتے ہیں کہ شرعی احکام کی تنزیل نافع علوم کی بارش آزادگی اور شہوت رانی کے اصول کو مٹائے دیتی ہے۔ وطن مالوف اور اقارب و احباب سے ہجرت کرنا۔ عزیز جان دینے کے لئے جہاد میں شریک ہونا اور اقسام کے تہدیدی مواعید کا پابند ہونا عیش و عشرت کو گویا اپنے ہاتھوں سے آپ دے ڈالنا ہے اور جسطرح بارش سے بھاگنے والے بجلی کے گرنے اور کڑک کی سخت آواز کو موت کا باعث سمجھ کر محفوظ رہنے کے خیال سے کانوں میں انگلیاں دے لیتے ہیں مینہ کی سیاہ تار گھٹاؤں میں حیران و متردد ہو جاتے ہیں کہ جب بجلی چمکی کچھ چل نکلے اور جہاں عالم

تاریک ہوا ٹھہر گئے۔ اسیطرح منافقین شرعی دلائل اور مواعید کی سماعت کو موت کا باعث سمجھ کر کانوں میں انگلیاں ٹھوس لیتے ہیں اور اسطرف متوجہ نہیں ہوتے کہ شاید ان کی سماعت دل پر اثر کرلے اور ہم مرجائیں یعنی آزادی اور دھریت کو چھوڑدیں کیونکہ ان کے خیال میں سرکشی اور کفر ہی زندگی ہے۔ اسی طرح جب اسلامی صداقت کی گھٹائیں اور واضح براہین کی سخت چمکاہٹ انہیں بے بس اور متحیر کر دیتی ہے تو ساکت رہجاتے ہیں۔ اور پھر موقع پاکر چل نکلتے ہیں یعنی اسلام کا غلبہ دیکھکر تھوڑی دیر کے لئے اسپر قایم ہوجاتے ہیں اور پھر موقع پاکر کفار سے ملجاتے ہیں یا یہ کہ کفر وایمان میں متردد رہتے ہیں جب کوئی اسلامی حکم ان کی مرضی کے موافق ہوا یا کہیں سے مسلمانوں کو کچھ دنیوی فائدہ کے پہونچنے کی امید ہوئی تو امنا کہہ کر مسلمان ہوجاتے ہیں۔ اور کچھ دیر کے لئے اسلامی خوبیاں ان کے دلوں میں گھر کرلیتی ہیں اور جب کوئی حکم ان کے خلاف مرضی نازل ہوتا یا مسلمانوں کو کچھ تکلیف پہونچتی یا منافقین کے اموال ونفوس میں کچھ نقصان واقع ہوتا تو جھٹ کہہ اٹھتے بدا من اجل دین محمد اور مرتد ہوکر کفار سے جاملتے ہیں۔ قال المظہری المراد بالصیب الدین القویم والقرآن العظیم ومن ظلمات المحن والمکارہ من العبادات والجہاد وترک الشہوات ومن الرعد آیات مخوفۃ من عذاب اللہ ومن البرق فتوح ومغانم یکاد البرق اے الفتوح والمغانم وشوکت الاسلام لاجل حرصہم علی الدنیاء یخطف

ابصارھم اوالحجج الواضحۃ یخطف ابصارھم المؤنۃ واداتھم الزایغۃ التی بھا یبصرون الباطل حقا والحق باطلا۔ ابن ابی حاتم نے علی بن ابی طلحہ کے طریق سے ابن عباس رضی اللہ عنہ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ انہوں نے کہا کہ یہ مثال خدائے تعالےٰ نے ان منافق لوگوں کے واسطے بیان فرمائی ہے جو کہ قبول اسلام سے بظاہر عزت حاصل کیا کرتے تھے اور مسلمان ان سے شادی بیاہ کرتے اور ان کو میراث میں حصہ دیتے اور مال غنیمت اور مال فئ کی تقسیم میں انکو شریک بنایا کرتے تھے۔ پھر جبکہ وہ لوگ مرگئے تو اللہ پاک نے اس اعزاز کو ان سے اس طرح سلب کرلیا جسطرح کہ آگ روشن رکھنے والے شخص سے اسکی روشنی سلب کرلی اور ان کو اندھیرے میں (عذاب میں) چھوڑ دیا یا مثل صیب کے جو کہ بارش ہے اور اسکی مثال قرآن مجید میں دیگئی ہے۔ کہ اس میں اندھیرا ہے (یعنی ابتلا ہے) اور رعد (گرج) اور برق (چمک) یعنی تخویف ہے۔ قریب ہوتی بجلی کہ انکی نگاہوں کو اچک لیجائے یعنی قریب ہوتا ہے کہ قرآن کا محکم حصہ منافقین کی پوشیدہ باتوں پر دلالت کرے گا۔ جبکہ ان کے لئے روشنی ہوتی ہے وہ اس میں چلتے ہیں۔ (اللہ پاک فرماتا ہے کہ جو وقت منافق لوگوں نے اسلام میں کچھ عزت پائی تو وہ اسکی طرف مطمئن ہو رہے) مگر جبکہ اسلام کو کچھ صدمہ پہونچا تو وہ کھڑے ہو رہے یعنی انہوں نے انکار کردیا تاکہ کفر کی طرف واپس جائیں۔ (اتقان)

ف۲۔ لذھب بسمعھم الخ ان آیات میں تسکین وتسلی خاطر اہل اسلام کا

اظہار کیا گیا ہے کہ اے مومنین اگر ہم چاہیں تو منافقین کی بصارت اور سماعت
کی دونو قوتیں سلب کر لیں اور انہیں بالکل تباہ و برباد کر دیں۔ مگر یہ مصلحت
ہے کہ اگرچہ وہ پورے مسلمان نہیں تاہم مسلمانوں کے برخلاف کافروں کی حمایت
میں کھلم کھلا میدان جنگ میں نہیں آسکتے۔ پس ان کی منافقت سے اسلام کو
کچھ نقصان نہیں پہونچ سکتا۔

یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ

اے مردمان بپرستید پروردگار خویش را آنکہ آفرید شما را

اے لوگو عبادت کرو پروردگار اپنے کی جسنے پیدا کیا تمکو

وَالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝ الَّذِیْ

و کسانے را کہ پیش از شما بودہ اند تا در پناہ شوید آنکہ ساخت

اور انکو جو پہلے تم سے تھے تو کہ تم بچو جسنے کیا

جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً

برائے شما زمین را بساطے و آسمان را سقفے

واسطے تمہارے زمین کو بچھونا اور آسمان کو چھت

وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ

و فرود آورد از آسمان آبے پس بیرون آورد بسبب وے از انواع میوہا

اور اتارا آسمان سے پانی پس نکالا ساتھ اسکے پھلوں سے

رِزْقًا لَّكُمْ فَلَا تَجْعَلُوا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ

روزی برائے شما | پس مقرر مکنید | ہمتایان برائے | خدا و شما

رزق واسطے تمہارے | پس مت مقرر کرو | واسطے اللہ کے شریک | اور تم

تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱﴾

می دانید

جانتے ہو

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ

(اے مردماں - اے لوگو-)

یا[1]، حرف ندا بمقام ادعوا مراد تنبیہ

ایُّھا - ای اسم منادی - ہا کلمۂ تنبیہ

یہ کلمہ فصل ہے ندا اور منادی معرف

باللام کے درمیان لایا جاتا ہے -

اَلنَّاسُ ، ال ، عہدی و مراد مشرکان مکہ

یا استغراقی - ناس ، اسم جمع صفت

پرستید پروردگار خود را - اپنے

مالک کی عبادت یا پرستش کرو)

اعبدوا ج ح امر العبادۃ تصحیح

نسبتِ عبودیت و اظہار عجز

نمودن - حضرت ابن عباس فرماتے

ہیں کہ قرآن کریم میں جہاں لفظ عبادت

واقع ہوا ہے اسکے معنی تصدیق کے

ہیں لہذا کفار اسکے حاصل کرنے اور

مسلمان اسپر قائم رہنے کے مامور ہیں

[1] یا حرف ندا کلام عرب میں اس کلمہ ندا سے مخاطب کو اپنی طرف توجہ دلائی جاتی ہے مخاطب دور یا نزدیک ہو اور یہ خاصۂ اسم ہے اور کلمۂ ایہا عربی کلام میں ندا اور معرف باللام منادی کے درمیان فصل کے لئے لایا جاتا ہے اور جب حرف ندا غیر معرف باللام پر داخل ہوتا ہے تو کلمۂ فاصل نہیں لایا جاتا جیسے یا آدم یا نار یا ذکریا ۱۲

——— ۱۵۵ ———

الَّذِیْ خَلَقَکُمْ

ربکم، مرجع ضمیر (الناس)

(آنکہ بیافرید شمارا۔ جسنے پیدا کیا تمکو)

الَّذِیْ، اسم موصول عہدی

خلق، ماضی۔ الخلق التقدیر

وایجاد الشئی علی غیر مثال سبق

نو پیدا کرنا۔ ہر مادے کو اس کے

قابلیت کے موافق صورت وشکل

دینا مصدر ف۔ ض۔ خَلَقَ۔

یَخْلُقُ۔ خَالِقٌ۔ مَخْلُوْقٌ۔ اُخْلُقْ۔

لَاتَخْلُقْ۔

وَالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکُمْ

(وآنانکہ پیش از شما بودہ اند۔ اور وہ جو تم سے پہلے تھے۔)

مِنْ، حرف جار مظہر فصل یا ابتداء ومظہر غایت زمان۔

قبل، ظرف زمان بکثرۃ وظرف مکان بقلۃ وبمعنی تقدم بالشرف ورتبۃ مجازاً

لے والذین خلقہم من قبل خلقکم۔

لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ

(تاکہ شما بپرہیزید۔ یا درپناہ شوید۔ تاکہ تم بچو۔ یا عذاب سے نجات پاؤ۔)

لعل[۵] (شاید مقرر تاکہ) بمعنی لام کے۔

۵ لعل کلمہ ترجی۔ اس کے اصل معنی کسی ایسے امر کے حصول کی توقع اور امید کے ہیں جو وقوع اور عدم وقوع میں متردد مع رجحان اول ہو تو اکثر وہ اپنے وضعی معنوں سے مجرد ہو کر (لام کَے) کے معنوں میں مستعمل ہوا ہے اور ہو سکتا ہے کہ اسکو اپنے معنوں پر قائم رکھا جائے کیونکہ اس کے وضعی معنوں میں امید پائی جاتی ہے اور اس مین ایک شائبہ شک کا بھی ہوتا ہے کہ واقع ہو یا نہو لیکن وہ شک کبھی متکلم کی طرف سے ہوتا ہے اور کبھی اس سے صرف مخاطب کا امیدوار کرنا مطلوب ہوتا ہے جیسے مالک اپنے خادم سے کہے۔ تم خدمت کئے جاؤ۔ اگر اچھی خدمت کروگے تو عجب نہیں کہ انعام پاؤ پس یہ انعام مشروط بہ حسن خدمت ہے جس سے محض مخاطب کو امیدوار کرنا منظور ہے اسی طرح خداوند عالم مومنین سے ارشاد فرماتا ہے کہ عبادت کئے جاؤ اور نہایت خلوص دل اور صدق نیت سے اسپر قائم

تَتَّقُوْنَ، اصل تو تقیون مضارع جمع مذکر حاضر۔ لہ
الاتقاء موجبات نقصان سے اپنے
آپکو بچانا۔ مستقل و مطمئن رہنا دل کا
تصدیق ایمان پر اور مشغول رہنا تمامی
حواس و اعضاء کا عبادات معینہ شرعیہ
میں یہاں پر مراد تقویٰ کامل ہے
یعنی توجہ بخدا و انقطاع عما سواہ۔
مصدر افتعال اِتَّقٰی ۔ یَتَّقِیْ ۔
مُتَّقِیْ ۔ اِتَّقِ ۔ لَا تَتَّقِ ۔

الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا
(آں خداوندیکہ بگردانید یا ساخت
برائے شما۔ جسنے بنایا تمہارے لئے)
جَعَلَ، ماضی ل تعلیلیہ اے
لاجلکم۔
(زمین را بساطے گسترده۔ زمین کو بچھونا)

اَرْضٌ، زمین ارضات۔ ارضُوْنَ
اروض۔ اراض۔ اراضی۔ جمع
فِرَاشًا، بچھونا۔ جائے آرام۔

وَالسَّمَآءَ بِنَآءً
(و آسمان را سقفے برافراشتہ۔ اور
آسمان کو چھت یا عمارت بلند۔)
السَّمَاءُ، اسم جنس یقع علی الواحد
الکثیر۔
بِنَاءٌ، (عمارت خیمہ) مصدر بمعنی مفعول ای مبنی

وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً
(و فرود آورد از آسمان آبے
اور اتارا اوپر سے یا آسمان سے
پانی۔
اَنْزَلَ، ماضی ا ۔ ع الانزال اوپر سے
نیچے لانا۔
مِنْ، لہ ابتدائیہ مظہر ابتدائے غایت

لہ اَلْاِتِّقَاءُ اصطلاح شرع میں ایمان مع اعمال صالحہ کو اتقا اور تقویٰ کہتے ہیں اس کے تین درجے ہیں۔
(۱) دائمی اور جاویدی عذاب سے بچنا۔ (۲) گناہوں سے کنارہ کرنا۔ (۳) شبہات سے دور رہنا۔
لہ ۔ مِن ابتدائیہ اس لئے کہ آسمان اس کا اصل و مبدء ہے یہ مشہور ہے کہ آفتاب کی شعاعیں جب
دریاؤں اور جنگلوں اور پہاڑوں پر پڑتی ہیں تو دریاؤں سے مرطوب بخار اور خشک زمین سے
یابس بخار اٹھتا ہے اور جب یہ دونوں اوپر کو چڑھتے ہیں اور طبقہ ہوائیہ ثالثہ میں پہونچتے ہیں

مکان اور یا بعضیہ اے من میاۃ السماء۔ السماء جہۃ العلو وسحاب وفلک

مَآء، اصل موہ بروزن فعل ہے الف واو اور ۃ ہمزہ سے بدل ہوئی ہے اور اسپر دال ہے موبہ ومیاہ

اَمْوَاہ تنکیر مفید بمعنی بعض والتقدیر اے انزل من السماء بعض الماء

فَاَخْرَجَ بِهٖ

(پس بیروں آورد بسبب وے۔ پھر نکالے اسکے سبب سے)

اَخْرَجَ، ماضی الاخراج۔ باہر نکالنا مصدر افعال اَخْرَجَ۔ یُخْرِجُ۔ مُخْرَجٌ۔ اَخْرِجْ۔ لَا تُخْرِجْ۔ بسبب علیہ کیونکہ اسباب کا اثر اللہ تعالیٰ کی اذن پر موقوف ہے

مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ

(از انواع میوہا روزی برائے شما۔ میووں سے رزق تمہارے واسطے)

مِنْ، بعضیہ یا بیانیہ اور بعضوں نے ابتدائیہ کہا ہے۔

اَل جنسیہ یا استغراقیہ۔

ثمرات جمع قلت ثمرہ بمقام شمار مراد ہر ایک نبات جو استعمال میں آتی ہے اور اس سے فائدہ ہوسکتا ہے۔

رزق، بمعنی مرزوق، ہر وہ شے جس سے

لہ۔ من الثمرات۔ من بعضیہ کیونکہ اکثر ثمرات نہیں نکلتے اس تقدیر پر رزقًا بمعنی مصدری مفعول لہ ہے اخرج سے یا حال ہے مفعول سے اور یا مصدر ہے اخرج سے اور یا بیانیہ ہے اور رزق بمعنی مرزوق مفعول ہے اخرج کے لئے اور ثمرات جمع قلۃ ثمرہ کی ہے اور مناسب مقام جمع کثرۃ ہے اسمیں اشارہ ہے کہ فیضان جود میاہ سے جو کچھ ریاض وجود میں ثمرات سے نمایاں ہے وہ قلیل بلکہ اقل قلیل ہے بہ نسبت ثمرات جنت کے اور اسکے جو ذخیرے ہیں ممالک غیب میں یعنی جو اجناس کہ کھائے جاتے ہیں اور جن سے تمام عالم منتفع ہو رہا ہے اور قیامت تک اس سے منتفع ہوتا رہیگا وہ بہ نسبت ان اجناس کے جو عالم غیب میں محفوظ ہیں اقل قلیل ہیں اور ثمرات جمع ثمرہ مراد اس سے کثرت یعنی شمار ہے اور ثمرہ کی تاء تائے وحدۃ نہیں بلکہ تائے اعتباری ہے کما تقول اورکت ثمرۃ بستانک

نفع حاصل ہو سکے تنکیر لفظ مفید
بعضیت اے بعض رزقکم لکم ای
لاجلکم ولا نتفاعکم۔

فلا تجعلوا لله اندادا

(پس مگر وانید مر خدا را ہمتایان۔
تا کسی کو خدا کا شریک نہ ٹھہراؤ)

ف، تفریعیہ متعلق بامر اعبدوا وکانہ
قیل اذا وجب علیکم عبادۃ ربکم
فلا تجعلوا لله ندا وافردوہ بالعبادۃ
اذ لا رب لکم سواہ

ویا متعلق بلعل اے
خلقکم لکی تتقوا وتخافوا
عذابہ فلا تثبتوا لہ
اندادا فانہ من
اعظم موجبات العقاب ویا
متعلق بقولہ الذی جعل لکم
الارض فراشا اے خلق لکم
ھذہ الدلائل فلا تتخذوا
شرکاء مظ۔

لا تجعلوا، مضارع منفی۔

لِلّٰہِ، ل متعلق اسم جلیل مظہر بمقام مضمر
تعین معبود بالصفات کے بعد تعین
بالذات معبود کے لئے ہے اور یا اس لئے
کہ رب اسم کل ہے اور اللہ علم جزئی
حقیقی ہے لہذا مظہر بمقام مضمر نہیں

اندادا، جمع ند۔ ند مثل عدل و
اعدال یا جمع ندید مثل یتیم وایتام اور ند
مثل الشیء کو کہتے ہیں جو امور میں
اسکے مخالف اور اس سے متنفر ہو یقال
ند ندودا اے نفر وتباعد اور کہا
ہے ند صرف مشارک فی الجوہر کا
نام ہے اور شکل مشارک فی القدر والمساحت
اور شبہ مشارک فی الکیفیۃ اور مساوی
مشارک فی الکمیۃ کو کہتے ہیں اور مثل عام ہے
ان تمام معنی میں لیکن اس جگہ ند سے
نظیر مطلقا مراد ہے کیونکہ کفار کے
افعال اور انکے حالات سے معلوم
ہوتا ہے کہ انہوں نے بتوں کو ذات
واجب کی مانند مستحق عبادت سمجھا ہوا تھا

(شریک مثل نظیر)

(اوحال آنکہ شما میدانید۔ اور تم جانتے ہو دیدہ دانستہ یا جان بوجھکر)

و، حالیہ انتم، ضمیر راجع بسوئے یایھا الناس

تعلمون، مضارع ج ح مصدر العلم صفت

یا، حرف ندا۔ ایھا الناس

منادی

اعبدوا، ... فعل با فاعل

ربکم، مضاف مضاف الیہ

موصوف

الذی ... موصول

خلقکم، جملہ فعلیہ صلہ

والمقصود بالندا اہل مکہ و یا خطاب بجمیع

الناس من اہل الخطاب عموم

الموجودین ومن سیوجد تنزیلاً

لھم منزلۃ الموجودین وکذا الحکم

لکل جمع او اسم جمع محلی باللام

و۔ الذین ...... موصول[۱]

من قبلکم، جار مجرور

متعلق کانوا

وصلہ

[۱] والذین خلقھم من قبل خلقکم

او۔ الذین کانوا من زمان قبل

زمانکم۔

لعل، مشبہ بفعل

کم، ...... اسم

تتقون، فعل با فاعل

الشرک۔ والنار، مفعول

[۲] اللہ یا اعبدوا ربکم راجین ان

تدخلوا فی زمرۃ المتقین۔

---

[۱] والذین من قبلکم موصول عطف ہے منصوب پر خلقکم سے والتقدیر والذین کانوا من زمان قبل زمانکم اور یا التقدیر یہ ہے والذین خلقھم من قبل خلقکم ہیں فعل صلہ حذف کرکے اس کا متعلق اس کے مقام پر قائم کیے ہیں۔ اور خطاب اگر مومنین و غیر مومنین پر شامل ہے تو الذین قبلھم سے مراد مقدم فی الوجود اور وہ لوگ ہیں جو ان سے اعلیٰ منزلۃ پر ہیں ۱۲

اور یا حال ہے مفعول خلقکم سے

اے مرجوا شکم التقوی اے فی

صورۃ من یرجی منہ نظراً الے

کثرۃ الدواعی الیہ او خلقکم

لکونوا مثل متقین ۔

الذی : موصول

جعل : بمعنی وجد فعل

مع الفاعل

لکم : جار مجرور ... ظرف لغو

الارض : مفعول

فراشا ... حال

والسماء : ذی الحال

بناء : حال

اے اوجد الارض حالۃ کونہا

مفروشۃ لکم فلا تحتاجون السعی

فی جعلہا کذالک ۔

یا جعل بمعنی صیر والارض مفعول اول

وفراشا ... مفعول ثانی

اے تصیراً او اشا اے کالفراش فی صحۃ

و انزل ... فعل مع الفاعل

من السماء : متعلق

کائنا و حال

قدم علیہ لتشویق علی

الاول

ماء ... ذی الحال

یا من السماء ظرف لغو

فاخرج ... فعل با فاعل

بہ : جار مجرور ... ظرف لغو

من الثمرات : متعلق کائنا

وحال اصل صفت

رزقا : ذی الحال موصوف

لکم : جار مجرور متعلق کائنا

یا اخرج ... فعل مع الفاعل

رزقا : بمعنی مصدر

لکم : مفعول لہ رزق کیلئے

من الثمرات : ذی الحال

بمعنی بعض الثمرات

رزقا : بمعنی مرزوقا ... حال

اے اُخرج شیئاً من الثمرات اے بعضہا لاجل انہ رزقکم۔

ف۔ لا تجعلوا ۔۔۔ فعل با فاعل
لِلّٰہِ، جار مجرور متعلق بہ مفعول
انداداً ۔۔۔۔۔۔ مفعول
(جملہ فعلیہ انشائیہ)

متعلق باعبدوا یا منصوب بفعل کما فی قولہ تعالیٰ لعلی ابلغ الاسباب اسباب السموات فاطلع

وانتم ۔۔۔۔۔ مبتدا
تعلمون (جملہ فعلیہ ۔۔۔ خبر
(جملہ اسمیہ حالیہ)

ومفعول تعلمون۔ محذوف ہے ای حالکم انکم من اھل العلم والرای لو تاملتم ما اشرکتم والمقصود منہ التوبیخ دون التقیید۔ اور یا مفعول اس کا مقدر ہے بحسب اقتضاء مقام اور قائم مقام ہے وہ مفعول علم ہے۔ اے تعلمون انہ سبحانہ لا یماثلہ شیٔ او انہا لا تماثلہ۔ اور حال توبیخ کے لیے ہے۔

ف۔ یعنی جبکہ امور مذکورہ کا موجد بجز خداوند اور کوئی نہیں وہی ایک تنہا بے مثل مالک و خالق ہے لہذا وہی تنہا معبودیت کا مستحق ہے خالص اسی کی عبادت کرنی چاہیے نہ غیر کی۔ بعض اعتراض کرتے ہیں کہ یہ تفریع اس وقت صحیح ہو سکتی ہے کہ عبادت توحید (جو مضمون ہے لا تجعلوا الخ) کی علت ہو کیونکہ مسبب ہی سبب پر متفرع ہوتا ہے۔ حالانکہ عبادت توحید کی علت نہیں مگر یہ اعتراض قلت تدبر پر مبنی ہے کیونکہ آیت متضمن ہے ایسے رب کی عبادت پر جس نے ان کو پیدا کیا ہے اور انکے آباد اجداد کو عدم سے نکالکر صفحہ ہستی پر نمودار کیا ہے زمین و آسمان جیسی عظیم الخلقت اشیاء کو ان کے آسائش اور آرام کے لیے بہتر طریق پر آراستہ کیا ہے۔ بڑی بڑی نعمتیں انکو عطا کی ہیں۔ پس مخاطب گویا مثل شاہد عارف کے ہے اور یہ آیت یہ ہیں۔ یاایھا الناس اعبدوا اللہ تعالیٰ الذی

ف یاایھاالناس - ان آیات میں توحید واجب اور خصوصیت عبادت کا ذکر کیا گیا ہے - کہ اے فہمیدہ لوگو جب تمھیں معلوم ہو چکا ہے اور یہ کتاب متقین کے لئے ہدایت ہے اور اس سے وہی لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں جن کی فطری استعداد اور صلاحیت ابھی تک محفوظ ہے تو آؤ ہم تمھیں اتقا حاصل کرنے اور اس کتاب سے مستفید ہونے کا اصول سمجھاتے ہیں - وہ یہ ہے کہ تم اپنے سچے معبود اور حقیقی مالک کی نہایت خلوص اور صاف دل سے عبادت کرو اور جسطرح وہ اپنی ذات وصفات میں بے مثل اور یکتا ہے اسی طرح تم بھی اس کی عبادت میں غیر کو

بقیہ نوٹ صفحہ ۱۶۲ - عافمتو ٭ معرفۃ لامریترتبہا اور اس میں کچھ شک نہیں کہ معرفت اور عبادت ہر دو عدم اشتراک کے سبب ہیں اسلیئے کہ جو شخص عارف باللہ ہے وہ کسی دوسری چیز کو اس کا مقابل ومساوی ومثل ونظیر نہیں خیال کر سکتا پس منشار سوال محض عبادت ہے قطع نظر معرفۃ کے اور منشا جواب تلازم معرفۃ وعبادت ہے اور یا فا، زائدہ مشعر سببیۃ ہے اور جملہ نہی بتاویل قول خبر ہے الذی سے اور وہ مبتدا ہے اور یا یہ جملہ متعلق ہے - الذی کے ساتھ اور فا جزائے شرط محذوف ہے - اے الذی جعلکم ماذکر من النعم واذا کان کذلک فوحّدوہ ولا تجعلوا لہ ندًّا اور اندادًا بلفظ جمع اظہار تشنیع کے لئے ہے - کہ اس احدی الذات کے لئے ایک ند کا ہونا محال ہے چہ جائیکہ انداد تجویز کئے جائیں پس یہ نہایت ہی سفاہت ہے - ۱۲

شریک نہ بناؤ یعنی اس کے ماسوا سے معبودوں کو چھوڑ دو اور اچھے کام
کرو بس یہی اتقا ہے اور تمام امور کی یہی اصل اور جڑ ہے۔

دلیل عبادت اور تخصیص عبادت۔ محسن کا احسان ماننا اور اس کا شکریہ
ادا کرنا ہر ذی عقل کے پاس ایک امر مسلم ہے پس جس ذات نے تمہیں
اور انکو جن کی تم اولاد ہو پیدا کیا ہے تمام مخلوق سے بڑھ کر مناسب اور عمدہ
صورتیں عنایت کی ہیں جس ذات نے تمہاری آسایش اور آرام کے
لئے مناسب اقوام میں زمین کو بنایا ہے وہ ایک بچھے ہوئے فرش کی
مانند ہے چلو پھرو سو بیٹھو معاش کی جستجو کرو، رہنے کے لئے مکان
بناؤ، تالاب یا کنوئیں کھودو وہ ہر امر کی صالح اور مستعد ہے۔ اور جس
ذات نے تمہارے سروں پر آسمان چھت کی طرح چھا دیا ہے۔ اور تمہارے
فائدے کے لئے اسپر آفتاب چاند اور چمکدار ستارے معلق کئے ہیں
اور اس سارے گھر کا تمہیں مالک بنایا ہے، اور جس ذات نے اپنی قدرت
کاملہ سے مینہ برسا کر تمہارے کھانے پینے عیش و عشرت کے لئے طرح
طرح کے سامان مہیا کر دیئے ہیں۔ کیا وہ ذات شکریہ ادا کئے جانے کی
مستحق نہیں؟ کیا تم کہہ سکتے ہو کہ یہ نعمتیں اسکے سوا کسی غیر کی دی
ہوئی ہیں؟ نہیں یہ پانچوں احسان اسی عظیم الاحسان مالک الملک
تمہارے سچے معبود کے ہیں جن میں سے ہر ایک نعمت غیر مترقب اور
غیر محدود ہے لہذا مقتضائے عقل یہی ہے کہ اس کا شکریہ بھی ایسے
کمال درجہ کا ہونا چاہئے وہ یہ ہے کہ نہایت خلوص اور صدق دل سے

اس محسن کی عبادت کرو غیر کو چھوڑ دو اور واضح ہو کہ اس عبادت کی درخواست سے ہمیں کوئی ذاتی غرض ملحوظ نہیں بلکہ اسلئے کہ تم مستحق ہو جاؤ اور فلاح دارین حاصل کرنے اور خصوص ثواب آخرت پانے کے مستحق بنجاؤ۔

ف۲۔ یا ایہا الناس بعض روایات میں حضرتؓ سے منقول ہے کہ جس آیت کی ابتدا یا ایہا الذین امنوا سے ہے وہ مدنی ہے اور جسکی ابتدا یا ایہا الناس سے ہے وہ آیت مکی ہے لیکن اسجگہ اس کلیہ کے خلاف ہے کیونکہ بالاجماع یہ آیت مدنی ہے حالانکہ ابتداء اسکی یا ایہا الناس سے ہے۔ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحبؒ فرماتے ہیں کہ آیت کی سے مراد علمائے مکی یہ ہے کہ جہاں یا ایہا الناس سے خطاب ہوا ہے اسکے مخاطب اہل مکہ ہیں اور یا ایہا الذین امنوا کے مخاطب مومنان مدینہ ہیں کیونکہ آں سرور کائنات کے زمانہ میں محل غلبۂ کفر مکہ تھا اور محل غلبۂ ایمان مدینہ منورہ زادھما اللہ شرفا وتعظیما۔ (عزیزی)

وَإِن كُنتُمْ فِي رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا

واگر ہستید　در　شبہہ　از آنچہ فرود آوردیم　بر بندۂ خود

اور اگر ہو تم　بیچ　شک کے　اس چیز سے کہ اتاری ہے ہمنے اوپر بندے

فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّن مِّثْلِهِ وَادْعُوا شُهَدَاءَكُم

یعنی از قرآن پس بیارید یک سورۃ　مانند آں　و بخوانید　مددگاران خودرا

اپنے کے پس لے آؤ ایک سورت　مانند اسکے　اور پکارو　شاہدوں اپنوں کو

مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۲۲

بجز خدا　　اگر ہستید راست گو

سوائے اللہ کے　　اگر ہو تم سچے

فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْ

پس اگر نہ کردید　　والبتہ نتوانید کردن　　پس حذر کنید از آں آتش

پس اگر نہ کروگے تم　　اور ہرگز نہ کروگے تم　　پس ڈرو اس آگ سے

وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۚۖ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِیْنَ ۲۳

کہ آتش انگیزوے مرداں　　وسنگہا باشند آمادہ کردہ شدہ است　　براے کافراں

جو ایندھن اس کا　　آدمی ہیں　　اور پتھر　　تیار کیگئی ہے　　واسطے کافروں کے

(و اگر ہستید شما. یا باشید شما. اگر ہو تم

كُنْتُمْ. ماضی ج ح ناقص مجزوم المحل

بمعنی مضارع بوجہ ان شرطیہ۔

اور شبہ از ان چیزے کہ نازل گردانیدیم یا

انچہ فرود آوردیم. اس کلام سے کہ

اتارا ہے ہمنے)

رَیْبٍ تنکیر مظہر تحقیر۔

مِمَّا (من ما) من، سببیہ یا ابتدائیہ

ما، نکرہ موصوفہ یا موصولہ۔ مراد کتاب (محل)

نَزَّلْنَا، ماضی ج م التنزیل بتدریج

اتارنا مصدر۔ تفعیل۔ نَزَّلَ۔ یُنَزِّلُ

مُنَزِّلٌ۔ نَزِّلْ۔ لَا تُنَزِّلْ۔

ل۔ فی ریب ظرف مجازاً بتنزیل المعانی منزلۃ لا۲ ستقرادهم فیه واحاطته بهم ومعنی کونهم فی ریب منه ارتیابهم فی کونه وحیاً من الله تعالی شانه والتضعیف فی نزلنا للنقل وهو مرادف الهمزة ولیس التضعیف هنا دالا علی نزوله منجما لیکون ایثاره علی الانزال

عبدنا (بر بندۂ خود - اور اپنے بندے کے)
علیٰ بمعنی استعلا اس میں اشارہ ہو کہ
منزل منزل علیہ پر مستعل ہے اور وہ
مثل لابس کے ہے اسکے لئے بخلاف
کلمۂ الیٰ کے کہ اس میں یہ معنی نہیں
پائے جاتے۔
عبد، پیارا غلام - بندۂ فرمانبردار عباد جمع
نا، ضمیر مجرور اضافت مظہر عظمت و
فخامت و ثبوت اطاعت مضاف
قال المظہری اضاف الی نفسہ
تنویہًا لذکرہ وتنبیہًا علیٰ انقیادہ
لحکمہ اور اس میں التفات ہے
غائب سے ضمیر متکلم کی طرف اور
سبب سیاق یہ ہے نزل علی عبدہ
عدول اس سے اظہار عظمت منزل
یا منزل علیہ کے لئے ہے۔
فأتوا (پس بیارید سورتے - تو لے آؤ
بسورۃ ایک سورۃ)
ف، جزائیہ، اتوا (ائتیوا) ج صنامر حاضر

باب تعجیز سے ہے مثل فانتہا
من المغرب کبھی فنا حذف
کرکے کہتے ہیں۔ ائتوا
الآتی والاتیان (انا - پہنچنا) مصدر
ف ک ناقص مہموز یہ مصدر حرف
جار کے ذریعہ سے متعدی ہو جاتا ہے
أَتیٰ - یَأْتِی - اٰتٍ - مَأْتِیٌّ - اِئْتِ
لَا تَأْتِ -
سورۃ[۱] - تنوین تنکیر کے لئے ہے
اے سورۃ ما - مراد قطعۂ قرآن
وجملۂ قرآن معلومۃ الاول والآخر - ماخذ
اسکا سورۃ المدینۃ ومنہ السوار
لاحاطتہ بالساعد - یا سؤر بمعنی
فضلہ ہے۔

[۱] سورۃ اس میں اگر واؤ اصلی ہو تو یہ سورۃ المدینۃ سے لیا گیا ہے جسکے معنی شہر کی فصیل اور چہار دیواری کے ہیں پس جسطرح شہر کی چاردیواری منازل شہر کو محیط ہوتی ہے اسی طرح سورۂ قرآن فنون علم پر حاوی اور شامل ہوتی ہے اور اگر اسکا واؤ ہمزہ سے بدلا ہوا ہو تو ماخذ

یا تسور بمعنی غلبہ وارتفاع ہے اور یہ ظاہر
ہے کیونکہ آیات وسور بوجہ کلام اللہ
ہونے کے رفیع الشان ہیں اور اس کا
اطلاق مرتفع منزل اور عالی شان عمارت
پر بھی ہوتا ہے۔ قال النابغۃ ؎
؎ الم تر ان اللہ اعطاک سورۃ ؎
؎ تری کل ملک دونہا یتذبذب ؎
(مانند آں۔ یا از مثل آں شخص یعنی محمد
قرآن سکھا اس جیسے شخص سے)
من، زائدہ۔ یا بیانیہ اور یا تبعیضیہ ای
ما یماثلہ فرضا نہ مثل محقق او المعنی
ائتوا بمقدار بعض ما من القرآن
مماثل لہ فی البلاغۃ
مثل، نظیر و مانند اور وہ چیزیں جو
آپس میں ملتی جلتی ہوں
۵۱ ضمیر راجع بہ مما نزلنا علی عبدنا

اسے فائتوا بسورۃ مما ھو علی
صفۃ فی الفصاحۃ وحسن النظم
و یا عائد بعبدنا اسے فائتوا ممن
ھو علی حالہ من کونہ بشرا امیا (کذا)
(دیکھو امید۔ اور بلاؤ۔) ج جمع امر
الدعاء۔ والدعوۃ بلانا۔ پکارنا و
مجازا استغاثہ و مدد کے لئے متوجہ
کرنا غیر کو اسی سے ہے۔ ادعوا اللہ
تدعون۔ مصدر ف۔ مثل ناقص
واوی دعی۔ یدعوا۔ داع۔ مدعو
ادع۔ لا تدع۔
(مددگاران خود را۔ اپنے شاہدوں کو)
شھداء، جمع شہید بمعنی مشہود یا جمع
شاہد وہ شخص جسکے سامنے کوئی
شئے حاضر ہو مثلاً گواہ جسکے پاس
محسوسات یا معلومات واقعہ حاضر ہوں

۵۱۔ مرجع ضمیر اگر قرآن اور سورۃ ہے تو من زائد ہے اور اگر خاتم نبوت علیہ الصلوۃ والسلام ہیں
۵۲ شھداء سے اگر معبودان باطلہ کفار مراد ہیں تو ان کو شہید دو وجہ سے کہا گیا ہے اول یہ کہ
شہدا شہید کی جمع ہے اور شہید شہود بمعنی حضور سے ماخوذ ہے۔ چونکہ کفاروں کا یہ اعتقاد

من دون الله

امام قوم جس کی مجلس میں لوگ جمع ہوں مراد اکابر قوم یا معبودان باطلہ کفار و بمعنی ناصر و مددگار۔
(بجز خداوند۔ سوائے اللہ تعالےٰ کے)

مِنْ[۱]، ابتدائیہ یا زائدہ
دُوْنِ[۲]، بمعنی غیر و سوائے۔ وفی الاصل الاحط والحقیر یقال ہٰذا دون ذالک اذا کان احط منہ

۔ تھا کہ ہمارے معبودوں کا علم محیط اور ان کی قدرت ایسی کامل ہے کہ اگر کوئی شخص انکو خواہ کسی وقت اور کسی مکان میں پکارے اور ان سے مدد و استعانت طلب کرے تو وہ فی الفور حاضر ہو کر مدد و استعانت کرتے ہیں اور چونکہ ان کا یہ خاص اعتقاد تھا اسلیے شہداء کو ان کی طرف مضاف کیا گیا ہے وجہ دوم یہ ہے کہ شہید شہادت سے لیا گیا ہے اور کفار اپنے معبودوں کے حق میں کہا کرتے تھے ۔ھٰؤلآءِ یشھدون لنا عند اللہ لہذا شہداء کو اسکی طرف مضاف کیا ہے اور اگر اس سے اکابران قوم و رؤساے جماعت مراد ہے یعنی وہ معتبر اشخاص جن کے اقوال فصل تنازع میں مقبول ہوتے ہیں تو ان کی طرف اضافت کرنے سے یہ مطلب ہے کہ تم وہی معتبر حضرات لاؤ جن کی بات پر تمھیں اعتبار ہے۔

(تفسیر عزیزی صفحہ ۱۹۸)

[۱] من ابتدائیہ والمعنی ادعوا الذین یشھدون لکم بین یدی اللہ عزوجل علی زعمکم والامر للتھکم اور یا من ابتدائیہ ہے اور ظرف حال ہے اور کلام میں مضاف محذوف ہے اے ادعوا شھداءکم من فصحاء العرب وھم اولیاء الاصنام متجاوزین فی ذلک اولیاء اللہ لیشھدوا لکم انکم اتیتم بمثلہ ۔

[۲] دون ۔ الدون فی الاصل الاحط والحقیر یقال ھذا دون ذالک اذا کان احط منہ والشی الادون اے الحقیر ثم استعیر للتفاوت فی الاحوال فقیل

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ

(اگر ہے سبید راست گو - اگر تم سچے ہو)

اِنْ ، حرف شرط -

كُنْتُمْ ، ماضی ج حاضر ناقص صف

صٰدِقِيْنَ ، جمع صادق - واقعہ کے مطابق خبر دینے والا - وعدہ پورا کرنیوالا سچا

فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا

(واگر نیا ورید یا نکردید - پس اگر نکرو گے یا نکر سکو گے تم -

لَمْ تَفْعَلُوْا ، نہیں کیا تم نے مضارع ج حاضر مجزوم بلم[۵] اور ان داخل ہے مجموع پر اور یہ مجملاً اسکا معمول ہے تقدیر عبارت یہ ہے فان ترکتم الفعل پس کلام مفید استمرار عدم اتیان ہے ماضی میں اور کہا ہے کہ ان ولم ہر دو بطریق تنازع عامل فعل ہیں - لیکن یہ صحیح نہیں کیونکہ شرط تنازع اتحاد فی المعنی ہے اور وہ یہاں مفقود ہے کہ ان مثبت کا طالب ہے اور لم منفی کا اور ایسے ہی ایک ماضی کا مقتضی ہے اور دوسرا استقبال کا -

الفعل ، کرنا مصدر ف - ف فَعَلَ يَفْعَلُ - فَاعِلٌ - مَفْعُوْلٌ - اِفْعَلْ لَا تَفْعَلْ -

بقیہ نوٹ صفحہ ۱۶۹ - زید دون عمرو فی الشرف فاستعمل فی کل ما یجاوزنا حداً الی حد و بمعنی غیر پس گویا وہ ادا ۃ استثناء سے ہے اور اس کا استعمال اکثر من کے ساتھ آتا ہے کبھی حرف با کے ساتھ بھی لیکن قلیل طور پر -

۵ - حجب بلم - لم حرف جازم مضارع اس کے داخل ہونے سے صیغ مضارع میں سے سوائے جمع مونث غائب اور حاضر کے اگر ضمہ ہو تو ساقط ہو جاتا ہے اور نون اعرابی گر جاتا ہے اور مضارع ماضی منفی کے معنی دیتا ہے - ۱۲

ولن تفعلوا (اور ہرگز نخواہید آورد۔ یا نخواہید کردن
البتہ نکر سکو گے۔ اور ہرگز نہ کر سکو گے)
لن [1]، حرف موکد نفی مستقبل و ناصب

فاتقوا النار (پس بترسید از آتش۔ پس ڈرو۔ یا
بچو آگ سے) اسے اتقوا العناد
انیم الموتو مقام الاتقو

ف، جزائیہ اتقوا جح صح امر
النار، ال عہدی یعنی دوزخ یا
وہ نار جسکا ذکر سورۃ تحریم میں آیا ہے۔

التی وقودها الناس والحجارة (آنکہ آتش انگیز دے مردماں اند
وسنگ۔ جسکی چھپٹیاں یا ایندھن
آدمی ہیں اور پتھر)

وقود، وہ شے جس سے آگ
روشن کیجاے یا آگ کا بھڑکنا یا بھڑکانا
مجازاً ایندھن سُک۔ اسی طرح ہروہ اسم
جو فعول کے وزن پر ہے۔ اسے
کل ما کان علی فعول اسم لما
یفعل بہ فی المشہور اور کبھی
مصدر بھی آتا ہے مثل ولوع و
قبول و وضور و طہور و لغوب اور کہا
ہے کہ مفتوح مصدر اور مضموم اسم
آتا ہے۔

الناس ۔ بحذف مضاف اسے
وقودها احتراق الناس الخ
الحجارة، ال عہدی و مراد بتان سنگ و یا وہ
سونا اور چاندی جنکی زکاۃ نہیں دیگئی یا گندھک وغیرہ
اور حجارۃ اسم جمع ہے کیونکہ یہ وزن اکثر مفردات میں مستعمل ہوتا
ہے اور کہا ہے کہ الحجارۃ حجار جمع کثرۃ الحجر و جمع القلۃ احجار لکن
جمع فعل بفتحتین بر وزن فعال شاذ ہے ۱۲

اعدت للکافرین (آمادہ کردہ شدہ است برائے کافران
تیار کی گئی ہے منکرین کے لیے)
اعدت، اسے ہیئت ماضی

---

[1] لن جلیل نحوی کے اصل میں لا اَن ہے ہمزہ کثرت استعمال کے باعث اور الف
ساکنین کی وجہ سے حذف ہوا ہے اور فراء کہتے ہیں اصل لا ہے الف نون سے
بدل ہو ہے لیکن ان تاویلوں کی کچھ ضرورت نہیں بہرحال یہ کلمہ عمل میں مثل لا کی ہے)

مونث مجہول اصل اُعْدِدَتْ یا اُعْدِدَتْ
عتاد بمعنی عدۃ سے الاعداد، اما دہ کرنا
تیار کرنا مصدر۔

ل، حرف جار مختصہ۔ الکافرین جمع
کافر وہ شخص جو اپنے قول و فعل سے محسن
حقیقی کا احسان نہ ظاہر کرے۔ یا صفات
واجب تعالیٰ میں غیر کو شریک سمجھے مشرک

اِنْ، .... حرف شرط
کنتم ،...فعل ناقص ضمیر اسم
فی، جار۔ ریب۔ مجرور موصوف
مما نزلنا علی عبدنا صفت
فاتوا بسورۃ من مثلہ... جزا
من، جار۔
ما، موصولہ یا نکرہ موصوفہ۔

نزلنا، فعل با فاعل
ہ، ضمیر محذوف مفعول
علی، جار
عبدنا، مجرور ظرف لغو
اے مما نزلناہ علی عبدنا

ف۔ أتوا ...... فعل با فاعل
سورۃ ..... موصوف
من مثلہ، جار مجرور متعلق کائنۃ صفت مفعول
و۔ ادعوا، ..... فعل با فاعل
شہداءکم، مضاف مضاف الیہ
ذی الحال
من، ...... جار
دون اللہ، مجرور حال
و متعلق منفردین

لـہ سورۃ من مثلہ والمعنی ان یقال لھم معاشر الفصحاء المرتابین فی ان القرآن من
عند اللہ ائتوا بمقدار اقصر سورۃ من کلام البشر محلاۃ بطراز الاعجاز و نظم
سواء کان الضمیر لما او للعبد لان معناہ ائتوا بمقدار سورۃ من کلام
ہو مثل ہذا المنزل واذا رجع الضمیر للعبد فمعناہ ایضا ائتوا من مثل ہذا المنزل
لسورۃ۔ ومن ابتدائیۃ والمبدء لیس فاعلیا بل مادیا فحینئذ المثل الذی بعض السورۃ۔

اے ادعوا شہداءکم منفردین عن اللہ او عن انصار اللہ من یقیم لکم الشہادۃ بان ما اتیتم بہ مثلہ فانھم لا یشہدون ولا تدعوا اللہ تعالیٰ للشہادۃ بان تقولوا اللہ تعالیٰ شاھد وعالم بانہ مثلہ فان ذلک علامۃ العجز والانقطاع عن اقامۃ البینۃ۔

ان، حرف شرط۔
کنتم ..... فعل ناقص
انتم، اسم ۔ صادقین .... خبر

اے ان کنتم صادقین فافعلوا ذلک ۔

وان، شرطیہ ۔ لم تفعلوا، فعل ضمیر انتم فاعل ۔ ذلک مفعول محذوف
فاتقوا النار التی الخ .... جزا

یہ جملہ بیان ثبوت ہے لفظاً اس کا عطف اعبدوا پر ہے ۔ اور معناً بیان جزا ہے ۔ اسے لما تراءوحدانیت

عقبہ ما ھو الحجۃ علی نبوۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ۔ ۱۲ (ک)

فاتقوا ..... فعل با فاعل
النار ..... موصوف
التی ..... موصول
وقودھا .. مبتدا
الناس والحجارۃ خبر
اعدت ..... فعل با فاعل
للکافرین، جار مجرور ظرف لغو

۲ اور یا معطوف ہے صلہ سابقہ پر یا صلہ بعد صلہ ہے ۔

ولن تفعلوا جملہ فعلیہ ہو کر معترض میان شرط وجزا۔

لہ یا اضمار قد علماء نحو نے بیان کیا ہے کہ اس ماضی پر جو کہ حال واقع ہوتا ہے قد کا لفظ

ف۔ وان کنتم الخ ان آیات سے ثبوت نبوت مراد ہے یعنی پچھلی آیتوں میں

ــــ بقیہ نوٹ صفحہ ۱۷۳ ـ داخل ہونا واجب ہو خواہ اسکو ظاہری طور پر لائیں خواہ مقدر رکھیں کوفیوں
اور اخفش نے اس بارہ میں اختلاف کیا ہے۔ کہ فعل ماضی کو بغیر قد کے اکثر حال واقع ہونے کا باعث
اس امر کی ضرورت ہو کہ لفظ "قد" اسکے ساتھ مقدر کیا جائے۔ سید جرجانی کہتے ہیں کہ اس اختلاف
کا منشاء اشتباہ ہے بصریون نے یہ سمجھا ہے کہ ہر ایک حال یکساں ہوتا ہے حالانکہ معاملہ اسطرح
نہیں۔ کیونکہ وہ حال جس کو لفظ قد قریب بنایا کرتا ہے زمانہ کا حال ہے اور جو حال ہیئت فاعل
یا مفعول کو بیان کرتا ہے وہ صفات کا حال ہے اور یہ دونوں حال لحاظاً معنی ایک دوسرے سے
بالکل بیگانہ ہیں ۱۲ (خلاصہ مطولات)

ــــ کہا ہے کہ فاتقوا الخ جملہ انشائیہ ہے اس میں جزاء واقع ہونے کی صلاحیت نہیں ہے جبکہ
وہ خبر نہیں واقع ہو سکتا بدون تاویل کے اور یہ کہ شرط جزا کے لئے سبب ہوتی ہے یا ملزوم اور
یہاں پر عدم فعل اتقا کے لئے نہ سبب ہے نہ ملزوم ہیں کیونکہ یہ اس کے لئے جزا واقع ہو سکتا ہے
لیکن اگر کہا جائے کہ فاتقوا جواب مقرر ہے اس طریق پر کہ اتقا سے نار کنایہ ہے ظہور اعجاز
آیات دسور قرآنیہ سے اور وہ مقتضی ہے تصدیق اور ایمان لانے کو ساتھ اس کے تو کوئی
اعتراض وارد نہیں ہوتا اور تقدیر عبارت یہ ہے اے اذا بذلتم فی السعی غایۃ
المجہود وجاوزتم فی الحد کل حد معہود وعجزتم عن الاتیان بمثلہ وما یدانیہ
فی اسلوبہ وفصلہ ظہر انہ معجز والتصدیق بہ لازم فامنوا واتقوا النار اور
اِن بجائے اذا اظہار استمرار عجز کے لئے ہے۔ اور کلام بر سبیل تہکم ہے کیونکہ اعجاز قرآن
تمام فصحائے عرب کے پاس مسلم ہے اور باوجود مخاطبین قبل تامل عجز اس میں مشکوک تھے
لہذا باعتبار حال کلمہ ان لایا گیا ہے۔ ۱۲

توحید تخصیص عبادت، طریق وصول، حصول قرب بیان ہو چکا ہے۔ اب اس چیز کا بیان کیا جاتا ہے جو خاتم نبوت علیہ و علیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کی نبوت اور آپکی رسالت کے لیئے واضح دلیل ہے کفار جب دیکھتے کہ جناب پیغمبر علیہ السلام ہر سوال کے جواب میں کوئی نہ کوئی آیت پڑھ دیتے ہیں اور ہر موقعہ کے مطابق تنزیل وحی اظہار فرماتے ہیں۔ انہیں شبہ ہوتا تھا کہ شاید لسان شاعر اور فقرہ نویس نثار کی طرح آپ بھی کچھ سوچ سمجھ کر حسب حال مضمون تراش لیتے ہیں۔ کیونکہ جن دنوں میں قرآن نازل ہوا ہے عرب میں فصاحت و بلاغت کا بڑا چرچا تھا۔ شعر موزوں کر لینا اس وقت ایک معمولی بات سمجھی جاتی تھی۔ لونڈیاں تک بھی مختلف مضامین میں برموقعہ برجستہ اشعار کہہ دیا کرتی تھیں۔ اسلئے عام جہلا یہ آیات سنکر یہ کہہ اٹھتے تھے۔ کہ یہ کلام نہ کلام خدا ہے اور نہ اس کا بھیجا ہوا ہے اگر یہ کلام خدا ہوتا، تو لکھا لکھایا ایک ہی دفعہ نازل ہو جاتا جیسے پہلے توریت مقدس اتری ہے۔ ارشاد ہوتا ہے۔ اے آسمانی قانون اور اصول حقہ پر رسم ورواج کو ترجیح دینے والو! اگر تمھیں اس کتاب کے منجانب اللہ ہونے میں شک ہے تو محض وہمی اور خیالی امکان اور صرف زبانی جمع خرچ سے کچھ فیصلہ نہیں ہوتا۔ تم خوب جانتے ہو۔ کہ محمد ایک امی شخص ہے عمر بھر اس نے نہ ایک شعر موزوں کیا ہے نہ فقرۂ نثر لکھا ہے۔ پھر بھی ہم قطع نزاع کے لئے کہتے ہیں کہ تم دو چار نہیں بلکہ سب کے سب فصیح و بلیغ شاعر و نثار مل ملا کر تمام سورت نہ سہی ایک دو آیتیں ہی بنا لاؤ جو فصاحت، بلاغت، لطافت ترکیب

حسن تشبیہ ، رعایت سباق وسیاق میں اس ہمارے کلام کی مساوی ہوں اور پھر اسے اپنے ہی کلام فہم عادل گواہوں کے سامنے پیش کرو تاکہ دعوی کی صداقت ظاہر ہو جائے اور ہر ایک شخص جان لے کہ یہ کتاب وحی آسمانی ہے یا تالیف بشری ہے اور اسی معارضے کو فیصلہ ٹھہرائیں - لیکن ہم نہایت زور سے کہتے ہیں کہ یہ کام ہرگز تم سے نہیں ہو سکتا اور قیامت تک نہ ہوگا (لئن اجتمعت الانس والجن علی ان یاتوا بمثل ھذا القرآن لا یاتون بمثلہ ولو کان بعضہم لبعض ظہیرا) اور جب تم اس کے معارضے سے عاجز ہیں جیسے کہ تمہاری حالت سے ظاہر ہو رہا ہے - کہ سہل کام کو چھوڑ کر لڑائی اور جنگ کے لئے مستعد ہونا - اپنی اور اپنے عزیز و اقارب کی جانوں کو ہلاک کرنا - جلا وطن اور خرابی ملک کو منظور کرنا وغیرہ اسطرح کے جملہ امور عجز معارضہ کے بین دلائل ہیں - لہذا تمہیں یقین کر لینا چاہیے کہ یہ کتاب کتاب خدا ہے اور جس پر نازل ہوئی ہے وہ ہمارا سچا اور امین رسول اور خاص بندہ فرمانبردار ہے - اسکی اطاعت تم پر فرض ہے اور اگر اب بھی تم اپنی ہٹ دھرمی سے باز نہ آئے تو یاد رہے کہ حق سے انکار کرنے والوں کے لئے ہمارے دوزخ کی دہکتی آگ [illegible] ہے جسکی حدت اور تیزی منکرین حق اور انکے تراشے ہوئے بتوں کے [illegible] نہایت آسانی سے جلا سکتی ہے -

وَبَشِّرِ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ

و بشارت دہ آنان را کہ ایمان آوردند　و کردند کارہائے شایستہ　بانکہ ایشان راست

اور خوشخبری دے ان کو جو ایمان لائے　اور کام کئے اچھے　یہ کہ واسطے انکے

جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا

بوستانہا میرود زیر آں جویہا ہرگاہ دادہ شوند از آنجا روزی

بہشتیں ہیں چلتی ہیں نیچے انکے نہریں جب دیئے جاویں گے انہیں سے

مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِیْ رُزِقْنَا مِنْ

از قسم میوہ گویند ایں ہماں است کہ دادہ شدہ بودیم پیش

میووں سے رزق کہیں گے یہ وہ چیز ہے جو دیے گئے تھے ہم پہلے

قَبْلُ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِیْهَاۤ اَزْوَاجٌ

ازیں و آوردہ شود بایشاں آنرا روزی مانند یک دیگر و ایشاں راست در آنجا زناں

اس سے اور لائے جائیں گے مشابہ ایک دوسرے کے ساتھ اور واسطے انکے بیچ انکی بیبیاں ہیں

مُّطَهَّرَةٌ ۙۗ وَّهُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ (۲۵)

پاک کردہ شدہ وایشاں در آنجا جاوید اند

ستھری اور وہ بیچ اسکے ہمیشہ رہنے والے ہیں

بَشِّرْ (مژدہ و بشارت دہ۔ خوشخبری اور خوشی سنا)

بَشِّرْ امر التَّبْشِیْر خوشخبری سنانا یعنی وہ خبر جس کے سننے سے خوشی کے آثار چہرے سے نمایاں ہو جائیں۔ اور بشارۃ بکسر و بضم اسم ہے

بشر۔ بشرًا و بشورًا سے۔
تبشیر مصدر تفعیل بَشَّرَ یُبَشِّرُ مُبَشِّرٌ
بَشِّرْ۔ لَا تُبَشِّرْ۔

الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (آنکساں را کہ ایمان آوردند۔ ان لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں

اٰمَنُوْا ماضی ج مذ غ مصدر الایمان صف

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

(اور عمل کردند نیک اور کام کیے اچھے)

عملوا، ماضی جمع مذکر غائب العمل، کسب کرنا مصدر کرنا عَمِلَ یَعْمَلُ۔ عَامِلٌ مَعْمُولٌ اِعْمَلْ۔ لَا تَعْمَلْ۔

اَلصّٰلِحٰتِ، جمع صالحۃ تانیث لفظ بتاویل خصلۃ ہے۔[۱]

اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ

(بانکہ ایشاں راست بہشتہا۔ کہ اُنکے لئے ہیں باغات) ۱۲۰

اَنَّ، بمعنی تحقیق، حرف مشبہ بالفعل موکد مضمون جملہ)

ل، حرف جر بمعنی استحقاق وخصوصیت

جنّات، جمع قلۃ جنۃ باعتبار قلت عدد اور تنوین تنویع یا تعظیم کے لئے ہے۔

لے نوعًا الذین اعیر ما تعرفونہ کھجوروں کے باغ اور وہ بستان جنکے درختوں کے گھنے پتوں کی انبوہی اور کثرت سے نہ دکھائی دیں یا وہ باغ جسکی زمین کو بڑے بڑے گھن والے اور سایہ دار درخت اپنی پیچیدہ شاخوں اور کثرت پتوں کے سبب سے چھپائے رہتے ہیں۔ بروایت حضرت ابن عباس سات جنت ہیں۔ فردوس عدن نعیم۔ خلد۔ ماوی۔ دار السلام علیون۔

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۹۶

(میرود زیر آں جویہا۔ انکے نیچے سے نہریں بہتی ہیں۔ یا نہریں چلتی ہیں)

اے تجری من تحت اشجارھا ومساکنہا۔

تجری، مضارع، مصدر اَلْجَرْیُ وَالْجِرْیَۃُ

---

[۱] صالحۃ مثل صفت مشبہ، سماے حسنہ صفات غالبہ سے ہے اور اعمال صالحات سے وہ اعمال مراد ہیں جن کا صدور حسب تعلیم شرع و تجویز عقل سلیم و فطرت انسانیہ ہوا ہے۔ اور انکا کاسب شرعًا عقلًا عرفًا حُسن کا مستحق سمجھا جاتا ہے۔ اور تعلیق تبشیر بالموصول میں اشارہ ہے کہ بشارۃ معلل بالایمان وعمل صالح ہے لیکن یہ چیزیں بذاتہ علت بشارۃ نہیں بلکہ بجعل شارع و بمقتضائے وعدہ۔

والجریان - پانی وغیرہ سیال اشیاء کا رواں ہونا - بہنا مصدر ف - ک - ناقص جَرَیٰ - یَجْرِیْ - جارٍ - مَجْرِیٌّ - اِجْرِ لَا تَجْرِ -

ھا ضمیر راجع بجنۃ دیا باشجار و مساکن

الانھار جمع، نہر پانی بہنے کی جگہ جو نالے سے بڑی اور دریا سے چھوٹی ہو - ال، جنسی[1] یا عہدی -

(ہرگاہ روزی دادہ شوند ازانجا - جب رزق دیے جائیں گے اس میں سے)

کلما، اسم ظرف زماں -

رزقوا، ماضی جمع مجہول یقال رُزِقَ - اے نال الرزق وکان حسن الحظ -

الرزق، نصیب وروزی دینا مصدر ف - ص - رَزَقَ - یَرْزُقُ - رَازِقٌ مَرْزُوقٌ - اُرْزُقْ - لَا تَرْزُقْ -

مِنْ، ابتدائیہ اسے مبتدأ من الجنۃ گویا مجرور اس کا موضع انفصال شے ہے -

(ازقسم میوہ روزی ساختہ - کچھ میووں سے کھانا - یا میووں سے رزق -)

مِن، ابتدائیہ یا بیانیہ اور بعضیہ نہیں ہے کیونکہ اس کا ماقبل دیا مابعد اسکے مجرور کا جزو ہوتا ہے نہ جزئی اور من ثمرھا کی جگہ منہا اور من ثمرۃ کہنے کی یہ وجہ ہے کہ تعلق منہا سے اس امر کا اظہار مقصود ہے کہ جنۃ کے رہنے والے جنت ہی کی

---

[1] الانہار - ال، جنسی یعنی تعریف انہار سے جنس انہار مراد ہے جیسے کہا جاتا ہے لفلان بستان فیہ الماء الجاری والتین والعنب، اور اُن سے وہ اجناس مراد ہوتی ہیں جن کو مخاطب پہلے سے جانتا ہے یا الف لام عہد ذکری ہے اور وہ انہار مراد ہیں - جن کا ذکر قول واجب تعالیٰ شانہ (فیہا انہار من ماء غیر اسن وانہار من لبن لم یتغیر طعمہ) میں ہو

نعمتوں سے مستغنی رہیں گے اور کوئی ایسی چیز نہ ہوگی جس کے لئے وہ غیر کے محتاج ہوں (قال فیہا کل ما تشتہی الانفس وتلذ الاعین۔

ثمرۃ، میوہ واحد جمع اسکی ثمرات ہے والمراد منہ النوع من انواع الثمار مثل انار وسیب۔

هٰذَا الَّذِي

(بگویند این آنست یا ہماں ست۔ کہینگے یہ وہ چیز ہے یا وہی ہے جو)

قالوا، ماضی ج غ بمعنی مضارع بوجہ جواب شرط۔

رُزِقْنَا مِن قَبْلُ

(کہ خورانیدہ شدہ بودند مارا پیش ازین یعنی جو ہم اس سے پہلے کھلائے یا دئے گئے ہیں)

رزقنا، ماضی مجہول جمع متکلم

من ابتدائیہ۔ **قبل** مضاف الیہ منوی ہونے کے باعث مبنی علی الضم ہے۔ اسم ظرف زمان۔

وَأُتُوا بِهِ مُتَشَابِهًا

(حالانکہ اور وہ شود بایشاں آنرو زی مانند یکدیگر۔ اور لائے جائیں گے ان کے پاس میوے مشابہ ایک دوسرے کے ساتھ)

واتوا، ماضی ج غ مجہول۔ ب التعدیہ

متشابہ (ایک جیسی آپس میں ملتی جلتی چیزیں) اسم فاعل جمع متشابہات

وَلَهُمْ فِيهَا أَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ

(وایشاں راست در بہشت ہمصحبتان پاکیزہ و پاک اور انکے واسطے اس میں ہمصحبت پاک وصاف۔ یا خوش خلق)

ازواج جمع قلۃ اور جمع کثرۃ زوجہ ہے مثل عود وعودۃ لیکن یہ متروک الاستعمال ہے اسلئے جمع قلۃ ہی توسعاً جمع کثرۃ کی جگہ استعمال کرتے ہیں۔ جمع زوج (ہم نشیں وہم جلیس مراد مختص عورتیں

مطہرۃ، اصل مطہرۃ۔ نجاست بدنی سے پاک۔ یا کج خلقی سے مبرا۔

وَهُمْ فِيهَا خَالِدُونَ

(وایشاں در بہشت جاوید باشند۔ اور وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔)

——— ۱۰۱ ———

الترکیب

وبشر ۵ ...... فعل بافاعل

الذین ...... موصول

اٰمنوا، جملہ فعلیہ بتاویل مفرد صلہ

مفعول

وعملوا، فعل مع الفاعل

الصلحت، مفعول

جملہ فعلیہ معطوف

انّ مشبہ بفعل

لھم متعلق بثابت ... خبر

جنّت ... موصوف

تجری ... فعل

من تحتھا ... ظرف لغو

الانھار ... فاعل

جملہ فعلیہ صفت

اسم

متعلق بفعل بذاتہ یا بواسطہ حرف جر ۵۲

جملہ فعلیہ۔ اسکا عطف وان کنتم الخ پر ہے۔ یا فاتقوا پر یا مضمون آیۃ لم تفعلوا پر

کلما، منصوب المحل۔ اسم ظرف متضمن معنی شرط۔

رزقوا ...... فعل مع الفاعل

منھا، متعلق کائنا وحال اول

من ثمرۃ متعلق کائنا وحال ۲

رزقا ...... ذی الحال

مفعول بہ

جملہ فعلیہ شرط

قالوا ھذا الذی، الخ ...... جزا

اے کل حین رزقوا اے اطعموا مرزوقا مبتدءً من الجنۃ مبتدءً من ثمرۃ ویا من ثمرۃ حال اول (منھا) کی ضمیر سے حال واقع ہے بطور تداخل

۵ وبشر الذین الخ جملہ فعلیہ کا عطف مضمون آیۃ ان کنتم الخ پر ہے اسطرح کہ یا ایھا الناس اعبدوا خطاب عام ہے جس میں کافر اور مومن دونوں شریک ہیں اور قولہ ان کنتم سے فیھا خالدون تک اسی خطاب کی تفصیل ہے۔ کہ ان کنتم فی ریب سے اُعدت للکافرین تک کفار سے مختص ہے جسکا مضمون انذار ہے اور وبشر الذین اٰمنوا الخ مومنین سے مختص ہے جسکا مضمون بشارۃ ہے اور یا اسکا عطف فاتقوا پر ہے اے فان لم تفعلوا اے اذا لم یاتوا اظھرا عجازہ ووجب الایمان بہ فمن کفر بہ استوجب العقاب ومن اٰمن بہ استحق الثواب وذلک یستدعی ان یخوف ھؤلاء ویبشر ھؤلاء اور کہا ہے کہ اسکا عطف محذوف پر ہے اور وہ جزا ہے فان لم تفعلوا کی اور فاتقوا الخ قائم مقام محذوف ہے تقدیر عبارت یہ ہو۔ ان لم تاتوا بکذا فاٰمنوا

وبشر الذین اٰمنوا اے خلیو حبذ ایمان منھم وبشارۃ منک۔ ۵۲ یا بواسطہ حرف جر۔ بعض نحویوں کا قول ہے کہ انّ اور اس کا معمول لبشر فعل کیوجہ سے موضع نصب میں

و ... رزقا کا بیان مقدم ہے۔ اور منہا

ظرف لغو ہے۔

قالوا .... فعل مع الفاعل

ھذا اسم اشارہ } مبتدا

... حسی مشار الیہ

الذی ......موصول

رزقنا فعل با فاعل } صلہ } خبر

من قبل ظرف لغو

واتوا .... فعل مع نائب الفاعل

ب ... ضمیر ذی الحال } متعلق

متشابہا ...... حال

و یا مستانفہ و یا تقریر و تاکید جملہ اول (قالوا)

و جملہ کلما الخ جملہ مستانفہ او صفۃ للجنۃ

باعتبار اھلہا و یا خبر مبتدا ہے محذوف

اے ھم کلما رزقوا الخ

لھم متعلق کائن فیہا ظرف ... خبر مقدم

ازواج مطہرۃ موصوف صفت ... مبتدا

وھم .... مبتدا

فیہا ...... متعلق بخبر

خالدون .... خبر

واتوا ... مع معمول بتاویل اسکا متعلق ہے کیونکہ حرف جر جب عبارت سے گر جاتا ہے تو فعل بنفسہ مجرور سے واصل ... تقدیر عبارت یہ ہے بان لھم جنات اور خلیل وغیرہ لکھتے ہیں کہ یہ حرف جر کا مجرور ہے اور جار مجرور ... کے متعلق ہوتا ہے۔ کیونکہ بشارۃ بواسطہ حرف با متعدی ہوتا ہے اور حذف جار مع ان مطرد ہے

ــــہ متشابہا حال ... ضمیرہ وافراد الضمیر باعتبار اتحاد الجنس وکونہ متشابہا حال من ضمیرہ باعتبار تعدد ہا فی المعنی وتشخص ... فدفع اللہ رفع الذی حصل من افراد الضمیر بہ ومن تعدد الذی حصل من لفظ متشابہا ... ــــہ جملہ کلما الخ جملہ مستانفہ کانہ قیل ما حالھم فی تلک الجنات فاجیب بان ... ثمار اللذیذۃ عجیبۃ وازواجا نظیفۃ (عبدالحکیم) ــــہ یعنی لھم فیہا الخ جنات کی میسری ... سے ہوتے ہے دو جملے فعلیہ میں اظہار تجدد کے لئے اور یہ اسمیہ ہیں افادہ دوام کیلئے

ف وبشر الذین امنوا الخ یہ پچھلی آیات میں توحید و نبوت اور اس کی ضرورت کا ثبوت اور اس سے انکار کرنے والوں کے لازمی نتیجے مثل عذاب رنج و تکلیف سے اطلاع دی گئی ہے۔ اس آیت میں خدا سے وحدہ لاشریک پر ایمان لانے والوں اور اس کے مجوزہ قانون شریعت پر عمل کرنے والوں کو بشارت اور خوشخبری دیجاتی ہے کہ جیسے کفار کے لئے آخرت میں دوزخ طیار کی گئی ہے۔ اے مومنین تمہارے لیے ہمنے نہایت شاداب، خوش منظر سدابہار فرحت بخش باغیچے تجویز کئے ہیں جن کے درختوں کی پرورش شہد، دودھ اور شراب طہور کی بہتی نہروں سے کیجاتی ہے۔ ان کے میوے تازگی، لطافت، عمدگی اور خوبصورتی میں ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں۔ لیکن طعم خوشبو اور ذائقہ میں ہر ایک دوسرے سے علیحدہ اور نیا ہے۔ بہشتی لوگ جب ایک قسم کے میوے کھائیں گے اور دوسری قسم کے میوے انکے پیش کئے جائیں گے تو بعض استعجاباً یہ کہیں گے کہ یہ طعام ہمنے ابھی کھایا ہے یا ہمارا کھایا ہوا ہے۔ لیکن کھاتے وقت ان میں ایک نئی لذت پائیں گے۔ اسکے علاوہ تکمیل عیش کے لئے نہایت پاک صاف ستھری، خوش خلق، موزون اندام ہمراز اور ہم جلیس ازواج بھی تجویز کی ہیں اور واضح ہو کہ یہ عیش دائمی ہوگا اور ہر وقت تمھیں ایک تازہ مسرت اور فرحت حاصل ہوگی۔ بعض مفسرین نے اس آیت کی یوں تفسیر کی ہے کہ جنت والے جب جنت میں پھل پائیں گے تو کہیں گے یہ ثمرہ

بقیہ نوٹ صفحہ ۱۸۲ - فی البعض مع ایرادہا فی البعض تنبیہا علی جواز الامرین فی الصفات ۱۲ (مظہری)

اس کا ہے جو پہلے سے ہم کو دیا گیا تھا یعنی یہ جنت کے پھل درحقیقت
وہی ہمارے اعمال صالحہ ہیں۔ جنکی توفیق ہمکو دنیا میں ملی تھی جسطرح اللہ نے
اہل دوزخ کے حق میں فرمایا ہے ذوقوا ما کنتم تعملون چکھو جو عمل
کرتے تھے تم۔ یعنی اہل دوزخ سے کہا جائیگا کہ یہ عذاب بعینہ وہی تمہارے
اعمال ہیں، کوئی دوسری شے نہیں۔ ترمذی نے ابن مسعود سے روایت کی
ہے۔ کہ رسول علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ کہ جنت کی پاک مٹی میٹھے پانی والی
ہے اور وہ ایک میدان ہموار ہے اسکی کھیتی تسبیح اور تحمید اور تکبیر ہے
پس یہی چیزیں وہاں جاکر درخت بن جاتی ہیں جس کا پھل آخرت میں ملیگا اس
تقدیر پر والتو بہ متشابہا کے معنی یہ ہونگے کہ جنت میں پھل اہل جنت کو
مشابہ انکے اعمال کے دیے گئے یعنی جیسا کیا ویسا پھل پایا۔ ۱۲

ف ۲۔ اہل معرفت فرماتے ہیں کہ روح انسان میں بذریعہ ریاضت یا بواسطۂ توجہ شخص
کامل مکمل جب قوۃ تسلط پیدا ہو جاتی ہے۔ اور قوائے غضبیہ و شہویہ و بہیمیہ
مہذب ہو کر اسکے زیر فرمان اور تابع حکم ہو جاتے ہیں اس وقت قدرتاً عالم غیب
کیطرف اسکی توجہ بڑھنے لگتی ہے اور ماسوی اللہ سے نفرت ہوتی جاتی
ہے۔ اور جسطرح ہلال ناقص آفتاب کی محاذات سے بدر کامل بنکر سیرگاہ آفتاب
کو اپنی ذات میں دیکھ لیتا ہے اسی طرح روح انسانیہ بھی عالم قدس سے
محاذی ہو کر معارف ذات و صفات باری تعالیٰ افعال ملائکہ و طبقات روحانیہ
و عالم سموات وغیرہ نفسانی و روحانی مکاشفات کو برای العین مشاہدہ کرلیتی
ہے یہ معارف اگرچہ اسی عالم دنیا ہی میں حاصل ہو جاتے ہیں لیکن ان کی

کمال لذت اور گوارایت سے پورے طور پر وہ فائدہ مند نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ بدنی علائق فناے اتم کے بعد بھی ایسی سعادات کے ظہور کیلئے مانع رہتے ہیں لہذا دنیوی اور کوئی تعلق زائل ہونے کے بعد جب اسکی نظر اپنے مکسوبہ سعادات پر گزرتی ہے اور معارف ذات حق کو ہمہ تن بصر اور کلی دید سے تماشا کرتا ہے اور متلذذ و مبتہج ہوتا ہے تو اس وقت تعجباً یہ کہتا ہے کہ کیا یہ وہی سعادات ہیں ؟ جنکو میں دنیا میں اپنے پاس دیکھا کرتا تھا۔

ف۳۔ وعملوا الصّٰلحٰت۔ قال عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فی تفسیرہ ای اخلصوا الاعمال عن الریاء۔ وفیہ اشعارٌ بانّ الاعمالَ خارجٌ عن الایمان وبانّ السبب التام فی استحقاق البشارۃ الجمع بَیْنَ الوصفین۔ ۱۲ مظ

اِنَّ اللّٰہَ لَا یَسْتَحْیٖۤ اَنْ یَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَۃً
ہر آئینہ خدا شرم ندارد از آنکہ بزند داستان پشہ
تحقیق اللہ نہیں شرماتا یہ کہ بیان کرے مثال کوئی سے مچھر کی
فَمَا فَوْقَهَا ؕ فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَیَعْلَمُوْنَ
و بالا تر از اں اما آنکہ ایمان آوردہ اند میدانند کہ این
پھر جو اوپر اسکے ہے پس جو لوگ ایمان لائے پس جانتے ہیں یہ کہ

أَنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ ۚ وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا

داستان راست است از پروردگار ایشاں و اما آنانکہ کافر مند

وہ سچے ہیں پروردگار انکی طرف سے اور جو لوگ کہ کافر ہوئے

فَيَقُولُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّهُ بِهَٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهِ

میگویند چہ چیز خواستہ است خدا باین داستان۔ خدا گمراہ میکند

پس کہتے ہیں کیا چاہا ہے اللہ نے ساتھ اسکے مثال لانا۔ گمراہ کرتا ہو خدا

كَثِيرًا وَيَهْدِي بِهِ كَثِيرًا ۚ وَمَا يُضِلُّ بِهِ

بسبب وے بسیارے را وہدایت میکند بسبب وے بسیارے را و گمراہ نمے کند بوے

ساتھ اسکے بہتوں کو اور راہ دکھاتا ہے ساتھ اسکے بہتوں کو اور نہیں گمراہ کرتا ساتھ اس کے

إِلَّا الْفَاسِقِينَ ﴿٢٥﴾

مگر بدکاراں را

مگر فاسقوں کو

إِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِي

(بدرستیکہ خدا باک ندارد۔

تحقیق اللہ کچھ ڈر نہیں رکھتا۔ نہیں شرماتا)

لَا يَسْتَحْيِي ا ع مضارع منفی الاستحیاء

حیا کردن و شرم داشتن۔ شرمانا

حیا کے باعث رک رہنا۔ یہ فعل بنفسہ

و بالواسطہ متعدی ہوتا ہے یقال

استحییتہ واستحییت منہ۔

مصدر استفعال، استحیاء یستحی

مستحیی۔ استحیی۔ لا تستحیی

الحیاء [۱]، یہ اس تغیر اور انکسار کا نام ہو

[۱] الحیاء انقباض النفس من القبیح مخافۃ الذم وھو الوسط بین الوقاحۃ والخجل

اذا وصف بہ ... عند علم ... الانقباض واما الخجل فھو انحصار النفس عن الفعل مطلقا ۱۲

جو لوگوں کی عیب گیری اور مذمت یا خدا کے ڈر اور غضب کے خوف سے ارتکاب امر شنیع کے وقت انسان کو عارض ہوتا ہے اور وہ اس حرکت ناشائستہ سے باز رہ جاتا ہے یہ ملکہ قوت جبن اور عفت سے مرکب ہے۔ اسجگہ مراد ترک فعل ہے۔ یعنی غائت حیا سے اور حیا مشتق ہے حیات سے اور وہ موثر ہے قوت حیوانی میں اور اس جگہ قوت حس و حرکت میں تسامحاً استعمال ہوا ہے۔

(اکہ بزند مثل بہر چہ باشد۔ کہ بیان کرے کوئی مثال)

(ان یضرب مثلا)

یضرب، بمعنی بیبیا وبذکر مضارع منصوب بان۔ الضرب، ایک شئی کو دوسری پر مارنا اسطرح کہ اسمین اثر نمایاں ہو جائے۔ ضرب المثل ماخوذ ہے ضرب دراہم سے اور کہا ہے یہان بمعنی یضیع ہے مثل ضربت علیہم الذلۃ

الضرب، مارنا، بیان کرنا مصدر ف۔ ک۔

ضَرَبَ، یَضْرِبُ، ضَارِبٌ مَضْرُوْبٌ، اِضْرِبْ، لَا تَضْرِبْ

مثل، مشترک ہونا دو چیزوں کا ایک وصف میں۔ اشیاء کا ایک دوسرے سے مشابہ ہونا۔ اور وہ مشہور بات جسکے مورد اور مضرب میں اس قسم کی مشابہت پائی جائے کہ تشبیہ دینے سے اس کا مضرب واضح اور روشن ہو جائے۔

ما[1]، اسمیہ اور ابہامیہ بمعنی ای شئ و یا نکرہ موصوفہ و یا زائد موکد تشبیہ۔

(پشہ خرد۔ ایک مچھر کی)

---

[1] ما اسمیہ ابہامیہ اسم نکرہ کے ساتھ ملکر اس کے ابہام اور شیوع اور تعمیم کو بڑھاتا ہے جیسے کتاب ما بمعنی جو نسی کتاب کوئی کتاب مثلاً ما۔ جو نسی مثال کوئی مثال اور کبھی تحقیر کا فائدہ دیتا ہے

بعوضۃً - بتاسے وحدت -
وہ ایک کاٹنے والا اور زہریلا چھوٹا
سا پرندہ ہے جو ساموں کی راہ سے
اپنی سونڈ کے ذریعے خون چوستا ہے
اور یہ فعول کے وزن پر صفت کا
صیغہ ہے غالب الاسمیت
قال الجوھری البعوض فعول
من البعض بمعنی القطع علی غلب
صغار البق کانہا بعض

فما فوقھا

(وہا آنچہ فروتر ازاں باشد - اور جو
اوپر اس کے ہے)
اے ما زاد علیھا فی الجثۃ کالذباب
والعنکبوت او ما فوقھا فی الحقارۃ
وما دونھا فی الجثۃ - یعنی مراد
فوقیۃ سے یا زیادتی جثہ وحجم مثل بہ
مراد ہے اس وقت ترقی ہو گی صغیر
سے کبیر کی طرف اور یا انہیں معنی
میں زیادتی مطلوب ہے جس میں
تمثیل واقع ہوئی ہے اور وہ صغرو
حقارت ہے اس صورت میں تنزل
ہو گا صغیر سے اصغر کیطرف اور حقیر
سے احقر کی جانب -
ف، بمعنی اسے ما نکرہ موصوفہ
یا موصولہ
فوق، اسم ظرف مکان -
ھا، ضمیر مرجع (بعوضۃً)

فاما الذین آمنوا

(پس اما آنانکہ ایمان آوردہ اند -
پھر جو لوگ کہ ایمان رکھتے ہیں -)
فاما، اما، حرف تفصیل متضمن
معنی شرط اسی لئے اسکے جواب پر
حرف فا داخل کرتے ہیں اور یہ حرف
جس حکم پر داخل ہوتا ہے اس کی
تاکید اور اس مجمل کی تفصیل کرتا ہے
جو اس سے مقدم ہے صریحًا خواہ
دلالۃً اور یا مقدم فی الذکر ہیں بلکہ
حاضر ہے ذہن میں اور سیبویہ نے
اما زید فذاھبٌ کی تفسیر میں
مھما یکن من شئ فزید ذاھبٌ

فيعلمون انه الحق

کہا ہے اور اس سے یہ مراد نہیں کہ
وہ اس اسم و فعل کے مرادف ہے
بلکہ یہ اس کے معنی کا مآل ہے۔

امنوا، ماضی ج مذ غ مصدر الایمان صفت
(پس یقین میدانند کہ۔ سو جانتے ہیں کہ)

ف، جزائیہ جواب اَمّا

یعلمون، مضارع ج مذ غ صفت

ان[1]، حرف موکد مضمون جملہ و بمعنی کا ف بیانیہ۔

الحق، وہ خبر یا فعل یا شے جس کا خلاف تجویز نہ ہو سکے۔ سچ۔ خبر مطابق واقعہ

من ربهم واما الذين كفروا فيقولون ماذا اراد الله

(از پروردگار ایشان۔ ان کے رب کی طرف سے)

من، ابتدائیہ۔ **ہم** ضمیر (الذین)

(واما آنانکہ کافر شدند۔ لیکن وہ جو منکر ہیں)

کفروا، ماضی ج مذ غ مصدر الکفر والکفران

(پس میگویند چہ چیز یا چیست کہتے ہیں کیا ہے وہ)

یقولون، مضارع ج مذ غ۔ **ما**، استفہامیہ

ذا، بمعنی **الذی** و یا **ماذا**[2] مجموع بمعنی استفہام

(خواستہ است خدا۔ چاہا ہے اللہ نے)

اراد، ماضی مذ غ

---

[1] اِنّ حرف موکد مضمون جملہ یہ حرف جب فقرہ کے اول اور شروع میں واقع ہوتا ہو تو تاکید یعنی جملہ کے معنوں میں زور پیدا کرتا ہے اور جب جملہ کے درمیان آتا ہے تو (ک) بیانیہ کا کام دیتا ہے جیسے کہا جاوے اعترف اللہ مذنب یعنی اس نے مان لیا کہ وہ گنہگار رہے۔ اور اِن مکسورہ اور اس میں فرق یہ ہے کہ اِن میں تاکید اسناد کی ہوتی ہے اور اَنّ مفتوح میں احد الطرفین کی تاکید مطلوب ہوا کرتی ہے

[2] ماذا۔ اس میں چند قول ہیں۔ ما استفہامیہ اور ذا، موصولہ ہے دوم ما استفہامیہ اور ذا اسم اشارہ ہے سوم ماذا، کا پورا لفظ بلحاظ مرکب ہونے کے استفہام ہے چہارم ماذا، پورا کلمہ اسم جنس بمعنی شئے یا موصول بمعنی الذی ہے۔ پنجم ما، زائدہ اور ذا، اسم اشارہ ہے۔ ششم ما استفہامیہ ہے اور ذا زائد ۱۲ (اتقان)

(ماذا اراد الله بهذا مثلا)

الارادۃ قصد اور قصد کرنا۔
مصدر افعال اجوف۔ اَرَادَ۔ یُرِیدُ
یُرِید۔ مُرَادٌ۔ اَرِدْ۔ لَا تُرِدْ
مثلاً بمیں از روئے مثال۔ اس سے مثال (دیکر)

ھٰذا اسم اشارہ تحقیر مشار الیہ کے لئے ہے جیسے آیت میں ہے اھذا الذی بعث الله رسولا اور کبھی تعظیم کے لئے آتا ہے باقتضائے مقام

(یضل به کثیرا)
خدا گمراہ میکند بآن بسیارے را۔ گمراہ کرتا ہے خدا اس مثل سے بہتوں کو)

(ویهدی به کثیرا)

یضل مضارع۔ الاضلال گمراہ کرنا اور گمراہ ہونا۔
مصدر افعال مضاعف اَضَلَّ یُضِلُّ مُضِلٌّ۔ اَضْلِلْ۔ لَا تُضْلِلْ۔
به سببیہ کثیرا صفت مشبہ (صاحب کثرۃ)
(وراہ مینماید بآں بسیارے را۔ اور اسکے سبب سے بہتوں کو راہ بتاتا ہے)

(وما یضل به الا الفاسقین)
(و گمراہ نمی کند بآں مگر بدکاراں اور گمراہ نہیں کرتا مگر جو فاسق ہیں)
الا حرف استثناء مفرغ
الفاسقین۔ جمع فاسق ۵۲ شخص بدکار

۵۱- الارادۃ کسی چیز کی جانب نفس کے میلان اور توجہ کو ارادہ کہتے ہیں۔ اور واجب تعالیٰ کی اس صفت کو بھی کہتے ہیں جو ممکن معدوم کے دو مساوی شقوں عدم و وجود سے اسکے وجود کی جانب کو مرجح یا مخصص کردیتی ہے یہ صفت علم پر زائد ہے۔

۵۲- فاسق کبیرہ گناہوں کا مرتکب یا صغیرہ گناہوں پر اصرار کرنے والا ایسا شخص اس وقت تک دائرہ اسلام میں سمجھا جا سکتا ہے۔ جب تک کہ اس کا دل عقائد حقہ صحیحہ پر قائم ہے اور گناہوں کو دل سے برا جانتا ہے اور اپنے آپکو گنہگار سمجھتا ہے۔ لیکن اگر وہ انکو اچھا اور صواب جانکر اور دیدہ و دانستہ کرتا ہے تو کفر سے منسوب ہوجاتا ہے اور دائرہ اسلام سے اسے خارج کردیتا ہے۔ ۱۲

مُتمرد، سرکش، شرعی حدود کی پابندی نہ کرنے والا۔

الفسق (الخروج) فسق کے معنی لغت میں باہر نکلنے کے ہیں یقال فسقت الرطبۃ عن قشرھا اے خرجت وتسمی الفارۃ فویسقہ لخروجھا لاجل المضرۃ اور شرعاً حدود شرعیہ سے تجاوز کرنے کو فسق کہتے ہیں۔ یُقالُ فَسَقَ وَفَسُقَ۔ فِسْقًا، وفُسُوقًا اے خَرَجَ عن طَرِیقِ الحق وَ الصَّلاحِ فھو فاسِقٌ جمعہ فَسَقَۃٌ و فُسَّاقٌ وفاسِقُون مؤنث فاسقۃ جمعھا فاسقات و فَوَاسِق

ترکیب

اِنَّ .... مشبہ بالفعل

اللّٰہ .... اسم

لَا یَسْتَحْیِی، فعل مع الفاعل

اَنْ یَضْرِبَ، فعل مع الفاعل

مَثَلًا مَا ... مبدل منہ

بَعُوضَۃً ... بدل

انھا متصلۃ بقولہ فلا تجعلوا للّٰہ انداداً اے لا یستحیی ان یضرب مثلاً لھذہ الانداد

ویا ضرب بمعنی جعل فعل مع الفاعل

ومثلاً مَا و بعوضۃ ہر دو مفعول

ویا مثلاً .... حال

و بعوضۃ ... ذی الحال

ف۔ ما، موصولہ یا موصوفہ

فوقھا، مضاف مضاف الیہ صلہ یا صفت

اَمَّا، تفصیلیہ الذین، موصول

امنوا، جملہ فعلیہ ..... صلہ

---

۵ یا ما، زائدہ ہے اور بعوضۃ بدل ہے مثلاً سے یا عطف بیان ہے اس کا اور یا صفت یا بدل یا عطف بیان ہے مَا سے اور یا منصوب بنزع خافض ہے۔ اے ما من بعوضۃ۔

یعلمون، فعل مع الفاعل

ان، مشبہ بالفعل ضمیر اسم

الحق، ذوالحال

من ربھم، متعلق

ثابتاً حال

یا من ربھم، خبر بعد خبر

اے مہما یکن من شیء فاما

الذین اٰمنوا الخ

و اما، تفصیلیہ ۔۔۔۔

الذین ۔۔۔ موصول

کفروا، جملہ فعلیہ صلہ

فیقولون، فعل مع الفاعل

ما، بمعنی ای شیء، مبتدا

ذا، بمعنی الذی موصول

اراد اللہ بھذا

مثلاً، صلہ

اراد، فعل ۔۔۔ اللہ فاعل

مفعول محذوف

ب، جار ۔ ھذا اسم اشارہ مبہم

مثلاً، تمیز یا حال

ے مثلاً ۔ اور یا حال ہے اسم جلیل پر

اے ممثلاً بہ ویضرب بہ

یضل، فعل ۔۔۔ ضمیر مستتر فاعل

بہ، جار مجرور ۔۔۔۔ ظرف لغو

کثیراً ۔۔۔۔۔۔ مفعول

و یھدی ۔۔۔ فعل مع الفاعل

بہ، ظرف لغو ۔ کثیراً، مفعول

و ما یضل، فعل مع الفاعل

بہ، ظرف لغو ۔

الفاسقین، مفعول

؎ اور اسمیں اشارہ ہے کہ یہ اضلال ابتدائی نہیں ہے بلکہ مراد اس سے تقریر

؎ ماذا، اس کے اعراب میں چند وجوہ ہیں ۔ اول ما استفہامیہ مرفوع بابتدا ہے اور ذا بمعنی الذی اسکی خبر ہے بنا بر مذہب سیبویہ ثانی ماذا مجموع استفہام ہے اور مفعول ہے اراد کا ثالث ما استفہامیہ ہے اور ذا صلہ ہے اس کو اشارہ یا موصول نہیں رابع ماذا مجموع موصول ہے خامس مجموع نکرہ

وتثبیت ہے موجودہ حالت پر فنون ضلالت سے۔ ویا۔ اِلّا۔ حرف استثناے مفرغ	احدًا مستثنیٰ منہ۔ الفاسقین۔ مستثنیٰ یا بدل از مستثنیٰ منہ۔

ف۔ ان اللہ لا یستحی الخ قرآن شریف میں بعض جگہ جانوروں کی تمثیلیں مذکور ہیں۔ اِنَّ الّذین تدعون من دون اللہ لن یخلقوا ذبابًا ولو اجتمعوا لہ۔ وان یسلبھم الذباب شیئًا لا یستنقذوہ منہ ضعف الطالب والمطلوب) کہ لوگ خداے وحدہ لاشریک کے سواے جن معبودوں کی پرستش اور عبادت کرتے ہیں۔ اگر وہ ان کے معبود سب کے سب مل کر ایک مکھی بنانا چاہیں تو وہ نہیں بنا سکتے۔ پیدا کرنا تو درکنار اگر مکھی حقیر اُن سے کوئی چیز جھپٹ لے تو اس سے واپس نہیں لے سکتے۔ مکھی کیا چیز ہے اور اسکی حقیقت ہی کیا ہے لیکن اس سے بڑھکر وہ بے حقیقت ہیں جن کے بس میں مکھی بھی نہیں۔ یہ آیت اس قسم کے اعتراضات کے جواب میں واقع ہوئی ہے کہ خداوند تمہارے ایسے واہی خیالات سے اس قسم کے طرز بیان اور اظہار واقعہ کو ترک نہیں کرتا الغرض الہ مشرکین کی فضیحت میں جب آیات نازل ہوئیں اور حقارت میں کہا گیا (وان یسلبھم الذباب شیئًا الخ) اور ان کی ساری کارروائی کو بیت عنکبوت سے ضعف بتایا گیا تو مشرکین یہ کہنے لگے کہ ایسی امثلہ سے خداوند کی کیا غرض ہے۔

(بقیہ نوٹ از صفحہ ۱۹۲) امنوا یھدی بہ واما الذین کفروا یضل بہ اور یہاں ایمان وکفر سے استعداد ایمان کفر مراد ہے پس یہ کلام حق اسی استعداد واقعہ کا مظہر ہے۔ جیسا کہ سورۂ حج میں ہے

اوران سے کیا فائدہ متصور ہے جسکے جواب میں کہا گیا یضل بہ کثیراً و یھدی بہ کثیرا۔

کہ یہ امثلہ ازلی بدبخت ہٹ دھرم حاسدوں کی آتش حسد کو بھڑکاتی اوران کے کفر وعصیان تمرد اور سرکشی کو بڑھاتی ہیں اور نیک سچے مسلمانوں اور پکے دینداروں کی تصدیق اور خلوص کو تقویت دیتی اور اسے قایم رکھتی ہیں اور وہی لوگ اس سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں جو عقل سلیم رکھتے ہیں اور ان کی فطرتی استعدادیں ابھی تک صحیح وسالم ہیں اور وہ عذاب الٰہی سے محفوظ رہنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔ اور غرض اس آیت سے معترض کے تحمق کا اظہار ہے۔ کہ یہ لوگ صرف مکھی اور مچھر کے نام سے نفرت رکھتے ہیں ورنہ اس قسم کی چیزیں اپنی تام خلقت کے باعث دوسری مخلوق سے کچھ کم نہیں ہیں بلکہ عام مقدورات میں قدرت صانع کے اعلیٰ ترین نمونے ہیں۔ علاوہ اس کے مثال کی غرض اور اسکے نتیجہ کیطرف نہیں دیکھتے غرض کے لحاظ سے یہ تشبیہ نہایت برجستہ اور برمحل ہے۔ کیونکہ تمثیل میں ضروری ہے کہ وہ اپنے ممثل لہ کے مطابق ہو۔ جب اس تمثیل میں ممثل لہ نہایت ہی ذلیل اور حقیر ہے تو اس مثال پر کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا۔ مگر وہی شخص اس سے مستفید ہو سکتا ہے جسکی آنکھوں پر حسد اور تعصب کی پٹی نہ ہو۔

ف۲ وما یضل بہ الا الفاسقین۔ عرف قرآن میں فاسق کا لفظ دو معنی میں استعمال ہوا ہے۔ ایک وہ جو عرف شرع میں رائج اور مشہور ہے۔ کہ فاسق وہ شخص ہے جو احکام شرعیہ کی اطاعت نہیں کرتا۔ کبیرہ گناہ اس سے سرزد ہوتے

رہتے ہیں صغیرہ گناہوں میں منہمک اور ان پر مصر رہتا ہے توبہ اور استغفار سے معاصی کا تدارک نہیں کرتا اس قسم کا گنہگار شخص اہل سنت والجماعۃ کے نزدیک مسلمان ہے البتہ گنہگار ہے۔ قبولیت شفاعت، معافی گناہ اور اسکی نجات کا امیدوار رہنا چاہیئے۔ مناکحت غسل، و توارث میں دوسرے مسلمانوں کے برابر ہے۔ مرنے کے بعد اسلامی طریق پر مقابر اہل اسلام میں اس کو دفن کرنا چاہیئے۔ اس سے الگ ہونا اور اسپر لعنت بھیجنا اور اس کے ساتھ بغض رکھنا از روئے دین حرام ہے۔ بلکہ استغفار، فاتحہ، درود اور صدقات وخیرات سے اسکی امداد لازمی سمجھنی چاہیئے۔ دوسرا وہ شخص فاسق ہے جو کفر و عصیان، تمرد و سرکشی اور عناد کو اپنا شعار بنا لیتا ہے۔ دیدہ دانستہ حق سے انکار کرتا ہے۔ شعائر اسلام سے بیزار رہتا ہے۔ چنانچہ آیت (بئس الاسم الفسوق بعد الایمان) میں فسق بمعنی اول مستعمل ہوا ہے۔ اور آیۃ (ان المنافقین ھم الفاسقون) میں بمعنی دوم۔ اسجگہ بھی اسی دوسرے معنی میں استعمال کیا گیا ہے کیونکہ فاسق بمعنی اول مثل ایک مریض کے ہے جسکو مرض عارض ہے ابھی فاسد المزاج نہیں اسلئے کہ اس کی روح عقاید حقہ پر اعتقاد رکھنے کے باعث صحیح المزاج اور زندہ ہے وعظ، نصائح، اور تمثیلات سے منتفع اور اصلاح پذیر ہو سکتا ہے اور فاسق بمعنی دوم جبکہ اپنے تمرد اور عصیان کے باعث جہل بسیط کی حد سے گزر کر جہل مرکب میں آپہونچا ہے لہذا اسکی اصلاح کی امید نہیں۔ بلکہ تمثیلات شرعیہ اس کے فساد کو اور بڑھاتی ہیں جیسے غذائے صالحہ فاسد مزاج میں زیادتی فساد کا موجب ہوتی ہے

الَّذِينَ يَنْقُضُونَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيثَاقِهِ ص

آن فاسقاں میشکنند پیمان خدا بعد بستن آن

جو لوگ کہ توڑتے ہیں قول اللہ کا پیچھے مضبوطی کے

وَيَقْطَعُونَ مَا أَمَرَ اللّٰهُ بِهِ أَنْ يُوصَلَ وَيُفْسِدُونَ

و می برند آنچہ خدا فرمودہ است پیوستن آن و تباہی میکنند

اور کاٹتے ہیں جو حکم کیا اللہ نے ساتھ اسکے یہ کہ ملایا جاوے اور بگاڑ کرتے ہیں

فِي الْأَرْضِ أُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُونَ ﴿۲۴﴾

در زمین ایشانند زیاں کاراں

بیچ زمین کے یہ لوگ وہی ہیں ٹوٹا پانے والے

الَّذِينَ يَنْقُضُونَ (آنانکہ می شکنند- جو لوگ کہ توڑتے ہیں-)

يَنْقُضُونَ امضارع ج ع النقض عہد توڑنا خلاف وعدہ کرنا- عمارت یا رسی وغیرہ کو بنا کر بگاڑنا- مصدر ن- ض نَقَضَ يَنْقُضُ- نَاقِضٌ- مَنْقُوضٌ-

اُنْقُضْ - لَا تَنْقُضْ -

عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيثَاقِهِ (پیمان خدائے را از پس بستن و استواری آن اللہ کے قول کو اقرار کرنے کے پیچھے-)

عَهْدٌ اقرار کرنا- اور وہ بات جسکے پورا کرنے کا عزم بالجزم ظاہر کیا جائے

ك عہد اللہ تین ہیں (۱) جو ذریت آدم علیہ السلام سے قبل تخلیق لیا گیا ہے اس میں اس کی ربوبیت تسلیم کی گئی ہے (۲) جو انبیاؤں سے لیا گیا ہے کہ دین کو پہنچائیں اور اس کو قایم کریں (۳) جو علماؤں سے لیا گیا ہے کہ حق کو ظاہر کریں اور شعائر دین کو پھیلائیں ۱۲-

عہود - جمع -
من، ابتدائیہ یعنی جائے انفصال
وخروج شے یا زاید -
میثاق، مفعال وثاقہ اسم آلہ
جس سے مضبوطی اور قوت حاصل
ہو - یا مصدر بمقام مفعول (مستحکم)
وفی المظہری المیثاق اسم لما
وُثِقَ بہ العہد من الآیات
والکتب - ای بعد ما وثق
بہ عہدہ من آیاتہ وکتابہ
پس وہ اسم جمع مواثیق ہے
موضع مصدر میں یا اسم آلہ
مثل محراث اور مراد اس سے وہ
آیات وکتب ہیں جن کے ساتھ
اللہ تعالے نے اس کی توثیق
کی ہے - اے ما وثق اللہ بہ
اور یا ما وثقوہ بہ مراد ہے یعنی
قبول اور التزام اور یا مصدر بمعنی
حاصل بالمصدر ہے اور مرجع ضمیر

وَيَقْطَعُونَ مَا أَمَرَ اللّٰهُ بِهِ أَنْ يُوصَلَ

اگر اسم جلیل ہے تو اضافت
مصدر کی طرف فاعل کی ہے اور اگر
عہد ہے تو اضافت اس کی طرف
مفعول کی ہے -
ہ ضمیر راجع بہ عہد - یا باسم جلیل
(و می برند - چیزے را کہ خدا فرمودہ
است بآن پیوند کردن - اور کاٹتے
ہیں جس چیز کو کہ خدا نے فرمایا ہے
جوڑنا اس کا)
یقطعون مضـــ ج ع القطع
قطع کرنا چھوڑنا - مصدر ف
قَطَعَ - یَقْطَعُ - قَاطِعٌ - مقطوعٌ
اِقْطَعْ - لَا تَقْطَعْ - یقال قطع
قطعًا ومقطعًا وتِقِطّاعًا
الشیَٔ جزّہ وابانہ وفصلہ،
ومنعہ عن حقّہ -
ما، نکرہ موصوفہ - یا موصولہ ہے
اور مراد اس سے تصدیق رسالت
حضرت خاتم نبوت ہے جسکو انہوں نے

تکذیب و عصیان کی مقراض سے
کاٹا ہے۔ اور یا تصدیق جمیع انبیاء مراد
ہے مگر انہوں نے بعض کی تصدیق
اور بعض کی تکذیب کی ہے اور یا
اس سے وصل رحم و قرابت مراد ہے
جسکو انہوں نے بواسطۂ ایذاء و تکالیف
قطع کیا ہے لیکن لفظ نقض
عموم ہے اور مراد وصل سے
تعمیل امر ہے جسکے انقطاع سے
قطع وصل بین اللہ و بین العبد
لازم آتا ہے۔
اَمَرَ، ماضی واحد مذکر غائب۔ اَلْاَمْرُ ۵ حکم کرنا
مصدر ن مہموز۔ اَمَرَ
یَأْمُرُ۔ اٰمِرٌ۔ مَاْمُوْرٌ۔ مُرْ۔ لَا تَأْمُرْ
ان یوصل، ایضاً منصوب

اَلْوَصْلُ ایک دوسرے سے ملنا۔
موافقت کرنا۔ صلہ رحمی کرنا۔
مصدر ض معتل۔ وَصَلَ
یَصِلُ۔ وَاصِلٌ۔ مَوْصُوْلٌ۔
صِلْ۔ لَا تَصِلْ۔

وَيُفْسِدُونَ فِي الْاَرْضِ (و فساد میکنند بر زمین۔ اور زمین پر
بگاڑ کرتے ہیں۔ یا فساد کرتے ہیں
ملک میں)
یفسدون، مضارع ج ع۔ اَلْاِفْسَادُ
فساد ڈالنا۔ بگاڑنا مصدر۔ افعال
اَفْسَدَ۔ یُفْسِدُ۔ مُفْسِدٌ۔
اَفْسِدْ۔ لَا تُفْسِدْ

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ (ایشاں اند زیاں کاراں۔ یہی لوگ
ہیں ٹوٹا پانے والے)
هُمُ الْخَاسِرُوْنَ، جمع

۵ الامر لفظ امر کے دو مستعمل ہیں امر بمعنی قول مخصوص اسکی جمع اوامر ہے و بمعنی الفعل والشان
کی جمع امور آتی ہے۔ اور اصل میں یہ مصدر ہے بمعنی قصد سمی بہ لذالك لان من شانہ
ان یقصد و قیل سمی بہ لان من شانہ ان یومر بہ اور کہا ہے کہ امر مشترک ہے
قول و فعل میں کیونکہ اس کا اطلاق جیسے قول پر ہوتا ہے فعل پر بھی آتا ہے مثل وما امر فرعون برشید

استبدلوا الفساد بالصلاح و اضاعوا فطرۃ السلیمۃ ،

خٰسِرُوْنَ، جمع خاسر اسم فاعل ہر وہ شخص جسے محنت کا اجر نہ ملے خلاف مقصود سعی کرنیوالا ۔ راس المال ضائع کرنے والا۔

اَلَّذِیْنَ، ...... موصول

ینقضون فعل مع الفاعل

عہد اللہِ، ... مفعول

من، ... جار

بعد میثاقہ، مجرور

اے اولئک ھم الخٰسرون الّذین ینقضون الخ و جملہ مستانفہ۔

ویقطعون، .. فعل مع الفاعل

ما، .... اسم موصول

امر، ..... فعل

اللہ، .... فاعل

بہٖ، جار مجرور متعلق بہٖ ظرف لغو

ان یوصل، فعل ضمیر نائب فاعل وھی بدل من ضمیر المجرور۔

اے امر اللہ بان یوصل الایمان بالانبیاء کلھم ویقال لَانُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِہٖ وھم یقطعونہ ویقولون نؤمن ببعض الکتاب ونکفر ببعض او یقطعون کل ما امر اللہ بہٖ ان یوصل کالارحام وغیرھا۔

وَیُفْسِدُوْنَ فِی الْاَرْضِ

جملہ فعلیہ معطوف بر سابق۔

اُولٰٓئِکَ، ..... مبتدا

ھُمُ، ضمیر فصل

الْخٰسِرُوْنَ، .... خبر

له ان یوصل ۔ اور ممکن ہو کہ یہ جملہ ما سے بدل اشتمال ہو اے یقطعون وصل ما امر اللہ بہٖ یا خبر مبتداء محذوف اے ھو ان یوصل۔

كَيْفَ تَكْفُرُونَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ

چگونه کافر شوید بخدا وحال آنکه بودید بیجان پس زنده گردانید شما را

کیونکر کفر کرتے ہو ساتھ اللہ کے اور تھے تم مردے پس جلایا تمکو

ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿۲۷﴾

بعد ازان بمیراند شمارا باز زنده گرداند شمارا باز بسوے وے گردانیده شوید

پھر مردہ کریگا تم کو پھر جلائیگا تم کو پھر طرف اسکے پھیرے جاؤگے

هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُمْ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيعًا ق

وے آنست که بیافرید براے شما هرچه در زمین است همه یکجا

وہی ہے جسنے پیدا کیا واسطے تمہارے جو کچھ بیچ زمین کے ہے سارا

ثُمَّ اسْتَوٰى اِلَى السَّمَاءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ط

باز متوجه شد بسوے آسمان پس راست کرد آن هفت آسمان را

پھر قصد کیا طرف آسمان کے پس درست کیا ان کو سات آسمان

وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿۲۸﴾

و او بهمه چیز دانا است

اور وہ سب چیز جاننے والا ہے

ترجمہ: چگونہ کافر میشوید بخدا۔ کسطرح کفر کرتے ہو تم۔ یا کیونکر انکار کرتے ہو تم

کَیْفَ، اسم مبہم استفہام حالات تعجب و توبیخ پر مستعمل ہوتا ہے۔

ف۔ کیف ہو منصوب لمشابہۃ سیبویہ اسے ظرف کی مشابہت پر منصوب کہتے ہیں اور اخفش

وکنتم امواتًا

تکفرون: مض ج خطاب توبیخی صف
(وحال آنکہ بودید شما بیجان۔ اور تھے
تم مردے یا بیجان) اے ترابًا
ونطفًا ویا امواتًا فی اصلاب ابائکم

فاحیاکم

اموات: جمع میّت اصل میوۃ
(پس زندہ کرد شمارا۔ پھر اس نے
جلایا تمکو) اے احیاکم بتالّف
الارواح وتودیعها فیکم۔

کے نزدیک بنابرحالیت منصوب ہے اور یا مرفوع بالابتدائیۃ ابن مالک کہتے ہیں کہ یہ ظرف
نہیں کیونکہ اس میں نہ زمان ہے نہ مکان لیکن چونکہ اس کی تفسیر علی ای حال سے کیجاتی
ہے اسلیئے ہم ظرف مجازًا اسپر طلاق کرتے ہیں والمعنی أفی حال العلم تکفرون ام
فی حال الجهل وانتم عالمون بصانع موصوف بصفات الکمال منزہ عن
النقصان وهو صارف قوی عن الکفر وصاد عن الفعل عن القادر مع الصارف
القوی مظنۃ تعجیب وفیه ایذان بان کفرهم عن عناد وهو ابلغ فی الذم

ف ۵۔ اموات۔ بےحس وحرکت یعنی نطفہ کی حالت یا اس سے پہلی حالت مثل عناصر جداگانہ حضرت
ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔ کہ موت اول سے مراد عدم سابق ہے اور احیاء
اول سے خلق اور موت ثانی سے مراد موت معہود اور حیات ثانی سے بعثت آخرت ہے۔
اور کہا ہے موت اول سے مراد حالات واطوارات نطفہ ومضغہ مراد ہیں اور حیات سے
نفخ روح اور موت ثانی سے مراد موت معروف ہے اور حیات ثانی سے بعثت آخرت اور
اطلاق اموات کا ان اجسام پر مجازًا ہے اگر موت سے مراد عدم حیاۃ ہے اور حقیقۃً ہے اگر
اسکی تفسیر کریں موت عدم حیاۃ عما من شانہ سے اور یا کہیں الموت عدم الحیاۃ
مطلقًا اور کہا ہے موت اول سے موت معروف اور حیاۃ سے حیاۃ قبر مراد ہے اور موت ثانی سے
موت برزخی اور حیاۃ سے حیاۃ بعثت مراد ہے۔ وفیه احیاکم و ثم انتی یوم مستقبلا ظهار۔

ف، مظہر ترتیب سلسلہ و عطف بالفاء بخلاف ثم لاظہار عدم التراخی بین الاحیاء والموت اللازم للعناصر حیاۃ ایک قوۃ ہے تابع اعتدال نوعی کے اور اس سے تمام دوسرے قویٰ مستفیض ہوتے ہیں مجازاً قوۃ حاسہ و قوۃ نامیہ پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے اور اس سے خصائل انسانی مراد ہوتی ہیں مثل عقل و علم و ایمان اس حیثیت سے کہ وہ کمالات حیاۃ ہیں یا اسکی غایت ہیں۔

الاحیاء - زندہ کرنا مستعد مادہ کے ساتھ روح کو متعلق کرنا۔ مضغہ میں جان ڈالنا۔ مصدر افعال لفیف یائی

اَحْیَا - یُحْیِیْ - مُحْیٍ اَحْیِ - لَا تُحْیِ

ثُمَّ يُحْيِيكُمْ

(بعد ازاں بمیر اند شمارا - پھر مارتا ہے تمھیں -

ثُمَّ، حرف عطف مظہر تراخی معطوف -

یُمِیْتُ، مضارع الاماتۃ روح

وحرکت کرنا - روح ہوائی کا تعلق بدن سے قطع کرنا - مصدر افعال اجوف

اَمَاتَ - یُمِیْتُ - مُمِیْتٌ - مُمَاتٌ اَمِتْ لَا تُمِتْ -

١٥ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ

(پس باز بسوے وے گردانیدہ خواہید شد - پھر اسی کے پاس پھیرے جاؤ گے -)

تُرْجَعُوْنَ، جمع مضارع الرجع پھیرنا واپس کرنا مصدر -

ف۔ک رَجَعَ یَرْجِعُ رَاجِعٌ وَرُجِعَ یُرْجَعُ مَرْجُوْعٌ اِرْجِعْ لَا تَرْجِعْ

هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُم

(اوست خداوندے کہ بیا فرید برائے شما - وہی خدا ہے جس نے پیدا کیا یا بنایا تمہارے واسطے -)

اے لاجل انتفاعکم فی الدین والدنیاء و یا اصلاح ابدان اور عبرت حاصل کرنے کے لیے)

ھو، یہ ضمیر ہے غیر متکلم و غیر مخاطب کے لئے اور اہل اللہ کے نزدیک اسم ہی

اسمائے واجب تعالیٰ شانہٗ سے اور
یہ مرکب ہے ھا اور واو سے ھا
اصل ہے اور واوٗ زائدہ کیونکہ وہ جمع
وتثنیہ میں گر جاتی ہے پس حقیقۃ میں
حرف واحد ہے دال بواحد منفرد جو
موجود ہے اور اصل کل ہے اور
مبّرا ہے جمیع جہات کثرۃ سے لہذا
اکابرین نے اسکو مدار ذکر قرار دیا ہے
اور بدرقۂ نفس آور کہتے ہیں کہ ہوا میں
عام طور پر قاذورات اعتقادیہ وخیالیہ
ملے رہتے ہیں جو صحت روح کے
لیے زہر ہلاہل ہیں اور یہ اسم
مصفی ومطہر نفس ہے پس جو سانس
کہ اس سے صاف ہوکر روح میں پہونچتا
ہے وہ اسکی ترویج وحیات کا باعث
بنتا ہے اور جس سانس کی حفاظت
نہیں کیجاتی وہ قلب کے لئے باعث
تمریض وموت ہوتا ہے پس سالک
کے لئے ضرور ہے کہ وہ اسکو ہمیشہ

انفاس کے ساتھ جاری رکھے اور
مسمی اس کا غائب ہے یعنی حدود
قیاس حدس سے پر محیط نہیں ہوسکتے
والا فہو موجود ولا وجود الا ہو
وکل شی ھالک الا وجھہٗ
خلق، ماضی ا ۔ ع مصدر الخلق صف
لکم، لام بمعنی اجل وانتفاع[ل]۔

ما فی الارض جمیعا

(ہر انچہ در زمین است ہمہ ۔ جو کچھ
زمین میں ہے سارا۔)
ما، موصول مراد وہ اشیاء جن سے
فائدہ حاصل ہوسکتا ہے ویا عام مخلوق

ثم استوی

(بعد ازاں متوجہ شد ۔ پھر قصد کیا)
ثُمَّ، حرف عطف مظہر تفاوت طرفین
اے تفاوت خلقت ما بین السماء
والارض مثل ثُمَّ کَانَ مِنَ الَّذِیْنَ
اٰمنوا ہذ براے اظہار تراخی وقت

[ل] ۔ انتفاع یعنی لام تعلیل اور انتفاع کے لئے
ہے خلق لاجلکم جمیع ما فی الارض
لتنتفعوا بہ فی امور دنیاکم بالذات

او انا اسعطا دقائم سوسد حیثم الاسنا ال اول ما لا علیہم ۱۲

معطوف اخطا

استویٰ، امر الاستواء قصد کرنا۔ استویٰ کے معنی لغت میں سیدھا کھڑا ہونے اور مستقیم و معتدل ہونے کے ہیں و بمعنی قصد مصمم۔ و قصد بارادہ بلا اصارت۔

مصدر لفیف مقرون افتعال۔ استوی یَسْتَوِیْ مُسْتَوٍ اِسْتَوِ لَا تَسْتَوِ۔

(بسوئے آسمان۔ آسمان کیطرف)

السماء آسمان و جہت علو واحد باعتبار لفظ و جمع بالمعنی یا اسم جنس و یا جمع سماوۃ۔

(پس راست کرد ایشانرا۔ پس درست کیا انکو)

ف سَوّٰی، امر التسویۃ برابر کرنا اتمام خلقت۔ سنوارنا مصدر تفعیل۔ سَوّٰی۔ یُسَوِّیْ مُسَوٍّ سَوِّ لَا تُسَوِّ۔

هنّ، ضمیر جمع مونث غائب راجع بسماء و جمع ضمیر باعتبار معنی لفظ سماء و یا ضمیر مبہم و سبع سمٰوات تفسیر

(ہفت آسمان۔ سات آسمان)

سبع، اسم عدد سمٰوات جمع سماء

(او بہمہ چیز دانا است۔ اور وہ سب چیز سے واقف ہے)

کل: وہ جملہ یا مجموعہ جو چند افراد یا اجزا

لہ۔ جب کوئی شخص کسی چیز کی طرف کامل توجہ کرتا ہے کہ غیر کی طرف بالکل اسکی التفات نہیں رہتی تو اہل محاورہ کہا کرتے ہیں استویٰ الیہ کالسہم المرسل ۱۲

ٹہ۔ بکل، ب، حرف تعدیہ علیم باوجودیکہ بنفسہ متعدی ہوتا ہے اسلیے کہ امثلہ مبالغہ اپنے افعال کے مخالف ہوتی ہیں جیسے کہ اپنی جگہ پر مصرح ہے کیونکہ یہ افعل التفضیل کے مشابہ ہوتی ہیں بوجہ اس کے کہ ان میں دلالت ہوتی ہے زیادتی پر لہذا تعدیت میں یہ افعل کا حکم رکھتی ہیں یعنی افعال اور افعل کا حکم یہ ہے کہ اگر اس کا فعل متعدی ہوتا ہے اور اس سے علم یا جہل کے معنی سمجھے جاتے ہیں تو وہ متعدی بواسطہ حرف با ہوتے ہیں مثل اعلم بہ و اجہل بہ و علیم بہ

مرکب ہو۔ مراد کل افرادی

شیٔ ہر چیز سے موجود ہو کر منفی

فی الخارج ہو۔ عام غیر تخصیص

کیفَ، حرف استفہام منصوب المحل

بنا بر ظرفیت (سیبویہ) و بوجہ حال

(الاخفش)

تکفرون، ... فعل با فاعل

ذوی الحال

باللّٰہِ، جار مجرور ... ظرف لغو

وکنتم، فعل ناقص

بمعنی قریب حال

ضمیر حاضر اسم - امواتاً، خبر

فاحیاکم، فعل ضمیر مستتر فاعل

کم ... مفعول

ثم یمیتکم، جملہ فعلیہ معطوف علیہ

ثم یحییکم، جملہ فعلیہ معطوف علیہ

ثم الیہ، جار مجرور ظرف لغو مقدم

ترجعون، فعل با فاعل

ھو ... مبتدا

الذی، موصول

خلق، فعل مع الفاعل

لکم، جار مجرور ظرف لغو

ما فی الارض جمیعاً، مفعول

معطوف ہو و کنتم امواتاً پر اور ترک حرف

الخبار استقلال کیلئے ہے افادہ میں اور یا یہ کہ

یہ جملہ مثل نتیجہ کے ہے اس سے۔

ف۱ - کیف ظرف یا حال ہو ضمیر تکفرون سے اسے

اخبرونی علی ای حال تکفرون ۱۲۔

ف۲ - کنتم امواتاً جملہ اصنو یہ بعیدہ مجازاً قریب کے معنوں میں لیا گیا ہے جس سے اس کا حال اتم ہو جاتا ہے ۱۲

ف۳ - جملہ ثم یمیتکم ثم یحییکم ثم الیہ ترجعون ان تینوں کا عطف کیف تکفرون پر

ہے اور جملہ وکنتم امواتاً فاحیاکم قطع کلام ہے یعنی جب تم اپنا ابتدائی حال جانتے

ہو تو پھر تمہارا کفر اختیار کرنا نہایت بعید ہے اور اگر تم اسی حالت پر جمے رہے تو یقین

کر لو کہ اس موجودہ حیات کے پیچھے ایک اور موت اور حیات بھی آنے والی ہے جس میں

ثُمَّ اسْتَوٰى اِلَى السَّمَآءِ جملہ فعلیہ معطوف بر سابق	هُوَ ... مبتدا
ف۔ سوی فعل مع الفاعل	بِکُلِّ شَیْءٍ ... ظرف لغو
هُنَّ ... مبدل منہ	عَلِیْمٌ ... خبر
سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ... بدل	یا سوی بمعنی صیّر فعل مع الفاعل
اسے سوی متضمن۔ یا سبع حال مقدرہ یا تمیز۔	هُنَّ ... مفعول اول
	سَبْعَ سَمٰوٰتٍ مفعول (۲)

ف۔ کیف تکفرون الخ ان آیات میں عام کفار منافقین اور معاندین اسلام
سے زجراً خطاب کیا گیا ہے۔ ارشاد ہوتا ہے کیا تمھیں اپنے ذاتی تغیرات
اور شخصی انقلابات پر بھی علم نہیں؟ تم نہیں جانتے کہ اس شخصی صورت
سے پہلے کسی قسم کی حس و حرکت نہ رکھتے تھے بلکہ کچھ بھی نہ تھے۔ چند در چند
[illegible] بہت سے [illegible] کے بعد تمہارے ابدان تعلق روح کے
قابل [illegible] اور پھر [illegible] سے تمھیں حس و حرکت، سوچ سمجھ
[illegible] سے منافع و مضار سمجھنے لگے، املاک و مال
[illegible] تصرفات شہر اور قلعوں کو آباد کرنے

[illegible] لیکن صاحب کشاف ان تینوں جملوں کا
[illegible] محض مستقبلات ہیں اس لیے
[illegible] حال نہیں بلکہ عام قصہ حال واقع
[illegible] ۱۲ از مطولات

لگے۔ اور تم یہ بھی دیکھ رہے ہیں کہ ہر ایک شخص کو ایک خاص وقت پر تمام دنیوی تعلقات چھوڑنے پڑتے ہیں۔ اے معاندین اسلام! کیا تمھیں شک ہے کہ یہ سارے تغیرات ہماری قدرت سے نہیں ہوئے، یا ان کی متصرف کوئی دوسری ذات ہے؟ اور کیا اس موجودہ حالت کو دیکھ کر آئندہ جی اٹھنے میں شک ہو سکتا ہے؟ ہرگز نہیں پس ایسے نور ہدایت اور آفتاب کرامت یعنی شریعت حقہ سے انکار کرنا تمہاری بدبختی اور ناعاقبت اندیشی کی دلیل ہے اور ہم تمھیں پھر کہتے ہیں کہ اس موجودہ حیات پر غرہ نہ رہو۔ اس حیات کے بعد ایک اور موت اور زندگی بھی ہے اور تمھیں ہماری عادل اور سچی بارگاہ میں کھڑے رہکر اپنے بھلے بُرے اعمال کا حساب پیش کرنا ہے۔

ف۲- هو الذی الخ- یہ آیت جملہ سابق کی تاکید ہے، کہ ہمنے صرف عدم سے وجود میں لانے ہی کی نعمت کا احسان نہیں کیا بلکہ تمہارے فائدے کے لئے زمین کو قابل محض بنا کر سات آسمانوں یا سات سیاروں کی دوری گردش اور ان کے شعاعی انعکاس کا اس سے تعلق پیدا کر دیا ہے۔ اور انکے مجموعی اثر و تاثر سے اونچے اونچے پہاڑ، چاندی سونے، تانبے اور لوہے وغیرہ کی کانیں، میٹھے پانی کے بہتے چشمے، جاری نہریں، رنگ برنگ پھولوں کے خوشنما تختے، اقسام اور گوناگوں کے میوے، چھوٹے بڑے پرندے اور چہار پائے، شیر دار حیوانات، مرغوب غذائیں، طرح طرح کے خوشبودار لوازمات اور ہزارہا فائدہ بخش چیزیں پیدا کر دی ہیں

اور اس نعمتوں کے بھرے ہوئے گھر کا تمہیں مالک بنا دیا ہے بیشک
تمہارا خالق قادر مطلق ہے۔ ہر ایک شے کے وجود اُسکی ضرورت اور اُسکے
فائدے اور انجام سے خوب واقف ہے۔

ف ۳۔ فائدہ یہ کہ بدن حیوان میں اخلاط اربعہ کے خلاصے سے ایک لطیف
بھاپ پیدا ہوتی ہے اور شرائین کے ذریعے سے ہر ایک عضو میں پہونچکر
باعث حس و حرکت بدن ہوتی ہے اسکا نام روح حیوانی یا روح ہوائی ہے
اسی کی موجودگی اور جریان کا نام زندگی ہے۔ اور جسوقت بدن میں روح
ہوائی کے پیدا کرنے کی قوت نہیں رہتی یا ضعف امراض اُسے تحلیل کر دیتے
ہیں تو بدن بے حس و حرکت ہوجاتا ہے۔ اور اسی روح حیوانی کو بدن میں
نہ رہنے کا نام موت ہے۔

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی

و یاد کن چوں گفت پروردگار تو بفرشتگان کہ من آفرینندہ ام در

اور جب کہا پروردگار تیرے نے واسطے فرشتوں کے تحقیق میں بنانے والا ہوں بیچ

الْاَرْضِ خَلِیْفَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِیْهَا مَنْ یُّفْسِدُ

زمین جانشینے را گفتند آیا مے آفرینی در زمین کسے را کہ تباہی کند

زمین کے نائب کہا انہوں نے کیا بناتا ہے تو بیچ اس کے اس شخص کو جو فساد کرے

فِیْهَا وَیَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ

در وے و خوں ریزی کند و ما تسبیح میکنیم بحمد تو

بیچ اسکے اور ڈالے لہو اور ہم پاکی بیان کرتے ہیں ساتھ تعریف تیری کے

وَنُقَدِّسُ لَكَ ۚ قَالَ إِنِّىٓ أَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿۲۹﴾

و پاکی اقرار میکنیم	برائے تو	فرمود	ہر آئینہ	من میدانم	آنچہ	شما نمی دانید
اور پاکی بیان کرتے ہیں	واسطے تیرے	کہا	تحقیق میں	جانتا ہوں	جو	تم نہیں جانتے

وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ (ویاد کن چوں گفت پروردگار تو۔ اور جب کہا تیرے رب نے)

قَالَ، ماضی۔ اِذْ، اسم ظرف زمان[۱] منصوب المحل۔

لِلْمَلٰٓئِكَةِ (بفرشتگاں۔ فرشتوں سے)

لِ، جارہ مظہر تبلیغ

المَلٰٓئِكَةِ۔ ال، استغراقی ملائکہ جمع مَلَک[۲]

۱۔ اِذْ۔ ظرف زمان ہے ماضی کے لئے اور حرف کے ساتھ وضع و احتیاج میں مشابہ ہونے کے باعث مبنی ہے اسکے بعد جملہ فعلیہ ہوتا ہے یا اسمیہ جسکا ایک جز فعل ہوتا ہے یا ایسا اسمیہ جسکا وقوع زمانہ معین میں مشہور ہوتا ہے اور جب مضارع پر داخل ہوتا ہے اسے ماضی کے معنی میں کر دیتا ہے اور لازم الظرفیہ ہے مگر اس وقت کہ اس کی طرف زمان مضاف ہو۔ کبھی کبھی مفعول بہ اور بمعنی تعلیل و مفاجاۃ یا اسم مکان بھی واقع ہوتا ہے مگر یہ شاذ ہے۔ اسجگہ زائد بمعنی قد ہے اور موضع رفع میں ہے۔ بے ابتداء خلقکم اذ۔ یا موضع نصب میں ہے فعل مقدر سے سے ابتدأ خلقکم او احیاکم اذ۔ لیکن صحیح یہ ہے کہ وہ منصوب المحل ہے قالوا اتجعل سے اور زمان سے مراد وقت ممتد ہے نہ زمانۂ قول۔

۲۔ ملک دراصل مالک بفتح اول و سکون ہمزہ و فتح لام بروزن مفعل بمعنی موضع رسالت یا بمعنی مرسل الوکۃ یا ملأکۃ بمعنی رسالت سے مشتق ہے بعد ازاں ہمزہ ساکت کر دیا گیا ہے اور تائے تاکید تانیث جماعت کے لئے ہے۔ یا ملائکہ جمع مَلْئَک بسکون لام و فتح ہمزہ مقلوب مألک صفت مشبہ ہے جیسے شمائل جمع مشمئل ہے پس ہمزہ تخفیفاً حذف کر دیا گیا ہے

انی جاعل (بدرستیکہ من آفرینندہ ام۔ تحقیق میں بنانیوالا ہوں)

انی۔ (ان، حرف مشبہ بفعل، ی، متکلم

جاعل بمعنی خالق ومصور اسم فاعل مصدر الجعل

فی الارض خلیفۃ (در زمین جانشینے۔ زمین میں نائب)

خلیفۃ بتائے مبالغہ فعیل بمعنی اسم فاعل شخص قائمقام مستخلف باجرائے احکام جمع اسکی خلفاء آتی ہے وعند البعض جمعہ خلائف بلحاظ تانیث

قالوا اتجعل فیہا (گفتند آیا پیدا میکنی در زمین سا ہوں نے کہا کیا بناتا ہے زمین میں)

قالوا، ماضی ج ع مصدر القول اجوف واوی۔

ا، ہمزۂ تعجب یا استرشادیہ (طلب مصلحت) اور استفہام نفس جعل واستخلاف سے نہیں بلکہ مسئول جعل باعتبار حکمہ ہے۔

تجعل، مضارع، ا، ح، الجعل بنانا، گردانا مصدر ف۔ جَعَلَ۔ یَجْعَلُ جاعِلٌ مجعولٌ اِجْعَلْ لَاتَجْعَلْ

فیہا، لے فی الارض۔

من یفسد فیہا (شخصے راکہ فساد کند دروے۔ اس شخص کو جو فساد کرے زمین میں) یعنی بطریق التسبب او من فیہ قوۃ ذالک

بقیۂ صفحہ ۲۰۹ اور اس کی حرکت اتبل کو دیگئی ہے اس تقدیر پر ہمزہ مزیدہ ہے ملائکہ ایک نورانی ہوائیہ لطیف اجسام ہیں اور اپنے کو مختلف اشکال میں دکھا سکتے ہیں ان کے دو قسم ہیں (۱) علیین جنکا کام تسبیح وتہلیل ہے (۲) مدبرین امر جو تعلیم الہی کے مطابق احکام الہیہ کی تعمیل کرتے ہیں بعض اہل کتاب کا اعتقاد ہے کہ وہ نفوس ناطقہ انسانیہ ہیں جو بعد مفارقت ابدان صالحین کاملین ملائکہ کہلاتے ہیں اور شیاطین نفوس ناطقہ ناقصین جہال ہیں جو بعد مفارقت ابدان خبیثہ شیاطین کے نام سے مشہور ہوتے ہیں

مَن، اسم موصول عہدی۔

یفسد، مضارع الافساد فساد ڈالنا مصدر صفہ

ويسفك الدماء

(و بریزد خونہا۔ یا خون ریزی کند۔ اور ناحق خون ریزی کرے)

یسفک، مضارع السفک زور سے بہانا۔ خون ریزی کرنا۔ ناحق خون گرانا مصدر ن ک سَفَکَ۔ یَسْفِکُ سَافِكٌ۔ مَسْفُوكٌ۔ اِسْفِكْ لَا تَسْفِكْ۔

الدِّمَآءَ۔ جمع دَم، خون مراد قتل ناحق لام، اسکا "یا" ہے۔ یا "واو"

ونحن نسبح بحمدك

(ما تسبیح می کنیم ترا بستائش یا بحمد تو۔ اور ہم تسبیح کرتے ہیں تیری تعریف کے ساتھ۔)

یعنی ہم تسبیح کرتے ہیں تیری ذات پاک کی اور تعریف کرتے ہیں تیرے کمالات کی پس تیری ذات اور صفات کا حق ادا کرتے ہیں۔ ادائے حق ذات تسبیح سے۔ اور ادائے حق صفات حمد سے۔

نُسَبِّحُ، مضارع ج م التسبیح التبعید مطلقاً والمراد تبعید اللہ عن السوء ذات واجب تعالیٰ کو نقائص امکان وحدوث سے بری اور منزہ جاننا اور قولاً و فعلاً اس کا اظہار کرنا۔ مصدر تفعیل۔ سَبَّحَ۔ یُسَبِّحُ مُسَبِّحٌ سَبِّحْ۔ لَا تُسَبِّحْ۔

بحمد، ب، تعلیلیہ سببیہ یا مظہر استدرامۃ صحبۃ ومعیۃ

حمد، اس قول اور فعل کو کہتے ہیں جس سے ممدوح کی عظمت اور اس کی کبریائی کا اظہار ہو۔

ونقدس لك

(و بپاکی یاد میکنیم ترا۔ یا بپاکی اقرار میکنیم برائے تو۔ تیرے لیے پاکیزگی بیان کرتے ہیں۔ یا تیری پاک ذات کو یاد کرتے ہیں یا پاک جانتے ہیں۔ ہم تیرے افعال کو سفاہت اور

خلاف حکمت ہے۔

نُقَدِّسُ[1]، ج متکلم ہم اپنے کو گناہ اور لغزش سے بچاتے ہیں اور یاد کرتے ہیں تیری پاک ذات کو۔ التقدیس پاک کرنا۔ یا پاکیزگی کے ساتھ منسوب کرنا افعالِ واجب تعالیٰ کو مصدر تفعیل

قَدَّسَ یُقَدِّسُ۔ مُقَدِّسٌ۔ قَدِّسْ۔ لَا تُقَدِّسْ۔

لَكَ ل تعلیلیہ[2] لئے۔ لاجلک ویا زائدہ[3] (فرمود بدرستیکہ من۔ کہا تحقیق میں)

قَالَ ماضی ع **اِنِّی** کلمہ مرکب (اِنَّ) حرف مشبہ بفعل (ی متکلم)

میدانم آنچہ شما نمیدانید۔ میں سمجھتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔)

اَعْلَمُ مضارع متکلم ویا افعل التفضیل وما الخ مجرور باضافۃ

ما موصولہ۔ **لَا تَعْلَمُوْنَ** مضارع منفی جمع مذکر حاضر

اِذْ ظرف منصوب المحل۔ اے اذکر۔ یا منصوب بقالوا اتجعل۔

قَالَ فعل **رَبُّكَ** فاعل

لِلْمَلٰٓئِكَةِ جار مجرور ظرف لغو

اِنّ مشبہ بفعل۔ ی اسم

جَاعِلٌ

فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً۔۔۔ خبر

---

[1] نقدس۔ تسبیح و تقدیس باعتبار لغت ہر دو بمعنی تطہیر ہے لیکن اصطلاحاً تقدیس میں مبالغہ ہے۔ پس تسبیح تنزیہ حق ہو شریک سے اور صفات نقص سے مثل عجز و ضعف، تغیر، فنا وغیرہ۔ اور تقدیس تنزیہ حق ہے جملہ ان نقایص سے جو تسبیح کے مفہوم میں داخل ہیں اور نیز ان نقایص سے جو جناب مقدس وغیرہ لاشریک لہ کے لایق شان ہیں، وہ صفات امکانیہ ہوں خواہ دوسرے صفات ناقصہ ہوں خواہ کاملہ پس مشتق تقدیس مثل قدوس اخص ہوگا۔ مشتق تسبیح یعنی سبوح سے۔ از مطولات [2] اسوقت یہ معنی ہونگے ہم اپنے آپ کو گناہ اور لغزش سے بچاتے ہیں تیری یاد کے لئے۔ [3] و یا زائدہ۔ یعنی ہم تیری پاک ذات کو یاد کرتے ہیں ۱۲

اسکا عطف خلق لکم پر ہے اے

ھوالذی خلق لکم وقال انی جاعلٌ

جاعلٌ، اسم فاعل بمعنی خالق

فی الارض، ظرف لغو

خلیفۃ، ..... مفعول

ویا جاعل بمعنی مصیر،

فی الارض ..... مفعول (۱)

خلیفۃ ..... مفعول دوم

قالوا، ..... فعل مع الفاعل

أتجعلُ، ... فعل با فاعل

فیھا، جار مجرور ظرف لغو

من، ... موصولہ

یفسد فیھا، ... صلہ

خلیفۃ، محذوف .. مفعول دوم

کانہ قیل فماذا قالت الملٰئکۃ

فقیل فی جوابہ قالوا الخ

ویسفک الدماء - جملہ فعلیہ معطوف

بر اوّل عطف خاص ہے عام پر

ونحن، ...... مبتدا

نسبح، فعل با فاعل ذو الحال

بحمدک، ب، جار حمدک مجرور، خبر

جار مجرور، متعلق متلبسین حال

ونحن، الخ حال ضمیر فاعل تجعل اے

اتجعل فیھا خلیفۃً من یفسد فیھا

ونحن ننزھک عن کل ما لا یلیق

بشانک متلبسین بحمدک

علی ما انعمت بہ علینا والھمنا

معرفتک -

و، نقدس، ... فعل با فاعل

لک، ظرف لغو یا مفعول بالواسطہ

ویا متعلق مصدر لے نقدس -

تقدیسًا لک لے لاجلک -

قال، .... فعل مع الفاعل

ان، مشبہ بالفعل - ی - اسم

اعلم ما لا تعلمون، خبر

---

۵۱ - بحمدک - اضافہ حمد لفاعل ہے اے بحمدنا اِیّاک - او بحمدنا لک ہے متلبسین -

اعلم ...... فعل مضارع با فاعل ما ...... موصول لا تعلمون: فعل با فاعل ضمیر محذوف مفعول } صلہ	} مفعول	ویا اعلم، افعل التفضیل مضاف وما الخ مضاف الیہ۔

اعلم ما لا تعلمون جملہ

ف۔ واذ قال۔ خداوند عالم کی یہ تیسری عامہ نعمت ہے۔ اس میں سیدنا ابو البشر حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش اور ان کی عظمت و بزرگی کا اظہار کیا گیا ہے، کہ اے بنی آدم کیا تم اس ہماری نعمت عظمٰی و عطیہ کبریٰ کو بھول سکتے ہیں؟ تمہاری خلقت اور وجود کونی سے پہلے جب ہمنے فرشتوں پر ظاہر کیا، کہ محل کون و فساد عالم عناصر میں ہم اپنا ایک نائب بنایا چاہتے ہیں، اگرچہ اسکی پیدائش کھنکھنانی مٹی سے ہوگی لیکن وہ ہماری روح ہیا ہماری مدد سے تمام مخلوق پر حکمرانی کریگا ہماری بارگاہ میں اسکی بڑی عزت ہوگی۔ فرشتے اسکے جسمانی اعراض اور لوازم عرضیہ کو دیکھ کر یہ کہنے لگے اور تعجباً استفسار کرنے لگے کہ اے ہمارے بادشاہ زمین کی اصلاح اور اس کی تعمیر کے لیے ایک خودغرض، خون ریز، فتنہ پرداز، وعدہ فراموش کو خلیفہ بنانا اور ہماری جنس کے افراد کو (جو تیری حمد و ثنا میں مستغرق ہیں، اطاعت و فرمانبرداری عصمت و عفت انکا ذاتی منصب ہے) سرفراز نہ فرمانا ہماری عقل و فکر سے بعید ہے۔ اور ہمنے کہا اے فرشتو! ہماری حکمتوں و مصلحتوں سے تم واقف نہیں۔

ف۲۔ تاویلات صوفیہ میں ہے کہ جو چیز عالم کون میں حادث ہوتی ہے، اسکی ایک

صورت قبل حدوث اولاً عالم قضا میں پیدا ہوتی ہے۔ اور اس کے بعد اس صورت ارادیہ کا نزول لوح پر ہوتا ہے۔ اور اس کے بعد لوح محو و اثبات پر یا سمائے دنیا پر۔ پس اس آیت میں اسی نزول سے کنایہ کیا گیا ہے۔ کیونکہ خداوند عالم کا ایک خاص مخلوق کے بارے میں فرشتوں سے مشورتاً کلام کرنا، اور فرشتوں کا ایک قسم کی سوء ادبی سے عند الجواب پیش آنا جو ظاہر کلام سے مفہوم ہوتا ہے خلاف شان خداوندی اور حالت ملائکہ معصومین مکرمین ہے اور اس قسم کے تنزلات صورت ارادیہ انسان کے ہر ایک قول و فعل میں بھی پائے جاتے ہیں۔ کیونکہ جو کچھ اسکے اعضاء و جوارح سے صادر ہوتا ہے، قبل حدوث اسکی ایک صورت اولاً روح میں پیدا ہوتی ہے۔ اسکے بعد اسکا نزول قلب پر ہوتا ہے۔ اور بعد میں قوائے نفسانیہ پر، اور پھر اُس کا ظہور اعضاء و جوارح پر ہوتا ہے۔

ف۳۔ قالوا اتجعل الخ فرشتوں کا یہ استفسار جو صورتاً اعتراض ہے، صرف جسم انسانی کے متعلق ہے جو متضاد عناصر کا مجموعہ ہے۔ چونکہ کل میں اجزاء کے خواص قائم رہتے ہیں اسلیئے جسم انسانی کو دیکھکر یہ کہنا بالکل صحیح ہے کہ اس مُرکب کا غضبناک حیوان ضرور دوسروں پر زیادتی کریگا۔ وعدوں اور اقراروں کو بھول جائیگا۔ ورنہ روح انسانی پر فرشتوں کا یہ اعتراض ہرگز نہیں ہوسکتا کیونکہ وہ بحالت تجرد تسبیح و تہلیل اور اپنے منصبی فرائض کے ادا کرنے میں فرشتوں سے کچھ کم نہیں۔ چونکہ فرشتوں کا اعتراض نامکمل اور ناقص انسان پر ہے اسلیئے جواباً یہ ارشاد ہوا کہ اے فرشتو! جو میں جانتا ہوں وہ تم نہیں جانتے

انسان اور اس کی استعداد و قابلیت سے میں ہی واقف ہوں۔ ابھی تک جو کچھ تم نے دیکھا ہے وہ انسان نہیں بلکہ اس کا کالبد اور جسم ہے۔ جب اسکے ساتھ روح انسانی کو ملایا جائیگا اور وہ اپنے عاقلانہ تدبر سے اس کی متمرد اور سرکش قوتوں کو مہذب بنا کر فضیلت عدل حاصل کریگی، اس وقت اسکی عظمت و رفعت شان کا سربستہ راز تم پر عیاں ہوگا۔ اور چونکہ مجردات کے تمامی فضائل اور ان کی ساری قوتیں بتدریج ترقی نہیں پاتیں۔ بلکہ ایک ہی دفعہ میں وہ ظہور پا جاتی ہیں یعنی ان کی فطرتی استعدادیں انکے وجود کے ساتھ ہی فعلیت میں آجاتی ہیں، اسلئے انسان کی تدریجی ترقی کا تذکرہ سنکر وہ اور بھی متعجب ہوئے۔ اور اضطراراً زبان حال سے کہنے لگے۔ اے بارخدایا ایسی عجیب خلقت افاضل، کامل شخص کی کیفیت پر ضرور ہمیں مطلع کیا جائے۔ لہذا مناسب مقام حضرت انسان کو وہبی اور کسبی فضائل سے آراستہ و پیراستہ کرکے دربار عام میں آنے کی اجازت دی گئی جسے دیکھکر تمام فرشتوں نے اسکی عظمت و کمالیت، اور اپنے عجز و انکسار کا اعتراف کرلیا اور حضرت رب العزت کا ارشاد ہوا الم اقل لکم انی اعلم الخ اے فرشتو! کیا میں نے نہیں کہا تھا، کہ انسان کوئی اور چیز ہے صرف اس کے جسمی ساخت پر اسکے فضائل کا قیاس نہیں ہوسکتا اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ انسان کی فضیلت کا باعث صفت علم ہے۔ وقال اللہ تعالی ھل یستوی الذین یعلمون والذین لا یعلمون۔ ۱۲

———۱۰۰———

وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى

دبیاموخت خدا آدم را نامہائے مخلوقات تمام آں باز پیش آورد آں چیزہا بر

اور سکھا دیے آدم کو نام سارے پھر سامنے کیا انکو اوپر

الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِىْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ

فرشتگاں پس گفت خبر دہید مرا بنام ہائے ایں چیزہا اگر

فرشتوں کے پھر کہا بتاؤ مجھکو نام انکے اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۰﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ

راست گو ہستید گفتند ہپاکی یاد میکنیم ترا ہیچ دانش نیست مارا

ہو تم سچے کہا انہوں نے پاک ہے تو نہیں علم ہے ہمکو

اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۱﴾

مگر آنچہ تو آموختی بما ہر آئینہ توئی دانا با حکمت

مگر جو سکھایا تونے ہمکو تحقیق تو ہے جاننے والا حکمت والا

(دبیاموخت خداوند آدم را۔ اور سکھائے خدائیتعالے نے آدم کو)

عَلَّمَ ماضی از التعلیم علم سکھانا تعلیم دینا مصدر تفعیل عَلَّمَ یُعَلِّمُ مُعَلِّمٌ عَلِّمْ لَا تُعَلِّمْ۔

اٰدَمَ اسم عجمی غیر منصرف بوجہ علم ووزن فعل۔ اسکا ماخذ ادیم الارض ہے یا اصل اسکی أأدم ہے ہمزہ ثانی کو الف بنایا گیا ہے جمع اوادم اور تصغیر

(نامہائے ہمہ چیزہا یا نامہائے ہمہ مخلوق را۔ نام سب چیزوں کے)

الْاَسْمَآءَ ای اسماء المسمیات[1]

[1] الاسماء۔ جمع اسم مراد اسم لغوی نہ اصطلاحی و عرفی خواہ سمۃ بمعنی داغ و علامت سے ماخوذ مانا جائے

فحذف المضاف الیہ وعوض عنہ اللام
مراد علاماتِ ذوات وصفات اور وہ
آثار جن سے انکے مسمیات کیطرف ذہن
متوجہ ہو سکے -

کلہا - مراد کل افراد ہی مبالغۃ یعنی ایک
ایک کا نام -
ثم عرضہم - بعد ازاں پیش آورد - یا نمودار کرد -
آں چیزہا - پھر اُن چیزوں کو سامنے کیا)

بقیہ از ط صفحہ ۲۱۶

اور خواد سمو بمعنی ارتفاع سے لہذا اسجگہ اسماء سے وہ علامات وصفات اور خواص مطلوب ہیں جن کا علم مستلزم علم انکے مسمّٰی کا ہو سکتا ہے - اور علم سے علم اجمالی مراد ہے جس سے آدم علیہ السلام کو ہر ایک اسم اور ہر ایک صفت کے ساتھ ایک خاص مناسبت پیدا ہو گئی تھی - لہذا جب آپ کسی اسم کی طرف اسماء میں سے یا کسی صفت کی طرف صفات سے توجہ فرماتے تو وہ اور انکے مسمیات و موصوفات آپ پر منکشف ہو جاتے جسطرح کسی شخص میں جب ایک علم کا ملکہ پیدا ہو جاتا ہے تو اس علم کا ہر ایک مسئلہ اسپر آسان اور سہل ہو جاتا ہے اور ادنی توجہ کے ساتھ وہ اس مسئلہ کو حل کر لیتا ہے - تفسیر مظہری میں ہے کہ اللہ تعالی نے آدم علیہ السلام کو اپنے نام سکھائے تھے اور چونکہ اللہ کے نام بے انتہا ہیں اور آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ کل نام سکھائے اس لئے مراد یہ ہے کہ بالتفصیل نہیں بلکہ بالاجمال کل نام سکھائے یعنی ان میں یہ قوت پیدا کر دی تھی کہ اللہ کے جس نام یا جس صفت کیطرف متوجہ ہوں وہ انپر روشن ہو جائے اور عرضہم میں ضمیر ھم کا مرجع آدم ہے اور جمع اسکی یا باعتبار تعظیم ہے یا اس لیے کہ آدم کے ساتھ ان کی آل بھی شامل ہے - پس معنی یہ ہوئے کہ پیش کیا آدم اور آدم کی آل کو ملائکہ پر - ایسے ہی ھٰؤلاء کا مشار الیہ آدم اور آل آدم ہے اور اسماء کی اضافت جو ھٰؤلاء کی طرف ہے اسکے یہ معنی ہیں کہ وہ اسماء الٰہی جو آدم اور آل آدم کو معلوم ہیں - پس گویا یہاں اسماء بمعنی معلومات ہیں اور معنی آیت فقال انبئونی باسماء ھٰؤلاء یہ ہیں کہ پھر اللہ نے کہا کہ اے ملائکہ خبر دو مجھے اُن اسماء کی جو انکو یعنی آدم

عَرَضَ، دکھایا سامنے کیا ماضی
العَرض - ظاہر کرنا دکھانا - مصدر ف
ک - عَرَضَ - یَعرِضُ - عارضٌ -
معروضٌ - اِعرِض - لَا تُعرِضْ

هم، ضمیر راجع (بمسمیات الاسماء
آدم - جمع الضمیر للتعظیم)

(بر فرشتگاں - سامنے فرشتوں کے
ملٰئکة، جمع ملک - ال عہدی
یا جنسی -

(پس بگفت خبر دہید مرا - پھر کہا بتاؤ
مجھے)

اَنْبِئُوْ صیغہ امر مظہر تعجیز و الزام نہ
تکلیف و امتثال - کیونکہ فرشتوں نے
اس امر اور خطاب کے سنتے ہی
عجز کا اظہار کیا ہے -

الانباءُ، واقعہ کا اظہار کرنا - خبر دینا مصدر
افعال مہموز اللام - انباء یُنبِئُ
مُنبِئٌ اَنبِئْ لَا تُنبِئْ -

نی، (ن، وقایہ و یٓ متکلم)

(نامہائے این چیزہا - نام ان چیزوں کی)
باسماءِ - ب، حرف تعدیہ فعل
اسماء جمع اسم (علامات تعریف ذات
یا وہ علامات اور اعراض جن سے
اشخاص میں تمیز ہو سکے -)

هٰؤُلَاءِ، جمع اسم اشارہ - واحد ہذا -
(اگر ہستید راست گویان - اگر
ہو تم سچے)
صادقین، جمع صادق مصدر الصدق
(گفتند بپاکی یاد میکنیم ترا - انہوں نے
کہا تو پاک سب سے نرالا ہے -)

اور آل آدم کو معلوم ہیں اور معنی آیت یا ادم انبئهم با سمائهم یہ ہیں کہ اے آدم خبر دے
ملائکہ کو ان اسمار الٰہی کی جو ملائکہ کو معلوم ہیں - کیونکہ صرف مخلوقات کے نام یا مختلف زبانیں
سیکھ لینے میں آدم کا کوئی کمال نہیں ہو سکتا اور نہ اُن چیزوں کے سیکھنے سے مرتبہ فضیلت
ثابت ہو سکتا ہے -

یعنی اے پروردگار ہم تیری ذات کو پاک جانتے ہیں اور یقین رکھتے ہیں کہ تیرا علم ہر قسم کے قصور اور تیرا فعل ہر طرح کے عیوب سے منزہ اور بری ہے تیرا کوئی امر خلاف مصلحت نہیں۔ پس اے پروردگار ہمارا سوال محض طلب ہدایت کے لیے ہے، کیونکہ ہمیں وہی چیزیں معلوم ہو سکتی ہیں جن کی تو نے ہمیں تعلیم دی ہے اور سبحان مصدر ہے بمعنی تسبیح اسکو نصب اور کسی اسم مفرد کی طرف مضاف ہونا لازم ہے وہ ظاہر ہو مثل سبحان اللہ و سبحان الذی اسرٰی" یا وہ مضمر ہو مثل سُبْحَانَہٗ اَن یَکُوْنَ لَہٗ وَلَدٌ۔ سبحانک لَا علمَ لنا" اور یہ ایسا مفعول مطلق ہے کہ اس کا فعل حذف کر کے یہ اسکی جگہ قایم کر دیا گیا ہے۔

لا علم لنا (ہیچ دانستے نیست مارا۔ کچھ علم نہیں ہمیں۔)

لا، حرف نفی جنس مراد نفی کلی[1] لام بمعنی عند۔

الا ما علمتنا (مگر انچہ بیاموختی مارا۔ مگر جتنا سکھایا تو نے)

ما، موصولہ۔ اے لا معلوم لنا الا معلومًا ھو علمتنا۔ یا مصدریہ اے لا علم لنا الا علمًا علمتنا۔

علمت، ماضی، ا ح، بعض اساتذہ نے تصریح کی ہے کہ جن مقامات پر "ما" کے قبل۔ لیس۔ لم۔ لا۔ یا۔ الا میں سے

[1] لا سے نفی جنس اس سے انکار کلی مراد ہے کیونکہ جنس غیر محدود ہوتی ہے یہ لا عمل میں ان کے مشابہ ہوتا ہے۔ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ امور غائبہ کا علم الہام ربانی اور اس کی خاص تعلیم پر موقوف ہے۔ نجوم کہانت وغیرہ سے ان پر اطلاع نہیں ہو سکتی قال وعندہ مفاتیح الغیب لا یعلمہا الا ھو۔ وقال عالم الغیب فلا یظہر علی غیبہ احدًا الا من ارتضٰی من رسولٍ۔

کوئی لفظ واقع ہوا ہے تو وہ ''ما''
موصولہ ہوگا۔ جیسے ما لیس لی بحق
مالم یعلم۔ ما لا یعلمون۔ الا ما
علمتنا (اتقان)

البتہ توئی دانا ہے حکیم۔ البتہ تو ہی
ہے جاننے والا حکمت والا۔ یا پختہ کار۔
انت، ضمیر مرفوع تاکید (ك) یا ضمیر
فصل۔ العلیم (دانا۔ وہ ذات جسکا علم
سارے معلومات پر محیط ہو۔ فعیل
بمعنی فاعل۔
الحکیم، وہ ذات جسکا ہر ایک فعل
مصلحت سے پر ہو۔ ہر ایک شے کی
غائت اور ابتداء سے واقف ہو۔

وعلم، .... فعل مع الفاعل
ادم، مفعول اول
الاسماء۔ ای اسماء المسمیات مفعول (۲)
کلھا، ..... تاکید اسماء

ثم عرض، فعل مع الفاعل
ھم، .... مفعول
علی الملئکۃ ظرف لغو
ف قال، ... فعل مع الفاعل
انبئو، ... فعل مع الفاعل
نی، .... مفعول اول
باسماء ھؤلاء مفعول دوم
ان، شرطیہ۔ کنتم، فعل ناقص
انتم۔ اسم۔ صادقین، ... خبر
فافعلوا ذلك ان كنتم صادقين
اذ قیل ان کنتم صادقین فی
زعمکم انکم احق بالاستخلاف او
فی ان استخلافھم لا یلیق فانبئوہ

قالوا، .... فعل مع الفاعل
سبحانك، مضاف [۱]
مضاف الیہ مفعول
لا علم لنا الا ما علمتنا، ... مقولہ

[۱] سبحان، مصدر قائمقام فعل محذوف اور یہ ہمیشہ اضافت کے ساتھ مستعمل ہوا کرتا ہے اور فعل مقدر کی وجہ سے منصوب المحل ہوتا ہے اسے سبحت سبحانا۔

لا ۔ نفی جنس ۔ علم ۔ اسم
لنا ۔ متعلق ثابت ۔۔۔ خبر
الا ۔ حرف استثنا ۔ ما ۔ موصولہ
علمت ۔ فعل با فاعل
نا ۔ ضمیر ۔ لا خبر ۔ مفعول
انک ۔ فعل ۔ ک ۔ اسم
انت العلیم الحکیم ۔۔۔ خبر
انک انت ۔ مبتدا العلیم الحکیم ۔ صفت

صفت خبر کیونکہ العلیم معناً موصوف ہے
ویا انت اِنّ کے اسم کاف سے تاکید
واقع ہے ۔ ویا انت ضمیر فصل ہے
جملہ ملائکہ کے قصر علم کی تعلیل ہے
کانھم قالوا انت العالم باستعداد
آدم علیہ السلام من العلوم
الخفیۃ المتعلقۃ بما فی الارض
(مسعودی)

ف ۔ وعلم آدم الخ ان آیات میں حضرت آدم علیہ السلام کی عظمت وشرافت کا اظہار مقصود ہے تاکہ فرشتے انکو حقارت سے نہ دیکھیں کہ ہمنے آدم کو اپنی معرفت حصول اشیاء اور ان کی کیفیت کا پورا علم دیکر فرشتوں پر منصب خلافت میں بحث کرنے کے سبب پیش کیا لیکن فرشتوں نے علم الاشیاء میں حضرت آدم کے سامنے اپنے عجز کا اقرار کیا اور کہنے لگے اے ہمارے مالک ہمیں یقین ہے کہ تیری ذات علیم ہے اور تیرے علم میں کسی قسم کا نقص نہیں اور تیرا ہر ایک کام حکمت ومصلحت پر مبنی ہوتا ہے ہم اپنی کم علمی اور ناقص فہمی کے مقر ہو کر کہتے ہیں کہ ہمارا علم انہیں معلومات میں محصور ہے جنکا فیضان تیری ذات اقدس سے ہوا ہے اور بیشک تو ہر ایک شے کی ماہیت اور اس کے استحقاق قابلیت سے پورا واقف ہے ۔

ف ۲۔ اس آیت سے ظاہر ہوتا ہے کہ انسان کی فضیلت اور اسکی شرافت کا باعث وہ لطیفہ ربانی ہے جسکی نورانی شعاعیں حقائق اشیاء اور کوائف ماہیات انکے حالات جوہر، عرض، اجمال تفصیل، علت معلول، لازم ملزوم جنس فصل کلیت جزئیت کے اعلیٰ مطالع اور مشارق پر چمک سکتی ہیں۔ عزت ربوبیت اور اسکے استحقاق عبادت کی معرفت اسی جوہر لطیف کی اضارت اور تنویر پر موقوف ہے۔ قال اللہ تعالیٰ۔ انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء وجہ تخصیص یہ ہے۔ کہ کسی شئے سے خائف اور مرعوب ہونے کے لئے تین چیزوں کا علم ضروری ہے۔ (۱) اس ذات کی قدرت پر واقف ہوں کیونکہ بادشاہ اگر یقین بھی کرلے کہ رعیت اس کے برے حرکات سے واقف ہے۔ تاہم وہ ان سے کچھ خوف نہیں کرتا۔ وہ جانتا ہے کہ رعیت اسپر کچھ جبر نہیں کرسکتی۔ نہ انہیں منع کرنے کی قدرت ہے۔ (۲) اس کے عالم ہونے پر یقین رکھنا۔ کیونکہ شاہی سامان چرانے والا شخص اگرچہ بادشاہ کی قدرت پر علم رکھتا ہے۔ لیکن وہ اس لئے نہیں ڈرتا۔ کہ بادشاہ کو اسکی چوری کا علم نہیں۔ (۳) اس کے حکیم ہونے پر یقین رکھنا۔ کیونکہ بادشاہ کے سامنے استہزاء اور تمسخر کرنے والا شخص اگرچہ جانتا ہے کہ بادشاہ کو اسکی منع پر البتہ قدرت ہے اور وہ اسکے قبائحہ احوال سے بھی واقف ہے۔ لیکن اس لئے اس سے وہ خوف نہیں رکھتا۔ کہ بادشاہ کی سفلہ پسند طبیعت نے اسے گستاخ کردیا ہے۔ لیکن جب وہ جان لیتا ہے۔ کہ بادشاہ اس کے برے فعل کو خوب جانتا ہے اور اسے منع کرنے کی بھی پوری قدرت ہے اور وہ حکیم ہے۔ سفاہت پسند نہیں کرتا، تو

بادشاہ کے ایسے اوصاف سے البتہ مصاحب کا دل مرعوب ہوسکتا ہے اور
اس سے کوئی ناشائستہ حرکت صادر نہیں ہوسکتی۔ اسی طرح جب انسان یقین
کرلیتا ہے کہ اس عالم الغیب ذات پر جمیع مخلوقات عیاں اور منکشف ہے
تمام مقدورات پر اسکی قدرت حاوی و محیط ہے۔ منکرات اور محرمات وغیرہ
منہیات شرعیہ سے خوش نہیں ہوتا۔ اس وقت اسکے دل میں اس قادر مطلق
کی عزت اقتدار پیدا ہوتی ہے۔ اور اس کا رعب اسپر مسلط ہو جاتا ہے اور
کوئی کام اسکے خلاف مرضی اس سے صادر نہیں ہوتا۔ ظاہر ہے کہ اس قسم کی
سعادت کی تحصیل لوازم علم سے ہے۔ پس حصول سعادت دارین علم اور
معرفت پر موقوف ہے۔ قال ومن یوتی الحکمۃ فقد اوتی خیرا کثیرا۔
اور اس کے سوائے انسان میں صورت انسان کے سوائے اور کچھ نہیں
کما قال اولئک کالانعام بل ھم اضل۔

قَالَ يَا آدَمُ أَنبِئْهُم بِأَسْمَائِهِمْ فَلَمَّا أَنبَأَهُم بِأَسْمَائِهِمْ

فرمود ای آدم خبر دہ فرشتگاں را بنامہای ایشاں پس چوں خبر داد ایشاں را بنامہای ایشاں

کہا اے آدم بتادے انکو نام انکے پس جب بتادئے انکو نام ان کے

قَالَ أَلَمْ أَقُل لَّكُمْ إِنِّي أَعْلَمُ غَيْبَ السَّمَاوَاتِ وَ

فرمود آیا نگفتہ بودم شمارا کہ ہر آئینہ من میدانم پنہان آسمانہا و

کہا کیا نہ کہا تھا میں نے تمکو تحقیق میں جانتا ہوں چھپی چیزیں آسمانوں کی اور

الْأَرْضِ وَأَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا كُنتُمْ تَكْتُمُونَ (۳۴)

زمین و میدانم آنچہ آشکارا میکنید و آنچہ پوشیدہ میداشتید

زمین کی اور جانتا ہوں جو ظاہر کرتے ہو اور جو تھے تم چھپاتے

قَالَ يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ

(فرمود کہ اے آدم۔ کہا اے آدم)

اٰدَمُ، اسم عجمی غیر منصرف

(خبر دہ فرشتگاں را بنام ہائے آں چیزہا

بیان کر فرشتوں پر ان سب چیزوں کے

نام۔ یا بتادو انکو نام انکے)

اَنْۢبِئْ، بیان کر۔ صیغہ امر حاضر صحیح

بِاَسْمَآءِ، ب تعدیہ۔ اسماء جمع اسم مراد

مسمیات اسماء۔ یا خواص اشیاء و یا اسم

عرفی۔

فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ

(پس ہرگاہ آدم خبر داد ایشاں را از نامہائے

آں چیزہا۔ پھر جب آدم نے بتا دئے

انکو ان سب کے ناموں سے۔

فَلَمَّا، ف، حرف عطف یا فصیحیہ

لَمَّا، ظرف یا مفید معنی شرط۔

اَنْۢبَاَ، ماضی صحیح

ب، تعدیہ یا زائد۔

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ

(بفرمود آیا نگفتم شمارا یا نگفتہ بودم شمارا

کہا اللہ نے کیا میں نے نہ کہا تھا تمکو)

لہ لَمَّا، جب یہ حرف فعل ماضی پر داخل ہوتا ہے تو ایسے دو جملوں کا مقتضی ہوتا ہے جن میں سے دوسرے جملے کا وجود پہلے جملے کے پائے جانے کے وقت ہوتا ہے۔ لہذا کہا جاتا ہے وھو حرف وجود موجود ایک جماعت نے کہا ہے کہ وہ اسوقت بمعنی حین ہوا کرتا ہے۔ اور ابن مالک کہتا ہے وہ بمعنی اذ ہوتا ہے اسلیے کہ اذ ماضی کے ساتھ مخصوص ہے اور جملہ کی طرف مضاف ہونے کے لئے بھی اور اس کا جواب بھی ماضی ہوگا اور جملہ اسمیہ جس پر حرف فَا داخل ہو یا اذا فجائیہ آیا ہو وہ بھی اس کے جواب میں واقع ہوتا ہے مثلاً فلمّا نجّاھم الی البرّ فمنہم مقتصد۔ فلمّا نجّاھم الی البرّ اذا ھم یشرکون۔ اور جہاں فعل مضارع جواب میں واقع ہوا ہے مثل فلمّا ذھب عن ابراھیم الروع وجاءتہ البشریٰ یجادلنا۔ تو اس کی تاویل یوں کی ہے کہ اصل جادلنا فعل ماضی ہے اور دوسری جماعت نے جواب کا فعل مضارع کا ہونا بھی جائز رکھا ہے۔ (خلاصۂ مطولات)

أَلَمْ أَقُلْ لَّكُمْ إِنِّيْٓ أَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ

قَالَ، ماضی ۔ اَلَمْ ۔ ہمزہ استفہام انکاری ۔ لَمْ اَقُلْ مضارع منفی بمعنی ماضی منفی جحد

(کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا ۔ البتہ میں جانتا ہوں)

اِنِّیْ، مرکب اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل و یائے متکلم۔

(پوشیدہ باتیں زمین و آسمانوں کی) آسمانوں اور زمین کی ۔

غَیْبٌ ۔ مصدر بمعنی مفعول یعنی چیز جو ادراک حواس اور بداہۃً عقل سے خارج ہے ۔ یا وہ شے جو نہ نظر آسکے اور نہ سمجھ میں آسکے ۔

اَلسَّمٰوٰتِ ۔ اَلْ ۔ زائدہ واحد سماء

وَأَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ

(اور میں جانتا ہوں جو چیز تم ظاہر کرتے ہو)

مَا، موصولہ ۔ تُبْدُوْنَ، دکھاتے ہو ظاہر کرتے ہو ۔ فعل تُبْدُوْنَ مضارع جمع

اَلْاِبْدَاءُ شروع کرنا ۔ کھولنا ۔ ظاہر کرنا مصدر افعال ۔ مہموز اللام ۔ اَبْدَاَ، یُبْدِئُ، مُبْدِئٌ، اَبْدِئْ، لَا تُبْدِئْ۔

وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ

(اور وہ چیز پوشیدہ جسے تم چھپاتے ہو)

کُنْتُمْ تَکْتُمُوْنَ ۔ ماضی استمراری

الکتمان و الکتم دل کی بات چھپانا ۔ مصدر نصر ۔ کَتَمَ، یَکْتُمُ، کَاتِمٌ، مَکْتُوْمٌ، اُکْتُمْ، لَا تَکْتُمْ، یُقَالُ وَکَتَمَ کَتْمًا وَکِتْمَانًا وَکَتَّمَ وَاکْتَتَمَ الشَّیْءَ اَیْ اَخْفَاہُ ۔ وَالْکِتْمَۃُ اِخْفَاءُ الشَّیْءِ ۔

قَالَ يٰٓاٰدَمُ أَنْۢبِئْهُمْ بِأَسْمَآئِهِمْ

قَالَ، فعل مع الفاعل
یَا، حرف ندا ۔ اٰدَمُ منادیٰ مفعول
اَنْبِئْ، فعل مع الفاعل
ھُمْ ۔۔۔ مفعول اول
بِاَسْمَائِھِمْ مفعول دوم

فَلَمَّآ أَنْۢبَأَهُمْ بِأَسْمَآئِهِمْ

ف: اَلَمْ ہمزہ استفہام انکاری و لم جحد بمعنی نفی ۔ دونوں مل کر اثبات پیدا کرتے ہیں کیونکہ نفی کی نفی سے اثبات ہوتا ہے ۔

فَ، جواب امر۔ لمّا، شرطیہ

اَنْبَأَ، ..... فعل مع الفاعل

ھُمْ، ..... مفعول اول

بِاَسْمَآئِھِمْ، بواسطہ حرف مفعول (۲)

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ الخ .... جزا

قَالَ، ..... فعل مع الفاعل

اَ۔ لَمْ اَقُلْ، ... فعل با فاعل

لَّکُمْ، جار مجرور ظرف لغو

اِنْ، حرف مشبہ بالفعل یْ، اسم

اَعْلَمُ، فعل با فاعل

غَیْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ، مفعول

قَالَ یٰاٰدَمُ، تقریر جواب اجمالی

اِنِّیْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ موکد امر خلافت

وَ۔ اَعْلَمُ، ..... فعل مع الفاعل

مَا، ..... موصولہ

تُبْدُوْنَ، .. فعل با فاعل

ہٗ، ضمیر محذوف ... مفعول

وَ۔ مَا، .... موصولہ

كُنْتُمْ، فعل ناقص مع اسم

تَكْتُمُوْنَ، جملہ فعلیہ خبر

وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ،

فعل با فاعل

ہٗ، ضمیر محذوف .. مفعول

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ

و چوں گفتیم بفرشتگاں سجدہ کنید آدم را پس سجدہ کردند مگر

اور جب کہا ہمنے واسطے فرشتوں کے سجدہ کرو آدم کو پس سجدہ کیا مگر

اِبْلِيْسَ ۭ اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ ڭ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ (۳۴)

ابلیس قبول نکرد و سرکشی نمود و گشت از کافراں

شیطان نے نہ مانا اور تکبر کیا اور تھا کافروں سے

وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ

وگفتیم اے آدم بمان تو وزوجہ تو در بہشت

اور کہا ہم نے اے آدم رہ تو اور جورو تیری بہشت میں

وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا

و بخورید از بہشت خوردن بسیار ہرجا کہ خواہید و نزدیک مشوید

اور کھاؤ تم اس میں سے بافراغت جہاں چاہو اور مت نزدیک جاؤ

هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۵﴾

بایں درخت کہ خواہید شد از گنہگاراں

اس درخت کے پس ہو جاؤ گے ظالموں سے

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ (و چوں بگفتیم فرشتگاں را - اور یاد کر جب ہم نے فرشتوں سے کہا

اِذْ اسم ظرف زمان - قُلْنَا، ماضی ج م

اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ (کہ سجدہ کنید آدم را - آدم کو سجدہ کرو

اسجدوا، صیغہ امر ج ح السجدۃ بالکسر والسجود مسجود کی تعظیم اور اپنی غایت درجہ کی ذلت اور حقارت کو ایک خاص صورت میں ظاہر کرنا - عبادت کے خیال سے زمین پر ماتھا ٹیکنا مصدر

ف - ض سَجَدَ، یَسْجُدُ، سَاجِدٌ مَسْجُوْدٌ - اُسْجُدْ، لَا تَسْجُدْ -

لِاٰدَمَ، اے الی اٰدم لان المسجود فی الحقیقۃ ھو اللّٰہ تعالٰی وجعل اٰدم قبلۃ تفخیماً لشانہ فاللام بمعنی الی

وقال الحسان فی مدح الصدیق رضی اللّٰہ تعالٰی عنھما - الیس اول

لہ السجدۃ فی الاصل التذلل وفی الشرح وضع الجبھۃ علی الارض علی قصد العبادۃ (رک)

من صلی بقبلتکم اے الی قبلتکم و
تمامہ واعرف الناس بالقرآن
والسنن - او جعل آدم سببًا
لوجوب السجود توبۃ لما صدر عنہم
صورۃ الاعتراض واللام حینئذٍ
للسببیۃ نحو صل لدلوک الشمس
فالمعنی التواضع والتذلل لآدم
تحیۃً وتعظیمًا کسجود اخوۃ یوسف (مظ)
مذہب جمہور ہے کہ یہ سجدہ بطور سجدہ
شرعی کے پیشانی زمین پر رکھکر ادا
ہوا ہے جیسے سورہ صٓ میں حکم ہوا
ہے - گر وا سکے لئے سجدہ ہیں -
مگر حضرت ابن عباس فرماتے ہیں -
کہ بصورت رکوع ادا ہوا ہے -

فسجدوا الا ابلیس

(پس سجدہ کردند مگر ابلیس) سب نے
سجدہ کیا مگر شیطان -
فَ، مظہر مسارعت یعنی فوراً وہ
گر پڑے سجدے میں -
سجدوا، ماضی ج غ - اِلَّا[۱]، حرف
استثنائے متصل -
ابلیس[۲]، اسم عجمی غیر منصرف بروزن
فعلیل اور یا عربی ہی بروزن مفعیل

ابیٰ واستکبر

(کہ سر باز زد و تکبر نمود - کہ انکار کیا اسنے
اور تکبر کیا)
ابیٰ، ماضی غ - الاباء انکار کرنا - انکار
مع الکراہۃ وقدرت فعل - نہ ماننا مصدر -
ف، ف، ناقص مہموز الفاء
اَبیٰ، یَأبیٰ، اِبَ، مابیٌّ، اٰئِبِ

[۱] الا ابلیس - اس کے استثنائے متصل اور منقطع ہونے میں اختلاف ہے - مگر اس کے متصل ہونے کو ترجیح ہے - کیونکہ اگرچہ ابلیس قوم ملائکہ میں داخل اور شریک نہیں - تاہم وہ اُنکے سے کام کرنے اور ان سے باہمی میل جول پیدا کرنے سے گویا وہ انہیں کی نوع کا ایک فرد سمجھا جاتا تھا - اور بعض مفسرین نے لکھا ہے کہ امر سجود گو ملائکہ سے متعلق ہے مگر بالتبع جن بھی اسمیں شریک ہیں اور استثنائے متصل بلحاظ تبعیت لایا گیا ہے - [۲] ابلیس عجمی اسم ہے جو عجمہ اور

[illegible]

لا تأب۔

وَاسْتَكْبَرَ ا ض ع حرف سین مظہر مبالغہ

الاستکبار۔ اپنے آپ کو غیر پر بڑا سمجھنا

غرور کرنا۔ مصدر، استفعال، اِسْتَكْبَرَ

يَسْتَكْبِرُ، مُسْتَكْبِرٌ، اِسْتَكْبِرْ،

لا تَسْتَكْبِرْ۔

وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ

رہ بود از کافراں۔ یا گشت از کافراں

تھا کافروں سے یا کافروں میں سے

ہو گیا

ابیٰ اور حرف فا پہ ابی و استکبار

کی استقباح پر دلالت کرتی ہے

کہ یہ دو فعل محض کفر ہیں نہ کہ سبب کفر

کَانَ، ا ف ع ناقص یا بمعنی صار۔

مِنْ، تبعیضیہ۔ والمعنی کان فی علم

اللہ تعالیٰ من الکفرین او کان من

القوم الکفرین الذین کانوا فی الارض

قبل خلق آدم او بمعنی صار۔

وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ

و گفتیم اے آدم۔ اور کہا ہم نے

اے آدم

وقلنا، اف ع م حضرت حوا حضرت

آدم علیہ السلام کے ساتھ اول خطاب

میں شریک نہ کرنا۔ اس امر کی تنبیہ ہے

کہ مقصود بالحکم حضرت آدم ہیں۔

اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ

متوطن شو تو و زوجہ تو در بہشت۔

پس رہ تو اور تیری عورت بہشت میں

اُسْكُنْ، ا ف ع امر یا امر ہے سکنٰی

بمعنی اتخاذ المکن نہ سکون بمعنی ترک

حرکت سے یقال سَكَنَ، سَكَنًا

وَسُكْنَى الدَّارَ اے اَقَامَ بِهَا

فھو ساکنٌ جمع ساکنون وسکان

السُّكُوْن آرام پانا۔ وَالسَّكَنَةُ

قیام کرنا ٹھہرنا وطن اختیار کرنا مصدر

ف ض، سَكَنَ، يَسْكُنُ، ساکنٌ

مَسْكُوْنٌ، اُسْكُنْ، لَا تَسْكُنْ

اَنْتَ، ضمیر بارز منفصل اصل ضمیر

اَنْ اور حرف تا بیان خطاب ہے۔

زوج، مصحبت۔ شریک رنج و راحت

الجنۃ ، دار ثواب سرسبز و شاداب اور گھنے پتوں اور شاخوں والے درختوں کا باغ)

وکلا منہا رغدا

(و بخورید ازاں بلغ بفراغت ۔ اور کھاؤ تم دونوں اس باغ سے دلکی خوشی یا فراغت سے)

کُلَا ، صیغہ امر حاضر ۲ ح اصل ءکل أأکلا ہمزتین ہے اول ہمزۂ وصل ہے اور ثانی فائے کلمہ ہے پس ثانی اجتماع مثلین کے باعث اور اول تخفیفاً حذف ہوا ہے۔

الاکل کھانا مصدر ف ، ض مہموز الفا ۔ اَکَلَ ، یَاکُلُ ، اٰکِلٌ ، مَاکُولٌ ، کُلْ ، لَا تَاکُلْ ، ۔

مِن ، بعضیہ یا زاید ھا ضمیر راجع بجنۃ بحذف مضاف اے مطاعمہا

رغدا ، فراغت ۔ خوشحالی ۔ خوشوقتی اے اکلاً رغداً ۔

حیث شئتما

(از جائے کہ بخواہید ۔ جس جگہ سے ہو۔) حیث بمعنی این اسم ظرف مکان مبہم اے ای مکان من الجنۃ شئتما ۔

شِئْتُمَا ، چاہا تم دونوں نے ۔ تم دونوں چاہو ۔

ماضی ۲ ح المَشِیْئَۃُ ، وَالمَشِیُٔ مصدر ک ، ف ۔ مہموز اللام ،

ولا تقربا

(و نزدیک مشوید ۔ اور نزدیک نہ جاؤ ، منع عن قرب الشجرۃ مبالغۃ فی النہی عن اکلہ لان قرب الشئی یورث داعیۃ ومیلانا الی ذلک الشئی ۔

لَا تَقْرَبَا ، صیغہ ۲ ح نہی اَلْقُرْبَانُ وَالْقُرْبُ ، قریب ہونا مصدر ض ، ض ، قَرُبَ ، یَقْرُبُ ، قَرِیْبٌ قَارِبٌ ، مَقْرُوْبٌ ، اُقْرُبْ لَا تَقْرُبْ ،

ھذہ الشجرۃ

(بایں درخت ۔ اس درخت کے) ھٰذِہٖ ، اصل (ھا ، ذی) ھا کلمہ تنبیہ اس سے مخاطب کی رغبت مطلوب ہوتی ہے ، اور کلمہ ذی

کی ہ ی،، حرف (ھ) سے بدل گئی ہے۔
الشجرۃ، ال، عہدی۔
شجرۃ، وہ درخت شاخدار جو اپنی ساق پر قایم ہو۔ وتا مظہر وحدۃ شخصی یا نوعی۔ اشجار، جمع
(کہ خواہید شد از ستمگاراں۔ ورنہ ظالموں سے ہو جاؤ گے)
ف، جواب امر۔ تکونا، تم دونوں ہو جاؤ گے یا بن جاؤ گے۔
مضارع ... نائص اصل تکونان
من، تبعضیہ، الظالمین جمع ظالم (اپنی جان کو اپنے ہاتھوں سے ہلاکت میں ڈالنے والا شخص الظلم وضع الشئی فی غیر موضعہ مصدر)
فتکونا من الظلمین

اسجدوا، فعل با فاعل
لآدم، جار مجرور ظرف لغو
فسجدوا، ... فعل با فاعل
الا، حرف استثنا۔
ابلیس، ذو الحال
ابی واستکبر، ہر دو جملہ
اے ابیا مستکبرا حال
وکان، فعل ناقص
ھو، ... اسم
من الکفرین، متعلق کائنا خبر

اے تارک السجود کا رہا و مستکبرا
و یا ابی واستکبر ہر دو جملہ مستانفہ
عدم مسجود (اے ابی السجود) کی کیفیت کا بیان

اذ، اے اذکر اذ قلنا یا متعلق
بانقادوا و اطاعوا
قلنا، ... فعل با فاعل
للملئکۃ، جار مجرور ظرف لغو

التركيب

ف الا۔ حرف استثناء اگر ابلیس منجملہ ملائکہ سے ہے تو یہ استثنائے متصل ہے اور اگر ان میں سے نہیں بلکہ یہ ایک الگ قسم سے ہے تو منقطع ہے ۱۲

جو استثناء سے مفہوم ہوتی ہے۔ اور جملہ کان من الکفرین جملہ اعتراضیہ ہے۔ اباء و استکبار کی تاکید ہے۔

وقلنا، .... فعل با فاعل

یا آدم، ندا و منادی مفعول

اسکن، .... فعل

انت و زوجک، فاعل

الجنۃ، .... مفعول

اے اسکن انت ولتسکن زوجک

وکلا، .... فعل با فاعل

منہا، جار مجرور، ظرف لغو

رغدا، .... صفت

مصدر محذوف اکلا۔ حال

ویا رغدا ... حال ہے فاعل سے اے وکلا منہا اکلا رغدا واسعا او راغدین مرفہین۔

حیث، .... اسم ظرف مکان مضاف

شئتما، جملہ فعلیہ ... مضاف الیہ

ویا الجنۃ، مبدل منہ

وحیث، بدل — مفعول کلا

ولا تقربا، فعل با فاعل

ھذہ، .... مبدل منہ

الشجرۃ، بدل

ویا ھذہ، موصوف۔

والشجرۃ، صفت۔

اے ھذہ الحاضرۃ یعنی اسم اشارہ بتاویل مشتق ہو کر موصوف ہے۔

۵۱۔ انت، ضمیر منفصل یہ ضمیر اسکن کی ضمیر حاضر کی تاکید ہے اور صرف اس غرض کے لئے لائی گئی ہے کہ اس کے ذریعہ سے زوجک کا عطف ضمیر اسکن پر ہو سکتا ہے۔ کیونکہ عطف اصل نسبت میں مشارکت کا باعث ہوتا ہے نہ کیفیت نسبت میں لہذا کہہ سکتے ہیں جاءنی زید لا عمرو حالانکہ معطوف علیہ میں نسبت ہوتی ہے۔ اور ایسے قامت ہند و زید کہنا حالانکہ عامل زید کے لیے تانیث روا نہیں اسلئے قامت زید نہیں کہہ سکتے۔ لہذا اس جگہ بھی عطف ... اصل

اصل میں یہ مطلب ہے کہ اسکن انت و زوجک یعنی اسکن انت و تسکن زوجک الجنۃ ہے ۱۲

فتکونا : فعل ناقص مع اسم — من الظّٰلمین : خبر — جواب نہی مثل قولہ ولا تطغوا فیہ فیحل اور نصب باضمار ان ہے

اور کان بمعنی صار ہے۔ اور یہ مجزوم المحل ہے اور نون اسکا حذف ہو گیا ہے اور معطوف ہے لا تقربا پر اور منہی عنہ ہے یعنی نہ اس درخت کے پاس جاؤ اور نہ ظالم ہو۔

ف۔ و اذ قلنا الخ خداوند عالم کی یہ چوتھی نعمت ہے۔ کہ جب فرشتوں نے معارضہ استحقاق خلافت میں اپنے عجز کا اقرار کر لیا۔ تو اظہار خلوص بپیرایہ عجز کے لئے ہم نے فرشتوں سے کہا کہ تم سب آدم کی تعظیم بجا لاؤ اور سجدہ کرو چنانچہ سب کے سب سجدہ میں گر پڑے۔ مگر ایک شخص ابلیس کہ سعادت دارین سے بے نصیب تھا کہنے لگا میں آدم سے علم و عمر اور مادہ تکوین میں افضل ہوں آج سے ازل کے سامنے سجدہ نہیں کر سکتا۔ اسی غرور و تکبر سے وہ راندۂ درگاہ ہو گیا۔

بعض حضرات اس آیت مسجودہ سے استدلال کرتے ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام علوی و سفلی تمام فرشتوں سے افضل و اکمل ہیں۔ کہ بدون اکملیت فرشتوں کو انکے سامنے سجدہ کرنے کا حکم ہونا خلاف حکمت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ابلیس نے انا خیر منہ کہکر سجدہ سے انکار کر دیا۔ کیونکہ بدون اعتقاد عظمت مسجود سجدہ کرنا خلاف عقل ہے۔ میں کہتا ہوں کہ یہ استدلال اسوقت صحیح ہو سکتا ہے۔ کہ فرشتوں نے حقیقۃً آدم علیہ السلام کو مسجود بنایا ہو اور اگر آدم کی طرف سجدہ کرنے کی غرض آدم علیہ السلام کو فرشتوں کا محض قبلہ بنانا ہے نہ مسجود حقیقۃ تو یہ استدلال صحیح نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ ایک شئے کو سمت جہتاً سجدہ

کرنا علیحدہ بات ہے اور اسے محض قبلہ بنانا ایک دوسرا قضیہ ہے سجدہ جسکی حقیقت پیشانی کو زمین پر ٹیکنا ہے۔ شرعاً دو طریق پر مستعمل ہوتا ہے۔ اول یہ کہ غرض سجدہ اداے حق معبودیت ہو۔ چونکہ اس سجدہ میں غایت درجہ کی ذلت کا اظہار ہوتا ہے لہذا مسجود کے لیے غایت عظمت یعنی ذاتی عظمت اور استحقاق معبودیت کا ہونا لازمی اور ضروری ہے۔ اور یہ دونوں صفتیں خاصۂ حضرت حق ہیں۔ پس اس قسم کا سجدہ تمام مذاہب میں غیر اللہ کے لئے حرام و ممنوع ہے۔ اور کسی وقت کسی صورت میں جائز نہیں ہو سکتا۔ طریق دوم یہ کہ غرض سجدہ محض تحیت و تکریم ہو چونکہ اس قسم کے سجدہ میں صرف اتحاد و محبت اور خلوص دلی و یگانگت کا اظہار بپیرایۂ عجز و انکسار و فروتنی کیا جاتا ہے لہذا اس سجدہ کی کیفیت رسوم و عادات و اوقات کے اختلاف و تبدل کے موافق مختلف ہوتی رہتی ہے اور اس کا جواز و امتناع صاحب شریعت کے اجتہاد پر موقوف رہتا ہے امم سابقہ میں اس قسم کا سجدہ جائز اور معمول تھا۔ جیسے کہ حضرت یوسف علیہ السلام اور انکے والد و بھائیوں کے قصہ میں واقع ہے (وخروا لہ سجدا) حضرت آدم علیہ السلام کے سامنے فرشتوں کا سجدہ کرنا اسی طریق دوم پر تھا مگر ہماری شریعت میں بدلیل احادیث متواترہ اس قسم کا سجدہ بھی غیر اللہ کے لئے حرام و ممنوع ہے۔ الغرض ایک شے کو قبلہ بنانے سے یہ لازم نہیں آتا کہ درحقیقت وہ مستقبل سے افضل و اکمل ہے۔ جیسے کہ سید الابرار اشرف الانبیاء والمرسلین علیہ وعلی آلہ وسلم سے قبلۂ اہل اسلام (کعبۃ اللہ) اجماعاً افضل نہیں حالانکہ آپ نے مدۃ العمر اسکی طرف سجدہ کیا ہے۔

قتادہ فرماتے ہیں کہ اس سجدہ سے خدمت اللہ مقصود تھی اور حرمت آدم کی جیسے کہ نماز جنازہ میں دعا رمیت کے واسطے عبادت اللہ کی ہوتی ہے مگر حسن بصری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس سجدہ سے عبادت اللہ مقصود نہ تھی صرف آدم کی تحیت کے واسطے تھا اسلئے کہ اگر یہ سجدہ اللہ کی عبادت کے واسطے ہوتا اور آدم صرف بطور قبلہ کے ہوتے تو ابلیس کبھی انکار نہ کرتا۔

ف ۲ - وقلنا یا آدم الخ ارشاد ہوتا ہے کہ ابو البشر آدم علیہ السلام کی افضلیت اور عظمت جب ملاءِ اعلیٰ میں تسلیم ہو چکی تو اُسکے رہنے کے لئے ہمنے نعمت کا بھرا ہوا اپنا گھر تجویز کیا اور عام اجازت دی۔ کہ جہاں چاہیں رہیں جس طبقے کی آب و ہوا پسند کریں وہاں ٹھہریں اسیر کریں، مرغوب اور دلکش میوے کھائیں، فرحت بخش اور راحت افزا خوشبوؤں سے حظ اُٹھائیں مگر ایک خاص درخت کی نسبت فہمایش کردی اور تاکیداً کہا۔ کہ اے آدم کبھی اس درخت کے پاس نہ آنا ورنہ گنہگار عاصیوں کی طرح محروم رہجاؤ گے اسی فہمایش پر آدم و حوا نے ایک زمانے تک زندگی بسر کی لیکن آخر کار شیطانی وساوس ان پر غالب آگئے اور اُنھوں نے اس ممنوعہ درخت میں تصرف کرلیا اور موجودہ عیش و عشرت سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ اس خلاف وعدگی اور عہد شکنی پر ہم نے کہا۔ اب تم دونوں میاں بیوی یہاں سے نکلکر زمین پر جا رہو اور اپنے غمخوار دوست (ابلیس) کے ساتھ جو فی الواقع تمہارا دشمن ہے زندگی بسر کرو۔ اور یہ اس لیے کہ نعمت کی قدر تکلیف اٹھانے کے بعد ہوتی ہے۔

ابن عطیہ[۱] کا قول ہے کہ اس قید سے جو آدم علیہ السلام و حوا کے لئے لگائی گئی ہے اس امر کی طرف اشارہ تھا کہ جنت فی الحال ان کو ہمیشہ کے لئے نہیں دی گئی۔ اور یہ کہ ان کی ذریت تکلیف احکام شرعیہ کی قیدوں میں مبتلا ہونے والی ہے اسی وجہ سے جنت میں بھی اللہ نے باوجود اس قدر آزادی اور آسایش دینے کے کسی قدر حکم شرعی کی بھی قید لگادی تاکہ ابھی سے تکلیف شرعی کے عادی ہوں اور فرمانبرداری اور نافرمانی کے نتیجوں سے بخوبی واقف ہو جائیں بعض کہتے ہیں وہ جنۃ جس میں آدم علیہ السلام کو رہنے کی اجازت دی گئی تھی وہ ایک باغ تھا جو آدم علیہ السلام ہی کے لیے امتحاناً بنایا گیا تھا۔ سوائے جنت معروف کے کیونکہ جنت دار نعیم ہے اور مکان راحت ہے دار تکلیف نہیں حالانکہ آدم علیہ السلام کو کہا گیا لا تاکل من الشجرۃ اور ایسے ہی ابلیس کافر ہے اور اس کا داخل ہونا ثابت ہے۔ حالانکہ کافر کا وارجنت میں داخل ہونا ہرگز ممکن نہیں اسلیے کہ وہ محض ظلمۃ ہے اور جنت محض نور ہے۔ اور ایسے ہی جنت محل تطہیر و محویت ہے عصیان و مخالفۃ کا اس میں پیدا ہونا بعید ہے۔

و۳۔ قیل سمیت حوا حواء لانہا خلقت من الحی وسمیت امراۃ لانہا خلقت من المرء کما یسمی آدم آدماً لانہ خلق من ادیم الارض (زاہدی)

۱۔ ابن عطیہ۔ ان کا نام عبدالحق بن غالب ہے اور کنیت ابو محمد غرناطہ کے باشندے ہیں۔ فقہ، تفسیر اور احکام اور حدیث و نحو و ادب، و لغت، میں کامل دستگاہ رکھتے تھے۔ ان کی تفسیر جسکا نام وجیز ہے نہایت معتمد و مقبول ہے۔ سنہ پانسو چھیالیس میں فوت ہوئے ہیں (اکسیر اعظم)

فَأَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَأَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ ص

پس بلغزانید هردو را شیطان از انجا پس برآورد ایشان را ازان نعمتها که بودند دران

پس ڈگایا انکو شیطان نے اس سے پس نکال دیا ان دونوں کو اس چیز سے کہ تھے بیچ اسکے

وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ

و فرمودیم فرود روید بعض شما دشمن باشد بعضی را و شما راست

اور کہا ہمنے اترو بعضے تمہارے واسطے بعضوں کے دشمن ہیں اور واسطے تمہارے

فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ إِلٰى حِيْنٍ (۳۵) فَتَلَقّٰى اٰدَمُ

در زمین آرامگاه و بهره مندی تا مدتے پس فراگرفت آدم

بیچ زمین کے ٹھکانا ہے اور فائدہ ہے ایک وقت تک پس سیکھ لیں آدم نے

مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ۚ إِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ

از پروردگار خود سخنے چند پس بازگشت خدا بمهربانی بروے هرآئینه اوست بازگردنده

پروردگار اپنے سے کچھ باتیں پس پھر آیا اوپر اسکے تحقیق وہی ہے پھر آنے والا

الرَّحِيْمُ (۳۶) قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ فَإِمَّا يَأْتِيَنَّكُمْ

مهربان فرمودیم فرود روید ازانجا همه شما پس اگر بیاید بشما

مہربان کہا ہمنے اترو اس سے سب پس جو آوے گی تمہارے پاس

مِّنِّيْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

ز من هدایتے پس هرکه پیروی کرد هدایت مرا هیچ ترس نیست بران جماعت

میری طرف سے ہدایت پس جو کوئی پیروی کرے ہدایت میری کی پس نہیں ڈر اوپر انکے

وَلَاهُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۳۷﴾

ونہ ایشاں اندوہ خورند

اور نہ وہ غم کھائیں گے

فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا

(پس بلغزانید ہر دو را شیطان از انجا۔
پھر ڈگا دیا۔ یا پھسلا دیا دونوں کو شیطان
نے) اسی جگہ سے یا اطاعت حکم سے
اے فاصدر الشیطان زلتھما عنہا

ف ا رسببہا اے حملہا علی الزلۃ
بسببہا و تحقیقہ اصدر زلتہما
عنہا وقیل معناہ اذہبہما
اَزَلَّ، ا ص ع الزلال، والزلل

لہ فازلہما الشیطن۔ پھر پھسلا دیا ان کو شیطان نے اس حکم کی اطاعت سے۔ مفسرین کا اختلاف ہے اس امر میں کہ ابلیس حضرت آدم علیہ السلام کے پاس کس طرح پہونچا۔ قرآن شریف میں اس قسم کا کوئی مذکور نہیں اور روایات و اقوال جو اسلاف سے منقول ہوئے ہیں۔ وہ کچھ ایسے ہیں جو قرین قیاس معلوم نہیں ہوتے۔ مثلاً (۱) سانپ نے ابلیس کو اپنے منہ میں چھپا کر جنت میں پہونچا دیا اور محافظین جنت اس سے غافل رہے۔ (۲) وہ سیر کرتے کرتے باہر چلے آئے تھے وہاں بات چیت ہوگئی (۳) بہشت کے دروازے پر کھڑا رہکر ابلیس نے انکو بلا لیا اور وہاں کچھ سمجھا دیا (۴) ابلیس ایک شیخ کی صورت بنکر سو برس تک بہشت کے باہر پڑا رہا۔ آخر طاؤس کی مشورت سے ہوا بنکر سانپ کے وساطت سے بہشت میں گھس آیا وغیرہ وغیرہ۔

لیکن اگر کہا جائے کہ یہ ملاقات عالم رویا میں یا عالم خیال میں ہوئی ہے تو اسپر کوئی اعتراض نہیں ہوتا۔ کیونکہ ظاہر ہے کہ ابلیس محافظان جنت کو دہوکہ دیکر یا ان سے چھپ چھپا کر اگر بہشت میں پہونچ سکتا ہے تو عالم رویا میں ملنے سے کوئی منع نہیں کر سکتا۔

—— ۱۰۲ ——

فَأَزَلَّهُمَا

پھسلانا۔ شئے کا ثابت و قائم ہونے کے بعد پھسل جانا۔ بمعنی خطا یقال زلّ فی دینه اسے اخطاء مصدر افعال مضاعف

آزَلَّ ، یُزِلُّ ، مُزِلٌّ ۔ آزِلَّ ، لَا تُزِلَّ ،

هُمَا ، ضمیر تثنیہ راجع بآدم و زوجہ او

شیطان ، اسم غیر منصرف بوجہ علمیت والف ونون زائدتان۔ ماخذ شطن ، یا شاط۔

عنها ، عن بمعنی تجاوز و یا بمعنی (ب) سببیہ و مرجع ضمیر جنۃ یا شجرۃ اسے ازل بھا۔

فَأَخْرَجَهُمَا

(کہ بیروں کرد آں ہر دو را ۔ پس نکال دیا ان دونوں کو)

ف ، تعلیلیہ یا سببیہ کیونکہ اخراج ہی دوری نعمتوں کا سبب ہے۔

اَخْرَجَ ، ماضی الاخراج ، نکالنا ۔ باہر کرنا ۔ مصدر افعال ، اَخْرَجَ ، یُخْرِجُ ، مُخْرِجٌ ۔ اَخْرِجْ ، لَا تُخْرِجْ ،

مِمَّا كَانَا فِيهِ

(ازاں کہ بودند ہر دو ۔ وہاں سے کہ وہ دونوں تھے)

مِن ، ابتدائیہ ۔ **ما** ، موصولہ یا نکرہ موصوفہ اسے من مکان او من النعیم الذی کانا فیه ۔ (جمل)

فیه ، مرجع ضمیر جنۃ ہے اگر عنہا کی ضمیر کا مرجع **شجرۃ** ہے اور اگر وہ جنۃ کی طرف راجع ہے تو فیه کی ضمیر عزت و کرامت کی طرف راجع ہوگی۔

وَقُلْنَا اهْبِطُوا

(وگفتیم فرو روید ۔ اور ہم نے کہا تم سب اتر جاؤ)

قُلْنَا ، ماضی ج م **اهبطوا** ، امر ج ح

الهبوط اترنا ۔ اعلیٰ مکان سے ادنیٰ کی طرف حرکت کرنا اور مکان میں داخل ہونا اضداد سے ہے۔

مصدر ف ، ک و مضارع ش بضم عین نیز آمدہ ۔ هَبَطَ ، یَهْبِطُ ، یَهْبُطُ ، هَابِطٌ ، مَهْبُوطٌ ، اِهْبِطْ ، لَا تَهْبِطْ

یُقَالُ هَبَطَ فلان من الجبل

ای نزل ومن موضع الی موضع آخر

اے انتقل،

بعضکم لبعض عدو

(بعض از شما بعض دیگرا دشمن باشد۔
ایک تمہارا دوسرے کا دشمن ہے)

بعض، ایک جزو شے کے چند اجزاء سے
یا ایک شخص جماعت اور گروہ سے۔

اصل میں مصدر ہے بمعنی قطع اور اس کا اطلاق
جزو شے پر ہوتا ہے اور مثل کل کے ہے
لزوم اضافہ میں اس پر لام داخل نہیں ہوتا۔ اور
ضمیر مفرد وجمع ہر دو اسکی طرف راجع ہو سکتی ہیں

لبعض، لام زائد۔

عدو، (دشمن وحاسد وبدخواہ) واحد
باعتبار لفظ بعض یا باعتبار مشابہت
وزن فعل (جمل)

ولکم فی الارض مستقر

(وشما راست در زمین آرام گاہ۔ اور
تمہارے لیے ہے زمین ٹھکانا)

اے انہا مستقرکم حالتی الحیاۃ
والموت۔

مستقر، اسم ظرف مکان آرام گاہ
قیام اور ٹھہرنے کی جگہ و یا بمعنی استقرار
اے آرام یا مصدر

ومتاع الی حین

(و بہرہ مندی است تا مدتے۔ اور
فائدہ ہے ایک وقت تک)

متاع، ساز و سامان زندگی۔ فائدہ
مندی اور یہ ماخوذ ہے متع النہار اذا
ارتفع سے اور اس کا اطلاق انتفاع ممتد پر
ہوتا ہے۔ الی، غایت زمان۔

حین، زمانہ مبہم و زمان ممتد اسم زمان
و یا بمعنی موت و قیامت۔

فتلقی آدم

(پس فرا گرفت آدم۔ پھر سیکھ لیں آدم نے)

ف، اعرابیہ و یا لتعقیب للاشارۃ علی
ان التوبۃ حصلت عقب الامر
بالھبوط۔

تلقی، ماضی ا۔ ع التلقی کچھ لینا فائدہ
اٹھانا کسی سے۔ دوسرے سے
سامنے ہو کر ملنا مصدر تفعّل ناقص
تَلَقّٰی۔ یَتَلَقّٰی، مُتَلَقٍّ، تَلَقَّ،
لَا تَتَلَقَّ۔

(از پروردگار خود سخنے چند۔ اپنے
مالک سے چند باتیں)
اے عرفہ وجوبَ التَّوبۃ و
کونہا مقبولۃً ولَیسَ المراد بانّ
اللہ تعالیٰ عرفہٗ حقیقت التوبۃ
لانّ المکلف یعرف ماھیۃ التوبۃ
من، ابتدائیہ یا زائد۔
کلمات، جمع کلمہ پُر اثر کلام
(و باز گشت خداوند بمہربانی بروے
یا توبۂ او قبول کرد۔ پھر اپنی مہربانی
سے اسپر متوجہ ہوا۔
تاب، توبہ کی اس نے۔ مہربان
ہوا وہ ماضی التوبۃ الرجوع۔
فیقال فی العبد تاب الی ربہ

کہ غلام اپنے مالک کی طرف نافرمانی سے
واپس رجوع ہوا۔ ویقال فی الرب
تاب علی عبدہٖ کہ مالک اپنے
غلام کی طرف مہربانی اور احسان سے
متوجہ ہوا اور گناہ اور اسکی سزا سے
درگزرا۔ اصطلاح شرع میں گناہ
کے اقرار اور اسپر ندامت و پشیمانی
کے ظاہر کرنے اور دوبارہ نہ کرنے
پر عزم بالجزم کرنے کو توبہ کہتے ہیں
مصدر ف۔ ض، تَابَ، یَتُوبُ
تائبٌ۔ مَتُوبٌ، تُبْ، لا تَتُبْ
علیہ، مرجع ضمیر آدم
(ہر آئینہ اوست توبہ قبول کنندہ و پذیرا
و مہربان۔ وہی ہے معاف کرنیوالا مہربان
انّہ، انّ، حرف موکد مضمون جملہ۔
ہٗ، ضمیر شان۔

لہ۔ التوبۃ۔ اس کے اصل معنی رجوع کے ہیں
لہذا عبد و رب دونوں اس میں شریک ہیں
اور فعل کی نسبت صلے سے تمیز پاتی ہے۔ فیقول فی العبد تاب الی ربہ اے رجع عن ذنبہ ویقال
فی الرب تاب علی عبدہٖ اے رجع علی عبدہٖ بالکرم والجود۔
لہ۔ ضمیر شان وقصہ اسکو ضمیر مجہول بھی کہتے ہیں، کتاب مغنی میں آیا ہے کہ یہ ضمیر پانچ وجوہ سے

ھو، ضمیر مرفوع مفید حصر۔

التواب، کثرت سے توبہ قبول کرنیوالا

صیغہ مبالغہ بوجہ کثرت قبول توبہ یا بوجہ

کثرت تائبین۔

الرحیم، صفت موکد تواب

(وہ نگفتیم فرو روید ازانجا ہمہ۔ ہمنے کہا اترو

نیچے جاؤ تم سب)

قلنا، ماضی ج م

اھبطوا، امر ج ح

من، ابتدائیہ۔ وضمیر راجع بجنۃ

جمیعًا، سے مجتمعین تاکید یا حال

(پس اگر بیاید۔ پھر جو پہنچے تمکو)

ف، مظہر ترتیب مابعد بر ہبوط۔

اما، اصل (ان ما) اِنْ شرطیہ

قیاس کے مخالف ہے اول یہ لازمی طور پر اپنے مابعد کی طرف عاید ہوا کرتی ہے۔ اس لئے کہ جو اسکی تفسیر کرنے والا ہوتا ہے اس کا کل یا جز کچھ بھی اسپر مقدم ہونا جائز نہیں ہوتا۔ دوم[۲] یہ کہ اس کا مفسر جملہ ہی ہوتا ہے کوئی اور شئے نہیں ہوتی۔ سوم یہ کہ اسکے مابعد کوئی تابع نہیں آتا چنانچہ اس کی تاکید ہوتی ہے نہ اسپر عطف کیا جاتا ہے اور نہ اس سے بدل ڈالا جاتا ہے۔ چہارم[۴] یہ کہ اس میں ابتداء یا اس کے ناسخ کے سواے اور کوئی چیز عمل نہیں کرتی۔ پنجم[۵] یہ کہ وہ افراد (مفرد ہونے) کو لازم لیا کرتی ہے اس کی مثال ہے۔ قولہ تعالیٰ " قل ھو اللہ احد" "فاذا ھی شاخصۃ ابصار الذین کفروا" و "فانھا لا تعمی الابصار" اور اس کا فائدہ یہ ہے کہ یہ مخبر عنہ (مسند الیہ) کی تعظیم اور بڑائی پر دلالت کرتی ہے یوں کہ پہلے اس کا ذکر مبہم طریقہ سے کرکے پھر اسکی تشریح کیجائے۔ ابن ہشام کہتا ہے کہ جہاں تک ضمیر کا احتمال ضمیر شان کے علاوہ کسی اور ضمیر پر ہو سکے اسوقت تک کبھی اسکو ضمیر شان پر محمول نہ کرنا چاہیے اور اسی وجہ سے قولہ تعالیٰ " انہ یرٰکم " کے بارے میں زمخشری کا یہ قول کہ " ان " کا اسم ضمیر شان ہے۔

۵۔ اِمّا: الفارسی کہتا ہے کلام مجید میں جتنے مقاموں پر " اما " کے بعد کوئی شرط واقع ہوئی ہے

وَمَا تَاکِیدِیَہ

یَأْتِیَنَّ، مضارع موکد بنون تاکید ثقیلہ مجزوم المحل۔ الاتیان، آنا مصدر۔ اَتیٰ، یَأتِیْ، اِئْتِ، مَأتیٌّ، اِئْتِ، لَا تَأتِ۔

مِنّی هُدًی

(از من ہدایتے۔ میری طرف سے ہدایت)

مِنّی، مِن، ابتدائیہ ویائے متکلم

هُدًی، ہدایت رہنما۔ مراد دین شرع یعنی مصدر بمعنی فاعل ویا اسم نکرہ بمعنی مطلق۔

فَمَن تَبِعَ هُدَایَ

(پس ہر کہ پیروی کرد یا آنکہ از ہے رہنمود ہدایت مرا۔ پس جو کوئی چلا۔ یا جو لوگ پیروی کریں میری ہدایت کی۔

قال البیضاوی کرر لفظ الھدیٰ ولم یضمر لانہ اراد بالثانی اعم من الاول وھو ما اتیٰ بہ الرسل و اقتضاہ العقل ای تبع ما اتاہ مراعیاً فیہ ما شھدہ العقل۔

ف، رابطہ۔

تَبِعَ، ماضی۔ اتباع۔ پیروی کرنا۔ ہدایت کے موافق عمل کرنا مصدر از ک ف تَبِعَ، یَتْبَعُ، تَابِعٌ، مَتْبُوعٌ، اِتْبَعْ، لَا تَتْبَعْ۔

هُدَایَ، یائے متکلم۔ وهُدًی مصدر بمعنی فاعل، ومراد رہنما۔ ویا اسم ومراد شریعت وقرآن۔

فَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ

(ہیچ ترسے نباشد بر ایشاں۔ کچھ ڈر ان پر نہیں ہے)

*نون تاکید کے ساتھ ضرور موکد کی گئی ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ما کے داخل ہونے سے فعل شرط اسی تاکید سے مشابہ ہوجاتا ہے جو فعل قسم میں لام کے داخل ہونے سے پیدا ہوتی ہے کیونکہ جس طرح قسم کے بارے میں لام تاکید کا فائدہ دیتا ہے اسی طرح شرط میں ما سے تاکید آتی ہے اور ابو البقا کا قول ہے کہ ما کی زیادتی اسبات کا پتا دیتی ہے کہ یہاں تاکید کی شدت مراد ہے (اتقان)

(اتقان جلد دوم صفحہ ۲۴۳)

خوف ، اس رنج وغم کو کہتے ہیں جو نفس
کو کسی مکروہ امر کی توقع یا امید وآرزو کے
نہ برآنے کے خیال سے حاصل ہوتا ہو
یعنی موت وخسارہ مراد اس جگہ نفی عقاب
ہے۔

ھو ، ضمیر جمع راجع بمن ، باعتبار معنی
(ونہ ایشان اندوہ خورند - اور نہ وہ لوگ
غم کھائیں گے)

یحزنون ، مضارع ، الحزن دلگیر ہونا
غمگین ہونا - اور حزن اس رنج کو کہتے
ہیں جو کسی مرغوب اور محبوب شے کے
فوت اور گم ہو جانے سے عارض
ہوتا ہے - مراد نفی ثواب ۱۲

مصدر ک ، ف ، حَزِنَ ، یَحْزَنُ
حَزِیْنٌ ، مَحْزُوْنٌ ، اِحْزَنْ ، لَاتَحْزَنْ

ازل ، ... فعل ، الشیطان ، فاعل
ھما ، مفعول ، عنہا ، جار مجرور ظرف
کانہ قیل فما شانہما بعد اسکان
الجنۃ فقیل فازلہما الخ

ف - اَخْرَجَ ، ... فعل مع الفاعل
ھما ، ... ... مفعول
من ما کانا فیہ ، ظرف لغو
ای اکلا فاخرجہما مما کانا فیہ

من ، حرف جار - ما ... موصولہ
کانا ، فعل ناقص ضمیر اسم
فیہ ، متعلق ثابتین وخبر

وقلنا ، ... ... فعل با فاعل
اھبطوا ، فعل با فاعل ذوالحال
بعضکم لبعض عدو ، حال
ای اھبطوا متعادین بعضکم لبعض

۱ الحزن ضد السرور ماخوذ من الحزن
وھو ما غلظ من الارض فکانہ ما غلظ
من الھم ولا یکون الا فی الماضی علی المشہور
وتقدیم الضمیر اشارۃ الی اختصاصہم بنفی
الحزن ای ان غیرہم یحزن والمراد بیان
دوام الانتفاء لا بیان انتفاء الدوام
لما تقرر فی محلہ ان النفی وان دخل علی نفس
المضارع یفید الدوام والاستمرار بحسب المقام

بعضکم، ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ مبتدا

لبعضٍ، متعلق عدوٌ، خبر

یا لبعضٍ متعلق ثابت وصفت عدوٌ

ولکم فی الارض، ہر دو ظرف

متعلق کائن خبر مقدم

مستقرٌ ومتاعٌ، مبتدا

الی حین، جار مجرور متعلق ثابت و

وصفت متاع۔

یا الی حین، مفعول متاع۔

ف، تلقی، فعل، ادم، فاعل

من ربہ، متعلق کائنۃً حال

کلمات، ۔ ۔ ۔ ذی الحال

درحقیقت من ربہ کلمات کی صفت ہے

مگر جب وہ مقدم ہے تو حال کے اعتبار

سے منصوب المحل ہے (اعراب) اور

یا متعلق بتلقی ہے بمعنی تلقنہ

ف، تاب علیہ، جملہ فعلیہ معطوف بر سابق

انّ، مشبہ بالفعل ضمیر اسم

ھو، ضمیر تاکید ضمیر اول

التواب الرحیم، موصوف صفت خبر

قلنا، ۔ ۔ ۔ فعل با فاعل

اھبطوا، فعل با فاعل ذو الحال

جمیعًا، ۔ ۔ ۔ حال

منہا، جار مجرور ظرف لغو

ف۔ امّا، ۔ ۔ ۔ حرف شرط

یاتینّ، ۔ ۔ ۔ فعل

ھدًی، ۔ ۔ ۔ فاعل

کم، ۔ ۔ ۔ ۔ مفعول

منّی، ۔ ۔ ۔ ظرف لغو

فاتبعوہ، ۔ ۔ ۔ محذوف جزا

ف، من، ۔ ۔ ۔ مبتدا

تبع، ۔ ۔ ۔ فعل مع الفاعل

ھدای، ۔ ۔ ۔ مفعول

ف، لا، حرف نفی

خوفٌ، ۔ ۔ ۔ مبتدا

علیہم، متعلق ثابت۔ خبر

و۔ لا، حرف نفی۔ ھم، مبتدا

یحزنون، جملہ فعلیہ ۔ ۔ ۔ خبر

وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ

وکسانیکہ نہ گرویدند و دروغ داشتند آیتہائے ایشان اند

اور جو کہ کافر ہوئے اور جھٹلایا نشانیوں ہماری کو یہ لوگ

أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿۳۸﴾

باشندگان دوزخ ایشان درانجا جاویدند

رہنے والے آگ کے ہیں وہ بیچ اس کے ہمیشہ رہیں گے۔

الَّذِينَ (آنانکہ کافر شدند و بدروغ داشتند) جو لوگ نہ ایمان لائے اور جھٹلائے) سے کفروا با اللہ او بآیاتہ وکذبوا بہا

كَفَرُوا وَكَذَّبُوا کفروا، ماضی ج ع کذبوا ماضی ج ع التکذیب، جھٹلانا مصدر تفعیل کَذَّبَ، یُکَذِّبُ، مُکَذِّبٌ، مُکَذَّبٌ، کَذِّبْ، لَا تُکَذِّبْ،

بِآيَاتِنَا (آیتہائے مارا - ہماری آیتوں کو)

أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ (ایشان اند باشندگان دوزخ - وہی لوگ ہیں دوزخ کے رہنے والے) اَصْحَاب، جمع صحب جمع الجمع صاحب (ملازم) ویا جمع صاحب جمع فاعل بروزن افعال شاذ ہے - اور صحبت قربت وملازمت کو کہتے ہیں۔

هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ (ایشان درانجا دائم مانند - وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے) ھُمْ ضمیر مفید حصر

سلہ - ایات جمع آیۃ بمعنی علامت ونشان وحکم شرعیہ - ماخذ ای و اصل آیۃ اَیَیَۃٌ بفتحات ہے یاے اولی متحرک ہونے اور ماقبل مفتوح ہونے کے باعث الف سے بدل ہوئی ہے خلاف قیاس مثل غایۃ ورایۃ کسائی کہتے ہیں اصل میں اٰیِیَۃ لفاعلۃ ہے قیاس مقتضی ادغام ہے لیکن تخفیفا اسے ترک کردینے کے بعد عین کلمہ حذف کردیا گیا ہے فراء کہتے ہیں کہ وزن اس کا فعلۃ بسکون عین ہے اخذ اسکا تای القوم اذا اجتمعوا ہے جمع ایاء کا فعال ہے۔

خٰلِدُوْنَ، جمع خالد، مصدر الخلود

یعنی دوام۔ صفت

الذین ۔۔۔۔ موصول

کفروا، جزء معطوف علیہ } صلہ } مبتدا

کذبوا بایٰتنا، معطوف

اولٰئک اصحٰب النار ۔۔۔۔ خبر

م عطف فمن تبع قسیم لہٗ کانہ قال فمن لم یتبعہ۔

اولٰئک ۔۔۔۔ مبتدا

اصحٰب النار، ذوالحال } خبر

ھم ۔۔۔۔ مبتدا

فیہا خٰلِدُوْنَ، خبر } حال

یا۔ اولٰئک ۔۔۔۔ مبتدا

اصحاب، مضاف

النار، ذوالحال

ھم فیہا خٰلدون، حال } مضاف الیہ } خبر

کیونکہ وہ ضمیر نار پر مشتمل ہے اور عامل معنی اضافہ ہے یا لام مقدرہ۔

و یا اولٰئک، مبتدا۔ اصحاب النار، خبر

ھم فیہا خٰلدون، خبر بعد خبر

ف فتلقّٰی اٰدم: اس آیت میں حضرت آدم علیہ السلام کے دوبارہ مشرف ہو جانے کا ذکر ہے۔ جب حضرت آدم علیہ السلام نے اپنے حقیقی مالک سے عتاب آمیز کلام سنا۔ اور بہشت سے نکل کر زمین پر (سراندیپ میں) قیام پذیر ہوئے تو اپنی لغزش پر سخت نادم ہو کر گریہ وزاری کرنے لگے۔ بیقراری اور شدت غم سے کھانے پینے اور آرام لینے کی سُدھ نہ رہی حضرت حوّا کی یاد بھول گئے۔ اور ایک زمانہ تک اسی تباہ حالت میں پھرا کئے آخرکار آپ کے عالم یاس و بیکسی کے دردناک آوازوں، شب گیر نالوں، اور سحری سرد آہوں نے رحمت الٰہی کو اپنی طرف متوجہ کیا۔ کہ بذریعہ الہام تلافی مافات کی اُنہیں توفیق عطا فرمائی گئی۔ اور بذریعہ درخواست ربنا ظلمنا انفسنا وان لم تغفرلنا

و ترحمنا لنکونن من الخسرین) آپ کے جرائم معاف کر دے گئے۔
سچ ہے جرائم و معاصی کا معاف کرنیوالا اس تنہا بے مثل سچے مالک کے بغیر
اور کوئی دوسرا نہیں ہے۔ اور وہ بڑا مہربان اور بہت ہی بخشش کرنیوالا ہے
ف ۲ فتاب علیہ۔ التوبۃ الرجوع۔ توبہ تین چیزوں۔ علم۔ حال اور عمل سے
مرکب ہے یعنی مجرم جب اپنے گناہ کے ضرر اور اسکے برے اثر پر مطلع ہو جاتا ہے
اور اسکے ذہن میں اسکی برائی کا خیال پوری طرح جم جاتا ہے تو اس یقینی علم
سے اس کے دل میں ایک گونہ طپش اور بیقراری پیدا ہو جاتی ہے۔ جس
آہستہ آہستہ وہ اپنے مافات پر تاسف کرنے لگتا ہے یہ تاسف حالات دل
سے ایک حالت ہے جسکو ندامت سے بھی تعبیر کرتے ہیں۔ اس حالت کے
تین متعلقات ہیں (ماضی) جس سے مجرم تلافی مافات میں کوشش کرنے
لگتا ہے۔ (حال) جس سے عاصی مضر وہ حرکت کو فوراً چھوڑ دیتا ہے (مستقبل)
جس سے وہ یہ پختہ ارادہ کر لیتا ہے کہ آئندہ ایسا جرم اور ایسی مضر وہ حرکت
کبھی نہیں کریگا۔

حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں حقیقت توبہ چھ چیزوں سے
مرکب ہے۔ (۱) گناہان گذشتہ پر ندامت کرنا (۲) آئندہ کے لئے ترک گناہ
کا مصمم ارادہ کر لینا۔ (۳) تلافی مافات میں مشغول ہونا (۴) جس شخص کا
نقصان ہوا ہے اسکے حقوق کو پورا کرنا (۵) اس گوشت اور خون کو گلانا جو
مال حرام سے پیدا ہوا ہے۔ (۶) نفس کو طاعات و ریاضیات شرعیہ کی تلخی
چکھانا بقدر حلاوت معصیت (عزیزی)

ف۳۔ قلنا یا ادم الخ یہ جملہ پہلے جملے اھبطوا الخ کی تاکید ہے یا دونوں سے دو امر مقصود بالذات ہیں۔ اول سے بنی آدم کی باہمی عداوت اور دنیا میں ہمیشہ رہنے کا اظہار اور دوسرے سے شرعی تکالیف کی پابندی کا اظہار مقصود ہے۔ ارشاد ہوتا ہے کہ ہمنے آدم و حوا اور اسکی مقدرہ بالقوہ اولاد سے کہدیا کہ اب تم سب جنت سے نکلکر زمین پر جا رہو اور آیندہ کے لئے ہماری ہدایت پر چلنے والے البتہ ہمیشہ کے لئے بہشت میں داخل کئے جائیں گے اور انہیں کسی قسم کا دکھ درد اور رنج نہ ہوگا لیکن ہماری شریعت سے انکار کرنے اور ہمارے برگزیدہ بندوں کی نافرمانی کرنے والے بہشت سے محروم اور ابد الآباد تک دوزخ کی دہکتی آگ میں جلتے رہیں گے۔ ابن عساکر[۵] نے سلمان[۶] فارسی سے روایت

ف۵۔ ابن عساکر حافظ الحدیث علی ابن الحسین دمشقی شافعی صاحب تصانیف کثیرہ ہیں اور تاریخ دمشق ان کی بڑی معتبر اور مشہور کتاب ہے۔ محدثین انکو ثقہ اور حجت سمجھتے ہیں ۴۹۹ھ میں پیدا ہوئے بغداد میں علم حاصل کیا۔ آپ کے شیوخ دو ہزائین سو سولہ (۲۲۱۶) ہیں جن سے انہوں نے حدیث سنی ہے ۵۷۱ھ میں انکا انتقال ہوا ہے ۱۲

ف۶۔ سلمان فارسی ابو عبد اللہ۔ انکو سلمان بن اسلام و سلمان الخیر بھی کہتے ہیں۔ آپ اصفہان کے رہنے والے تھے۔ یہ مشہور ہے کہ آپ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وصی کو دیکھا تھا الغرض آپ بڑے طویل العمر صحابی گزرے ہیں۔ کہتے ہیں کہ آپ کی عمر ڈھائی سو برس کی اوپر تھی آپ نے اپنا ملک تلاش علم و طلب حق میں چھوڑا ہے عالموں اور عابدوں کی صحبت آپکو پسند تھی۔ آخر اس تلاش میں آپ نے مدینہ منورہ کی طرف سفر کیا اتفاقاً راستہ میں پکڑے گئے اور غلام بنکر دس بارہ برس تک غلامی کی حالت میں مدینہ منورہ میں رہے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کی ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام جنت سے
اُتارے گئے تو زمین ہند میں اُترے۔

یٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اذْکُرُوْا نِعْمَتِیَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتُ عَلَیْکُمْ

اے فرزندان یعقوب یاد کنید آں نعمت مرا کہ ارزانی داشتیم بر شما

اے بیٹے یعقوب کے یاد کرو نعمت میری کو جو انعام کی میں نے اوپر تمہارے

وَاَوْفُوْا بِعَهْدِیْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ وَاِیَّایَ

و وفا کنید پیمان مرا تا وفا کنم پیمان شمارا و از من

اور پورا کرو عہد میرا پورا کروں گا عہد تمہارے کو اور مجھ ہی سے

سے ملے اور آپ کا وعظ سنا تو فوراً مسلمان ہو گئے۔ ان کے مالک نے یہ شرط کی تھی۔ کہ وہ خرما کا
ایک باغ لگا دیں جس میں تین سو درخت ہوں اور قریب ہزار چھ سو درہم کے سونا ادا کریں تو آزاد ہو جاویں
انکی اس شرط کے ادا کرنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت مدد کی کل درخت باغ کے
آنجناب علیہ الصلوٰۃ نے اپنے مبارک ہاتھ سے نصب کئے اور سب مسلمانوں کو امداد کا حکم
فرمایا چنانچہ سب نے ملکر سونا بھی ادا کر دیا۔ اور حضرت سلمان کو آزاد کرا لیا۔ عبد البر سے
ایک قول منقول ہے کہ وہ بدر کی لڑائی میں شریک تھے۔ مگر اس میں سب کا
اتفاق ہے۔ کہ وہ غزوۂ خندق میں شریک تھے۔ بعد اسلام انہوں نے نکاح
بھی کیا ہے۔ آپ نہایت عابد زاہد شب خیز تھے اپنے ہاتھ سے بوریا بنا کرتے
تھے اور اسی کی محنت کی مزدوری سے کھاتے پیتے تھے اس کے سوائے جو
کچھ انہیں ملتا تھا وہ محتاجوں پر صدقہ کر دیتے تھے ۳۴ھ میں آپ کا انتقال ہوا ہے۔ ۱۲

تہذیب صفحہ ۱۵۰-۲

فَارْهَبُونِ ۝ وَآمِنُوا بِمَا أَنزَلْتُ مُصَدِّقًا

بترسید　و ایمان آرید　بآنچه　فرود آوردہ ام　باور کنندہ

پس ڈرو　اور ایمان لاؤ　ساتھ اس چیز کے جو اتاری میں نے　سچا کرنے والی ہے

لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُونُوا أَوَّلَ كَافِرٍ بِهِ ۖ وَلَا

آنچہ باشما است　و مباشید　نخستین منکر او　و

اس چیز کو جو ساتھ تمہارے ہے　اور مت ہو　کافر ساتھ اسکے　اور

تَشْتَرُوا بِآيَاتِي ثَمَنًا قَلِيلًا وَإِيَّايَ فَاتَّقُونِ (۳۹)

مستانید　عوض آیتہائے من　بہائے اندک را　و از من　حذر کنید

مت مول لو　بدلے آیتوں میری کے　مول تھوڑا　اور مجھ سے　پس ڈرو

يٰبَنِىٓ اِسْرَآءِيْلَ (اے فرزندان یعقوب۔ اے یعقوب کے بیٹو)

یا، حرف ندا۔ بنی اصل بنین جمع ابن تشبیہ بجمع تکسیر ہے کیونکہ بنائے مفرد اس میں قائم نہیں اور اسی لئے اسکے فعل میں تائے تانیث الحاق کرتے ہیں مثل قالت بنو عامر اور یہ اولاد ذکور کے لئے خاص ہے لیکن اضافت کیحالت میں ذکور و اناث دونوں پر اطلاق کیا جاتا ہے۔

اسرائیل، لقب حضرت یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم علیہ السلام اسم عجمی

لہ اسرائیل، اسم عجمی غیر منصرف بمعنی عبداللہ و صفی اللہ۔ یہ لفظ عبرانی ہے بمعنی اہل اللہ۔ اور آسرا عبد کو کہتے ہیں یا بنی اسرائیل خطاب میں مرد و عورت تمام ملحوظ ہیں اگرچہ ابن اولاد ذکور پر استعمال ہوتا ہے اور بنی اصل میں بنین ہے نون بوجہ اضافت ساقط ہوا ہے۔ اور یہ جمع سالم نہیں کیونکہ اس کا واحد دراصل بنو) اسم ناقص وادی ہے ۲۔

غیر منصرف و بنی اسرائیل نسل یعقوب
علیہ السلام انہیں کو یہود بھی کہتے ہیں
(اذکروا نعمتی) (یاد کنید نعمت ہائے مرا - یاد کرو میرا
احسان - یا میری نعمتیں)
اُذْکُرُوْا، ج - ح - امر - الذکر یاد کرنا خیال
کرنا مصدر - ف - ض ذَکَرَ - یَذْکُرُ
ذَاکِرٌ - مَذْکُوْرٌ - اُذْکُرْ - لَا تَذْکُرْ
نِعْمَتِیْ، بیائے متکلم - نعمت، لذت
واستلذاذ اور وہ اشیاء جن سے
لذت حاصل ہوتی ہے اور وہ چیز جس سے
انعام کیا جائے اسم جنس و یا شبیہ
بفعل بمعنی مفعول
محققین کے نزدیک نعمۃ اس امر کو
کہتے ہیں جس سے عاقبت نیک ہو۔
اضافت مفید استغراق و نعمۃ لفظاً
واحد و معناً جمع ہے۔
(التی انعمت علیکم) (آن نعمتہا کہ ارزانی داشتم بر شما۔
وہ نعمتیں یا احسان جو میں نے تم پر کیا
ہے۔

اَنْعَمْتُ، اسے النعمت بہا ضمیرہ
عائدٌ الی الموصول فحذف حرف الجر ثم
حذف ضمیرہ۔
اَنْعَمْتُ، ماضی - امر - الانعام احسان
کرنا مصدر۔
(واوفوا بعهدی) (و وفا کنید بعہد من - اور پورا کرو پیمان
میرا یا عہد و اقرار میرا)
عَهْدِیْ، بیائے متکلم - اقرار واجب
الاداء اور وہ وعدہ جس کی حفاظت ضروری
سمجھی جائے۔
(اوف بعهدکم) (تا وفا کنم بعہد شما - پورا کروں گا میں تمہارا
وعدہ و اقرار۔)

لہ اوفوا بعهدی اے بالتامل فی الدلائل الدالۃ
علی التوحید یقال اوفی و وفی مخففا و مشددا
بمعنی و قال ابن قتیبۃ وفیت بالعهد
و وفیت بہ و اوفیت الکیل لا غیر و المعنی
اوفوا العهد بالایمان و الطاعۃ اوف
بعهدکم بحسن الاثابۃ و اوفوا بعهدی اے
اوفوا بما عاهدتمونی من الایمان ۱۲

اوف - فعل مجزوم کیونکہ جواب امر ہے المراد بہ الثواب والمغفرۃ - والعہد یضاف الی المعاہد بالکسر والمعاہد بالفتح - لعل اولاً اضافت الی الفاعل وثانیاً الی المفعول فان اللہ تعالیٰ عہد الیہم بالایمان ووعدہم بالثواب اوفی کلیہما اضاف الی المفعول اسے اوفوا بما عاہدتمونی - اوف بما عاہدتکم - (وا رحمن میر سید - اور مجھ سے پیش رو)

وَإِيَّايَ فَارْهَبُونِ

ایّای ضمیر واحد متکلم منفصل منصوب بفعل محذوف -

فرھبون - ف ، جزائیہ در جواب امر مقدر -

اسے تنبہوا فارھبونی - پس اگر تعقیب زمانی مراد ہے تو غرض اس سے طلب استمرار رہبت ہے جمیع ازمنہ میں بلا تخلل فاصل اور اگر تعقیب رتبی مراد ہے تو مفاد اس کا طلب ترقی ہے من رھبۃ الی رھبۃ علیا تقدیر عبارت یہ ہے ایّای ارھبوا فارھبونی والمعنی ان کنتم متصفین بالرھبۃ فخصونی بالرھبۃ وحذف متعلق الرھبۃ للعموم اسے ارھبونی فی جمیع ما تاتون وتذرون او ارھبونی فی نقض العہد -

ارھبون ، اصل ارھبونی تھا نون وقایہ ویائے متکلم - جو حذف ہوئی ہے صیغہ سے اسلئے کہ وہ فاصلہ ہے -

مص ح ج ح امر الرھب بالضم وبالفتح - ڈرنا ، خوف کرنا خصوصاً وہ ڈر جو کسی کے ادائے حق میں کوتاہی اور تقصیر کرنے سے دل میں پیدا ہوتا ہے مصدر ک ، ف

رَہِبَ ، یَرْہَبُ ، رَاہِبٌ ، مَرْہُوبٌ

اِرْہَبْ ، لَا تَرْہَبْ

وآمنوا

(وآمنوا: ایمان آرید بانچہ فرو فرستادم - اور ایمان لاؤ اس پر جو بھیجا یا اتارا میں نے)

اے اٰمنوا بما انزلت علی محمد ان
کنتم تریدون المبالغۃ فی الایمان
بالتوراۃ والانجیل فاٰمنوا بالقرآن
فان الایمان بہ یؤکد الایمان
بالتوراۃ والانجیل ویا اٰمنوا بمحمد
وبالقرآن مصدقا للتوراۃ والانجیل

مصدقا لما معکم

راباور وارندہ یا باور کنندہ است
آں چیز را کہ برشما است یا باشما است۔
سچا کرنے والا اس چیز کو جو تمہارے
پاس ہے یا جو تمہاری کتاب میں ہے
مُصَدِّق۔ تصدیق کنندہ، اسم فاعل
والمعنی بتصدیقہ لہا انہ نازل ١٢
لما، ل، صلہ فعل مقویہ، ما، موصولہ
یا موصوفہ۔
معکم، مع بمعنی نزدیک وہمراہ۔ کم، ضمیر
ومعنی ما معکم اے ما فی کتابکم

(ولا تکونوا اول کافر بہ)

(ومباشید نخستین منکر آں۔ اور
نہ ہو پہلے منکر ساتھ اُس کے)
اے اوّل کافر بہ من اہل الکتاب

یا اول من جحد بالمعرفۃ
لا تکونوا، مج ح نہی مجاز۔ اوّل
افعل بالمعنی لا فعل من لفظہ لان
فاءہ وعینہ واو وقلما دل استقراء
علی انتفاء الفعل لما ہو کذلک
قیل اصلہ اوأل بمعنی تبادر من
وأل علی وزن سأل ابدلت
ہمزۃ واوًا من غیر قیاس یا اصلہ
أأول یا ووّل علی فوعل قلبت ہمزۃ
واوا اوالواو ہمزۃ فادغمت
بمعنی رجوع۔
بہ، اے بما انزلت وہو القرآن
او التوراۃ۔

(ولا تشتروا)

(بدل نکنید۔ اور نہ مول لو)
اے لا تستبدلوا۔ [1] لا تشتروا،
مج ح نہی۔ الاشتراء خرید وفروخت
کرنا۔ مول لینا۔ مصدر۔

[1] اے لا تستبدلوا بآیات التوراۃ بیان
نعت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

یا بنی اسرائیل اذکروا نعمتی التی انعمت علیکم و اوفوا بعہدی اوف بعہدکم وایای فارھبون۔ ولا تشتروا بآیاتی ثمنا قلیلا وایای فاتقون

(بایتہا ے من بہا ے اندک را میری آیتوں پر مول تھوڑا۔ یا بدلے آیتوں کے مول تھوڑا۔)	**یا**، حرف ندا۔ بنی اسرائیل منادی
محذوف مضاف لے بالایمان	**اذکروا**، ۔۔۔۔ فعل مع الفاعل
بآیاتی۔	**نعمتی**، مضاف مضاف الیہ مفعول
ب، عوض۔ **آیاتی**، یائے متکلم	**التی**، ۔۔۔۔ موصول
ثمن، عوض مبیع۔ مول و قیمت	**انعمت علیکم** جملہ صلہ
الثمن۔ ثمنۃ۔ اثمان جمع	والعائد محذوف اے انعمتہا علیکم
قلیل، صفت مشبہ جمع اقلاء قُلُل	**و** ۔ **اوفوا** ۔۔۔ فعل با الفاعل
والمراد بالثمن حظوظ الدنیاء الفانیۃ القلیلۃ۔	**بعہدی**، مضاف مضاف الیہ مفعول
	۴۱ ۴۲ ۴۳ ۴۴ ۴۵
	اوف، ۔۔۔۔ فعل با فاعل
وایای فاتقون (وار من پس بترسید۔ اور مجھ سے پس ڈرو)	**ب**، **عہدکم** ۔۔ مفعول
ایای، ضمیر واحد متکلم منفصل منصوب	**وایای**، ضمیر متکلم ۔۔۔ مفعول
ف، جزائیہ جواب شرط محذوف	**ارھبوا**، محذوف فعل با فاعل
اتقون، اتقو۔ ن۔ ی با نون وقایہ[1]	**ف**، جزائیہ۔ ارھبوا مذکور فعل با فاعل
و یائے متکلم جمع امر صیغہ مصدر اتقاء صف	**نی**، ۔۔۔۔۔۔۔ مفعول

[1] نون وقایہ = نون فعل اور یائے متکلم کے درمیان آخر فعل کو کسرہ سے بچانے کے لیے زیادہ کیا جاتا ہے یعنی نون وقایہ ایسی یائے متکلم کے ساتھ لحق ہوتا ہے جسکو کسی فعل کا نصب دیا ہو جیسے اس آیت میں ہے اور جیسے فاعبدنی اور مجھ نبی میں ہے اور یا کوئی حرف اس یائے متکلم کا ناصب ہو مثلاً قولہ تعالیٰ یا لیتنی

وقال المظهری وایای منصوب
بفعل مقدر بعده یفسره وهذا
آکد فی افادة التخصیص من تقدیم
المفعول وتکریر الفعل تقدیرا ولفظا
والفاء الجزائیۃ۔ فتقدیر الکلام ان
کنتم راهبین فایای ارهبوا فارهبونی
اے ارهبونی رهبۃ بعد رهبۃ
او ارهبونی فی جمیع ما تاتون و
تذرون او ارهبونی فی نقض العهد

وَ اٰمِنُوْا ... فعل با فاعل
بِ، جار، مَا، موصولہ
اَنْزَلْتُ، فعل با فاعل
ہٗ ضمیر محذوف، مفعول
صلہ / مجرور / معطوف
وامنوا الخ عطف تفسیری لاوفوا
وتخصیص بعد لتعمیم فان
الایمان هو العمدۃ فی الوفاء بالعهود

مُصَدِّقًا ...... اسم فاعل
لِ، جار۔ مَا ... موصولہ
مَعَكُمْ، متعلق ثبت جملہ صلہ
مجرور / حال منصوب ازانزلت
و یا حال ضمیر فاعلی امنوا۔
اے امنوا بما انزلت مصدقا
او امنوا مصدقا بما انزلت۔

وَلَا تَكُوْنُوْا، فعل ناقص مع الاسم
اَوَّلَ كَافِرٍ، مضاف مضاف الیہ، خبر
بِهٖ، جار مجرور متعلق اسم فاعل
اَوَّلَ كَافِرٍ۔ خبر من ضمیر الجمع بتاویل
اول فریق او بتاویل لا تکن کل واحد
منکم اول کافر به والمراد عموم السلب
معطوف علی امنوا

وَلَا تَشْتَرُوْا۔ فعل با فاعل
بِاٰیٰتِیْ، جار مجرور ظرف لغو
اے بالایمان بآیاتی
ثَمَنًا، موصوف یا ذوالحال
قَلِيْلًا، صفت یا حال
مفعول / جملہ معطوف علی لا تکفروا

٥١۔ اول کافر ضمیر جمع سے خبر ہے اور جماعت کا اول کافر ہونا محال ہے لہذا احد الطرفین میں تاویل کی ضرورت ہے یا (کافر) کو جنس مانا جائے جو لفظاً مفرد اور معناً جمع ہے۔ جیسے فوج اور قوم اور یا ضمیر جمع سے مراد کل افراد ہی لیا جائے تاکہ ہر واحد سے بھی مراد لی جائے۔ اسے لا تکن کل واحد منکم اول کافر به

وایای ضمیر متصل مفعول اتقوا محذوف ... فعل با فاعل ف، جزائیہ اتقوا فعل با فاعل نی، .... مفعول [illegible] اے ان کنتم محبین التقوی فایای	فاتقون فاتقونی وھذا مثل فایای فارھبون غیران فی الآیۃ السابقۃ خطاب لعوام بنی اسرائیل ولھذا فصلت بالرھبۃ التی ھی مقدمۃ التقوی وفی الثانیۃ خطاب لعلمائھم ولھذا فصلت بالتقوی

الذی ھو منتہی الی الہدیٰ ۱۲۰

ف - یابنی اسرائیل الخ پچھلی آیتوں میں چار نعمتوں کا ذکر ہوا ہے جو عموماً ہر فرد بشر بنی آدم پر شامل ہیں اور ان کی احسان مندی و شکر گزاری ہر ایک شخص پر فرض ہے - اب یہاں سے حزب سیقول السفہاء تک بنی اسرائیل کے مختلف حالات کا بیان ہے - کہیں ان کی جہالت گمراہی، ناعاقبت اندیشی کا تذکرہ ہے - کہیں صداقت اسلام اور اس کی حقیقت کے پرزور دلائل سے انکے فاسد خیالات کا ابطال کیا ہے - کہیں انکو انکے برے اعمال اور گذشتہ واقعات کی یاددلائی ہے نعمائے مخصوصہ ۱ اذ نجینکم من آل فرعون - ۲ اذ فرقنا بکم البحر - ۳ وبعثنکم من بعد موتکم - ۴ وظللنا علیکم الغمام ۵ انزلنا علیکم المن والسلوی - ۶ وعفونا عنکم - ۷ نغفر لکم خطیکم ۸ واتینا موسی الکتب - ۹ فانفجرت منہ اثنتا عشرۃ عینا - حرکات مذمومہ بنی اسرائیل ۱ سمعنا وعصینا - ۲ واتخذتم العجل - ۳ قولھم ارنا اللہ - ۴ وبدل الذین ظلموا ۵ لن نصبر - ۶ یحرفون الکلم - ۷ تولیتم من بعد ذلک - ۸ وقست قلوبکم ۹ وکفرھم بایات اللہ - ۱۰ وقتلھم الانبیاء - نتائج اعمال ۱ ضربت علیھم الذلۃ ۲ وباؤ بغضب من اللہ - ۳ ویعطوا الجزیۃ - ۴ واقتلوا انفسکم

وکونوا قردۃ - وانزلنا علیہم رجزاً - واخذتکم الصاعقۃ - وجعلنا قلوبھم قاسیۃ - وحرمنا علیہم طیبات احلت لھم -

یا بنی اسرائیل - اے فرزندان یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم میرے احسانات اور اُن نعمتوں کا شکر بجا لاؤ جو تمہارے آباء اجداد پر وقتاً فوقتاً کیگئی ہیں کیونکہ تم انہیں کی اولاد سے ہو - اور یہ انہیں انعامات کا اثر ہے کہ اب تک تمھیں قومی عزت ملکی حکومت علمی فخر کا اعزاز حاصل ہے اور اُن وعدوں اور اقراروں کی تعمیل کرو جو تمہارے اسلاف سے لیے گئے ہیں اور جن کے وہ خود پابند تھے مثلاً توحید - عبادت مخصوصہ - پابندی احکام مشروعہ اور خصوصاً اس عہد کو پورا کرو جو پیغمبر آخرالزماں کی نسبت تم سے توراۃ مقدس میں لیا گیا ہے - کہ جب ان کا زمانہ آئے - تم سبکو اسکی اطاعت کرنی چاہیئے - اے بنی اسرائیل جان بوجھکر حق پوشی نہ کرو ورنہ دوسرے جاہل لوگ تمہاری دیکھا دیکھی اتباع حق سے باز رہجائیں گے - توراۃ مقدس کی صریح آیات کو بذریعہ تاویل مشکوک کرنیے سے (جیسے تمہاری عام عادت ہے) عوام الناس شُبہ میں پڑجاتے ہیں - بلکہ تمہاری شان کے لائق تو یہ ہے - کہ اس منزل کتاب (قرآن مجید) پر سب سے پہلے ایمان لاتے کیونکہ یہ کتاب انہیں پہلی کتابوں کے اصول کی تائید کرتی ہے - اور یہ اسلیے کہا گیا ہے - کہ حضرت یعقوب علیہ السلام سے حضرت عیسیٰ علیہما السلام تک صرف بنی اسرائیل میں قریب چار ہزار کے پیغمبر مختلف صورتوں اور حالتوں میں گزرے بعض بادشاہ ہوئے ہیں - مثل حضرت داؤد حضرت سلیمان اور بعض علماء مثل حضرت زکریا و

یحیٰی اور بعض وزراء مملکت مثل حضرت یوسف و سموئیل اور بعض زاہد مثل حضرت یونس وغیرہم علیہم السلام اجمعین جس سے بنی اسرائیل پر یہ امر واضح ہے کہ نبوت کے لوازم سے کوئی خاص صورت یا حالت نہیں اور یہ لوگ زبور۔ توراۃ۔ انجیل وغیرہ صحائف کے مضمون اور مطالب (توحید عبادت کبائر سے احتراض خداوند کی ذات و صفات کا بیان۔ جنت دوزخ کا ذکر وعدہ وعید کی اظہار) سے بھی خوب واقف ہیں۔ لہذا سب سے پہلے بنی اسرائیل کو اس کتاب کی طرف راغب ہونا چاہیئے تھا مگر اسکے خلاف جب انہوں نے توراۃ مقدس کی تحریف وتاویل کرنی شروع کردی تو تنبیہاً انہیں کہا گیا کہ اے بنی اسرائیل میری کتاب کو تاویل اور تحریف سے نہ بدلو دنیاوی طمع اور توقع امید پر ایمان کو ہاتھ سے نہ دو۔ اور اگر تم اس وعدہ کو پورا کرینگے اور سچے دل سے شرعی احکام کی تعمیل میں مشغول ہونگے تو ہم بھی اپنا وعدہ وفا کرینگے یعنی معافی گناہ۔ عزت وحرمت دارین نصرت و امداد۔ انعام نعمائے جنت وغیرہ وغیرہ اور یاد رہے کہ تم ہماری قدرت کے احاطہ سے ہرگز تجاوز نہیں کر سکتے اسلیئے تمکو مجھ ہی سے ڈرنا چاہیئے۔

ف ۲۔ بعض مفسرین نے لکھا ہے کہ اگرچہ بنی اسرائیل کے خطاب میں ان کے تمام قبائل شامل ہیں مگر اصل مخاطب اسکے یہود کے دو قبیلے بنی نضیر و بنی قریظہ ہیں کہ پیغمبر علیہ السلام جب تک مکہ میں رہے وہاں صرف مشرکین آپ کے مقابل تھے اسلیئے کہ اہل کتاب کا کوئی گروہ مکہ میں آباد نہ تھا۔ مگر جب آنجناب مدینہ منورہ میں تشریف فرما ہوئے اور مدینہ کے بت پرست سب مسلمان

ہو گئے تو یہود کو جو اطراف مدینہ میں آباد تھے حسد پیدا ہوا۔ خصوصًا بنی نضیر و قریظہ آں سرور کائنات اور تمام مسلمانوں کے سخت دشمن ہو گئے۔

ایک مرتبہ آنجناب سرور کائنات کسی ضرورت سے معہ صحابہ انکے شہر میں گئے تھے اور جناب ایک دیوار کے سایہ میں تشریف رکھتے تھے کہ یہودیوں نے آپس میں کچھ مشورت کی وہ کچھ ایذا پہونچانے کی فکر ہی میں تھے کہ وحی آپکو اسکی اطلاع ہوئی اور آنجناب وہاں سے اٹھ گئے چند روز بعد آپنے بارادۂ جہاد ان پر چڑہائی کی اور انہیں محصور کر لیا چھ دن تک ان کا محاصرہ رہا آخر انہوں نے یہ التجا کی کہ ہمیں امن دیا جائے ہم یہاں سے جلاوطن ہو جاتے ہیں چنانچہ دس دن کی مہلت انکو دیگئی۔ مگر بعد میں وہ بعض منافقین کے بہکانے سے پھر باغی ہو گئے جس سے آنجناب نے دوبارہ ان پر چڑہائی کی وہ لوگ عبداللہ بن ابی وغیرہ منافقوں کی امداد کے منتظر تھے مگر جب انہیں کچھ مدد نہ ملی تو مجبور ہو کر مطیع ہو گئے۔ انکے لیئے یہ حکم ہوا کہ اسی وقت نکل جائیں اور جتنا اسباب لیجا سکیں لیجائیں۔ آخر کار انہوں نے اپنے ہاتھوں سے گھروں کو ویران کیا درخت کاٹ ڈالے۔ اور پھر کچھ لوگ خیبر اور کچھ شام کی طرف چلے گئے۔ یہ واقعہ ربیع الاول سنہ ۴ھ میں ہوا ہے۔ ایسے ہی دوسرے قبیلہ بنی قریظہ والی غزوۂ خندق میں کفار قریش کے ساتھ شریک ہو کر مسلمانوں کے مقابلہ میں آئے تھے اور شہر مدینہ میں جو مسلمانوں کے بال بچے باقی تھے انکو بھی انہوں نے ایذا پہونچانی چاہی تھی۔ لہذا جب آں جناب غزوۂ خندق سے فارغ ہوئے اسی روز

بنی قریظہ پر جہاد کرنے کا حکم نازل ہوا اور فوراً مسلمانوں نے انہیں محصور کرلیا پچیس روز تک ان کا محاصرہ رہا مجبور ہو کر انہوں نے یہ کہلا بھیجا کہ جو حالت بنی نضیر کی ہوئی تھی اسی طرح ہم معاہدہ کے لیے راضی ہیں۔ مگر آنجناب نے اسکو منظور نہ فرمایا اور یہ حکم دیا کہ تم اپنے آپکو ہمارے حوالے کردو اور قلعہ سے باہر نکل آؤ۔ ہمکو اختیار ہے جو چاہیں گے وہ معاملہ کریں گے۔ انہوں نے حضرت ابولبابہ[ف۱] سے مشورت کرنیکی اجازت مانگی۔ چنانچہ ابولبابہ بھیجے گئے انہوں نے بطور معمہ ان سے کچھ ایسا کہا جس سے وہ سمجھ گئے کہ قلعہ سے باہر ہو جانے کے بعد وہ قتل کروئے جائیں گے جس سے بنی قریظہ میں ایک جوش پھیل گیا اور وہ پھر لڑنے مرنے پر آمادہ ہو گئے آخر بڑی ردو کد کے بعد مجبور ہو گئے اور کہلا بھیجا کہ سعد بن معاذ جو تجویز کرینگے وہ ہمیں منظور ہوگی۔ پھر وہ قلعہ سے باہر آ گئے۔ حضرت سعد نے یہ فیصلہ کیا کہ مرد میدان سب قتل کروے جائیں۔ ۱۲

ف۱۔ ابولبابہ انصاری مدنی نام آپ کا بشیر ہے اور بعض نے رفاعہ لکھا ہے مشہور صحابی ہیں آپ کے والد کا نام عبدالمنذر ہے آپکا گھر انہیں بنی نضیر یہودیوں کے محلہ میں تھا مال و اہل و عیال بھی سب وہیں تھے۔ اسیوجہ سے یہودیوں نے ان پر اعتبار کیا تھا۔ جب یہ وہاں پہونچے تو وہاں کی عورتیں اور بچے آپ کے پاس اپنی بیکسی کو ظاہر کرنے لگے اور زار زار رونے لگے اور اس امر میں مشورت طلب کی ابولبابہ نے زبان سے تو یہی کہا کہ ہاں قلعہ سے باہر نکلو مگر ساتھ ہی اپنے ہاتھ کا اشارہ حلق کی طرف کو بھی کیا۔ اس اشارہ میں سمجھا دیا کہ ضرور گردن مارے جاوگے یہ کہتے ہی ابولبابہ کے دل میں گھبراہٹ سی پیدا ہوئی اور مضطربانہ سیدھے مسجد نبوی کو چلے گئے۔

ف۳۔ وتفصیل عہدھم مذکور فی المائدۃ حیث قال ولقد اخذ اللّٰہ میثاق بنی اسرائیل وبعثنا ھم اثنی عشر نقیبًا۔ ۱۲

وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَأَنْتُمْ

و خلط مکنید راست را با ناراست و پنہان مکنید راست را و شما

اور مت ملاؤ سچ کو ساتھ جھوٹ کے اور مت چھپاؤ حق کو اور تم

تَعْلَمُونَ ﴿٤٠﴾ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَارْكَعُوا

دانستہ و برپا دارید نماز را و بدہید زکوٰۃ را و نماز گزارید

جانتے ہو اور قایم کرو نماز کو اور دو زکوٰۃ اور رکوع کرو

مَعَ الرَّاكِعِينَ ﴿٤١﴾ أَتَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ

با نماز گذارندگان آیا مے فرمائید مردمان را بہ نیکوکاری و فراموش میکنید

ساتھ رکوع کرنے والوں کے کیا حکم کرتے ہو لوگوں کو نیک کام کا اور بھولے جاتے ہو

أَنْفُسَكُمْ وَأَنْتُمْ تَتْلُونَ الْكِتَابَ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿٤٢﴾

خویشتن را و شما میخوانید کتاب یعنی توریت ایا نمی فہمید

جانوں اپنی کو اور تم پڑھتے ہو کتاب کیا پس نہیں سمجھتے ہو

دل میں یہ خیال پیدا ہوگیا کہ میں نے بہت بڑا گناہ کیا ہے۔ اسلئے وہ حضرت کی خدمت میں نہ آئے اور وہیں ایک ستون سے اپنے آپ کو نہایت کس کر باندھ دیا اور عہد کرلیا کہ جب تک توبہ قبول نہ ہوگی اسی حالت میں رہونگا۔ چھہ دن تک وہ اسی طرح بندھے رہے نماز اور ضروری حوائج کے وقت کھول دیے جاتے تھے ضعف سے اور زاری کرتے کرتے ان کی حالت نازک ہوگئی اور قریب المرگ ہوگئے تمام صحابہ کو ان پر رحم آتا تھا اور خداوند نے ان کی سچی ندامت پر توبہ قبول فرمائی اور خود سرور کائنات نے ان کی درخواست

[illegible]

وَاسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۚ وَإِنَّهَا لَكَبِيرَةٌ

و مدد طلبید بشکیبائی و نماز و ہرآئینہ نماز دشوار است

اور مدد چاہو ساتھ صبر کے اور نماز کے اور تحقیق وہ البتہ بڑی ہے

إِلَّا عَلَى الْخٰشِعِينَ ﴿۴۳﴾ الَّذِينَ يَظُنُّونَ أَنَّهُمْ

مگر بر فروتنی کنندگاں آنانکہ میدانند کہ ایشاں

مگر اوپر عاجزی کرنے والوں کے وہ لوگ کہ جانتے ہیں یہ کہ وہ

مُلٰقُوا رَبِّهِمْ وَأَنَّهُمْ إِلَيْهِ رٰجِعُونَ ﴿۴۴﴾

ملاقات خواہند کرد با پروردگار خویش و آنکہ ایشاں بسوئے وے باز خواہند گشت

ملنے والے ہیں پروردگار اپنے سے اور یہ کہ وہ طرف اسکے پھر جانے والے ہیں

ولا تلبسوا الحق بالباطل

(و خلط مکنید سخن راست بنا حق ۔ اور نہ ملاؤ سچ جھوٹ کے ساتھ)

اے لاتخلطوا الحق اے نعت محمد صلی اللہ علیہ وسلم بالباطل اے بالذی تکتبونہ بایدیکم من التغیر۔

لاتلبسوا صیغہ جمع حاضر نہی اللبس واللُبس، واللُبسۃ، والالتباس واللبوسۃ، واللبوسۃ۔ شبہ و پیچیدگی و عدم وضوح و مشتبہ کرنا۔ چھپانا۔ خلط ملط کرنا۔ مصدر

ن ک و ک ۔ ف ، لَبَسَ يَلْبِسُ لَابِسٌ ، مَلْبُوسٌ ، اِلْبَسْ ، لَاتَلْبِسْ

الحَقّ ، ال عہدی مراد نعت محمد صلی اللہ علیہ وسلم حق ، امر مطابق واقعہ عدل و راستی۔

ب ، بمعنی استعانت و الصاق و سبب اے لاتلبسوہ بسبب الشبہات۔

البَاطِلْ ۔ ال عہدی ، اے التحریفات والتاویلات المخترعۃ والمعنی لاتخلطوا الحق المنزل فی التوراۃ

بالباطل الذی اخترعتموہ وکتبتموہ
اولا تجعلوا ذلك ملتبسا مشتبها غیر
واضح لا یدرکہ الناس

وَتَكْتُمُوا — مپوشید حق را۔ اور نہ چھپاؤ سچ کو۔
تکتموا[1]، اسے لا تکتموا صیغہ جمع حاضر
نہی مصدر کتمان۔
یقال کَتَمَ، کِتمًا وکتمانًا وکتّمَ
واکتتم الشیٔ یعنی اخفاہ (چھپایا
اسکو) وکتومًا وکتامًا الاناء یعنی
امسك اللبن او الشراب (یعنی
برتن خالی کرنے کے بعد جو اس میں
دودھ وغیرہ کا بقیہ چند قطرے رہجاتی
ہیں)

وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ — (حالانکہ شما میدانید۔ یا دیدہ ودانستہ
اور تم جانتے ہو۔ یا جان بوجھکر
اے تعلمون ما فی اضلال الحق
ضرر عظیم والعائد علیکم فی یوم
القیامۃ۔ ویا انکم تعلمون انہ
الحق لا یجوز کتمانہ او تعلمون انکم
لا بسون کاتمون۔ اور مقصود تقیید
نہی سے ساتھ علم کے زیادتی تقبیح
ہے کیونکہ ایسے امور پر اقدام کرنا۔
مطلقًا قبیح ہے اور ذی علم سے
کیونکر متوقع ہوسکتا ہے۔

وَاَقِيْمُوا (۱۲) — وبپا دارید نماز را۔ اور قایم کرو نماز
(کو)
اسے اقیموا صلوٰۃ المسلمین
اقیموا صیغہ امر جمع حاضر اصل اُقوموا مصدر
الاقامۃ۔ صفۃ

الصَّلٰوةَ (۱۳) — الصلوٰۃ، دعا وعبادت مخصوصہ شرعیہ

[1] تکتموا۔ مجزوم ہے اور اس کا عطف تلبسوا پر ہے اور ممکن ہے کہ اضمار ان کیوجہ سے منصوب ہو اور واو بمعنی جمع وضع ہے اسے لا تجمعوا لبس الحق بالباطل وکتمان الحق والمراد لا یکن منکم لبس الحق علی من سمعہ وکتمان الحق واخفاءہ عمن لم یسمعہ اور کہا ہے کہ اضمار ان کی ضرورت نہیں بلکہ جائز ہے نصب بلفظ واو بمعنی مع اور اس واو کو واو جمع و واو

وآتوا الزکوٰۃ
وبدہید زکاۃ را۔ اور دو زکاۃ کو۔
اٰتوا، صیغہ ج ح۔ الزکوۃ، الطہارۃ و
انماء قال اللہ تعالیٰ اقتلت نفسا
زکیۃ اے مطہرۃ ویقال زکا الزرع
اذا نما شرعاً تجارتی اور بڑھنے
والے مال سے ایک سال کے بعد
بیس دینار میں سے نصف دینار فقراء
میں خرچ کرنا

وارکعوا مع الراکعین ۱۱
(ورکوع بکنید یا نماز گزارید
با رکوع کنندگاں اور رکوع کرو رکوع
کرنے والوں کے ساتھ)
اے صلوا مع المصلین محمد صلی
اللہ علیہ وسلم واصحابہ ذکر
بلفظ الرکوع وھو رکن من ارکان
الصلوٰۃ لان صلوٰۃ الیہود لم یکن
فیہ رکوع وفیہ حث علی الصلوٰۃ با
الجماعۃ۔ فالجماعۃ عند الجمہور سنۃ
مؤکدۃ قریب من الواجب بترک
سنۃ الفجر مع کونہا اٰکد السنن
عند خوف فواتہا۔ وقال علیہ
وعلی آلہ الصلوٰۃ والسلام صلوٰۃ
الجماعۃ یفضل صلوٰۃ الفذ بسبع
وعشرین درجۃ متفق علیہ (مظ)
ارکعوا، صیغہ ج ح۔ الرکوع جھکنا
بعد قیام و منحنی ہونا مصدر ف ف
رَکَعَ، یَرْکَعُ، رَاکِعٌ، مَرْکُوعٌ۔ اِرْکَعْ
لَاتَرْکَعْ۔

اتأمرون الناس ۱۲
(آیا میفرمائید مردماں را۔ کیا حکم کرتے
ہو لوگوں کو)
أ، ہمزہ استفہام توبیخی ومظہر تعجب و
تقریر۔
تأمرون، صیغہ ج ح۔ الامر طلب فعل
علی سبیل استعلاء۔ کہنا حکم کرنا مصدر
ف ض۔ اَمَرَ، یَأمُرُ، اٰمِرٌ
مامورٌ، مُرْ، لاتَأمُرْ۔

بالبر
(بہ نیکوکاری۔ نیک کام۔ بھلائی کے
ساتھ)
ب، صلہ فعل۔ البِرّ، اسم جامد
مراد جمیع افعال حسنہ مثل راستی و رحمدلی

وقبول اسلام و بمعنی صدق و تقویٰ ماخذ
بر بالفتح بمعنی صحرائے وسیع۔

وتنسون انفسکم
(و فراموش میکنید خویشتن را یا نفسہائے خود را۔ اور بھولے جاتے ہو اپنی جانوں کو)

تنسون، بھولتے ہو۔ ترک کرتے ہو۔
اصل تَنْسَیُوْن مضـ ج ح النَّسْیُ
والنِّسْیَانُ۔ التفات نہ کرنا بھول جانا
و بمعنی ترک اور حقیقت میں نسیان
اُس صورت حاصلہ کے زوال کو کہتے
ہیں جو قوۃ مدرکہ اور حافظہ میں محفوظ
ہوتی ہے۔

یقال نَسِیَ، نَسْیاً، ونِسْیَاناً، و
نِسَایَۃً، و نَسْوَۃً، ضدّ حَفِظَ،

انفس، جمع نفس ذات شخص و وجود
کم ضمیر مجرور راجع بہ بنی اسرائیل

وانتم تتلون الکتب
(و شما میخوانید کتاب را۔ حالانکہ تم پڑھتے ہو کتاب کو)

و۔ انتم (ان ضمیر **تم** حرف خطاب)

تتلون، پڑھتے ہو اور پڑھاتے ہو
تم۔ مضـ ج ح التلاوۃ کتاب پڑھنا
مصدر ف۔ ض ناقص۔ تلیٰ، یَتْلُوْ
تَالٍ، مَتْلُوٌّ۔ اُتْلُ، لَا تَتْلُ،

الکتاب اسے التوراۃ والانجیل
و معنی الآیۃ انتم تتلون الکتب
فیہ نعت محمدٍ و صفۃ صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم وفیہ وعید علی العناد
و لمخالفۃ الحق

کتٰب، مصدر مثل حطاب یا اسم
مثل لباس یا صفت بمعنی مکتوب مراد
عبارت منظومہ مکتوبہ

افلا تعقلون
(پس چرا خرد را کار نفرمائید۔ یا آیا نمے فہمید۔ کیا تم نہیں سوچتے۔ یا پس کیا نہیں سمجھتے۔)

اَ، ہمزۂ استفہام توبیخی
ف، **لا تعقلون**، مضـ ج ح منفی
العقل والمعقول خردمند شدن
واقف کار ہونا۔ سمجھ بوجھ پیدا کرنا۔

واستعینوا

اصل میں عقل کے معنی روک رکاوٹ
اور قید کے ہیں قوت مدرکہ کو بھی
اسی مناسبت سے عقل کہتے ہیں
کہ وہ انسان کو برائیوں سے منع کرتی
ہے۔ مصدر ف۔ ک عَقَلَ یَعْقِلُ
عاقِلٌ، مَعْقُولٌ، اِعْقِل۔ لَا تَعْقِلْ
(ویاری بجو امید۔ اور مدد مانگو۔ قوت
پکڑو۔

اِسْتَعِینُوا، اصل اِسْتَعْوِنُوا۔
ج ح امر

بالصبر والصلوٰۃ ۴۵

(بہ شکیبائی کردن و نماز گزاردن
محنت سہارنے اور نماز کے ساتھ)
ب، بمعنی استعانت و تلبس
الصَّبْرُ، ال جنسی حبس نفس لذات
سے اور ترک شہوت بطن و فرج
اور ہر امر جس سے کدورت دنیا مندفع
ہو سکتی ہیں۔ و یا عہدی و مراد صوم
شرعی و یا طاقت شرعیہ اصطلاحاً
تکالیف و مصائب میں تحمل کرنے
اور نفس کو شہوات و معاصی سے روکنے
طاعات الٰہیہ پر مجبور کرنے کو کہتے ہیں
الصَّلوٰۃُ[۵۱]، ال جنسی و مراد مطلق اشتغال
بذکر اللہ و یا عہدی و مراد صلوٰۃ مسلمین

وانہا لکبیرۃ

(و البتہ نماز گزاردن گرانست۔ اور البتہ
وہ بھاری ہے)
اِنَّ، حرف موکد مضمون جملہ۔ ہا ضمیر راجع[۵۲]

---

۵۱ والصلوٰۃ قیل الواو بمعنی علی ای استعینوا بالصبر علی الصلوٰۃ کما فی قولہ تعالیٰ وامر اھلک بالصلوٰۃ واصطبر علیہا ۱۲ ۵۲ ہا ضمیر واحد غائب صبر اور صلوٰۃ دو چیزوں کے ذکر کے بعد ذہن متبادر ہوتا ہے تو ضمیر تثنیہ (ھما) لائی جاتی ہے۔ لیکن عرب کی عادت ہے کہ جب وہ مذکر اور مونث ذکر کرتے ہیں اور پھر بذریعہ ضمیر ان کی طرف عود کرتے ہیں تو صرف ضمیر مونث لاتے ہیں کقال اللہ تعالیٰ الذین یکنزون الذھب والفضۃ ولا ینفقونہا فی سبیل اللہ۔ اور یا صلوٰۃ کو بذریعہ ضمیر خاص کرنا اس غرض سے ہے کہ وہ صبر کی جامع ہے (بیضاوی)

بصلواۃ۔

ل، حرف تاکید بمعنی البتہ و ضرور۔

کبیرۃً، صفت مشبہ بمعنی شاق و گران

(مگر بر خشوع کنندگان ۔ سوائے اوپر خشوع کرنے والوں کے)

اِلّا، استثنائے منقطع ای کبیرۃ علی کل احدٍ الا علی الخاشعین۔

علٰی، بمعنی استعلاء

الخاشعین، حقیقی مالک کے سامنے اپنی عاجزی اور حقارت ظاہر کرنے والے جمع خاشع الخشوع ظاہری اعضاء و جوارح سے عاجزی و فروتنی کو اظہار کرنا اصل میں دھیمی آواز اور نیچی نظر کر لینے کو خشع کہتے ہیں۔ قال المظہری الخشع السکون وھو فی الصوت والبصر قال اللہ تعالٰی خشعت الاصوات للرحمن وقال خاشعۃ ابصارھم والخضوع اللین والانقیاد ولذالک یقال الخشوع بالجوارح والخضوع بالقلب والمراد المومنین الساکنین الٰی طاعۃ اللہ الخائفین المتواضعین۔ (آنانکہ میدانند۔ وہ لوگ جو جانتے ہیں) یظنون، مضارع الظن

۵ الظن شک کے دو مساوی طرفوں میں سے جانب راجح کو کہتے ہیں اگر اسے حقیقی معنوں میں لیا جائے تو ملاقات رب سے مجازاً موت مراد ہے بطریق مجاز مرسل کہ مسبب سے سبب ارادہ کیا گیا ہے اور تقدیر عبارت یہ ہے انہا لکبیرۃ الا علی الخاشعین الذین یظنون الموت فی کل لحظۃ کیونکہ منتظر موت ہر وقت خائف رہتا ہے اور ہمیشہ اسے ایسے ذرائع کی تلاش رہتی ہے جو اس کی فلاحیت اور سرخروئی کا باعث ہو سکتے ہیں پس گویا خائف موت صوم و صلوٰۃ وغیرہ احکام شرعیہ کی پابندی کا بالطبع طالب ہے اور یا ملاقات رب سے ثواب رب مراد ہے اور یہ مظنون ہے کیونکہ کوئی زاہد اور عابد اپنی عبادت اور زہد سے تحصیل ثواب پر یقین نہیں رکھ سکتا اور یہی ظن اسکی کمال خشوع کا باعث ہوتا ہے اور یا ظن بمعنی یقین ہے۔ کیونکہ دونوں تصدیق راجح پر بولے جاتے ہیں۔ علم راجح مانع نقیض اور ظن راجح غیر مانع نقیض کو کہتے

گمان رکھنا مصدر ف ض مضاعف

ظَنَّ - یَظُنُّ - ظَان مَظْنُوْنٌ -

اُظْنُنْ - لَاتَظُنُّنْ ،

قَالَ الْمَظْهَرِیْ وفی ایراد لفظ

الظن دون العلم والیقین اشعار

بان من کان غالب ظنہ انہ

ملاقِ الیه وان الله تعالیٰ مجازیه

علی اعماله فالعقل الصحیح یهون

علیه الصبر علی الطاعة وعن المعصیة

مخالفة الضرر۔ الا تری ان من

کان غالب ظنه ان ماء القدح

مسموم فهو یصبر علی مشقة العطش

ولا یشرب من ذلك الماء ولا یتجرع دمعة

(که ایشاں رسندگانند بملاقات

پروردگار خود - و بملاقات خواہند

کرد بہ پروردگار خود - کہ وہ ملنے

والے ہیں اپنے مالک سے)

ملاقوا اصل ملاقیون جمع مُلَاقٍ

اسم فاعل اللقاء باہم مقابل ہونا - روبرو

ہونا و وصول احد الجسمین بالآخر

یقال لقی هذا ذالك اذا ماسه

واتصل - اس جگہ لقا اوراک کے

معنی میں ہے۔

وَأَنَّهُمْ إِلَيْهِ رَاجِعُونَ (وآنکہ ایشاں بسوے او باز گردندگانند

اور وہ اسی کی طرف پھر جانے والے

ہیں۔) اسے راجعون بحیث لا یکون

لهم مالك سواه وان لا یملك

لهم نفعاً ولا ضراً غیره۔

رَاجِعُوْنَ - جمع راجع اسم فاعل

یقال۔ رَجَعَ۔ رُجُوْعًا و مَرْجَعًا وَ

مَرْجَعَةً و رُجْعَیٰ وَ رُجْعَانًا۔ الضرف

اور پس ہوا لوٹنا)

وَلَا تَلْبِسُوا ، فعل با فاعل

الْحَقَّ ، مفعول ....

بِالْبَاطِلِ ، ظرف لغو ...

وَلَا تَكْتُمُوا الْحَقَّ } جملہ فعلیہ معطوف

ہے جملہ نہی پر اور یہ موضع حال میں ہے

اسے کائین الحق حال لازمہ ہے اور

تقیید مفید تعلیل ہے مثل لا یضرب زیداً
وھو اخوک۔

وانتم، ۔۔۔۔۔۔ مبتدا
تعلمون، جملہ فعلیہ بتاویل مفرد خبر
اے تعلمونہ۔ بحذف عائد۔

و۔ اقیموا الصلوٰۃ، جملہ فعلیہ
و۔ اٰتوا الزکوٰۃ، جملہ فعلیہ
واركعوا مع الراكعين جملہ فعلیہ

اتامرون، فعل با فاعل
الناس، ۔۔۔۔۔ مفعول
بالبر، جار مجرور ظرف لغو
وتنسون، فعل با فاعل ذوالحال
انفسکم، مضاف مضاف الیہ مفعول

و۔ انتم، ۔۔۔۔ مبتدا
تتلون الکتاب جملہ فعلیہ خبر

ویا انتم الخ جملہ اسمیہ حال ہے
فاعل تامرون سے۔

افلا تعقلون { جملہ فعلیہ مقرر اول
جملہ استینا فیہ لے لا تعقلون قبح

صنیعکم اذ لا عقل لکم یمنعکم
عما تعملون سوء خاتمت۔

و۔ استعینوا، فعل با فاعل
بالصبر والصلوٰۃ، ظرف لغو
وانہا لکبیرۃ الخ صفت صلوٰۃ

و۔ ان، مشبہ بفعل۔ ھا ضمیر اسم
ل، حرف تاکید
کبیرۃ، صفۃ مشبہ } خبر
متعلق کبیرۃ

الا علی الخاشعین۔ لکبیرۃ کی وجہ
سے منصوب المحل ہے۔

الذین، ۔۔۔۔ موصول
یظنون، فعل مع الفاعل
انھم ملٰقوا ربھم، مفعول

ان، مشبہ بفعل ھم، اسم
ملٰقوا، مضاف ۔۔۔ } خبر
ربھم، مضاف الیہ ۔۔۔

وان، مشبہ بفعل۔ ھم ضمیر اسم
الیہ، متعلق، راجعون خبر

ف - ولاتلبسوا الخ یہ آیت علمائے یہود کے زجر و تنبیہ میں ہے اور بالتبع ہر ایک صاحب علم جس میں اس قسم کے صفات پائے جائیں۔ حکم آیت میں داخل ہے کہ اے احبار یہود جب تم جانتے ہیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمام مخلوق کیطرف پیغمبر بنا کر بھیجا گیا ہے اور یہ وہی پیغمبر ہے جسکا وعدہ دیا گیا ہے اور تمہاری کتابوں میں جنکو تم رات دن پڑھا کرتے ہیں اُسکا نام اور اسکے اوصاف مذکور ہیں تو کیسکے ڈر یا نفسانی عزت کے خیال سے اغوائے جہال کے لئے توراۃ مقدس و انجیل معظم کی اُن آیات کو جو اس کتاب یعنی قرآن مجید کے منزل ہونے اور اس پیغمبر آخر الزماں کی صداقتِ نبوت پر واضح دلائل ہیں۔ باطل اور لاطائل تاویلات سے نہ بدلو۔ اور نہ امر حق کو چھپاؤ۔ علمائے یہود کی اور علمائے نصاریٰ کی یہ عام عادت تھی کہ جب کوئی شخص توراۃ و انجیل مقدس کے اُن آیات میں (جن میں پیغمبر آخر الزماں کی نسبت بشارۃ دیگئی ہے) غور و فکر کرنے سے آپکے صدق نبوت کو ترجیح دیتا۔ تو یہ لوگ اُن دلائل میں مجادل ہو کر وجہ دلالت کو متاملین پر مشوش اور مشکوک کر دیتے اور جاہلوں پر کلیۃً اُن نصوص کو ظاہر نہ کرتے لہذا زجراً ارشاد ہوتا ہے کہ اے یہود جان بوجھ کر امر حق کو نہ چھپاؤ اور نہ اسے مشکوک کرو تم جانتے ہیں کہ قیامت کے دن اس عام گمراہی خلق کا وبال تمہاری گردن پر عائد ہوگا۔ چند روزہ اُمید ریاست میں دائمی امراض دائمی عذاب اور ابدی رنج نہ اختیار کرو۔ بلکہ یہی انسب ہے کہ ہماری منزلہ کتاب پر ایمان لاؤ اور اسکے احکام کی پوری پوری تعمیل کرو۔ اسلامی تعلیم کے موافق برعایت آداب و سنن و مستحبات نماز کو باجماعت ادا کرو اپنے مالوں اور جانوں کو

ادائے زکوٰۃ شرعیہ سے پاک وصاف بناؤ - ۱۲

ف - وَاسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ - کیونکہ صبر انسان کو تکالیف اور مصائب کی برداشت کا متحمل بنا دیتا ہے اور صلوٰۃ اشغال ماسوی اللہ سے مانع ہوکر اُسے خداوند عالم اور حقیقی معبود کی طرف متوجہ کر دیتی ہے - اسکے ذریعہ سے سخت اور سرکش نفس نرم اور متواضع ہوجاتا ہے اور اسے تلاوت کلام اللہ کا شوق اور اسکے مندرجہ احکامات وعدہ وعید مواعظ وآداب جمیلہ کی پابندی اور ان کی تحصیل کا خیال پیدا ہوتا ہے اور آہستہ آہستہ عالم اسباب سے ہٹکر خالق اسباب کی طرف اسکی رغبت بڑھنے لگتی ہے بالآخر عالم غیب کے جذبات قدسیہ نہایت زور سے اُسے اپنی طرف کھینچ لیتے ہیں - اور وہ اپنی استعداد کے موافق روحانی مکاشفات سے مستفیض ہونے لگ جاتا ہے آیۃ الا بذکر اللہ تطمئن القلوب اسی معنی کی تائید کرتی ہے -

جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم کی یہ دائمی عادت تھی کہ جب آپکو کسیطرح کی کوئی تشویش لاحق حال ہوتی تو آپ نوافل میں مشغول ہوجاتے مگر جن لوگوں کو اسلام سے سروکار نہیں اور جو کہ احکام الٰہیہ کی پابندی کو ضروری نہیں سمجھتے انکے لئے نماز مفروضہ ہی کا پڑھنا ایک بھاری مصیبت ہے وہ نوافل میں کیونکر مشغول ہوسکتے ہیں اور جسطرح نماز باعث تسلی خاطر غمگین ہے - اسی طرح صبر بھی ایک ایسی خصلت ہے کہ جو شخص اسکو اختیار کرلیتا ہے - بڑے بڑے مصائب اسپر آسان ہوجاتے ہیں اور پے در پے رنجوں کا مقابلہ نہایت آسانی سے کرسکتا ہے -

يَٰبَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ ٱذۡكُرُواْ نِعۡمَتِيَ ٱلَّتِيٓ أَنۡعَمۡتُ

اے فرزندان یعقوب یاد کنید آن نعمت مرا کہ ارزانی داشتہ

اے بنی اسرائیل یاد کرو میری نعمت وہ جو انعام کی میں نے

عَلَيۡكُمۡ وَأَنِّي فَضَّلۡتُكُمۡ عَلَى ٱلۡعَٰلَمِينَ ٤٧ وَٱتَّقُواْ يَوۡمٗا

ام بر شما و آنکہ فضل دادم شما را بر ہمہ عالمہا وحذر کنید از آں

اوپر تمہارے اور یہ کہ میں نے بزرگی دی تمکو اوپر عالموں کے اور ڈرو اس دن سے

لَّا تَجۡزِي نَفۡسٌ عَن نَّفۡسٖ شَيۡـٔٗا وَلَا يُقۡبَلُ مِنۡهَا

روزیکہ کفایت نکند ہیچ کس از کس چیزے را و نہ پذیرفتہ نشود از ہیچکس

کہ نہ کفایت کرے گا کوئی جی کسی جی سے کچھ اور نہ قبول کیجاوے گی اس سے

شَفَٰعَةٞ وَلَا يُؤۡخَذُ مِنۡهَا عَدۡلٞ وَلَا هُمۡ يُنصَرُونَ ٤٨

شفاعت و گرفتہ نہ شود از ہیچکسے عوض و نہ ایشاں یاری دادہ شوند

سفارش اور نہ لیا جاوے گا اس سے بدلا اور نہ وہ مدد دیے جاویں گے۔

یا بنی اسرائیل اذکروا نعمتی التی انعمت علیکم۔

اے بنی اسرائیل یاد کنید نعمتہائے مرا۔ آں نعمتہا کہ ارزانی داشتم بر شما۔ اے فرزندان یعقوب یاد کرو میرا احسان وہ جو میں نے تم پر کیا ہے اے ان لو تطیعونی لاجل سوابق

نعمتی فاطیعونی للخوف من لواحق عقابی۔ اس پوری جملہ کی تعریف اور تشریح اوپر لکھی گئی ہے۔

ذکر نعم بنی اسرائیل

و انی فضلتکم علی العلمین

اید راستیکہ من برگزیدم شمارا۔ اور تحقیق کہ میں نے تمکو برگزیدہ کیا یا بزرگی دی لے فضلت آباءکم بما منحتہم علیہم من النبوۃ والکتاب وغیر ذلک۔

واللہ سبحانہ اشھد بنی اسرائیل فضل انفسہم فقال وانی فضلتکم و اشہد المسلمین فضل نفسہا فقال قل بفضل اللہ و رحمتہ

وفضلتکم علی العالمین

فضلت، ماضی اسم التفضیل بزرگ بنانا۔ دوسروں پر بڑائی دینا۔ مصدر تفعیل۔ فَضَّلَ۔ یُفَضِّلُ۔ مُفَضِّلٌ فَضِّلْ۔ لَا تُفَضِّلْ۔

ترجمہ عالمہا۔ یا برہمہ جہانیاں تمام عالموں پر (تمام جہاں والوں پر)

العالمین، ال عوض مضاف الیہ لے عالے زمانکم عالم اجناس ذوی اعلام یا عام مخلوقات۔

واتقوا یوما لا تجزی

(وحذر کنید از روزے کہ بر ندارد یا کفایت کند۔ اور ڈرو اس دن سے کہ کام نہ آسکے

اتقوا، ج ح ص امر مصدر الاتقاء

یوما، مراد یوم قیامت و منصوب بر ظرفیت اور متقی محذوف ہے۔ اے اتقوا العذاب یوما اور یا مفعول بہ ہے اور اتقائے یوم سے مراد اتقاء مافیہ ہے۔ اور یا مضاف حذف ہے۔ اے اھوال یوم ھذا

لا تجزی، کام نہ آسکے۔ کفایت نہ کرے۔ ص ع ا نفی اور یہ مفعول کی طرف متعدی بنفسہ ہوتا ہے اور مفعول ثانی کی طرف بواسطہ عن اور کبھی منزلہ لازم شمار کیا جاتا ہے۔ مبالغۃً والمعنی لا تقضی یوم القیمۃ نفس عن نفس شیاء مما وجب علیہا۔

الجزاء بدلا دینا دوسرے کی مہم کو سرانجام دینا۔ مصدر ف ک ناقص جزی۔ یَجْزِی۔ جازٍ۔ مَجْزِیٌّ۔

ل۵ لا تجزی۔ اے لا تجزی فیہ والجزی فی الاصل انقضاء و ھو متعد بنفسہ للمفعول الاول و بعن الثانی وقد ینزل منزلۃ اللازم للمبالغۃ والمعنی لا تقضی یوم القیامۃ نفس عن نفس شیئا مما وجب علیہا اے لا تنوب نفس عن نفس شیاء ولا تحمل عنہا شیاء

اَجْزِ - لَاتَجْزِ -

نفس از نفس چیزیرا - یا ہیچ کس از شخصے

چیزے را - کوئی جی کسی جی سے کچھ)

اے عن نفس کافر بقرینۃ المقام (مظہری)

ونفس عن نفسٍ اے نفس من

الانفس لاتجزی -

شیئاً - چیز اندک مصدر بمعنی مفعول -

(ونپذیرفتہ نشود ازان درخواستے وشفاعتے

نہ قبول کیجاوے گی اس کی طرف سے

سفارش -) وتذکیر الصیغۃ بان فاعلہ

مونث غیر حقیقی یجوز فیہ التذکیر

والتانیث -

لَاتُقْبَلُ ، صیغہ نہی مجہول القبول

بالفتح قبول کرنا - مان لینا - مصدر ک

ف ثالث - قَبِلَ - یَقْبَلُ - قَابِلٌ مَقْبُولٌ

وقُبِلَ یُقْبَلُ - اِقْبَلْ لَاتَقْبَلْ -

مِنْهَا مِن ، بیانیہ و مرجع ضمیر نفس

ثانی ہے اے نفس عاصیۃ ان جاءت

بشفاعۃ شفیع لایقبل منہا یا مرجع ضمیر

نفس اولیٰ ہے - اے انہا لو شفعت

لہا لم یقبل شفاعتہا کما لاتجزی

عنہا شیئاً الشفاعۃ کما فی البحر ضم غیرہ

الی وسیلۃ وھی من الشفع ضد الوتر

لان الشفع ینضم الی الطالب

فی تحصیل ما یطلب فیصیر شفعا

بعد ان کان فردًا -

(وگرفتہ نشود ازاں - باز کسے عوض

اور نہ لیا جاوے اس سے بدلا)

وَلَا یُؤْخَذُ ، صیغہ مجہول الاخذ

لے لینا حاصل کرنا - مصدر ف - ض

مہموز الفاء اَخَذَ یَاْخُذُ - آخِذٌ

وَاُخِذَ - یُؤْخَذُ - مَاْخُوْذٌ - خُذْ

لَاتَاْخُذْ - -

عدل فدیہ - وَالْعَدْلُ - التسویۃ

---

۵۱ - شفاعت - وہ سوال جو مجرم کی معافی گناہ کے لیے کیا جاوے - یا حصول مطلب کے لئے اپنے ساتھ کسی غیر کو شریک کر لینا - اور شفاعت شفع بمعنی جفت سے مشتق ہے - گویا مشفوع شفیع کو اپنا شفیع بناتا ہے -

ولا هم ينصرون

تقول ما اعدل بفلان احدا اے لا اری لہ نظیرا - اور وہ کہ مساوی ہو شئے کے ساتھ قیمت وقدر میں اسکی جنس ہو خواہ نہو وبمعنی بدل وکفیل ورشوۃ - ۱۲- تقلب

ترجمہ ونہ ایشاں مدد یاری دادہ شوند اور نہ مدد دیے جاوینگے -

هم، ضمیر راجع بہ نفس ثانی بتاویل اناس[۵۱] -

ینصرون، مضارع ج النصرۃ دفع ضرر میں مدد کرنا - تکلیف دور کرنے مین شریک ہونا - اصل میں نصرۃ معونۃ کو کہتے ہیں - ومنہ ارض منصورۃ اے ممدوحۃ بالمطر -

مصدر ف - ص - نصر - ینصر - ناصر - ونصر - ینصر - منصور انصر - لا تنصر

وانی فضلتکم

و - ان، مشبہ بالفعل ی - اسم

فضلت فعل با فاعل

کم، مفعول

علی العالمین[۵۲] - ظرف لغو

} خبر

تکرار تذکیر تاکید کے لئے ہے جسمیں ادائے حقوق نعمۃ وحقوق احسان سے انکی کمال غفلت کا اظہار دیکر ہے اسکے برے نتیجے اور اسکے وبال سے آگاہ کیا ہے - فکانہ قال ان لم تطیعونی لاجل سوابق نعمتی فاطیعونی للخوف من لواحق عقابی -

۵۱ - ہم - ضمیر جمع مذکر راجع بہ نفس ثانی کیونکہ وہ نکرہ ہے اور تحت نفی مین واقع ہونے سے عمومیت پر دلالت کرتا ہے اور یا اس کا مرجع افراد مدلولہ (نفوس ہیں ماول بالعباد یا اناس) جسکی طرف ضمیر مذکر عود کرتی ہے -

۵۲ - علی العالمین - ال، عوض مضاف الیہ اے عالمی زمانکم - کیونکہ عالم کا اطلاق اکثر شے موجود پر ہوتا ہے پس اس آیت سے بنی اسرائیل کی فضیلت جزئی کا ثبوت ہوتا ہے - حضرت اسرائیل سے پہلے کے لوگ اور تنسیخ احکام توریت وانجیل مقدس کے بعد کے لوگ اس حکم میں داخل نہیں -

اے انی فضلتکم معطوف علی نعمتی عطف خاص علی العام وھو مما انفردت به الواو وفی البحر یسمی ھذا النحو من العطف بالتجرید کانه جرد المعطوف من الجملة وافرد بالذکر اعتناء به والکلام علی الحذف اے فضلت آباءکم۔

واتقوا ۔۔۔۔ فعل با فاعل
یوما، موصوف ۔۔۔ مفعول به
لا تجزی، فعل نفس فاعل
فیه، محذوف رابط ۔۔ ظرف لغو
شیئا ۔۔۔ ذی الحال
عن نفس متعلق کائنۃ حال
محذوف ہے۔ اے لا تجزی فیه
اور یا جملہ یوم محذوف کا مضاف الیہ ہے
اور یوم محذوف یوم مذکور سے بدل ہے
مثل الطعمون لحما سمینا شاۃ و
نحرھا ای نحر شاۃ علی تقدیر لحم شاۃ
و یا تجزی بمعنی تقضی و شیئا

مفعول به و یا شیئا مفعول مطلق
قائم مقام مصدر بمعنی جزاء ما عن
نفس بوجه تجزی منصوب المحل
و یا شیئا، صفت مصدر محذوف
ہے قلیلا من الجزاء
ولا یقبل، فعل شفاعة نائب فاعل
منها ۔۔۔۔ جار مجرور ظرف لغو
فیه، محذوف ۔۔۔۔ ظرف ثانی
ولا یؤخذ منها عدل، جملہ فعلیہ
معطوف بر اول ہو سکتا ہے کہ منہا
شفاعة و عدل کی صفت ہو (اعراب)
ولا، مشابہ لیس ھم، اسم
ینصرون۔ جملہ فعلیہ خبر
واتقوا یوما۔ الخ ان چاروں جملوں
میں عائد محذوف ہے۔ اے لا تجزی
فیه ولا یقبل فیه ولا یؤخذ فیه فحذف
حرف الجر ثم حذف مفعول به ایضا
نفی لا تجزی ولا یقبل الخ

———·———

ف۱۔ یا بنی اسرائیل الخ تکریر کلام تاکید حکم سابق اور شریعت حقہ محمدیہ کے عدم
اتباع کی وعید میں ہے۔ ان آیات میں بنی اسرائیل کے بعض فاسد خیالات
اور انکے بیہودہ اعتقادات کی تردید کی گئی ہے وہ کہا کرتے تھے ہمیں گناہوں
کی بخشش کفر والحاد کی معافی عذاب آخرت سے نجات اور اُخروی انعامات
کے حاصل کرنے کے لئے نہ اسلام قبول کرنے کی ضرورت ہے۔ نہ اسکی
شریعت کی حاجت۔ کیونکہ ہمارے آباو اجداد خاصان خدا ہیں۔ وہ ہمکو نہایت
آسانی سے بخشوا سکتے ہیں۔ ارشاد ہوتا ہے اے بنی اسرائیل میرے فضل و
کرم اور احسانات کو یاد کرو میںنے تمہارے آباو اجداد بلکہ ساری قوم کو زمانے
پر عزت دی۔ نبوت۔ حکومت آسمانی قوانین کی تشریف سے مشرف کیا۔
مناسب تو یہی تھا کہ اس انعام کی احسان مندی اور شکر گزاری میں ثابت قدم
رہتے۔ شریعت حقہ اور پیغمبر صادق الامین کی اطاعت کرتے لیکن اس کے
برخلاف جب تم نے خودرائی خودپسندی اور غرور کو اختیار کرلیا ہے تو ہم کہتے
ہیں کہ خبردار ہو جاؤ اور اس دن سے ڈرو جس میں کوئی شخص کسی کے کام
نہ آئیگا۔ نہ کسی شخص کو مجرم کے چھڑانے میں سفارش کرنے یا اسکے گناہونکے
عوض کچھ دینے کی جرأت ہوگی۔ اور نہ کسیکا ڈر دباؤ یا زور کچھ مفید ہوسکیگا بلکہ
ہر ایک شخص بحالت خود دم بخود ہوگا۔ کیونکہ ہماری عادل اور سچی بارگاہ میں
ہر ایک شخص کی نجات اسکے خلوص۔ اطاعت فرمان برداری اور ہمارے
فضل و کرم اور احسان پر موقوف ہے۔ صرف پیغمبروں۔ ولیوں اور بزرگوںکے
نام لینے اور انکی اولاد کہلانے سے کچھ نہیں ہوسکتا ان آیات میں جن مضامین

اور تکالیف کا ذکر ہے وہ یوم کی صفت ہیں یعنی قیامت کی تعریف اور حالت کا بیان ہیں لہذا اوصاف مذکورہ ہر اُس شخص کی حالت کا بیان ہیں جو اُس دن حاضر ہونیوالا ہے۔ صرف یہود و نصاریٰ ہی مخصوص نہیں ہیں۔

حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب فرمودہ اند کہ آوردن ضمیر در مانند این مقامات مفید حصر میشود چنانچہ در بحث مارنا قلت مقرر است پس معنی کلام آن شد کہ نصرت ندادن مخصوص بکافران و تقصیر ان است مومناں را دران روز نصرت واقع خواہد شد کہ انتقام ایشاں از دشمنان ایشاں بواجبی خواہند گرفت چنانکہ در آیتہائے دیگر مصرح است فرمودہ انا لننصر رسلنا والذین اٰمنوا فی الحیوٰۃ الدنیا ویوم یقوم الاشہاد - وحقا علینا نصر المومنین برخلاف قبول شفاعت بے حکم دگرفتن فدیہ دیر غال کہ مومن و کافر و صالح و فاسق ہمہ در نفی آن شریک اند - وگفتہ اگرچہ ایں ایت بحسب ظاہر دلالت میکند کہ شفاعت ہیچکس را نباشد نظر بتعمیم نفس عن نفس شیئاً کہ درسہ مرتبہ واقع شدہ - اول در نفس شفیعہ دوم در نفس مشفوع لہا سوم درامریکہ دران شفاعت واقع شود یعنی مفاد شیئا و آن از تنکیر شفاعت مستفاد میشود حالانکہ اہل ملت اجماع دارند برآنکہ فی الجملہ شفاعت واقع شدنی است معتزلہ در حق غیر صاحب کبیرہ شفاعت جائز دارند و اہل سنت در حق صاحب کبیرہ نیز - آرے کافر را ہیچ کس قابل شفاعت نمیداند - گویم آیات واحادیث بسیار دلالت بر وقوع شفاعت میکنند پس تخصیص ایں لابد است - اہل سنت بکافر تخصیص میکنند و میگویند کہ معنی ایں آیت آنست کہ شفاعت بحکم الٰہی

در آنروز مقبول نخواہد شد بدلیل آنکہ در آیات بسیار نفی شفاعت را مقید باین قید فرمودہ اند مثل آیۃ۔ یومئذٍ لا تنفع الشفاعۃ الا من اذن لہ الرحمن ورضی لہ قولا۔ ومن ذا الذی یشفع عندہٗ الا باذنہ۔ ولا تنفع الشفاعۃ عندہٗ الا لمن اذن لہ۔ وقولہ تعالیٰ واستغفر لذنبک وللمومنین سوم آحادیث متواترہ وارد شدہ است کہ غیر از کافر در حق ہمہ اہل معاصی حکم بشفاعت خواہد شد۔ پس معلوم شد کہ محروم مطلق از شفاعت کافر است وبس مناسب مقام ہم نفی ہمین شفاعت است زیرا کہ این کلام برائے رد خیالات فاسدۂ اہل کتاب ونیز ہم مشربان ایشان ست از اولاد انبیاء رو اولیاء ومتوسلان بزرگان دین کہ خودرا بتوسل بزرگان مامون از مواخذہ وباز پرس میدانند ومی فہمند کہ باوجود کفر وقبائح بزرگان مارا از عذاب اُخروی خلاص خواہند ساخت۔ وطریق رد خیال آنست کہ شفاعتے کہ شما بتوقع آن غرہ میشوید دران روز واقع نخواہد شد مگر آنکہ شفاعت ہر شفیع دران موقوف بر حکم الٰہی خواہد بود وچون شفاعت موقوف بر حکم الٰہی شد اعتماد نماند چہ توسل بآن شفیع در حصول آن کفایت نخواہد کرد بلکہ حکم الٰہی در کار است وآن در خطر است شود یا نہ شود۔

وحقیقت شفاعت آنست کہ کمال نفس کاملہ انسانیہ انبساط پیدا کند ونفوس ناقصہ اتباع خودرا خود درگیرد کہ نقصان آنہا در ضمن کمال او منجبر شود پس مدار این شفاعت ہر دو چیز است انبساط کمالِ نفس کاملہ کہ روز قیامت بعنایت خداوندی حق جل وعلا موعود است بتوسط عمل وبکوشش وسعی

وتلاش زیرا که منتهای سعی و کوشش تحصیل و کمال خود است و احاطه آن
بکمال بتبع خود بوجهی که نقصانات اینها را بپوشند و در رنگ کمال ظاهر
کند و این بسط و احاطه و هیئتی را در شریعت باین عبارت تعبیر فرموده اند که
تعبیر باذن و حکم نموده اند - دوم بودن نفس ناقصه از اتباع اهل کمال است
که بدون ایمان و صحت عقاید باشد - و این امر را باین عبارت تعبیر فرموده
که کافر و منافق را شفاعت نیست - قال الله تعالی ما کان للنبی والذین
امنوا ان یستغفروا للمشرکین ولو کانوا اولی قربی - ولا تصل
علی احد منهم مات ابدا - ولا تقم علی قبره انهم کفروا بالله و
رسوله مصرح است - و آنچه محققین فلاسفه در تحقیق معنی شفاعت گفته اند
نیز موید این معنی است گفته اند که حضرت واجب الوجود عام الفیض است
قصوری که هست از جانب قابل است جائز است که فردی از افراد قابلیت
اخذ فیض بلا واسطه از آنجناب نداشته باشد - و از قابل دیگران فیض را قبول
تواند کرد - پس آن قابل متوسط واقع شود میان این فرد و ذات عام الفیض او تعالی
مانند آنکه آفتاب روشن نمیکند مگر مقابل خود را و درین فیض آفتاب مقابله شرط
است و بعض چیزها که بلا واسطه مقابل آفتاب نتوانند شد مانند سقف خانه از
اخذ این فیض محروم اند لیکن چون طشت پر از آب صاف در آفتاب نهند
آفتاب از آن آب صاف بجانب سقف منعکس شود و او را روشن سازد
پس ارواح انبیا مانند آب صاف وسائط جود الهی واقع شده اند چنانچه
آب صاف شعاع آفتاب را بسقف رسانیده همچنان این ارواح رحمت

وفیضان الٰہی را بعوام مومنین میسر سازد آرے استعداد و قبول نور شرط ہست حتیٰ کہ اگر سقف استعداد قبول مطلق ندارد از توسط آب صاف ہم مستنیر نخواہد شد مانند کافر و مشرک کہ استعداد آنہا برہم شدہ۔ بے نصیب و محروم مطلق گردیدہ اند۔ پس کسیکہ ایمان بالنبیاء ندارد مانند سقفے است کہ آب صاف ہم مقابلہ آفتاب اورا حاصل نیست پس اورا توقع استنارت بواسطہ آن آب صاف خیال خام است۔ (عزیزی)

ف۲۔ لَا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَفْسٍ الخ کہ وہ ایسا سخت دہشت ناک دن ہوگا۔ کہ کوئی مالدار شخص کسی کے حق کو اپنی طرف سے ادا نکر سکیگا نہ کسی عابد و زاہد کی عبادت کسی عاصی کے گناہوں کا بدل و عوض ہو سکیگی۔ جبکہ دنیا میں کوئی دوست یا رشتہ دار اپنے مدیون دوست یا قرابت دار کے دین کو اپنے ذمہ پر لے لیتا ہے اور اُسے ادائے دین سے بری کر دیتا ہے۔ بلکہ اُسدن ہر ایک شخص پر ہول واقعات کو دیکھکر اپنی شان اور کیفیت میں ایسا مست ہوگا کہ اسے اپنی ذات کے سوائے کسی غیر کی طرف توجہ نہ رہیگی۔ قال لکل امرءٍ منھم یومئذ شان یغنیہ۔

وَاِذْ نَجَّیْنٰکُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ یَسُوْمُوْنَکُمْ

یاد کنید نعمت من آں وقت کہ رہانیدیم شما را از کسان فرعون میرسانیدند بشما

اور چھٹایا ہمنے تمکو قوم فرعون کی سے پہنچاتے تھے تمکو

سُوْٓءَ الْعَذَابِ یُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَکُمْ وَ

سخت تریں عذاب ذبح میکردند پسران شمارا و

بڑا عذاب ذبح کرتے تھے بیٹوں تمہاروں کو اور

يَسْتَحْيُونَ نِسَاءَكُمْ وَفِي ذَٰلِكُم بَلَاءٌ مِّن

زندہ میداشتند دختران شمارا و دریں کار آزمائشے بزرگ بود

جیتا رکھتے تھے بیٹیوں تمہاری کو اور بیچ اسکے آزمائش تھی

رَّبِّكُمْ عَظِيمٌ ﴿٤٩﴾ وَإِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَأَنجَيْنَاكُمْ

از پروردگار شما و آنوقت کہ شگافتیم برائے شما دریارا پس خلاص کردیم شمارا

پروردگار تمہارے سے بڑی اور جب پھاڑا ہمنے ساتھ تمہارے دریا کو پس چھڑادیا ہمنے تمکو

وَأَغْرَقْنَا آلَ فِرْعَوْنَ وَأَنتُمْ تَنظُرُونَ ﴿٥٠﴾

و غرق ساختیم کسان فرعون را و شما میدیدید

اور ڈبادیا ہمنے لوگوں فرعون کے کو اور تم دیکھتے تھے

وَإِذْ نَجَّيْنَاكُمْ (و یاد کنید نعمت من آنوقت کہ برہانیدیم شمارا۔ اور جب چھڑایا ہمنے تمکو)

نَجَّيْنَا، ماضی ج م التنجیۃ نجات دینا۔ چھڑانا مصدر۔ تفعیل ناقص نَجّٰی۔ یُنَجِّی۔ مُنَجٍّ۔ نَجِّ۔ اِذْ تُنَجِّ۔

نا ، ضمیر جمع باظہار عظمت قائل و باظہار قوت قائل۔

مِّنْ آلِ فِرْعَوْنَ (از کسان فرعون۔ فرعون کے لوگونسے)

مِن، بیانیہ۔ **آل**، اصل اہل تصغیر اُہَیل۔

فِرْعَوْنَ، اسم غیر منصرف عام لقب بادشاہان بنی عمالقہ مثل کسریٰ و قیصر۔

يَسُومُونَكُمْ سُوءَ الْعَذَابِ (رسیچشائیدند شمارا سخت ترین عذاب پہنچاتے تھے تمکو بری تکلیف۔)

يَسُومُونَ، مضارع ج غ السّوم ظلم وستم کے لئے بلانا۔ تلاش میں نکلنا

---

٥١ - آل فرعون - آل کی اصل اہل ہے ھا ہمزہ سے

٥٢ - فرعون - یہ قبطی زبان کا لفظ ہے لغت قبط میں

یقال سامہ کلفہ العمل الشاق۔ مصدر ف۔ ض۔ اجوف۔ سَامَ یَسُوْمُ۔ سَائِمٌ۔ سَوْمٌ۔ سُمْ لَاتَسُمْ۔

سوء سخت واشد۔ مصدر بمعنی اسم العذاب، شکنجہ۔ دُکھ۔ درد مصدر سَاءَ، یَسُوْءُ، وَیُرَادُ بِہِ السِّیٔ علیہ اور ہر ایک قبیح و مستکرہ امر پر استعمال ہوتا ہے مثل اعوذ باللّٰہ من سوء الخلق و سوء العذاب اور یہ لفظ گیارہ وجوہ پر آیا ہے (۱) سختی۔ یَسُوْمُوْنَکُمْ سُوْءَ العذاب

(۲) کونچیں کاٹنا وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْءٍ (۳) زنا۔ وما جزاء من اراد باھلک سوءً اور ماکان ابوک امرأ سوءٍ (۴) شرک۔ مَاکُنَّا نعمل من سوءٍ (۵) شتم۔ لایحب اللّٰہ الجھر بالسوء اور السنتہم بالسوء۔ (۶) برص۔ بیضاء من غیر سوءٍ (۷) عذاب۔ ان الخزی الیوم والسُّوْءَ (۸) گناہ یعملون السوء بجھالۃ (۹) بمعنی بئس وَلَهُمْ سوء الدّار (۱۰) رنج و آفت ویکشف السوء اور ما مسّنی السوء (۱۱) قتل اور شکست

۵ بقیہ صفحہ ۲۸۴۔ قریب المخرج ہونے کے باعث بدل ہوئی ہے پھر ہمزہ اپنے ماقبل کے سکون اور فتح کے باعث یا توالی دو ہمزوں کے باعث الف سے بدل ہوا ہے تصغیر اُھَیْلٌ اُوَیْلٌ لیکن استعمال میں اصحاب باعظمت و شان کے ساتھ مخصوص ہے۔ مثل انبیاء علیہم السلام و سلاطین لہٰذا آل نداف و آل حجام کہنا درست نہیں۔ اور کہتے ہیں الف اس کا واؤ سے بدل ہے کیونکہ ال بمعنی یا یول الیک فی قرابۃ اور تصغیر اسکی اویل ہے۔

۲ بقیہ صفحہ ۲۸۴۔ فرعون بادشاہ کو کہتے ہیں اور آہستہ آہستہ بنی عمالقہ کے بادشاہوں کا یہ لقب ہوگیا تھا اسجگہ فرعون سے ولید بن مصعب بن ریان مراد ہے برا فروختگی چہرہ کے باعث لوگ اسے قابوس

يُذَبِّحُونَ اَبْنَآءَكُمْ

(لَمِيسُنهم سوءً (القان)

(میکشتند پسران شمارا- ہلاک کرتے ہیں تمہارے بیٹوں کو-

یذبحون، مضارع التذبیح کثرت سے ہلاک کرنا مصدر تفعیل ذَبَّحَ، یُذَبِّحُ، مُذَبِّحٌ- ذَبِّحْ- لَاتُذَبِّحْ-

ابناء، جمع ابن- اولاد ذکور-

وَيَسْتَحْيُونَ نِسَآءَكُمْ

(وزندہ میگذاشتند دختران شمارا- اور جیتی رکھتے ہیں تمہاری عورتوں یا بیٹیوں کو

اے یستبقون بناتکم و یترکوھن حیات وقیل یفتشون فی حیائھن

حیا شرم گاہ کو کہتے ہیں اس صورت میں یہ معنی ہونگے کہ ان کی شرم گاہوں یا بیٹیوں کو دیکھا کرتے تھے کہ یہ حاملہ ہیں یا نہیں-

یستحیون، اصل یستحیون بیاء مضموم ج مذ-

الاستحیاء زندہ چھوڑنا- شرم رکھنا مصدر استفعال- استحیاء- یَسْتَحْيِي، مُسْتَحِيٌ- اِسْتَحِيْ، لَاتَسْتَحِيْ-

نساء، جمع تکسیر نسوۃ، بروزن فعلۃ یا جمع امراۃ یا اسم جمع ہے- بالغہ عورتیں مجازاً دختران و نوشیزگاں-

وَفِي ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيمٌ

(و دریں کار شمارا آزمایشے است از پروردگار شما بزرگ- اور اس میں تمہارے لیے آزمائش تھی مالک کی طرف سے بڑی-)

ذٰلِكُمْ، اسم اشارہ (ذا- اسم اشارہ- ل، حرف زائد- کم ضمیر بیان خطاب-

مِنْ رَّبِّكُمْ- اے من جہت تعالی بحذف مضاف یعنی بواسطہ تسلط فرعون یا بعثت حضرت موسٰی علیہ السلام یا بوجہ آزادی و تخلیص عظیم و تنکیر مظہر تفخیم لیکن یہ عظمت باعتبار مخاطب و سامع کے ہے نہ باعتبار متکلم کے-

بلاء- امتحان- مصیبت و عطیہ- اس لفظ کا استعمال خیر و شر دونوں معنی میں ہوتا ہے اصل بلاوٌ واؤ ہمزہ سے

بدل ہوئی ہے اَلْبَلْوُ وَالْبَلَآءُ - آزمائش
کرنا - مصدر ن - ض ناقص وادی
یا یائی مراد حاصل بالمصدر اور منسوب
بواجب تعالیٰ ہونے ہیں کبھی اس سے
مراد نعمت آسایش ہوتی ہے اور کبھی
ضرر رنج و تکلیف اور کبھی دونوں مراد
ہوتے ہیں۔

وَإِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ

(و یاد کنید آنوقت را کہ بشگافیم برائے
شما دریا را - اور جب پھاڑا ہمنے تمہارے
ساتھ دریا کو -) **فرقنا** - چیر دیا ہم نے
الفرق - جدا کرنا - الگ الگ کر دینا
ملی ہوئی چیزوں کا - پھاڑنا - مصدر
ک ف ن ض - فَرَقَ، يَفْرَقُ
فَارِقٌ، مَفْرُوقٌ، اِفْرَقْ، لَا تَفْرَقْ
بکم، اے لاجلکم، ویا زائدہ یا
سببیہ۔
البحر، ال، عہدی مراد بحر احمر۔
اصل میں بحر سعۃ اور کشادگی و فراخی
کو کہتے ہیں۔ اسی سے ہے بحرۃ

بمعنی بلدہ اور اسی مناسبت سے کہاری اور
میٹھے پانی کے دریاؤں کو بحر عرب کہتے
ہیں - جبکہ اسکا پانی خوب پھیل کر بہتا ہو
مثل مرج البحرین یلتقیان بینہما
برزخ - اور کہتے ہیں اصل میں بحر کے
معنی شق کے ہیں اسی سے ہے بحیرہ
جسکے دونوں کان شق کئے جاتے ہیں
اور تعدیۃ اس کے ساتھ بحر کے باعتبار
تضمن معنی شق ہے اے فلقناہ و
فصلنا بین بعضہ وبعض لاجلکم
وبسبب انجائکم وانما قال سبحانہ
بکم دون لکم لان الحرب علی ما
نقلہ لنا امغالی تقول غضبت لزید
اذا غضبت من اجلہ وھو حی و
غضبت بزید اذا غضبت من اجلہ
وھو میت نغفیہ. تلویح الی ان
الفرق کان من اجل اسلاف
المخاطبین اور با بمعنی استعانۃ ہے
والمعنی بسلوککم گویا سلوک کو اللہ

کے ساتھ تشبیہ دی ہے۔

فَرَقْنَا بِكُمُ (پس برہانیدیم شمارا - پھر بچادیا ہمنے تمکو)

کلام میں حذف ہے باعتبار معنی - تقدیر کلام یہ ہے - وَاِذ فرقنا بکم البحر و تبعکم فرعون وجنوده فی تقحمه فانجیناکم اے من الغرق او من ادراك فرعون وآله لکم او مما تکرهون -

ف ، جزائیہ - انجینا ، خلاصی دی ہمنے - چھڑایا ہمنے - ماضی ج م الانجاءُ چھوڑانا مصدر - افعال ناقص انجٰی یُنجی ، منج ، انج لا تنج -
یقال نجا نجاةً و نجوًا و نجایةً بمعنی خلص وانجی الرجل خلّصہٗ

وَأَغْرَقْنَا آلَ فِرْعَوْنَ (و آب فرو بردیم قوم فرعون را - اور غرق کردیا ہمنے لشکر فرعون کو)
اَغرقنا ، ماضی ج م الاغراق - غرق کرنا مصدر افعال - اَغرَقَ یُغرِقُ ، مُغرِقٌ - اَغرِق - لَا تُغرِق

وَأَنْتُمْ تَنْظُرُونَ (۵۰) (وشما میدید - اور تم دیکھتے تھے -)
تنظرون ، مضارع ج ح النَّظرُ والنَّظَرانُ ، دیکھنا مصدر ف ض نَظَرَ ، یَنظُرُ ، نَاظِرٌ ، مَنظُورٌ اُنظُر - لَا تَنظُر -

إِذْ نَجَّيْنَاكُمْ
اِذ - اے اذکر اذ نجینا -

نجینا ،	فعل بافاعل
کم ،	مفعول ذی الحال
من آل فرعون ، ...	ظرف لغو
یسومون ،	فعل بافاعل
کم ،	مفعول .... (۱)
سوء العذاب ،	مفعول (۲)

تفصیل اعراب النجی ... عطف ... (حال)

باسقاط حرف الجر او بدونه وفیه منة علیهم حیث تجوز نجاتهم -

یذبحون ،	فعل ... مع الفاعل
ابناءکم ،	مضاف مضاف الیہ مفعول

بیان لیسومون

ویستحیون ، ...	فعل مع الفاعل
نساءکم ،	مفعول

معطوف بر یذبحون

و یسومون الخ حال من آل
فرعون یا حال عن کلیہما۔ و
یذبحون ابناءکم یسومونکم
ولذالک لم یذکر بالعطف بل
علی البدل۔

وفی ذلکم، متعلق کائن خبر مقدم
بلاء..... موصوف
من ربکم، متعلق کائن صفت
عظیم..... صفت دوم

یا فی ذلکم متعلق ثبت و بلاء
عظیم فاعل۔ وجملہ معطوف بر ماقبل

واذ، ظرفیہ۔ فرقنا، فعل با فاعل
بکم، مفعول اول البحر، مفعول دوم
یا۔ بکم، متعلق محذوف حال
یا بیان نجات۔ فرقنا..... ذوالحال

تفریق بحر کیونکہ اس ناصر
حقیقی کی وابستگی ہونا ظاہر ہے اور
یہ وابستہ عقلی ہو سکتی ہے یعنی نصرت

وحفاظت اور اسی کی طرف اشارہ کیا
ہے حضرت موسیٰ نے وھو قولہ
کلا ان معی ربی سیھدین۔
فانجینٰکم، جملہ فعلیہ معطوف بر سابق
واغرقنا... فعل با فاعل
آل فرعون، مضاف مضاف الیہ مفعول
وانتم...... مبتدا
تنظرون، بمعنی تشاھدون
غرقھم محذوف... مفعول، فعل با فاعل، خبر
ھم وفیہ تجوز اے وآباءکم ینظرون
جمیعہم الخ۔ اور فائدہ اس سے اظہار
اتمام نعمت ہے کیونکہ دشمن کی ہلاکت
ایک نعمت ہے اور اس کا مشاہدہ دوسری
نعمت ہے۔
اور یہ حال ہے فاعل سے اور معمول
ہے جمیع افعال سابقہ کا بطریق تنازع
اور فائدہ اس سے تقریر نعمت ہے۔
کا تذییل وانتم لا تشکون فیہا

کسائی سے منقول ہے کہ بنی اسرائیل
جب دریا پار ہوگئے تو اس کے
کنارہ پر ٹھہر گئے اور دریا کی طرف
اور فرعون کے لشکر کی طرف دیکھنے
لگے اور انفلاق بحر کو بغور ملاحظہ کرتے
رہے اس صورت میں تعلق حال کا
فرقنا کے ساتھ ہے۔ وقیل مراده
منظر بعضکم بعضا وانتم سائرون
فی البحر اور یہ اسلیئے منقول ہے
کہ قبائل قوم متفرق راستوں سے گذر
رہے تھے اور ایک دوسرے کو دیکھ
نہیں سکتے تھے۔ جس سے بعض
نے کہا ہم تو چل رہے ہیں لیکن
ہمارے اصحاب نہ معلوم کہاں ہیں۔
اور ان کی کیا حالت ہے۔ جسپر
خداوند تعالیٰ ان کے درمیانی پردونکو
اٹھادیا اور پانی کی دیواریں سوراخ
سوراخ ہوگئیں اور ایک کو دوسرے
کی کیفیت اور اسکی پوری حالت
مشاہدہ ہونے لگی۔

ف۱ - **واذ نجینکم** - الخ یہاں سے ان واقعات کی تفصیل شروع ہوتی ہے جو بنی اسرائیل کے اسلاف پر گزرے ہیں کہ اے بنی اسرائیل وہ وقت یاد کرو جبکہ تمہارے اسلاف مصر میں آباد ہوئے اور ان کی قوم اور نسل پھیل گئی۔ تو قبطیوں کو حسد پیدا ہوا وہ چاہتے تھے کہ غیر ملکی مصر میں ترقی نہ پائیں۔ اور فرعون کو کاہنوں [ف۱] اور منجموں سے یقین ہوچکا تھا۔ کہ بنی اسرائیل میں سے

ف۱ - کاہنوں نے۔ لکھا ہے کہ فرعون نے ایک مرتبہ خواب میں دیکھا۔ کہ ایک آگ کا بگولا بیت المقدس کی طرف سے اٹھا ہے اور اسنے ملک مصر کو تمامہ گھیر لیا ہے۔ قبطیوں کے گھر اس سے جل کر تباہ ہوجاتے ہیں۔ اور بنی اسرائیل کو اس سے کچھ صدمہ نہیں پونچتا۔ اس خواب کے دیکھنے سے فرعون کے دل میں خوف پیدا ہوا۔ اور منجموں وکاہنوں سے اسکی تعبیر پوچھی انہوں نے کہا۔ کہ بنی اسرائیل

کسی ایک شخص کے ہاتھ پر فرعونی حکومت اور عمالقی سلطنت کا خاتمہ ہوگا۔ لہذا اس نے اپنی سلطنت کے دوام اور ملکی استحکامی کے لیئے یہ تجویز کی۔ کہ بنی اسرائیل کی نسل منقطع کردی جاسے۔ اسلیے جو نیا لڑکا پیدا ہوتا قتل کردیا جاتا۔ لیکن پرستاری اور کنیزکی کے لیئے لڑکیاں زندہ چھوڑی جاتی تھیں۔ اور موجودہ تمام قوم قبطیوں کی بیگار بنی ہوئی تھی۔ مردوں سے نہایت سخت اور مشکل کام لیئے جاتے تھے۔ عورتیں مردوں سے زیادہ تکلیف میں تھیں۔ فرعونی لوگ انہیں اپنے گھروں میں محبس اور ذلیل خدمت پر رکھ لیتے تھے جس سے وہ طرح طرح کی تکلیفیں سہتی تھیں۔ آخر ہم نے ان پر رحم کیا اور حضرت موسیٰ کو فرعون اور اسکی تمام قوم کی اصلاح اور صحیح تعلیم کے لیئے بھیجا۔ لیکن انھوں نے نہ مانا اور حضرت موسیٰ نے تنگ آکر تمہارے اسلاف کی رہائی اور خلاصی کے لیے درخواست کی۔ اور ہماری تعلیم کے موافق وہ تمہیں راتوں رات ہمراہ لیکر مصر سے نکل گئے

ف۲۔ **وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ** الخ۔ یہ خداوند عالم کی دوسری نعمت کا ذکر ہے اور اس میں بنی اسرائیل کی نجات و آزادی اور انکے خوف و ہراسانی کا ظاہر کیا ہے کہ جب حضرت موسیٰؑ نے الہام ربانی کے موافق سرداران قوم کو اطلاع دی اور سب متفق ہوگئے تو فرعون سے ایک دن کے لئے شہر سے باہر جانے کی رخصت لیکر تمام شہری بنی اسرائیل اور اطراف و جوانب کے رہنے والے لوگ ہمراہ اہل و عیال کے ساتھ عید کے بہانے شہر سے باہر نکلے۔ اور رات بھر چلکر دریاے احمر یا بحر قلزم کے اس کنارے پر آپہونچے۔ جہاں حضرت موسیٰؑ

بقیہ صفحہ ۲۹۵ - میں ایک لڑکا پیدا ہوگا - جو تجکو ہلاک کریگا - اور تیری سلطنت چھین لیگا -

بذریعہ وحی ٹھہرنے کے لیئے کہا گیا تھا۔ ادہر مخبروں نے فرعون کو اطلاع دی
کہ موسیٰ و ہارون بنی اسرائیل کو لیکر کہیں چلے گئے ہیں۔ ان کی یہی عید ہے
کہ تیری قوم کے ہاتھ سے نکل گئے ہیں یہ سنتے ہی غضبناک ہوکر فرعون نے
اپنی تمام فوج کو باہر نکلنے کا حکم دیدیا اور ارکان سلطنت سمیت خود بھی انکے
پیچھے روانہ ہوگیا بنی اسرائیل اسکے لشکر کی آمد اور فرعون کے تعاقب سے
مطلع ہوکر گھبرائے اور دہشت کے مارے تھرانے لگے۔ اور چونکہ فرعون
کا ظلم اور اسکی سخت گیری کا صدمہ اُٹھائے ہوئے تھے زندگی سے مایوس
ہوکر کہنے لگے اے موسیٰؑ اب وہ وعدہ کہاں ہے۔ تیرے خدا کے وعدے
سے تو فرعون ہی پہلے آپہونچا۔ پیچھے ایک خونخوار فوج ہے۔ اور آگے تلاطم
کا بھرا ہوا یہ بحر ذخار ہے پیچھے ہٹنے والے فرعونیوں کے ہاتھ سے قتل
ہوتے ہیں۔ اور آگے بڑھنے والے ڈوب کر مرتے ہیں۔ اسپر حضرت موسیٰؑ
نے انہیں صبر و استقلال کی فہمائش کی اور بتائید غیب اپنا عصا نہایت زور سے
دریا پر مارا۔ کہ وہ پھٹ کر دو طرفہ کھڑا رہگیا اور درمیان میں ایک سیدھی سڑک
نکل آئی۔ اور حضرت موسیٰؑ کے اشارہ پر اول حضرت یوشعؑ اور بعد حضرت
ہارونؑ اور پھر ساری قوم دریا میں اتری اور تھوڑی دیر بعد بسلامت دریا پار
ہوگئی۔ اتنی دیر میں فرعون بھی وہاں آپہونچا۔ اور اسی راستے پر دریا میں کود
پڑا اور اسکے لشکر نے بھی اسکی متابعت کی جب تمام فوج دریا میں آگئی۔
تو بحکم خدا وہ پانی ملگیا۔ اور فرعون مع لشکر و ارکان سلطنت بنی اسرائیل کے
سامنے جو دوسرے کنارے پر کھڑے ہوئے دیکھ رہے تھے۔ غرق ہوگیا۔

کہتے ہیں کہ فرعون کے غرق ہونے کا دن عاشورہ تھا۔ پس موسیٰ علیہ السلام نے
ایسے مہیب دشمن سے نجات پانے کے بعد ادائے شکریہ کے لیے روزہ رکھا لیا
تھا ۱۲۔ اصحاب اشارۃ کہتے ہیں۔ بحر سے دنیا اور اسکے پانی سے لذات اور شہوات
دنیا مراد ہے۔ موسیٰ سے قلب اور صفات قلب کو قوم موسیٰ مراد ہے۔ نفس امارہ
فرعون ہے۔ اور صفات نفس قوم و آل فرعون اور یہی قلب موسیٰ کے دشمن ہیں
وہ سائر الی اللہ ہیں اور دشمن اسکے پیچھے اسکے تعاقب میں لگا ہے۔ انکے سامنے
بحر دنیا ہے جو سیر الی اللہ و وصول بحق کے رستہ میں حائل ہے اور اس سے عبور
کرنا بغیر ضرب عصائے لا الہ الا اللہ کے ممکن نہیں یہ موسیٰ قلب ہی کا کام ہے جو
اپنی قوم کو بچا کر لیجا سکتا ہے۔ اگر یہ قوم بدوں امداد موسیٰ قلب گزرنا چاہتی تو ضرور
غرق ہوتی جسطرح فرعون اور اسکی قوم غرق ہوئی ہے۔ پس جسطرح انفلاق بحر کیلئے
یہ موسیٰ قلب شرط ہے اسی طرح عصائے ذکر بھی شرط ہے جب یہ دونوں شرطیں
جمع ہو جائیں اور البتہ انفلاق بحر دنیا ممکن ہے اور موسیٰ اور اسکی قوم بعنایہ توحید
ساحل نجات پر پہنچ سکتی ہیں۔ وأن الی ربك المنتهى و یقال لفرعون وقومه
اذا غرقوا وادخلوا نارًا الا بعدا للقوم الظالمین۔

وَإِذْ وٰعَدْنَا مُوسٰى أَرْبَعِينَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ

وآنوقت	کہ	میعاد	مقرر کردیم	باموسیٰ	چہل	شب	پس	گرفتید
اور جب	وعدہ کیا	ہمنے	موسیٰ سے	چالیس	رات کا	پھر	پکڑا	اسنے

الْعِجْلَ مِنْ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۴۹﴾ ثُمَّ

گوساله را پس از رفتن موسیٰ و شما ستمگار بودید پس

گائے کا بچہ پیچھے اسکے اور تم ظالم تھے پھر

عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۵۰﴾

درگذرانیدیم از شما بعد ازاں که سپاس داری کنید

معاف کیا ہمنے تم سے پیچھے اسکے تاکہ تم شکر کرو

وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ

وآنوقت که دادیم موسیٰ را کتاب و حجت تا بود که

اور جب دی ہمنے موسیٰ کو کتاب اور معجزہ تاکہ تم

تَهْتَدُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ

راه یابید وآنوقت که گفت موسیٰ قوم خودرا اے قوم من هرآئینه شما

راه پاؤ اور جس وقت کہا موسیٰ نے واسطے قوم اپنی کے اے قوم میری تحقیق تمنے

ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى

ستم کردید برخویشتن بفراگرفتن گوساله پس باز آئید بسوے

ظلم کیا جانوں اپنی کو ساتھ پکڑنے تمہارے کے بچھڑے کو پس توبہ کرو طرف

بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ

آفریدگار خود پس بکشید خویشتن را این بهتر است شمارا نزدیک

پیدا کرنے والے اپنے کی پس مارو جانوں اپنی کو یہ بہتر ہے تمہارے نزدیک

بَارِئِكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ۵۲

آفریدگار شما پس خدا بازگشت بمہربانی برشما ہرآئینہ اوست باز گردندہ مہربان

پیدا کرنیوالے تمہارے کی پس پھر آیا اوپر تمہارے تحقیق وہ ہے پھرانے والا مہربان

وَإِذْ وٰعَدْنَا مُوسٰى

(چوں وعدہ دادیم یا موسی - اور جب ہم نے وعدہ کیا موسیٰ سے)

واعدنا[۱]، باب موافات سے ہے

وعدہ ووعید کا اس میں اعتبار نہیں مثل

قول موعدك يوم كذا او موضع كذا

ویا بمعنی وعدنا - معیار مقرر کردیم

ہمنے وعدہ کیا۔

باجـ م — المُواعَدَة کسی کے ساتھ

وعدہ کرنا مصدر مفاعلة، معتل

واعَدَ، يُوَاعِدُ - مواعِدٌ، وَاعِدٌ

لا تُوَاعِدْ -

مُوسٰى[۲] اسم عجمی غیر منصرف نام حضرت کلیم اللہ

أَرْبَعِينَ لَيْلَةً

(چہل شبانروز یا چہل شب - چالیس دن رات - یا چالیس راتوں کا)

اے عند انقضائها -

اربعین، چالیس اسم عدد ذاتی - وهی

ثلثون من ذی القعدة وعشر من

ذی حجة (مظ)

لیلۃ، رات لیالی جمع -

---

[۱] - واعدنا کے ایک معنی تو یہ ہیں کہ ہم نے اسی سے وعدہ کیا اور دوسرے معنی یہ ہیں کہ ہم میں اور موسیٰ میں باہم وعدہ ہوا اس لحاظ سے زجاج نے کہا ہے - کہ اللہ کی طرف سے حکم ہوا اور موسی کیطرف سے قبول اسی وجہ سے ایسا لفظ فرمایا جس میں دونوں طرف سے وعدے کے معنی پائے جاتے ہیں بعض نے کہا ہے - اللہ کی طرف سے توریت دینے کا وعدہ ہوا - اور موسیٰ کی طرف سے اعتکاف کرنیکا ۱۲

[۲] - موسیٰ، اسم عجمی غیر منصرف نام حضرت کلیم اللہ بن عمران کا ہے (اصل موشا یا میشا) قبطی زبان میں

ترجمہ: پس فرا گرفتید شما گوسالہ را۔ پھر تم نے بنا لیا بچھڑے کو۔

لغات: ثُمَّ حرف عطف مشعر استبعاد مضمون مابعد از مضمون ماقبل۔

اتَّخَذْتُمْ باب افتعال اتخاذ کبھی بمعنی ایجاد صنعت کے آتا ہے اسوقت متعدی بمفعول واحد ہوتا ہے مثل اتخذت سیفا ای صنعتہ۔ اور کبھی بمعنی اتخاذ وصف آتا ہے۔ اسوقت جاری مجری جعل ہوتا ہے اور دو مفعولوں کو چاہتا ہے نحو اتخذت زیدا صدیقا۔ آیت دونوں امر کی محتمل ہے۔ تقدیر ثانی پر مفعوم دوم محذوف ہوگا اے اتخذتم العجل الذی صنعہ السامری الٰہا اور احتمال اول پر تقدیر مفعول کی ضرورت نہیں۔ الاتخاذ بنانا پکڑنا مصدر افتعال اس باب ناقص ہے۔ اتَّخَذَ یَتَّخِذُ مُتَّخِذٌ اِتَّخِذْ لَاتَتَّخِذْ۔

العِجْلَ ال عہدی یعنی سامرے کا بنایا ہوا بچھڑا

عِجْل۔ گائے کے چھوٹے بچھڑے کو کہتے ہیں جو ابھی دودھ پیتا ہے اور یہاں پر اس مناسبت سے عجل کہا گیا ہو کہ قوم موسیٰ نے اسکو اپنا معبود بنانے میں عجلت سے کام لیا تھا۔ اسے قسمی عجلا لانہم عجلوا بہ۔

بقیہ نوٹ صفحہ ۲۹۵
مو پانی اور شا درخت کو کہتے ہیں چونکہ فرعون نے آپ کے صندوق کو نہر کے کنارے درختوں کی شاخوں کے درمیان اٹکا ہوا پایا تھا۔ اس لیے آپ کا نام موشی رکھا۔ اہل عرب نے جب اپنے لغت میں نقل کیا تو شین کو سین سے بدل لیا ہے۔ اور کہتے ہیں کہ یہ ماش عبرانی سے مشتق ہے اور وزن اس کا مفعل ہے اور کہا گیا فعلی ہے پس واو دال سے بدل ہوئی ہے ضمہ میم کی وجہ سے مثل طوبیٰ کہ طاب سے ہے بحر میں ہے کہ موسیٰ مونث عربی ہے مشتق ہے اسوقت الشئی سے اصلیہ سے اور وزن اس کا مفعل ہے اسی سے موسیٰ الحدید ہے اور کہتے ہیں وہ مشتق ہے اوسیت

بقیہ حاشیہ صفحہ ٢٩٧

مِنْ بَعْدِهٖ

(پس از رفتن موسیٰ - اسکے پیچھے)

من ، حرف جار و قتیہ - مرجع ضمیر ذہاب

موسیٰ - اے من بعد ذہابہ -

وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ

(و شما ستمگاران بودید - اور تم ظالم تھے یا تم بے انصاف ہو)

و - حالیہ **انتم** ضمیر راجع بہ بنی اسرائیل

ظالمون ، جمع ظالم مصدر ظلم اور متعلق اس کا شرک یعنی عبادت غیر اللہ ہے - یا فعل سامری پر اعتراض نہ کرنا -

ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ

(پس درگزرانیدیم - پھر معاف کیا ہمنے)

ثم مظہر تفاوت افعال - یعنی درمیان فعل قبیح قوم و الطاف خداوندی -

عفونا ، ماضی ج م ض العفو محو الجریمۃ یقال عفا اثرہ اے درس جرم اور گناہ مجرم سے درگزر کرنا - اثر مٹا دینا - متعدی و غیر متعدی یقال عفت الدار وعفاها الریح

مصدر عفو ف - ض - ناقص عَفٰی اَلعَفْوُ عَافٍ - مَعْفُوٌّ - اُعْفُ - لَا تَعْفُ -

عَنْ ، صلہ فعل - **کُمْ** ، ضمیر راجع بہ بنی اسرائیل -

مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

(بعد ازیں - اسپر بھی اسکے بعد)

من ، حرف جر و قتیہ -

ذٰلك ، اسم اشارہ مجمل ذلکم اتخاذ عجل

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ

(تا بود کہ شما سپاسداری کنید - تا اگر احسان مانو - تا کہ تم شکر کرو -

لعل - اے لاجلکم - اظہار علت و سبب کے لئے ہے نہ امید و رجا کے لئے - مظہر تیقن -

تشکرون ، مضارع ج ح الشکر ذکر احسان محسن بلسان یا بجوارح و قلب اس طرح کہ مالک جائز رکھے - و سپاسداری کرنا - جنید کہتے ہیں عجز شکر کمال شکر ہے اور ذوالنون کہتے ہیں شکر مافوق طاعت ہے اسکی اور شکر شکر مکافات ہے اور شکر ماتحت احسان ہے -

شَکَرَ - یَشْکُرُ - شَاکِرٌ - مَشْکُوْرٌ اُشْکُرْ - لَا تَشْکُرْ

وَإِذْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ

(وآں وقت کہ دادیم موسیٰ را کتاب و فرقاں تا باشد کہ شما راہ راست یابید - اور یاد کرو جب دی ہم نے موسیٰ کو کتاب اور حجت تو کہ تم سیدھی راہ پاؤ -)

آتَيْنَا، اض ج م - الکتاب - اسے التوراۃ -

و، حرف عطف مظہر تغایر وصف طرفین مثل قولک رایت الغیث واللیث اے رایت الرجل الذی ھو جواد کالغیث وشجاع کاللیث -

الفرقان، لغۃ المعجزات او الشرائع الفارقۃ بین المبطل والحق - و شعائر دیں و مناسک شرع - مصدر بمعنی اسم فاعل - مراد توراۃ اور یہ عطف قبیل عطف صفات سے ہے -

لعل، لتعلیلیہ و سببیہ -

تَهْتَدُونَ، مض ج ح الاھتداءُ - سیدھی راہ چلنا مصدر افتعال ناقص اِھتدٰی، یَھتدِی مُھتدٍ - اِھتدِ لَا تَھتدِ -

وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ

(وآں وقت کہ گفت موسیٰ مر قوم خود را اور یاد کرو جس وقت کہ کہا موسیٰ نے اپنی قوم کو)

قال، اض ا ع - لقومہ ل تبلیغ کے لیئے ہے - ہ اضافت عہدی -

قوم، لفظ مذکر و مؤنث کیونکہ ہر اسم جمع جسکا مفرد اسکے لفظ سے نہیں اسکا

ف - الفرقان - فرقان سے مراد توراۃ ہے کیونکہ توراۃ کو دو صفتوں سے متصف کر سکتے ہیں انہا کتاب جامعۃ لما لم یجمعہ منزل سوی القرآن وانہا فرقان اے حجۃ تفرق بین الحق والباطل قال اللہ تعالی ولقد آتینا موسیٰ وھارون الفرقان وضیاء وذکرا (۲) فرقان سے مراد شریعۃ فارقۃ حق و باطل ہے (۳) مراد اس سے معجزات فارقہ ہیں مثل عصا و ید بیضا وغیرہ (۴) مراد نصرت ہے جس سے دشمن اور دوست میں فرق ہو سکتا ہے اسی وجہ سے یوم بدر کو یوم فرقان کہتے ہیں ۱۲

استعمال صیغہ مذکر و مونث دونوں سے
ہو سکتا ہے۔
یہ اسم جمع ہے اور واحد اس کا اسکے
لفظ سے نہیں واحد اس کا امرأ ہے
اور استعمال اس کا مخصوص بالرجال ہے
بقولہ تعالی لا یسخر قوم من قوم مع
قولہ ولا نساء من نساء و قول
اللہ تعالی ولقد ارسلنا نوحا الی
قومہ میں اندراج نساء بنا بر استتباع
وتغلیب ہے اور رجال کو اسلئے قوم کہتے
ہیں۔ کہ وہ ایسے امور پر اقدام کر سکتے
ہیں جن پر نساء کا اقدام ممکن نہیں۔
(اے قوم من شما ستم کردید۔ اے میری
قوم تحقیق تم نے نقصان کیا یا ظلم کیا)
قوم اصل قومی۔ یائے متکلم حذف
کر دی گئی ہے۔
انکم، ان، حرف مؤکد مضمون جملہ
کم، ضمیر قوم،
ظلمتم، ماضی ج الظلم والمظلمۃ

بے انصافی کرنا۔ شے کو اپنی جگہ پر
نہ رکھنا۔ مصدر ف ک ظلم، یظلم
ظالم، مظلوم، اظلم، لا تظلم۔
(بر نفسہائے خود۔ اپنے آپ پر)
انفس جمع قلت نفس بجائے کثرت
(بر گرفتن شما گوسالہ را۔ بنا لینے سے
بچھڑے کے۔
ب۔ بمعنی سبب۔ اتخاذ۔ بنانا۔ پکڑنا
ٹھہرانا۔
اسجگہ بھی وہ پہلے دونوں احتمال جاری
ہو سکتے ہیں۔
مصدر۔ افتعال۔ العجل۔ سامری کا بنایا
ہوا بچھڑا۔
(پس باز آئید بسوئے آفریدگار خود پس
توبہ کرو اپنے پیدا کرنے والے کیطرف)
ف، سببیہ کیونکہ توبہ کا سبب ظلم ہے
توبوا، صیغہ امر الی صلہ فعل۔
باری، اسم ذات بمعنی خالق بے عیب
ونقص وہ ذات جو ابتداءً کسی چیز کو

پیدا کرے وبمعنی تراشندہ قلم وقالب
اور خالق وہ ہے کہ مقدور کو ایک حال
سے دوسری حالت کیطرف نقل کرے
اور باری اس ذات صانع کو
کہتے ہیں جسکا مصنوع عیب ونقص اور
تفاوت سے بری ہو۔ کبرءُ اللہ آدم
اے خلقہ ابتداءً متمیزاً عن لوث
البطن وعلی تناسب الاعضاء

فَاقْتُلُوا أَنفُسَكُمْ

(پس بکشید نفسہائے خود را۔ یا خویشتن را۔ اور مار ڈالو اپنی جانوں کو)
ف، حرف عطف تفصیلیہ یا تفسیریہ
اے تفسیر للتوبۃ اے فاقتلوا انفسکم
ھذہ توبتکم۔
اقتلوا، ج ح امر القتل ہلاک کرنا،
خون گرانا۔ مصدر ف۔ ض۔ قَتَلَ
یَقْتُلُ۔ قَاتِلٌ۔ مَقْتُوْلٌ۔ اُقْتُلْ
لَاتَقْتُلْ۔

ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ

(این جملہ بہتر است شمارا۔ یہ سب بہتر ہے تمہارے لئے۔

ذٰلکُم، اسم اشارہ (توبہ ورجوع قتل)
خَیر، مصدر بمعنی اسم۔ نیکی ونیکوی
ضد شر ویا افعل التفضیل والمعنی
اِنّ ذٰلکم خیر لکم من العصیان و
الاصرار علی الذنب او خیر من
ثمرۃ العصیان او خیر من المحذور
الکائنۃ لکم

عِندَ بَارِئِكُمْ

(نزدیک آفرینندہ شما۔ تمہارے خالق کے پاس۔
عند، اسم ظرف مکان۔
باری۔ خالق اسم صفت مشبہ۔

فَتَابَ عَلَيْكُمْ

(پس برحمت بازگشت خدا بر شما۔ پس متوجہ ہوا اپنی مہربانی سے وہ تم پر)
ف، جزائیہ۔ یا فصیحہ۔ تاب علیکم
متوجہ ہوا تم پر عنایت اور مہربانی سے
تاب، ماضی علی، صلہ فعل
امر ع
کم ضمیر راجع بقوم بلحاظ افراد۔

إِنَّهُ هُوَ

(ہر آئینہ اوست توبہ پذیرندہ مہربان

کہ وہی ہے معاف کرنے والا مہربانی کرنیوالا۔)

إِنَّهُ ۔ اے الشان أو الباری۔

هُوَ ، ضمیر فصل مفید حصر۔ التَّوَّابُ ۔ کثرت سے توبہ قبول کرنیوالا صیغہ مبالغہ

الرَّحِيمُ ، مہربان صفت مشبہ

وَ۔ اِذْ ، اسم ظرف منصوب المحل۔

وٰعَدْنَا ، ۔۔۔۔ فعل با فاعل

مُوسٰى ، مفعول اول

اَرْبَعِينَ لَيْلَةً ، ممیز و تمیز مفعول (۲)

ویا اربعین لیلۃ ظرف۔ و معالۃ مفعول محذوف

اے واعدنا موسٰی معاصلۃ عند انقضاء اربعین لیلۃ (۴)

ویا اربعین لیلۃ ظرف مستقر و صفت مفعول محذوف اے واعدنا موسٰی امرًا کائنًا فی اربعین اوریا مفعول مطلق ہے۔ واعدنا موسٰی مواعدۃ اربعین لیلۃ

ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ فعل با فاعل۔

الْعِجْلَ ، مفعول ۔۔۔

اِلٰهًا ، محذوف مفعول (۲)

مِنْ بَعْدِهٖ ، جار مجرور ظرف لغو

وَ۔ اَنْتُمْ ، ۔۔۔۔ مبتدا

ظٰلِمُوْنَ ، ۔۔۔۔ خبر

جملہ اسمیہ حال من ضمیر اتخذتم

ثُمَّ عَفَوْنَا ، ۔۔۔ فعل با فاعل

عَنْكُمْ ، ظرف لغو ۔۔۔

مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ ، ظرف دوم

لَعَلَّ ، مشبہ بفعل كُمْ ، ضمیر اسم

تَشْكُرُوْنَ ، جملہ فعلیہ بتاویل مفرد خبر

وَ۔ اِذْ ، ظرفیہ۔ اٰتَيْنَا ، ۔۔ فعل با فاعل

مُوسَى ، ۔۔۔ مفعول اول

الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ ، مفعول دوم

لَعَلَّ ، مشبہ بفعل ۔۔۔۔

كُمْ ، ۔۔۔۔ ضمیر اسم

تَهْتَدُوْنَ ، جملہ فعلیہ ۔۔ خبر

الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ ، العطف فیہ من قبیل عطف الصفات مع اتحاد الذات (شیخ)

وَ - قَالَ فعل - موسیٰ، فاعل

لِقَومِهٖ، جار مجرور ...... ظرف لغو

یا، حرف ندا - قوم، منادیٰ

اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ الخ جواب ندا — مقولہ

اِنَّ، مشبہ بفعل - کُمْ ضمیر اسم

ظَلَمْتُمْ ...... فعل با فاعل

اَنْفُسَكُمْ، مضاف مضاف الیہ مفعول

بِ، جار - اتِّخَاذِ، مضاف

کُمْ، مضاف الیہ

الْعِجْلَ - مفعول مصدر

فَ - تُوْبُوْا ...... فعل با فاعل

اِلٰى بَارِئِكُمْ، جار مجرور ظرف لغو

وَ - اقْتُلُوْا ...... فعل با فاعل

اَنْفُسَكُمْ ...... مفعول

ذٰلِكُمْ - ای القتل والتوبۃ مبتدا

خَيْرٌ ...... خبر

لَّكُمْ، جار مجرور متعلق بخیر

عِنْدَ، مضاف

بَارِئِكُمْ، مضاف الیہ

فَ - تَابَ عَلَيْكُمْ، جملہ فعلیہ جزائے شرط

محذوف اے متعلق بمحذوف فان کان

من کلام موسیٰ فتقدیرہ ان فعلتم القتل

فقد تاب اللہ علیکم والا فتقدیرہ علی

طریقۃ التفات من الغیبۃ الی الخطاب

اے ان فعلتم ما امرتم بہٖ فتاب علیکم

اِنَّ، مشبہ بفعل - ہٗ ضمیر اسم

ہُوَ، ضمیر فصل - التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ خبر

انہ ہو - ضمیر منصوب اگر ضمیر شان ہو تو ضمیر

فَتُوْبُوْا، الخ، موت کے معنی میں ہے اور فاقتلوا اسکی تفصیل ہے اس وقت یہ دونوں جملے ملکر ظلمتم کا معلول ہیں

ورنہ توبوا اپنے معنی میں ہے۔ اسوقت جملہ فاقتلوا انفسکم اسکا متمم ہے اور بتقدیر اول توبہ مجموعہ ندامت

وعزم ہے یعنی گزشتہ معاصی پر ندامت کا ظاہر کرنا اور آئندہ نہ اختیار کرنے پر عزم کرنا۔

۲ - فتاب علیکم۔ اگر مقولہ موسیٰ علیہ السلام ہے تو اس جملہ کا تعلق ایک محذوف سے ہوگا تقدیر عبارت یہ ہے۔ ان

فعلتم ما امرتم بہٖ فقد تاب علیکم۔ اور اگر یہ جملہ کلام خدا ہے بطریق التفات تو یہ حرف فا عاطفہ ہے اور اس کا عطف

ف - وَاذْوَاعَدْنَا - یہاں سے اُن واقعات کا ذکر ہے جو فرعون اور اس کی قوم کے غرق ہونے کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السّلام کے پیش آئے ہیں جب بنی اسرائیل فرعونیوں سے بالکل مطمئن ہو گئے تو موسیٰ علیہ السلام نے وفاے عہد کی تحریک کی اور کہا اب سچے دل سے عبادت الٰہی میں مشغول ہو شرعی احکام کی پابندی کرو - مگر یہ لوگ زبانی جمع خرچ کے سوائے کچھ نہیں کرتے تھے اور ہر بات میں طرح طرح کے حیلے اور اقسام اقسام کے عذرات پیش کرتے تھے موسیٰ علیہ السلام کی تحریک اور ان کے اصرار پر کہنے لگے - بیشک ہم آپکے مطیع اور فرماں بردار ہیں لیکن شرعی احکام پر مطلع ہونے کے لئے کوئی کتاب لائیے جسپر ہم ہمیشہ عمل کر سکیں - اسپر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے خداوند عالم سے اپنی قوم کے لئے ایک دائمی دستور العمل کی درخواست کی اور کوہ طور پر چالیس روز ٹھہرنے کے بعد حسب درخواست آپکو توریت مقدس کی لکھی لکھائی چند لوحیں عطا کیگئیں لیکن ادھر آپ کے بعد قوم نے گمراہ ہو کر گوسالہ پرستی شروع کر دی تھی - قبیلہ سامری کے ایک شخص موسیٰ بن ظفر (جو بنی اسرائیل کے حالات سے پورا واقف تھا - اور اسے یقین ہو چکا کہ سالہا سال کی مصری رہائش اور فرعونیوں کی ملازمت نے ان کے دلوں میں بت پرستی کی پوری عظمت پیدا کر دی ہے اور دریا سے پار اُترنے کے بعد گاؤ پرست قوم سے ملتے وقت بت پرستی کیطرف بنی اسرائیل کے دلی رجحان نے اور بھی اُسکے خیال کو پختہ کر دیا تھا) نے قوم سے چاندی اور سونے کا زیور (جسکو یہ لوگ عید کے بہانے فرعونیوں سے لیکر آئے تھے) لیکر ایک بچھڑا بنایا - اور قوم سے کہا کہ جس خداوند کی

تلاش میں حضرت موسیٰ طور پر ٹھہرے ہوئے ہیں۔ وہ اپنی عنایت سے اس بچھڑے میں جلوہ گر ہوا ہے۔ اور یہ بیوقوف اسکے سامنے سر جھکانے لگے اور اُسے اپنا معبود بنا بیٹھے۔ ہر چند حضرت ہارون علیہ السلام نے منع کیا اور سمجھایا۔ موسیٰ علیہ السلام کے آنے تک توقف پر اصرار کیا لیکن یہ قوم ایسی نہ تھی کہ اپنے خیال پر حضرت ہارون علیہ السلام کی نصیحت کو ترجیح دیتی۔ اسی حال میں جب حضرت موسیٰ علیہ السلام توریت مقدس لئے ہوئے تشریف لائے قوم کو گمراہ دیکھکر حیران رہ گئے۔ ارشاد ہوتا ہے کفر وارتداد کی ناشائستہ حرکت کے بعد ہر چند یہ قوم عذاب کے سوائے کسی انعام کی مستحق نہ تھی مگر پھر بھی ہم نے اپنی عنایت سے اے بنی اسرائیل تمھیں کتاب اور شریعت عطا فرمائی کہ اسپر عمل کرو اور ہدایت حاصل کرو ہم تمھیں اسکے ثواب اور اُخروی نتائج سے محروم نہیں کریں گے۔ اے مومنین جن کے اسلاف کی یہ حالت ہے اُنکے پس ماندہ اگر دین حق سے انکار کریں یا اپنی بیوقوفی اور بیعقلی سے اسکی خوبی اور حسن کو نہ سمجھیں تو کیا تعجب ہے۔

ف ۲ - وَاِذْ قَالَ مُوسٰی الخ ان آیات میں بنی اسرائیل کی توبہ اور ندامت کا ذکر ہے۔ جب موسیٰ علیہ السلام نے گوسالہ پرستی اور شرک وبدعت کی قباحتیں اُنکے بھلے بُرے نتائج سے قوم کو مطلع کیا اور وہ آپکی نصیحت سے موثر ہو کر نادم ہوئے تو اس مہلک مرض سے نجات پانے کے لیئے موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا۔ اے قوم سچے دل سے اس مالک حقیقی کی طرف متوجہ ہو اور یہی بہتر ہے کہ مرجاؤ کیونکہ زندہ رہکر سچے دینداروں کے سامنے اب تم سر اُٹھانے

کے قابل نہیں۔ ایسی بیہودہ قوم کو نیست و نابود ہی ہو جانا چاہیئے۔ یہ دوسری بات ہے کہ اس کے بعد انھوں نے خود اپنے آپ کو مار ڈالا یا ایک دوسرے کے ہاتھ سے مقتول ہوئے۔ غرض اُن کی سچی ندامت پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے معافیٔ جرائم کے لیئے دعا کی اور درگاہ توّاب میں اُنکی دعا مقبول ہوئی۔

وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى

و آنوقت کہ گفتید اے موسیٰ ہرگز باور نداریم ترا تا آنکہ بہ بینیم

اور جب کہا تم نے اے موسیٰ ہرگز نہ ایماں لاوینگے ہم تیرے پر جب تک نہ دیکھیں

اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ○

خدارا آشکارا پس گرفت شمارا صاعقہ و شما مید یدید

اللہ کو سامنے پھر لیا تمکو بجلی نے اور تم دیکھتے تھے

ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (۵۶)

باز زندہ گردانیدیم شمارا پس از مردن شما تا شما شکرگزاری کنید

پھر جلایا ہمنے تمکو پیچھے موت تمہاری کے تو کہ تم شکر کرو

وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ

و سایباں ساختیم بر شما ابر را و فرود آوردیم بر شما من

اور سائباں کیا ہمنے اوپر تمہارے بادل کو اور اُتارا ہمنے اوپر تمہارے من

وَالسَّلْوٰى كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَمَا ظَلَمُوْنَا

و سلویٰ را گفتیم بخورید از پاکیزہائے آنچہ دادیم شمارا و ایشاں ستم نکردند برما

اور سلویٰ کھاؤ پاکیزہ اس چیز سے کہ دیا ہمنے تمکو اور نہ ظلم کیا انھوں نے ہمکو

وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝۵۵

ولیکن بر خویشتن ستم میکردند

ولیکن تھے وہ جانوں اپنی کو ظلم کرتے

۱۹ / ۸ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ

(و آں وقت کہ گفتید - اور یاد کرو جب کہا تم نے)

قُلْتُمْ، ماضی ج ح مصدر القول صف

(اے موسیٰ ہرگز باور نداریم بتو - اے موسیٰ ہرگز ہم یقین نکرینگے تیرا - یا ہرگز ایمان نہ لائیں گے تیرے کہے پر)

یہ مقولہ مومنین کا ہے اور نفی سے مراد نفی کمال ہے (لا یکمل ایماننا لك) مثل قولہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یومن احدکم حتی یحب لاخیہ المومن ما یحب لنفسہ۔

یا، حرف ندا - اس حرف کے ذریعہ سے مخاطب کو اپنی طرف متوجہ کیا جاتا ہے وہ دور ہو یا قریب۔

مُوْسٰى - یہ عمران بن یصہر بن قاہث بن لاوی بن یعقوب علیہ السلام کے بیٹے قبیلہ شموءہ کے آدمی ہیں ان کے نسب میں کوئی اختلاف نہیں اور یہ سریانی زبان کا اسم ہے وجہ تسمیہ یہ ہے کہ انکا صندوق درختوں کی شاخوں اور پانی میں اٹکا ہوا پایا گیا تھا چنانچہ قبطی زبان میں پانی کو "مو" اور درخت کو "شا" کہتے ہیں - حدیث صحیح میں انکی صفت یوں آئی ہے کہ وہ گندمی رنگ - دراز قامت گھونگر والے بالوں والے تھے ایکسو بیس سال زندہ رہے

لَنْ نُّؤْمِنَ، مضارع ج م منصوب مؤکد بلن

لَكَ، ل بمعنی اجل ای لاجل قولك و یا صلہ فعل

ل - ایمان بمعنی اقرار ای لن نقرلك اور یا اس لحاظ سے کہ ایمان معنی اقرار کو متضمن ہے اور یہ اس لئے کہ لفظ ایمان کبھی متعدی بنفسہ ہوتا ہے اور کبھی بواسطہ حرف با لیکن حرف لام اس کا صلہ

حتّٰی نَرَی اللّٰہَ جَھْرَۃً واِیمان بمعنی اقرار اے لن نقرّ لک (تاآنکہ بہ بینیم خدارا آشکارا) جب تک کہ دیکھ لیں اللہ کو سامنے۔ یا مگر اللہ کو سامنے دیکھکر۔	**حتّٰی** لہ حرف ناصب مضارع بتقدیر آن بمعنی غایۃ۔ یا الّا۔ **نَرٰی** مضـ ج م منصوب الرُّؤْیَتُہ وَالرَّاْیُ آنکھ سے دیکھنا۔ جاننا

نہیں آتا۔ اور اقرار کبھی حرف با اور کبھی حرف لام کے ساتھ متعدی ہوتا ہے اس صورت میں حضرت موسیٰ مقرّ لہ ہیں اور مقرّ بہ محذوف ہے وتقدیرہ ان اللہ تعالیٰ اعطاہ التوراۃ او ان اللہ تعالیٰ کلمہ فامرہ ونہاہ۔

لہ حتی۔ الیٰ کی طرح یہ بھی انتہائے غایت کا حرف ہے مگر بعض وجوہ سے متفرق ہیں (۱) حتی، محض اسم ظاہر کو جر دیتا ہے (۲) اور اس آخر مسبوق کو جو کئی اجزاء رکھتا ہے اور اس کا مجرور جزو اخیر کے ساتھ ملاقی ہے مثلاً قولہ تعالیٰ "سلام ھی حتی مطلع الفجر" کہ اس مثال میں حتی نے مطلع کو جر دیا ہے اور وہ رات کے آخری حصہ یعنی فجر سے ملاقی ہے (۳) اور وہ اپنے ماقبل فعل کے تھوڑا تھوڑا شروع ہو چلنے کا فائدہ دیتا ہے اور اسکے مقابلہ میں ابتدائے غایت کی ضرورت نہیں ہوتی اور اس کے بعد آن مقدرہ کے باعث سے مضارع منصوب واقع ہوتا ہے اور اس حالت میں مضارع منصوب مع ان مقدرہ کے دونوں مصدر مجرور کی تاویل میں ہوتے ہیں۔ پھر اس وقت حتی کے تین معنی آتے ہیں (۱) وہ مرادف الیٰ ہوتا ہے جیسے قولہ تعالیٰ حتے نری اللہ جھرۃ۔ ولن نبرح علیہ عاکفین حتی یرجع الینا موسیٰ میں یعنی اللہ کے دیکھ لینے اور موسیٰ کے واپس آجانے تک (۲) یہ کہ "کے تعلیلہ" کا مرادف ہوتا ہے مثلاً قولہ تعالیٰ وَلَا یزالون یقاتلونکم حتی یردوکم اور لا تنفقوا علی من عند رسول اللہ حتی ینفضوا) (۳) یہ کہ وہ استثنا میں اِلّا کا مرادف ہوتا ہے مثل قولہ تعالیٰ وَمَا یعلّمان من

تفسیر مظہری ج۱ ص ۱۲۰

اصل حتی الجمع ۱-۱ ص ۱۱ الاتقان ۔ ... ۔ ... ۔

سمجھنا مصدر ف مہموز العین ناقص
یاٰی - رای - یری - راءٍ مرئی - یری لا تر
جَھرَۃً، ظہور چیز بے تمامہ - پورے
طور پر شے کا ظاہر ہونا - اور دیکھنا - اصل میں
جہر آواز بلند کرنے کو کہتے ہیں شئی کو کمال ور دیکھنے
میں مجاز استعمال ہوا ہی لیکن راغب کا قول ہو کہ جہر
ظہور شئی بتمامہ وکمالہ کو کہتے ہیں ظہور بصری ہو خواہ سمعی
قال اللہ تعالیٰ رأیتہ جھاراً وقال ان تجھر بالقول
السر واخفی ۔ اور یا جہرہ جمع جاہر کے مثل فاسق فسقہ

فاخذتکم الصاعقۃ
(پس فرا گرفت شمارا صاعقہ - پھر پکڑ لیا
تمکو بجلی نے) ف مظہر ترتیب امر -
اخذت، ماضی ع - مونث الاخذ
پکڑنا - لے لینا - غالب ہونا - گھیر لینا -
اصل میں اخذ قبض بالید کو کہتے ہیں
مصدر ف - ض اَخَذَ - یاخذ
اٰخذ - ماخوذ - خذ - لاتاخذ
الصّاعقۃ، آواز سخت یا آگ یا
یا چمکار یا مراد جند سماوی -

وانتم تنظرون
(و شما می دیدید - اور تم دیکھتے تھے
ے وانتم تعلمون انہا تاخذکم
او المعنی وانتم تنظرون الجواب
السوال فی حصول الرویۃ لکم من
قولھم نظرت الرجل ای انتظرتہ
و - حالیہ - **تنظرون**، مضارع جمع حاضر معنی
ماضی باعتبار قصہ النظر دیکھنا حس کرنا
مصدر ف - ض نَظَرَ یَنظُرُ ناظِرٌ
مَنظُورٌ اُنظُر لَاتَنظُر

ثم بعثنٰکم
(باز برانگیختیم شمارا - یا زندہ گردانیدیم
شمارا - پھر اٹھایا ہم نے تمکو)
بَعَثنَا، ہشیار کیا ہم نے - اٹھایا -
ماضی ج م - البعث اثارۃ الشئی من
محلہ مردہ زندہ کرنا - بیدار اور ہشیار
کرنا - نیند سے اٹھانا مصدر ف
بَعَثَ یَبعَثُ بَاعِثٌ مَبعُوثٌ
اِبعَث - لَا تَبعَث -

من بعد موتکم
(پس از مردن شما - تمہارے مرنے
کے بعد)
من، دفیہ **موت**، بدن سے
روح حیوانی کا علیحدہ ہونا - نیند میں غافل

ہوجانا۔

(کہ شما شکرگزاری کنید تاکہ تم احسان مانو)

لَعَلَّ، بمعنی تعلیل مجرد عین المعنی۔

تَشْكُرُونَ، ج ح مضـ

(وسایبان ساختیم۔ اور سایہ کیا ہمنے)

ظَلَّلْنَا، ج م ماضـ التَّظْلِيلُ سایبان بنانا سایہ میں کرلینا مصدر تفعیل مضاعف

ظَلَّلَ يُظَلِّلُ مُظَلِّلٌ ظَلِّلْ لَاتُظَلِّلْ

(برشما ابررا۔ تمہارے پر ابر کو)

غَمَام جمع غمامہ رقیق سفید بادل ماخذ اسکا غم بمعنی ستر ہے اور بادل کو اسی لئے غم کہتے ہیں کہ وہ آسمان کو ڈھانک لیتا ہے ویا غمام اسم جنس ہے تائے وحدۃ کے زیادہ کرنے کے بعد مفرد کے معنی میں آتا ہے مثل حمامۃ وحمام والمعنی جعلنا الغمام علیکم ظلۃ۔

(وفرود آوردیم۔ اور اتارا ہمنے)

اَنْزَلْنَا، ج م ماضـ مصدر انزال۔

(برشما من وسلوی را۔ تم پر من اور سلوی)

مَنّ، ترنجبین یا ترنگبین وہ ایک میٹھی تری یا شبنم ہے جو درختوں اور پتھروں پر گوند کیطرح جمی ہوئی ملتی ہے۔ اور بعض جگہ بستہ ہوکر برف کی طرح گرتی ہے۔ لیکن عرف میں ہر اُس چیز کو مَنّ کہتے ہیں جو بلا مشقت طبخ و تکلیف زراعت کھانے کے لیئے دستیاب ہو مثل جنگل کے بیر اور وہ غلہ جو خودرو گھاسوں سے ملسکتا ہے۔

وفی الحدیث الكماۃ من المَنّ وماءھا شفاءٌ للعینین۔

اور من اسم جنس ہے اس کا واحد اس کے لفظ سے نہیں ہے

السَّلْوٰى، بروزن حبری ایک پرندہ ہے۔ جسے سمانی اور لوا بھی کہتے ہیں۔) یہ بھی اسم

تجنس ہے۔ اور واحد اس کا سلواۃ ہی
اور اس کا الف علامت تانیث نہیں
ہے ورنہ اس پر تا سے تانیث
داخل نہ ہوتی۔ اور کہا ہے سلوی
واحد ہے اور جمع اسکی سلاوی ہے
اور کہا ہے کہ اسکی جمع و واحد بلفظ
واحد ہے سدوسی لکھتے ہیں سلوی
لغت کنانہ میں عسل کو کہتے ہیں۔

كلوا من طيبات
(بخورید از پاکیزہا۔ کھاؤ ستھری چیزوں سے)
كلوا ج ح ص امر از اکل کھانا مصدر
ف۔ ض اکل یاکل اکل ماکول
کل۔ لا تاکل

من بیانیہ یا تبعیضیہ۔ طیبات۔ اشیائے
لذیذہ۔ مصرحات شرعیہ۔ جمع طیبہ
صفت مشبہ۔

ما رزقناكم
(آنچہ روزی دادیم شمارا۔ جو ہمنے دیا تمکو)
ما موصولہ۔ و عاید محذوف ہے۔
یا مصدریہ و مصدر بمعنی مفعول۔ رزقنا
روزی دی ہمنے حصہ معین کیا ہمنے
ماضی ج م مصدر الرزق صف

وما ظلمونا
(و ایشان ستم نکردند برما۔ اور کچھہ
نقصان نہیں دیا انہوں نے ہمکو)
عطف بر محذوف۔ اے فعصوا
ولم یقابلوا النعم بالشکر و ظلموا
بان کفروا ھذہ النعم وما
ظلمونا بذلک وفی ھذا دلیل
علی انہ لیس من شرط نفی الشئی
عن الشئی امکان وقوعہ لان
ظلم الانسان للہ تعالیٰ لا یمکن
وقوعہ البتۃ۔
ما ظلموا ماضی ج ع منفی مصدر
الظلم صف
نا ضمیر جمع متکلم مظہر تعظیم فاعل

ولكن كانوا انفسهم يظلمون
ولكن حرف استدراک۔
(بر نفسہا سے خود ستم میکردند۔ اپنے
پر ہی ظلم کرتے رہے۔)
انفس جمع قلت نفس مظہر تحقیر
كانوا يظلمون۔ ظلم کرتے تھے

یا ظلم کرتے رہتے تھے۔ ماضی ج ع
استمراری مصدر ظلم۔ صف

التركيب

و۔ اذ، ظرفیہ۔ قلتم، فعل با فاعل
یا، حرف ندا۔ موسیٰ، منادی
لن نؤمن، فعل با فاعل
لك، ... ظرف لغو
حتی نری اللہ جھرۃ،
ظرف دوم
حتی، حرف جار۔ نری فعل با فاعل
اللہ، ... ذو الحال
جھرۃً، ... حال

اے نری اللہ ظاہراً معاینا غیر
مستور۔

ویا جھرۃً ضمیر فاعل سے حال ہے
اے نری اللہ ظاہرین ویا حال ہے
ضمیر قلتم سے اے قلتم ذلك
مجاہرین ویا جھرۃً صفت ہے مفعول مطلق قلتم
قلتم کذا قولاً جھرۃ۔ ویا مفعول مطلق ہے
فعل محذوف کا ای جھر جھرۃ ویا مفعول مطلق ہے نری

غیر لفظ سے۔ موکد مزیل احتمال
رویۃ منامی درویۃ علمی قلبی
اس صورت میں جھرۃ صفات
رویۃ میں سے ہے۔

ف۔ اخذت، فعل
الصاعقۃ، فاعل
کم، ... ذو الحال
وانتم، ... مبتدا
تنظرون، حال
جملہ فعلیہ خبر

اے وانتم تعلمون انہا
تاخذکم اذا نتم یقابل
بعضکم بعضاً۔

ثم بعثنا، ... فعل با فاعل
کم، ... مفعول
من، ... جار
بعد موتکم، ... مجرور
لعلکم، حرف مشبہ بفعل مع اسم
تشکرون، جملہ فعلیہ خبر

وظللنا ۔ ۔ ۔ ۔ فعل با فاعل
عَلَيْكُمُ ۔ ۔ ۔ ظرف لغو
الغمام ۔ ۔ ۔ ۔ مفعول
(معطوف علیہ ظللنا)

وَ اَنْزَلْنَا ۔ ۔ ۔ ۔ فعل با فاعل
عَلَيْكُمُ ۔ ۔ ۔ جار مجرور ظرف لغو
الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى مفعول
(معطوف انزلنا علیکم)

كُلُوا مِنْ طَيِّبَاتِ
مَا رَزَقْنٰكُمْ ۔ ۔ ۔ ۔
(جملہ فعلیہ انشائیہ)

طَيِّبَاتِ ۔ ۔ مضاف
مَا ۔ ۔ ۔ ۔ موصولہ
رَزَقْنٰكُمْ ۔ ۔ صلہ
ای رزقناکموہ۔
(مضاف الیہ ۔ بیان ما)

وَ مَا ظَلَمُوا ۔ ۔ فعل با فاعل
نَا ۔ ۔ ۔ ۔ مفعول
(جملہ فعلیہ)

كَانُوا اَنْفُسَهُمْ
يَظْلِمُونَ ۔
(جملہ استدراکیہ)

ف ۔ وَاِذْ قُلْتُمْ يَا مُوسٰى ۔ الخ ان آیات میں بنی اسرائیل کی ہٹ دھرمی اور خداوند تعالیٰ کی عنایت کا ذکر ہے کہ حضرت موسیٰؑ نے قوم کی درخواست کیموافق آسمانی کتاب لا دی اور شریعت کی پابندی پر مصر ہوئے تو انہوں نے ایک اور حیلہ نکالا کہنے لگے ۔ اے موسیٰ ہم تیرے کہنے پر یقین نہیں لاتے جب تک کہ ہم خود خداوند کو نہ دیکھ لیں اور ہمیں یقین نہ ہو جائے کہ یہ کلام کلام خدا ہے انکی اس درخواست پر حضرت موسیٰ علیہ السلام قوم کے ستر برگزیدہ آدمی لیکر طور پر گئے اور عرض کی کہ اے مالک اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا فِىْ قُلُوْبِنَا

لہ ۔ استفاد حرت جرمثل ظللت علی فلان بالرداء او بلا اسقاط و معنی جعلنا الغمام ظلة علیکم

عہ کانہ قیل فما فعلوا بعد ذلك فقیل فکفروا تلك النعم وما ظلمونا بذلك الکفران بل ظلموا علی انفسهم ۔

یہ لوگ تیرے دیکھنے اور تیرا کلام سننے کی خواہش رکھتے ہیں۔ مگر چونکہ قومی درخواست محض حیلہ سازی اور موسیٰ علیہ السلام کی باتوں پر اعتماد نہ کرنے کی وجہ سے تھی اور فی الواقع نہ انہیں کلام خدا سننے کی آرزو تھی اور نہ خداوند عالم کے دیکھنے کا شوق تھا لہذا ایک بجلی سی چمکی اور یہ سب کے سب دہشت زدہ ہو کر بے حس و حرکت ہو گئے۔ لیکن حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا پر یہ دوبارہ زندہ ہو گئے۔ اے بنی اسرائیل یہ اسلیئے کہ ہماری عظمت و جلال کا اقرار کریں اور اس احسان کے مشکور رہیں۔

بعض مفسرین نے کہا ہے کہ لَنۡ نُّؤۡمِنَ لَكَ انھیں ستر اشخاص کا مقولہ ہے جو حضرت موسیٰؑ کے ساتھ طور پر گئے تھے اس آیت کی تفسیر میں سلف کے دو قول ہیں (۱) محمد بن اسحاق فرماتے ہیں۔ کہ جب حضرت موسیٰ پہاڑ سے واپس آئے اور قوم کو گوسالہ پرستی میں مبتلا پایا تو اس پر انہوں نے قوم کو لعنت ملامت کی اور وہ اپنی ناشائستہ حرکت پر نادم ہوئے اور اس امر کی انہیں فکر ہوئی کہ اللہ سے اپنا قصور معاف کرائیں۔ اس کام کے لئے جب آں حضرت طور پر جانے کے لئے تیار ہوئے تو بنی اسرائیل نے کہا مزید اطمینان کے لئے ہم چاہتے ہیں کہ چند آدمی ہماری طرف سے بھی آپکے ہمراہ طور پر جائیں وہ بھی اللہ کے کلام کو سنیں۔ چنانچہ اسی اصرار پر حضرت موسیٰ نے ستر آدمی قوم سے منتخب کئے۔ (۲) سدی کہتے ہیں یہ واقعہ قصہ قتل کے بعد کا ہے جب بنی اسرائیل گوسالہ پرستی کی سزا میں قتل ہو چکے تو اللہ کا حکم ہوا کہ موسیٰ چند آدمیوں کو ہمراہ لیکر طور پر آویں اور باقیماندوں کی

خطا اللہ سے معاف کرائیں - چنانچہ حضرت موسیٰؑ ستر آدمیوں کو ہمراہ لیکر طور پر تشریف لے گئے - جب وہاں پہونچے اور کلام کا وقت ہوا تو حضرت موسیٰؑ اور قوم کے آدمیوں میں ایک بادل کا ٹکڑا حائل ہوگیا جس سے وہ لوگ حضرت موسیٰؑ کو دیکھ نہ سکتے تھے انہوں نے کلام کو تو سُنا - لیکن کہنے لگے ہم اسپر اعتبار نہیں کرتے - جب تک ہم اللہ کو علانیہ آنکھوں سے نہ دیکھ لیں - ۱۲ (اکسیر)

ف ۲ - وظللنا الخ اس آیت میں خداوند تعالیٰ کی مزید عنایت کا ذکر ہے اور اس انعام کا اظہار ہے جو بنی اسرائیل پر اس حالت میں انعام کیا گیا ہے جبکہ وہ نافرمانی کے عذاب میں گرفتار تھے - فرعون کے غرق ہونے اور توریت مقدس کے عطا ہونے کے بعد موسیٰ علیہ السلام نے بذریعہ وحی بیت المقدس کا ارادہ کیا - یہ شہر اسوقت بنی عمالقہ کے قبضہ میں تھا - مگر بنی اسرائیل کو اس طرف بڑھنے کی جرأت نہ ہوئی - کیونکہ فرعون کی غلامی نے زبانی حجت کے سوائے دلیری ہمت شجاعت اور غیرت کے جوہروں سے انہیں خالی کردیا تھا اور آخر کار اس انکار سے مورد غضب الٰہی ہوکر چالیس سال تک تیہ کے لق ودق جنگل میں بھٹکنے کے مستحق ٹھہرائے گئے اس ریگستان میں جب آفتاب کی گرمی سے تنگ آگئے تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان کی تکلیف کے دفعیہ کے لئے ہمسے التجا کی - تو اے بنی اسرائیل ہمنے اس حالت غضب اور محل انتقام میں بھی حضرت موسیٰ کی دعا اور قوم کی تباہ حالت پر رحم کیا اور اُن پر سفید پتلے بادلوں کا سایہ

سایہ کردیا۔ اسی طرح جب اُن کے پاس کھانے کے لئے ذخیرہ نہ رہا اور بھوکے مرنے لگے۔ تو ہمنے اپنی مہربانی سے ایک قسم کے پرندوں کو انکے لئے مسخر کردیا یہ لوگ ان کو آسانی سے پکڑ لیتے اور بھون کر یا کباب بنا کر کھالیتے اور اس کے ساتھ خوش ذائقہ شیرینی بھی معین کردی تھی جو آخر رات سے صبح تک اُن پر برف کی طرح برسا کرتی تھی۔ اور جم جاتی تھی صبح اُٹھ کر ہر ایک شخص اپنی اپنی خواہش کے موافق اُسے جمع کرلیتا۔ اے بنی اسرائیل کہو اس نافرمانی سے اُنھوں نے کچھ ہمارا بھی نقصان کیا ہے؟ نہیں بلکہ اپنے ہی پر انہوں نے ظلم کیا ہے۔ ۱۲

ف۳۔ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى۔ مَنّ تحقیق حکماء یہ ہے کہ جب بخار و دخان زمین سے الگ الگ آسمان پر چڑھتے ہیں تو اُن سے بادل۔ بجلی۔ کڑک۔ شہب وغیرہ پیدا ہوتے ہیں اور اگر ملکر اوپر چڑھیں اور دخان لطیف و رطوبت غالب ہو اور عمل حرارت بھی باعتدال ہو۔ تو اس امتزاج سے شیرینی پیدا ہوتی ہے اور برف کی طرح زمین پر برستی ہے اسے ترنجبین کہتے ہین۔ اور اگر اس مرکب میں یبوست غالب ہے اور عمل حرارت باعتدال تو اسے خشک انجبین کہتے ہیں اور اگر رطوبت و یبوست دونوں غالب ہوں اور عمل حرارت اعتدال سے ہو تو اسے شیر خشک و شیر خشت بولتے ہیں۔ لیکن اگر بخار و دخان دونوں لطیف ہوں اور حرارت معتدلاً اس میں عمل کرے تو اس مرکب کو من کہتے ہیں اور اگر حرارت مغلوب یا معدوم ہو تو اسے طلول فاسدہ یا شبنم متعارف

کہتے ہیں جسکا کوئی طعم اور مزہ نہیں ہوتا مگر اصطلاح اطبا میں عموماً ہر اُس
شبنم کو من کہتے ہیں جو درخت یا پتھر پر گر کر جم جائے اور طعم و مزاج
بھی رکھتی ہو مثل ترنجبین و شیر خشت و گز انگبین و بید انگبین۔

سلویٰ - یہ ایک بھوسلے رنگ کا پرندہ ہے عرب میں اسکو سمانیٰ بروزن حباری کہتے
ہیں اور بارس میں آرد ہی بعضوں نے کہا ہے کہ ہندی میں اسکو لوا کہتے
ہیں۔ مگر یہ صحیح نہیں کیونکہ اس کی عام پیدائش کا مقام سواحل سمندر ہی ہے
اور یہ نہایت ضعیف القلب ہوتا ہے یہاں تک کہ سخت آواز اور رعد کی کڑک
سے مر جاتا ہے اسلئے اسکو قتیل الرعد بھی کہتے ہیں (عزیزی)

وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا

و آن وقت که گفتیم | در آئید | دریں | ده | پس بخورید از آن

اور جب کہا ہمنے | داخل ہو | اس گاؤں میں | پس کھاؤ اس سے

حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا

با فراخی هر جا که | خواهید | خوردنی گوارنده | و در آئید بدروازه | سجده کنان

جہاں | چاہو تم | با فراغت | اور داخل ہو دروازے میں | سجدہ کرتے ہوئے

وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ ۚ وَسَنَزِيْدُ

و بگوئید سوال ما آمرزش است | تا بیامرزیم شما را | گناهان شما | و زیاده خواهیم داد

اور کہو بخشش مانگتے ہیں ہم | بخشیں گے ہم | واسطے تمہارے خطائیں تمہاری | اور البتہ زیادہ دینگے ہم

الْمُحْسِنِيْنَ ۝ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا

نیکو کاراں را | پس بدل کردند | کسانیکه ستمگار بودند سخنے

نیکی کرنے والوں کو | پس بدل ڈالا | ان لوگوں نے جنہوں نے ظلم کیا تھا بات کو

غَيْرَ الَّذِي قِيلَ لَهُمْ فَأَنزَلْنَا عَلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا

بجز آنچہ فرمودہ شد ایشانرا پس فرود آوردیم برآں ستمگاراں

سوائے اسکے جو کہی گئی تھی واسطے انکے پس اُتارا ہمنے اوپر ان لوگوں کے کہ ظلم کرتے تھے

رِجْزًا مِّنَ السَّمَاءِ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ○

عذاب از آسمان بسبب بدکار بودن ایشاں

عذاب آسمان سے بسبب اسکے کہ تھے فسق کرتے۔

(واں وقت کہ گفتیم اور یاد کرو جب کہا ہمنے) خطاب لیہود اے اذکروا وقت قولنا لاباءکم اَوْ خطاب لمحمد صلے اللہ علیہ وسلم۔

اِذْ، منصوب بروجہ ظرفیۃ یا بروجہ مفعولیۃ

قُلْنَا، ماضی ج م مصدر القول صف

(در آئید بدیں دہ۔ آؤ اس گاؤں میں)

اُدْخُلُوا۔ داخل ہو صیغہ ج ح امر الدخول

لہ۔ قریہ اگر یہ واقعہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی میں ہوا ہی تو اس سے غالباً اریحا مراد ہے کیونکہ آپکی موجودگی میں بنی اسرائیل بالاتفاق بیت المقدس میں داخل نہیں ہوئے۔ اور اریحا اسوقت عمالقہ کے قبضہ میں تھا۔

والدّخول والمَدْخَل داخل ہونا۔ گھسنا مصدر ف۔ ض

دَخَلَ۔ يَدْخُلُ۔ دَاخِلٌ۔ مَدْخُولٌ

اُدْخُلْ۔ لَا تَدْخُلْ۔

اَلْقَرْيَةَ، اسم مکان۔ مراد بیت المقدس یا اریحا جمع قریٰ علی غیر قیاس ور قیاساً مثال اسکی ظبیۃ وظبیاء سے ماخذ قَرْء بمعنی جمع وَالقریۃ سمیت قریۃ لانہا مجمع اَھلہا۔

(پس بخورید از آن۔ اور کھاؤ اس سے)

ف، جواب اذ۔ کلوا صیغہ ج ح امر مصدر الاکل۔

حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا

مِنْ، ابتدائیہ یا تبعیضیہ۔
(از ہر جا کہ خواہید - جہاں چاہو)
حَيْثُ، ہر جگہ ظرف مکان مبہم مفید تعمیم[1]
شِئْتُمْ، ماضی ج مصدر المَشِيئَةُ
وَالمَشِيءُ۔
(گوارندہ - محظوظ ہوکر - بافراغت)
(و در آئید بدروازہ سجدہ کناں - اور
داخل ہو دروازہ میں سجدہ کرتے ہوئے)
اُدْخُلُوا، مر ج ح امر الباب، ال
عہد خارجی یا ذہنی - و مراد باب مسجد
جسکو عبادت کے لیئے حضرت موسیٰ
علیہ السلام و ہارون علیہ السلام نے دشت
تیہ میں بنایا ہے - یا اُس شہر کا کوئی ایک
دروازہ - اگر یہ شہر بیت المقدس ہے

تو اس باب سے وہ دروازہ مراد ہے
جسکو آجکل بھی باب حطہ کہتے ہیں
حضرت ابن عباسؓ سے منقول ہے
کہ وہ اس کے آٹھ دروازوں میں سے
ایک دروازہ ہے جسکو آجکل باب التوبہ
کہتے ہیں مراد اس سے باب القبۃ ہی
جس میں حضرت ہارون و حضرت موسیٰ
علیہما السلام عبادت کیا کرتے تھے اور
جو کہ تیہ میں قبلۂ بنی اسرائیل تھا۔
سُجَّدًا، جمع ساجد یعنی سجدہ کرکے داخل
ہونا - یا داخل ہونے کے بعد سجدہ کرنا
قال وهب في تفسيره اذا دخلتموه
فاسجدوا شكرًا لله على ما انعم
عليكم۔

---

[1] حیث ظرف مکان ہے اخفش کہتا ہے کہ یہ ظرف زماں بھی واقع ہوتا ہے اور مشابہت غایات کی وجہ سے مبنی علی الضم پڑھا جاتا ہے کیونکہ جملوں کی طرف اضافت کرنا ایسا ہے جیسا کہ اضافت ہوئی ہی نہیں اسیواسطے زجاج نے قولہ تعالیٰ "مِن حيث لا ترونهم" کے بارے میں کہا ہے کہ حیث کا مابعد اس کا صلہ ہے اور اسکی جانب وہ مضاف کبھی نہیں ہے پس وہ جملہ مابعد حیث کے لئے صلہ ہے یعنی ایک زائد جملہ متعلقہ کے طور پر جو اسکا جزو نہیں ہے ۔۱۲

(وگوئید دور کن از ما گناہان ما را - اور کہو ہم بخشش اور گناہوں کی معافی مانگتے ہیں -

قُوْلُوْا ج ام ح حِطَّةٌ بروزن فِعلۃ مثل جلسۃ مصدر ہے اور رفع اسکا اثبات اور دوام کے لیئے ہے -

(معاف کر تمام گناہ ہمارے سب کی سب) اے شانك یا ربنا ان تحط عنا ذنوبنا - وقیل معنی توبۃ

(بیامرزیم گناہانِ شمارا - ہم بخشدینگے تمکو تمہاری تقصیریں)

نَغْفِرْ، ج م مضـ مجزوم بجواب امر یا جزاے شرط مرتبط باد خلوا -

اَلْمَغْفِرَۃُ - وَالْغَفْرُ - وَالْغُفْرَانُ گناہ معاف کرنا مصدر ف ک ک ف - غَفَرَ - یَغْفِرُ - غَافِرٌ - مَغْفُوْرٌ اِغْفِرْ - لَا تَغْفِرْ -

خَطَایَا - اصل خَطَایِئُ بروزن ذبائح تقصیرات وگناہ وجرائم -

(وزیادہ خواہیم داد نیکوکاران را - اور زیادہ دیں گے ہم نیکی کرنیوالوں کو)

سَنَزِیْدُ، ج م مضـ موکد بحرف سین[۵۲] اَلزِّیَادَۃُ - بڑھنا زیادہ ہونا مصدر ف ک - اجوف - زَادَ - یَزِیْدُ - زَائِدٌ - مَزِیْدٌ - زِدْ - لَا تَزِدْ

اَلْمُحْسِنِیْنَ - جمع مکسر مُحْسِن صفت مشبہ

خطایٰکم - نغفر لکم - حطۃ - وسنزید المحسنین

۵۱ - خطایا - اصل خَطَایِئُ بروزن ذَبَائِحُ - اُبدِلت الیاء الزائدۃ ھمزۃ واجتمعت الھمزتان فابدلت الثانیۃ یاءً عند سیبویہ وعند الخلیل قدمت الھمزۃ علی الیاء فصار خطائی وعلی التقدیرین ابدلت الیاء الفاً وکانت الھمزۃ بین الفین فابدلت یا ۱۲

۵۲ - حرف سین - یہ حرف ہے اور اس کا دخول مضارع کے لیئے خاص ہے اور جب یہ مضارع پر داخل ہوتا ہے تو اسکو خالص استقبال کے معنی میں کر دیتا ہے پھر خود بمنزلہ اسکے ایک جزو کے ہو جاتا ہے اسی واسطے اسکو مضارع میں کوئی عمل نہیں دیا گیا - اہل بصرہ کہتے ہیں کہ "سوف" کے ساتھ آنے کے مقام

فَبَدَّلَ
(پس بدل کردند - پھر بدل دیا -)
ف - تعقیبیہ بَدَّلَ، ماضی ا - ع
اَلتَّبْدِيْلُ - بدل دینا مصدر
تفعیل - بَدَّلَ - يُبَدِّلُ مُبَدِّلٌ
بَدِّلْ - لَا تُبَدِّلْ -

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا
(آنانکہ ستمگار بودند - وہ جو بے انصاف ہیں - یا جنہوں نے ظلم کیا -)
پیروان شریعت اور وہ لوگ جن کے اخلاق و عادات شرعًا و عقلًا تحسین کے قابل ہوں -

قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ
(سخن را غیر آنکہ گفتہ شدہ بود بایشان)
اس بات کو سوائے اسکے جو کہی گئی تھی انکو)
غَيْرَ، اسم شدید الابہام لازم الاضافۃ
قِيْلَ، ماضی ا - ع مجہول -
ل، زائدہ صلہ فعل -

بقیہ از صفحہ ۳۱۹ -
میں اگر فعل مضارع "سین" کے ساتھ وارد کیا جائے تو اس میں بہ نسبت "سوف" کے استقبال کی مدت زیادہ تنگ ہوتی ہے اور اصطلاح نحوین اسکو حرف تنفیس کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں - اور اس کے معنی توسیع (وسعت دینے) کے ہیں کیونکہ "سین" فعل مضارع کو ایک بہت تنگ زمانہ یعنے حال سے دوسرے وسیع زمانہ یعنی استقبال کی طرف منتقل کرلے جاتا ہے زمخشری نے کہا ہے کہ جبوقت حرف سین کسی محبوب یا مکروہ فعل پر داخل ہوتا ہے تو اسبات کا فائدہ دیتا ہے کہ وہ فعل لامحالہ واقع ہوگا اور کہا ہے کہ حرف سین فعل کے حاصل ہونیکے وعدہ کا فائدہ دیتا ہے لہذا اس کا کسی ایسے کلام میں داخل ہونا جس سے وعدہ یا وعید کا فائدہ حاصل ہوتا ہے اس کلام کی توکید کا موجب ہوگا اور اسکے معنی کو ثابت کریگا - پس سنزید المحسنین میں سین کے معنی یہ ہیں کہ یہ بات لامحالہ ہونے والی ہے - جیسے قولہ تعالیٰ " سیرحمہم اللہ " میں کہا گیا ہے - کہ سین - رحمت کے لامحالہ وجود میں آنیکا فائدہ دے رہا ہے یا یہ کہ سین وعدہ رحمت کی تاکید اور اسکی تثبیت ہے - (خلاصہ مطولات)

فَاَنْزَلْنَا (پس فرود آوردیم۔ پھر نازل کیا ہمنے)

اَنْزَلْنَا۔ مضی ج م مصدر اَلْاِنْزَالُ

عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا (بر آنانکہ ستم کردند۔ اُنپر کہ ظلم کرتے تھے۔)

اَلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا۔ کررہ مبالغۃً فِيْ تَقْبِيْحِ اَمْرِهِمْ۔

رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ (عذابے از آسمان۔ ناگہانی عذاب یا آسمان سے عذاب سخت)

رِجْزًا، بالکسر وبالضم عذاب و سختی

مِنْ، ابتدائیہ ظرفیہ۔

بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ (بہ سبب آنکہ فسق می کردند۔ یا بسبب بدکار بودن ایشان۔ اسوجہ سے کہ وہ فسق کرتے تھے۔ یا عدول حکمی کے باعث)

بما۔ ب، سببیہ۔ ما مصدریہ والمعنی اَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا عذابا مقدرا بسبب کونهم مستمرین علی الفسق فی الزمان الماضی۔

كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ، ماضی استمراری ج

اَلْفِسْقُ بھلائی اور خیر کی راہ سے ہٹنا شرعی احکام کی پابندی نہ کرنا۔ مصدر ف ک۔ ف۔ ض فَسَقَ۔ يَفْسُقُ۔ فَاسِقٌ۔ مَفْسُوْقٌ۔ اُفْسُقْ۔ لَاتَفْسُقْ

وَاِذْ قُلْنَا

وَ۔ اِذْ، ظرفیہ قُلْنَا، فعل با فاعل

اُدْخُلُوْا، ... فعل با فاعل

هٰذِهِ، اسم اشارہ موصوف

الْقَرْيَةَ، با صفت یا عطف بیان

فَ۔ كُلُوْا ... فعل با فاعل

مِنْهَا، جار مجرور ظرف لغو

حَيْثُ ... مضاف

شِئْتُمْ، جملہ فعلیہ مضاف الیہ

رَغَدًا۔ حال۔ ضمیر فاعل كُلُوْا۔

وَ۔ اُدْخُلُوْا، ... فعل با فاعل

الْبَابَ، ... مفعول فیہ

سُجَّدًا[1]، حال ضمیر فاعل اُدْخُلُوْا

---

[1] سُجَّدًا ادخلوا کی ضمیر فاعل سے حال ہے بمعنی انی ادخلتم الباب وقد سجدتم قبل دخوله یا حال مقدرۃ

و- قولوا ...... فعل با فاعل
حِطَّةٌ ۔ خبر مبتدای محذوف
سوالنا۔ محذوف مبتدا
نَغْفِر ...... فعل با فاعل
لَكُمْ جار مجرور ظرف لغو
خَطَايَا ...... مضاف
كُمْ ...... مضاف الیہ

اسے ان تقولوا ھذا نغفر لکم خطٰیکم

وَسَنَزِيْدُ ...... فعل با فاعل
الْمُحْسِنِيْنَ ...... مفعول اول
ثَوَابًا ...... مفعول دوم

ف- بَدَّلَ ...... فعل
الَّذِيْنَ ...... موصول
ظَلَمُوْا جملہ فعلیہ صلہ
قَوْلًا ، موصوف ......
غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ صفت
با لَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ محذوف مفعول (۲)

اسے فبدل الذین ظلموا بالذی قیل لھم قولا غیر الذی قیل لھم کیونکہ بدّل دو مفعولوں کی طرف متعدی ہوتا ہے ایک کی طرف بنفسہ اور دوسرے کی طرف بواسطہ حرف با۔ (ب)

۵- حطّة خبر مبتدا اسے محذوف دیا مع اسکا دوام اور اثبات کے لئے نصب سے بدلا ہوا ہے اور وہ دراصل مصدر ہے تقدیر عبارت یہ ہے حُطَّ عَنَّا حِطَّةً۔

۶- وسنزید الخ جملہ جواب شرط نہیں اس لیے مجزوم نہیں کیونکہ محسنین کے ثواب کی زیادتی اس شرط کے وجود پر موقوف نہیں۔ اور مجرمیں کی معافی مشروط بشرط ہے اور اس میں حرف سین مبالغہ کے لیئے ہے جو نفس کی قطعیت پر دلالت کرتا ہے۔ گویا محسنین کو زیادتی ثواب کا وعدہ کیا گیا ہے ۱۲ (بیضاوی)

غیر ...... مضاف
اَلَّذِیْ ... موصول
قِیْلَ لَھُمْ، جملہ فعلیہ صلہ
ف۔ اَنْزَلْنَا ..... فعل با فاعل
عَلٰی۔ جار۔ اَلَّذِیْنَ، موصول
ظَلَمُوْا، جملہ فعلیہ۔ صلہ

رِجْزًا ... موصوف
مِنَ السَّمَآءِ، متعلق کائنا
بِمَا کَانُوْا یَفْسُقُوْنَ۔ ...... متعلق دوم
مِنْ ... جار
السَّمَآءِ ..... مجرور } متعلق بہ اَنْزَلْنَا

ف۔ وَاِذْ قُلْنَا۔ الخ۔ اِن آیات میں خداوند تعالیٰ کی ایک دوسری عنایت کا ذکر ہے یہ وہ وقت ہے جبکہ بنی اسرائیل تیہ کے جنگلوں میں خانہ بدوش ہیں۔ حضرت موسیٰ وہارون علیہما السلام کا انتقال ہوچکا ہے اور بقیہ قوم حضرت یوشع علیہ السلام کے ساتھ ہے۔ خلاصہ مضمون یہ ہے کہ جب بنی اسرائیل خانہ بدوشی اور دشت نوردی سے عاجز ہوگئے اور پیغمبر وقت کے ذریعہ سے کسی شہر میں اُترنے کی التجا کرنے لگے۔ تو اُنکی حالت زار پر ہم نے رحم کیا۔ اور انکے پہلے جرم کی سزا معاف کرکے ایک شہر میں اُترنے کی اجازت دیدی۔

ف۲۔ فَبَدَّلَ الَّذِیْنَ۔ الخ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی حیات میں تو بنی اسرائیل نے کسی شہر کو فتح نہیں کیا اور نہ کوئی ایسا گاؤں آباد کیا ہے جہاں واپس جانے اور اسمیں رہنے کی اُنہیں آرزو ہوئی لیکن حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد جب خلیفہ قوم حضرت یوشع[۵] علیہ السلام ہوئے۔ تو اُنھوں نے بنی اسرائیل

ف۵ حضرت یوشع علیہ السلام جناب حضرت یعقوب علیہ السلام کے فرزند حضرت یوسف علیہ السلام کی اولاد سے ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اصحاب کبار سے ہوئے ہیں۔ بعد وفات حضرت موسیٰ

فتح شام کی ترغیب دیکر بنی عمالقہ سے جہاد کرنے پر آمادہ کر لیا اور بتائید الٰہی کنعان کے چند شہر فتح بھی کر لئے۔ پہلا شہر جو فتح ہوا ہے غالبًا وہ اریحا تھا اس شہر میں داخل ہونے سے پہلے حضرت یوشع علیہ السّلام نے اپنے ہمراہیوں سے یہ وعدہ لے لیا تھا۔ کہ وہ اس فتح کو اپنے قوت بازو اور شجاعت کا نتیجہ نہ سمجھیں بلکہ اس عمیم الاحسان مالک الملک کا احسان مانکر شہر میں داخل ہوتے ہوئے سجدہ شکر بجا لائیں۔ خداوند عالم سے اپنے گناہوں کی معافی اور استقامت امر دین کی دعا مانگیں اور آیندہ ہمیشہ کے لئے احکام حقہ اور شریعت غرا کی پیروی کریں۔ لیکن بنی اسرائیل نے تھوڑے ہی دنوں بعد سب کچھ بھلا دیا فتح شہر کو اپنی قوت و جوانمردی کا نتیجہ سمجھکر اترانے لگے۔ پیغمبر وقت کی اطاعت کو چھوڑ دیا عیش و عشرت اور نفسانی خواہشوں میں منہمک ہو گئے۔ آخر کار ان کی نافرمانی اور فسق و فجور کی سزا میں دوبارہ غضب الٰہی اُن پر نازل ہوا جس سے فتح کئے ہوئے ملک اُن کے ہاتھ سے نکل گئے اور قوم کچھ تو آپس میں لڑکر مر گئی اور کچھ وبا سے تباہ ہو گئی اور بقیہ ذلیل و خوار ہو کر آوارہ ہو گئے۔

———— ۱۰ع ————

(بقیہ نوٹ صفحہ ۳۲۳) علیہ السلام آپ سردار قوم مقرر ہوئے شام میں بنی اسرائیل کی بادشاہت آپ ہی نے قایم کی ہے۔ آپ نے اٹھائیس برس خلافت کی ہے آپکی عمر ایک سو دس برس کی ہوئی ہے۔ ۱۲

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ

وآں وقت کہ آب خواست موسیٰ برائے قوم خود پس گفتیم بزن بعصائے خود

اور پانی مانگا موسیٰ نے واسطے قوم اپنی کے پس کہا ہم نے مار تو ساتھ عصا اپنے کے

الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا قَدْ عَلِمَ

سنگ را پس رواں شد از سنگ دوازدہ چشمہ بدانست

پتھر کو پس پھوٹ نکلے اس میں سے بارہ چشمے تحقیق جانا

كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ

ہر قوم آبخورد خود را گفتیم بخورید و بنوشید از روزی خدا

ہر آدمی نے گھاٹ اپنا کھاؤ اور پیو رزق اللہ کے سے

وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ وَاِذْ قُلْتُمْ

و فساد مکنید در زمین تباہی کناں و آں وقت کہ گفتید

اور مت پھرو بیچ زمین کے فساد کرتے ہوئے اور جب کہا ہم نے

يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا

اے موسیٰ ہرگز شکیبائی نکنیم بریک طعام پس بطلب برائے ما

اے موسیٰ ہرگز نہ صبر کرینگے ہم اوپر کھانے ایک کے پس مانگ واسطے ہمارے

رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ مِنْۢ بَقْلِهَا

از پروردگار خود تا بیروں آرد برائے ما از جنس کہ میرویاندش زمین از ترہ وے

پروردگار اپنے سے نکالے واسطے ہمارے اس چیز سے کہ اگاتی ہے زمین ساگ اسکے سے

وَقِثَّآئِهَا وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ؕ

و بادرنگ وے و گندم وے و عدس وے و پیاز وے

اور ککڑی اسکی سے اور گیہوں اسکی سے اور مسور اسکی سے اور پیاز اسکی سے

وَاِذِ اسْتَسْقٰی

(اور اُس وقت کہ آب خواست - اور یاد کرو جسوقت کہ پانی مانگا -

اِذْ ، اسم ظرف مکان متعلق بفعل محذوف

اِسْتَسْقٰی ، ماضی - اِسْتِسْقَاءٌ پانی مانگنا مصدر اِسْتِفْعَال ناقص - اِسْتَسْقٰی - یَسْتَسْقِیْ - مُسْتَسْقٍ اِسْتَسْقِ - لَا تَسْتَسْقِ - حرف سین بمعنی طلب بر وجہ دعا -

مُوسٰی لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ

(موسیٰ نے بہر قوم خود - موسیٰ نے اپنی قوم کے لئے)

لِقَوْمِهٖ ، اے لِاَجْلِ قَوْمِهٖ متعلق بفعل

(پس گفتیم بزن - پھر ہمنے کہا مار)

فَ ، جواب اِذْ - قُلْنَا ، ماضی ج م صیغہ متکلم -

اِضْرِبْ ، امر ح م مصدر الضرب

بِعَصَاكَ الْحَجَرَ

(بعصائے خود سنگ را - و با عصائے خود پتھر کو یا اپنے عصا سے پتھر کو)

بِ ، صلہ عَصَا ، اصل عَصَوٌ الف - واو سے بدل دیا ہے یقال عصوتہ اے ضربتہ بالعصا ، لاٹھی لاٹھی - اس کا تثنیہ عصوان آتا ہے اور جمع اَعْصٍ علی وزن اَفْعُلٌ و عِصِیٌّ علی فُعُوْلٍ آتی ہے -

اَلْحَجَرَ ، ال عہدی و مراد حجر طور جسکو وہ اپنے ساتھ لائے تھے - اور یا عام پتھروں سے کوئی پتھر جمع - اَحْجَارٌ و حِجَارٌ

فَانْفَجَرَتْ

(پس رواں شد از آن - پھر بہ نکلے اُس سے)

فَ ، تعقیبیہ اے فضربہ بالعصا فانفجرت منه یا ان ضربت فانفجرت

اِنْفَجَرَتْ ، جاری ہوا - پھٹا ماضی ۱ ع اَلْاِنْفِجَارُ ، پھٹنا - چرجانا اور چشمہ کا زور سے جاری ہونا -

---

ف - [illegible] علیہ السلام کا عصائے مبارک آپکے قد کے موافق چودہ ہاتھ لمبا تھا جنت کے درخت آس [illegible] جو اندھیرے میں خودبخود روشن ہوجاتی تھیں -

واصل الانفجار انصداع شئ من شئ

منه الفجر والفجور مصدر انفعال -

اِنْفَجَرَ - يَنْفَجِرُ - مُنْفَجِرٌ - اِنْفَجِرْ -

لَا تَنْفَجِرْ -

مِنْهُ ، مِن ، ابتدائیہ ضمیر راجع بحجر

(دوازدہ چشمے - بارہ چشمے)

اِثْنَتَا عَشْرَةَ ، اسم عدد مرکب بنائی

متضمن حرف واو - اصل اثنتا وعشرۃ

اثنتا - التاء للتانیث ولامه

محذوف وهى ياء لانهما من ثنيت

عَيْنًا - چشمہ جیسا پانی - عیون

واعیان - جمع -

(چنانکہ بدانست ہر قوم - پہچان لیا

ہر ایک گروہ نے) اے کل اناس عمذیا

قَدْ[1] ، حرف تحقیق و تاکید علم ، اسم موکد ا - ع

كُلُّ[2] ، مراد کل افرادی اسم مبهم لازم

الاضافة -

اُناسٍ ، یہ مفرد لفظ ہے بمعنی شخص

واحد یا جمع ہے اور اسکا واحد لفظ سے نہیں -

(آب خورد خود را - گھاٹ اپنا)

مَشْرَبَ ، پانی پینے اور پینے کی جگہ

اسم مکان یا مصدر میمی بمعنی الشرب

یا بمعنی مفعول مشروب -

اسے قُلْنَا - (گفتیم بخورید و بنوشید

ہم نے کہا - کھاؤ پیو)

كُلُوا ، امر - ج ح واشربوا ، امر - ج ح

الشرب - بالکسر و بالضم پانی - پا

[1] - قد یہ حرف جب ماضی پر داخل ہوتا ہے تو تحقیق اور تاکید کے معنے دیتا ہے اور مضارع پر داخل ہو کر (کا ہے کبھی) کے معنی دیتا ہے - ۱۲

[2] - کل یہ لفظ کبھی مختلف افراد کے مجموعے پر بولا جاتا ہے جیسے تمام قوم یا کل قوم اسے کل اعتباری کہتے ہیں - اور کل افرادی بھی کہتے ہیں - اور اس کا اطلاق اجزاء کے مجموعے پر ہوتا ہے - جیسے زید اپنے ہاتھ پاؤں وغیرہ ، فرادکا مجموعہ ہے اسے کل مجموعی کہتے ہیں ۱۲

مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ

اسکی مثل دوسری سیال چیز پینا مصدر
ک - ف شَرِبَ - يَشْرَبُ -
شَارِبٌ - مَشْرُوبٌ - اِشْرَبْ
لَا تَشْرَبْ -
(روزی خداوند - روزی اللہ کی)
مِنْ ، ابتدائیہ یا تبعیضیہ رِزْق بمعنی
مرزوق وہ شے جس کے کہانے سے
انسان کی قوت اور صحت باقی رہ سکے
اور وہ جس سے فائدہ ہو سکتا ہے
(ومروید در زمین فساد کناں اور مت
کرو ملک میں فساد -
لَا تَعْثَوْا ، ج ح نہی اَلْعِثِيُّ حد سے
بڑہنا مطلقاً - لیکن اکثر اسکا استعمال
فساد میں ہوتا ہے - مصدر ف ض
ناقص - عَثِيَ - يَعْثُوا - عَاثٍ -
مَعْثُوٌّ - عُثْ - لَا تَعْثُ -
اَلْاَرْض - مراد ملک و شہر اور فساد
سے مراد کفر و عصیان ہے والمعنی
لا تمادوا فی الفساد حال افسادکم

وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ

وَالمقصد النھی عما کانوا علیہ -
(آں وقت کہ گفتید اے موسیٰ -
اور جب کہا تم نے اے موسیٰ
قُلْتُمْ ، ماضی ج ح - مصدر - اَلْقَوْل -
(ہرگز صبر نکنیم - ہم ہرگز صبر نہیں کر سکتے)
لَنْ نَّصْبِرَ ، مضارع ج م - مؤکد بلن
اَلصَّبْر - سہارنا مصیبت میں تحمل کرنا
مصدر ف ک -
صَبَرَ - يَصْبِرُ - صَابِرٌ - مَصْبُوْرٌ
اِصْبِرْ - لَا تَصْبِرْ -
(بریک طعام - ایک طعام پر)
اسے مَا لَا يَتَبَدَّلُ - وَلَا يَتَغَيَّرُ
الوانہ - طعام ، حبوب خوردنی -
گیہوں و جوار وغیرہ کھانے پینے کی
چیزیں -
واحد - مراد وحدت تکراری نہ فردی
و جنسی کیونکہ انہیں ہر روز نیا طعام دیا
جاتا تھا مگر اس وجہ سے کہ وہ ایک ہی
قسم اور ایک ہی جنس کا ہوتا تھا -

اسے طعام واحد کہا ہے اور عرف میں بھی طعام مکرر کو جو ایک ہی جنس سے ہو طعام واحد کہتے ہیں اور اس وحدت اعتباری کو وحدت حقیقی کی جگہ استعمال کرتے ہیں۔

فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ

(پس بطلب از برائے ما یا بخواں از برائے ما پروردگار خود را۔ پس پکار اپنے رب کو ہمارے لئے۔)

فَ تعقیبیہ یا سببیہ مظہر سببیت عدم صبر دعا کے لئے اُدْعُ مانگ سوال کر امر الدعاء والدعوۃ والدعایۃ مصدر۔ ل۔ صلہ فعل لنا اسے لاجلنا۔ ضمیر راجع بنی اسرائیل۔

ربک۔ اسے بدعائک ایاہ۔

يُخْرِجْ لَنَا

(برآورد برائے ما۔ نکالے ہمارے لئے)

یُخْرِجْ۔ مضارع مجزوم بجواب امر

لَنَا، اسے لاجلنا ولانتفاعنا۔

اخراج سے مراد مجازی معنی ہیں اسے یظہر لنا بطریق الایجاد لا بطریق ازالۃ الخفاء

مِمَّا تُنْبِتُ الْأَرْضُ

(ازاں جنس کہ بروید ش زمین۔ اس چیز سے کہ اسکو زمین اگاتی ہے)

مِنْ۔ تبعیضیہ۔ اسے ماکولا بعض ما تنبت یا بیان شئے محذوف متعلق بہ یخرج ویا زائدہ اسے یخرج لنا ما تنبت الارض۔

مَا، موصولہ یا نکرہ موصوفہ

تُنْبِتُ، اسے تنبتہ مضارع اگاتی ہے یا اگاتا ہے۔ اَلْاِنْبَاتُ اگنا اگانا مصدر افعال۔ اَنْبَتَ یُنْبِتُ مُنْبِتٌ، اَنْبِتْ۔ لَا تُنْبِتْ

اَلْاَرْضُ، زمین مراد کھیتی و زراعت

مِنْ بَقْلِهَا وَقِثَّائِهَا

(از ترہ وے و بادرنگ یا خیار وے اسکے ساگ سے اور ککڑی سے)

مِنْ، بیانیہ بیان جنس۔ یا بدل بعض (۴)

بَقْل، جنس ترہائے خوردنی و خیر

خوردنی مراد ساگ پات و ترکاری
قثّاء، جمع قثّاءۃ - خیار و بادکھیرا
فوم، گندم دے و عدس دے
اور اُسکے معنی یا گیہوں سے اور
مسور سے۔

فوم بعض مفسرین صحابہ نے بجائے
بصل کہا ہے کہ فوم کو ثوم مراد ہے۔
گویا حرف ثا - فا سے بدل ہے
اور یہ جائز ہے جیسے فروغ الدلو کو
ثروغ الدلو اور جدث بمعنی قبر کو
جدف کہتے ہیں و الآ فوم کے
معنی اصل میں گندم کے ہیں - اور
دوسرے عرب پر بھی اسکا اطلاق
ہوتا ہے۔

عدس، جمع عدسہ - مسور
(ویاز) ہے اور اُسکے پارے
بصل - جمع بصلہ - پیاز و مرجع ضمیر
ارض ہے۔

—۰—

ترکیب

وَاِذِ اسْتَسْقٰی .. فعل
موسٰی ..... فاعل
ربہ - یا ماء محذوف مفعول
لِقَوْمِہٖ، جار مجرور ... ظرف لغو
جملہ فعلیہ معطوف

فَقُلْنَا، فعل با فاعل
اضْرِبْ .... فعل با فاعل
بِعَصَاکَ، جار مجرور ظرف لغو
الْحَجَرَ ..... مفعول
مقولہ
جملہ فعلیہ معطوف

فَانْفَجَرَتْ ..... فعل
مِنْہُ ..... جار مجرور ظرف لغو
اثْنَتَا عَشْرَۃَ، مرکب بنائی ممیز
عَیْنًا ..... تمیز
فاعل
جملہ فعلیہ معطوف

و یدل علیٰ ھذا وجود الانفجار -
اے فیضرب بہ موسیٰ فانفجرت
منہ یا فاء فصیحہ اے ان
ضربت فقد انفجرت -

قَدْ عَلِمَ ..... فعل
کُلُّ اُنَاسٍ ..... فاعل
مَشْرَبَھُمْ، مضاف مضاف الیہ مفعول
جملہ فعلیہ

یہ جملہ صفت ہے اثنتا عشرۃ
عینا کی اور یا حال ہے اس سے

کلوا، جملہ فعلیہ معطوف علیہ
واشربوا، جملہ معطوف
من رزق اللہ،
ظرف متعلق کلوا
قلنا، محذوف ... فعل با فاعل

و۔ لا تعثوا، ... فعل با فاعل
فی الارض، ... جار مجرور ظرف لغو
مفسدین، ... حال موکدہ
واذ۔ قلتم، ... فعل با فاعل
یا، حرف ندا ...
موسیٰ، ... منادی
لن نصبر، فعل با فاعل
علیٰ، ... حرف جار
طعام، ... موصوف
واحد، صفت

فادع، ... فعل با فاعل
لنا، جار مجرور ظرف لغو
ربک، ... مفعول
یخرج، ... فعل با فاعل
لنا، ظرف لغو شیئا محذوف مفعول
من، ... جار
ما، ... موصولہ
تنبت، فعل
الارض، فاعل
ہ، ضمیر محذوف
مفعول ذو الحال
من بقلہا
وقثائہا الخ ۵۲ حال

۵۱۔ مفسدین حال موکدہ ضمیر فاعل لا تعثوا سے ہے۔
اسلئے لا تعثوا بمعنی لا تفسدوا ہے۔

۵۲۔ من بقلہا الخ حال ہے ما تنبتہ
الارض کائنا من بقلہا وقثائہا الخ
ویا بدل ہے ... حرف جر۔ ویا بیان ما۔
بتقدیر اول دونوں مبدل منہ و بدل میں
اتحاد معنی ضروری ہے لہذا یہ معنی ہونگے کہ
الخ پہلا سوال اس چیز سے ہے جو منجملہ

ف - واذا ستسقیٰ الخ یہ ایک درمیانی واقعہ ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو میدان تیہ میں پیش آیا تھا۔ تیہ کے لق و دق صحرا میں بنی اسرائیل خانہ بدوش رہا کرتے تھے جس سے انکو اکثر پانی کی تکلیف رہتی تھی ایک مرتبہ تنگ آکر قوم نے حضرت کلیم اللہ سے پانی کی درخواست کی اور انہوں نے اُن کی التجا کو درگاہ الہ العالمین میں پہونچا دیا جس سے ہمیشہ کے لئے ان کی یہ تکلیف رفع ہو گئی۔ کہ اے بنی اسرائیل وہ وقت تمھیں یاد ہے جبکہ صحرائے تیہ میں پانی کی قلت سے تنگ آکر تم نے التجا کی تھی اور ہمنے تمھاری حالتِ زار پر رحم کرکے حضرت موسیٰ سے یہ فرما دیا تھا۔ کہ اے موسیٰ اپنے عصا کو پتھریلی زمین پر یا کسی پتھر پر زور سے مار۔ اور عصا مارتے ہی اُس میں سے پانی بہ نکلا تھا۔ اور کثرت سے شاخیں پھیل گئی تھیں۔ یا اسی پتھر یا زمین میں سے بارہ فوارے پھوٹ نکلے۔ غرض اس کثرت سے پانی بہنے لگا کہ قوم کو اپنی ضرورتوں میں دوبارہ پانی کی شکایت نہ رہی۔ اور اس عطیہ کے بعد ہمنے فہمایش کی تھی کہ ہمارے دئے ہوئے پاکیزہ رزق سے کھاؤ پیو۔ اور فسق و فجور سے اپنے آپ کو تباہ نکرو دوسروں کو تکلیف نہ دو۔ اور اس سے تمہاری ہی بہتری ہے۔ حضرت شاہ عبد العزیز صاحب لکھتے ہیں کہ ان چشموں کا پانی جمع ہونے کے واسطے بنی اسرائیل نے حوض کھود لئے تھے۔ ہر ایک حوض میں ایک چشمہ کا پانی جمع ہوتا تھا یہ مقام آجتک عیون موسیٰ کے نام سے مشہور ہے اور وہاں اب کوئیں بنے ہوئے ہیں۔ اور زیارتگاہ عوام ہیں۔ اسی قسم کا واقعہ

جناب سرور کائنات علیہ التحیہ والتسلیمات کے زمانہ میں بھی ہوا ہے۔ صحیحین میں حضرت انس اور جابر اور ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ عصر کی نماز کا وقت تھا اور پانی نہیں ملتا تھا صرف ایک شخص کے وضو کے لائق پانی تھا جو آنجناب کے حضور میں لایا گیا۔ آپ نے اس پانی کے برتن میں اپنا ہاتھ مبارک رکھدیا اور حکم دیا کہ صحابہ وضو شروع کریں۔ انسؓ فرماتے ہیں ہم دیکھ رہے تھے کہ آپ کی انگلیوں سے چشموں کی طرح پانی نکل کر جاری ہو رہا تھا۔ اول سے آخر تک تمام لوگوں نے اس سے وضو کر لیا ایسے ہی ابن شاہین حضرت انس سے روایت کرتے ہیں۔ کہ میں غزوہ تبوک میں آنجناب علیہ السلام کے ساتھ تھا۔ ایک مقام پر صحابہؓ نے حضرت سے عرض کی کہ ہمارے تمام جانور پیاس سے مرے جاتے ہیں۔ حضرت نے فرمایا کسی کے پاس اگر کچھ پانی ہے تو لاؤ چنانچہ تھوڑا سا پانی ایک شخص کے پاس تھا وہ خدمت اقدس میں لایا گیا آپ نے اس پانی کو ایک چوڑے برتن میں الٹ دیا اور اپنا ہاتھ مبارک اس میں رکھ دیا۔ اس قدر پانی نے جوش کیا کہ تمام آدمیوں اور گھوڑوں۔ اونٹوں نے سیر ہو کر پانی پی لیا اور آیندہ کے واسطے جمع بھی کر لیا۔

ف ۲ وَلَا تَعْثَوْا الخ قال العزیزی۔ تعثوا صیغہ مشتق از عثی است بمعنی مبالغہ در فساد است پس ذکر مفسدین بعد ازاین تکرار است۔ جواب لَا تَعْثَوْا۔ صیغہ فعل است کہ دلالت بر حدوث فساد میکند و مفسدین صیغہ اسم فاعل است و دلالت بر ثبوت آن میکند پس حاصل کلام چنین شد لَا تَعْثَوْا

المبالغۃ فی الافساد حال کونکم تابتین فی الافساد - گویا چنیں میفرماید
کہ احتراز شما از مطلق فساد ممکن نیست کہ فساد در رگ و ریشہ و دو لہاے شما دویدہ است
اما احتیاط کنید کہ آں فساد زیادتی نہ پذیرد و بمبالغہ نرسد (ع) عرفا کہتے ہیں
روح انسانی اور اسکے صفات عالم قلب میں مثل موسیٰ اور اسکی قوم کے ہیں
جب انہوں نے اپنے منبع فیض سے باران حکمت و معرفت کی استدعا کی تو انہیں
حکم ہوا - کہ عصائے لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه کی ضرب حجر قلب پر لگاؤ اس ضرب سے
وہ حجر قلب اگرچہ اشد قسوۃ ہے نرم ہو جائیگا اور اس سے پانی بہ نکلے گا
اس عصا کے دو شعبے ہیں - نفی و اثبات کے جن سے نورانی شعاعیں نکلتی
رہتی ہیں اور نفسانی قوتیں انجلایا تی ہیں - مستفید ہونے والے بارہ سبط حواس
ظاہرہ و باطنہ و قلب و نفس ہیں ہر ایک کے لیئے ایک چشمہ خاص ہے کلمہ
شریف کے بارہ حروف میں سے ہر ایک حرف بمنزلہ سرچشمہ ہے - بعض چشمے
میٹھے اور خوشگوار ہیں اور بعض بدمزہ اور کھارے - پس بعض نفوس آتقاد
کمالات کی گھاٹ سے سیراب ہوتے ہیں - اور ارواح زلال کشف و مشاہدہ
واسرار سے تازگی پاتے ہیں - وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ اے وَلَا تعثوا
فی ھٰذا القالب مفسدین بترک الامر و اختیار الوزر -

ف ۳ - واذ قلتم الخ - ان آیات میں بنی اسرائیل کی ناعاقبت اندیشی اور اُسکے
آل کا ذکر ہے - تیہ کی دشت نوردی اور منّ و سلویٰ کھاتے کھاتے جب
اُنکی طبیعت اُکتا گئی تو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے اپنی مانوس غذا ساگ
پات - گیہوں اور مسور کی اُنہوں نے درخواست کی - آپ نے فرمایا اگر تمہیں

اس خداداد نعمت کی پرواہ نہیں تو پھر کسی گاؤں میں اُتر پڑو یا کہیں قیام پذیر ہو کر کھیتی و زراعت کرو غرض یہ لوگ اس کے بعد تیہ کے اطراف کسی گاؤں میں جا اُترے یا اپنی بستی آباد کر کے زراعت محنت مزدوری خرید و فروخت وغیرہ معاملات میں مصروف ہو گئے۔ اسی زمانے میں حضرت ہارون و حضرت موسیٰ علیہما السلام کا انتقال بھی ہو گیا اور حضرت یوشع علیہ السلام خلیفہ قوم ٹھہرائے گئے مگر تھوڑے ہی دنوں بعد بنی اسرائیل کی وہ حالت نہ رہی فسق و فجور میں مبتلا ہو گئے پیغمبر کی اطاعت اور شرعی احکام کی تعمیل کو نامناسب وقت و مقام سمجھ کر ترک کر دیا۔ حضرت یحییٰ و زکریا وغیرہ پیغمبروں کو محض اس جرم میں قتل کر دیا کہ وہ ان کی خلاف مرضی احکام سُناتے ہیں۔ آخرکار ان کی شامت اعمال سے غضب الٰہی نازل ہوا اور اُن کی بنی بنائی عزت و دولت خاک میں ملگئی اور ذلیل خوار ہو کر تتر بتر ہو گئے۔ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رحمہ لکھتے ہیں کہ یہ واقعہ اسوقت کا ہے۔ جبکہ بنی اسرائیل پر جالوت مسلط کیا گیا تھا

قَالَ أَتَسْتَبْدِلُونَ الَّذِي هُوَ أَدْنَىٰ بِالَّذِي

گفت موسیٰ آیا بدل میکنید آنچہ وے فرود تر است بآنچہ

کہا کیا بدلے لیتے ہو وہ چیز جو وہ ناقص ہے بدلے اس چیز کے

هُوَ خَيْرٌ اهْبِطُوا مِصْرًا فَإِنَّ لَكُمْ مَا سَأَلْتُمْ

وے بہتر است فرود آیید بشہرے پس ہر آئینہ باشد شمارا آنچہ خواستید

کہ وہ بہتر ہے اترو کسی شہر میں بس تحقیق واسطے تمہارے ہے جو مانگا تم نے

وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ وَبَاءُوْ

زدہ شد　برایشاں　خواری　و بے نوائی　و باز گشتند

اور ماری گئی　اوپر انکے　ذلت　اور فقیری　اور پھر آئے

بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ

بخشمے　از خدا　این بسبب آنست　کہ باور نمیداشتند

ساتھ غصہ کے　اللہ سے　یہ اسواسطے ہے　کہ تھے　کفر کرتے

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ

آیتہائے خدارا　و میکشتند　پیغمبراں را　بہ ناحق

ساتھ نشانیوں اللہ کے　اور مار ڈالتے تھے　پیغمبروں کو　ناحق

ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۝ ٥٩

این　بسبب گناہ کردن ایشاں است　و آنکہ از حد در میگذشتند

یہ اسواسطے کہ نافرمانی کی انہوں نے　اور تھے　حد سے نکلجاتے -

ر و بگفت موسیٰ ایا بدل میکنید کہا
موسیٰ نے کیا بدلتے ہو تم
قَالَ　اَ ع　اَ ہمزہ مظہر تعجب
و توبیخ -
تَسْتَبْدِلُوْنَ　جمع مضارع الاستبدال
بدل کرنا - بدل لینا - بدلنا - مصدر -
اِسْتِفْعَال ، اِسْتَبْدَلَ ، يَسْتَبْدِلُ

مُسْتَبْدِلٌ ، اِسْتَبْدِلْ ،
لَا تَسْتَبْدِلْ -
(آنچہ وے فروتر است - وہ چیز جو
ادنیٰ - یا ناقص ہے)
اَلَّذِیْ ، موصول جنسی -
هُوَ ، ضمیر منفصل ،
اَدْنیٰ - الف اسکا واؤ سے بدلا ہوا ہے

اور یا ماخذ اسکا دَنَا - یَدْنُو - بمعنی
قرب مکان ہے وقال المظہری
الدنو القُرْبُ فی المکان فاستعیر
للخسۃ کما استعیر البعد فی
الشرف ویا مہموز ہے اور الف
اس کا ہمزہ سے بدل ہوا ہے اور
ہو ادنیٰ
ماخذ اسکا دَنُؤ، یَدْنُؤُ فھو دَنِیٌّ
ہے اور یا مقلوب ہے دُون کا

بالذی هو خیر
(بآنچہ کہ وے بہتر است - اُس چیز سے کہ وہ بہتر ہے -)
بِ، حرف جار بمعنی مقابلہ -
اَلَّذِی، عہدی - ھو ضمیر منفصل
مرفوع - خَیْرٌ بمعنی کامل و انفع -
(فرود روید بشہرے - اترپڑو کسی
شہر میں)

اهبطوا مصرا
اِھْبِطُوا، ج - ح یقال
ھبط الوادی اذا نزل به وھبط
منه اذا خرج منه یہاں ھبوط
رتبی مراد ہے نہ ہبوط مکانی -

مِصْرًا، شہرستان وآباد شہر اصل میں
دو شہروں یا دو زمینوں کے حدِّ
فاصل کو مصر کہتے ہیں یا تبادیل بلد
ہے - اور یہ مِصْرَم یا مصریم کا معرب
ہے اور صرف اسکی سکون وسط

فإن لكم ما سألتم
(کہ مر شمار است درآں - کہ تمہارے
لئے ہے اس میں)
ف، تعقیبیہ یا جواب امر محذوف
اے ان ھبطتم فان لکم -
(آنچہ خواستید - جو مانگا تم نے)
ما، موصولہ -
سَأَلْتُمْ، ماضی ج - ح اَلسُّؤالُ
پوچھنا - مانگنا - مصدر ف
مہموز العین - سَاَلَ - یَسْئَلُ
سَائِلٌ، مَسْئُوْلٌ، سَلْ، لَاتَسَلْ

وضربت علیهم
(ولازم گشت برایشاں - ماری گئی
اُن پر)
اے جعل ذلك محیطًا بھم احاطة
القبة بمن ضربت علیه او الصق

بھو من ضرب الطین علی الحائط
ضُرِبَتْ ، لگادی گئی ماضی ع
مونث مجہول -
الضَّرْبُ ، لازم کرنا - مارنا مصدر
ف-ک ، ضَرَبَ ، یَضْرِبُ ،
ضَارِبٌ ، مَضْرُوْبٌ ، اِضْرِبْ
لَا تَضْرِبْ -

الذِّلَّۃُ وَالْمَسْکَنَۃُ

(خواری و بے چارگی - رسوائی و
فقیری)
الذِّلَّۃ ، ضعف - بے عزتی
وخواری -
المسکنۃ ، احتیاج جو گھر سے
نکلنے نہ دے -

وَبَاۗءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰہِ

(وبازگشتند بخشمے از خدا - یا مستحق
شدند بہ غضبے از خداوند - اور غضب
کے مستحق ہوئے -)
بَاۗءُوْا ، اے رجعوا مغضوبا علیہم
من اللہ وان العرب یقول لمن
قدم من سفر التجارۃ انہ باء
بالربح او بالخسران اے رجع
وقیل لا یستعمل الا فی الشر -
ویا باؤا بغضب اے صاروا
احقاء من غضب اللہ تعالی
وعقابہ ما یساوی ذنوبہم
یقال باء فلان بفلان اذا کان
حقیقا بان یقتل - باؤا - یعنی
رجعوا یا بمعنی صاروا احقاء واپس ہوئے
یا مستحق ہوئے ماضی ج ع البوء ،
والبوء واپس ہونا البواء قصاص
میں مساوی ہونا قرار دینا - مصدر
ف-ض دف ک ناقص -
مھموز العین - باء - یبوء - باء
مبیء ، بیء - لا تبیء
غَضَبٍ ، ہیجان نفس ارادہ
انتقام کے وقت مراد مقہوریت مغضوب
وغایت غضب -
مِنْ ، ابتدائیہ تجوزا -

ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ

(واین ہمہ بسبب آنست کہ ایشان - یہ اس سبب سے ہے کہ وے لوگ)

ذٰلك، اسم اشارہ (ضرب و ذلّت و مسکنت)

ب، سببیہ - **اِن**، حرف مؤکد

مضمون جملہ -

كَانُوا يَكْفُرُونَ

(کفر میکردند - کفر کرتے تھے - نہیں مانتے تھے)

کانوا یکفرون، ماضی استمراری ج - ع

بِآيَاتِ اللّٰهِ

(بآیات خدا - احکام خدا کے ساتھ - شریعت حقّہ)

آیات جمع آیۃ علامت و معجزہ و حکم

وَيَقْتُلُونَ النَّبِيِّينَ

(و می کشتند پیغمبران را - اور مار ڈالتے تھے - یا مارتے رہتے تھے پیغمبروں کو)

یقتلون، اے کانوا یقتلون، ماضی استمراری ج - ع القتل خون گرانا - ہلاک کرنا - مصدر ف -

ص - قَتَلَ - يَقْتُلُ - قَاتِلٌ - مَقْتُولٌ - اُقْتُلْ - لَا تَقْتُلْ -

اَلنَّبِيِّيْن[1]، جمع نبی - احکام خدا پہنچانے والا - مخلوق کو سچی ہدایت کرنے والا شخص -

بِغَيْرِ الْحَقِّ

(بناحق) **ال**، جنسی اے بغیر حقٍ اصلاً کیونکہ لام جنس مبہم مثل نکرہ کے ہوتا ہے او عہدی اے بغیر الحق فی معتقدھم - او بغیر حق شرعی

ذٰلِكَ بِمَا عَصَوا

(این بسبب گناہ و نافرمانی کردن ایشانست یہ انکی نافرمانی کے سبب سے ہے)

ذٰلك، اسم اشارہ - کفر و قتل بتاویل ما ذکر مشار الیہ -

ب، سببیہ اور اس کا مابعد مسبب کا سبب ہے والمعنی انّ الّذی حملھم علی الکفر و القتل انما ھو تقدم عصیانھم اور یا ب بمعنی مع ہے

مَا، موصولہ - یا مصدریہ -

عَصَوا، ماضی ج - ع اصل عصیوا -

---

[1] النبیین، ظاہرا جمع قلّۃ ہے اور انبیاء جمع کثرۃ لیکن ال دونوں میں اس وقت تک فرق ہے جب تک کہ یہ نکرہ ہیں اور ال داخل ہونے کے بعد

اَلْعِصْیَانُ - وَالْمَعْصِیُ، وَالْمَعْصِیَۃُ
عدول حکمی کرنا - نافرمانی کرنا مصدر ف
ک ناقص - عصٰی - یَعْصِی - عاصٍ
مَعْصِیٌّ - اِعْصِ - لَاتَعْصِ -

وَّکَانُوْا یَعْتَدُوْنَ و از حد در میگذشتند - اور حد سے بڑھ جاتے تھے -

کَانُوْا یَعْتَدُوْنَ، ناج ع، ماضی استمراری
اَلْاِعْتِدَاءُ زیادتی کرنا - ناحق ظلم کرنا
مصدر افتعال ناقص اِعْتَدٰی -
یَعْتَدِیْ، مُعْتَدٍ - اِعْتَدِ - لَاتَعْتَدِ

الترکیب

قَالَ ... فعل مع الفاعل
اَتَسْتَبْدِلُوْنَ، فعل با فاعل
الَّذِیْ ... موصول
هُوَ اَدْنٰی، جملہ اسمیہ صلہ
بِ، جار - الَّذِیْ، موصول
هُوَ خَیْرٌ، جملہ اسمیہ، صلہ -
اِهْبِطُوْا ... فعل با فاعل
مِصْرًا ... مفعول
کانہ قیل فما قال لهم - فقیل قال لهم

اِهْبِطُوْا مِصْرًا -
فَ - اِنَّ، مشبہ بالفعل ...
لَکُمْ ... خبر مقدم
مَا ... موصولہ
سَاَلْتُمْ، فعل با فاعل
ہٗ، ضمیر محذوف مفعول
وَ - ضُرِبَتْ، فعل عَلَیْهِمْ مفعول بہ
الذِّلَّۃُ وَالْمَسْکَنَۃُ، نائب فاعل
وَ - بَاءُوْ، فعل مع الفاعل ذوالحال
بِ، جار - غَضَبٍ، مجرور موصوف
مِنَ اللّٰهِ، متعلق ثابت، صفت
اے رَجَعُوْا مغضوبًا علیهم من اللّٰه
ذٰلِكَ، اسم اشارہ
الذِّلَّۃُ وَالْمَسْکَنَۃُ مشار الیہ
بِ، زائد - اَنَّ، مشبہ بالفعل
هُمْ، اسم کَانُوْا الخ خبر

ۖ بان هم کانوا یکفرون الخ علۃ لضرب الذلۃ والعصیان والاعتداء علۃ لکفران هم وقتلهم الانبیاء - او کل واحد علۃ مستقلۃ لضرب الذلۃ لانہ لا یکفی ان العلۃ الواحدۃ لاحد الثلاث ولا الذی بغیر عطف ۱۲

کانوا یکفرون، فعل مع الفاعل
بِاٰیٰتِ اللّٰہِ ۔۔۔ مفعول
و ۔ یقتلون ، فعل مع الفاعل
النّبیّٖن ۔۔۔ مفعول بہ
بغیر الحق متعلق کائنین حال ضمیر فاعل
اے یقتلون ھم مبطلین
یا ۔ بغیر الحق صفت مفعول مطلق محذوف

اے یقتلون ھم قتلًا بغیر الحق
ذٰلک ، ای الکفران والقتل مبتدا
ب زائدہ ۔ ما ۔۔۔ موصولہ
عصوا جملہ فعلیہ بتاویل مفرد صلہ
و ۔ کانوا یعتدون جملہ فعلیہ معطوف
خبر
و با ما ، مصدریہ ومعنی الآیۃ اے
بسبب عصیانھم واعتدائھم ۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِیْنَ ھَادُوْا وَالنَّصٰرٰی
ہر آئینہ آنانکہ مسلمان شدند و آنانکہ یہود شدند و ترسایان
تحقیق جو لوگ کہ ایمان لائے اور وہ لوگ کہ یہودی ہوئے اور عیسائی

وَالصّٰبِئِیْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ
و بے دینان ہر کہ از ایشان ایمان آرد بخدا و بروز بازپسین
اور بے دین جو کوئی ایمان لائے ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے

وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَھُمْ اَجْرُھُمْ عِنْدَ رَبِّھِمْ
و کرد کار شایستہ پس ایشان راست مزد ایشان نزدیک پروردگار ایشان
اور کام کرے اچھے پس واسطے انکے ہے ثواب انکا نزدیک رب ان کے کے

وَلَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ﴿۶۲﴾ وَاِذْ
و نہ ترس بود بر ایشان و نہ ایشان اندوہگین شوند و آنوقت
اور نہیں ڈرا اوپر ان کے اور نہ وہ غم کھاویں گے اور جب

أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّورَ خُذُوا

گرفتیم	پیمان شما را	و برداشتیم	بالاے شما	طور را گفتیم بگیرید
لیا ہم نے	عہد تمہارا	اور اٹھایا ہم نے اوپر تمہارے	پہاڑ کو	پکڑو

مَا آتَيْنَاكُم بِقُوَّةٍ وَاذْكُرُوا مَا فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿٦٣﴾

آنچه داده ایم شما را	باستواری	و یاد کنید	آنچه در آن است	تا بود که در پناه شوید
جو کچھ دیا ہے تم کو	زور سے	اور یاد کرو	جو کچھ بیچ اس کے ہے	تو کہ تم بچو

ثُمَّ تَوَلَّيْتُم مِّن بَعْدِ ذَٰلِكَ فَلَوْلَا فَضْلُ

باز رو گردانیدید	بعد	از این	پس اگر نبودے	بخشائش
پھر پھر گئے تم	پیچھے	اس کے	پس اگر نہ ہوتا	فضل

اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ لَكُنتُم مِّنَ الْخَاسِرِينَ ﴿٦٤﴾

خدا	بر شما	و مہربانی او	ہر آئینہ میشدید از زیانکاران
اللہ	اوپر تمہارے	اور رحمت اس کی	البتہ ہوجاتے تم زیاں پانے والوں سے

اِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا (آنانکہ ایمان آوردند - جو مسلمان ہوئے ہیں -)

اِنَّ موصول صلہ - اَلَّذِيْنَ جمع - اٰمَنُوْا ماضی جمع مصدر الایمان

وَالَّذِينَ هَادُوا وَالنَّصَارَىٰ (و آنانکہ یہود شدند و ترسایان - اور وہ لوگ جو یہودی ہیں اور ترسا ہیں)

هَادُوْا یہودی ہوئے ماضی

الهود والهيادة توبہ کرنا یہودی ہونا مصدر - ض اجوف واوی

ف - یہود کو یا یہود بن یعقوب علیہ السلام کیطرف نسبت کرکے یہودی کہتے ہیں اس صورت میں یہ معرب ہے اصل نام یہوذا بذال معجمہ والف مقصورہ ہے اور یا عربی ہے اور یہود بمعنی توبہ سے ماخوذ ہے اس وقت هادوا کا الف در اصل

هَادَ، يَهُودُ، هَائِدٌ، يَهُودًا هُدًا لَا تَهُدْ۔

اَلنَّصٰرٰى، جمع نصران مثل سکاریٰ بمعنی نصرانی اور یا مبالغہ کی ہے۔ جیسے احمر کو احمری کہتے ہیں گویا وہ اس صفت میں غرق ہیں اور یا واحد و جمع میں تمیز و فرق کے لئے ہے مثل زنج و زنجی و روم و رومی و یا جمع نصری (وہ ستارہ پرستاں یا بے دیناں)

صَابِئِیْنَ، جمع صابی۔ قوم ستارہ پرست

۱۔ نصاریٰ قیل سمی بذلک لان عیسیٰ علیہ السلام ولد فی بیت لحم بالقدس ثم سارت بہ امہ الی مصر ولما بلغ اثنی عشر سنۃ عادت الی الشام واقامت بقریۃ ناصرۃ وقیل لنصرتہ وقیل نصران اسم قریۃ سمیت باسمہا او اشتق لہم اسم منہا

۱۔ النصاریٰ سیبویہ کے نزدیک یہ نصران مثل ندمان یا نصرانہ مثل ندمانہ کی جمع ہے اور خلیل نصریٰ کی جمع کہتے ہیں مثل مہری و مہاری ایک یا حذف ہونے اور کسرہ فتحہ سے منقلب ہونے کے بعد دوسری یا الف سے بدل ہوئی ہے اور نصرانیت سے متصف ہونے کی وجہ سے ہے کہ یا تو بعین حضرت مسیح علیہ السلام موضع ناصرہ میں آکر آباد ہوئے ہیں یا اس لئے کہ انہوں نے حضرت مسیح کی مدد اور نصرت کی ہے۔ بتقدیر اول نصرانی کی یائے نسبت ہے اور بتقدیر ثانی یائے مبالغہ۔۱۲

۲۔ صابئین یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے عیسوی دین اور موسوی شریعت سے نکلکر فرشتوں دیوتاؤں اور ستاروں کی پرستش شروع کرلی تھی۔ اس فرقہ کی نسبت کہ یہ کون تھے اور کہاں تھے اور انکا کیا عقیدہ تھا) مفسرین کے اقوال مختلف ہیں اگر کچھ مستنبط ہوسکتا ہے تو یہی ہے کہ صابئین فلسفیانہ عقائد کے لوگ تھے۔ بعض موحد اور بعض مشرک ستارہ پرست تھے۔۱۲

ستارہ پرست جو افعال کو
سیاروں کی طرف منسوب کرتے
ہیں اور انہیں حقیقۃً علل افعال
سمجھتے ہیں - و یا وہ شخص جو مذہب
صحیح سے باطل طریقہ کی طرف مائل
ہو جائے ماخوذ ہے - صبأ بہمزہ
بمعنی خرج یا صبا معتل بمعنی مال
اسوجہ سے کہ انہوں نے دین حق
کو چھوڑ دیا تھا اور باطل کی طرف
ہو گئے تھے اس نام سے موسوم
ہوئے -

مَنْ آمَنَ بِاللّٰہِ (ہر کہ ایمان آرد بخدا - جو شخص ایمان
لایا ساتھ اللہ کے)

مَن، شرطیہ یا موصولہ -

آمَنَ، ماضی ا - ع

وَالْیَوْمِ الْآخِرِ (و بروز آخرت - اور قیامت پر)

یوم الآخر - منتہائے زمان عالم
دنیا - اور وہ وقت یا دن جس میں
دنیوی معاملات کا فیصلہ ہو کر بہشتی
بہشت اور دوزخی دوزخ میں بھیجے
جاویں گے یا آخری فیصلہ کا دن -

وَعَمِلَ صَالِحًا (و عمل نیک کرد - اور اچھا کام کیا)

عَمِلَ، ماضی ا - ع - **صالح** با صلاحیت
اور وہ عمل جو شرعی تعلیم کے موافق ہو

فَلَھُمْ اَجْرُھُمْ عِنْدَ رَبِّھِمْ (پس برائے ایشاں است مزد ایشاں
از پروردگار ایشاں - پس انکے
لیئے ہے ثواب انکا انکے مالک
کے پاس)

فلھم - ف، جواب من
ل - بمعنی انتفاع یا زائد -

اجر، مصدر بمعنی ماجور بہ (مفعول)
نتیجہ محنت مزدوری - انعام و ثواب

عِند، قریب و پاس اسم ظرف -

وَلَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ (و نہ ترسے باشد بر ایشاں - اور نہیں
ڈر ان پر - یا انکو ڈر نہیں -

لا، حرف نفی مشابہ لیس

خوف، یہ اس کیفیت کا نام ہے
جو کسی مکروہ کے واقع ہونے یا

مرغوب ومحبوب شئے کے فوت ہوجانے کے توقع سے پیدا ہوتی ہے۔

ولاهم يحزنون

ھم ضمیر راجع بمن امن برعایت معنی (ونہ ایشاں اندوہگین شوند۔ اور نہ وہ غم کھائیں گے۔ یا نہ غمگین ہوں گے)

و، ا، شابہ بلیس یحزنون ا ج مضارع

ان الذين

ان، حرف ... مشبہ بفعل

الذین ... اسم موصول

امنوا ... جملہ فعلیہ صلہ

والذین ھادوا والنصاریٰ

والصابئین

من ... اسم موصول

امن فعل ضمیر فاعل

باللہ والیوم الاخر متعلق فعل

وعمل فعل ضمیر فاعل

صالحا، مفعول

فلھم، متعلق ثابت خبر

اجرھم موصوف

عند ربھم صفت ... خبر

اے اِنَّ الَّذِینَ اٰمنوا وَالَّذِینَ ھادوا والنصاریٰ والصّابئینَ من اٰمن منہم باللہ ایماناً کاملاً فلھم اجرھم عند ربھم۔

یا من اٰمن۔ من شرطیہ ہے

فلھم اجرھم الخ جواب شرط

کانہ قیل ھولاء وغیرھم اذا اٰمنوا فلھم اجرھم۔

یا۔ ان ... مشبہ بفعل

الذین اٰمنوا الخ مبدل منہ

من اٰمن باللہ ... بدل

فلھم اجرھم الخ ... خبر

یا۔ ان ... مشبہ بفعل

الذین اٰمنوا ... اسم

والذین ھادوا

والنصاریٰ والصّابئین

من اٰمن باللہ الخ بدل

فلھم اجرھم ... خبر

اے اِنَّ الَّذِینَ اٰمنوا من غیرا

الثلاثۃ۔ ومن اٰمن من اصناف الثلاثۃ فلھم اجرھم الخ	علیھم، متعلق کو ثانا۔ خبر جملہ اسمیہ
لَا، حرف مشابہ بلیس۔ خوف اسم	وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ۔ جملہ معطوفہ۔

ف ۱۔ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا الخ۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔ کہ ایک دن میں سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں اپنے قدیم مذہب کے پیروؤں کی حالت اور ان کی عبادت کا تذکرہ اور اس کی کیفیت عرض کر رہا تھا اور ان کے نتائج سے پوچھ رہا تھا کہ آنجناب نے اس آیت کو پڑھ سنایا عن مجاہد قال۔ قال سلمان سألت النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن اھل دین کنت معھم فذکرت من صلاتھم وعبادتھم فنزلت ان الذین اٰمنوا الخ (اسباب) غرض ان آیات میں عموماً ان لوگوں کے اس فاسد خیال کا رد کیا گیا ہے جو نسبی شرافت اور خاندانی عزت ہی کو فخر سمجھ کر اعمال سے باز رہتے ہیں اور خصوصاً بنی اسرائیل کو تنبیہ کی جاتی ہے جو اس گھمنڈ میں آکر (کہ ہم خاندان نبوت کی یادگار ہیں) پیغمبر زادگی کا فخر ہمیں حاصل ہے، اعمال کی طرف توجہ نہیں کرتے تھے۔ اور کہتے تھے کیا ہم سے بڑا کوئی اور شخص بھی عنایت الٰہی کا مستحق ہو سکتا ہے؟ ارشاد ہوتا ہے کہ ہمیں کسی شخص کی شخصی حیثیت، قومی عزت، نسبی شرافت سے کوئی غرض نہیں بلکہ ہمارے نزدیک تو عزت و حرمت کا مدار شخصی اعمال ہیں۔ کوئی شخص مسلمان ہو یا یہودی، موسوی شریعت کا پابند ہو خواہ عیسوی مذہب

کا تابع بے دین ہو خواہ ستارہ پرست مشرک - بے مثل تنہا و بے نظیر
ذات پر یقین کرنے اور اُسکے مجوزہ قانون شریعت پر مستقیم ہو جانے
بعد اپنی استعداد اور لیاقت کے موافق عزت و حرمت حاصل کر سکتا ہے
اور اپنے بھلے بُرے کاموں کا اجر اور ثواب پانے کا مستحق بن سکتا ہے
حساب دینے وقت نہ اُسے کچھ ڈر ہوگا اور نہ جزا پانے کے دن کچھ غم گذشتہ
امتوں میں سے ہر ایک با ایمان بھلے کاموں والا شخص بیشک اچھے صلے
اور بہتر ثواب کا مستحق ہے - ایسے ہی خاتم الانبیاء سید المرسلین کا اطاعت
پذیر اُسکے فضل و کرم سے ابدی سعادت اور دائمی راحت کا امیدوار ہے -

(و) (اور یاد کرو - روآں وقت کہ بگرفتیم)
۱۰ (جب لیا ہم نے) اخذنا ماضی ج - م
الاخذ - پکڑ لینا - مصدر ف
ن مہموز - اَخَذَ ، یَاْخُذُ
اِخذ ، مَاخُوذ ، خُذ ، لَاتَاْخُذ
(میثاقکم) (پیمان شمارا - عہد تمہارا - یا اقرار تم سے)
میثاق ، اسم آلہ وہ شئے جس سے
اُستواری اور استحکام حاصل ہو یعنی
محکم و مضبوط و عہد واجب الاداء -
و پیمان واجب الحفاظت جمع اسکے
مواثق - مواثیق اور میاثق ،

و میاثیق - آتے ہیں -
(و) (و بر داشتیم بالائے شما طور را -
۱۲ اور اونچا کیا ہمنے اوپر تمہارے پہاڑ)
(رفعنا) رفعنا ، ماضی ج - م الرفع اُٹھانا اونچا
کرنا - مصدر ف - رَفَعَ ، یَرفَعُ
رَافِع ، رَفِیع ، مَرفُوع ، اِرفَع
لَاتَرفَع -
(فوقکم) فوق ، اوپر - بالائے اسم ظرف مکان

[1] فوق اسم ظرف مکان ہے منجملہ ان ظروف کے
ہے کہ جب سوائے اسم کے استعمال ہوتے ہیں
تو ان پر ضمہ آتا ہے مثل قبل بعد تحت - فوق قبلہ

اعوض ۴۴

الطور، ال عہدی و مراد وہ پہاڑ جس پر حضرت کلیم اللہ مشرف برسالت ہوئے ہیں۔ و یا جنسی و مراد عام سر سبز پہاڑ

خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ (بگیرید آنچہ داد یم شمارا۔ پکڑو جو کچھ دیا ہے ہم نے تم کو) خذوا، ج ح ص ام

ما، موصولہ اٰتینا، ماضی ج م الایتاء دینا اور دینا مصدر افعال ناقص مہموز الفاء اتی، یوتی، موت ات لا توت

بِقُوَّةٍ (باستواری۔ و جِدّ تمام۔ نہایت احتیاط اور مضبوطی سے) قوۃ سے مراد کوشش واحتیاط ہے۔

وَاذْكُرُوْا (و یاد دارید۔ اور یاد رکھو) ج ح ص ام وبمعنی تدبروا واعملوا۔

الذکر یاد کرنا مصدر ن ص۔ ذَکَرَ، یَذْکُرُ۔ ذَاکِرٌ۔ مَذْکُوْرٌ۔ اُذْکُرْ۔ لَا تَذْکُرْ۔

مَا فِيْهِ (آنچہ در وے است۔ جو اس میں ہے) ما، موصولہ۔ فیہ، مرجع ضمیر ما اتینا۔

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ (کہ در پناہ شوید۔ یا شما بپرہیزید۔ کہ تم بچو۔ یا کہ تم پرہیز کرو)

لَعَلَّ، بمعنی اَجَلْ و کے اے لکے تتقوا۔

تَتَّقُوْنَ، مضارع ج ح مصدر الاتقاء صفـ

ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ (باز روے بگردانید پھر تم پھر گئے۔)

ثُمَّ، حرف عطف مظہر انفصال زمانی

تَوَلَّيْتُمْ، منھ پھیر لیا تم نے۔ انکار کیا یا چھوڑ دیا تم نے۔ اصل میں تولی اعراض کو کہتے ہیں اور اعراض معنوی میں مجازاً استعمال ہوتا ہے۔ ماضی ج ح التولی منہ پھیرنا۔ ہٹ جانا مصدر تفعّل لفیف مقرون۔ تَوَلّٰی۔ یَتَوَلّٰی۔ مُتَوَلٍّ، تَوَلَّ، لَا تَتَوَلَّ۔

مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ (از بعد این۔ اس کے بعد)

مِنْ، حرف جر و تحتیہ بعد اسم ظرف معرب باضافت۔

فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ (اگر نبودے بخشایش خدا۔ اگر خدا کا فضل نہ ہوتا)

لولا[1]، مظہر امتناع وقوع شئے بحیلولت امرے کلمہ مفرد اور اس کے ما بعد کا اسم مبتدائے محذوف الخبر ہوتا ہے و التقدیر لولا فضل اللہ و رحمتہ حاصلان۔

فضل و رحمۃ

فضل، زیادتی و احسان و فضل اللہ مراد قبول توبہ و عطائے نعمت اسلام و قرآن و شریعت اسلام۔ و یا مراد توفیق خیر (بر شما و رحمت او۔ تم پر اور اسکی عنایت) رحمت مراد قبول توبہ۔ یا بعثت حضرت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم اور یہ لفظ چودہ وجوہ پر آیا ہے

(۱) اسلام یختص برحمتہ من یشاء

(۲) ایمان و اتانی رحمۃ من عندہ

(۳) جنت ففی رحمت اللہ ھم فیہا خالدون۔

(۴) بارش بشراً بین یدی رحمتہ

(۵) نعمت لولا فضل اللہ علیکم و رحمتہ

(۶) نبوت ام عندھم خزائن رحمۃ ربک۔

(۷) قرآن قل بفضل اللہ و برحمتہ

(۸) رزق خزائن رحمت ربی

(۹) نصرۃ و فتح۔ ان اراد بکم سوءً او اراد بکم رحمۃ

(۱۰) عافیت۔ او ارادنی برحمۃٍ۔

[1] لولا۔ یہ ایک کلمہ ہے جو کسی امر کے حائل ہونے سے شئے مفروض کے عدم وقوع پر دلالت کرتا ہے سیبویہ کے نزدیک یہ مفرد کلمہ ہے اور اسکے ما بعد کا اسم مبتدا ہوتا ہے اور دلالت کلام کے اعتبار پر اسکی خبر محذوف ہوتی ہے لیکن اگر اسکے بعد ان واقع ہو تو خبر کا اظہار ضروری ہے جیسے آیۃ فلولا انہ کان من المسبحین۔ اور کوفیین اسے مرکب کہتے ہیں۔ لو شرط اور لا نافیہ سے اور اسکے بعد کا اسم فعل محذوف کا فاعل ہوتا ہے اسے فلولا حصل فضل اللہ و رحمتہ۔

(۱۱) مودت یعنی دوستی - رأفۃ ورحمۃ
رُحماء بینہم -

(۱۲) کشایش - تخفیف - من ربکم
وَرَحْمَۃ -

(۱۳) مغفرت - کتب علیٰ نفسہ الرحمۃ

(۱۴) عصمت یعنی پناہ دینا - لَا عاصم
الیوم من امر اللہ الا من رحم (اتقان)

لَکُنْتُم
(ہر آئینہ میشدید - البتہ ہو جاتے تم)
ل، تاکید جواب لولا - اور اس کا لانا
واجب ہے جبکہ جواب موجب ہو -
اور کبھی لام کو حذف کرکے اسکی جگہ
قد لاتے ہیں - مثلاً لولا الامیر قد اکرمتک

کنتم، ماضی ج ح ناقص -

مِنَ الْخَاسِرِیْنَ
(از زیانکاران - خسارہ پانیوالوں سے)
من، زائدہ یا تبعیضیہ - الخاسرین
جمع خاسر الخُسْرَانُ بالضم کمی وزیانکاری
وبالفتح گمراہی وہلاکی وناکسی ونقصان
راس المال -

وَ - اِذْ، ظرفیہ - اَخَذْنَا، فعل با فاعل
مِیْثَاقَکُمْ، مضاف مضاف الیہ مفعول
وَرَفَعْنَا، ... فعل با فاعل
فَوْقَکُم، ... ظرف متعلق فعل
الطُّوْرَ، ... مفعول بہ
اے اخذنا میثاقکم باتباع
موسیٰ - خُذُوا، فعل با فاعل ذو الحال
مَا، ... موصولہ
اٰتَیْنٰکُمْ، جملہ فعلیہ صلہ
بِقُوَّۃٍ، متعلق عازمین الحال
اے قلنا خذوا عازمین علی الجد
فی العمل - ویا بقوۃ حال من ضمیر
محذوف اے خذوا ما اٰتینا
کموہ بقوۃ اے حال کونہ ملابسا
بقوۃ -
وَرَفَعْنَا فَوْقَکُمُ الطُّوْرَ حال من
ضمیر قول المحذوف -
اے رفعنا فوقکم قائلین لکم
خذوا -

وَاذْکُرُوْا ،... فعل با فاعل

مَا ،.... موصولہ

فِیْہِ ، متعلق ثابت خبر

مبتدا ئے محذوف صلہ } مفعول

اے ھو ثابت فیہ۔

لَعَلَّ ، مشبہ بفعل۔ کُمْ ، اسم

تَتَّقُوْنَ ، جملہ فعلیہ ... خبر

ویا لَعَلَّ بمعنی کَےْ متعلق بخذوا

اے خذوا لکے تتقوا ویا متعلق

باذکروا۔ اے اذکروا لکے تَتَّقُوْا

او بمعنی خذوا واذکروا راجین

ان تکونوا متقین۔ ویا متعلق

بقول محذوف اے قلنا رجاءً

منہم ان تَتَّقُوْا۔ (شیخ زادہ)

ثُمَّ تَوَلَّیْتُمْ ..... فعل با فاعل

مِنْ ، جار۔ بَعْدِ ، مضاف مجرور

ذٰلِکَ ، ای المیثاق مضاف الیہ

فَلَوْلَا ، فَضْلُ اللّٰہِ وَرَحْمَتُہٗ مبتدا

عَلَیْکُمْ ، متعلق حاضران ... خبر

لَ ، تاکید۔

کُنْتُمْ ... فعل مع الاسم

مِنَ ، زائد۔ الْخَاسِرِیْنَ خبر

ویا فَضْلُ اللّٰہِ وَرَحْمَتُہٗ ، فاعل

ثبت محذوف ... فعل

عَلَیْکُمْ ، .... ظرف لغو

وَلَکُنْتُمْ مِنَ الْخَاسِرِیْنَ } ..... جزا

ف- وَاِذْ اَخَذْنَا۔ الخ ان آیات میں بنی اسرائیل کی بے ثباتی اور انکے
قول وفعل کی بے اعتباری جتلائی گئی ہے۔ اور مقصود اس سے آنجناب
سرور کائنات علیہ وآلہ وسلم کی تشفی اور تسلی خاطر ہے کہ ان سفلہ مزاجوں کی
ہٹ دھرمی خلاف وعدگی۔ زبانی اقرار یا سچے ایمان کے بعد مرتد ہو جانے
پر اے پیغمبر صادق آپ رنجیدہ نہوں یہ کچھ اسی وقت کے لوگوں کی عادت

نہیں بلکہ اُنکے آبار و اجداد کی بھی یہی حالت تھی۔ اے بنی اسرائیل تمھیں
یاد ہے۔ جبکہ حضرت موسیٰ توریت مقدس لیکر تمہارے پاس پہونچے تھے
اور تمھیں اسکی تعمیل سے انکار تھا۔ لیکن جب تم نے پہاڑ کو اپنے پر جھکا ہوا
دیکھا تو اس خوف سے کہ پہاڑ ابھی گرا اور ہم سب کے سب کچلے گئے
تمنے سر جھکا لیا اور حضرت موسیٰؑ کی اطاعت قبول کرلی اور وہ کہہ رہے
تھے یہ کتاب لو اور اسکو پڑھو اسپر عمل کرو اور تم نے پکے عہد اور حلفیہ وعدے
کے ساتھ اس کتاب کو لیا تھا۔ اور اس میں تمہاری ہی بھلائی تھی۔ مگر
تھوڑے دنوں بعد پھر تم اُسی پہلی حالت پر آگئے۔ عبادت چھوڑ دی
وعدے بھول گئے۔ یہانتک کہ اسکے اعلان کرنے والوں کے
جانی دشمن بن گئے۔ بعضوں پر ہاتھ صاف کیا اور کسیکو اپنے خیال
کے موافق دار پر کھینچا۔ اسپر بھی اے بنی اسرائیل ہم درگذر کرتے ہیں
لیکن اگر اس وقت کو بھی تم نے کھو دیا اور اپنی ہٹ دھرمی سے باز نہ آئے
تو برباد اور تباہ ہو جاؤ گے اور پھر تمھیں کوئی ایسا موقعہ ہاتھ نہیں آئے گا۔

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِينَ اعْتَدَوْا مِنكُمْ

وہر آئینہ دانستہ اید آں کساں را کہ از حد درگذشتند از شما

اور البتہ تحقیق جانتے ہو تم ان لوگوں کو کہ حد سے نکل گئے تم میں سے

فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُونُوا قِرَدَةً خَاسِئِينَ (۶۳)

در شنبہ پس گفتیم ایشاں را بوزینہا شوید خور شدہ

بیچ ہفتے کے پس کہا ہمنے انکو ہوجاؤ تم بندر ذلیل

فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا

پس ساختیم این قصہ را عبرتے برائے آں قوم کہ پیش آں زمانہ بودند و آں قوم کہ پس از ایشاں آیند

پس کیا ہم نے اس قصہ کو عبرت واسطے ان کے جو آگے تھے اور جو پیچھے آئے ہیں

وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ (۶۶)

و پند مر پرہیزگاراں را

اور نصیحت واسطے پرہیزگاروں کے

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ

(و) تحقیق دانستہ اید شما - اور البتہ
تم جانتے ہو - یا جان چکے ہو -
ل، جواب قسم محذوف ہے واللہ
لقد -
قد[۵۱]، موکد امر، مظہر تکمیل امر زیر امید
علمتم، اثر قسم کیونکہ متعدی بمفعول واحد ہے -
ماضی مصدر العلم صف ج ع

الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا مِنْكُمْ

آناں راکہ از حد در گذشتند از شما
ان لوگوں کو جنہوں نے تم میں سے
زیادتی کی - یا وہ لوگ جو حد سے نکل گئے
الذین، موصول عہدی -
اعتدوا، اصل اعتدیوا، ماضی ج غ
الاعتداء حد سے تجاوز کرنا - خلاف
کرنا مصدر ہے
منکم، من بیانیہ حالیہ -

فِي السَّبْتِ

در روز شنبہ - ہفتے میں -
سبت[۵۲]، روز شنبہ ومعنی آسائش
ہے فی حکم السبت

---

۵۱ قد، یہ حرف ماضی پر داخل ہو کر تحقیق اور تاکید کے معنی دیتا ہے اور اکثر زیر امید کام کی تکمیل بیان کرتا ہے - ۵۲ سبت مصدر بمقام جزء اصل سبتت الیہود یعنی معظم سمجھا یہود نے سبت کو یا تعظیم کی انہوں نے سبت کی اور سبت کے لغوی معنی انفصال یا قطع کے ہیں یہود کو حکم ہوا تھا کہ وہ شنبہ کے دن کو عبادت کے لئے خاص کریں اور دوسرے تمام کاروبار

فقلنا لهم (پس گفتیم ایشاں را۔ پس کہا ہم نے
ان کو)

ف تعقیبیہ قلنا، ماضی ج۔م، زاید

كونوا قردة خاسئين (بشوید بوزینگاں ذلیل وخوار۔ ہوجاؤ
تم بندر۔ حقیر۔ پھٹکارے ہوئے)

کونوا، امر ناقص ج۔م

قردۃ، جمع قرد۔ بروزن فعلۃ۔
اور یہ شاذ ہے کیونکہ فعل کی جمع قیاساً
فعول کے وزن پر آتی ہے۔

خاسئین، جمع خاسئ۔ وہ پھٹکارے
جانور جنکو کوئی شخص اپنے پاس آنے
نہ دے۔ اس صفت سے اکثر کتوں
اور خنزیروں کو موصوف کیا جاتا ہے
الخسوء الصغار والذلۃ یہ متعدی
ولازم دونوں طرح پر آتا ہے۔
خاسئ معناً مبنی للمفعول بمعنی صاغر
المبعد المطرود۔

فجعلناها (پس ساختیم این قصہ را یا این عقوبت
را۔ پھر بنادیا ہمنے اس حالت کو یا
عذاب کو۔)

ف، لتعقیبیہ یا فصیحہ۔

جعلنا، ماضی ج۔م

ھا، ضمیر مؤنث راجع بعقوبت یا حالت

نكالا (عبرت۔ بندش یا دہشت۔)

نکال، اسم تنکیل بمعنی چھوڑانا عادت
مالوف کا و بمعنی قید وبند و رکاوٹ
جب کسی شخص کو ایسی سزا دیجائے
جس سے دوسرے عبرت پکڑیں
تو کہتے ہیں "نکل بہ"

لما بين يديها (برائے آنانکہ پیش ازے بودند۔ انکے
لئے جو اسکے ہمزماں یا ہم شہر ہیں)

لما، ل۔ تعلیلیہ ما موصولہ

بقیہ نوٹ صفحہ ۳۵۳

چھوڑ دیں۔ مگر انہوں نے نہ مانا اور حیلوں سے مچھلیوں کا شکار کرتے رہے یہ واقعہ
حضرت داؤد علیہ السلام کے زمانے کا ہے ماخذ اسکا سبت بمعنی قطع ہے اور یا سبوت بمعنی
راحۃ وسکون ہے اور کلام میں محذوف ہے اے فی حکم السبت ۔

بَیْنَ، سامنے۔ درمیان اسم ظرف مکان جو اکثر بمعنی زمان۔

یَدَ، ہے، اصل یَدَیْن بوجہ اضافت نون ساقط ہوا ہے۔ و مرجع ضمیر اُمم یا جماعت۔

ف (دو ہر اسے اس قوم کو پس انشان بنایا، اور اُنکے لئے جو انکے بعد میں

مَا، موصولہ۔ خَلْفَ پس پشت پس

وموعظۃ للمتقین

آیندہ۔

(و پندے پرہیزگاراں را، اور نصیحت سے ڈرنے والوں کو)

موعظۃ، نصیحت دینا مصدر میمی حاصل بالمصدر، اور وہ ذکر جس سے قلب متاثر ہو، اور عمل کی طرف راغب ہو سکے۔

ل، بمعنی تخصیص۔ متقین، جمع متقی

ف۵۔ بین، راغب کہتا ہے کہ یہ لفظ دو چیزوں کے مابین اور انکے وسط میں خلل ہو اسکے کے لئے موضوع ہے قال اللہ تعالیٰ و جعلنا بینھما زرعًا (اور ان دونوں کے بیچ میں ہمنے کھیتی رکھی) اور کبھی یہ ظرف کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ جیسا کہ ان آیات ثلاثہ لا تقدموا بین یدی اللہ و رسولہ اور فقدموا بین یدی نجوٰکم صدقۃ اور فاحکم بیننا بالحق میں ہے اور بین ظرفیت ان امور میں مستعمل ہوتا ہے جنکے لئے مسافت پائی جاتی ہو جیسا کہ بَیْنَ البلدین اور یا ان اشیائیں جنکی تعداد دو ہو یا زیادہ ہو مثلاً بین الرجلین اور بین القوم اور جو چیز وحدت کے معنی کی مقتضی ہوتی ہے اسکی جانب لفظ بین ظرفیہ کی اضافت صرف اس صورت میں ہوگی جبکہ وہ مکرر لایا جائے جس طرح قولہ تعالیٰ من بیننا و بینک حجاب اور فجعل بیننا و بینک موعدًا میں آیا ہے۔ ۱۲

خلاصہ مطولات و اتقان

ترکیب: و۔ لَقَدْ عَلِمْتُمْ ، اے عرفتم — فعل با فاعل

اَلَّذِیْنَ ... اسم موصول

اعْتَدَوْا ... فعل با فاعل

مِنْکُمْ ... متعلق کائنین حال از ضمیر

فِی السَّبْتِ ... ظرف لغو

اے المعتدین کائنین منکم۔

فَقُلْنَا ... فعل با فاعل

لَھُمْ ... جار مجرور ظرف لغو

کُوْنُوْا ... فعل ناقص مع اسم

قِرَدَۃً ... خبر اول

خٰسِئِیْنَ ... خبر دوم

و کُوْنُوْا ... فعل

انتم ضمیر اسم ذوالحال

قِرَدَۃً ... خبر

خٰسِئِیْنَ ... حال

فَجَعَلْنٰا ... فعل با فاعل

ھَا ... مفعول

نَکَالًا مصدر ... مفعول دوم

لِ ... جار

مَا ... موصولہ مجرور

بَیْنَ یَدَیْھَا ... صلہ

وَمَا خَلْفَھَا معطوف علی السابق

وَمَوْعِظَۃً لِّلْمُتَّقِیْنَ معطوف علی نکالا

ف۔ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الخ ان آیات میں بنی اسرائیل کو ایک واقعہ کی شہادت

ف۔ خاسئین بعضوں نے خاسئین کو قردۃ کی صفت کہا ہے لیکن ان پر یہ وارد ہوتا ہے کہ قردۃ جمع غیر ذوی العقول ہے اور اس قسم کی جمع کے لئے صفات کو صیغہ واحد مؤنث سے لایا کرتے ہیں خواہ جمع ہو اس تقدیر پر کونوا قردۃ خاسئۃ یا خاسئات ہونا چاہئے تھا۔ اس لئے اصح یہی ہے کہ کہا جائے۔ خاسئین قردۃ کی صفت نہیں بلکہ کونوا کی ضمیر سے حال ہے ای کونوا قردۃ حال کونکم خاسئین ۱۲ (حقانی)

پر تنبیہ کیجاتی ہے کہ اے بنی اسرائیل طبریہ کے کنارے پر شہر ایلیا کے
رہنے والوں کی حالت اور ان کے قصہ سے کیا تم واقف نہیں ؟ یہ لوگ
موسوی شریعت کے پابند تھے اور ہفتہ کے دن کی تعظیم و تکریم ان پر منجملہ
شرعی فرائض کے تھی - کہ اسدن کوئی دنیاوی کام نہ کریں بلکہ تمام دن عبادت
اور یادِ الٰہی میں گذاریں اور آرام لیں - مگر دنیاوی لالچ اور کثرتِ حرص نے پہلو
تو انکو اس حیلے پر آمادہ کیا کہ ہفتہ کے دن شکار تو نہ کرتے مگر دریا کے کنارے
حوض اور راوٹ بنا رکھتے اور دریا کی چڑھائی اور اسکے پور کے وقت انکے
دہانے کھولدیتے جس سے پانی اور مچھلیاں اُن میں بھر جاتیں اور اُترائی کے
وقت اُن کے دہانوں پر جال لگادیتے جس سے پانی نکل جاتا اور مچھلیاں
وہیں رہجاتیں تھیں انہیں اتوار کے دن پکڑ لیتے - اور آخر کار اس مبارک
دن کی تعظیم و تکریم ہی سے درگزرے اور جھوٹی تاویلوں سے اسکی حلّت کے
قائل ہوگئے یہاں تک کہ حضرت داؤد علیہ السّلام پیغمبر ہوئے انھوں نے
اظہار حق کیا اور وعظ و نصیحت بھی کی مگر وہ نہ سُدھرے اور غضب الٰہی کے
مستحق ہوگئے - ان کی صورتیں غیر مانوس اور پھٹکاری ہوئی ہوگئیں کوئی شخص
انکو اپنے پاس آنے نہیں دیتا تھا اور وہ اسی ذلت اور حقارت ہی میں مر کھپ
گئے - جس سے انکو دیکھکر اس زمانے کے لوگ متنبہ ہوگئے اور آیندہ
آنے والے بھی ان کی حالت سے عبرت لیتے ہیں - اے بنی اسرائیل
پیغمبر زمان کی مخالفت اور شریعت حقہ کا انکار کرنا اپنے ہاتھوں سے ہلاکت
خریدکرنا ہے جسے کوئی عاقل پسند نہیں کرتا -

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ

وآن وقت که گفت موسیٰ بقوم خود هرآئینه خدا میفرماید شمارا

اور جب کہا موسیٰ نے واسطے قوم اپنی کے کہ تحقیق اللہ حکم کرتا ہے تمکو

اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ۭ قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ۭ

بکشتن گاوے بگفتند آیا مارا مسخرا میگری

کہ ذبح کرو تم ایک بیل کو کہا انہوں نے کیا پکڑتا ہے تو ہمکو ٹھٹھے

قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ○

گفت پناه میگیرم بخدا از آنکه باشم از نادانان

کہا پناہ پکڑتا ہوں میں ساتھ اللہ کے یہ کہ ہوں میں جاہلوں سے

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۭ قَالَ اِنَّهٗ

گفتند سوال کن براے ما از پروردگار خود تا بیان کند براے ما چیست آن گاؤ گفت هرآئینه

کہا انہوں نے دعا کر واسطے ہمارے رب اپنے سے بیان کرے واسطے ہمارے کیا ہے وہ بیل کہا تحقیق

يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ۭ عَوَانٌۢ

خدا میفرماید هرآئینه وے گاوے است نه پیر و نه نازا میانه است

وہ کہتا ہے تحقیق وہ بیل نہ بوڑھا ہے نہ بچا جوان ہے

بَيْنَ ذٰلِكَ ۭ فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ ○

درمیان این وآن پس بکنید آنچه فرموده شدید

درمیاں میں اسکے پس کرو جو کچھ حکم کئے جاتے ہو

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى (وآن وقت که گفت موسیٰ - اور یاد کرو جب کہا موسیٰ نے -)

قال، ماضی - موسیٰ، اسم عجمی غیر منصرف بوجہ عجمیت وعلمیت

قومہ (مر قوم خود را - اپنی قوم کو)

قَوم، گروہ مردان وزنان - جمع اَقوام اَقادِم - جمع الجمع اَقَاوِیم و اقائم تصغیر قُوَیم -

ان اللہ یامرکم (بدرستیکہ خدا میفرماید شمارا - تحقیق اللہ تمکو حکم کرتا ہے -

اِنَّ، حرف موکد مضمون جملہ -

یَأمُرُ، مض الامر اع اپنے کو اعلیٰ سمجھ کر مخاطب سے طلب فعل کرنا - مصدر ف - ص مہموز الفاء

اَمَرَ - یَامُرُ - اَمرٌ - مَامُورٌ - مُرُ لَا تَامُرُ

ان تذبحوا بقرۃ (این کہ بکشید گاوے را - ذبح کرو تم کوئی ایک گائے) اسے بات تذبحوا -

اَنْ، حرف ناصب مضارع -

تَذبَحُوا، مض امر الذبح ج - ح جیسے جانور کا گلا کاٹنا - ذبح کرنا مصدر ف - ذَبَحَ - یَذبَحُ - ذَابِحٌ - مَذبُوحٌ - اِذبَحْ، لَا تَذبَحْ -

بَقَرَۃ، بیل یا گائے ماخذ اس کا - بقر بمعنی پھاڑنا و شق کرنا ہے چونکہ کھیتی کے وقت بیل کے ذریعہ سے زمین کو پھاڑا جاتا ہے اس لئے اسے بقرہ کہتے ہیں - مذکر و مؤنث دونوں پر بولا جاتا ہے - بقرات اور بُقَر جمع

قالوا (بگفتند - انھوں نے کہا) ماض ج - ع

اتتخذنا ھزوا (آیا می گیری ما را بمسخرگی - کیا ہمیں ٹھٹھے میں پکڑتا ہے - یا ہمیں مسخرہ بناتا ہے) الاتخاذ بمعنی التصییر

ا - ہمزہ مظہر تعجب - تَتَّخِذُ مض ج ح

نا، ضمیر جمع متکلم -

ھُزُوًا - دل لگی کرنا - مسخری کرنا مصدر بجائے مفعول مہزوبہ -

قال اعوذ باللہ (گفت پناہ میگیرم بخدا - کہا میں خدا کے ساتھ پناہ پکڑتا ہوں - یا خدا کی پناہ)

قَالَ - ماض اعوذ، مض م

اَلْعَوْذُ۔ وَالْعِیَاذَۃُ۔ کسی کی پناہ
لینا مصدر ن۔ ص۔ اجوف۔ عَاذَ
یَعُوْذُ۔ عَائِذٌ۔ مَعُوْذٌ۔ عُذْ۔ لَا تَعُذْ

اَنْ اَکُوْنَ (ازاں کہ باشم۔ اس سے کہ ہوں میں)
ان اکون، مضارع ناقص منصوب بان

مِنَ الْجٰهِلِیْنَ (از ناداناں۔ نادانوں سے)
من، فصلیہ۔ جاھلین، جمع جاہل
شخص خفیف العقل وحقیر و بیہودہ۔

قَالُوا ادْعُ لَنَا (گفتند سوال کن برائے ما۔ انہوں نے کہا ہمارے لئے سوال کر)
اے سل لاجلنا۔
قَالُوْا، ماضی ج غ۔ اُدْعُ، امر ح۔ الدُّعَاءُ
وَالدَّعْوَۃُ۔ بلانا۔ پکارنا۔ مصدر ن
ص ناقص معتل بمعنی اجل

رَبَّكَ (از پروردگار خودرا۔ اپنے مالک سے)
رَبٌّ، پرورندہ صفت مشبہ یا مصدر
بمقام فاعل۔

یُبَیِّنْ لَّنَا (بیان کند برائے ما۔ کہ بیان کرے ہمارے لئے)
اے یُبَیِّن لنا جواب هٰذا السوال

یُبَیِّنْ، بیان کرے ظاہر و تصریح
کرے۔ مضارع امر ح مجزوم بامر التبیین
ظاہر کرنا ظاہر ہونا۔ مصدر تفعیل
اجوف یائی۔ بَیَّنَ۔ یُبَیِّنُ۔
مُبَیِّنٌ۔ بَیِّنْ۔ لَا تُبَیِّنْ۔

مَا هِیَ (چیست آں گاو۔ کیا ہے وہ گائے)
یعنی وہ کیا شئے ہے یا اسکی کیا حالت ہے
ماھی، کلمہ ماھو اور ماھی اصطلاحًا
حقیقت اشیاء کے سوال کیلئے
مخصوص ہیں۔ لیکن اسجگہ ماھی معنی
کیف ہے۔ اے کیف هٰذِہٖ
البقرۃ۔ اسلئے اسکے جواب میں
صفات مفارقہ لائی گئی ہیں کیونکہ
ماہیت و مسمی اسم ہر دو معلوم ہیں۔

قَالَ اِنَّهٗ یَقُوْلُ (بگفت ہر آئینہ آں میفرماید۔ کہا تحقیق وہ فرماتا ہے)
قَالَ، ماضی ا ع۔ یَقُوْلُ، مضارع ا ع

اِنَّهَا بَقَرَۃٌ (کہ ہر آئینہ آں گاوے است۔ تحقیق وہ ایک ایسی گائے ہے۔)

بَقَرَۃٌ، بیل - البقرۃ ماخوذ من البَقَر بمعنی الشق وھی تبقر الارض للحراثۃ -

(نہ پیر است و نہ جوان است - نہ بوڑھا ہے اور نہ بچھڑا ابن بیاہا)

فَارِضٌ، عمر رسیدہ - بوڑھا - وھی مسنۃ لا تلد یقال فرضت البقرۃ فروضًا من الفرض بمعنی القطع کانہا انقطعت سنہا

بِکْرٌ، اول العمر اور وہ گائے یا بیل جسنے جفتی نہ کھائی ہو - اور عورتوں میں سے بکر وہ ہے جسکو مرد نے مس نہیں کیا یہ دونوں اسم مخصوص بذات بقرہ ہیں اسلئے آخر میں سے ھا کو حذف کیا گیا ہے مثل حائض کے

(درمیان این و آن است - اسکے بین بین ہے)

عَوَانٌ، میانہ سال اور ہر شے کہ اپنی نصف عمر کو پہونچ چکی ہو یقال عونت المرأۃ اذا زادت علی الثلثین جمع عُون

بَیْنَ، اسم ظرف فاصل میان دو چیز جامع ہر دو - درمیانی حد مشترک میان حدود -

ذٰلِکَ، اے لا فارض ولا بکر بتاویل ما ذکر -

(بکنید - بجالاؤ - ج ح - امر - الفعل العمل کام کرنا مصدر ف ف فَعَلَ - یَفْعَلُ - فَاعِلٌ - مَفْعُولٌ اِفْعَلْ - لَا تَفْعَلْ -

(آنچہ فرمودہ شدید - جو کچھ حکم کئے جاتے ہو - یا جو تمکو حکم ہوا ہے -)

اے ما تومرونہ بمعنی ما تومرون بہ ما موصولہ یا مصدریہ تومرون مضارع ج ح مجہول

وَاِذْ، ظرفیہ متعلق باذکروا محذوف

قَالَ، ...... فعل

مُوسٰی، ...... فاعل

لِقَوْمِہٖ، جار مجرور ظرف لغو

اِنَّ، مشبہ بفعل
اللہ، ..... اسم
یامُرُ، فعل مع الفاعل
کُم، ... مفعول اول
ان تذبحوا بقرۃ -
بنفسہ متعلق
بمقام مفعول دوم - اسے بان
تذبحوا - بحذف حرف
قَالُوا ..... فعل مع الفاعل
اَتتخذُ ... فعل با فاعل
نا ، ... مفعول اول
ھزوًا ... مفعول دوم
گویا کہ قیل فماذا صنعوا اھل
سارعوا الی الامتثال ام
لا فاجیب بذلک -
قال ... فعل مع الفاعل
اعوذ ... فعل با فاعل
باللہِ، جار مجرور ظرف لغو
اَن اکُونَ، فعل ناقص منصوب

انا، ضمیر ..... اسم
مِنَ الجاھلِین، خبر
قالُوا ...... فعل مع الفاعل
ادعُ ... فعل با فاعل
لنا، جار مجرور ظرف لغو
ربکَ ..... مفعول
یُبیّن ..... فعل با فاعل
لَنَا ...... ظرف لغو
مَا - خبر مقدم
ھِیَ - مبتدا مؤخر
قَالَ ..... فعل مع الفاعل
اِنَّ، مشبہ بفعل ہ، اسم
یقول فعل مع الفاعل
انھا بقرۃ الخ مفعول
ان ..... مشبہ بفعل
ھا ..... ضمیر اسم
بقرۃ ..... موصوف
لافارضٌ، صفت اول
لابکرٌ .. صفت دوم

عوانٌ، ...... مبتدا

بَیْنَ ذٰلِکَ متعلق کائن خبر

لَا فَارِضٌ، اے لاھِیَ فارضٌ و

لاھِیَ بِکْرٌ۔ ہر دو جملہ اسمیہ وصفت بقرہ

فَافْعَلُوْا، ...... فعل مع الفاعل

مَا، ...... موصولہ

تُؤْمَرُوْنَ، جملہ فعلیہ صلہ

تؤمرون، فعل با فاعل
ہ، ضمیر محذوف مفعول } جملہ فعلیہ

اے ما تؤمرونہ او ما تؤمرون بہ

ویا مَا، .... مصدریہ

تؤمرون، جملہ بتاویل مصدر ہے

اے فافعلوا امرکم اور مصدر بمعنی

مفعول ہے۔

لہ۔ لَا فارض ولا بکر۔ ہر دو جملہ اسمیہ وصفت بقرہ۔ یہاں پر ایک سوال ہے۔ کہ مدلول لا فارض ولا بکر بعینہ مدلول عوان ہے کیونکہ جو چیز نہ خردسال ہو اور نہ بوڑھی ضرور ہے کہ وہ میانہ سال ہی ہوگی۔ لہذا لا فارض ولا بکر کے بعد عوان کا لفظ محض تکرار ہے۔ ایسے ہی عوان اور بین ذٰلک کا مدلول شے واحد ہے۔ اس تقدیر پر ایک آیت میں دو تکرار لازم آتے ہیں اساتذہ نے کہا ہے کہ مدلول لا فارض ولا بکر یہ ہے کہ گائے نہ بوڑھی ہو نہ جوان اور یہ عام ہے اس سے کہ گوسالہ نہایت ہی کم سن بچھڑا ہو یا پورا جوان ہو لہذا رفع احتمال اول کے لئے عوان کہا گیا۔ اور چونکہ میانہ سالی کا درجہ بھی اعم ہے کہ وہ وسط حقیقی میں ہو یا بڑھاپے اور جوانی کے دو طرفوں میں سے کسی ایک جانب پر مائل ہو۔ اس لئے احتمال اول کی تعین اور باقی دونوں احتمالوں کے رفع کے لئے بین ذٰلک کہا گیا اور یہ تکرار نہیں ہے۔

ف - واذ قال الخ ان آیات میں بنی اسرائیل کی شوخی اور بے باکی کا ذکر ہے - چونکہ یہ لوگ صدق دل سے پابند شریعت نہ ہوتے تھے اِسلئے ہر مسئلہ میں خواہ مخواہ شکوک پیدا کرتے اور لاطائل شبہات سے پیغمبر وقت کو تنگ کیا کرتے تھے - اس قوم میں ایک یہودی بڑا مالدار تھا اور اس کا حقیقی وارث نہ تھا - اسکے بھتیجوں نے سیخ سے ورثہ حاصل کرنے کے لئے اسے مار ڈالا اور پھر خود ہی شور و واویلا کرنے لگے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سامنے قضیہ لاکر قصاص کے مدعی ہوئے - حضرت موسےٰ علیہ السلام نے بذریعہ الہام فرمایا کہ ایک بیل ذبح کردو - اس کے گوشت کا ٹکڑا مقتول پر رکھ دینا - وہ خود بخود اپنا قاتل بتادیگا - لیکن مدعی افشائے راز کے خوف سے یہ چاہتے تھے کہ حضرت موسےٰ علیہ السلام سے یہ فیصلہ نہ ہونے پائے اس لئے وہ آپ کی ہر ایک بات کو مشکوک بنانے اور اوس پر بیجا نکتہ چینی کرنے لگے بولے اے موسیٰ کیا ہمیں مسخر ابناتا ہے بھلا مقتول کے نام اور گائے ذبح کرنے میں کونسا علاقہ ہے - آپ نے فرمایا استفسار مسئلہ کے وقت تمسخر کرنا جاہلوں کا کام ہے - میں سچ کہتا ہوں یہ فیصلہ اسی طرح ہوگا - کہنے لگے پھر بیل تو ہزاروں ہیں کچھ اس گائے کی تمیز اور نشانی بتاؤ - آپ نے فرمایا - وہ بیل متوسط عمر کا ہے نہ بالکل الھڑ ہے - نہ بوڑھا - مناسب ہے کہ تم اس کام کو کرگذرو - مگر چونکہ انہیں اس کام کا کرنا مقصود ہی نہ تھا پھر کہنے لگے اچھا بتاؤ تو اس کا رنگ کیسا ہے آپ نے فرمایا اس کا رنگ پکا زرد اور چمکدار ہے (ڈھڈھا) اپنی رنگینی اور

اور شوخی سے دیکھنے والوں کے دلوں میں فرحت اور سرور پیدا کرنا ہے۔ کہنے لگے۔ اے موسیٰ اس قسم کے تو بہت سے گائے بیل ہیں ذرا اچھی طرح سے سمجھائیے۔ پھر آپ نے فرمایا کہ وہ ابھی قلبہ رانی یا بارکشی میں جوتا نہیں گیا اور ہر قسم کی محنت و مشقت سے ابھی آزاد ہے تمام ایک رنگ ہے۔ اس کے بدن پر کوئی داغ یا دھبہ نہیں۔ یہ سنکر چپ ہوئے اور لوگوں کی سرزنش سے ڈرے آخر کار بیل ذبح کیا گیا۔

اور واضح ہو کہ گائے ذبح کرانے میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ایک یہ بھی مقصود تھا کہ ابھی قوم کے دلوں میں گوسالہ پرستی کی بو باقی تھی جس سے وہ گائے کی عظمت کیا کرتے تھے قولہ تعالےٰ واشربوا فی بہم العجل اور آپ اس اثر کو مٹانا چاہتے تھے۔ غرض ایراد قصہ یہ ہے کہ بنی اسرائیل جس قدر اپنے آبا و اجداد پہ فخر و ناز کرتی ہیں اسیقدر ان اوضاع و اخلاق اور اطوار سے دور اور الگ ہوتے جاتی ہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بذریعہ خواب الہام ہوا۔ کہ ہماری خوشنودی اور رضا میں اپنے پیارے فرزند کو ذبح کرو اور آنجناب فی الفور مستعد ہو گئے اور جب آپ نے اپنے فرزند ارجمند سے قصۂ خواب بیان کیا۔ تو وہ بھی سنتے ہی راضی برضائے الٰہی ہو گئے۔ نہ انھوں نے کچھ تردد کیا اور نہ یہ بہانہ کیا کہ چونکہ مدار خواب اکثر وہم و خیال پر ہوتی ہے۔ ممکن ہے کہ یہ خواب الہام ربانی نہ ہو مناسب ہے کہ تا الہام ثانی تاخیر کیجائے۔ بلکہ انھوں نے اپنے والد سے زیادہ مستعدی کو ظاہر کیا۔ اب یہ انھیں کے پس ماندہ ہیں۔ کہ ایک گائے کے ذبح کرنے میں ہزاروں حیلے اور شکوک پیدا کرتے ہیں ۱۲

ف۲ یبین لنا ما ھی الخ حضرت شاہ عبد العزیز صاحبؒ فرماتے ہیں۔ دریں جا سوالے است کہ اہل تفسیر میکنند۔ حاصلش آنکہ سوال بلفظ ما در لغت عرب برای طلب حقیقت چیزے باشد۔ و تعریف حقیقت نمی شود الا باجزاء حقیقیۃ و مقومات حدیہ اوبا بخواص و لوازم نوعیہ او نہ بصفات مفارقہ چنانچہ در کلام وارد شدہ و حاصل جواب آنکہ غرض بنی اسرائیل ازیں سوال طلب ماہیت نوعیہ بقرہ نبود چہ شنیدہ بودند کہ آں بقرہ است و نہ طلب اجزائے حدیہ او۔ کہ حقیقت گاؤ را نیز میدانستند پس سوال نبود مگر از مشخصات ولیکن سوال مشخصات غیر ذوی العقول بلفظ ای می آید نہ بلفظ ما۔ ولہذا گفتہ اند۔ شاید ایشاں حقیقت شخصیہ را بجائے حقیقت نوعیہ قائم کردہ سوال بما نمودہ اند۔ زیراکہ شخص من حیث ہو شخص نیز حقیقتے دارد ورائے حقیقت نوعیہ یا برائے آں ما ھی۔ گفتند کہ سوال از جزئیات و عوارض مشخصہ آنہا در ذوی العقول بلفظ من می آید میگویند من زید ای من عمرو و دریں جا چوں سوالے از جزئی غیر ذو العقول بود لفظ ما را بجائے لفظ من آوردند و اندفاع ایں سوال از اصل آن است کہ ایشاں چوں ایں خواص عجیبہ آں گاؤ بشنیدند گماں بردند کہ حقیقت آں گاؤ مغائر حقیقت گاوان متعارف است اگرچہ صورت و نام گاؤ دارد و بنا بر لفظ ما ھی سوال کردند پس حضرت موسیٰ برائے استکشاف ایں معنی فرمود کہ آں گاوے است از جنس گاوان متعارف و حقیقتے دیگر ندارد و ایں خاصہ عجیبہ دراں گاؤ باعتبار خصوص ماہیتے یا باعتبار صفتے زائد نیست مگر آنکہ باعتبار سن و عمر کمالے در وے متحقق است و گفتہ اند لفظ ھی دریں جا بمعنے کیف است اے ھذہ البقرۃ

(عزیزی)

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا قَالَ

گفتند سوال کن برائے ما از پروردگار تا بیاں کند برائے ما چیست رنگ آں گاؤ گفت

کہا انہوں نے دعا کر واسطے ہمارے رب اپنے سے بیان کرے واسطے ہمارے کیا ہو رنگ اسکا کہا

إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاءُ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا

ہر آئینہ خدا میفرماید کہ وے گاوے است زرد نیک زرد است رنگ آں

تحقیق وہ کہتا ہے تحقیق وہ بیل ہے زرد رنگ چمکتا ہے ڈہڈہا ہے رنگ اسکا

تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ ﴿٦٥﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا

خوش میکند بینندگاں را گفتند سوال کن برائے ما از پروردگار خود تا بیاں کند

خوش کرتا ہے دیکھنے والوں کو کہا انہوں نے دعا کر تو واسطے ہمارے رب اپنے سے بیان کرے

مَا هِيَ إِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا وَإِنَّا إِنْ شَاءَ

برائے ما چہ کارہ است آں گاؤ ہر آئینہ گاواں مشتبہ شدند برما وہر آئینہ اگر خواستہ است

واسطے ہمارے کیا ہے وہ بیل تحقیق وہ بیل مل گیا ہے اوپر ہمارے اور تحقیق ہم اگر چاہا

اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ ﴿٦٦﴾ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ

خدا راہ یافتگانیم گفت ہر آئینہ خدا میفرماید کہ وے گاوے است

اللہ نے البتہ راہ پانے والے ہیں کہا تحقیق وہ کہتا ہے تحقیق وہ بیل ہے

لَّا ذَلُوْلٌ تُثِيرُ الْأَرْضَ وَلَا تَسْقِي الْحَرْثَ

نہ محنت کشیدہ کہ شگافندہ زمین را ونہ آب میدہد زراعت را

نہ جوتا ہوا کہ پھاڑے زمیں کو اور نہ پانی پلاتا ہو کھیتی کو

مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا قَالُوا الْـٰٔنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ

سلامت است ہیچ خال نیست در وے گفتند الحال آوردی سخن درست

تندرست است نہیں ہے داغ بیچ اسکے کہا انہوں نے اب لایا تو سچ

فَذَبَحُوهَا وَمَا كَادُوا يَفْعَلُونَ ﴿۷۱﴾

پس ذبح کردند ونزدیک نہ بودند از آں کنند

پس ذبح کیا انہوں نے اسکو اور نہ نزدیک تھے کہ کریں۔

قالوا ادع لنا ربك يبين لنا۔
(بگفتند سوال کن اللہ برائے ما پروردگار
خود را تا بیان کند برائے ما۔
انہوں نے کہا پوچھ یا دعا کر ہمارے
لئے رب اپنے سے کہ بیاں کرے
ہمارے لئے)

ما لونها
(چیست رنگ آں۔ کیا ہے یا کیسا
ہے رنگ اس کا)
ما، استفہامیہ۔ لون، رنگ جمع
الوان۔

قال انه يقول انها بقرة صفراء فاقع لونها
(بگفت ہر آئینہ خدا میفرماید کہ آں
گاوے است کہا تحقیق خدا تعالی
فرماتا ہے کہ وہ ایک ایسا بیل ہے)
(زرد نیک زرد است رنگ آں
زرد ڈھڈھا ہے رنگ اس کا۔
صفراء، مؤنث اصفر زرد رنگ
کی چیز
فاقع۔ خالص زرد۔ نہایت شوخ
صفت مشبہ۔ لغت عرب میں ہر رنگ
کی قوت اور صفائی کے لئے خاص
خاص لفظ معین ہیں جس سے رنگوں
کی قوت اور صفائی کا پورا پورا بیاں
ہوسکتا ہے کہتے ہیں احمر قانی
اصفر فاقع۔ اسود حالك۔
اخضر دارق و ناضر۔ ابیض
ناصع و یقق۔ لہذا معنی فقوع۔
صفا و تیزی رنگ زرد ہے خاصتہً
اور دوسرے رنگ میں اس کا استعمال
جائز نہیں۔

تسر الناظرين
(خوش میکند بینندگاں را۔ خوش
آتی ہے دیکھنے والوں کو)
تسر، خوش آتی ہے۔ بھاتی ہے

مصدر السُّرُورُ والمَسَرَّۃُ شادمان کرنا۔ خوش ہونا۔ سرور اس لذت کا نام ہے جو حصول توقع کے وقت دل میں پیدا ہوتی ہے۔ مصدر ف۔ ض۔ مضاعف سَرَّ۔ یَسُرُّ۔ سارٌّ۔ مَسْرُورٌ۔ اُسْرُرْ۔ لَا تَسْرُرْ

النّٰظِرِیْنَ۔ جمع ناظر۔ نظارہ کرنے والا

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ

(گفتند سوال کن برائے ما از خدائے خود تا بیان کند برائے ما چہ کارہ است آن۔ انہوں نے کہا پوچھ ہمارے لئے اپنے پروردگار سے کہ بیان کرے ہم پر کس قسم سے ہے وہ گاؤ یا سمجھا دے کہ کیا ہے وہ۔

هذا تکریرٌ للسوال الاول و استکشاف زائد۔

إِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا

(تحقیق کہ گاوان مشتبہ شدہ اند بر ما۔ البتہ گائیں مشتبہ ہوئی ہیں ہم پر

اِنَّ، حرف موکد مضمون جملہ

الْبَقَرَ، جمع بقرۃ بیل و گائے یہ لفظ مذکر اور مؤنث دونوں پر بولا جاتا ہے

تَشَابَهَ۔ وَلَمْ يَقُلْ تشابهت علی أن البقر جمعٌ وفيه ثلاثة اقوال احدها انه ذکر بتذکیر لفظ البقر کقوله کانهم اعجاز نخل منقعر و قال سیبویه کل جمع حروفه اقل من حروف واحده ان العرب یذکره واحتج بقول اعشی ودع هریرة ان الرکب مرتحل ولم یقل مرتحلون۔ وقال الزجاج معناه ان جنس البقرة تشابه علینا۔

تَشَابَهَ مشتبہ ہوا۔ حل گیا ماضی التشابہُ ایک دوسرے کے مانند ہونا۔ مصدر تفاعل۔ تَشَابَهَ، يَتَشَابَهُ، مُتَشَابِهٌ۔ تَشَابَهْ۔ لَا تَتَشَابَهْ۔

وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللَّهُ

(و ہر آئینہ ما اگر خواستہ خدا است اور بیشک ہم اگر چاہا اللہ نے)

اِنَّا (اِنَّ۔ نَا) اِنَّ حرف مشبہ

بفعل مع ضمیر۔

اِنْ، حرف شرط شَآءَ ماضی۔ ع

اَلْمَشِیَّۃُ۔ والْمَشِیْٓءُ چاہنا ارادہ کرنا

مصدر ک۔ ف اجوف مہموز اللام

یقال شاءہ شَیْئًا وشَیْئَۃً وَمَشَاءَۃً

ومَشَائِیَۃً۔ اے ارادہ۔

مُهْتَدُوْنَ (البتہ راہ یافتگانیم۔ ہم راہ پانے والے ہیں۔)

ل۔ ابتدائیہ۔ مُهْتَدُوْنَ جمع مہتدی

قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا (بگفت کہ خدا میفرماید۔ کہا تحقیق وہ کہتا ہے)

قَالَ، ماضی۔ ع۔ یَقُوْلُ، مضارع۔ ع

(کہ آن گاویست۔ تحقیق وہ ایسا بیل ہے)

بَقَرَۃٌ، مراد نر گاؤ بنظر وصف۔

لَا ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْاَرْضَ وَلَا تَسْقِى الْحَرْثَ اور تائے کلمہ تائے وحدت ہے نہ تائے تانیث مثل

ف۔ بقرہ۔ مفسرین نے کہا ہے کہ بقرہ سے مراد نر گاؤ ہے بنظر وصف لا ذلول تثیر الارض ولا تسقی الحرث اور تائے کلمہ تائے وحدت ہے تائے تانیث نہیں مثل تمرۃ وعمامۃ وعصفورۃ اور عرب کا قاعدہ ہے کہ جب کسی مذکر کو لفظ مؤنث سے تعبیر کرتے ہیں تو اس کے لئے ضمیر مؤنث لاتے ہیں۔ جیسے کہ لفظ دابۃ کے لئے ضمیر مؤنث لاتے ہیں۔ اگرچہ اس سے اسپ نر مراد لیتے اور ذکور ہیں بکر اس حیوان مذکور کو کہتے ہیں جس نے مادہ کے ساتھ ابھی جفتی نہ کی ہو اور بعض نے کہا ہے کہ بقرہ سے مراد اس جگہ مادہ گاؤ ہے بنظر لفظ بقرہ وضمائر و بنظر وصف بکارت کیونکہ بکر نازائیدہ حیوان کو کہتے ہیں اور وہ چونکہ بطریق تقابل عدم ملکہ صلاحیت زائیدگی کا مقتضی ہو اور نر گاؤ اصلاً یہ صلاحیت نہیں رکھتا اسلئے اسے لا بکر نہیں کہہ سکتے اور وصف لا ذلول تثیر الارض الخ اگرچہ بظاہر مادہ گاؤ کی صفت نہیں ہوسکتی کہ بحسب عادت عرف قلبہ رانی و آب کشی ہمہ بیل ہی مستقل ہوتے ہیں۔ لیکن چونکہ عرف وعادت ازمنہ وامکنہ کے لحاظ سے متفاوت اور

عصفورۃ - اور کہتے ہیں بقرہ سے مراد مادہ گاؤ ہے بنظر لفظ بقرہ وضمائرہ وبنظر وصف بکارت -

ذَلُولٌ (نہ محنت کشیدہ - رام گشتہ - محنتی - نہ سدھا ہوا)

لا بمعنی غیر ذلول، صیغہ مبالغہ عاجز ومطیع اور جو محنت وجفاکشی کا عادی ہوچکا ہے یقال دابۃ ذلول بینۃ الذل بالکسر ورجل ذلول بین الذل بالضم - ۱۲

تُثِيرُ الْأَرْضَ (کہ شوراند زمین را - کہ ہل سے زمین پھاڑے - یا زمین باہے) یا یہ کہ وہ مٹی ابھارتا ہے سینگوں اور کھروں کے زور سے جبکہ اکثر بیل مقابلہ کے وقت کیا کرتے ہیں -

تُثِيرُ، پھاڑتا ہے - مضارع الاثارۃ زمین کا ابھارنا - پھاڑنا - اور زراعت کے لئے زیر و زبر کرنا یقال اثرتہ اے ھیجتہ - مصدر - افعال اجوف آثَارَ - یُثِیرُ - مُثِیرٌ - مُثَارٌ - آثِرْ لَا تُثِرْ -

وَلَا تَسْقِي الْحَرْثَ (ونہ آب میدہد زراعت را - اور نہ پانی پلاتا ہے کھیت کو -) ([illegible] عموم نفی) ۱۲

لَا تَسْقِي، مضارع سقی السقیُ - والسقایۃ پینے کے لئے پانی دینا اور کبھی سقی بمعنی اسقی فی الارض آتا ہے - مصدر ض ک ناقص سقی - یسقی - ساق - مسقی - اِسْقِ لَا تَسْقِ -

الحرث، وہ زمین جو زراعت وکھیتی کیلئے [illegible]

(تفسیر [illegible] ۱۲) مختلف ہوتے ہیں - اسلئے ممکن ہے کہ اس وقت اور ان شہروں میں مادہ گاؤ سے بھی یہ کام لیا جاتا ہو - حق یہ ہے کہ بقرہ اسم جنس جمعی ہے اس میں اور اس کے واحد میں بواسطہ حرف تا فرق کیا جاتا ہے اور ایسے لفظ کے لئے تذکیر و تانیث کا لانا صحیح ہے مثل نخل منقعر - والنخل باسقات جمع اسکی ابقار و بواقر آتی ہے اور اس حیوان کو بقرہ اسلئے کہتے ہیں کہ یہ زمین کو کھیتی کے لئے پھاڑتا ہے ۱۲

تیار کی گئی ہے۔ جمع حروث

مسلمۃ (بازداشتہ شدہ۔ سلامت۔ تندرست یا تکالیف سے بچا ہوا۔ صحیح الاعضاء)

لاشیۃ فیہا (ہیچ داغ یا خال در وے نیست۔ کوئی داغ اس میں نہیں ہے)

لا، حرف نفی جنس مراد نفی کلی صفت شِیَۃَ، اصل وشیًا واؤ مضارع کے اتباع سے حذف کیگئی ہے۔ اور مضارع میں یا اور کسرہ کے درمیان واقع ہونے سے حذف ہوئی ہے وشیۃ علی وزن عدۃ من وشی یشی وشیًا وشیۃً فھو واشٍ اذا خلط بلونہ لونٌ آخر عرب میں دو رنگ یعنی سفید و سیاہ وغیرہ رنگ والے جانور کے لئے خاص خاص نام مقرر ہیں ابلق بیل کو ثور اشیہ اور ابلق گھوڑے کو فرس ابلق مینڈھے کو کبش اخرج اور بکری کو تیس ابرق اور کوّے کو غراب ابقع کہتے ہیں بحر روح المعانی۔ وقال الجوزی الوشی النقش مصدر بمعنی مختلف رنگ آپس میں ملانا۔ نقش کرنا ف ک نفیف مقرون

فیہا، مرجع ضمیر بقرہ ہے۔

(گفتند الحال۔ انہوں نے کہا اب)

۷۱ قَالُوا الْآنَ ا اسم ظرف زمان ال، عہدی حضوری یا زائد۔ آن، جزو غیر

ا۔ آن، اسم ظرف زماں اصل میں آن زمانہ کے کسی ایک غیر منقسم جزو کا نام ہے۔ وہ جزو زمانہ گزشتہ میں فرض کیجائے یا زمانہ آیندہ میں لیکن لام عہدیہ سے معرف کئے جانے کے بعد اس سے خاص جزو معین و معہود درمیان مخاطب و متکلم مراد ہوتی ہے جیسے یہاں پر جزو حاضر زمانہ مراد ہے اور بعد دخول لام عہدیہ اس لفظ کا استعمال ظروف غیر متمکنہ کے لئے ہوتا ہے اور مثل الیوم دوا لساعۃ منصوب للابدا جاتا ہے

۲۔ یا زاید و مبنی بوجہ تضمن حرف اشارہ جسکے معنی ھذا الوقت کے ہو سکتے ہیں و یا معروف بلام مقدر تعریفیہ و مبنی

منقسم زمانہ دمبہم۔ مراد زمانہ حاضر بوجہ عہد
اور یہ لازم البناء ہے فتح پر اور بغیر
الٓ اسکا استعمال جائز نہیں اور یہ مقتضی
حال ہے اور کبھی استقبال میں استعمال
ہوتا ہے مثل فلاں باللہ وھن
کیونکہ امر نص ہے استقبال کیلئے
(آور دی امر درست لایا تو صحیح بات)
جئتَ ۔ ماضی ح اصل جَیَئْتَ
المجیءُ ۔ والمَجِیْئَۃُ مصدر ف
ک ۔ اجوف مہموز اللام ۔ جاءَ
یجیءُ ۔ جاءٍ ۔ مجیءٌ ۔ جیءْ ۔ لاتجیءْ
یقال جاء مجیئاً وجیئاً وجیئاۃً
اے ۔ اَتَی ۔ ب تعدیہ یا بمعنی مع ای معاً الحق

قالوا الآن جئت بالحق

الحق، صفت مشبہ بمعنی ثابت و اَل
استغراقی اے الآن جئت بجمیع ما ثبت
لہا من اوصافہا ۔ لا بمعنی خلاف باطل شیخ
زیں ذبح کروند ۔ پھر ذبح کیا انھوں
نے)

فذبحوها

ف، فصیحہ معطوف ہے محذوف پر
اے فطلبوا البقرۃ الموصوفۃ فذبحوا
ذبحوا، ماضی ج ع مصدر الذبح ص
(و نزدیک نبودند ازآں کہ کنند
و یا ممنوع استند کہ کنند این کار را ۔
اور نہ لگتے تھے کہ کریں ۔

وما كادوا يفعلون

ما کادوا، ای ما کادوا یذبحون ۔
وہ قریب تھی ۔ ان سے امید نہ تھی ماضی ج ع کادوا [1]

[1] کادو، یہ فعل افعال مقاربہ سے ہے جو اس غرض کے لئے وضع کئے گئے ہیں کہ فاعل
کے لئے قرب حصول خبر کو ظاہر کریں عمل میں یہ افعال ناقصہ کے مشابہ ہیں لیکن اکثر انکی
خبر میں فعل مضارع واقع ہوتا ہے اور جب کلمہ نفی اسپر داخل ہوتا ہے تو اس وقت صرف
قرب حصول خبر کی نفی مراد ہوتی ہے اور ثبوت حصول دوسرے قرینہ سے لیا جاتا ہے اگر ہوسکے لہذا ما کادوا
یفعلون کا ترجمہ یہ ہوگا کہ ذبح کرنیکی انکی مرضی نہ تھی یا ان سے ذبح کرنیکی امید نہ تھی جو قبل ذبح انکے
تردد اور رد و قبول کا ایک لازمی نتیجہ ہے اتقان میں ہے کہ دیگر افعال کی طرح کاد کی نفی

یہ اُن افعال سے ہے جو بیان
کرتے ہیں کہ عمل واقع ہونے کے
قریب ہے۔ مشابہ ہے افعال
ناقصہ کے ساتھ عمل ہیں۔

یفعلون، مضارع ج مصدر الفعل

قالوا، ...... فعل با فاعل
ادعُ، ... فعل با فاعل
لنا، .... ظرف
ربّک، ... مفعول
یُبیّن، فعل مع الفاعل
لنا، ..... ظرف لغو

ما، .. مبتدا
لونُہا، خبر
قال، ... فعل مع الفاعل ....
انّہ، حرف مشبہ بفعل مع الاسم
یقول، فعل مع الفاعل
ان، مشبہ بفعل
ھا، ضمیر مؤنث اسم
بقرۃ صفراء الخ خبر
بقرۃٌ، موصوف۔ صفراء صفت
فاقعٌ، ...... خبر
لونُہا، ..... مبتدا
صفت دوم

کبھی نفی اور اس کا اثبات بھی اثبات ہی کے معنی میں آتا ہے چنانچہ کاد یفعل کے معنی ہیں "قَارَبَ الفعل وَلَمْ یفعل" کام کرنے کے قریب ہوا اور اس نے نہیں کیا اور ما کاد یفعل کے معنی ہونگے "ما قَارَبَ الفعلَ فضلاً عن اَن یفعل" (کام کرنے کے قریب بھی نہ پہنچا کرنا تو کجا) لہذا مقاربت کی نفی سے عقلاً فعل ہی کی نفی لازم آتی ہے پس آیت مبحوث عنہا اس بات کو ظاہر کرتی ہے کہ شروع شروع میں بنی اسرائیل کی یہ حالت تھی کہ وہ گائے ذبح کرنے سے بھاگتے تھے اور اس جگہ فعل کا اثبات ایک دوسری دلیل سے مفہوم ہوا ہے اور وہ یہ ہے (فذبحوھا) پس انہوں نے اسکو ذبح کیا۔۱۲ اتقان سیوطی۔

تشٰبہ، فعل مع الفاعل
الناظرین، مفعول
صفت سوم

قالوا ادع لنا ربک، جملہ فعلیہ امر
یبین لنا ما ھی، جملہ فعلیہ جواب امر

ان، ...... مشبہ بفعل
البقر، ...... اسم
تشابہ، فعل مع الفاعل
علینا، ظرف لغو
خبر

ان، ...... مشبہ بفعل
نا، ...... ضمیر اسم
لمھتدون، ...... خبر

ان شاء اللہ، ہدایتنا۔ مفعول
محذوف شرط مؤخر

قال، ...... فعل مع الفاعل۔
ان، مشبہ بفعل ہ، ضمیر اسم
یقول، فعل مع الفاعل
انھا بقرۃ لا ذلول الخ مقولہ

بقرۃ، ...... موصوف
لا، حرف نفی۔
ذلول، ...... موصوف
تثیر، فعل مع الفاعل
الارض، مفعول
ولا تسقی الحرث معطوف
صفت (۱)
مسلمۃ، ...... صفت دوم
لا، نفی جنس شیۃ، اسم
فیھا، متعلق کائنۃ، خبر

اے بقرۃ لا ذلول مثیرۃ
ولا ساقیۃ ومسلمۃ ویا تثیر
الارض ولا تسقی الحرث ہر دو
جملہ حال ہیں ضمیر ذلول سے لے
لا تذل، فی حال اثارتھا۔
ویا لا، حرف نفی، ھی، مبتدا
ذلول، ...... خبر

ے۔ تثیر الارض ای تثیر الارض للحراثۃ وقیل معناہ تثیر الارض بتعیر الحرث بطرا و
مرحًا ومن عادۃ البقر اذا بطرت تضرب بقرونھا والظلاف فیھا فتثیر تراب الارض۔

فیکون ھذا من تتمۃ قولہ لا ذلول ۱۲

اسی طرح لَا تَسْقِی الْحَرْثَ اور مُسَلَّمَۃٌ
جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہیں۔
قَالُوْا، ...... فعل مع الفاعل
اَلْاٰنَ، ..... مبتدا
جِئْتَ، فعل با فاعل
بِالْحَقِّ مفعول بہ
اے جئت الحق یا ذکرت الحق
ویا جئت، فعل با فاعل ضمیر ذوالحال

بِالْحَقِّ، اے مع الحق۔ حال۔
اے جئت ومعك الحق۔
ف۔ ذَبَحُوْهَا، جملہ فعلیہ معطوف بر محذوف
اے حصلوا البقرۃ المنعوتۃ وذبحوها
و۔ مَا كَادُوْا، ... فعل مقارب
ضمیر اسکی، ..... اسم
يَفْعَلُوْنَ، اے یفعلونہ جملہ خبر

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ

وآں وقت کہ کشتید شخصے را پس نزاع کردید دروے وخدا بیرون آرندہ است

اور جب مار ڈالا تمنے ایک جان کو پس اختلاف کیا تمنے بیچ اسکے اور اللہ کا لنے والا ہے

مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿۶۸﴾ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا

چیزے را کہ پنہاں میکردید پس فرمودیم بزنید آن شخص را بعضوے از گاؤ

جو تھے تم چھپاتے پس کہا ہم نے مارو اسکو ساتھ ایک ٹکڑے اسکے کے

كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ

ایں طور زندہ میکند خدا مردگاں را و مینماید شمارا نشانہاے خود تا بود کہ

اسیطرح زندہ کرتا ہے اللہ مُردوں کو اور دکھاتا ہے تمکو نشانیاں اپنی تو کہ تم

تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۹﴾ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ

دریابید باز سخت شد دلہاے شما بعد

سمجھو پھر سخت ہو گئے دل تمہارے پیچھے

ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ؕ

ازیں	پس آنہا	مانند سنگ اند	بلکہ	زیادہ تر	در	سختی
اسکے	پس وہ مانند پتھروں کے ہیں		یا	زیادہ	سختی	میں

۷۲ (وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا) (وآں وقت کہ کشتید شخصے را۔ اور یاد کرو جب مار ڈالا تم نے ایک شخص کو)

قَتَلْتُمْ، ماضی ج م ح القتل ناحق خون کرانا یقال۔ قَتَلَہٗ قَتْلًا وَتَقْتَالًا اے اماتہٗ۔

۷۲ (فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا) (پس نزاع و اختلاف کردید در وے پھر اختلاف کیا تم نے اس میں)

ف۔ اِدّٰرَءْتُمْ، ماضی ج م ح (تَدَارَءْتُمْ) اَلتَّدَارُءُ بایکدیگر خلاف کردن۔ ایک دوسرے پر ٹالنا۔ اختلاف کرنا۔ مصدر تفاعل۔ مہموز اللام۔ اِدّٰرَءَ يَدّٰرَءُ۔ مُدّٰرِءٌ۔ اِدّٰرَءْ۔ لَا تَدّٰرَءْ۔

یقال دَارَأَہٗ۔ مُدَارَأَۃً اے دافعہ ولاینہ ولاطفہ وخادعہ فِيْهَا، اے فی نفس المقتول۔

(وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ) (و خدا برآرندہ است۔ اور اللہ ظاہر کرنے والا ہے۔)

مُخْرِجٌ، اسم۔ فاعل ظاہر کرنے والا برآرندہ۔

(مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ) (آں چیز را کہ پنہاں میکردید۔ جسکو تم چھپاتے تھے) اے تکتمونہ

مَّا، موصول عہدی۔ مراد امر قتیل یا قاتل۔

كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ۔ ماضی ج م ح استمراری۔

ف۔ تَدَارَءْتُمْ۔ اِدّٰرَءْتُمْ اصل تَدَارَءْتُمْ ہے درء بمعنی دفع سے ماخوذ ہے ت و د قریب المخرج حروف کے جمع ہونے سے ادغام کے ارادے پر تا کو دال بنا کر اسے ساکن کرتے ہیں اور بعد میں ہمزہ وصل لاتے ہیں اور یہ قاعدہ عام ہے ہر فعل کے لئے جو تفاعل اور تفعل کے وزن

فقلنا (پس بفرمودیم بزنید این قتیل را۔ پھر کہا ہم نے مارو اس مقتول کو)

ف۔ قلنا مضـ ج م القول مصدر ف۔ ض۔ اجوف۔

اضربوہ اضربوا۔ مـا ج ح و مرجع ضمیر نفس بتاویل شخص اور کہا ہے کہ تذکیر ضمیر باعتبار تذکیر معنی ہے اور یہ قاعدہ ہے کہ جب لفظ مذکر اور معنی مونث یا اس کا بالعکس ہو تو دونوں وجہ صحیح ہوتی ہیں۔ ضمیر مذکر لائیں خواہ مونث

ببعضہا (بہ عضوے ازگاو۔ اسکے کسی ٹکڑے کے ساتھ۔)

ب، صلہ۔ بعض۔ ایک حصہ۔ کوئی ٹکڑا ھا، ضمیر مونث راجع بہ بقرۃ و ترد بعض نفس۔

کذلک (ہمچنین۔ اسی طرح۔

ک۔ حرف بمعنی مثل اسے مثل احیاء ذلک المقتول۔

یحیی اللہ الموتی (زندہ میکند خدا مردگاں را۔ زندہ کرتا ہے خدا مردوں کو)

یحیی جلاتا ہے۔ پیدا کرتا ہے۔ مضـ ا۔ ع الاحیاء، زندہ کرنا۔ پیدا کرنا۔ مصدر افعال لفیف مقرون یائی۔ احی۔ یحیی۔ محی۔ احی۔ آ محی۔

الموتی، جمع میت مردہ بیجان۔

ویریکم (و مینماید شمارا۔ اور دکھاتا ہے تمکو) یری، مضـ ا۔ ع مصدر الاراءۃ یقال رای یری رأیا و رؤیۃ و رایۃ و رئیانا اسے نظر بالعین او بالعقل۔ (دیکھا یا غور کیا یقین لایا)

آیاتہ (نشانہائے خود۔ اپنے آثار) آیات، جمع آیۃ۔ دلائل و علامات عظمت و قدرت خدا تعالی مراد احیاے میت اور اس کے مماثل دوسرے عام دلائل۔

لعلکم تعقلون (کہ شما بفہمید۔ تاکہ تم سمجھو۔) اسے لکی تعقلوا الحیاۃ بعد الموت

والحشر والبعث۔

لعل، بمعنی علت ومجرد عن المعنی الوضعی۔

تعقلون، مض ج ح العقل سمجھنا بوجھنا مصدر ف ک عَقَلَ يَعْقِلُ۔ عَاقِلٌ۔ مَعْقُولٌ۔ اِعْقِلْ لَا تَعْقِلْ۔

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوبُكُمْ (باز سخت شدند دلہائے شما۔ پھر سخت ہوگئے تمہارے دل۔)

ثُمَّ، مظہر استبعاد قسوۃ، مظہر تراخی۔

قست، ماضی ا ۔ غ مونث تانیث بوجہ جمعیت فاعل یا اسلئے کہ جمع واحد مونث سمجھی جاتی ہے۔

قلوب، جمع قلب مراد لطیفہ وراکہ، ضمیر مرجع ضمیر ورثہ قتیل ہیں اور یا عام بنی اسرائیل۔

اَلْقَسْوَۃُ۔ وَالْقَسْوُ۔ وَالْقَسَاوَۃُ وَالْقَسَاءَۃُ۔ سخت وغلیظ ہونا۔ سخت دل ہونا۔ اصل میں قساوت یبس وکثافت اور اجزاؤں کے سخت اور ٹھوس ہونے کو کہتے ہیں اور اسجگہ مجازاً بمعنی عدم تاثیر وحق امر سے متاثر نہونے کے معنی میں مستعمل ہے۔ مصدر ف ص۔ ناقص وادی۔ قَسٰی يَقْسُوْ قَاسٍ۔ مَقْسُوٌّ۔ اُقْسُ۔ لَا تَقْسُ۔

مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ (بعد ازیں۔ اسکے پیچھے۔)

مِن، ورقیتہ۔

ذٰلِكَ، اے احیاء النفس اوالآیات المتذکرۃ۔

فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ (پس آنہا مانند سنگ اند۔ پس وہ پتھروں کی مانند ہیں) اے فی القساوۃ وعدم التاثر۔

فهی، اے قلوبکم۔

ك بمعنی مثل وشبیہ۔ سیبویہ وجمہور نحاۃ اسے حرف مانتے ہیں لیکن اخفش اسکی اسمیت کا قائل ہے متعلق

اسکا محذوف اسے نظمی کائنۃ کالحجارۃ مگر ابن عصفور کہتے ہیں کہ کاف تشبیہ کسی شے کے ساتھ متعلق نہیں ہوتا۔

حجارۃ، پتھر یا کنکر جمع حجر اور یہ جمع بمقابلہ جمع قلوب ہے اور اس سے کہ وہ قساوت میں متفاوت ہیں جیسے پتھر سختی و صلابت میں مختلف ہیں۔

او اشد قسوۃ

(بلکہ سخت تر۔ یا زیادہ سختی ہیں)

او، بمعنی تخییر یا بمعنی ترقی (بلکہ) یا مظہر تنویع کہ بعض مثل پتھر کے ہیں اور بعض اس سے زیادہ سخت ہیں یا تردید کے لیے ہے۔ کہ وہ پتھر ہیں نہیں نہیں وہ اس سے زیادہ سخت ہیں۔

قسوۃ، سختی۔ سیاہی۔ غلظت مع صلابت۔ و اشد قسوۃ بمعنی افعل التفضیل مظہر تفضیل شناعت احوال کفار۔

و اذ قتلتم

و۔ اذ، ظرفیہ قتلتم، فعل با فاعل
نفسا، ...... مفعول
جملہ فعلیہ

معطوف علی اذ فرقنا او اذ قال موسیٰ لقومہ۔

فادارءتم

فادارءتم، فعل با فاعل
فیہا، ... جار مجرور ظرف لغو
جملہ فعلیہ معطوف

واللہ، ...... مبتدا
مخرج، اسم فاعل ضمیر فاعل
ما، ... موصولہ
کنتم، فعل
ضمیر اسم۔ تکتمون
ای تکتمونہ... خبر
جملہ فعلیہ صلہ
مفعول
خبر
جملہ اسمیہ حالیہ معترضہ

ای فادارءتم والحال انکم

۹۱۔ اشد قسوۃ، افعل التفضیل وا یراد اشد قسوۃ بجائے اقسیٰ کہ افعل قسوۃ ہے۔ اس غرض سے ہے کہ افعل التفضیل محض افراط مطلق پر دلالت کرتا ہے۔ اور اسکے صیغے کا استعمال

۹۲۔ واللہ مخرج ما کنتم تکتمون مخرج اسم فاعل عامل ما تکتمون ہے اور بمعنی ماضی ہے۔ حالانکہ

نعلمون ذلك -

ترکیب نحوی

فقلنا، ..... فعل بافاعل -
اضربوه، جملہ فعلیہ مقولہ
ببعضها، ... ظرف لغو

کا نہ قیل فما قصتهم بعد قتلهم نفسا فقیل فقلنا لهم ان تذبحوا بقرۃ فذبحوه فقلنا اضربوه ببعضها اور یا معطوف فادّارءتم پر اور درمیانی

تتمہ فائدہ صفحہ ۳۸۰ ط

ایسے مقام میں مناسب ہوتا ہے جہاں افراط کمی وکیفی کا ابہام مطلوب ہوتا ہے لیکن جہاں کہیں کسی خاص حیثیت کا اظہار یا اسکی ترجیح مطلوب ہوتی ہے تو بجائے افعل اس حیثیت خاص کے مظہر الفاظ کو لاتے ہیں پس افادہ افراط کمیت فعل کے لئے ہے (اکثر وازید) اور افراط کیفیت فعل کے لئے (اشد واقوی) استعمال کرتے ہیں - چونکہ اس جگہ کفار کے احوال کی شناعت کا اظہار مطلوب ہے لہذا باوجود امکان بنائے افعل یعنی بجائے اقسی اشد قسوۃ لانا ہی مناسب مقام تھا -

تتمہ فائدہ صفحہ ۳۸۰ ط

شرط صحت عمل اسم فاعل اعتبار معنی استقبالی ہے - عزیزی میں ہے - جواب یہ ہے کہ اخراج مکتوبات بنی اسرائیل ہرچند نسبت بوقت خطاب ماضی ہے - لیکن نسبت بوقت تدافع واختلاف مستقبل ہے اور اسم فاعل کے عمل کی صحت کے لئے معنی استقبالی کا اعتبار نسبت بواقعہ سابقہ ضروری ہے نہ نسبت بوقت خطاب - لیکن اسپر متفرع ہوتا ہے کہ جملہ واللہ مخرج ما کنتم تکتمون - فادّارءتم کی ضمیر سے حال ہے پس اس جملہ کا مضمون تدافع واختلاف کے مقارن ہونا چاہیئے نہ اس سے مستقبل - اور اس میں شک نہیں کہ اخراج مکتوبات تدافع واختلاف کے مقارن نہ تھا - جواب یہ ہے یہ جملہ حال مقدرہ ہے از قبیل جاءنی زید ومعہ صقر صائدا بہ غدا حاصل کلام یہ ہے کہ تدافع واختلافات مستقبلہ کی حکایت کی گئی ہے مثل آیت وکلبهم باسط ذراعیہ بالوصید کہ حکایت حال ہے -

جملے معترضے ہیں۔ اور مقصود یہ کہ کتمان قائل نفع نہیں دے سکتا۔

كَذٰلِكَ، اے مثل ذلك الاحياء مفعول مطلق

يحيي، فعل ... الله، فاعل

الموتیٰ، ...... مفعول

ويري، ... فعل مع الفاعل

كم، ..... مفعول اول

اٰياته، ... مفعول دوم

لَعَلَّ، .... مشبہ بفعل

كم، ...... اسم

تعقلون، جملہ فعلیہ ... خبر

ثُمَّ قَسَتْ، ..... فعل

قلوبكم، ...... فاعل

من بعد ذٰلك، .. ظرف لغو

اور یا معطوف ہے جمع قصص سابقہ کے مضمون پر

فهي، ...... مبتدا

كالحجارة، متعلق۔ مستقرۃ و خبر

وكالحجارة، اے مثل الحجارۃ و خبر

أَوْ۔ اَشَدُّ، .... ممیز

قسوة، .... تمیز

معطوف برا اول

برمحل کاف۔ اے مثل الحجارۃ او ازید عَلَیہا۔ ویا ھی کالحجارۃ او ھی

٥١۔ كذٰلك اس کلام کے مخاطب حاضرین حادثہ ہیں۔ یا صحابہ کرام یا عام مردمان زمانہ نزول و بعد نزول اصل عبارت یہ ہے فقلنا بوہ فحی پس فائے فصیحہ اور اس جملے کا جو اسپر معطوف ہوا ہے۔ كذٰلك يحيي الله الخ کے قرینہ سے حذف کر دیا گیا ہے۔ کیونکہ تشبیہ مشبہ بہ کے وجود اور تحقق پر دلالت کرتی ہے اور مشبہ بہ احیاء مقتول ہے اور احیاء اس شئے کے وجود پر دلالت کرتا ہے جسپر وہ موقوف تھا یعنی ضرب پر۔

٥٢۔ او اشد۔ کالحجارۃ میں کاف بمعنی مثل ہے اور حجارہ باعتبار اضافت مجرور ہے۔ اور اشد مرفوع ہے کہ اسکا عطف محل کاف پر ہے اے مثل الحجارۃ او ازید علیہا لیکن اسوقت معطوف میں حما ثلت

مثل ما هو اشد منها کالحدید | ویا هی اشد۔

وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ

وهر آئینہ از سنگہا آنست کہ روان میشود از وے جہندہ جوئیہا

اور تحقیق بعض پتھروں میں سے وہ ہے کہ پھوٹ نکلتی ہیں اس میں سے نہریں

وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَ

وهر آئینہ از سنگہا آنست کہ میشگافد پس بیروں می آید از وے آب و

اور تحقیق ان میں سے البتہ وہ ہے کہ پھٹ جاتا ہے پس نکلتا ہے اس میں سے پانی اور

اِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ

هر آئینہ از سنگہا آنست کہ فرو مے افتد از ترس خدا و نیست خدا

تحقیق ان میں سے البتہ وہ ہے کہ گر پڑتا ہے ڈر اللہ کے سے اور نہیں اللہ

بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۞۷۰

بے خبر از انچہ میکنید

بے خبر اس چیز سے کہ کرتے ہو تم

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۸۳) کا اعتبار نہ ہوگا یہ عطف مفرد کا مفرد پر ہے مثل قول تیرے زید علی سفر اور مقیم اور ھی مقدر کرکے کہتے ہیں اوہی اشد اسوقت عطف جملہ کا جملہ پر ہوگا۔ اور یا اشد اس اعتبار سے مرفوع ہے کہ وہ مضاف الیہ ہے اور اپنے مضاف کا اعراب لیکر اسکے قائم مقام ہے اسے ھی کالحجارۃ اوھی مثل ما ھو اشد منہا کالحدید۔ اور معطوف ہے کاف پر اگر وہ اسم ہے۔ یا مجموع جار و مجرور پر اگر وہ حرف ہے پھر اس کا مضاف حذف کردیا گیا ہے۔ اور یا اشد اس اعتبار سے مرفوع ہے کہ وہ مبتدائے محذوف کی خبر ہے۔ اے ھی اشد۔ (شیخ زادہ)

وَإِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا (وہر آئینہ از سنگہا آنست - اور
تحقیق بعض پتھروں میں سے وہ ہے)
اِنَّ، حرف موکد مضمون جملہ۔
مِن، ابتدائیہ یا بعضیہ - حجارۃ،
کنکر وپتھر جمع حجر۔
لَمَا - ل، مظہر تاکید۔ ما، موصولہ یا
موصوفہ۔

يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْأَنْهَارُ (رواں میشود از وے نہرہا - کہ پھوٹ نکلتی
ہیں اس میں سے نہریں)
والصحیح یتفجر ویحصل منہ الانہار
اسلیئے کہ پتھر پھٹکر نہر بنجانا غیر معتاد ہے،
یتفجر، مضـ اـع التفجر پانی کا بہنا
مصدر۔ تَفَعُّل - تَفَجَّرَ - يَتَفَجَّرُ و
مُتَفَجِّرٌ - تَفَجَّرَ - لَا تَتَفَجَّرْ -
مِن، ابتدائیہ - الْاَنْهَار - ال زاید
وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا (وہر آئینہ از آنہا آنست - اور بعض
انمیں وہ ہیں - یا ایسے ہیں)
لَمَا، ل، زاید - ما، موصولہ یا
موصوفہ -

يَشَّقَّقُ (کہ میشگافد - پھٹتا ہے) مضـ اـع
اصل يَتَشَقَّقُ - اَلتَّشَقُّقُ پھٹ
جانا، تڑکنا شے کا طول میں یا عرض میں
مصدر تَفَعُّل مضاعف تَشَقَّقَ - يَتَشَقَّقُ
مُتَشَقِّقٌ - تَشَقَّقْ - لَا تَتَشَقَّقْ

فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاءُ (پس بیروں می آید - پس نکلتا ہے)
يَخْرُجُ، مضـ اـع مصدر الاخراج
منه، مِن، ابتدائیہ و مرجع ضمیر ھا
وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا (واز سنگہا آنست - اور ان میں
سے وہ بھی ہے - یا ایسا بھی ہے)
منہا، مِن، لبعضیہ یا بیانیہ - و مرجع
ضمیر حجارۃ - و مَا، موصولہ یا موصوفہ
يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ (کہ فرو می افتد از ترس خدا کہ گرتا ہے
اللہ کے ڈر سے)
يَهْبِطُ، مضـ اـع الهبوط مرکز کیطرف
مائل ہونا نیچے اترنا - گرنا مصدر ص
مِن، بمعنی لام تعلیلیہ -
خَشْيَة، ترس و ترسیدن -
وَمَا اللَّهُ (ونیست خداوند بے خبر - اور خدا

بے خبر نہیں ہے)

مَا، نافیہ۔ ب، زاید

غافل، اسم فاعل۔

(از آنچہ کہ میکنند۔ اس چیز سے کہ تم کرتے ہو۔ مَا، موصولہ یا مصدریہ

تعملون، مصدر ج ح

اِنَّ، حرف مشبہ بفعل۔

مِنَ الحِجَارَةِ، متعلق کائن خبر مقدم۔

لَ، حرف تاکید

مَا، ... موصولہ

یَتَفَجَّرُ، ... فعل

الانہار، فاعل

منہ، ظرف لغو

اِنَّ، مشبہ بفعل منہا، خبر مقدم

لَ، مَا، ... موصولہ

یَشَّقَّقُ، جملہ فعلیہ صلہ — اسم

فَ۔ یخرج، ... فعل

الماء، ... فاعل

منہ، جار مجرور ظرف لغو

وَ۔ اِنَّ، ... مشبہ بفعل

مِنہا، ... خبر مقدم

لما یہبط من خشیة اللہ

اسم موخر

وَ۔ مَا، ... مشابہ لیس

اللہ، ... اسم

بِ، زاید غافل، ... خبر

عما تعملون، جملہ فعلیہ متعلق الخبر

ل۵ ـ وان من الحجارة لما یتفجر الخ یہ تمام جملے علی التشبیہ مذکور ہوئے ہیں اور مقصود ان سے غیر طبعی انفعالات کا اظہار ہے جو نہایت ہی تشبیہ کے مناسب ہے یعنی یہ تعجب ہے کہ سخت پتھر جو نہایت ہی یابس اور خشک ہے اور اس کے اجزاء نہایت غلیظ و کثیف ہیں باوجود اس کے وہ خارجی اثرات سے منفعل اور متاثر ہو کر خلاف طبع نتیجہ پیدا کرتا ہے اور تمہارے دل کسی طرح متاثر نہیں ہوتے ۱۲

ف۱ - وَاِذْ قَتَلْتُمْ ۔ الخ یہ آیت معناً مقدم ہے گائے کے ذبح اور اس قتیل کا ایک ہی قصہ ہے ۔ مضمون قصہ یہ ہے ۔ اے بنی اسرائیل اسوقت کو یاد کرو کہ ایک دولتمند کو تو مار کر اس کے قتل کا الزام تم دوسروں پر لگاتے تھے اور تمہاری غرض اس کے چھپانے اور اخفائے راز کی تھی جس سے خواہ مخواہ ہر بات میں تم نکتہ چینی کرتے تھے مگر ہم اُسے ظاہر کرنا چاہتے تھے ۔ پس حضرت موسیٰؑ نے بذریعہ وحی جوں ہی اس مذبوح گائے کے گوشت کا ٹکڑا اس مقتول پر رکھا ہم نے اس کی ابتدائی حالت کو لوٹا دیا ۔ یعنے اس کے قتل ہونے کی وقت کی حالت کو دکھا دیا ۔ وہ ایک بیچارہ مظلوم ہے اور اس کے گلے کی رگوں سے خون جوش مار رہا ہے اور اس کے چچیرے بھائی اسے قتل کر رہے ہیں ۔ یا اس کا بھتیجا اسے مار رہا ہے ۔ پس حضرت موسےؑ نے قاتل سے اقرار قتل لینے کے بعد یا قتیل ہی کی شہادت کو معتبر رکھکر حسب قانون شرع قاتلیں کو ورثہ سے محروم کر دیا ۔ اے حاضرین زمانہ پیغمبر آخر زماں ہم اسیطرح قیامت میں سب کو زندہ کرینگے اور اس واقعہ کے سوائے اور بھی بہت سے واضح دلائل اور کہلے علامات ہیں جن کو ہم تمہاری بھلائی اور بہتری کے لئے وقت بوقت نمایاں کرتے رہتے ہیں مگر بہت ہی تھوڑے لوگ ان سے فائدہ اُٹھاتے ہیں ۔ واضح ہو کہ میت کے زندہ ہونے کی علت دعائے حضرت موسیٰ علیہ السلام ہے ۔ اور یہ آپ کا ایک معجزہ ہے ۔ ذبح گائے اور ضرب میت کو اس کے احیاء میں کچھ دخل نہیں ہاں ضرب میت سے یہ فائدہ متصور ہو سکتا ہے کہ میت

ہونے میں شبہ کی گنجائش نہ رہے ممکن ہے کہ کوئی وہم کرنے والا یہ وہم کرتا کہ
میت فی الواقع میت نہ تھی بلکہ حالت غشی یا سکتہ میں تھی اور ضرب سے یا حرکت
سے وہ ہوش میں آگئی۔ اور ذبح گائے سے ایک تو یہ فائدہ منصور تھا کہ میت
کے میت ہونے میں اور اوس کے دوبارہ زندہ ہونے میں ایک معتدبہ
وقفہ ظاہر ہو اور دوسرا یہ کہ بنی اسرائیل کے دلوں میں سے بقیہ عظمت گوسالہ پرستی
دور ہو۔ اور وہ یہ سمجھیں کہ گائے ذبح کئے جانے کے لایق ہے گو اس میں
ہزار ہا عجائبات بھرے ہوئے ہوں۔ اور معبودیت کے لایق نہیں۔ اہل
معارف کہتے ہیں۔ بقرۃ سے مراد نفس حیوانی ہے جس نے مہد طفولیت
اور لڑکپن کے میدان سے ابھی قدم باہر رکھا ہے لیکن عمر رسیدگی اور
کہولت کے حد تک نہیں پونچا۔ ابھی اس نے فطرتی استعدادات کی زمین
مستعدہ کو اعمال صالحہ کی کھیتی کے لئے ابھارا نہیں۔ اور نہ علوم ومعارف
کی بالقوہ کھیتی کو توجہ بحضرت قدس وسیر الی اللہ کے پانی سے سینچا ہے
حرص وہوا وخواہشات کی بوباس سے بالکل پاک وصاف ہے اعتقادات
ومذاہب اور ہر قسم کا رسم ورواج وطاعات وآداب وغیرہ کے قیودات کی گرد
وغبار ابھی تک اس کے دامن تک نہیں پونچی اسکی بشاشت اور پر رونق
چہرے کی چمک دمک ناظرین کو مست الست بناکر بزور اپنی طرف کھینچ لیتی
ہے یہ بقرہ ہے جس میں قربانی کے تمام اوصاف پائے جاتے ہیں
اور سکین ریاضت سے ذبح کئے جانے کے لایق ہے جو شخص اپنے مردہ
قلب کو جاودانی حیات سے زندہ کرنا چاہتا ہے اور انکشاف حالات ملک وملکوت

ومشاہدۂ اسرار لاہوت وجبروت وتجلیات ذاتیہ وصفاتیہ وغیرہ معارف آلہیہ وحقائق قدسیہ کو برائے العین دیکھنے کا مشتاق ہے عقل وہم کے درمیانی خصومات اور ان کی باہمی تدافع وتنازع کو بالکلیہ مٹانا چاہتا ہو اسی چاہیئے کہ مجمع کمالات قربانی کو ذبح کرے اسی کا نام جہاد اکبر وموت احمر ہے۔

ف ۲ - ثم قست الخ ان آیات میں بنی اسرائیل کی جبلی قساوت۔ عدم صلاحیت قبول خیر کا ذکر ہے۔ کہ یہ وہ قوم ہے کہ واقعہ احیائے مقتول ابھی دیکھ رہے ہیں۔ اور اس سے پہلے کے معجزات بھی ابھی ان کی نظروں سے غائب نہیں ہوئی اور پھر شریعت حقہ کو چھوڑ رہے ہیں۔ کیا ان میں کچھ سمجھ بوجھ بھی ہے نہیں ان کے دل پتھر کے ہیں۔ بلکہ اس سے بھی بدتر ہیں۔ کیونکہ بعض پتھر ایسے بھی ہیں کہ خارجی اثرات سے متاثر ہوکر ان سے پانی بہ نکلتا ہی بعضوں سے چشمے اور نہریں جاری ہیں بہت سے پھٹ جاتے ہیں اوپر سے نیچے گر جاتے ہیں۔ الغرض پتھر خارجی اثرات سے متاثر ہوکر سختی کو چھوڑ دیتے ہیں۔ مگر یہ وہ دل ہیں کہ استعداد کے ہوتے ہوئے ایسے معجزات کو دیکھکر بھی متاثر نہیں ہوتے اور بجائے اطاعت ونرمی کے ان کی سرکشی اور سختی زیادہ ہوتی جاتی ہے۔ اے پیغمبر زماں انہیں چھوڑ دے۔ ہم ان کی حالت سے خوب واقف ہیں اور جس حالت پر مرینگے ہم اس سے بھی پورے واقف ہیں۔

ف ۳ - کذالک یحیی اللہ الموتی۔ یہاں پر ایک اشکال ہے۔ اہل کلام نے بحث معجزات میں لکھا ہے۔ کہ اگر کسی پیغمبر کی دعا سے ایک مردہ زندہ

ہوکر اس پیغمبر کی صدق نبوت پر شہادت دے یا اس کی تکذیب کرے تو یہ شہادت اور تکذیب معتبر نہیں ہوسکتی۔ بلکہ اس پیغمبر کا معجزہ نفس احیائے میت ہے۔ اور شہادت میت کو ثبوت نبوت اور اس کی مخالفت میں کچھ دخل نہیں۔ کیونکہ میت زندہ ہوجانے اور انسانی عقل وشعور و وہم وخیال سے متحلی ہوجانے کے بعد عام افراد انسانی میں سے شمار ہوتی ہے۔ اور ثبوت نبوت یا اس کی مخالفت میں اس کی شہادت مثل دوسرے افراد کے سمجھی جاتی ہے بخلاف اسکے اگر کوئی دوسرا جانور یا پتھر یا درخت پیغمبر کی دعا سے گویا ہوکر اس کے صدق نبوت پر شہادت دے تو وہ البتہ معتبر اور مقبول ہوسکتی ہے کیونکہ حیوانات وجمادات کی گویائی تصنع وہم وخیال سے نہیں ہوتی۔ بلکہ وہ نطق غیبی ہے اور اس میں کذب وتصنع کا احتمال نہیں ہوسکتا بنا بریں محض مقتول کی شہادت سے تعین قاتل نہیں ہوسکتا جب تک کہ قاتل خود اقرار قتل نہ کرے۔ اور اخبار سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے قاتل سے اقرار قتل کرا لیا تھا۔ اہل قصص نے اس شبہ کے جواب میں کہا ہے۔ کہ مقتول جسے دوبارہ زندگی ملی ہے چونکہ اس نے حالات برزخ واحوال آخرت کو من وجہ دیکھ لیا ہے۔ اور اسے یقین ہے کہ وہ صرف اسی شہادت کے لئے زندہ کیا گیا ہے لہٰذا ضرور ہے کہ وہ سچ ہی کہیگا اور اس کا قول دو گواہوں کے مقابلہ میں سمجھا جائیگا۔ حضرت شاہ عبد العزیز صاحبؒ لکھتے ہیں جواب صحیح یہ ہے

کہ جب خود خداوند عالم نے گائے کے ذبح کرنے کا حکم دیا ہے اور یہ تصریح کردی ہے کہ مذبوح گائے کے گوشت میں سے کوئی ٹکڑا اگر مقتول کے ساتھ چھوا یا جائیگا تو وہ زندہ ہوکر اپنے قاتل کی خبر دیگا۔ لہذا اس خبر میں احتمال کذب نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ اس مقتول کی صداقت خبر شہادت الٰہی سے ثابت ہوئی ہے۔ اسی لئے حضرت موسےٰ علیہ السلام نے مقتول ہی کی شہادت کو فیصلہ قصاص میں معتبر رکھا ہے۔ البتہ دوسرے مردوں کو اس پر قیاس نہیں کر سکتے کیونکہ یہ مقتول منصوص الصدق ہے (عزیزی) یھبط من خشیۃ اللہ۔ حضرت شاہ عبد العزیز صاحبؒ لکھتے ہیں۔ ادنای احوال سنگ آنست من خشیۃ اللہ کہ ھبوط من خشیۃ اللہ نماید یعنی انقیاد کند حکم طبعی راکہ حق تعالیٰ بروحاکم ساختہ است و آن میل بمرکز است علی الاستقامت۔ وچوں ازیں ترقی کند آب را راہ میدہد و مسام ضیقہ بسبب لطافت شگاف جوہر او درو پیدا میشوند کہ ازاں راہ ترشح آب ممکن میشود۔ وچوں ازیں ترقی نماید قوت احالہ واستحالہ ہوا آب در وے پیدا گردد و منشائے انہار میشود۔ وازیں ہرسہ قسم مذکورہ اشارت است بقلوب اہل سلوک کہ بعضے ازاں در نور الٰہی مستغرق و در بحر علم مستہلک شدہ فانی و نابود شدہ اند و از قلوب آنہا انہار معرفت منبجستہ و سبب احیائے مسترشداں و مستفیضاں میگردد و ایں را اہل اللہ و سابقین نامند و بعضے ازاں از بحر علم سیر شدہ باعث نفع خلائق گشتہ و ایں را علمای راسخین نامند و بعضے بانقیاد و اطاعت مشغول شدہ اند و ایں را زہاد و عباد میگویند و ورائے ایں سہ قسم قسمی است چہارم از قلوب متمردہ کہ از کمال تجبر

بقبول فیض علمی موصوف نمیشوند وتن باطاعت نمے دہند وایشان بیکے از جواہر
اشیائے صلبہ مشابہت ندارند وایں قلوب۔ قلوب فساق اند۔

أَفَتَطْمَعُونَ أَن يُؤْمِنُوا لَكُمْ وَقَدْ كَانَ

اے مومنان آیا امید می دارید کہ یہود منقاد شوند شمارا وہر آئینہ

پس کیا طمع رکھتے ہو تم یہ کہ ایمان لاویں واسطے تمہارے اور تحقیق

فَرِيقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُونَ كَلَامَ اللَّهِ ثُمَّ يُحَرِّفُونَهُ

گروہے از ایشان می شنیدند کلام خدا یعنی توریت پس بدل

تھا ایک فرقہ ان میں سے سنتا کلام اللہ کا پھر بدل ڈالتا

مِن بَعْدِ مَا عَقَلُوهُ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ۝ وَإِذَا

میکردندش دانستہ بعد از انکہ فہمیدہ بودند اور وچون

اسکو پیچھے اس سے کہ سمجھ لیا تھا اسکو اور وہ جانتے تھے اور جب

لَقُوا الَّذِينَ آمَنُوا قَالُوا آمَنَّا ۚ وَإِذَا خَلَا

ملاقات کنند با مومناں گویند ایمان آوردیم وچوں تنہا شوند

ملتے ان لوگوں سے کہ ایمان لائے کہتے ہیں کہ ایمان لائے ہم اور جب اکیلے ہوتے ہیں

بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ قَالُوا أَتُحَدِّثُونَهُم بِمَا فَتَحَ

بعض از ایشاں با بعضے گویند آیا خبر میدہید ایشاں را بآنچہ کشادہ است

بعضے انکے طرف بعضے کے کہتے ہیں کیا بیاں کرتے ہو تم انسے جو کھولا

اللَّهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَاجُّوكُم بِهِ عِندَ رَبِّكُمْ ۚ أَفَلَا

خدا برشما تا مناظرہ کنند باشما بآں دلیل نزد پروردگار شما آیا

اللہ نے اوپر تمہارے تو کہ جھگڑیں تم سے ساتھ اس کے نزدیک رب اپنے کے کیا

تَعۡقِلُونَ ﴿٧٦﴾ أَوَلَا يَعۡلَمُونَ أَنَّ ٱللَّهَ يَعۡلَمُ

درنمی یابید | ایں جہوداں نمی دانند | کہ خدا | میداند

نہیں سمجھتے | کیا نہیں جانتے یہ | کہ اللہ جانتا ہے

مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعۡلِنُونَ ﴿٧٧﴾

آنچہ پنہاں میکنند | وآنچہ آشکارا مینمایند

جو کچھ چھپاتے ہیں | اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں ۔

أَفَتَطۡمَعُونَ (آیا امید میدارید ۔ کیا پس طمع رکھتے ہو تم) ۔

ا ۔ ہمزہ استفہام توبیخی یا استبعادی ۔ ف فصیحہ متعلق بمحذوف ۔ اے ان کنتم تعلمون ان قلوبھم قاسیۃ کالحجارۃ فتطمعون الخ

تَطۡمَعُونَ ۔ امید رکھتے ہو ۔ طمع کرتے ہو تم ۔ مضارع ج ح ۔ الطَّمَعُ متوجہ ہونا نفس کا تحصیل مطلوب کی طرف کامل رغبت اور شدت ارادت سے ساتھ امید رکھنا مصدر ف ۔ ف ۔ طَمِعَ ، يَطۡمَعُ ، طَامِعٌ ، مَطۡمُوعٌ ۔ اِطۡمَعۡ ۔ لَا تَطۡمَعۡ ، يقال طَمِعَ طَمَعًا ، وَطَمَاعًا ، وطَمَاعِيَةً فی الشیٔ وبہ اے حرص عليه ۔

أَن يُؤۡمِنُواْ لَكُمۡ (کہ منقاد شوند شمارا ۔ یا بصدق ایمان بیارند بدعوت شما) کہ تمہارا کہا مانیں ۔ یا صدق دل سے تمہارے کہے پر ایمان لائیں ۔)

يُؤۡمِنُواْ لَكُمۡ ، اے یصدقوا کم ، او یومنوا بدعوتکم ۔ فاللام على الاول للصلة وعلى الثانی بمعنی لاجل

ل ، صلہ فعل یا تعلیلیہ بمعنی اجل ۔

ل صلہ ۔ ایمان کے اگر لغوی معنی لئے جائیں اے (ان یصدقوکم) وہ تمہیں سچا جانیں اسوقت لام صلہ فعل ہوگا ۔ اور اگر ایمان کے اصطلاحی

وَقَدْ كَانَ فَرِيقٌ مِّنْهُمْ

(حالانکہ بود گروہے از ایشاں - اور تحقیق بعض لوگ ان میں سے تھے)

قَدْ ، مظہر تکمیل اُمید۔[ل]

قَدْ كَانَ ، ماضی ع۔ الکون ہونا۔ مصدر ف۔ ض اجوف واوی

كَانَ يَكُوْنُ - كَائِنٌ ، مَكُوْنٌ

كُنْ لَا تَكُنْ۔

فَرِيْقٌ ، اسم جماعت جمع فُرُوْقٌ

فُرَقٌ ، اَفْرِقَاءُ - فریقین۔ فریقان

تثنیہ۔

مِنْهُمْ - مِنْ ، بیانیہ - مرجع ضمیر بنی اسرائیل

يَسْمَعُوْنَ كَلَامَ اللّٰهِ

(میشنیدند کلام خدا را - سنتے تھے کلام اللہ کو)

وھم اھل میقاتِ یعنی وہ ستر آدمی جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ طور پر گئے تھے - او علماء بنی اسرائیل عموماً۔

يَسْمَعُوْنَ ، مضارع ج۔ ع حکایت ماضی

كَلَام - جملہ نام جس سے مخاطب متکلم کا مقصود سمجھ سکے - مراد تورات ویا احکام۔

ثُمَّ يُحَرِّفُونَهُ

(پس بدل میکنند آنرا - پھر بدل ڈالتے ہیں اسکو)

يُحَرِّفُوْنَ ، مضارع ج۔ التحریف

حروف اور کلمات عبارت میں تغیر و تبدل کرنا۔

تحویل و امالہ کے ذریعہ سے مضمون کلام و معنی عبارت بدل دینا یا بواسطہ تاویل تصریح کو مبہم کردینا - مصدر تفعیل

حَرَّفَ يُحَرِّفُ ، مُحَرِّفٌ ، مُحَرَّفٌ اِحْرِفْ

لَا تُحَرِّفْ۔

ل - قد ، مظہر تکمیل امید - یعنی قد جب ماضی کے ساتھ آتا ہے تو زیرِ امید کام کی تکمیل بیان کرتا ہے - جیسے (قد رکب الامیر) کہ امیر سوار ہوچکا ہے - یا ہولیا ہے - یہ ان لوگوں کو کہا جائیگا - جو امیر کے آنے کی انتظاری میں رہیں۔

مِنْ بَعْدِ مَا عَقَلُوهُ

(بعد ازاں کہ دریافتند آنرا۔ یا بعد از دریافت آنچہ اوست یا درست جو کچھ اُس میں ہے سمجھنے کے بعد یا بعد اسکے کہ سمجھ لیا تھا اسکو)

ما، یا موصولہ و ضمیر عائد بہ کلام اللہ یا مصدریہ۔

عَقَلُوا، ماضی ج مذ غ العقل۔ خردمند ہونا۔ سمجھنا۔ مرجع ضمیر کلام اللہ۔

وَهُمْ يَعْلَمُونَ

(و ایشاں میدانستند یا فہمیدہ بودند اور وہ جانتے تھے۔ یا جانتے ہیں)

يَعْلَمُونَ، مضارع ج مذ غ مصدر العلم

وَإِذَا لَقُوا

(وچوں ملاقات کنند۔ اور جب ملتے ہیں)

لقوا، اسکے الیہود والمنافقون،

ماضی ج مذ ح بمعنی مضارع بوجہ اذا،

الَّذِينَ آمَنُوا

(با آنکہ ایمان آوردند۔ یا با مومناں ان لوگوں سے کہ ایمان لائے ہیں)

الَّذِينَ، اسم موصول عہدی۔

آمَنُوا، ماضی ج

قَالُوا آمَنَّا

(گویند ایمان آوردیم۔ کہتے ہیں ہم ایمان لائے ہیں)

قَالُوا، ماضی ج مذ غ بمعنی مضارع بوجہ جواب اذا۔

آمَنَّا۔ ہم ایمان لاتے ہیں، ماضی ج متکلم

وَإِذَا خَلَا

(وچوں تنہا شوند۔ اور جب اکیلے ہوتے ہیں۔)

خلا۔ مرجع ضمیر وہ لوگ ہیں۔ جو عند الملاقات چپ رہتے تھے۔

ماضی واحد مذ غ بمعنی مضارع اصل ترجمہ الگ ہوا۔

بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ

(بعضے از ایشاں با بعضے ایک شخص دوسرے کے ساتھ۔ یا کوئی ان میں سے دوسرے کے ساتھ)

بعض، اسم نکرہ کوئی شخص جماعت یا گروہ میں سے ہر ایک شخص دوسرول کے اعتبار سے بعض کہلاتا ہے

ھم، مرجع ضمیر منافق و یہود ہیں جو عند الملاقات ایمان ظاہر کرتے تھے

(میگویند آیا خبر میدہید مومناں را) کہتے ہیں کیا کہہ دیتے ہو۔ یا کہہ دیتے ہو)

قَالُوْا، ماضی ج ۔ ع بمعنی مضارع بوجہ جواب اذا۔

اَ، ہمزہ مظہر توبیخ ما کان و انکار لما یصدر فی المستقبل او للتنبیہ

تُحَدِّثُوْنَ، بات چیت اور گفتگو کرتے ہو تم۔ مضارع ج ۔ ح **التَّحْدِیْث** گفتگو کرنا۔ باہم بات چیت کرنا مصدر باب تفعیل **حَدَّثَ۔ یُحَدِّثُ۔ مُحَدِّثٌ۔ حَدِّثْ۔ لَاتُحَدِّثْ**

(بآنچہ کشادہ است خدا بر شما) اس سے جو ظاہر کیا یا کھولا خدا نے تم پر)

مَا، موصولہ۔ یا مصدریہ یا نکرہ موصوفہ

فَتَحَ، ظاہر کیا۔ کھولا یا ظاہر ہوا ماضی ۔ ع **اَلْفَتْحُ**۔ غیر و متعدی۔ کھولنا۔ ظاہر ہونا و کرنا۔ مصدر ف **فَتَحَ یَفْتَحُ۔ فَاتِحٌ۔ مَفْتُوْحٌ۔ اِفْتَحْ۔ لَاتَفْتَحْ۔**

(تا مناظرہ کنند باشما یان یا مخاصمت کنند کہ تم سے جھگڑیں اس سے یا مناظرہ کریں اس سے)

۵۱ اتحدثون الخ یہ مقولہ اگر غیر منافقین کفار کا ہے تو اس کا یہ مطلب ہے۔ کہ جب منافق انکو ملتے تو یہ لوگ تنہا ان سے کہتے کہ تم اسرارات توریت مقدس مسلمانوں سے کہدیتے ہو یہ تم سے نہ ہونا چاہیئے یا تم ان سے ایسی گفتگو نہ کیا کرو جس کے ذریعہ سے وہ تم پر حجت کرسکیں اور اگر یہ مقولہ منافقین کا ہے تو یہ معنی ہیں۔ کہ جب منافق کفار سے ملتے تو ان کو اپنی ثابت قدمی کے اظہار میں کہتے کہ دیکھو تم ہرگز مسلمانوں سے اپنی کتاب کے چھپے راز اور پوشیدہ باتیں نہ کہنا ورنہ وہ تم پر حجت میں غالب آجائیں گے۔

۵۲ بمعنی مضارع ۔ کیونکہ حرف شرط جب ماضی پر داخل ہوتا ہے تو اسے مستقبل کے معنی میں کردیتا ہے

ل، بمعنی صیرورۃ یا بمعنی کی -
لیحاجوا، منصوب باَن
مقدرہ مضارع المحاجّۃُ
باہم حجت کرنا - مناظرہ میں دلیل
پیش کرنا - غالب ہونا - مصدر
مفاعلہ مضاعف بمعنی اِحتجاج -
اے لیحتجّوا بہ علیکم بعض کہتے
ہیں کہ دونوں جانب سے حجت پیش
کئے گئے بلکہ ایک جانب سے حجت
پیش کیجاتی تھی اور دوسری جانب
میں صرف اسکی سماعت تھی تو اس قدر
شرکت بھی مفاعلہ کے لئے کافی
ہے مثل بالبعت کہ ایک جانب سے
ایجاب اور دوسری جانب سے صرف
قبول ہوتا ہے اس تقدیر پر مفاعلہ
اپنے معنی پر ہے -
حَاجَّ - یُحَاجُّ - مُحَاجٌّ - حَاجِجْ -
لَاتُحَاجِجْ -
بہ، اے باستغاثہ یا زائدہ مرجع

عِنْدَ رَبِّكُمْ

ضمیر حدیث)
(نزد پروردگار شما - یا در حکم پروردگار
نزدیک تمہارے رب کے یا تمہارے
پروردگار کے حکم یا کتاب میں)
عِنْدَ، اسم ظرف مکان یا بمعنی
فی جیسے کہا جاتا ہے - ھذا
عند ابی حنیفۃ اے ھذا حکم
ابی حنیفۃ یا ھذا فی حکمہ فالمراد
عند ربکم اے فی کتاب ربکم

أَفَلَا تَعْقِلُونَ

(آیا پس نمی فہمید - کیا پس تم نہیں
جانتے)
ا - ہمزہ توبیخی - لَاتَعْقِلُونَ مضارع منفی ج ح
ف - اقوال قائلین پر عدم عقل
کے ترتب کو ظاہر کرتی ہے اور یا عطف
ہے مقدر پر الاتتأملون فلا
تعقلون اور جملہ موکدہ ہے انکار تحدیث
کے لئے -

أَوَلَا يَعْلَمُونَ

(آیا نمی دانند - کیا یہ نہیں جانتے)
ا، ہمزہ استفہام انکاری مظہر عتاب

دونو بیخ -

وَ - حرف عطف اس کا عطف مقدر پر ہے -

لَا یَعْلَمُوْنَ، مضـ ج ع مصدر العلم

(یہ ربستیکہ خدا میدا ند آنچہ پنہاں میکنند البتہ خداوند جانتا ہے - جو کچھ چھپاتے ہیں)

اِنَّ، حرف موکد مضمون جملہ یعلم مضـ

مَا، موصولہ -

یُسِرُّوْنَ، مضـ ج ع الاسرار بات چھپانا - راز پوشیدہ کرنا۔ مصدر افعال - مضاعف - اَسَرَّ - یُسِرُّ - مُسِرٌّ - اَسْرِرْ - لَا تُسْرِرْ -

(وآنچہ آشکارا مے نمایند اور جو ظاہر کرتے ہیں - یا دکھاتے ہیں -

وَ - مَا، موصولہ - یُعْلِنُوْنَ مضـ ج ع الاعلان آشکارا کرنا - ظاہر کرنا مصدر افعال - اَعْلَنَ - یُعْلِنُ - مُعْلِنٌ - اَعْلِنْ - لَا تُعْلِنْ -

اَ - فَتَطْمَعُوْنَ - فعل با فاعل[ـه] ذوالحال

اَنْ یُّؤْمِنُوْا، فعل با فاعل

لَکُمْ، ... جار مجرور ... ظرف لغو

متعلق منصوب المحل عند السیبویہ والمجرور عند الخلیل -

وَ - قَدْ کَانَ، فعل ناقص

فَرِیْقٌ، ... موصوف

مِنْهُمْ، متعلق کا صفت

یَسْمَعُوْنَ، فعل مع الفاعل ... خبر

کَلَامَ اللّٰهِ، ... مفعول

بعضوں نے یسمعون کو فریق کی صفت اور منہم کو کان کی خبر کہا ہے - مگر یہ ضعیف ہے - (اعظم)

ثُمَّ یُحَرِّفُوْنَ، فعل با فاعل والحال

ہٗ، ضمیر ... مفعول

مِنْ، ... جار

ـه - فاعل ذوالحال اسے انتطمعون ایمانہم وشانہم الکذب والتحریف ۱۲

بعد ، ... مجرور مضاف

ما عقلوہ ، ای من بعد عقلھم ایاہ

ما ، مصدریہ ۔ مضاف الیہ

یا ما ، .... موصولہ

سمجھا جاتا ہے اور شریعت کے
دوسرے ارشاد سے معلوم ہوتا ہے
کہ وہ دوامی نہ تھا بلکہ اسکی تکمیل کی

مدت ایک خاص حد تک محدود تھی
اس دوسرے حکم کو ناسخ اور پہلے
کو منسوخ کہتے ہیں۔ اس کے تین
قسم ہیں (۱) کلمات آیات کا پڑھنا
فرض نہ رہے۔ اور فرضیت حکم قائم
رہے۔ (۲) تعمیل حکم فرض نہ رہے
اور کلمات آیات کا پڑھنا فرض رہے
(۳) پڑھنا اور تعمیل حکم دونوں فرض
نہ رہیں۔

مِنْ اٰيَةٍ (از آیتے۔ کوئی آیت۔)

مِن، تبعضیہ یا بیانیہ متعلق بمحذوف
آیت، قرآن کا ایک جملہ یا حکم مقصود

اَوْ نُنْسِهَا (یا فراموش میگردانیم اورا۔ یا بھلا دیتے ہیں ہم اسکو)

ننس، مضـ ج م دل سے مٹاتے
ہیں الانساء والنسیان۔ بھلانا
محو کر دینا صورت کا ذہن سے
مصدر افعال ناقص۔ اَنسٰی یُنسِی
مُنسٍ۔ اَنْسِ۔ لَا تُنْسِ۔

نَاْتِ بِخَیْرٍ مِّنْهَا (بیاریم بہتر از وے۔ لاتے ہیں ہم اس سے بہتر۔)

نَأْتِ، مضـ ج م مصدر الاتیان ص
ب، زائد۔ خیرٍ، بہتر و انفع افعل
التفضیل اے بخیر فی الثواب
والنفع للعباد۔

مِنها، اے من آیۃ المنسوخۃ۔

اَوْ مِثْلِهَا (یا مانند وے۔ یا اسکے برابر)

اے مثل آیۃ المنسوخۃ۔

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ (آیا ندانستہ بہ تحقیق خدا ئراست کیا نہیں جانتا تو البتہ اللہ ہی کے لئے ہے)

أ، ہمزہ استفہام توبیخی و عتابی۔
لم تعلم، مضـ ج مجزوم۔ ان، موکد
مضمون جملہ۔

لہ۔ لام بمعنی تخصیص و تملیک۔

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (بادشاہی آسمانہا و زمینہا۔ آسمانوں کی اور زمین کی سلطنت تمام مخلوق کی حکومت)

وما لكم من دون الله من ولي ولا نصير

ملك ، تمام مخلوق - جملہ ماسوی اللہ
السموات ، جمع سماء - عالم مجردات
الارض ، عالم شہادت - عالم عناصر
(ولیت شمارا - اور کوئی تمہارے لئے
نہیں - ما ، نافیہ - ل ، تاکید خبر -
(از غیر خدا - خداوند کے سوائے)
من ، زائد دون ، ضد فوق ادنیٰ -
(ہیچ دوست و نہ مددگارے - کوئی دوست
اور نہ مدد کرنے والا -)
من ، زائد موکد استغراق -
ولي ، مالک و صاحب فعیل بمعنی فاعل
(ولیٌ)
لا ، زائد - نصیر ، اسم فاعل مددگار -
ان دونوں میں فرق یہ ہے کہ مالک

کبھی نصرت پر قادر نہیں ہوتا اور کبھی
باوجود قدرت کے مددگاری نہیں کرتا
اور معین کبھی مالک ہوتا ہے کبھی اجنبی
پس جب کوئی شخص جان لیتا ہے کہ
اس حقیقی مالک کے بغیر کوئی اس کا ولی
و مددگار نہیں اور اس کی عنایت
و مہربانی کے سوائے کوئی اس کی
دست گیری نہیں کرسکتا تو اسے
یہ بھی یقین ہو جاتا ہے کہ ایسے سچے
مالک کے جمیع افعال حکمت اور
مصلحت سے بھرے ہوئی ہیں اسوقت
وہ اپنے تمام امور کو اسکے تفویض کر دیتا ہے
(آیا میخواہید - کیا تم چاہتے ہو -)

ام تریدون

ام ، متصلہ بقرینہ - الم تعلم - کہ

ف - ام ، حرف عطف یہ حرف دو مبہم امروں میں سے ایک کے اثبات کو ظاہر کرتا ہے اس کے دو قسم ہیں متصلہ و منقطعہ - ام متصلہ اکثر متناسب اموریں واقع ہوتا ہے - فعلوں میں جب کہ وہ باہم متناسب ہوں اور ایک فاعل میں مشترک ہوں جیسے کہا جائے (اقمت ام قعدت) اور منقطعہ غیر متناسب اموریں لایا جاتا ہے جیسے کہا جائے (ازید هذا ام شاة) پس دلالت سیاق سے اگر تریدون کے قبل تعلمون کو مقدر مانا جائے تو یہ متصلہ ہے - کیونکہ ماسبق

خطاب نبی علیہ السلام ہے۔ ویا منقطعہ اضراب کے لئے ہے۔

وقیل ام، بمعنی همزة والمیم زائد۔

تریدون، مضــ ج ح مصدر الارادۃ

ان تسئلوا (کہ سوال بکنید۔ یہ کہ سوال شروع کرو۔ پوچھنے لگ جاؤ۔)

ان، مصدریہ **تسئلوا**، مضــ ج ح

رسولکم (پیغمبر خودرا۔ اپنے رسول سے)

رسول، صاحب شریعت مراد پیغمبر آخر الزماں۔

کما سئل موسیٰ (چنانکہ سوال کردہ شد موسیٰ۔ جیسے یا جسطرح سوال کیا گیا ہے موسیٰ)

ک، بمعنی مثل صفت مصدر محذوف اے تسئلوا سوالاً مثل ما سئل موسیٰ۔ **ما**، موصوفہ یا زائد

سُئِلَ، ماضــ ا ع مجہول مصدر۔ السوال ف۔ ف مہموز العین سَئَلَ یَسْئَلُ۔ سَائِلٌ۔ وسُئِلَ یُسْئَلُ مَسْئُوْلٌ۔ اِسْئَلْ۔ لَا تَسْئَلْ۔

من قبل (پیش ازیں۔ اس سے پہلے۔)

تفسیر حاشیہ صفحہ ۵۱۸ میں معلوم ہو چکا ہے کہ الم تعلم کا خطاب آن سرور کائنات سے ہے اور اس سے آپکی ذات اور آپکی امت مراد ہے کانہ قیل (الم تعلموا انہ قادر علی الاشیاء الخ او تعلمون وتریدون ان تسئلوا) اس صورت میں استفہام انکاری ہوگا۔

اور اگر تعلمون کو تریدون کے قبل مقدر نہ مانا جائے تو ام منقطعہ ہے اور انکے عدم علم سے اضراب ہے اور یہ معنی ہونگے لا ینبغی ان یقع عنکم سوالاً الحاصل دونوں وجہوں کا مآل قریباً ایک ہی ہے اور آیت کے یہ معنی ہیں۔ ہر بات میں شکوک اور شبہات کو دخل ندو ورنہ شریعت حقہ یعنی وسط طریق سے گمراہ ہو جاؤ گے اور یہی شکوک تمہیں اپنے اصلی مقصد سے دور کر دیں گے۔ اور تمہارے ایمان کفر سے متبدل ہو جائیں گے۔ ۱۲ خلاصہ مطولات۔

ومن یتبدل

من، بیانیہ، قبل اسم ظرف۔

(وہرکہ بدل کند۔ یا بستاند۔ اور جو کوئی بدل ڈالے یا بدل لیوے)

من، نکرہ متضمن معنی شرط۔ یتبدل

مضارع التَّبَدُّلُ، بدل لینا مصدر

تَفَعُّل۔ تَبَدَّلَ۔ یَتَبَدَّلُ، مُتَبَدِّلٌ

تَبَدُّلٌ۔ لَا تَتَبَدَّلْ۔

الکفر بالایمان

(کفر را عوض ایمان۔ کفر کو بدل ایمان کے

ب، عوضیہ و یا سببیہ الایمان

شریعت حقہ کی پیروی کرنا۔ اور پیغمبر

وقت کو سچا جاننا۔

فقد ضل

(پس ہر آئینہ او گم شدہ است یا گم کردہ است

ف، رابطہ جزائیہ، ضَلَّ ماضی

سواء السبیل

(راہ راست۔ طریق میانہ۔ سیدھی

راہ۔ درمیانی راستہ)

سواءٓ، اسم بمعنی مصدر (استواء)

بمقام فاعل اے مستوٍ (راست و یکساں)

السبیل، واسطۂ ایصال بمطلوب

و راستہ و اضافت از قبیل اضافت

وصف بموصوف بقصد مبالغہ۔

ما ننسخ

ما، بمعنی ای شیءٍ، ممیز

من، زائد آیۃ، تمیز

ننسخ، ... فعل با فاعل

و یا من، بیانیہ و آیۃ بیان ما

اے ای شیءٍ ننسخ من آیۃ۔

و یا من آیۃ مفعول محذوف سے

حال ہے اے ای شیءٍ ننسخ

قلیلا او کثیراً۔

او ننس، ... فعل با فاعل

ھا، ضمیر، ...... مفعول

نات، ... فعل با فاعل

ب، زائد۔

خیر ... معطوف علیہ

منہا، ... ظرف لغو

او مثلہا، ... معطوف

اے نأت بشیءٍ ھو خیر للعباد منہا

او مثلہا۔

وھذہ معطوف علی یا ایھا الذین

أمنوا وحذف العطف لشدۃ الارتباط

بینہما - او جملہ مستانفۃ

أ، ہمزۂ استفہام - لم تعلم، فعل بافاعل

ان، مشبہ بفعل - اللہ، اسم

علی کل شیٔ، ظرف قدیر، صفت مشبہ، خبر

الم تعلم، ... فعل بافاعل

انّ، مشبہ بفعل - اللہ، اسم

لہ، متعلق ثابت خبر مقدم

ملک، مضاف

السمٰوٰت والارض

مضاف الیہ

دلیل قول ان اللہ علی کل شیٔ قدیر

اسے یفعل ما یشاء ویحکم ما یرید

اسی لئے عاطف ترک کیا گیا ہے۔

و - ما، نافیہ غیر عامل یا مشابہ بلیس

لکم، متعلق ثابت ... خبر مقدم

من، زائد - ولی، مبتدا یا اسم

و - لا، زائد لنصیر، معطوف علی ما قبل

مِن[1]، ... حرف جار

دونِ اللہِ، ... مجرور

مِن ولیّ ولا نصیرٍ سے -

ام - تریدون، فعل بافاعل

ان تسئلوا، فعل بافاعل

رسولکم، ... مفعول

کما سئل موسیٰ

سوالاً، محذوف موصوف

ک، بمعنی مثل ... مضاف

ما، .... موصوفہ

سئل، ... فعل

موسیٰ، ... فاعل

من قبل، ظرف لغو

ومن[2]، ...... مبتدا متضمن

معنی شرط -

یتبدل، ... فعل مع الفاعل

---

[1] من دون اللہ اصل میں صفت ہے ولی کی لیکن بوجہ تقدم حال ہے

[2] ومن یتبدل الکفر بالایمان فقد ضل ف، رابطہ ہے اور اس کا مابعد جزائے شرط نہیں ہو سکتا کیونکہ

الکفر ... ذوالحال
ب ... جار
الایمان ... مجرور

فقد ضلّ، فعل مع الفاعل
سوآء ... صفت مضاف
السبیل، موصوف مضاف الیہ

وَدَّ كَثِيرٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُم مِّنْ

دوست داشتند بسیارے از اہل کتاب کہ کافر گردانند شمارا

دوست رکھتے ہیں بہت اہل کتاب میں سے کاش کہ پھیر دیویں تمکو

ضلال طریق مستقیم استبدال اور ارتداد پر مقدم ہے اسپر مترتب نہیں اور اسلئے کہ جزا پر جب ماضی مع قد واقع ہوتی ہے تو وہ اپنے مضیت پر باقی رہتی ہے اسلئے کہ حرف قد تحقیق و تثبیت کے لئے ہے اور موکد منقلب نہیں ہوتا اور نہ ماضی مستقبل پر مترتب ہوتی ہے اور اس لئے کہ ہوا شرط کا مضارع اور جزا کا ماضی صورۃً ضعیف ہے کلام بلیغ کے لائق نہیں جیسے کہ رضی وغیرہ نے تصریح کی ہے لہذا تقدیر محذوف ضروری ہے۔ اسے ومن یتبدل الکفر بالایمان فاسبب فیہ انہ ترکہ ویؤل المعنی الی ان ضلال الطریق المستقیم وھو الکفر الصریح فی الایات سبب للتبدیل والارتداد بعضوں نے تبدیل مذکور کی تفسیر آیات بینہ منزلہ کی ترک ثقاہت سے کی ہے اس تقدیر پر حاصل آیت یہ ہے من ترک الثقۃ بالایات المبنیۃ المنزلۃ بحسب المصالحۃ التی ھی خیر محض ومن جملتھا الایات الناسخۃ التی ھی خیر محض فقد عدل وجار من حیث لا یدری عن الطریق المستقیم الموصل الی معالم الحق والھدی وتاہ فی تیہ الھوی وتردی فی وھاد الردی۔

بَعۡدِ اِیۡمَانِکُمۡ کُفَّارًا ۖۚ حَسَدًا مِّنۡ عِنۡدِ اَنۡفُسِہِمۡ

بعد از ایمان شما بسبب حسد از نزد یک نفوس خود

پیچھے ایمان تمہارے کے کافر حسد سے پاس جی اپنے کے سے

مِّنۡۢ بَعۡدِ مَا تَبَیَّنَ لَہُمُ الۡحَقُّ ۚ فَاعۡفُوۡا وَ اصۡفَحُوۡا

پس از آنکہ واضح شد بر ایشان حق پس در گذرانید و در گذرانید

پیچھے اسکے کہ ظاہر ہوا واسطے انکے حق پس معاف کرو اور درگزر کرو

حَتّٰی یَاۡتِیَ اللّٰہُ بِاَمۡرِہٖ ؕ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۱۰۹﴾

تا آنکہ آرد خدا فرمان خود را ہر آئینہ خدا بر ہمہ چیز توانا است

یہان تک کہ لاوے اللہ حکم اپنا تحقیق اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے

کثیر (دوست داشتند بسیارے چاہتے ہیں بہت - یا انکا دل چاہتا ہے -)

وَدَّ، اصل ودد، الوُدُّ - والوِدادُ - والمودّۃ - چاہنا - پسند رکھنا - خواہش کرنا والوُدُّ - والوَدادُ والوَدادۃ - بالفتح آرزو کرنا - دل سے چاہنا - راغب ہونا مصدر ک سے

من اہل الکتاب (از اہل کتاب - کتاب والوں سے)

من، بیانیہ - اہل الکتب سے مراد یہود و نصاریٰ -

یردونکم (کہ باز گردانند شما را - یا آنکہ بگردانند کہ پھیر لیویں تمکو)

لو، بمعنی اَنۡ مصدریہ (کہ - یہ کہ) یا بمعنی لَیۡتَ و حکایت وداد - قال المظہری ان لو قائم مقام ان فی المعنی دون العمل فی اللفظ و یا بمعنی لیت و حکایۃ وداد یَرُدُّوۡن مضارع ج مذ اَلرَّدُّ والمَرَدُّ لوٹانا پھیر دینا مصدر ف ض مضاعف رَدَّ یَرُدُّ رَادٌّ - مَرۡدُوۡدٌ - اُرۡدُدۡ - لَا تَرۡدُدۡ

کُمْ، خوطب بہ النبیؐ و اصحابہؓ

مِّنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ

(بعد از ایمان شما۔ پیچھے ایمان تمہارے
کے۔ یا مسلمان ہوئے بعد۔)
مِن، زائدہ یا ابتدائیہ

كُفَّارًا حَسَدًا

(اے پردونکہ کفارًا حسدًا۔ باز
گردانند شمارا کافر از روئے حسد۔
کافر کردیں تمکو حسد سے)
کُفّار، جمع کافر۔ حسدًا۔ حسد آرزو
رکھنا کہ محسود سے فضل و دولت زائل
ہوکر حاسد میں قائم ہو۔ لیکن یہاں پر
مطلق زوال نعمت اسلام مراد ہے

مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ

(از نزدیک ذاتہائے ایشاں۔ اپنے
جی سے۔ اپنے دل سے)
مِن، ابتدائیہ۔ عِند، ظرف مکان
انفس، جمع نفس بجائے کثرت

مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ

(پس از آنکہ واضح شد۔ بعد اسکے کہ
ظاہر ہو چکا ہے)
مِن، بیانیہ۔ ما، مصدریہ۔
تَبَیَّنَ، ماضی۔ التَّبَیُّنُ وَالتِّبْیَانُ:
ظاہر ہونا۔ واضح کرنا۔ مصدر تفعّل
مضاعف اجوف یائی۔ تَبَیَّنَ
یَتَبَیَّنُ۔ مُتَبَیِّنٌ۔ تَبَیَّنْ۔
لَا تَتَبَیَّنْ۔

الْحَقُّ

(براییشاں حق۔ ان پر حق)
ل، صلہ۔ الحق، امر واقعی

فَاعْفُوْا

(پس درگذر کنید۔ پس معاف کرو)
ف، ابتدائیہ استینافیہ۔
اعفوا، امر
ج ح
العفو، مجرم کے گناہ اور اسکی سزا
سے درگذر کرنا۔ اپنا حق معاف کردینا
مصدر ن ص۔ عفیٰ۔ یعفو۔ عافٍ
مَعْفُوٌّ اُعْفُ لَا تَعْفُ۔

وَاصْفَحُوْا

(و روئے بگردانید۔ خیال میں
نہ لاؤ۔ منہ پھیر لو)
اصفحوا، امر ج ح الصفح روگردانی کرنا، جرم معاف کرنا۔ مصدر
ف ف صَفَحَ یَصْفَحُ۔ صَافِحٌ۔ مَصْفُوْحٌ۔ اِصْفَحْ۔ لَا تَصْفَحْ

حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ

(تا آنکہ بیارد خدا۔ جب لائے یا بھیجے
اللہ)

حتّٰی، مظہر غایت امر یعنی مظہر انتہائے انتظار و آمد حکم۔ یاتی، مضارع

(فرمان خود را - اپنے حکم کو)

ب، تعدیہ - امر، وہ حکم جس کا ادا کرنا ضروری ہے - حکم قطعی و بمعنی امداد و نصرت۔

(بدرستیکہ خداوند بر ہمہ چیز قادر است

تحقیق - البتہ خداوند ہر چیز پر قادر ہے)

قدیر، خالق و مظہر یعنی ممکنات کو اپنے اپنے وقت پر ظاہر کرنے والا اور متغیر کرنے والا یا ممکنات کو حسب ترتیب قضا یعنی لوح محفوظ وجود میں لانے والا۔

وَدَّ، .... فعل

کثیرٌ، .... فاعل

من اھل الکتب متعلق کثیر

لو - یردونَ، فعل مع الفاعل

کُم، ... ذوالحال

کفارًا، ای مرتدین حال

یا - کم مفعول (۱) کفارا مفعول (۲)

حسدًا، مفعول مطلق یا لہ

و یا کفارا حال ہے فاعل ودّ سے

مِنْ، ...... حرف جار

بعد ایمانکم، ...... مجرور

اے یردونکم من بعد ایمانکم و یا متعلق بہ وَدَّ ای ودّوا من بعد ایمانکم ان یردونکم علی حالہم

مِن، ...... حرف جار

عند انفسھم، ...... مجرور

اے تمنوا ذلک من خبث انفسہم لم یامرھم اللہ تعالیٰ بذلک یا متعلق ہے حسد کے ساتھ اور صفت ہے اے حسدًا کائنا من عند انفسھم

لہ مفعول مطلق اے یحسد ونکم حسدًا - و یا مفعول لہ - ای لاجل الحسد و یا حسدًا حال ہو ضمیر ودّ سے ای ودّ حاسدًا ۱۲

گویا حسد ان کی ذاتی وصف ہے۔

یا متعلق بمصدر اسے ودو ہ

ودًّا کائنًا من عند انفسہم۔

ما ، … موصولہ یا مصدریّہ

تبیّنَ ، فعل الحق فاعل

لھم ، … ظرف لغو

فاعفوا ، جملہ فعلیہ معطوف علیہ

وَ۔ اصفحوا ، جملہ فعلیہ معطوف

حتی۔ یاتی ، فعل۔ اللہ۔ فاعل

ب ، زائد۔ امرہٖ … مفعول

اِنّ ، … حرف مشبہ بفعل

اللہ ، … اسم

علی کلّ شیءٍ

متعلق بہ قدیر

خبر

فا۔ ما ننسخ۔ اگر ایک حکم ایک آیت کے ذریعہ سے نازل ہو اور دوسری آیت کے ذریعہ سے دوسرا حکم برخلاف پہلے حکم نازل ہوا ہو تو اس طرح کی دو آیتوں کو ناسخ اور منسوخ کہتے ہیں جس پر عمل موقوف ہو گیا ہو وہ منسوخ کہلائی جاتی ہے اور جس کا عمل جاری ہے اسے ناسخ کہتے ہیں۔ جلال الدین سیوطیؒ نے تفسیر اتقان فی علوم القرآن میں ایک طویل بحث کے بعد بیس آیتیں منسوخ قرار دی ہیں۔ مگر حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے فوز الکبیر میں ان بیس آیتوں کو نقل کر کے کہا ہے کہ ان میں سے فقط پانچ آیتیں منسوخ ہیں اور بس اور وہ حسب ذیل ہیں۔

نمبر	نام سورہ	آیت ناسخ	نمبر	نام سورہ	آیت منسوخ
۱	بقرہ	وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۔	۱	بقرہ	وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ ۔
۲	نساء	يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ اَوْلَادِكُمْ	۲	بقرہ	كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرًا اِلْوَصِيَّةُ ۔
۳	انفال	اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ			اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ الآیہ
۴	مجادلہ	فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ	۴	مجادلہ	اِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ۔
۵	المزمل	عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ۔	۵	مزمل	يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ الَّيْلَ

قرآن شریف کے سیاق کے موافق ان پانچ آیتوں کے سوائے اور کوئی آیت منسوخ نہیں شریعت سابقہ کے احکام کو منسوخ قرار دینے کی غرض سے رمضان کے روزوں کے حکم سے عاشورہ کے روزہ کے حکم کو اور کعبہ

کی سمت قبلہ قرار پانے کے حکم سے بیت المقدس کے قبلہ کے حکم کو جو بعض علماء نے منسوخ کہا ہے وہ کلام مجید کے سیاق کے مطابق صحیح نہیں۔ اتقان سیوطی میں ہے "اور ایسے ہی تمام وہ آیتیں جن سے زمانہ جاہلیت یا ہماری شریعت سے اگلی شریعتوں اور یا آغاز اسلام کے وہ احکام مرفوع ہوئے ہیں جن کا نزول قرآن میں نہیں ہوا تھا مثلاً باپ کی بیویوں سے نکاح کرنیکا ابطال قصاص اور دیت (خوں بہا) کی مشروعیت طلاق کا تین بار طلاق دینے میں انحصار وغیرہ گو اس طرح کی آیتوں کا ناسخ کے قسم میں داخل کرنا مناسب ہے مگر ان کا ناسخ کے تحت میں نہ لانا زیادہ قریب بصواب ہے اس بات کو مکی وغیرہ نے ترجیح دی ہے اسلیئے کہ اگر ان کو ناسخ قرار دیا جائے تو لازم آئے گا کہ تمام قرآن شریف ہی کو ناسخ مانیں کیونکہ قرآن مجید کا کل یا بڑا حصہ ان امور کا رافع ہے جن پر کفار یا اہل کتاب عامل تھے۔ مکی وغیرہ کا قول ہے کہ ناسخ اور منسوخ کا حق یہ ہے کہ ایک آیت نے دوسری آیت کو نسخ کیا ہو" انتہی وتوضیحہ فی المقدمۃ

ف ۲۰۔ اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْـَٔلُوْا الخ۔ مفسدین یہود سادہ لوح صحابہؓ کے بہکانے کے لیئے بعض وقت کہا کرتے تھے۔ کہ توریت مقدس سے بڑھ کر کوئی سچی کتاب نہیں ہو سکتی اور نہ حضرت موسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام سے بڑھ کر کوئی اکمل واشرف پیغمبر ہو سکتا ہے کیونکہ تورات مقدس خود لکھی لکھائی نازل ہوئی ہے جس میں کسی طرح کے شبہ کی گنجائش نہیں ہو سکتی۔ اسپر بھی حضرت موسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام نے اکابرین قوم کو اپنے ساتھ طور پہ لیجا کر ایک غیبی آواز کے ذریعہ سے تصدیق کرادی

تھی۔ اس بہکاوے سے بعض صحابہؓ کہنے لگے اے پیغمبر صادق بہتر ہے کہ آپ
ہمارے لئے کوئی لکھی لکھائی کتاب لائیں جو ہم سب کے سامنے نازل ہو
اور ہم سب اسکو پڑھیں۔ یا آپکے حکم سے زمین پر نہریں جاری ہوں یہ چیزیں
ہیں جن سے ہمارے ایمان کو تقویت پہونچے گی اور کفار ایمان لانے میں
تردد نہ کریں گے۔ اور ایسے ہی بعض مشرکین بھی کہا کرتے تھے۔ حین
قالوا لن نؤمن لرقیك حتی تنزل علینا کتابًا نقرؤہ۔ عن ابن عباسؓ
قال قال رافع بن حرملۃ ووھب ابن زید لرسول اللہ یا محمد ائتنا
بکتابٍ تنزلہ علینا من السماء نقرؤہ او فجر لنا انھارًا نتبعك ونصدقك
فانزل اللہ تعالی ام تسئلوا الخ (اسباب)

بنا بریں ارشاد ہوتا ہے اے اہالیان مدینہ کیا تم اس نبی صادق کو حضرت موسیٰ
علیہ السلام کی طرح تنگ کرنا چاہتے ہیں محض لغو اور بیہودہ گفتگو سے اس
مکرم و معظم پیغمبر کو دق کرنا تمہیں مناسب نہیں تصدیق نبوت کے لئے
ہزارہا واضح دلائل اور روشن علامات کے ہوتے ہوئے آسمان سے لکھی
لکھائی کتاب کے اتارنے اور پتھروں سے نہریں جاری کرنے کی کچھ
ضرورت نہیں اور یاد رہے جان بوجھکر سخن چینی کرنے اور امر حق کو چھپانے
اور دیکھ بھال کر حق سے اعراض کرنے والا شخص اپنے ہاتھوں گمراہی اور
ہلاکت کے گڑھے میں گرتا ہے۔

ف ۳۔ ودّ کثیر الخ جنگ احد میں جب مسلمان پسپا ہوئے اور بظاہر کفار کا غلبہ
رہا۔ تو مشرکین کفار خصوصًا یہود کی بن آئی وہ اکثر صحابہ رضی اللہ عنہم سے

سے ملتے اور کہتے۔ اسلامی مذہب دین حق نہیں اور نہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو آسمانی تائید تھی۔ بالفرض اگر اس نے کچھ ترقی بھی کی تو ہماری قومی تعداد۔ عزت وجاہت کے سامنے ہیچ ہے۔ اے مومنین دیکھو ہم خیر خواہی سے تمہیں جتلاتے ہیں کہ ایسے شخص کا ساتھ دینے سے کچھ فائدہ نہوگا مناسب ہے کہ تم اس ہمارے قدیم مذہب میں آجاؤ چنانچہ جب حضرت عمار بن یاسر[51] اور حضرت حذیفہ بن الیمان

---

[51] عمار بن یاسر۔ آپ جلیل القدر صحابی سابقین اولین میں شامل ہیں۔ غزوہ بدر میں شریک رہے ہیں۔ مسجد نبوی کی تعمیر کے وقت جبکہ صحابہؓ اینٹیں اٹھا اٹھا کر لاتے تھے تو ہر ایک شخص ایک ایک اینٹ لاتا تھا اور حضرت عمار بن یاسر دو دو لاتے تھے اسوقت رسول علیہ السلام نے فرمایا کہ تجھکو دونا اجر ملیگا۔ اور یاد رہے تجھکو ایک گروہ باغیوں کا قتل کریگا تو اس کو جنت کی طرف بلاتا ہوگا اور وہ تجھکو آگ کی طرف بلاتے ہونگے۔ اور دنیا میں سب سے آخر خوراک تیری دودھ ہوگی چنانچہ جب حضرت علی اور معاویہؓ کی مقام صفین میں لڑائی ہوئی اسوقت عمار حضرت علیؓ کی طرف سے لڑتے تھے اور شہید ہوگئے دم نکلتے وقت انہوں نے اپنے لڑکے سے پانی مانگا وہ فوراً دودھ کا پیالہ لائے اسکو پی کر انہوں نے فرمایا سچ فرمایا تھا رسول اللہ نے صلی اللہ علیہ وسلم۔ اب میں اپنے دوستوں سے یعنی محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام سے اور آپکے صحابہ کرامؓ سے ملنے والا ہوں۔ پھر یہ بھی کہا کہ اگر بالفرض معاویہؓ فتح بھی پا دیں تب بھی معاملہ معلوم ہوگیا۔ کہ وہ باطل پر ہیں اور ہم حق پر ہیں اس قصہ کے بعد تمام صحابہ کو معاویہؓ کی خطا کا یقین ہوگیا تھا اسیوجہ سے معاویہؓ نے صلح کی تحریک کو قبول کرلیا تھا۔ مگر جب حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے طرفداروں نے فیصلہ حکم پر ناراضگی ظاہر کی اور اسے نہ مانا تو معاویہؓ کو اشتغال کا یہ ایک دوسرا حیلہ ہاتھ آگیا اور اس حیلہ سے اس نے بٹے ہوئے لوگوں کو پھر اپنے ساتھ شریک کرلیا۔ حضرت عمار بن یاسر کی

رضی اللہ عنہما سے اس قسم کی خواہش کی گئی تو حضرت عمارؓ نے فرمایا اے احبار نقض عہد میں کیا حکم ہے ۔ وہ کہنے لگے سخت وعید ہے آپ نے کہا پھر میں تو اللہ سے عہد کر چکا ہوں کہ مرتے دم تک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت و فرماں برداری میں ثابت قدم اور قائم رہونگا ۔ کبھی آپ سے اعراض نہ کرونگا ۔ اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے احبار رضیت باللہ ربًا وبالاسلام دینًا وبالقرآن امامًا وبالکعبۃ قبلۃ وبالمومنین اخوانًا ۔ چنانچہ جب دونوں حضرات پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آں سرور کائنات نے فرمایا اصبتما الخیر و افلحتما اور اس آیت " ودّ کثیرٌ من اھل الکتٰب " الخ کو پڑھ سنایا ۔ اور فرمایا اے مومنین تمہیں کفار کی ایسی چھیڑ چھاڑ سے رنجیدہ خاطر نہونا چاہیئے وہ حقیقت اسلام سے ناواقف اور اس کے برکات سے بے نصیب ہیں اور اگرچہ انہیں یقین ہے کہ بالآخر اسلام ہی کو غلبہ رہیگا ۔ لیکن مارے حسد کے دیکھ نہیں سکتے پس اے مومنین صبر ہی بہتر ہے کیونکہ

بقیہ حاشیہ صفحہ ۵۳۰

شہادت سنہ ۳۷ ہجری میں واقع ہوئی ہے اس وقت ان کی عمر ترانوے برس کی تھی ۔ انکی شہادت کے بعد جب یہ قصہ اور قول رسول علیہ السلام معاویہؓ کے پیش کیا گیا تو انھوں نے جواب دیا کہ علیؓ نے عمارؓ کو بھیجا تھا نہ وہ بھیجتے اور نہ وہ شہید ہوتے پس اصل میں قاتل عمار علیؓ ہیں ۔ مگر جب انہیں جواب میں کہا گیا ۔ کہ حضرت امیر حمزہؓ کو رسول اللہ نے جنگ میں بھیجا تھا پس کیا قاتل حمزہؓ رسول اللہ سمجھے جاسکتے ہیں ۔ تو معاویہؓ نے دوسری تاویل کی کہ یہ باغی بمعنی طالب ہے اسلئے کہ بغا طلب کو کہتے ہیں ۔ پس ہم طالب خون عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں ۔ ۱۲

عنقریب اس امر کا پورا پورا اور قطعی فیصلہ ہونے والا ہے۔

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۭ وَمَا تُقَدِّمُوْا

و برپا دارید نماز را و بدہید زکوٰۃ را و آنچہ پیش بفرستید

اور قائم کرو نماز کو اور دو زکوٰۃ اور جو کچھ آگے بھیجو گے تم

لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ

برائے خویشتن از نیکو کاری خواہید یافت آنرا نزد خدا ہر آئینہ

واسطے جانوں اپنی کے بھلائی سے پاؤ گے اسکو نزدیک اللہ کے تحقیق

اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۰۵﴾

خدا بآنچہ می کنید بینا است

اللہ ساتھ اس چیز کے کہ تم کرتے ہو تم دیکھنے والا ہے

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ (و برپا دارید نماز را - اور قائم رکھو نماز کو)

واقیموا، ج ح، امر، مصدر الاقامۃ افعال اجوف۔

الصّلوٰۃ - مصدر بمعنی دعا، مخصوص

اقامۃ الصّلوٰۃ سے نماز مفروض مراد ہے جو برعایت آداب وپابندی شرائط دائمی شوق اور محبت سے ادا کیجائے۔

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ (و بدہید زکوٰۃ را اور زکوٰۃ ادا کرو)

اٰتوا، ج ح، امر، الزکوٰۃ، حصہ مقررہ مال جو ہر ایک مسلمان عاقل بالغ صاحب نصاب پر معین ہے۔

وَمَا تُقَدِّمُوْا (و آنچہ پیش فرستید - اور جو کچھ پہلے بھیجو گے)

ما، شرطیہ - تقدموا، مضـ، ج ح

مجزوم بشرط۔

(برائے ذاتہائے خود۔ اپنے لئے)

لِ، بمعنی انتفاع و تملیک انفس۔

جمع نفس۔

مِنْ خَیْرٍ۔ (از نیکوی۔ بھلائی سے

مِنْ، زائد۔ موکد عمومیت نکرہ۔

خیر، نیکی و بھلائی۔

صدقہ نفل وغیرہ۔ اسے ای خیرٍ کان

(بیابید یا خواہید یافت آنرا نزد خدا

پاؤگے اسکو نزدیک خدا کے)

اسے تجدوہ ثوابہ من عند اللہ

او فی علمہ۔

تَجِدُوا، مضارع مجزوم بجواب شرط

(بدرستی کہ خداوند با نچہ کہ میکنید بیناست

البتہ خداوند اس عمل کو جو تم کرتے ہو

دیکھنے والا ہے۔)

اِنَّ، موکد مضمون جملہ۔ بِ، زائد۔

مَا۔ موصولہ۔

تَعْمَلُوْنَ، مضارع بصیر صفت مشبہ۔

وَ۔ اَقِیْمُوا، ... فعل با فاعل

الصَّلٰوۃَ، ... مفعول

وَ۔ اٰتُوا، ... فعل با فاعل

الزَّکٰوۃَ، ... مفعول

وَ۔ مَا، شرطیہ۔ تُقَدِّمُوا، فعل با فاعل

لِاَنْفُسِکُمْ، .. جار مجرور ظرف لغو

مِنْ، زائد۔ خَیْرٍ، ... مفعول

تَجِدُوا، ... فعل با فاعل

ہٗ، ضمیر مفعول عِنْدَ اللّٰہِ، ظرف

اِنَّ، مشبہ بفعل۔ اللّٰہَ، اسم

بِ، جار۔ مَا، مجرور موصول

تَعْمَلُوْنَ، جملہ فعلیہ .. صلہ

اسے وھو بصیر بما تعملونہ۔

وَقَالُوْا لَنْ یَّدْخُلَ الْجَنَّۃَ اِلَّا مَنْ کَانَ

وگفتند ہرگز بہ بہشت در نیاید مگر آنکہ

اور کہا انہوں نے ہرگز نہ داخل ہوگا بہشت میں مگر جو کوئی ہوئے گا

هُودًا اَوۡ نَصٰرٰی ؕ تِلۡكَ اَمَانِيُّهُمۡ ؕ قُلۡ هَاتُوۡا

یہود باشد یا ترسا باشد ایں آرزوہائے باطلہ ایشانست بگو آرید

یہودی اور عیسائی یہ ہیں آرزوئیں انکی کہہ لاؤ

بُرۡهَانَكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿۱۰۶﴾ بَلٰی ق مَنۡ

دلیل خودرا اگر ہستید راست گو بلے ہرکہ

دلیل اپنی اگر ہو تم سچے بلکہ جو شخص

اَسۡلَمَ وَجۡهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحۡسِنٌ فَلَهٗۤ اَجۡرُهٗ عِنۡدَ

منقاد کرد روئے خودرا برائے خدا واو نیکوکار باشد پس او راست مزداو نزد

سونپ دے منہ اپنا واسطے اللہ کے اور وہ ہو نیکی کرنے والا پس واسطے اسکے ثواب اسکا ہے

رَبِّهٖ ص وَلَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ ﴿۱۰۷﴾

پروردگار خویش ونیست ترس بر ایشاں ونہ ایشاں اندوہگیں شوند

نزدیک پروردگار اسکے کے اور نہیں ڈر اوپر انکے اور نہ وہ غمگیں ہونگے

وقالوا لن یدخل الجنۃ

(وگفتند ہرگز درنیاید۔ اور انہوں نے کہا ہرگز نہ داخل ہوگا۔)

قالوا، ماضی ج غ۔ لن یدخل مضارع منفی موکد۔ الدخول والمدخل۔ داخل ہونا اندر گھسنا مصدر ف۔ ض۔

(در بہشت۔ بہشت میں)

جنت، دار ثواب آخرت۔ اور وہ سرسبز وگنجان باغیچہ جسکے درختوں کے تنے پتوں کی انبوہی اور کثرت کی وجہ سے دکھائی نہ دیں۔

الا من کان ہودا او نصٰری

(الا آنکہ باشد یہود یا ترسا۔ مگر وہ جو ہوگا یہودی یا عیسائی۔)

الا، حرف استثنائے مفرغ۔

من، موصولہ۔

کَانَ، ماضی بمعنی مضارع فعل ناقص ۔ ا۔ع

هُوْد، جمع ہائد ۔ مثل عُوذ جمع عائذ اور
ہائد توبہ کرنے والے گناہوں سے
شرمندہ ہونے والے کو کہتے ہیں ۔
اس میں واحد و غیرہ مساوی ہے ۔
مراد قوم یہود اور کہا گیا ہے کہ ھودًا
اصل میں یہود اہے یائے زائد حذف
ہوئی ہے ۔

نَصَارٰی، جمع نصران و نصرانہ مراد
متبعان حضرت مسیح علیہ السلام ۔

لفّ بین قولی الفریقین اعتمادًا
بفہم السامع اے قالت الیہود
لن یّدخل الجنۃ الّا من کان ھودًا
وقالت النصارٰی لن یدخل الجنۃ
الّا من کان نصارٰی و وحد ضمیر اسم
کان وجمع الخبر نظرًا الی اللفظ
والمعنی ۔

(ایں آرزوئے باطلہ ایشاں است ۔ یہ
انکی باندھی ہوئی آرزوئیں ہیں ۔)

تِلْكَ، اسم اشارہ مشیرا الی ما تقدم
ذکرہ ۔

اَمَانِیُّ ۔ جمع اُمنویہ بروزن افعولۃ
اُمنیہ آرزو دلی خواہش تمنّی سے
ماخوذ ہے مثل اعجو بہ واضحوکہ تضحیک
وتعجیب سے ماخوذ ہیں ۔

(بگو بیارید ۔ کہدو کہ لاؤ)

قُلْ امر ا۔ع **هَاتُوْا**، امر ج ح واحد
ہات اصل اٰتی یاتی ہے ا ۔ ھ سے
بدل ہے اور کہا ہے ۔ ھاتوا بمعنی
احضر وافعل امر ہے اسم فعل یا صوت
بمنزلہ ھا بمعنی احضر ہے ۔ ھا اسکی اصل ہے
ہمزہ سے بدل نہیں ہے اور نہ تنبیہ کو
کے لئے ہے ۔ اس مادہ کی ماضی
ومضارع و مصدر میں اختلاف ہے ۔
ابو حیان کہتے ہیں ۔ یقال ھاتی یہاتی
مہاتاۃ ۔

(دلیل خود را ۔ سند اپنی)

بُرْهَانَ، دلیل حجت سند گواہ

اصطلاحاً ایک خاص ڈھب پر چند
معلومات تصدیقیہ کے ترتیب دینے
کو برہان کہتے ہیں جس سے مجہول
تصدیقی حاصل ہو سکتا ہے اگر اس کا
نون اصلی ہے تو برھن - یبرھن
سے مشتق ہے و برھنتہ البیان
اور اگر نون زائد ہے بَرَہَ - یبرہ
بمعنی قطع سے ماخوذ ہے الحاصل برہان
اس قاطع دلیل اور سند کو کہتے ہیں
جس سے سامع کو پورا اطمینان اور
یقین حاصل ہو جاتا ہے اور وہ صحت
دعوی کی دلیل ہوتی ہے -
(اگر ہست سند شما راست گویاں - اگر تم سچے
یا صادق ہو)

اِن، شرطیہ - کنتم، ماضی ناقص
صادقین، جمع صادق - وہ شخص
جسکی بات واقع کے مطابق اور جسکا فعل
قول کے مطابق ہو سچا شخص -
(آرے ہر کہ منقاد گردد یا تسلیم کند
ہاں کیوں نہیں جس نے خالص کیا)
اے لیس کما قلتم بلی من اسلم
وجہہ -
بلی، حرف ایجاب نفی - یہ حرف اپنے
ماقبل کی نفی کو رد کرتا ہے - اور مابعد
کو ثابت کرتا ہے -
من، جو شخص جو کوئی شرطیہ -
اسلم، خالص اور صاف کیا اُس نے
ماضی - ع الاسلام مطیع و فرمانبردار ہونا

معلومات اور ضرور ہے کہ حد اوسط افراد اصغر کی علت ہو جیسے وہ اکبر کے افراد کی علت ہوتی ہے -
جیسے کہیں یہ شخص بخار کا بیمار ہے اور ثبوت دعوی میں کہا جائے - اس شخص کی بلغمی یا دموی
خلط متعفن ہے اور جب اس قسم کے اخلاط متعفن ہو جاتے ہیں تو بخار پیدا کرتے
ہیں - اب مخاطب کو انکار کی گنجایش نہیں کیونکہ وہ شخص تعفن اخلاط سے بخار آجانے پر
واقف ہے - ۱۲

خالص و بے عیب ہونا مصدر افعال
اَسْلَمَ - یُسْلِمُ - مِسْلِمٌ - اَسْلِمْ
لَا تُسْلِمْ -

وَجْهَهٗ لِلّٰهِ (روئے خود را برائے خدا اینا منہ
یا اپنے کو اللہ سے یا واسطے اللہ کے)

وَجْه، روے و چہرہ - و ذات
و شخص و قصد -
لِلّٰهِ - ل مظہر تخصیص -

وَهُوَ مُحْسِنٌ (وا و نیکو کار باشد - اور وہ نیکی پر ہے)
مُحْسِنٌ، احتیاط کنندہ شرعی تعلیم
کے موافق عمل کرنیوالا - نیک خلق
والا - اور خالصًا عبادت کرنے والا

فَلَهٗ اَجْرُهٗ (پس او راست مزد او - اس کے
لئے ہے بدلہ یا مزدوری -)
ف - جزائیہ - ل مخصصہ ای خصوصًا
اجر، پاداش عمل - مزدوری و بدلہ

عِنْدَ رَبِّهٖ (نزد پروردگار او - اس کے
پروردگار کے پاس)

وَلَا خَوْفٌ (و نیست ہیچ ترسے بر ایشاں - ان پر

عَلَيْهِمْ کچھ یا کسی طرح کا ڈر نہیں ہے)
لَا، حرف نفی - خوفٌ، وہ ڈر اور
ہیبت ہے جو مکروہ کے پہونچنے
یا مطلوب کے فوت ہو جانے کے
خیال سے دل پر اثر کرتا ہے -
هُمْ، ضمیر مَن باعتبار معنی -

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ (و نہ ایشاں غمگیں شوند - اور نہ وہ غمگین
ہونگے)
يَحْزَنُوْنَ، مضارع ج غ حزن وہ غم ہے
جو فوت شدہ مطلوب کے تذکرے
سے دل پر اثر کرتا ہے -

وَقَالُوْا قَالُوْا ... فعل مع الفاعل
لَنْ يَّدْخُلَ ... فعل
الْجَنَّةَ ... مفعول
اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا الخ مقولہ
فاعل

[illegible]

ہ فاعفوا و اصفحوا یا معترضہ ہیں اور
یا ان کا عطف بھی دو پر ہے اور عطف
انشاء اخبار پر چونکہ اس کے لئے اعراب ہے

کوئی محل نہیں سوائے واؤ کے جار ہے

مَنْ، ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ موصولہ

کَانَ، فعل ناقص مع اسم

ھُوْدًا او نصارٰی، ۔ ۔ ۔ خبر

تِلْکَ، ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اسم اشارہ

مقولہ لن یدخل الجنۃ وان یردون مشارٌ الیہ۔ مبتدا

اَمانیّھم خبر و جملہ معترضہ موکدہ

قُل، ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ فعل با فاعل

ھاتوا، ۔ ۔ ۔ فعل با فاعل

برھانکم، مفعول بہ

مقولہ

اِن، شرطیہ۔ کنتم، فعل مع الاسم

صَادِقِیْنَ، ۔ ۔ ۔ ۔ خبر

ھاتوا برھانکم ۔ ۔ محذوف ۔ ۔ ۔ جزا

بَلٰی، حرف ایجاب، مَن، شرطیہ۔

اَسْلَمَ، ۔ ۔ ۔ فعل مع الفاعل

وجھہ، ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ مفعول

لِلّٰہِ، ۔ ۔ ۔ ۔ جار مجرور ظرف لغو

وَھُوَ، ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ مبتدا

مُحْسِنٌ، ۔ ۔ ۔ خبر

فلہٗ[1]، متعلق ثابت۔ خبر مقدم

اجرہ، ترکیب اضافی ذوالحال

عند ربہ ظرف مستقر حال

ویا مَن، ۔ ۔ ۔ ۔ نکرہ مبہم

اسلم الخ جملہ فعلیہ تمیز

مبتدا

فلہ اجرہ الخ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ خبر

ویا مَن، موصولہ۔ واَسْلَمَ، صلہ فاعل

یدخل الجنّۃ۔ محذوف، فعل مع المفعول

[1] فلہ اجرہ الخ جملہ جواب من اگر وہ شرطیہ ہے اور اگر وہ موصولہ ہے تو اس کی خبر ہے اور فا بوجہ تضمن معنی شرط اور یا من موصولہ فاعل ہے فعل محذوف لید خلھا کا اور بلیٰ مع ما بعد خود انکے قول کا رد ہے اور فلہ اجرہ الخ جملہ موصوف ہے معطوف ہے عطف جملہ اسمیہ بر فعلیہ کیونکہ مراد اول سے تجدد ہے اور ثانی سے ثبوت ہے سکاکی نے تصریح کی ہے کہ جملتیں جب تجدد و ثبوت میں مختلف ہوں تو معنی کا اعتبار کیا جائیگا اور اس کا عطف صحیح ہوتا ہے۔

اے لیس کما قلتم بل یدخل الجنۃ
من اسلم الخ وفلہ اجرہ عند ربہ،
جملۃ اسمیہ معطوف علی ماقبل۔
لاخوف، ...... مبتدا
علیہم، متعلق ثابت خبر

و۔ لا، حرف نفی۔
ھم .... مبتدا
یحزنون، جملہ فعلیہ خبر

—— • ——

وَقَالَتِ الْيَهُودُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَيْءٍ ۪ وَّ

وگفتند یہود نیستند ترسایان بر ہیچ چیز و
اور کہا یہود نے نہیں نصاری اوپر کسی چیز کے اور

قَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُودُ عَلٰى شَيْءٍ ۙ وَّ

گفتند ترسایان نیستند یہود بر ہیچ چیز و
کہا نصاری نے نہیں یہودی اوپر کسی چیز کے اور

هُمْ يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ

ایشان ہمہ میخوانند کتاب را ہمچنین گفتند آنانکہ
وہ پڑھتے ہیں کتاب اسی طرح کہا ان لوگوں نے

لَا يَعْلَمُوْنَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ

نمیدانند مانند قول ایشان پس خدا حکم کند میان ایشان
کہ نہیں جانتے مانند بات انکی کے پس اللہ حکم کرے گا درمیاں انکے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

روز قیامت در آنچہ اختلاف میکردند دراں
دن قیامت کے بیچ اس چیز کے کہ تھے بیچ اسکے اختلاف کرتے

وقالت الیہود

(وگفتند یہود اور یہودیوں نے کہا)

قالت، ماضی مونث تانیث
باعتبار جماعت۔

الیہود۔ اے احبار الیہود و علماءہم

لیست النصٰرٰی

(نیستند ترسایاں۔ نہیں ہیں عیسائی

لیست، ماضی مونث تانیث
لفظ باعتبار جماعت۔

النصٰرٰی۔ ال جنسی و مراد جملہ عیسائی

علیٰ شیءٍ

(بر ہیچ چیز۔ کسی چیز پر۔ راہ پر)

شیٔ۔ اس کا اطلاق ہر موجود پر کیا جاسکتا ہے۔
اور یا اس پر کہ عارض یا معروض بن سکے۔

وقالت النصٰرٰی لیست الیہود علیٰ شیءٍ

(وگفتند نصاری نیستند یہود۔ بر چیزے
اور کہا عیسائیوں نے نہیں ہیں
یہودی راہ پر)

وهم یتلون الکتٰب

(وایشان میخوانند کتاب را۔ اور وے
سب پڑھتے ہیں کتاب کو) اسے
عالمون بالکتب الناطق یہ توبیخ
ہے یہود و نصاری کے لیئے اور
ارشاد ہے مومنین سے کہ عالم بالقرآن
کو ایسی گفتگو نہ کرنی چاہیئے جو کہ مضامین
کلام الٰہی کے خلاف ہے۔

الکتٰب۔ ال عہدی و مراد توراۃ یا
انجیل و یا جنسی و مراد عام کتب منزلہ

یتلون، مضارع جمع الکتاب توراۃ و انجیل

کذٰلک قال

(ہمچنین گفتند۔ اسی طرح کہا ہے)

کذٰلک بمعنی مثل منصوب المحل یا مرفوع

قال، ماضی مصدر القول

الذین لا یعلمون

(آنانکہ ہیچ نمے دانند۔ ان لوگوں
نے جو کچھ نہیں جانتے)

یعنی جن کے پاس آسمانی کتاب نہیں یا ان پڑھ
مقلد جو محض سنی سنائی باتوں پر بہتے ہیں

لا یعلمون، مضارع منفی۔

مثل قولهم

(مانند قول ایشاں۔ انہیں کی طرح
بات۔ یا ان کی بات کی مانند۔

ؒ لیست۔ لیس سے مشتق ہے اور لیس اصل میں لیس بکسر العین ہے تصریف اس فعل کی
ماضی کے سوائے نہیں آتی۔ ۱۲

مثل، مشابہ و مانند ایک جیسی چیزیں۔
قول، بات چیت جمع اقوال۔
ھم، اے النصاریٰ والیہود۔

فالله

(پس خداوند حکم کند۔ پس اللہ حکم کریگا)
ف۔ فصیحہ و استینافیہ۔
یحکم، مضارع الحکم بات کہنا۔ فیصلہ
کرنا۔ مصدر ف۔ ض حَکَمَ یَحْکُمُ
حَاکِمٌ۔ مَحْکُوْمٌ۔ اُحْکُمْ۔ لَا تَحْکُمْ

يحكم بينهم

(میان ایشان۔ ان میں)
بین۔ حد مشترک۔ مختلف حدود کے
ملنے اور الگ ہونیکی جگہ۔

يوم القيمة

(بروز قیامت۔ قیامت میں۔)
یوم۔ مقدار معینہ زمانہ جمع ایام (ایوام)
و یوم القیامۃ۔ روز حساب
اعمال دنیا و روز دیوان جزا۔

فيما كانوا فيه يختلفون

(درآنچہ کہ دراں اختلاف میکردند
اس چیز میں کہ جس میں جھگڑتے
ہیں)
ما، نکرہ موصوفہ یا موصولہ

کانوا یختلفون۔ ماضی استمراری
الاختلاف۔ باہم جھگڑنا۔ اختلاف
کرنا۔ مصدر افتعال۔

وقالت، فعل۔ الیہود فاعل
لیست، ... فعل ناقص
النصاریٰ، ... اسم
علی شیءٍ متعلق ثابتۃ خبر

و۔ قالت، فعل۔ النصاریٰ فاعل
لیست ... فعل ناقص
الیہود ... اسم
علی شیءٍ، متعلق ثابتۃ خبر

وھم، ... مبتدا
یتلون، فعل مع الفاعل
الکتٰب، ... مفعول
یہ جملہ اسمیہ ہردو قالت کے فاعل
سے حال ہے۔

اے قالوا ذلک وھم عالمون بما فی کتبھم۔

قال، ... فعل
الذین ... اسم موصول

لَا یعلمون، جملہ فعلیہ صلہ صفت
کذٰلک، ای مثل ذالک،
قولًا، محذوف، موصوف

یا کذٰلک، ای مثل ذلک، مبتدا
قَالَ الَّذِیۡنَ الخ جملہ فعلیہ خبر

مثل، ... مضاف
قولھم، ... مضاف الیہ
بیان معنی ذالک کر للتاکید والتقریر

۵ کذٰلک کہا ہے کہ یہ اس جگہ بمعنی تشبیہ نہیں ہے بلکہ بمعنی تثبیت و تاکید ہے مثل کذٰلک نسلکہ فی قلوب المجرمین

۶ مثل قولھم یا منصوب بہ یعلمون ہے اور یا مفعول بہ ہے قال سے۔ یا بدل ہے محل کاف سے۔

اور یا کذٰلک مفعول بہ ہے
اور مثل قولھم مفعول مطلق

یا کذٰلک الخ مبتدا
قال الذین ... خبر
جملہ اسمیہ

مثل، صفت
قولًا، محذوف موصوف

ای قال الذین لا یعلمون الکتاب قولًا مثل قول الیہود والنصاریٰ۔ و یا مثل قول الیہود والنصاریٰ قال الذین لا یعلمون اعتقاد الیہود و النصاری۔ ۱۲

اللّٰہُ، .... مبتدا
یحکم، فعل مع الفاعل
بینھم، .... ظرف
یوم القیٰمۃ، مفعول فیہ

ای اعرض عنھم یا محمد اللہ یحکم بینھم

فی، جار۔ ما، موصوفہ یا موصولہ
کانوا، فعل ضمیر۔ اسم
فیہ یختلفون، جملہ خبر
یختلفون، فعل مع الفاعل
فیہ، جار مجرور ظرف لغو

ای فیما یختلفون ھؤلاء
ای فی دخول الجنۃ و فی استحقاق ثواب الآخرۃ۔

ف- وقالت الیھود الخ ابن اسحاق اور ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے ابن عباسؓ سے روایت کی ہے کہ نجران[ل] کے نصاریٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے تھے جب پیغمبر علیہ السلام نے جہاد کرنا شروع کیا اور ہر طرف اسکی خبریں مشہور ہوگئیں تو نجران جو نواح یمن میں واقع ہے اور قدیم سے وہاں نصاریٰ آباد تھے وہاں کے لوگوں میں یہ خوف پیدا ہوا کہ کہیں مسلمان اس طرف حملہ آور نہ ہوجائیں اسلئے انہوں نے اپنی قوم کے ساٹھ آدمی بطور سفارت سرور کائنات علیہ التحیۃ والتسلیمات کی خدمت میں بھیجے - جن میں چوبیس آدمی اشراف اور سردار تھے انہیں نصاریٰ سے یہود مدینہ کے آکر ملے اور دونوں فریق میں مذہبی بحث شروع ہوگئی ہر ایک فریق دوسرے فریق کی تکفیر کرنے لگا اور ایک دوسرے کو نا ملائم الفاظ سے تخاطب کرنے لگ گئے آنجناب علیہ السلام کو یہ بحث انکی بہت ناگوار ہوئی - بعد ازاں اس آیت کا نزول ہوا -

ل - نجران عرب کے ایک ملک کا نام ہے جو مکہ سے سات منزل یمن کی جانب ہے وہاں قدیم سے نصاریٰ رہتے تھے اس ملک میں تہتر بستیاں ہیں اخدود بھی اسی ملک کی ایک بستی ہے جسکا ذکر سورۂ بروج میں ہے - جب یہاں کے لوگ مدینہ منورہ میں آئے تو آنجناب نے ان پر اسلام پیش کیا اور قرآن سنایا مگر انہوں نے قبول نہ کیا پھر آنجناب نے ان سے کہا کہ مباہلہ کرلو اسپر راضی نہ ہوئے - آخر انہوں نے جزیہ دینا منظور کیا اور صلح کرلی - صاحب شرح مواہب لکھتے ہیں کہ اب وہ بستیاں ویران پڑی ہوئی ہیں - وہاں صرف اب وہ مسجد باقی ہے جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بنوائی تھی - ۱۲ اکسیر

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ

وکیست ستمگار تر ازانکہ منع کرد مسجد ہاے خدارا از انکہ یاد کردہ

اور کون ہے بہت ظالم اس شخص سے کہ منع کرتا ہے مسجدوں اللہ کی کو یہ کہ ذکر کیا جاوے

فِيْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ

شود نام خدا دروے وکوشش کرد در ویرانی آنہا ایں گروہ نے سزد

بیچ انکے نام اس کا اور سعی کرتا ہے بیچ ویران کرنے انکے کے یہ لوگ ہیں

لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ ؕ لَهُمْ فِى

ایشاں را کہ در آیند بمسجد ہا مگر ہراساں ایشاں راست

لائق تھا واسطے انکے یہ کہ داخل ہوں انمیں مگر ڈرتے ہوے واسطے انکے ہے

(۱۲۹) الدُّنْيَا خِزْىٌ وَّلَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ

در دنیا خواری وایشاں راست در آخرت عذاب بزرگ

بیچ دنیا کے رسوائی اور واسطے انکے بیچ آخرت کے عذاب ہے بڑا

(وکیست ستمگار تر- ویانیست ستمگار تر- کون ہے ظالم زیادہ- یا نہیں زیادہ تر ظالم)

اے لا احدٌ اظلمُ مَنْ

استفہامیہ بمعنی لا ئے نفی غرض مبالغہ تہدید وزجر ہے مع قطع نظر نفی مساوات وزیادۃ کے۔

اَظْلَمُ افعل (الظلم، وضع الشئی فی غیر موضعہ۔

(ازانکہ منع کرد- یا بازداشت- اس سے کہ روکتا ہے یا جس نے منع کیا۔

مِنْ - بیانیہ- مَنْ، موصولہ یا موصوفہ

مَنَعَ، ماضی اَلْمَنْعُ کام سے روکنا نہ دینا شے کا مصدر ف ۔ مَنَعَ

يَمْنَعُ - مَانِعٌ - مَمْنُوعٌ - اِمْنَعْ لَا تَمْنَعْ -

مساجد اللہ (مسجد ہائے خدارا - خدا کی عبادت گاہوں کو - اللہ کی مسجدوں کو)

مَسَاجِد جمع مسجد - عام عبادت خانہائے اہل کتاب وخصوصاً مسجد بیت المقدس ومسجد الحرام -

ان یذکر فیہا (از آنکہ ذکر کردہ شود دراں - اس سے کہ پڑھا جاوے اس میں یا عبادت کیجاوے اس میں -

ان یذکر - یاد کیا جاوے - مضارع منصوب -

فیہا - اسے فی المساجد -

ذکر یہ لفظ کلام مجید میں بیس وجوہ پر آیا ہے

(۱) زبان کا ذکر - فاذکروا اللہ کذکرکم آباءکم -

(۲) قلب کا ذکر - اذکروا اللہ فاستغفروا لذنوبہم -

(۳) حفظ - واذکروا ما فیہ -

(۴) طاعت اور جزا - فاذکرونی اذکرکم -

(۵) نماز پنجگانہ - فاذا امنتم فاذکروا اللہ -

(۶) پند ونصیحت کرنا - فلما نسوا ما ذکروا بہ و ذکر فان الذکری

(۷) بیان - او عجبتم ان جاءکم ذکر من ربکم -

(۸) بات کرنا - واذکرنی عند ربک اسے حدثہ بحالی یعنی اس سے میرا حال کہنا بر سبیل تذکرہ -

(۹) قرآن - ومن اعرض عن ذکری ما یاتیہم من ذکر -

(۱۰) توراۃ - فاسئلوا اھل الذکر -

(۱۱) خبر - سا تلوا علیکم منہ ذکرا -

(۱۲) شرف - وانہ لذکر لک -

(۱۳) عیب - ھذا الذی یذکر الھتکم

(۱۴) لوح محفوظ - من بعد الذکر

(۱۵) اذکر اللہ کثیرا -

(١٦) وحی فالتالیات ذکرا

(١٧) رسول ذکرا رسولا

(١٨) نماز ولذکر اللہ اکبر

(١٩) نماز جمعہ فاسعوا الی ذکر اللہ

(٢٠) نماز عصر عن ذکر ربی (اتقان)

اسمہ (نام آن۔ اسکا نام خدا کا ذکر)

اسم، علامت معینہ جس سے ذات مبہم متمیز اور پہچانی جاسکے۔

وسعٰی فی خرابہا (وسعی و کوشش نمود در خرابی آنہا۔) اور کوشش کیا انکے برباد کرنے اور اُجاڑنے میں۔

سعٰی، ماضی ا ع السعی والسعایۃ کوشش کرنا۔ دوڑنا مصدر ف ناقص سعٰی۔ یسعٰی۔ ساعٍ مسعیٌّ اِسْعَ۔ لا تسعَ۔

خراب، اسم مصدر بمعنی تخریب مثل سلام و تسلیم بمعنی ہلاک و تعطیل۔

اولٰئک (این گروہ۔ یہ لوگ یا ایسوں کو) اولٰئک اسمے المالغون وسعیون

ما کان لہم (نہ سزوا ایشان را۔ نہیں لائق تھا انکے) ما کان، نبود۔ نہ تھا ماضی منفی لھم، اسے لھو ا ع ل بمعنی لیاقت

ان یدخلوھا (آنکہ در آیند بمساجد۔ یہ کہ داخل ہوں ان میں۔ یا اس میں)

ل لہم۔ لام بمعنی اختصاص بروجہ لیاقت ہے جیسے الجل للفرس میں ہے اور خوف سے خوف من اللہ مراد ہے اس تقدیر پر یہ جملہ مستانفہ ہے اور اس سوال کا جواب ہے جو قولہ تعالیٰ وسعٰی فی خرابہا سے پیدا ہوا ہے کانہ قیل فما اللائق بہم۔ اور ظلم سے مراد وضع الشئ فی غیر موضعہ ہے۔

اور یا لام بمعنی استحقاق ہے مثل الجنۃ للمومنین اور مراد خوف سے خوف من المومنین ہے اس تقدیر پر یہ جملہ جواب ہے اس سوال سے کہ ناشی ہے قولہ تعالیٰ فمن اظلم ممن منع سے کانہ قیل فما کان حقہم اور مراد ظلم سے تصرف فی حق الغیر ہے ۲

۲ اور یا مجرد ارتباط بالحصول کے لئے ہے لئے ما کان لہم فی علم اللہ تعالی وقضائہ ان یدخلوھا فیما [illegible]

انْ یدخلوھا مف منصوب و مرجع ضمیر مساجد۔

خائفین (اگر ترسندگان۔ مگر ڈرتے ہوئے)

خائفین۔ جمع خائف اسم فاعل خبر بمعنی امر

لھم فی الدنیا (ایشاں راست در دنیا۔ اور ان کے لئے ہے دنیا میں)

لھم۔ ل بمعنی تخصیص فی الدنیا اسے فی الدار الدنیا۔

خزی (رسوائی و حقارت و ذلت) اسے خزی عظیم مصدر بمعنی اسم یا حاصل بالمصدر۔

ولھم فی الآخرۃ (و برائے ایشانست در آخرت۔ اور آخرت میں انکے لئے ہے۔)

فی الآخرۃ اسے فی دار الآخرۃ۔

عذاب عظیم (عذاب بزرگ۔ عذاب سخت) عذاب شکنجہ و تکلیف۔

ومن اظلم

مَنْ، استفہامیہ …… مبتدا

اظلمُ، فعل ھو ضمیر فاعل

ممن، جار مَن، موصولہ

مَنَعَ مساجد اللہ الخ صلہ

اسے لا احدٌ اظلم ممّن مَنَعَ مساجد اللہ الخ اس کا عطف وقالت النصارٰی پر ہے قبیل عطف قصہ سے اوپر قصہ کے اور یا جملہ معترضہ ہے درمیان معطوف یعنی قالوا اتخذ و معطوف علیہ قالت الیھود میں بغرض بیان حالت مشرکین لیکن ظاہر آیت مقتضی عموم ہے اور خصوص سبب اس سے مانع نہیں۔

مَنَعَ، …… فعل مع الفاعل

مساجد اللہِ، … مبدل منہ

اَن یذکر، … فعل مجہول

فیھا، … ظرف لغو

اسمہ، نائب فاعل

عمارتھا۔ او العبادۃ فیھا مقدر …

و یا مساجد اللہِ، مفعول اول ان یذکر

و یا اَنْ یذکر الخ … مفعول لہ اسے منعھا کراھیۃ اَن یذکر فیھا اور ممکن ہے کہ یہ جملہ موضع خبر میں ہو۔ اور خافض محذوف ہو۔ اسے من

ان یذکر فیہا۔

و۔ سعٰی، ۔۔۔۔ فعل مع الفاعل

فی، ۔۔۔ حرف جار } ظرف لغو

خرابہا، ۔۔۔ مجرور

(معطوف علیہ)

اور یہ عطف تفسیر ہے۔

اولٰئک، ۔۔۔ اسم اشارہ } مبتدا

من باعتبار معنی یا بالعموم مشارٌ الیہ

ماکان، ۔۔۔ فعل ناقص

لہم، متعلق ثابتًا ۔۔۔ خبر

ان یدخلوا، فعل مع الفاعل ذوالحال

ھا، ضمیر ۔۔۔۔ مفعول

الّا، حرف استثناء

خائفین، حال ضمیر فاعل سے

(جملہ فعلیہ ۔۔۔ جملہ اسمیہ)

کانہ قیل وماکان لہم فقیل کان

التی بہم الدخول متواضعًا خشعًا۔

وکان لہم ان یعظموا شعائر اللہ۔

ویا ان یدخلوھا الّا خائفین

خبر بمعنی امر ہے۔ اے اخیفوہم

بالجہاد فلا یدخلہا احدٌ الّا

خائفین (جلالین) ویا قاتلوھم

حتی لایدخلہا احدٌ منہم الّا

خائفًا من القتل او السبی۔

لہم، متعلق ثابت ۔۔۔ خبر مقدم

فی الدنیا، ظرف لغو

خزیٌ، ۔۔۔۔۔ مبتدا

(جملہ اسمیہ معطوف علیہ)

و۔ فی الآخرۃ، ظرف مستقر خبر

عذابٌ عظیم، ۔۔۔ مبتدا

(معطوف)

ف۔ ومن اظلم الخ ان آیات میں آں سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپکے صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو بشارت اور تسلی دی گئی ہے۔ اسکی تفصیل یہ ہے۔ کہ بیت اللہ شریف کو چھوڑ کر مدینہ منورہ کی طرف مجبوراً ہجرت کرنے سے مسلمانوں کے دل دکھے ہوئے تو تھے ہی۔ اسپر حدیبیہ کے سال میں جبکہ آنجناب مع صحابہ کعبۃ اللہ کی زیارت اور

ادائے مراسم حج سے روک دئے گئے - اور انہیں حج ادا کرنے کے بغیر مکہ معظمہ کے قریب سے مدینہ منورہ کی طرف واپس جانا پڑا) تو انکے دل نہایت غمگین اور پژمردہ ہوگئے تھے جس سے ایک ایک قدم اٹھانا انکے لئے سخت مشکل اور بھاری ہو رہا تھا - وہ جیتے جی واپس ہونا نہیں چاہتے تھے - مگر اطاعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں دم بخود تھے اور کوئی حرف زبان پہ نہ لاسکتے تھے - ارشاد ہوتا ہے اے ہمارے شکرگزار بندو ہماری اطاعت و فرمانبرداری میں تکالیف اور مصائب پر صبر و شکر کرنیوالو ہم وعدہ کرتے ہیں اور تمھیں بشارت دیتے ہیں کہ آئندہ کے لئے ابد الآباد تک مشرکین وغیرہ کفار بیت اللہ کی ہمسائگی سے محروم کردئے گئے ہیں - اور بہت ہی جلد ہم تمھیں مسجد الحرام اور دوسری تمام مساجد پر غالب کردیں گے - اب ان کی یہ حالت ہوگی کہ کوئی مشرک بیت اللہ میں داخل نہ ہوگا کہ اسے قید یا قتل ہو جانیکا ڈر نہ رہے (کبیر)

خلاصہ واقعہ حدیبیہ سنہ ۶ھ میں جب آنجناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک ہزار چار سو صحابہؓ کے ساتھ بیت اللہ کی زیارت کا قصد فرمایا - تو ادھر قریش نے (جوکہ بدر کی لڑائی سنہ ۲ھ میں شکست کھانے کے بعد جوش انتقام میں بھرے ہوئے تھے) آنجناب کی آمد سنکر لڑائی کی تیاریاں شروع کردیں اور آپس میں عہد کرلیا کہ مسلمان مکہ میں نہ آنے پائیں - جب آنجناب علیہ الصلوٰۃ کو مشورہ قریش سے اطلاع ہوئی تو مکہ سے دو منزل دور آپ نے قیام فرمایا - اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو

سرداران قریش کے پاس بھیجکر یہ ظاہر کیا کہ ہمیں لڑنا منظور نہیں نہ ہمارا یہ قصد ہے - ہم زیارت کے لئے آئے ہیں- حج ادا کر کے واپس چلے جائیں گے - مگر قریش نے کچھ جواب نہ دیا اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو روک لیا - جس سے عام طور پر یہ مشہور ہو گیا کہ حضرت عثمانؓ شہید کر دیئے گئے ہیں - اسپر آنجناب نے اصحاب کرامؓ سے ایک درخت کے نیچے جہاد پر بیعت لینی شروع کر دی - کہ اسی اثناء میں حضرت عثمانؓ تشریف لائے اور چند سرداران قریش بھی آپہونچے آخرکار بڑی ردوکد کے بعد یہ معاہدہ ہوا - کہ مسلمان اس سال یہیں سے واپس جائیں اور اگلے سال حج کے لئے آئیں - دس برس تک لڑائی موقوف رہے ہماری درخواست پر ہماری قوم کے گرفتار شدہ لوگ مسلمان واپس کر دیں گے - مگر ہم واپس نہیں کرینگے یہ معاہدہ کیا تھا محض اظہار زبردستی اور مسلمانوں کو لڑائی پر مجبور کرنا مطلوب تھا - مگر چونکہ مسلمان صرف حج اور زیارت بیت اللہ کیلئے آئے تھے لہذا آنجناب نے حسب قرارداد واپس مدینہ منورہ کا قصد کر لیا صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے خون ہر چند جوش میں آتے تھے مگر برضائے سرور کائنات علیہ التحیہ والتسلیمات دم بخود ہو کر رہجاتے تھے - کہ راستہ میں سورۂ فتح نازل ہوئی - ادھر مکہ معظمہ میں بنو بکر نے عہد توڑ کر خزاعیوں سے (جو کہ آنجناب علیہ السلام کے سایہ امن میں ایک عرصہ سے آئے تھے) لڑائی شروع کر دی - اور انہوں نے حسب دستور وعہد آں حضرت علیہ السلام سے استغاثہ کیا لہذا آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم

نے اپنے ہم حلیفوں کی اعانت کفار کی سرکوبی اور فتح مکہ کے قصد پر ۸ھ میں دس ہزار فوج کے ساتھ مدینہ منورہ سے کوچ فرمایا۔ اور بفضلہ بلا روک ٹوک کعبۃ اللہ میں داخل ہو گئے۔ آتے ہی بہت سے مشرک حلقہ اسلام میں آ گئے اور بہتوں نے اطاعت قبول کر لی ۹ھ میں آپ نے میدان منےٰ میں حج کے روز کھلم کھلا یہ اعلان کر دیا کہ اب سے کوئی مشرک مسجد الحرام میں داخل نہ ہوگا۔ اور بعد ازاں تھوڑے ہی دنوں میں تمام جزیرۂ عرب سے یہود کے اخراج کا حکم دیدیا اور وہ خارج کر دئے گئے۔ (طبری)

اسی طرح مسجد بیت المقدس جسکو نصاریٰ نے مزبلہ نجاسات بنا رکھا تھا حضرت امیر عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں فتح ہوئی ہے اور اس متبرک مکان سے نصاریٰ بیدخل کر دئیے گئے ہیں مسجد بیت المقدس کو بلاشبہ حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علی نبینا و علیہ السلام کی بنائی ہوئی تھی۔ اور ہمیشہ سے انبیائے بنی اسرائیل علیہم السلام کی عبادت گاہ اور قبلہ ہی رہی تھی۔ یہود نے چونکہ حضرت مسیح کو اپنے خیال کے موافق قتل کر دیا تھا۔ اسلئے نصاریٰ نے بعد رفع حضرت عیسیٰ علیہ السلام طیطوس بادشاہ رومی یا بخت نصر کی مدد سے اسکو فتح کر کے اس تعصب سے اسے ویران کر دیا تھا کہ اسپر یہود قابض رہے ہیں اور اس میں وہ عبادت کیا کرتے

۵۱ - فتح بیت المقدس - بعد رفع حضرت مسیح علیہ السلام بخت نصر نے بیت المقدس اور تمام ملک شام کو فتح کیا ہے اور اسکے بعد طیطوس رومی نے اسکو فتح کر کے یہود کو سخت تکلیف دی ہے اور اسکے بعد مجوسی شاہان فارس نے اسکو فتح کیا ہے ۱۲

تھے۔ اور اس مبارک مکان کے عوض مکان شرقی مسجد کو (جس میں حضرت عیسے علیہ السلام پیدا ہوئے ہیں) عبادت گاہ مقرر کر لیا تھا جس سے بیت المقدس شیوع اسلام تک نصاریٰ کے قبضہ میں رہی اور مزبلہ نجاسات بنی رہی۔ جب حضرت امیر المومنین عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے اس شہر کو فتح کیا اور مسجد کو ویران دیکھا تو آپ نے بذات خود معہ اپنے ہمراہیوں کے اسے پاک و صاف کیا اور از سر نو تعمیر کر کے اسلامی خطبہ و نماز سے اس کی افتتاح فرمائی اور نصاریٰ کو اس سے بیدخل کر دیا۔

ممن منع مساجد الخ مساجد سے ظاہراً خاص مسجد بیت الحرام کی روکاوٹ معلوم ہوتی ہے اور لفظ جمع تعمیم حکم کے لئے لایا گیا ہے۔ قال المظهری منع مساجد الله انما اورد لفظ الجمع وان كان المنع واقعا على مسجد واحد لان الحكم عام وان كان المورد خاصا۔

و در عزیزؔ آوردہ۔ اولٰئك ما كان لهم الخ یعنی ایں فرقہا را نیز در مذہب شان جائز نبود کہ در مسجد ہائے خدا بے ادبانہ داخل شوند بلکہ ہراساں و ترساں کہ مبادا در اوائے حق و تعظیم ایں مکان تقصیرے رو دہد کہ پیش صاحب خانہ شرمندہ شویم چہ جائے کہ ایں قدر ہتک حرمت کنند کہ مساجد را مزبلہ و کناس نجاسات قرار دہند و از ذکر اللہ و عبادت کردن منع نمایند پس ایں قسم اشخاص اگر مشرک اند ہمراہ شرک ایں بی ادبی را نیز مرتکب شدہ اند اظلم الناس گشتند و اگر مدعی توحید و اتباع ملت اند پس کار شان مخالف گفتار ایشاں شد و نفاق بر ایشاں ثابت شد و در مکافات ایں ظلم

برائے ایشاں دریں عالم ذلت ورسوائی وقتل واخراج وجزیہ است ودر آخرت عذابے مہیب وبلائے عظیم مہیا کردہ شدہ است - ابن جریر لکھتے ہیں کہ مشرکین عرب اس آیت کے نازل ہونیکا سبب نہیں ہوسکتے کیونکہ انہوں نے اگرچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کعبۃ اللہ میں داخل ہونے سے منع کیا ہے مگر اسکے خراب کرنے میں انہوں نے سعی نہیں کی بلکہ اپنے اعتقاد کے موافق وہ اسکی تعظیم وتکریم کرتے رہے ہیں - پس ظاہر یہی ہے کہ اس آیت کی نزول کا باعث نصاریٰ ہیں - جنھوں نے بیت المقدس کو خراب کیا تھا اور ایک قرینہ اس کا یہ بھی ہے کہ پہلی آیات میں بھی نصاریٰ نجران کا قصہ ہے -

وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ

وخدا راست مشرق و مغرب پس ہرسو کہ رو آرید

اور واسطے اللہ کے ہے مشرق اور مغرب پس جدھر کو منہ کرو

وَجْهُ اللّٰهِ ۚ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۱۰﴾ وَقَالُوا

ہمانجاست روئے خدا ہر آئینہ خدا فراخ نعمت داناست وگفتند

پس وہیں ہے منہ اللہ کا تحقیق اللہ سمائی والا جاننے والا ہے اور کہا

اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۙ سُبْحٰنَهٗ ۭ بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

بگرفت خدا فرزند را پاکی اوراست بلکہ اوراست آنچہ در آسمانہا

انہوں نے کہ پکڑی اللہ نے اولاد پاکی ہے اسکو بلکہ واسطے اسکے جو کچھ بیچ آسمانوں کے

وَالْاَرْضِ ط كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ

و زمین است هر کسے برائے وے فرمانبردارند آفرینندهٔ آسمانها

اور زمین کے ہے ہر ایک واسطے اسکے فرمانبردار ہیں پیدا کرنے والا آسمانوں کا

وَالْاَرْضِ ط وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ

و زمین است و چون مقرر میکند کارے پس جز این نیست که میگوید او را بشو

اور زمین کا اور جب مقرر کرتا ہے کچھ کام پس سوا اسکے نہیں کہ کہتا ہے واسطے اسکے ہو

كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۱۱۲﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا

پس میشود و گفتند آنانکه ہیچ نمی دانند یعنی مشرکان

پس ہو جاتا ہے اور کہا ان لوگوں نے جو نہیں جانتے کیوں نہیں کلام

يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ط كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ

چرا با ما سخن نگوید خدا یا نمی آید بما نشانہ ہمچنین گفتند کسانیکه پیش

کرتا ہے ہمسے اللہ یا کیوں نہیں آتی ہمارے پاس نشانی اسیطرح کہا تھا ان لوگوں نے

مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ط تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ

از ایشاں بودند مانند قول ایشاں ایکدیگر مشابہت دارند دلہائے ایشاں

جو پہلے ان سے تھے مانند بات انکی کے یکساں ہوے دل انکے

قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

ہر آئینه بیان کردیم نشانہا را برائے گروہے یقین میکنند

تحقیق بیان کیں ہمنے نشانیاں واسطے اس قوم کے کہ یقین لاتے ہیں۔

(او مر خدا راست مشرق و مغرب خدا ہی	کیلئے ہے یا خدا ہی کی ہے مشرق و مغرب)

ل بمعنی تخصیص و تملیک۔

المشرق، اسم ظرف سورج اور اسکے نور کے نکلنے کی جگہ۔

مغرب۔ سورج کے ڈوبنے کی جگہ ویا ہر دو مصدر میمی بمعنی اشراق و اغراب۔

فارسی (پس ہر سو کہ روے آرید۔ پس جس طرف منہ کرو۔ متوجہ ہو) اردو

ف لتعقیبیہ و تفریعیہ۔

اینما، ای جہۃ کان۔ اسم ظرف متضمن معنی شرط۔ و لازم الظرفیت۔

تولوا، التولیۃ بمعنی الصرف منزل منزلۃ اللازم۔

پھر وتم مض ج ح مجزوم بشرط اے الی ای جہۃ تولوا وجوھکم ویا ولّی یولی۔ وجہ یوجہ وا (المعنی) فی ای مکان فعلتم التولیۃ شطر القبلۃ۔

فارسی (پس ہمانجا روے خداست۔ پس وہیں وجہ خدا ہے۔ وہاں ہی خدا متوجہ ہے) اردو

ف، جواب شرط۔ ثمّ، وہاں ظرف مکان یہ حرف مکان بعید کی طرف اشارہ کرنے کے لئے موضوع ہوا ہے بمعنی ھناک مبنی بر فتح۔

وجہ[۱]، بمعنی جہۃ مثل وزن و وعد۔

۵۱ وجہہ بمعنی جہتہ مثل وزن بمعنی زنۃ و وعد بمعنی عدۃ (اے فی ای بقعۃ من بقاع الارض) اور آیت کے معنی یہ ہیں۔ اے مومنین عبادت کے مخصوصہ مقام یعنی مساجد میں عبادت کرنے سے اگر روکے جاتے ہو تو ہم عام اجازت دیتے ہیں جہاں چاہو نماز پڑھو اور جس جگہ قبلہ کی طرف متوجہ ہو سکے یا جس طرف متوجہ ہو کر نماز پڑھو گے ہم منظور کرینگے۔ کیونکہ مشرق مغرب شمال جنوب سب خدا ہی کی ملک ہے اور اسکے بنائے ہوئے ہیں۔ اور اگر وجہ بمعنی ذات ہے۔ تو یہ معنی ہونگے جس مکان میں تم قبلہ کی طرف متوجہ ہو گے وہیں وہ ذات موجود ہے۔ ۱۲

بمعنی زنۃ وعدۃ (اسے فقی ای
بقعۃ من بقاء الارض) ویا وجہہ بمعنی
ذات - اسے فثمّ ذات المعبود -
(ہر آئینہ خدا فراخ نعمت بخشش کنندہ
داناست - البتہ خداوند بہت فراخ
بخشش کرنے والا دانا ہے)
ان، موکد مضمون جملہ - واسعٌ، وسعت
دینے والا - وسعت رکھنے والا - اور
وہ شخص جو اپنے متعلقین کو دین میں
وسعت دے اور طاقت سے
زیادہ تکلیف نہ دے - بقول فرا -
وہ ذات جسکی سخاوت اور جود ہر چیز
پر محیط ہو -
علیمٌ، کامل علم جسکے سامنے چھپی
چیزیں ظاہر منکشف اور عیاں ہوں

وقالوا اتخذ اللہ

(وبگفتند بگرفت خدا اور کہتے ہیں خدا
رکھتا ہے - پکڑی ہے خدا نے
قالوا، اج - ع اتَّخَذَ، ماضی - ا - س - ع
بمعنی صَنَعَ یا متعدی بمعنی صیر اختیار کیا -
رکھا - لیا -

ولدا

(فرزندرا - اولاد - بیٹا -)
ولدا، فرزند صلبی مذکر ہو خواہ مونث

سبحانہ

(پاکی اوراست - وہ ہر عیب سے بری اور
پاک ہے)
سُبْحَان، اسم مصدر پاک اور منزہ ان
تعلقات سے جو محدثات وممکنات
آپسمیں رکھتے ہیں - مثلاً تعلق فرزند وزن

بل لہ

(بلکہ اوراست - بلکہ اسیکا ملک ہے)
بل، حرف عطف - پہلے امر سے
اعراض اور مابعد کے اثبات کے لیے
لایا جاتا ہے -
ل، مظہر تخصیص وتملیک - یا مفید
نسبت اثر بہ موثر مثل قولك لزید ضرب

ما فی السموات والارض

(آنچہ در آسمانہا است وآنچہ در زمین است
جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین
میں ہے)
اسے ما فی السموات والارض ملکا
وخلقا وھو الخالق القیوم المتاصل

بوجوده فليس الارض كما افتروا بل
هو خالق جميع الموجودات التي من جملتها
ما زعموه ولداً والخالق لكل موجود
لا حاجة له الى الولد اذ هو يوجد ما
يشاء منزها عن الاحتياج الى التوالد

له ما في السموات والارض كل له قانتون

ما - اسم موصول اور غیر ذوی العقول
تغلیباً داخل ہیں - یا نکرہ موصوفہ

السَّمٰوٰت - جمع سماء - عالم بالا -
عالم مجردات -

والارض - عالم مرکبات - وعالم سفلی
(ہر یکے برائے او فرماں بردارند سب
اسکے لئے مؤدب - فرمانبردار ہیں

کلٌّ - ہر ایک مراد کل افرادی - اسکی
تنوین عوض مضاف الیہ ہے - اسے
کل ما فیہا کائنا ما کان من اولی
العلم وغیرہم له منقادون -

قانتون له - جمع قانت - القنوت
اطاعت کرنا - اپنے حقیقی مالک کے
سامنے باادب نہایت عجز و انکسار سے
دیر تک کھڑے رہنا مصدر ن ص
قال واصل القنوت القیام -
قال علیه السلام افضل الصلوٰة
طول القنوت والمعنی انهم مطیعون (مظ)

بديع السموات

(آفرینندہ آسمانہا و زمین است - آسمانوں
اور زمین کو پیدا کرنے والا -)

له قانتون - چونکہ کلام حضرت عزیر و مسیح
و ملائکہ میں ہے اور یہ تمام عقلا ہیں لہذا بلحاظ ظاہر کلام قانتون کے ساتھ کلمہ من کا
لانا مناسب معلوم ہوتا ہے تاکہ سوق کلام کے موافق ہو - لیکن کلمہ ما (جو غیر
اولی العلم کے لئے مختص ہے) کے ساتھ لانا اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ یہ لوگ جنکو انہوں نے
اپنی سمجھ میں نہایت متبرک و عظیم سمجھا ہے اور انہیں ولد اللہ کہتے ہیں اور انکے سوائے
جمیع مخلوقات اس صاحب عظمت کے مقابل ہیں غیر اولی العلم کیا محاورت کے درجہ میں ہیں
کیا ایسی مخلوق پر ولد اللہ کا اطلاق ہو سکتا ہے ہرگز نہیں

بدیع[۱] بمعنی مبدع - ایجاد کرنیوالا - عدم سے بلا مادہ اشیاء کو پیدا کرنیوالا اور کہتے ہیں - بدیع اصل میں بدیئ ہے - بدء یبدءُ - بادئٌ وبدیئٌ

اَلْبَدْعُ - نو اختراع کرنا انوکھی چیز پیدا کرنا - مصدر ف - بَدَعَ یَبْدَعُ - بَادِعٌ - وبَدِیْعٌ - مَبْدُوْعٌ اِبْدَعْ - لَا تَبْدَعْ -

(وہر گاہ عزم کارے نمود - اور جب کام معین کرتا ہے - یا جب کام کے لئے حکم کرتا ہے)

قضٰی ، مقرر کیا - حکم کیا - قصد کیا ماضی - القضاء حکم کرنا - تمام کرنا اور متعلق ہونا ارادہ الٰہیہ کا ساتھ وجود شئے کے والاصل القضاء والفراغ

ومنہ اطلاقہ علی انما امرا لشئی قولاً کقولہ تعالیٰ وقضٰی ربک - وفعلاً کقولہ فقضٰھن سبع سمٰوٰت۔

ویطلق علی تعلق الارادۃ الالٰھیۃ بوجود شئ من حیث انہ یوجبہ اور تمام موجودات کا اجمالاً لوح محفوظ میں جمع ہونا - حکم کرنا مصدر ف ک ناقص - قضٰی - یقضی - قاضٍ - مقضیٌّ - اقضِ لَا تقضِ -

امرا - کام - شئ بمعنی مراد -

(پس جز این نیست کہ میگوید آنرا پس اسکے سواے نہیں کہ کہتا ہے اسکو

ف - جزائیہ - انما کلمہ حصر یہ کلمہ اثبات امر کے مخالف تمام اوہام کو دفع کرنے کے لئے لایا جاتا ہے)

---

[۱] بدیع - المبدع والخالق کہ بدیع معدول ہے مبدع سے جیسے الیم وبصیر مولم ومبصر سے معدول ہیں اور کہتے ہیں بدیع اصل بادئ ہے یعنی عین اس کا ہمزہ سے بدل ہے والمعنی بدیع سمٰوٰتہ وارضہ من غیر مثال سبق بدیع فعیل بمعنی مفعل مثل مسخن وسخین ومقعد وقعید وموصی ووصی ومحکم وحکیم ومبرم وبریم ومونق وانیق —

يقول، مضارع. لهٗ، اسے. للامر. كن، امر حاضر. امر، تامہ بمعنی (بشو - ہو)	فيكون (پس میشود - پس ہو جاتا ہے) ويا ناقصہ بمعنی كن كذا -
احدث - اسے یقول لہ احدث	اسے یقول لہ احدث فیحدث

لہ كن تامہ بمعنی احدث - اس سے یہ مراد نہیں کہ واجب تعالیٰ جس شئے کے وجود کا ارادہ کرتا ہے اسے موجود ہونے کے لئے بذریعہ لفظ کن امر کرتا ہے اور وہ موجود ہو جاتی ہے - بلکہ اس جگہ کلمہ کن کا کہنا فعل ایجاد سے کنایہ ہے اور لفظ فیکون تعلق ایجاد کے بعد اظہار سرعت وجود مقدور پر دلالت کرتا ہے - کیونکہ ہر ایک مقدور کو واجب تعالیٰ کے ارادہ وجود سے متعلق ہو جانے کے بعد اپنے وجود اور ظہور میں کسی قسم کی انتظاری نہیں رہتی پس حاصل کلام یہ ہوا اذا قضٰی امرًا فلا یحتاج الی شئی الا الایجاد فیوجدہ فیوجد بلا مہلة پس وجود اشیاء کا تعلق فعل ایجاد سے ہے نہ کلمۂ کن کے ساتھ اور اس فعل کو کلمہ کن سے تعبیر کرنا بطریق تمثیل ہے - گویا امر متکون ایک مطیع و فرمانبردار بندہ ہے جو خداوند عالم کے فرمان کی تعمیل میں ایک ذرا توقف روا نہیں رکھتا اور بمجرد حکم تعمیل ارشاد میں کمربستہ ہو جاتا ہے اس کلام میں یہ تاکیداً ظاہر کیا گیا ہے کہ جس ذات کو اس مرتبہ کی قدرت حاصل ہے اُسے زن و فرزند اور اولاد پکڑنے کی کیا ضرورت ہو سکتی ہے - لہٰذا وہ ذات اس قسم کے عیوب سے بالکل پاک صاف اور بری ہے - واعلم ان کان لا یفید الا الحصول والحدوث والوجود وهذا علی قسمین (۱) ما یفید حدوث الشئی فی نفسه و لفظ کان یتم باسناده الی ذالك الشئی الواحد لانه یفید ان ذالك الشئی قد حدث وحصل (۲) ما یفید موصوفیة شئی بشئی آخر و لفظ کان لا یتم فائدة الا بذکر الاسمین فانه اذا ذکر کان معناه حصول موصوفیة زید بالعلم ولا یمکن ذکر موصوفیته هذا بذالك الا عند ذکرهما جمعا فلا بد لا یتم المقصود الا بذکرهما فقولنا کان زید عالماً معناه حصل وحدث موصوفیة زید بالعلم (خلاصہ مطولات)

یا فیکون موجودًا۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ (و گفتند آنانکہ ہیچ نمیدانند۔ اور کہا ان لوگوں نے جو آسمانی کتابوں سے بے علم ہیں۔

قَالَ، ماضی، اسم، الَّذِیْنَ، اسم موصول عہدی یا جنسی۔

لَا یَعْلَمُوْنَ، ج، مضارع منفی مصدر العلم

لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ (چرا با ما سخن نمی گوید خدا۔ اللہ ہم سے کیوں کلام نہیں کرتا۔)

اے کما یکلم الملائکۃ۔ وکلم موسٰی فلا یحتاج الی رسول او یکلمنا بانک رسولہ۔

لَوْلَا، حرف تحضیض ومظہر تحریض وترغیب بمعنی ہلّا۔ اور مضارع کو امر کے معنی میں کر دیتا ہے۔ اے لو لم یکن۔

یُکَلِّمُ، مضارع، التکلیم والکلام بالفتح وبالکسر بات کرنا مصدر تفعیل کَلَّمَ۔ یُکَلِّمُ۔ مُکَلِّمٌ۔ کَلِّمْ۔ لَا تُکَلِّمْ۔

اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ (و یا بیاید بما نشانے۔ یا کیوں نہیں آتی ہمارے پاس کوئی علامت)

تَاْتِیْ، مضارع، مؤنث۔ آیۃ علامت حکم

كَذٰلِكَ قَالَ (ہمچنین سخنے گفتند آنانکہ۔ اسی طرح کی بات کہی ان لوگوں نے)

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

کَ بمعنی مثل اے قولا مثل ذٰلک

(پیش از ایشاں گفتند۔ ان پہلے یا جو پہلے ہو چکے ہیں)

مِنْ، بیانیہ۔ قَبْلُ، اسم ظرف۔

مِّثْلَ قَوْلِهِمْ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ (بیکدیگر تشابہت دارند دلہائے ایشاں ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں دل انکے)

تَشَابَهَتْ، ماضی

قُلُوْبُ، جمع قلب مراد عقل اے تشابہت قلوب الاخلاف بالاسلاف فی العمی والعناد۔

قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ (ہر آئینہ بیان کردیم نشانہا را۔ اور تحقیق بیان کر دیں ہم نے علامات)

٦٧

بَیَّنَّا ، ماضی ج م ۔ التبیین ظاہر کرنا
مصدر تفعیل اجوف یائی ۔

آیات ، احکام و معجزات ۔

لقوم یوقنون

براے آنگرو ہے کہ یقین میکنند ۔
ان لوگوں کے لئے کہ یقین لاتے
ہیں ۔ یا یقین رکھتے ہیں ۔ لام
منفعت راجعۃ الیھم لا الی
المجادلین ۔

ل ، مظہر تخصیص ۔ قوم ۔ قبیلہ و جماعت

یوقنون ، مضارع ج م ۔ الایقان یقین
کرنا ۔ ماننا ۔ شک سے نکلنا مصدر
افعال مثل یائی ۔

وللہ المشرق والمغرب

وللہ ، جار مجرور ظرف مستقر خبر
المشرق والمغرب مبتدا مؤخر

ف تعقیبیہ ۔ اینما شرطیہ ظرف
تولوا ... فعل با فاعل
ف ، جزائیہ ۔ ثم ... مبتدا
وجہ اللہ ، ... خبر
جملہ شرطیہ معلول جملہ اول ۔

ان ، حرف مشبہ بفعل ۔ اللہ ، اسم
واسع ، ... موصوف
علیم ، ... صفت

و ۔ قالوا[۱] ... فعل مع فاعل
اتخذ بمعنی صنع ، فعل
اللہ ، ... فاعل
ولدا ، ... مفعول

واتخذ بمعنی صیر ۔ فعل
اللہ ، ... فاعل

لہ اس جملہ کا عطف قالت پر ہے اور قالوا کی ضمیر کا مرجع مشرکین عرب ہیں ۔ یعنی یہود نے
نصاریٰ کی تکذیب کی اور نصاریٰ نے یہود کو جھٹلایا ۔ اور مشرکین عرب اس مقولہ کے
قائل ہوئے ۔ اور یا اس جملے کا عطف منع پر ہے اسوقت مرجع ضمیر (من) باعتبار معنی ہے
یعنی مساجد کی تعمیر سے منع کرتے ہیں اور یہ کہتے ہیں ۔ اور یا اسکا عطف مفہوم من اظلم پر ہے یعنی
کوئی شخص اس سے زیادہ ظالم نہیں ہو سکتا جو مواضع عبادت سے منع کرتا ہو اور کہتا ہے کہ خداوند عالم نے

بعض مخلوقہ، مفعول (۱)
وَلَدًا، ...... مفعول (۲)
سبحانہ، مفعول مطلق ای اُسَبِّحُہٗ
سبحانا و انزھہ تَنۡزِیۡھًا۔ جملہ معترضہ
بل، اضرابیہ۔ لہ، متعلق ثابت، خبر مقدم
ما، نکرہ موصوفہ یا ...... موصولہ
فی السمٰوٰتِ وَالارض، ظرف
مستقراے موجودٌ
کُلٌّ، .... مبتدا
لہٗ، ..... ظرف لغو
قانتون، .... اسم فاعل } خبر
ای منقادون علی مشیتہ وتکوینہ ایجادًا
واعدامًا وتغیرًا من حال الی حال۔
بدیع، ...... مضاف
السمٰوٰتِ والارض، مضاف الیہ } خبر
ھو، محذوف ..... مبتدا
واذا، شرطیہ .. ظرف
قضیٰ، ... فعل مع الفاعل
امرًا، ...... مفعول

ف، ...... جزائیہ
انما، ... کلمہ مفید حصر
یقول، ... فعل مع الفاعل
لہٗ، ... جار مجرور ظرف لغو
کن، فعل ناقص ضمیر اسم
کذا، ...... خبر
ف، ...... جواب امر
یکونُ، ...... فعل ناقص
ھو، ... ضمیر مستتر اسم،
موجودًا، ...... خبر
ویا یقول، فعل مع الفاعل۔ لہ، ظرف
کن | جملہ مقولہ۔ فیکون، مفعول بہ
ویا۔ جملہ فیکون۔ جملہ مستانفہ بتقدیر
ھو۔ اے فھو یکون۔ ویا معطوف
علی یقول۔
وقال، .... فعل
الذین، ..... موصول
لَا یَعۡلَمُوۡنَ، جملہ فعلیہ صلہ } فاعل
لولا، یکلمنا، فعل مع المفعول
اللہ، .... فاعل } مقولہ

اَوْ تَاْتِیْنَآ، ... فعل مع المفعول

اٰیَۃٌ، .... فاعل

اے قَالَ الذین لایعلمون الکتٰب

ھلا یکلمنا اللہ انہ رسول او یاتک

رسولہ۔

کَذٰلِکَ اے مثل ذٰلِکَ، مبدل منہ

مِثْلَ قَوْلِھِمْ، بدل یا عطف بیان

قَوْلًا، محذوف، موصوف مفعول مطلق

قَالَ، .... فعل

اَلَّذِیْنَ، .... موصول

مِنْ قَبْلِھِمْ، .. ظرف

عىروا، فعل مع الفاعل محذوف

تَشَابَھَتْ قُلُوْبُھُمْ | جملہ فعلیہ مستانفہ

بَیَّنَّا، .... فعل با فاعل

الْاٰیٰتِ .... مفعول

لِقَوْمٍ، ... مجرور موصوف

یُّوْقِنُوْنَ، جملہ فعلیہ صفت

ف۔ وَلِلّٰہِ الْمَشْرِقُ الخ یہ آیات تحویل قبلہ کے متعلق ہیں کہ جب سرورِ کائنات علیہ التحیہ والتسلیمات نے مدینہ منورہ میں استقبال بیت المقدس سے بیت اللہ کی طرف توجہ کی اور مسلمانوں کے لئے بجائے بیت المقدس کعبۃ اللہ قبلہ ٹھہرایا گیا تو اکثر معاندین اسلام خصوصاً یہود کہنے لگے کیا خوب؟ مسلمانوں کو ابھی تک اپنا قبلہ ہی معلوم نہیں ہوا۔ آج تک تو قبلہ اہل کتاب (بیت المقدس) کی طرف متوجہ رہے ہیں۔ لیکن اب مشرکین عرب اور قریش کی خوشامد کے لئے بیت اللہ کو اپنا قبلہ ٹھہرا لیتے ہیں۔ بنا بریں ارشاد ہوا کہ بیت المقدس ہو یا بیت اللہ شام کے سرسبز پہاڑ ہوں یا حجاز کی پتھریلی زمین ہر ایک جگہ ہماری پیدا کی ہوئی ہے۔ مشرق و مغرب شمال و جنوب کے ہم مالک ہیں۔ ہماری عبادت کے لئے کسی خاص جگہ کی خصوصیت کو دخل

نہیں بلکہ ہمارے فرمانبردار بندوں کو ہمارے حکم کی اطاعت پر رہنا چاہیئے۔ اور انکا یہی فرض ہے کہ ہماری ہدایت کے موافق عمل کریں۔ پس اے مومنین ہم تمھیں عام اجازت دیتے ہیں۔ جہاں چاہو نماز پڑھو اور جس جگہ قبلہ کی طرف متوجہ ہو کر نماز پڑھوگے ہم منظور کرینگے۔ ہماری علیم ذات ہرایک جگہ پر محیط ہے۔

عن ابن عباسؓ نزلت هذه الآية حين تحولت القبلة وقالوا ما ولّٰهم عن قبلتهم التی کانوا علیها۔ وقال اتخذ الله الخ نزلت فی یهود المدینة قالوا عزیر ابن الله وفی نصاریٰ نجران قالوا المسیح ابن الله وفی مشرکین العرب قالوا الملائکة بنات الله۔ (مظہری)

ف۲۔ کذٰلك قال الذین لا یعلمون الخ اکثر مفسرین کا اتفاق ہے کہ موصول سے مراد جہال مشرکین ہیں جو اکثر وقت بطور طنز و تشنیع کہا کرتے تھے۔ قولہ تعالیٰ لن نؤمن لك حتی تفجر لنا من الارض ینبوعا وقالوا لولا تاتینا بآیة کما ارسل الاولون۔ وقالوا لولا انزل علینا الملائکة او نری ربنا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک دن رافع بن خزیمہ یہودی نے سرور کائنات علیہ التحیۃ والتسلیمات کے دربار میں آکر کہا۔ ان کنت رسولاً من عند الله تعالیٰ فقل لله یکلمنا حتی نسمع کلامه۔ پس یہ آیت نازل ہوئی انکے جواب شبہات میں کہا جاتا ہے کذٰلك قال الذین من قبلهم مثل قولهم کہ یہ کوئی نئی بات نہیں ہر زمانہ کے جہلا کا انبیائے وقت سے

یہی سلوک رہا ہے۔ حضرت موسیٰ سے سوال کیا گیا تھا۔ ارنا اللہ جہرۃً ھل یستطیع ربک ان ینزل علینا مائدۃ۔ اجعل لنا الٰھًا وغیرہ وغیرہ گویا ان دونوں گروہوں کے قلب بغض عناد جہالت اور ڈھٹائی میں بالکل ایک دوسرے کے مشابہ ہیں۔ اے پیغمبر ان سے کہدے۔ کہ خدائے وحدہ لاشریک لہ کی معرفت اور تصدیق نبوت تمہارے مسئولہ لغویات پر موقوف نہیں ہزارہا واضح دلائل ہیں جن کا ظہور صبح و شام ہوتا رہتا ہے ہاں مگر ہر ایک کورباطن تنگ چشم ان سے مستفید نہیں ہوسکتا البتہ اہل بصیرت کی چشم بینا انکے حسن حسین و جمال جمیل سے محظوظ ہوسکتی ہے۔ اے پیغمبر ان بیوقوفوں کے اصرار اور بے سود اعتراضات سے آپ کشیدہ خاطر ہوں ان کو اپنے اپنے حال پر چھوڑ دو اور آپ اپنا کام کئے جاؤ جو شخص خدا اور اسکے احکامات کی اطاعت قبول کرتا ہے اسے آپ بشارت دیدیں اور جو منکر ہے اور اپنی ہٹ دھرمی پر قائم ہے اسے عذاب الٰہی سنادیں۔ یہ ایک سلسلہ کائنات ہے جس میں ہر قسم کی مخلوق ہونی چاہیے۔ گذشتہ امتوں کے حالات آپ سن چکے ہیں جس سے یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ نوع انسانکے حالات قدیم سے ایسے ہی ہیں۔

إِنَّآ أَرْسَلْنَٰكَ بِٱلْحَقِّ بَشِيرًا وَنَذِيرًا ۙ وَلَا

ہر آئینہ ما فرستادیم	ترا براستی	مژدہ دہندہ	و بیم کنندہ	و پرسیدہ	
تحقیق بھیجا ہمنے	تجھکو	ساتھ حق کے	خوشخبری	دینے والا	اور ڈرانے والا

تُسْئَلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۹﴾ وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ

نخواہد شد ترا　از　اہل　دوزخ　و ہرگز خوشنود　نشوند

اور نہیں پوچھا جاویگا تو　رہنے والوں　دوزخ کے سے　اور ہرگز نہ راضی　ہونگے

الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ؕ قُلْ

از تو جہوداں　و نہ ترسایاں　تا آنکہ پیروی کنی کیش ایشا ترا　بگو

تجھ سے یہود　اور نہ نصاریٰ　یہانتک کہ پیروی کرے تو دین انکے کی　کہہ

اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ

ہر آئینہ ہدایت　خدا　ہمانست　ہدایت　و اگر　پیروی کردی

تحقیق ہدایت　اللہ کی　وہی ہے　ہدایت　اور اگر　پیروی کرے گا

اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ الَّذِىْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ

آرزوہائے باطلہ ایشا ترا پس از آنچہ آمدہ است　بتو　از　دانش نباشد

تو خواہشوں انکی کے　پیچھے　اس چیز کے　کہ آئی　تیرے پاس　علم سے　نہیں

مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِىٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۲۰﴾

برائے خلاص از عذاب　خدا　ہیچ دوستے　و نہ　یاری دہندہ

واسطے تیرے　اللہ سے　کوئی دوست　اور نہ کوئی مددگار

اِنَّا، (ان - نا) اَرْسَلْنَا

(ہر آئینہ ما فرستادیم ترا - تحقیق ہمنے بھیجا ہے تجکو)

مضم ج م

بالحق

(براستی - بالحق - ساتھ حق کے)

اے مؤیدًا بالحق او معًا الحق

او متلبسًا بالحق ام متحقق -

قرآن - وقال ابن عباسؓ المراد

بالحق القران قال اللہ تعالے
بل کذبوا بالحق لمّا جاءھم۔
یا مراد اسلام۔ اور عموم اولیٰ ہے

بشیرًا ونذیرًا
(مژدہ دہندہ وبیم کنندہ۔ خوشخبری
دینے والا۔ اور ڈرانے والا۔)
اے بشیرًا لاھل الطاعۃ و
نذیرًا لاھل المعصیۃ۔
بشیر، فعیل بمعنی فاعل بشارت وہ
خبر ہے جسکے سننے سے چہرہ پر
خوشی کے آثار نمایاں ہو جائیں۔
وخبر خوش کن۔
نذیر، ڈرانے والا فعیل بمعنی اسم
فاعل نُذُرٌ جمع۔

ولا تسئل
(و پرسیدہ نخواہد شد ترا یا پرسیدہ
نخواہی شد۔ اور نہیں پوچھا جائیگا
تجھ سے)
لا تسئل، مضارع منفی مصدر السوال

عن اصحٰب الجحیم
(از اہل دوزخ۔ دوزخ میں رہنے
والوں سے۔ یا دوزخ کے مستحقوں سے
اے ولا تسئل انّھم لم لم
یومنوا انّما علیک البلاغ
وعلینا الحساب۔
عن، بیانیہ۔ **اصحٰب** جمع صاحب
الجحیم، سخت آگ اور اس کا
شعلہ۔ ونام پنجم طبقہ دوزخ۔

ولن ترضی
(و ہرگز خوشنود نشوند۔ اور ہرگز راضی
نہ ہونگے)
لن ترضی، مضارع منفی مؤکد الرضیٰ
والرضوان۔ خوشنود ہونا۔ ویعدے
بہ علی ان تجعلہ من باب اجراء
الشی مجریٰ نظیرہ ویہ عن ان
تجعلہ من باب اجراء الشی مجری
نقیضہ مصدر ک۔ ف۔ رَضِیَ
یرضٰی۔ رَاضٍ۔ مَرضِیٌّ۔ اِرضَ۔
لَا تَرضَ۔

عنک الیھود ولا النصٰری
(از تو جہوداں و نہ ترسایاں۔ تجھ سے
یہودی اور نہ عیسائی۔)
عن، صلہ فعل۔ **یھود،** جمع ھائد

لَا، زائدہ۔ **النصاریٰ**، جمع نصران یا نصریٰ۔

حتّٰی تتّبع (تا آنکہ پیروی کنی۔ یہاں تک کہ پیروی کرے تو۔)

حتّٰی۔ مظہر غایت امر۔ **تتّبع**، مفع، ا۔ح، منصوب)

ملّتهم (کیش ایشاں را۔ ان کے دین کی)

مِلّت، طریقۂ شرعیہ جو انبیا و رسل کے وساطت سے قائم ہوا ہو۔ قال المظہری الملۃ ماشرع اللّٰہ لعبادہٖ علیٰ لسان انبیائہٖ من اَمْلَلتُ الکتاب بمعنیٰ اَمْلَیْتُہٗ ومنہ طریق ملول اے مسلوک معلوم اصول شرائع کو اس اعتبار سے کہ نبی لکھتا ہے ملت کہتے ہیں کبھی اس کا اطلاق باطل پر بھی ہوتا ہے مثل الکفر ملۃ واحدۃ اور ملۃ اللّٰہ نہیں کہا جاتا۔ کبھی دین کے مترادف معنی میں مستعمل ہوتا ہے کما قال دینا قیما ملۃ ابراھیم۔ ملۃ واحدۃ بمقام ملتان اس لئے ہے کہ گویا وہ دونوں ایک ملت یعنی کفر کے پیرو ہیں یا ملۃ باطلہ کے تابع ہیں۔

قل ان ھدی اللّٰہ ھو الھدیٰ (بگو ہر آئینہ ہدایت خدا ہمانست از راہ نمودنی بحق۔ کہ اللہ کی ہدایت وہی ہے سچی ہدایت۔ یا اللہ کی راہنمائی وہی ہے سچی راہ) بطریق قصر قلبی کے ان ھدی اللّٰہ الذی ھو الاسلام ھو الھدیٰ اے الحق لا ما یدعون الیہ وان دین اللّٰہ تعالیٰ ھو الحق ودینکم ھو الباطل۔

قل، امر، ا۔ح۔ **ان** موکد مضمون جملہ **ھدیٰ**، راہ راست۔ اور چلنا راہ راست پر۔ اضافت مفید عہد ہے مراد اسلام۔

ھو، ضمیر فصل مظہر تاکید۔ **الھدیٰ** الحق۔ یعنی اسلام ہی کا طریقہ حق ہے اور یہی سیدھی راہ ہے۔ نہ وہ راہ جس کی طرف تم بلاتے ہو)

وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ (واگر پیروی کردی - اور اگر تابع ہوا تو یا اگر متابعت کی تونے)

ل، جواب قسم مقدر - اتبعت، ماضی - الاتّباعُ - قدم بقدم چلنا - متابعت کرنا مصدر افتعال - اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ مُتَّبِعٌ - اِتَّبِعْ - لَا تَتَّبِعْ -

أَهْوَاءَهُمْ (آرزوہائے باطلہ ایشاں را - انکی واہی خواہشوں کی)

والظاہران اتبعتہا اے اتبعت ملتہم وضع ظاہر بمقام مضمر اس کے غیر لفظ سے اس امر کے اظہار کے لئے ہے کہ ان کا موجودہ طرز تعبد ملۃ شرعیہ نہیں ہے - بلکہ ان کا بنایا ہوا اور ان کی خواہشوں کا بھرا ہوا دفتر ہے اور صیغہ جمع ان کی کثرت اختلاف کو ظاہر کرتا ہے -

اھواءٓ، جمع ہوی نفسانی خیالات

اور وہ نیادی خواہشیں ومرجع ضمیر (یہود ونصاری)

مِنْ بَعْدِ الَّذِي جَاءَكَ (پس از انکہ آمد بتو - پیچھے اس چیز کے جو تیرے پاس آئی ہے -)

جاءَ، ماضی - خوطب النبی علیہ السلام -

مِنَ الْعِلْمِ (از علم حکمت - کتاب سے)

ای من العلوم الصحیحۃ والدین القویم -

من، تبعضیہ - العلم - الکتاب اوالوحی والدین -

مَا لَكَ مِنَ اللَّهِ مِنْ وَلِيٍّ (نیست ترا خلاصی دہندہ - از عذاب خدا ہیچ دوستے نہیں ہے تیرے لئے خدا کے ہاتھ سے بچانے والا کوئی دوست)

ما، نافیہ - ل قسمیہ - من، ابتدائیہ من، ثانی مشیع نکرہ وتاکید -

۱۵ علم سے مراد معلوم ہے یعنی وحی یا دین کیونکہ وہ مجیئت سے متصف ہو سکتے ہیں - اور یا مجی سے مراد حصول ہے اور علم بمعنی ظاہر -

ولی، حمایتی و دوست خالص۔
اصل ولیئ۔
(و نہ مددگار ہے۔ اور نہ کوئی مددگار)
إنّ، مشبہ بفعل نا۔ اسم
ارسلنا، فعل با فاعل
ك، مفعول ذو الحال
بالحق، جار مجرور ظرف لغو
یا بالحق بمعنی ومعک الحق ویا
بالحق، متعلق مؤیدا یا متلبسا حال
بشیرا، معطوف علیہ
و نذیرا، معطوف
ویا بشیرا ونذیرا، حالان من الحق (روح)
و۔ لا تسئل، فعل با فاعل
عن، ... حرف جار
اصحب الجحیم، مجرور
و معطوف بر مقدر اے بلغ۔
اے غیر مسئول عن اصحب الجحیم
ما لهم لم یؤمنوا بعد ان بلغت
ما ارسلت بہ۔

و۔ لن ترضی، فعل عنك ظرف
الیهود ولا النصاری، ... فاعل
حتی، ... جار
تتبع، فعل با فاعل
ملتهم، ... مفعول
قل، ... فعل با فاعل
إنّ، ... مشبہ بفعل
هدی الله، ... اسم
هو الهدی، جملہ اسمیہ خبر
و۔ ل قسمیہ۔ ان، حرف شرط
اتبعت، ... فعل با فاعل
اهواءهم، ... مفعول
بعد، ... مضاف
الذی، موصول
جاء، فعل مع الفاعل
ك ضمیر، مفعول
من العلم، حال ضمیر فاعل
ما، ... نافیہ
لك، ... ظرف مستقر

مِنَ اللّٰہِ، متعلق کائناً حال ـ مِن، زائد ـ ولیّ، ذوالحال } مبتدا } جملہ جواب قسم ودال برجزا ـ اسے فمالک ـ

اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰھُمُ الْکِتٰبَ یَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ

آنانکہ دادیم ایشانرا کتاب یعنی توراۃ آنانکہ میخوانند آنرا حق خواندن آن

جو لوگ کہ دی ہمنے انکو کتاب پڑھتے ہیں اسکو حق پڑھنے اسکے کا

اُولٰٓئِكَ یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ یَّكْفُرْ بِهٖ

ایشاں باور میدارند ہدایت خدارا وہرکہ منکر وے باشد

یہ لوگ ایمان لاتے ہیں ساتھ اسکے اور جو کوئی کفر کرے ساتھ اسکے

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ؑ ﴿۱۲۱﴾

پس ایشانند زیانکاران

پس یہ لوگ وہ ہیں زیاں پانے والے

منزل ۱ ع ۱۴ ۹

حل لغات (آنانکہ دادیم ایشانرا کتاب ـ جو لوگ کہ دی ہمنے ان کو کتاب)

ترکیب اَلَّذِیْنَ، موصول جنسی والمراد عامۃ المؤمنین ویا عہد خارجی ومراد اہل سفینہ [۵]

[۵] ـ اہل سفینہ یہ وہ لوگ ہیں جو حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی ساتھ کشتیوں میں بیٹھ کر حبشہ سے مدینہ منورہ آئے تھے ـ ان میں سے بتیس آدمی حبشہ کے تھے جو پہلے نصاریٰ تھے اور آٹھ ملک شام کے رہبان تھے ـ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے بھائی ہیں ابتدائے اسلام میں آپ نے حبشہ کی طرف ہجرت کی ہے پھر وہاں سے جب آپنے واپسی کا ارادہ کیا تو آپکے ساتھ بہت سے لوگ تیار ہوگئے اس لئے نجاشی حاکم حبشہ نے آپکو دو کشتیاں دیں جس میں یہ سارے سوار ہوکر مدینہ منورہ آپہنچے ـ ان دنوں حضرت سرور کائنات خیبر میں تشریف

او الذین امنوا من الیھود۔ قال ابن عباس نزلت فی اھل السفینۃ الذین قدموا مع جعفر ابن ابی طالب وکانوا اربعین رجلاً اثنان وثلثون من اھل الحبشۃ وثمانیۃ من رھبان الشام منھم بحیرا۔ وقال الضحاک ھم الذین امنوا من الیھود۔ منھم عبداللہ بن سلام وسعید بن عمرو وتمام بن یھود وابنا کعب بن یامین و عبداللہ بن صوریا۔

اٰتینا ج م مفعـ الکتٰب اسے التوراۃ والانجیل ویا مراد علم و عقل ودانش۔

(سیخوانند اورا۔ پڑھتے ہیں کتابکو)

یتلون، ج ع مفعـ التلاوۃ پڑھنا سمجھنا۔

(چنانکہ حق تلاوت است۔ جیسے اسکے)

اسے یتلون الکتٰب بمراعاۃ اللفظ عن التحریف والتدبر فی معناہ او الضمیر راجع الی حضرت النبی علیہ السلام والمعنی ای یصفونہ فی کتبھم حق صفتہ لمن سالھم من الناس۔

یعنی اسے کامل غور کے ساتھ برعایت خط لفظ پڑھتے ہیں اور سمجھتے ہیں اور اسپر عمل کرتے ہیں۔ اور یا یہ معنی ہیں

بقیہ حاشیہ صفحہ ۵۷۱ — فرماتے یہ لوگ وہیں جاکر مشرف بملاقات ہوئے۔ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ سنہ ہجری میں غزوہ موتہ میں شہید ہوئے ہیں آپ لشکر کے سردار اور علم بردار تھے اور آپ کی عمر تینتیس ۳۳ برس کی تھی آپ کی پشت پر کوئی زخم نہ تھا اور سامنے لڑنے سے زیادہ زخم تھے اور آپ کے دونوں بازو بھی کٹ گئے تھے۔ بعد شہادت سرور کائنات نے فرمایا کہ جعفر ملائکہ کے ساتھ پرواز کر رہے ہیں اور اللہ نے انکو دونوں ہاتھوں کے عوض دو بازو عنایت فرمائے ہیں۔ اسی وجہ سے آپکو ذوالجناحین اور

(۱) [illegible]

اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ

کہ وہ اپنی کتابوں میں آنجناب سرور کائنات کی تعریف کو پورا پورا ظاہر کرتے ہیں اور پوچھنے والے پر کوئی چیز چھپا نہیں رکھتے

(ایشاں ایمان میدارند بآں۔ یہ لوگ ایمان رکھتے ہیں اسپر)

یومنون، مضارع ج به اے بالکتب المنزل۔

وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ

(و آنانکہ منکر وے است یا ہر کہ بگرویدبآں اور جو منکر ہوا اس کا یا کفر کرے اسکے ساتھ)

یکفر، مضارع به۔ اے بالکتب او بمحمد صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم۔ بسبب التحریف او یکفر بما یصدقه۔

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ

(پس ایشانند زیاکاراں۔ پس یہ لوگ سارے ہیں زیاں پانے والے)

ف، جزائیہ۔۔ اولٓئك، ای من کفر به

الخاسرون، جمع خاسر اسم فاعل۔

الَّذِیْنَ ۔۔۔۔ موصول

اٰتَیْنٰا ۔۔۔ فعل با فاعل

ھم ۔۔۔ مفعول (۱)

الکتٰب، ذوالحال

یتلونه، جملہ فعلیہ حال

اولٓئك، اے الذین مبتدا

یومِنُوْنَ، فعل مع الفاعل

به، جار مجرور ظرف لغو

[۲] بعد ذکر احوال کفر اور ترک عطف تنبیہًا اور اظہار کمال تباین بین الفریقین ہے۔

یا الَّذِیْنَ الخ مبتدا۔ ویتلونه الخ خبر جملہ اسمیہ

[۲] ۔ اور جائز ہے کہ یتلونہ الخ جملہ حال نہ ہو بلکہ وہ خبر ہے اور اولٓئك الخ خبر بعد خبر۔ اس تقدیر پر موصول جنسی ہے۔ اور یا اولٓئك الخ جملہ مستانفہ ہے اور موصول عہدی اور یومنون سے مراد مومنین اہل کتاب ہیں۔ اور تقدیم مسند الیہ مسند فعل پر اظہار حصر کے لئے ہے اور مرجع ضمیر کتاب ہے۔ اے اولٓئك یومنون بکتابھم دون المحرفین اور کہا ہے کہ موصول سے مراد صحابہ۔۔۔

واولٰئک الخ جملہ مستانفہ یا خبر بعد خبر الذین۔

یتلون، ... فعل مع الفاعل
ہ، ضمیر (کتاب)، مفعول
حق، مضاف | صفت
تلاوتہ، مضاف الیہ | مفعول مطلق

۱۴ اے اتینٰھم الکتٰب مقدرا تلاوتھم کیونکہ وہ لوگ وہ ایتا ئے کتاب وصف تلاوت سے متصف نہ تھے اور یہ حال مخصصہ ہے کہ ہر ایک شخص جسکو کتاب دیگئی ہے وہ اس صفت سے موصوف نہیں ہوسکتا۔

ویا حقّ صفت مصدر المحذوف اے یتلونہ تلاوتًا حقا ویا تلاوتًا حق تلاوتہ یعنی منصوب بمصدریۃ بوجہ مضاف ہونے طرف مصدر کے اور یا حال ہے اسے محققین۔

و۔من، ... شرطیہ
یکفر، .. فعل مع الفاعل
بہ، ... جار مجرور ظرف لغو
اولٰئک، .... مبتدا
ھم، .... ضمیر فصل
الخٰسرون، .. خبر

یٰبنی اسرآءیل اذکروا نعمتی التی انعمت

اے	بنی اسرائیل	یاد کنید	آں نعمت مرا	کہ انعام کردہ ام
اے	بیٹو یعقوب کے	یاد کرو	نعمت میری	جو انعام کی ہیں نے

علیکم وانی فضلتکم علی العٰلمین ﴿۱۱۷﴾ واتقوا

برشما	و	آنکہ	فضل دادم	شمارا	برہمہ عالمہا	وحذر کنید
اوپر تمہارے		اور یہ کہ	بزرگی دی ہیں نے	تمکو	اوپر عالموں کے	اور ڈرو

يَوْمًا لَّا تَجْزِي نَفْسٌ عَن نَّفْسٍ شَيْئًا وَلَا يُقْبَلُ

ازاں روز که کفایت نکند کسے از کسے چیزے را و نه پذیرفته شود

اسدن سے کہ نہ کفایت کرے گا کوئی جی کسی جی سے کچھ اور نہ قبول کیا جاویگا

مِنْهَا عَدْلٌ وَلَا تَنفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ (۱۱۸)

از کسے بدل و سود ندہد اورا شفاعت و نہ ایشاں یاری دادہ شوند

اس سے بدلا . اور نہ فائدہ دیگی اسکو شفاعت اور نہ وہ مدد دیے جاویں گے

يٰبني اسرآءيل اذكروا نعمتي التي انعمت عليكم واني فضلتكم على العٰلمين واتقوا يومًا

(اے فرزندان یعقوب یاد کنید آن نعمت مرا که انعام کرده ام بر شما و آنکه فضل نهادم شمارا بر همه عالمیاں

اے یعقوب کے بیٹو یاد کرو میرا احسان جو میں نے تم پر کیا ہے اور یہ کہ عزت اور بڑائی دی ہیں نے تمکو سارے جہاں پر)

یہ عبارت مکرر لائی گئی ہے اتمام حجت اور مبالغۂ نصیحت کے لئے اور اس امر کو جتانے کے لئے کہ تمہاری یہ حالت اور قصہ ہے۔

(و بترسید از روزیکه کفایت نکند هیچ کسے از شخصے چیزے را و نه پذیرفته

لا تجزي نفس عن نفس شيئا ولا يقبل منها عدل ولا تنفعها شفاعة ولا هم ينصرون

شود از هیچ کسے عوضے و سود نکند نفسے را شفاعتے و نه ایشاں یاری داده شوند۔

اور ڈرو اسدن سے کہ نہ کام آوے کوئی شخص کسی شخص سے ایک ذرہ اور نہ لیا جاوے اسکی طرف سے بدلا اور نہ فائدہ دے اسکو سفارش اور نہ انکو مدد پہونچے۔)

اس تمام عبارت کی لفظی تشریح اوپر گزر چکی ہے۔

۱ یا، حرف ندا. بنی اسرائیل منادی

ك یا، ندائے بعید کا حرف ہے وہ ندا حقیقۃً ہو یا حکماً

اذکروا ، ..... فعل مع الفاعل
نعمتی ، ..... موصوف
التی انعمت علیکم ، صفت } مفعول
و-انی ، ..... مشبہ بفعل مع اسم
فضلتکم علی العلمین ، .. خبر
و-اتقوا ، ..... فعل با فاعل
یوما ، ..... موصوف
لا تجزی ، ... فعل
نفس ، ... فاعل
عن نفس ، ظرف لغو
شیئا ، مفعول بہ

ویا-شیئا ، ... ذوالحال
عن نفس متعلق کا ئنا حال } مفعول بہ
لے لا تجزی فیہ نفس شیئا کا ئنا
عن نفس دیا شیئا من الجزاء لے
منصوب علی المصدریۃ -
ولا یقبل منہا عدل - جملہ فعلیہ
ولا تنفع ، ..... فعل
ھا ، ...... مفعول بہ
شفاعۃ ، ..... فاعل } معطوف
و-لا ، مشبہ بلیس ھم ، .. اسم
ینصرون ، جملہ فعلیہ ، .. خبر

تتمہ حاشیہ صفحہ ۵۷۵ — اور حروف ندا میں سے کثرت سے اسی حرف کا استعمال ہوتا ہے لہذا حذف کرنے کے وقت اسکے سوائے کوئی اور حرف مقدر نہیں کیا جاتا مثلاً " رب اغفرلی - اور یوسف اعرض عن ھذا " زمخشری کہتا ہے کہ یہ حرف تاکید کا فائدہ دیتا ہے یعنی اسبات کو واضح کرتا ہے کہ جو خطاب اس کے بعد آیا ہے وہ نہایت قابل لحاظ ہے اور اس کا ورود تنبیہ کے واسطے بھی ہوا کرتا ہے اس حالت میں یہ فعل اور حرف پر داخل ہوتا ہے مثلاً الا یسجدوا یالیت قومی یعلمون " (خلاصہ مطولات)

لہ معطوف علی قبل - اس کا عطف نعمتی پر ہے من قبیل عطف الخاص علی العام - اور جملہ لا تجزی ولا یقبل ولا ھم ینصرون ان تینوں جملوں میں عائد محذوف ہے اور یہ تینوں جملے یوم کی صفت واقع ہیں -

ف - یہود یعنی اولاد یعقوب علیہ السلام کو یا بنی اسرائیل کہکر مخاطب بنایا گیا ہے اور یا بنی یعقوب کے ساتھ انکو خطاب نہیں کیا گیا اس میں یہ مصلحت ہے کہ وہ لوگ خدائیتعالیٰ کی عبادت کرنے کے ساتھ مخاطب بنائے گئے اور ان کو پند و نصیحت کرنے غفلت سے چونکانے کے لیئے انہیں انکے اسلاف کا دین یاد دلایا گیا۔ لہذا وہ ایسے اسم سے موسوم کئے گئے جس میں خدائے تعالیٰ کی یاد دہانی موجود ہے۔ کیونکہ اسرائیل ایسا اسم ہے جو کہ تاویل میں اللہ تعالیٰ کی طرف مضاف ہے اور جبکہ پروردگار عالم نے ابراہیم علیہ السلام سے انکے عطا فرمانے اور انہیں انکی بشارت دینے کا ذکر فرمایا ہے وہاں انکا نام یعقوب ہی لیا ہے اور اس موقعہ پر یعقوبؑ کا کہنا بہ نسبت اسرائیل کے ظاہر اولیٰ معلوم ہوتا ہے کیونکہ وہ ایک ایسی موہبت تھے جو دوسرے بعد میں آنے والے کے بعد تھے اسلئے ایسے اسم کا ذکر زیادہ مناسب ہوا جو تعقیب (بعد میں آنے والے) پر دلالت کرے۔ (اتقان)

وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ

ویاد کن چوں بیازمود ابراہیم را پروردگار او بسخنے چند پس ابراہیم بانجام رسانید آنہارا

اور جبوقت آزمایا ابراہیم کو رب اسکے نے ساتھ کئی باتوں کے پس پورا کیا اسکو

قَالَ اِنِّىْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ

گفت خدا ہر آئینہ من میگردانم ترا پیشوائے مرداں گفت ابراہیم و از

کہا تحقیق میں کرنے والا ہوں تجھکو واسطے لوگوں کے امام کہا اور اولاد میری

ذُرِّيَّتِي ۖ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِي الظَّالِمِينَ ﴿١١٩﴾

اولاد من نیز پیشوایاں پیدا کن فرمود نرسد وحی من بظالمان

سے کہا نہیں پونچیگا عہد میرا ظالموں کو

وَإِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَأَمْنًا ط

و آنگاہ کہ ساختیم کعبہ را مرجع مردمان و محل امن

اور جب کیا ہمنے کعبہ کو جائے ثواب واسطے لوگوں کے اور امن والا

وَاتَّخِذُوا مِن مَّقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى ط

و بگیرید نماز گاہ از جائے قدم ابراھیم

اور پکڑو تم مقام ابراھیم کو جائے نماز

وَإِذِ ابْتَلَىٰ

(و یاد کنید کہ بیازمود - اور جسوقت کہ آزمایا یا جس وقت کہ مبتلا کیا)

اِبْتَلٰی، ماضی ع الابتلاء آزمانا مشکل اور سخت کام پر معیّن کرنا - اصل میں اسکے معنی امتحان کے ہیں - لیکن یہاں پر مجازاً بمعنی تکلیف مستعمل ہوا ہے مصدر افتعال اِبْتَلٰی - يَبْتَلِي - مُبْتَلٍ - اِبْتَلِ - لَا تَبْتَلِ -

إِبْرَاهِيمَ رَبُّهُ

(ابراھیم را پروردگار او - ابراھیم کو اس کے پروردگار نے)

اِبْرَاهِيْمَ، اسم عجمی غیر منصرف اور کہا ہے کہ قبل از نقل معنی اس کا اب رحیم ہے اور مفعول مقدم ہے کیونکہ اس کا فاعل اسکی ضمیر کیطرف مضاف ہے

بِكَلِمَاتٍ

(بسخنے چند - کئی باتوں میں) اسے بالاوامر والنواہی - کلماتٌ[۵]، جمع

ف۵ - کلمات جمع کلمہ حسن بصری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کلمات سے وہ سات چیزیں مراد ہیں جن میں ان کا امتحان لیا گیا اور وہ قائم رہے - اول ستاروں میں - دوسرے چاند میں - تیسرے سورج

کلمہ - اصل میں لفظ مفرد کو کہتے ہیں
اور جملہ مفیدۃ المعنی میں استعمال ہوتا
ہے اور اُنکے معانی پر بھی اس کا
اطلاق ہوتا ہے بوجہ شدۃ اتصال معانی
والفاظ کے - مُراد حکم و امر -
والباء - بمعنی الاستعانۃ -

فاتمهن (پس باتمام رسانید - پس پورا کیا انکو -
یا اس نے پوری کین)

ف - اَتَمَّ ، ماضی الاتمام پورا کرنا
تمام کرنا مصدر افعال اَتَمَّ - یُتِمُّ
مُتِمٌّ - اَتِمْ - لَا تُتِمْ -
هُنَّ ، راجع بکلمات

قال انی جاعلک (بگفت خدا ہر آئینہ من میگرد انم ترا -
فرمایا خدا نے البتہ میں بنانا ہوں تجھے)
اِنِّی - ان ، حرف مشبہ بفعل مضاف
بیائے متکلم -
جاعل ، اسم فاعل مصدر الجعل -
کَ ، ضمیر راجع بابراہیم -

للناس اماما (برائے مردمان پیشوائے - تمام
لوگوں کے لئے پیشوا)
الناس - مراد جملہ مردم یا مردمان حق پسند
اِمَامًا ، - امام مقتدائے خلق - احکام
حقہ کی تعلیم دینے والا - امام در اصل
غیر نبی پیشوائے جماعت کو کہتے
ہیں لیکن یہاں پر بمعنی نبوت ہے یا
اس سے عام معنی میں استعمال ہوا ہے
المعنی ما یؤتم بہ ویجب اطاعتہ
ومنہ قیل لخیط البناء امام اور یہ مفرد
اسم ہے وزن فعال پر اور یا اسم آلہ ہے
کیونکہ اوزان آلہ میں سے ایک وزن

میں جنکو دیکھ کر انہوں نے کہا کہ سب فنا ہونے والے ہیں اور رب ہمیشہ قائم رہتا ہے - چوتھے
جب انکو قوم نے آگ میں ڈالا تو مستقل رہے (۵) اللہ نے انکو ہجرت کا حکم دیا تو اس کی تعمیل
میں بے دریغ مستعد رہے (۶) ذبح فرزند میں راضی رہے (۷) ختنہ کا حکم ہوا - تو اسکو
بھی انہوں نے ادا کیا - ۱۲ -

فعال بھی ہی مثل ازار بعض نے کہا کہ یہ اسم آلہ نہیں کیونکہ
امام ماپؤتم بہ اور ازار مایو تزر بہ
کو کہتے ہیں اور یہ دونوں مفعول ہیں
اور مفعول فعل آلہ نہیں ہوسکتا۔
کیونکہ آلہ فاعل و مفعول کے درمیان
واسطہ ہوتا ہے اثر فاعل فعل کو اسکے
معمول کی طرف پونچانے کے لئے
لہذا امام اسم آلہ نہیں ہے۔ اور یا امام
جمع اسم اسم فاعل ہے ام یؤم سے
مثل جائع وجیاع وقائم وقیام اور یہ اسم
عام ہے نبی وخلیفہ وامام صلوٰۃ بلکہ
ہر ایک مقتدائے قوم کے لئے۔

ومن ذریتی

(گفت ابراہیم از اولاد من نیز۔ کہا اور
میری اولاد سے بھی)

قَالَ، ماضی، مِنْ، تبعیضیہ

ذُرِّیَّت، بروزن فُعْلِیَّۃٌ اصل
فُعُولَۃٌ ذُرُّوَۃٌ (ذروۃ) یا ذریرۃ
ذ مشدد وبمعنی تفریق ہے۔ تیسری
را حرف یا سے بدل ہوئی ہے ثقل

تکرار سے بچنے کے لئے جیسے
تظننت کو تظنیت اور تقضضت
کو تقضیت پڑھتے ہیں۔ و یا فُعِّیلَۃٌ
ذرئیۃ ہے ذرء بمعنی خلق سے یہ
ہمزہ یا سے بدل ہے۔ اور یا اصل
اس کی ذرووۃ یا ذرویۃ ہے اول
میں دو واو زائد و اصلیہ جمع ہیں۔ پھر
اصل واو یا سے منقلب ہوئی ہے۔
پھر دوسری واو کو بھی یا بنا کر ایک کو دوسرے
میں ادغام کئے ہیں۔ فصارت ذریت
اور کہا ہے کہ اصل ذریوۃ واؤ کو یا بنا کر
ایک کو دوسرے میں ادغام کئے ہیں
ذریت، نسل و اولاد۔ اصل میں اولاد
صغار کو کہتے ہیں۔ لیکن استعمال میں عام ہے
کبار و صغار و احد وغیرہ کے لئے مضاف

لا ینال

بیائے متکلم (فرمود نرسد۔ خداوند نے
فرمایا نہیں پونچیگا۔ یا نہیں پونچ سکتا۔

لَا یَنَالُ، مضارع منفی النیل پانا۔ پونچنا
مصدر ک۔ ف اجوف یائی۔

نَالَ ۔ يَنَالُ ۔ نَائِل ۔ مَنُوْل ۔ نَلْ
لَا تَنَلْ ۔

عہدی

(عہد من ۔ یا وحی من ۔ میرا اقرار یا وحی یا عطیہ امانت)

عہد ۔ سر متبادر عہد امامت ہے مراد نبوت ہے عہد کے ساتھ تعبیر کرنے میں اشارہ ہے کہ وہ اللہ کی امانت ہے اور اس کا عہد ہے ہر ایک شخص اس کا مستحق نہیں مگر جسکو وہ اپنے بندوں میں سے خاص کرے اور جعل کے بعد لفظ نیل لانے سے اشارہ ہے اس امر کی طرف کہ ایک نسل کے انبیاؤں کی امامت جعل مستقل سے نہیں بلکہ وہ حاصل ہے ایک امامت کے ضمن میں جسے اس کا ہر ایک مستحق اپنے مقدر وقت میں اسکو حاصل کرتا رہے گا۔

الظّٰلمین

(ستمگاراں ۔ بے انصافوں کو)

الظّٰلِمِیْنَ ، جمع ظالم ۔ امامت سے اگر مراد نبوت ہے تو ظالمین سے فاسق مراد ہیں ۔ کیونکہ نبوت میں عدم معصیت شرط ہے ۔ اور اگر وہ بمعنی اعم ہے تو ظالمین سے کافر مراد ہیں ۔ کیونکہ کافر کو امیر اور مطاع اختیار کرنا جائز نہیں حیث قال وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ آثِمًا اَوْ كَفُوْرًا و لن يجعل اللّٰهُ للكافرين على المؤمنين سبيلاً ۔

جعلنا

(وآنوقت کہ ساختیم ۔ اور جب ٹھہرایا ہمنے)

جعلنا ، ماضی (ج ع ل) الجعل ٹھہرانا ۔ بنانا مصدر ف ۔ جَعَلَ ۔ يَجْعَلُ ۔ جَاعِلٌ ۔ مَجْعُوْلٌ ۔ اِجْعَلْ ۔ لَا تَجْعَلْ

البیت

(خانہ کعبہ را ۔ کعبے کو ۔)

البیت ۔ خانہ کعبہ لغت میں بیت ہر اس گھر کو کہتے ہیں جس میں رات کو آرام کیا جائے لیکن استعمالاً بیت اللہ کے ساتھ خاص ہے ۔ جیسے نجم سے ثریا مراد ہوتا ہے

مثابۃ للناس

(جائے ثواب برائے مردم یا مرجع مردمان)

لوگوں کے لئے ثواب کی جگہ۔ یا لوگوں
کے جمع ہونیکی جگہ)

مثابۃ، مرجع یا موضع ثواب اے
مرجعًا یثوبون الیہ ویرجعون الیہ
اے یحق ان یرجع الیہ۔ او موضع ثواب
لھم بحج وعمرۃ وصلوۃ فیھا۔ اصل میں
مصدر ہے بروزن مفعلۃ بمعنی ظرف مکان
اخفش کے نزدیک تا زائد مبالغہ کے
لئے ہے مثل نسابۃ وعلامۃ
اور دوسروں نے تائے تانیث لفظی
قرار دی ہے مثل مقام ومقامۃ۔

للناس۔ ل، بمعنی اجل الناس
مراد زائرین۔

وامنا (ومقام امن۔ اور پناہ کی جگہ)
اے مأمنا من ایذاء المشرکین
فانھم کانوا لا یتعرضون لاھل
مکۃ ومعناہ **امنا للناس** اور یا عدم
ذکر ناس تعمیم کے لئے ہے۔
اے انہ امن لکل شئ کائنا ما کان
حتی الطیر والوحش۔

امن۔ مصدر بمعنی موضع امن وجائے
آرام۔

واتخذوا (رکھیو۔ اور بناؤ۔ اختیار کرو)

اتخذوا، ہے امر ج ح مصدر الاتخاذ

من مقام ابراہیم مصلی (از جائے قدم حضرت ابراہیم جائے نماز
خواندن۔ ابراہیم کے کھڑے رہنے کی جگہ
یا مقام ابراہیم کو نماز پڑھنے یا دعا مانگنے
کی جگہ)

من، بمعنی تبعیضیہ یا بمعنی فی۔ یا زائد
بیان موہوب متخذ اور اس کی تمیز کے
لئے ہے۔ مثل اتخذت من فلان
صدیقا واعطانی اللہ من فلان
اخا صالحا۔

مقام، مصدر میمی من قام القوم یا مفعل
اسم موضع قیام یا جائے قدم ابراہیم
علیہ السلام مراد وہ جگہ جہاں کھڑے
ہو کر آپ لوگوں کو مناسک حج وغیرہ
احکام دین کی تلقین کرتے تھے۔ اور

یا وہ پتھر جس پر آپ کھڑے رہکر بیت اللہ کی دیوار اُٹھاتے تھے اور وہ پتھر جس میں آپکے قدم مبارک کے نشان ہیں اور وہ جگہ جہاں آپ عبادت کرتے تھے۔

مُصَلّٰی، نماز پڑھنے کی جگہ۔ اور دعا مانگنے کا مقام اسم ظرف اس کے آخر کا الف واؤ سے بدلا ہوا ہے۔ یا مصدر بحذف مضاف اسے مکان

مصلے اسے مکان صلوٰۃ۔ التَّصْلِیَۃُ وَالصلوٰۃ نماز ادا کرنا۔ درود اور دعا کا پڑھنا مصدر تفعیل ناقص واوی۔

ترکیب

وَ۔اِذْ۔ اِبْتَلٰی ، .... فعل
اِبْرٰھِیْمَ ، ..... مفعول
رَبُّہٗ ، مضاف ومضاف الیہ فاعل
بِکَلِمٰتٍ ، جار مجرور ظرف لغو
} جملہ فعلیہ ہو کر اذ کا مضاف الیہ

فَ۔اَتَمَّ ... فعل مع الفاعل
ھُنَّ ، ...... مفعول
} جملہ معطوف

۱؎ ظرف فعل مقدر تقدیرہ اذکروا اذ کووا وقت کذا اس تقدیر پر جملہ اپنے ماقبل جملہ پر معطوف ہے از قبیل عطف قصہ علی القصہ اور جامع طرفین اتحاد مقصد ہے۔ مثل اتباع حق و ترک تعصب وغیرہ اور کہا ہے کہ عطف اسکا نعمتی پر ہے۔ کہ اے بنی اسرائیل عہد ابتدائے ابراہیم علیہ السلام کو یاد کرو اس میں وہ عبرتناک واقعات ہیں۔ جس کے مطالعہ سے تمہیں بہت کچھ نفع ہوگا اور تمہارے فاسد اعتقادات کی اصلاح اس سے ممکن ہے۔ تمہارا یہ اعتقاد ہے کہ ہمارے اسلاف ہماری شفاعت کر کے حشر میں عذاب الٰہی سے چھڑالیں گے حالانکہ ابراہیم علیہ السلام نے جب اپنی آل کے لئے دعا کی تھی اس وقت ان سے یہ کہا گیا تھا۔ کہ مدار نجات دعا نہیں بلکہ اعمال صالحہ ہیں پس تیری امت کے ظالم وگناہگار اور اتباع حق سے اعراض کرنے والے ہماری رحمت اور انعام کے مستحق نہیں ہو سکتے وقال فی جوابہ لا ینال عہدی الظالمین۔

قَالَ، ... فعل مع الفاعل

اِنِّیْ، مشبہ بفعل مع الاسم

جَاعِلُكَ، الخ، خبر

جَاعِلٌ - بمعنی مصیر اسم فاعل کہ مفعول

اِمَامًا، ... ذو الحال مفعول دوم

لِلنَّاسِ، حال ص ہیں نعت ہی بوجہ تقدم منصوب بحالیت ہے، ای اماما کائنا لہم

[illegible]

ویا انی جاعلک الخ متعلق باذکر واہے اور جملہ استینافیہ ہے۔ کانہ قیل فماذا قال ربہ حین اتمھن فاجیب بذلک اور یا یہ جملہ بیان ہے ابتلی کا اور کلمات سے مراد ہے امامت - تطہیر بیت - رفع قواعد واسلام اور جاعل بمعنی جعل ہے جو دو مفعولوں کو چاہتا ہے۔

قَالَ، ... فعل مع الفاعل

اَجَعَلَنِیْ، جملہ فعلیہ محذوف معطوف علیہ

وَمِنْ - اے بعض ذریتی معطوف

[illegible]

ویا من ذریتی معطوف علی کاف جاعلک۔[۵]

اُجْعَلْ، ... فعل بافاعل

[۵] علی کاف جاعلک - تقدیر کلام یہ ہے، انی جاعلک وجاعل بعض ذریتی ظاہراً یہ مخالف کتاب ہے کیونکہ ومن ذریتی حضرت ابراہیم علیہ السلام کا مقولہ ہے نہ خداوند عالم کا۔ صاحب کشاف کہتے ہیں کہ اس جگہ حکایت عطف ہے نہ ایقاع عطف اور حکایت ومن ذریتی میں واؤ سے عطف واقع ہوا ہے۔ لیکن درحقیقت یہ بروجہ تلقین ہے جیسے کہا کرتے ہیں ساکرمك اور مخاطب کہے وزیدًا بروجہ تلقین گویا مخاطب متکلم کو تلقین کرتا ہے کہ یہ کہ ساکرمك وزیدًا اس صورت میں عامل زیدًا وہی فعل مذکور ہے (اکرمك) جو کلام قائل میں ہے۔ لیکن وہ ساتھ تغیر کیفیت کلام کے ہے۔ کیونکہ کلام قائل بروجہ اختیار تھا اور کلام مخاطب بروجہ طلب - اور معطوف علیہ ومعطوف میں استحقاق عمل عامل میں تعلق اصل عامل شرط ہے نہ بقائے کیفیت جیسے کلام قامت ھند وزید میں اور قام زید لا عمرو میں کہ اول میں کیفیت تانیث عامل اور دوسرے میں کیفیت اثبات عامل قائم نہیں رہتی اور جیسے آیت میں ہے یا آدم اسکن انت وزوجك اے اسکن انت ولتسکن زوجك فتقدیر کلام ومن ذریتی

لِی، ... معطوف علیہ
مِنْ ذُرِّیَّتِی، ... متعلق
فَرِیقًا، معطوف
اِمَامًا، محذوف ... مفعول ۲

اے رب اجعلنی اماماً و بعضاً من ذریتی ائمۃ یا اجعل فریقاً من ذریتی اماماً۔

قَالَ، ... فعل مع الفاعل
لَا یَنَالُ عَهْدِی الظّٰلِمِینَ ... مقولہ

لَا یَنَالُ، ... فعل
عَهْدِی، ... فاعل
الظّٰلِمِینَ، ... مفعول

ف۔ واذ ابتلی الخ ان آیات میں یہود اور کفار عرب کے بعض فاسد خیالات کا رد ہے۔ یہود اس بات پر فخر کرتے تھے۔ کہ ہم برگزیدہ خدا حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد ہیں اور انکی برگزیدہ سنت اور مذہب پر قائم ہیں

وجاعل بعض ذریتی و یا رب اجعلنی اماماً واجعل فریقاً من ذریتی ائمۃ از قبیل عطف تلقین اور یہ خبر ہے معنی طلب میں۔ گویا قائل نے اپنے آپکو نائب متکلم قرار دیکر اس مقولہ کو تتمہ کلام متکلم سے گردانا ہے اور یہ ظاہر کیا ہے کہ معطوف مثل معطوف علیہ کے مستحق ہے اور نظیر اس آیت کی ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ کہا آنجناب نے اللھم ارحم المحلقین قالوا والمقصرین یا رسول اللہ قال اللھم ارحم المحلقین قالوا والمقصرین یا رسول قال والمقصرین۔
اس تقدیر پر ذریت کی عام امامت کا ثبوت لازم آتا ہے جمیع ناس کے لئے مثل عموم امامت حضرت ابراہیم علیہ السلام لیکن کہہ سکتے ہیں کہ عطف صرف اصل معنی کے اشتراک کو چاہتا ہے اور وہ ضمن میں بعض کے متحقق ہے۔

مشرکین عرب اس پر اتراتے تھے کہ ہم حضرت ابراہیم کی یادگار ہیں اور
اسکے بنائے ہوئے بیت اللہ کے محافظ اور خادم ہیں۔ اسکی شریعت
یعنی مناسک حج اور تنظیم بیت اللہ پر ثابت قدم ہیں لہذا ارشاد ہوتا ہے
کہ اے حضرت ابراہیم کی نسبت پر فخر کرنے والو۔ تمھیں حضرت ابراہیم کے
شرف اور انکی بزرگی کے اسباب پر توجہ کرنی چاہیئے۔ اور یہ دیکھنا چاہیئے
کہ ہماری مقدس جناب میں شرف تقرب اور عزت معیت حاصل کرنے
کے لئے اس نے کون سے وسائل اور کس قسم کے ذرائع کا استعمال کیا ہے
لہذا تمہاری ہدایت کے لئے ہم ان کی ابتدائی حالت کو بیان کرتے ہیں
یہ وہ حق پسند موحد شخص ہے جس نے اتباع حق اور ہماری خوشنودی رضا
کے لئے آبائی رسم و رواج کو چھوڑ دیا۔ بادشاہ وقت اور ساری قوم سے
دشمنی کر لی۔ آگ میں جلنا پسند کر لیا۔ اپنے ماں باپ عزیز و اقارب سے
حران اور شام و فلسطین کی طرف ہجرت کی۔ ہماری اطاعت اور فرمانبرداری
میں اپنی ہاجرہ بیوی اور پیارے ننھے بیٹے حضرت اسمعیل کو عرب کے چٹیل
میدان اور بے آب ریگستان میں چھوڑا۔ اپنی خلوص اور محبت کے اظہار میں
اپنے نوخیز چاہتے فرزند کی ذبح پر آمادہ ہوئے۔ دین حق کی اشاعت اور شعائر
اسلام کی ترویج میں حد سے زیادہ کوشش کی الغرض جب انہوں نے اپنے
سارے کام ہماری مرضی اور خوشی کے تابع کر دیئے۔ سب آزمائشوں اور
اور تکلیفوں میں ثابت قدم رہے تو ہمنے بھی اسے عزت دی اور اپنا مقرب
دوست بنایا تمام مخلوق اور سارے جہاں کا امام و پیشوا کیا ہر ایک عاقل سمجھدار

شخص پر انکی اطاعت فرض کردی اور کہہ دیا اے ابراہیم تیری فرماں برداری مخلوق کے لئے دلیل ہدایت اور تیری مخالفت انکی گمراہی کی علامت ہوگی اور حضرت ابراہیم نے اس تشریف سے مشرف ہونے کے بعد اپنے اولاد کے لئے دعا کی اور یہ ظاہر کیا کہ مجھ سے اس نعمت کا سلسلہ منقطع نہو۔ اور ہمنے کہا بعض وقت تیری نسل سے ظالم پیدا ہونگے جو اس خدمت نیابت اور منصب امامت کے لائق نہ ہونگے۔ اس وقت تیری نسل میں امامت رہیگی پس اس برگزیدہ پیغمبر کی نسبت یا اولاد ہونے پر وہی شخص فخر کرسکتا ہے۔ جو اسکے طریق اسکی عادت اور خصلت پر قائم ہے۔ نہ مشرک بیدین اور ظالم فاسق۔

ف ۲ - **انی جاعلك للناس اماما** - صیغہ اسم فاعل کہ استمرار پر دلالت کرتا ہے اور تعریف ناس مقتضی ہے کہ امامت سے مراد امامت مؤبدہ ہے یہ ظاہر اشکل ہے کیونکہ ایک شخص کو جسکی عمر معدودے چند ایام ہے اسکو جمیع افراد انسانی کا ہمیشہ کے لئے امام کہنا ہرگز صحیح نہیں ہوسکتا ہے۔ ہان مگر یہ کہہ سکتے ہیں کہ آپ کے بعد تمام چونکہ انبیاء علیہم السلام آپ ہی کی نسل اور آپ کی ذریت ہی سے ہوئے ہیں اور اکثر انہوں نے آپ ہی کے اصول شرائع کی پابندی کی ہے۔ لہذا آپکو امام کہتے ہیں۔ اس اعتبار سے کہ تمام انبیاؤں نے آپکی شریعت کی پیروی کی ہے اور اس اعتبار سے بھی کہ آپکی ذریت میں امامت قائم اور محفوظ ہے گویا امامت ذریت سے آپکی امامت قائم ہے۔ اس تقریر سے یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ حضرت ابراہیم سے پہلے کے تمام انبیاء مقطوع الامامت ہیں اور انکے شرائع منسوخ ہوگئے ہیں۔ نہیں بلکہ جمیع انبیاء

ایک ہی شریعت کے قائم کرنے والے ہیں اور ایک ہی کلمہ توحید ہے جسکی اشاعت ان کا منصبی فرض ہے قال اللہ تعالٰی اولئٰک الذین ھدی اللہ فبھداھم اقتدہ۔ وقال ولن تجد لسنۃ اللہ تبدیلا۔ اس لحاظ سے تمام انبیاء گویا ایک دوسرے کے مصدق و تابع و متبوع ہوتے ہیں۔ لیکن یہاں پر خصوصیت سے حضرت ابراہیم کی عام امامت کا اسلئے اظہار کیا گیا ہے کہ مخاطب کلام یہود و نصاریٰ تھے۔ جو حضرت ابراہیم کی نسل اور ان کی اولاد سے ہیں اور ان کا یہ اعتقاد تھا کہ خواہ ہم کیسے ہی ہیں لیکن چونکہ ہمارے اسلاف برگزیدہ خلائق و مقربان درگاہ جل وعلا ہیں۔ لہذا وہ ضرور ہمیں بخشوا لینگے۔

اس آیت میں یہ ظاہر کیا گیا ہے۔ کہ اگر مدار نجات دعا ہوتی تو جیسے ابراہیم علیہ السلام نے اپنی ذرّیت کے لئے شرف امامت کی دعا کی تھی وہ بلفظہ منظور ہو جاتی۔ لیکن چونکہ ہماری عادل بارگاہ میں بے عمل خاندانی شرافت اور اور آبادی کرامت کچھ چیز نہیں۔ اس لئے ہمنے ان کی دعا کے جواب میں بہ تصریح کہہ دیا کہ نہیں تمہاری تمام ذریت اس منصب کے قابل نہیں البتہ محسن اور نیک عمل والا شخص اسے حاصل کر سکتا ہے اور ظالم و فاسق کو سوائے محرومی اور خسران کے اور کچھ حاصل نہیں ہو سکتا۔

و- اذ، ظرفیہ متعلق بفعل محذوف اذکروا۔ جعلنا، ..... فعل با فاعل	البیت، .. ذوالحال مثابۃً، .. موصوف للناس، ظرف مستقر صفت [illegible]

وامنًا، معطوف علی مثابۃ
و یا - جعلنا، ... فعل با فاعل
البیت، ... مفعول اول
مثابۃً وامنًا، ... مفعول دوم
للناس، ... جار مجرور ظرف لغو
(جملہ فعلیہ)

اے لاجل الناس یعنی لاجل مناسکہم

وَ - اتخذوا، ... فعل با فاعل
من البعضیۃ - حرف جار
مقام ابراھیم، ... مجرور
(ظرف لغو)
مُصَلًّی، ... مفعول
(جملہ فعلیہ معطوف علیہ)

اُلمقدر اے اذکروا - و یا مقولہ قول اے وقلنا اتخذوا من مقام ابراھیم مُصَلًّی اور یا حال ہے فاعل سے اے قائلین لھم اتخذوا وکلمۃ من للتبعیض انکان المراد بمقام ابراھیم الحرم کلہ او المسجد او مشاھد الحج کلھا - عرفۃ ومزدلفۃ وغیرھما کما قیل او للابتداء بہ الحجر الذی فی المسجد الذی قام علیہ ابراھیم عند بناء البیت وکان اثرا صابع رجلیہ علیہ بینا

[illegible]

ف - واذ جعلنا الخ یہود اگرچہ اس امر کے معتقد تھے - کہ بیت اللہ حضرت ابراہیم کا بنایا ہوا نہایت متبرک اور معظم مکان ہے - لیکن اس کے گرد طواف کرنے حج کے لئے احرام باندھنے عرفات پر ٹھہرنے وغیرہ مناسک حج پر اور اس بیت اللہ کی طرف متوجہ ہو کر نماز ادا کرنے پر معترض ہوتے تھے اور کہتے تھے یہ مشرکین عرب کی ایجاد کی ہوئی رسم ہے - ابراہیمی طریقہ نہیں - لہذا ارشاد ہوتا ہے - اے یہود مناسک حج اور استقبال قبلہ مشرکین کی ایجاد کی ہوئی رسم نہیں - بلکہ ہمارے برگزیدہ مخلوق امام الناس حضرت ابراہیم کا طریقہ مختار اور ہماری پسندیدہ شریعت ہے - ہمنے اس متبرک مکان کو لوگوں کے ثواب حاصل کرنے کی جگہ اور انکے اطمینان اور امن پانے کے لئے بنایا ہے

اور ابراہیمی ملت پر چلنے والوں کو حکم کیا ہے کہ مقام ابراہیم کو محل نماز بناؤ۔
اے مشرکین عرب صرف مناسک حج اور طواف کر لینے ہی کا نام ابراہیمی
ملت نہیں بلکہ اس کا اعلیٰ رکن بت پرستی اور کفر و شرک وغیرہ رسوم خلاف
شرعیہ سے علیحدہ اور متنفر ہو کر تنہا بے مثل ذات پر یقین کرنا ہے یاد کرو
جبکہ ہمنے حضرت ابراہیم اور حضرت اسمٰعیل سے کہا تھا کہ ہمارے گھر کو بتوں کی
نجاست سے پاک صاف کر دو۔ کہ میرے خاص عبادت گزار بندے فراغت
اور اطمینان سے عبادت کریں۔ اور انہوں نے فوراً اسکی تعمیل کی تھی۔

ف۲۔ امناً۔ اے مَاٰمَنًا۔ فان المشرکین لا یتعرضون لسکان الحرم
و یقولون البیت بیت اللہ و سکانہ اهل اللہ وھذا الشیٔ یوارثون
من دین اسمعیل فبقوا علیہ الی ایام رسول اللہ۔ یعنی مشرکین مکہ
حرم و خطۂ عرب میں رہنے والے سے کسی قسم کی چھیڑ نکرتے تھے اور کہتے
تھے یہ خانہ خدا ہے اور اسکے رہنے والے اہل اللہ ہیں یہاں تک کہ اگر
کوئی شخص اپنے باپ کا قاتل حرم میں دیکھ لیتا تاہم اس کا متعرض نہوتا یہ ایک
رسم ہے جسپر لوگ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے زمانے سے پیرو چلے آتے ہیں۔
اور آجتک اسپر عامل ہیں۔ فتح مکہ کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
کہ اس شہر کو اللہ نے روز ازل سے حرمت دی ہے وہ اسی دن سے حرام
ہے اور قیامت تک حرام رہیگا۔ اس میں کسی وقت قتال جائز نہیں تھوڑی
دیر کے لئے خاص میرے لئے حلال ہوا ہے۔ اب پھر قیامت تک حرام
ہے۔ ملخصاً۔ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ کا مذہب ہے کہ اگر کوئی گنہگار مثلاً

خونی بھاگ کر خانہ کعبہ میں داخل ہو جائے تو وہاں سے اسکو نہ پکڑنا چاہیئے۔ جب تک کہ وہ وہاں سے باہر نہ آجائے۔ عن جابر رضی اللہ عنہ لما وقف رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یوم فتح مکۃ عند مقام[۱] ابراھیم قال لہ عمر یا رسول اللہ

[۱]۔ مقام ابراھیم بعض کے نزدیک مقام ابراہیم سے مراد کل حرم ہے۔ اور اکثر مفسرین کے نزدیک وہی پتھر مراد ہے۔ جسپر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کھڑے رہکر تعمیر کعبۃ اللہ کی ہے۔ روایت میں ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر کا ہاتھ پکڑ کر کہا کہ یہ مقام ابراہیم ہے۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا جناب آپ اسکو مصلی کیوں نہیں بناتے۔ آنجناب علیہ السلام نے فرمایا کہ مجھکو اس امر کا حکم نہیں ہوا اس دن کا سورج ابھی غروب نہیں ہوا تھا کہ یہ آیت نازل ہوئی۔ اور روایت میں ہے کہ ایک دن آنجناب نے طواف سے فارغ ہو کر مقام ابراہیم پر دو رکعت نماز پڑھی اور واتخذوا من مقام ابراھیم مصلے کو تلاوت فرمایا۔ اور یہ جو فرمایا کہ مقام ابراہیم کو نماز کی جگہ بناؤ اس نماز سے مراد وہ دو رکعتین ہیں جو سات طواف پورا کرنے کے بعد پڑھی جاتی ہیں یہ دونوں رکعتیں امام اعظم اور امام مالک علیہما الرضوان اللہ کے نزدیک واجب ہیں۔ اور امام شافعی کے نزدیک ایک روایت میں واجب اور دوسری میں مستحب ہیں اور امام احمد کے نزدیک مستحب ہیں۔ یہ نماز تمام حرم میں بلکہ خارج حرم میں بھی جائز ہے مگر اکثر لوگ وہیں پڑھتے ہیں۔ کہ یہ نماز ساتویں طواف کے بعد پڑھی جاتی ہے اور ساتواں طواف حجر اسود کے پاس تمام ہوتا ہے اور وہیں مقام ابراہیم ہے۔ بیہقی نے سنن میں روایت کی ہے کہ وہ پتھر جو مقام ابراہیم کے نام سے مشہور ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں خانہ کعبہ سے متصل تھا۔ حضرت عمر کے زمانہ میں پانی کی رو کثرت سے آئی اور اس حادثہ میں اس پتھر کی جگہ بدل گئی اور خانہ کعبہ سے ذرا دور ہو گیا پھر حضرت عمر نے خود تشریف لاکر اسکو ایک مناسب مقام پر نہایت استحکامی سے نصب فرمایا۔

ھذا مقام ابراھیم مصلی قال نعم - وقیل المراد بالمصلی رکعتان بعد الطواف

وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا

و وحی فرستادیم بسوئے ابراہیم و اسمٰعیل کہ پاک سازید

اور عہد کیا ہمنے طرف ابراہیم کے اور اسمٰعیل کے یہ کہ پاک کرو

بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ١٢٠

خانہ مرا برائے طواف کنندگاں و اعتکاف کنندگاں و رکوع سجدہ کنندگان

گھر میرے کو واسطے طواف کرنے والوںکے اور اعتکاف کرنے والوں کے اور رکوع سجود کرنے والوں کے

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا

و آنگاہ کہ گفت ابراہیم اے پروردگار من بساز دیں مکا نرا شہر با من

اور جب کہا ابراہیم نے اے رب میرے کر اس جگہ کو شہر امن والا

وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ

و روزی دہ ساکناں وے را از میوہا ہر کہ ایمان آورد از ایشاں

اور رزق دے رہنے والوں اسکے کو میووں سے جو کوئی ایمان لاوے ان میں سے

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ قَالَ وَمَنْ كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ

بخدا و روز باز پسیں فرمود خدا و کسیکہ کافر شود بہرہ مند گردانمش

ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے کہا اور جو کوئی کفر کرے پس فائدہ دونگا اسکو

قَلِيْلًا ثُمَّ اَضْطَرُّهٗٓ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ١٢١

اندکے پس بہ بیچارگی بر انم اورا بسوئے عذاب آتش و وے بد جائے است

تھوڑا پھر بے بس کرونگا اسکو طرف عذاب آتش کے اور بری ہے جگہ پھر جانے کی

اوحینا (وحی فرستادیم - یا گفتیم حکم بھیجا یا کہا ہے)

وعھدنا - ماضی - العہد تاکید سے بات کہنا - اقرار کرنا - اور جب متعدی ساتھ الی کے ہوتا ہے تو بمعنی وصیت کرنے کے آتا ہے - یعنی امر کیونکہ خداوند کی یہی وصیت ہے - مصدر

ک - ف عَھِدَ یَعْھَدُ عَاھِدٌ مَعْھُوْدٌ - اِعْھَدْ - لَا تَعْھَدْ -

الی ابراهیم واسمعیل (بسوئے ابراہیم واسمعیل - اسمعیل اور ابراہیم کی طرف)

الی، صلہ فعل - اسمعیل فرزند حضرت ابراہیم علیہ السلام و جد اعلیٰ حضرت خاتم نبیوں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم - اسم عجمی بمعنی مطیع اللہ -

ان طھرا (آنکہ پاک سازید - یہ کہ پاک کرو دونو)

اَنْ مصدریہ یا مفسرہ -

طَھِّرَا، صیغہ امر التطہیر پاک وصاف کرنا - مصدر تفعیل - طَھَّرَ - یُطَھِّرُ مُطَھِّرٌ - طَھِّرْ - لَا تُطَھِّرْ -

بیتی (خانہ مرا - گھر میرا)

بیتی، مراد بیت اللہ - اضافت مظہر تفضیل -

للطائفین (برائے طواف کنندگان - طواف والوں کے لیے - عبادت کرنے والوں کے لیے)

ل - صلہ فعل یا بمعنی اجل طائفین طائف اسم فاعل من طاف بہ اذا دار حولہ - الطوف، گرد گھومنا - کعبۃ اللہ کے آس پاس پھرنا - بار بار آنا -

والعاکفین (و برائے اعتکاف کنندگان - اور اعتکاف میں بیٹھنے والوں کیلئے)

عَاکِفِیْنَ - جمع عاکف اعتکاف خاص ایک نفلیہ عبادت کا نام ہے و یا عام مقیمین -

والرکع السجود (برائے رکوع و سجدہ کنندگان - اور رکوع و سجدہ کرنے والوں کے لئے

ترک عطف مظہر انضمام ہر دو فعل ہے

اور تخصیص رکوع و سجود اس لئے ہے
کہ یہ دونوں خاصہ نماز ہیں اور مشہور رکن
ہیں۔

الرُّکَّع، جمع تکسیر راکع **سجود** جمع تکسیر
مساجد یا مصدر اے ذوی السجود

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ
(ودر آں وقت کہ بگفت ابراہیم اور
جب کہا ابراہیم نے)

اذ، ظرف فعل محذوف اے اذکروا

اذ۔ قال۔ ماضی واحد مذکر غائب

رَبِّ اجْعَلْ
(اے پروردگار من بگرداں۔ اے
میرے رب بنا)

رب، اصل ربی۔ اجعل امر حاضر

هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا
(ایں مکاں را شہرے با امن۔ اس جگہ
کو امن و آسائش والا)

هذا۔ ھا، کلمہ تنبیہ۔ **ذا**، اسم اشارہ
بلدا، جائے بود و باش۔ پیشہ ور لوگوں
کے رہنے کا شہر مراد کعبۃ اللہ۔ اور یا
وادی مذکور بقولہ تعالی رَبَّنَا اِنِّیْ اَسْکَنْتُ
من ذریتی بواد غیر ذی ذرع عند
بیت المحرم اے اجعل هذا المکان
القفر بلدا الخ استغنیٰ ثم یدعو به بلدۃ
معا الامن ہے۔

امنا، اے ذا امن کقوله عیشة
راضیة اے ذات راضیة او امنا
من فیه مثل قولك لیل نائم والاصل
امنا اهله کیونکہ امن و خوف ذوی
الادراک کے خواص سے ہیں۔

امن، راحت و آرام پانے والا۔
اسم فاعل۔

وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ
(و روزی دہ اہل وے را۔ اور روزی
دے اس میں رہنے والوں کو)

ارزق۔۔۔، امر حاضر بمعنی دعا۔ الرزق
مفید چیز اور فائدہ اٹھانا مصدر فاعل
اهله اے سکانه وما یتعلقون به

مِنَ الثَّمَرٰتِ
(از میوہ ہا۔ میوں سے)
اے من انواع الثمرات

من، بیانیہ یا تبعیضیہ۔

الثمرات۔ بار درخت پھل پھول

من آمن منهم

(ہر کہ ایمان آورد از ایشاں - جو کوئی
ایمان لائے اُن میں سے)
مَن، شرطیہ یا اسم موصول -
اٰمَن، ماضی
مِن - بیانیہ - و مرجع ضمیر اہل
اے مَن اٰمن من اہل البیت

بالله واليوم الآخر

(بخدا و بروز باز پسیں - اللہ پر اور
قیامت پر - یا یوم آخر پر)
ب، زائد الیوم الآخر زمان تمہارے
تعلق دنیا - یا روز جزا و سزا -
وخصھم باللہ علیکیلا یکون اعانۃ
للکفار علی کفرھم -

قال ومن كفر فأمتعه قليلا

(فرمود خدا و ہر کہ کافر شود - فرمایا خداوند
نے جو کوئی کفر کرے)
قَالَ، ماضی - کَفَرَ، ماضی
(پس او راہم بہرہ مند گردانم اندکے
اسکو بھی فائدہ دونگا تھوڑے دن)
ف، جزائیہ جواب مَن - اُمَتِّعُ
مضارع التمتیع فائدہ دنیا مصدر
تفعیل - مَتَّعَ - یُمَتِّعُ - مُمَتِّعٌ - مُمَتَّعٌ - مَتِّعْ
لَا تُمَتِّعْ - قَلِیْل، وہ شے جو مقابل
سے عدد اور افراد میں کم ہو - تھوڑا -

ثم أضطره

(پس بیچارگی برانم او را - پھر اسے
بے بس کردونگا میں)
اَضْطَرُّ، مضارع امر - الاضطرار بے بس کرنا
مجبور کرنا مصدر افتعال - مضاعف
اِضْطَرَّ - یَضْطَرُّ - مُضْطَرٌّ - اِضْطَرِرْ
لَا تَضْطَرِرْ -

إلى عذاب النار

(بسوئے عذاب دوزخ - دوزخ
کے عذاب کی طرف)
النار، ال عہدی - مراد دوزخ -

وبئس المصير

(و بد جائے ست مرجع - اور پونہچ
کی بہت ہی بُری جگہ ہے)
و، استینافیہ - بِئْسَ، فعل ذم
و مخصوص بالذم محذوف ہے (نار)
اگر مصیر اسم مکان مانا جائے اور اگر وہ
مصدر ہے تو تقدیر عبارت یہ ہوگی
المصیر، ٹھکانہ - رجوع کرنے کی جگہ

اسم ظرف مکان الصَّلٰوۃ ـ والصَّیرُورۃ
وَالمَصِیرُ ۔ پھرنا ۔ واپس ہونا مصدر
ف ک اجوف ولفیف ۔

وَ ۔ عَهِدْنَا ۔ اے قلنا فعل با فاعل
إِلٰى إِبْرٰهِيْمَ وَ إِسْمٰعِيْلَ ظرف
شَيْئًا ، مفعول مقدر
أَنْ[1] ، مفسرہ
طَهِّرَا ... فعل با فاعل
بَيْتِيَ ... مفعول
لِ ، جار الطَّآئِفِيْنَ
وَالْعٰكِفِيْنَ معطوف
اے قلنا هما شیئا هو ان طهرا ۔
وَ ۔ الرُّكَّعِ ... معطوف علیہ
السُّجُوْدِ ، ... معطوف
وترك العطف لانضمام الفعلين

وَبِالرُّكَّعِ ... موصوف
السُّجُوْدِ ۔ اے ذوی السجود ـ صفت
وَ ۔ إِذْ قَالَ ... فعل
إِبْرٰهِيْمُ ... فاعل
رَبِّ ۔ اے یا رب منادیٰ
اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا
وَّارْزُقْ الخ ... ندا
اجْعَلْ فعل با فاعل
هٰذَا ، اسم اشارہ
الْبَيْتَ ، مشار الیہ مفعول اول
بَلَدًا ... موصوف
اٰمِنًا ، ... صفت مفعول دوم
اے بلدًا ذا امن او بلدًا فیہ امن
وَ ۔ ارْزُقْ ، ... فعل با فاعل
مِنَ الثَّمَرٰتِ ... ظرف لغو

[1] ان ۔ یہ اگر مفسرہ ہے تو عهدنا بمعنی قلنا ہونا چاہیئے کیونکہ ان مفسرہ قول یا اسکے ہم معنی فعل کے بعد واقع ہوتا ہے اور مفعول مقدر ہے کیونکہ مدخول ان مفسرہ تفسیر ہوتا ہے مفعول مقدر یا ملفوظ کی ۔ اے قلنا لهما شیئا هو ان طهرا ۔ اور اگر مصدریہ ہے تو موضع جر یا نصب میں ہے علی اختلاف النحاۃ ۔

أَهْلَهُ ۔۔۔ مبدل منہ
مَنْ ۔۔۔ اسم موصول
اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ ۔ جملہ صلہ بدل
اٰمَنَ ۔۔۔ فعل مع الفاعل
مِنْهُمْ ۔۔۔ جار مجرور ظرف لغو
بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ظرف دوم
ویا ۔ ارزق اَهْلَهُ الخ ۔۔۔ جزا مقدم
مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ الخ شرط مؤخر
قَالَ ۔۔۔ فعل مع الفاعل
وَمَنْ ۔۔۔ اسم موصول
كَفَرَ ای کفر منھم ۔ جملہ صلہ
ارزق ، محذوف فعل با فاعل

ف ۔ امتعہ ۔۔۔ فعل با فاعل
ہ ، ضمیر ۔۔۔ مفعول
قَلِيلًا ای ۔ متاعا قلیلا مفعول مطلق
ویا ظرف ای ۔ زمانا قلیلا
والمعنی وارزق من کفر و تم الکلام
لان الرزق رحمۃ دنیویۃ تعم المؤمن والکافر
ثُمَّ اَضْطَرُّهٗ ۔۔۔ فعل با فاعل
ہ ۔ مفعول ۔ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ ظرف
بِئْسَ ، فعل اَلْمَصِيْرُ فاعل
النار ۔۔۔ مخصوص بالذم
ویا مَنْ كَفَرَ ۔۔۔ شرط
فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا ۔۔۔ جزا

وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهِيْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ

و انگاہ کہ بلند میکردند ابراہیم و اسمعیل بنیادہا ے خانہ را

اور جب اٹھا رہے تھے ابراہیم و اسمعیل نیویں یعنی بنیاد گھر کی

لہ فامتعہ ۔ اگر من موصولہ ہے تو فامتعہ اسکی خبر نہیں ہوسکتا ۔ کیونکہ موصول کی خبر پر اس وقت فا داخل کرتے ہیں ۔ جبکہ خبر صلہ کی مستحق ہو جیسے الذی یاتینی فلہ درہم ۔ اور کہا ہے کہ جب مضارع جزا واقع ہوتا ہے تو اسپر حرف فا لانا جائز ہے اور اگر وہ مبتدا کی خبر نہیں تو فا داخل نہیں کرتے ۔ ۱۲

وَاِسْمٰعِيْلُؕ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّاؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ

گفتند اے پروردگار ما قبول کن از ما ہر آئینہ توئی شنوا

اے رب ہمارے قبول کر ہم سے تحقیق تو ہی ہے سننے والا

الْعَلِيْمُ (۱۲۷) رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَ

دانا اے پروردگار ما و بکن مارا فرماں بردار خودت و

جاننے والا اے رب ہمارے اور کر ہم دونوں کو مطیع واسطے اپنے اور

مِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ۪ وَاَرِنَا

از اولاد ما بکن گروہے منقاد خودت و بنما مارا طریق

اور اولاد ہماری سے ایک جماعت فرمان بردار واسطے اپنے اور دکھا ہمکو طرح

مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَاۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ (۱۲۸)

عبادت ہمارے او مہربانی باز آ بر ما ہر آئینہ توئی باز آئندہ مہربان

عبادت ہماری کی اور پھر آ اوپر ہمارے تحقیق تو ہی ہے پھر آنے والا مہربان

(وآن وقت کہ بلند میکردند - اور جسوقت کہ اٹھا رہے تھے)

يَرْفَعُ مضارع بمعنی ماضی بوجہ دخول اذ اور صیغہ مضارع باوجود قصہ ماضی ہونے کے استحضار امر قصہ کے لئے ہے - الرّفع اٹھانا بلند کرنا مصدر ف ف -

رَفَعَ - يَرْفَعُ - رَافِعٌ - مَرْفُوْعٌ

اِرْفَعْ - لَا تَرْفَعْ

(ابراہیم و اسمٰعیل بنیادہا - ابراہیم و اسمٰعیل بنیادیں - نیویں)

ابراہیم حضرت ابراہیم و اسمٰعیل دونوں معمار بیت اللہ ہیں - لیکن چونکہ اصل بانی حضرت ابراہیم ہیں اور حضرت اسمٰعیل مددگار ہیں لہذا حضرت ابراہیم

القواعد جمع قاعدہ۔ اساس۔ وکھم
دیوار۔ اصل میں صفت ہے اور حرف تا
وصفیت سے اسمیت کیطرف منتقل ہونے
کی علامت ہے۔ اب وہ مثل اسماے جامدہ
کے مستعمل ہوتا ہے اور موصوف اسکے
ساتھ ذکر نہیں کیا جاتا۔ ماخذ اس کا قعود
بمعنی ثبات نہیں ہے اور شاید کہ مشتق
ہونے کے بعد مجازاً قیام کے مقابل
معنی میں لیا جاتا ہے اسی سے ہے
قعدك الله تعالیٰ فی الدعاء بمعنی
ادامك وثبتك الله اس تقدیر پر رفع
قواعد مجاز ہے قواعد پر بنا اٹھانے سے
کیونکہ رفع شے اس وقت کہتے ہیں
کہ جب اسے مرتفع اور بلند کیا جاتا ہے
اور قواعد واساس مرتفع نہیں ہوتے
بلکہ وہ بحالہ قائم رہتے ہیں۔ وتیرفع
بمعنی یبنی علیہا ہے مصدر قعود۔
(از خانہ کعبہ۔ بیت اللہ کی)

مِنَ ، بیانیہ یا بعضیہ
واسمعیل۔ اسکا عطف ابراھیم
پر ہے اور مفعول سے متاخر لانے کی
وجہ اس امر کا اظہار ہے۔ کہ بنائے بیت
میں آپکا درجہ متاخر ہے اور آپ بمنزلہ
تابع ہیں۔
گفتند اے پروردگار ما قبول فرما
از ما۔ اور کہتے تھے اے رب ہمارے
قبول کر ہم سے)
لے یقولان ربنا تقبل او قائلین
رب۔ اے یارب مضاف بضمیر متکلم
ربّ ، صفت مشبہ یا مصدر بمقام
فاعل۔

لہ من بیانیہ یعنی تبیین بعد الابہام
حاصل معنی یہ ہیں کہ ابراہیم علیہ السلام
دیواریں اٹھا رہے تھے اور وہ دیواریں
کعبۃ اللہ کی دیواریں تھیں۔ اور یا بعضیہ ہے
یعنی وہ فقط دیواریں اٹھا رہے تھے اور
اسکی بنیاد پہلے سے موجود تھی بحسب بعض روایت۔

تَقَبَّلْ ۔ امر بمعنی دعا ۔ باب

التقبل قبول کرنا مصدر تفعل تَقَبَّلَ

يَتَقَبَّلُ مُتَقَبِّلٌ ، تَقَبَّلْ

لَا تَتَقَبَّلْ ۔

مِنْ ۔ زائدہ ۔ یا ابتدائیہ

(اِنَّكَ) (بیشک تو ہی ۔ تحقیق تو ہی ہے ۔)

اِنَّ حرف موکد مضمون و اَنْتَ ضمیر

فصل موکد یا ضمیر مرفوع المحل ۔

(السَّمِيعُ الْعَلِيمُ) (سننے والا ۔ جاننے والا

السمیع ۔ صفت مشبہ اسے السمیع

لدعائنا و العلیم بنیاتنا

(رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا) (اے پروردگار ما بگردان مارا ۔ اے

ہمارے مالک بنا ہم دونوں کو)

اِجْعَلْ ۔ امر امر بمعنی دعا ۔

(مُسْلِمَيْنِ لَكَ) (فرمان بردار خود ت ۔ مطیع اپنے لئے)

مُسْلِمَيْنِ ، تثنیہ مسلم مراد مطیع و

مذعن اسلام سے اگر دین اسلام اور

اسکے عقائد مراد ہیں تو غرض اس سے

دعائے ثبات و استقرار عقائد حقہ

ہے کیونکہ عرفاً دوام شے کو لفظ شے

سے طلب کرتے ہیں اور اگر اس سے

انقیاد تام واذعان کلی خضوع جوارح

و قوی ۔ رضا بقسمت و تقدیرات الہیہ

مراد ہے تو غرض دعا اعانت و توفیق

ہے ماخذ اسکا استسلم بمعنی انقاد ہے

یا اسلم وجہہ اسے اخلص وجہہ

او قصدہ ۔

(وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا) (واز اولاد ما ۔ اور ہماری اولاد میں سے بھی)

ف التقبل قبول کرنا ۔ قبول اور تقبل دونوں مترادف ہیں ۔ لیکن اکثر قبول کا اطلاق اس چیز پر ہوتا ہے

جو فی نفسہ قبولیت کے لائق ہے اور تقبل وہاں استعمال کیا جاتا ہے جبکہ شے میں مقبولیت

کی لیاقت ہو کیونکہ تفعل میں ایک خاصہ تکلف بھی ہے اور یا تقبل سے مقصد رضا سے مالک مقصود ہے

کیونکہ مخلصین کے عمل کی یہی غایت ہوتی ہے ۔

ذرّیت - نسل - اولاد - اصل فُعُّولَۃٌ
یا فُعِّیلَۃٌ ہے -

امۃ مسلمۃ لک
(ایکن گروہ ہے مطیعان خودت - بنا ایک
جماعت فرماں بردار اپنے لئے)
اُمَّۃ - شخص دیندار - راہ بتانے والا
شخص اور وہ جماعت جن کی طرف
اسلامی تبلیغ کے لئے پیغمبر آیا ہو جمع
اسکی اُمَم و اُمّات ہے -
مُسلمۃ، مخلص و متواضع - لک لخصّصہ

و ارنا
(و بنما مارا - اور دکھلایا جتا مجھکو)
اَرِ، امر ہے امر بمعنی دعا اصل اَرْئِنَا
اَلْاِرَائَۃ - وَالْاِرَاءَۃ دکھانا - جتانا -
خبردار کرنا - مصدر افعال ناقص
مہموز العین - اَرٰی - یُرِی مُرِی
اَرِ - لَا تُرِ -

مناسکنا
(طریق عبادتہائے ما - طریقہ ہماری
عبادت کا - یا طریقہ حج کرنے کا)
مناسک، جمع نسک و منسک بفتح
سین و بکسر اسم ظرف جائے عبادت
و ذبح اصل میں اسکے معنی دھونے اور
غسل دینے کے ہیں یقال نسک
ثوبہ اذا غسلہ عرف شرع میں عبادات
معلومہ پر بولا جاتا ہے خصوصاً عبادات
حج پر -

و تب علینا
(و بمہربانی باز آبر ما - اور متوجہ ہو
ہم پر ساتھ مہربانی کے)
اسے تب علی عصاتنا بحذف مضاف
تُب، توفیق توبہ عطا کر - ہمارے
گناہوں کو معاف کر یا قبول کر اس کو
ہم سے ہے امر ہے دعا اَلتَّوب - وَالتَّوبَۃ
گناہ سے رجوع ہونا مصدر -

انک انت
(ہر آئینہ توئی - تحقیق تو ہی ہے)
اِنَّ، موکد مضمون جملہ انتَ ضمیر
مفید حصر -

التواب الرحیم
(توبہ قبول کنندہ باز آئندہ مہربان -
توبہ قبول کرنے والا - معاف کرنیوالا
مہربان -
التَّوَّاب، مبالغہ باعتبار کثرت قبول توبہ

یا باعتبار کثرت تابعین ۔

الترکیب

اِذ یرفع، فعل ابراہیم، فاعل

القواعد، ... ذوالحال

من البیت، ظرف مستقر حال

ربنا، اے ہمارے رب۔ منادی

تقبل، فعل بافاعل

ھذہ، ... مفعول

منا، ظرف لغو

یقولا، محذوف فعل مع الفاعل

اے یرفعانہا قائلین ربنا تقبل ھذا منا

انک، حرف مشبہ بفعل مع الاسم

انت ضمیر فصل السمیع، خبر

ربنا، ... منادی

افعل ھذا جملہ محذوف ندا

یقولان محذوف فعل مع الفاعل

وَاجعل، ... فعل بافاعل

نا، ... مفعول اول

مسلمین، موصوف (۲)

لک، ظرف مستقر صفت، مفعول

اے مسلمین عاملین او مطیعین

لک ۔

و یا لک، ظرف متعلق مسلمین و مفعول

ومن ذریتنا[۵۲] مفعول دوم

امۃ مسلمۃ لک، مفعول اول

اجعل، محذوف ... فعل مع الفاعل

و یا اجعل محذوف، فعل بافاعل

امۃ، ... موصوف

من ذریتنا، ظرف مستقر

و بوجہ تقدم حال

مسلمۃ لک ... مفعول دوم

[۵۱] واجعلنا - اس جملہ کا عطف اگر تقبل پر ہے تو جملہ انک انت السمیع العلیم اور جملہ ندائیہ ربنا ہر دو معترضہ ہیں جملہ اول تعلیل ہے اور ثانی تاکید دعا۔ اور یا معطوف علیہ اسکا محذوف ہے اور تقدیر عبارت یہ ہے ربنا افعل ھذا واجعلنا مسلمین لک وعلی ہذا ترکیب ربنا وابعث فیھم الخ۔

[۵۲] اے اجعل امۃ مسلمۃ من ذریتنا اس صورت میں من تبعیضیہ ہے یا زائدہ ورنہ بیانیہ ۔

۳ مجرور سے ملکر بیتہ بمنزلہ صفت یا حال کے ہوا ہے - یا من ذریتنا مفعول اول امۃ مسلمۃ لک مفعول ثانی معطوف ہے مسلمین لک پر-

اے امۃ کائنۃ من ذریتنا۔
والاصل واجعل امۃ من ذریتنا مسلمۃ
لک یعنی اصل ہیں واو امتہ پر داخل ہے پھر
وصل کیگئی ہے ان دونوں میں جار و مجرور
کے ساتھ۔

ویا اجعل ۔۔۔ فعل با فاعل
امۃ مسلمۃ مبدل منہ
من، زائد۔ ذریتنا، بدل
مفعول
اے امۃ مسلمۃ ھی ذریتنا۔

اَرِ ۔۔۔ فعل با فاعل
نا ۔۔۔ مفعول اول
مناسکنا، مفعول دوم
وتب علینا۔ جملہ فعلیہ معطوف علی ما قبل
اِنَّ ۔۔۔ حرف موکد مشبہ بالفعل
ک، ضمیر ۔۔۔ اسم
انت، ضمیر فصل مفید حصر
التواب ۔۔۔ موصوف
الرحیم ۔۔۔ صفت
خبر

ف۔ واذ یرفع الخ۔ بتائید مضمون سابق ارشاد ہوتا ہے کہ اے یہود طواف کعبہ اور اس کا استقبال وغیرہ مشاعر اسلام و مناسک حج کفار و مشرکین مکہ کی اختراعی رسم نہیں۔ بلکہ وہ ہماری منظور کی ہوئی ابراہیمی ملت کے اصول حقہ ہیں اور تمہارا انکار محض عناد سے ہے یا عدم واقفیت کے باعث لہذا تمہیں ان واقعات پر نظر کرنی چاہیئے۔ یاد کرو جبکہ حضرت ابراہیم اور اُن کے فرزند ارجمند حضرت اسمٰعیل ہماری اجازت سے اس ہمارے گھر کی تعمیر کر رہے تھے اور بار بار کہتے تھے۔ الٰہی ہماری ناچیز محنت اور اس حقیر سعی کو قبول فرما اور اس دشت خانہ بدوش وحشی قوم کے چند جھونپڑوں کے سواے وہاں پر کچھ آبادی

ف ارنا مراد ارادۂ بصری۔ ہمزہ افعال کی وجہ سے دو مفعولوں کی طرف متعدی ہوا ہے اور یا مراد اس سے ارادۂ قلبی ہے بمعنی عرف ۱۲

نہ تھی لہذا ظاہراً انہیں خیال ہوتا تھا کہ اس لق و دق صحرا اور ویران جنگل جسکی پتھریلی زمین اور خشک ریگستانی میدان نہ زراعت کی پرورش کرسکتے ہیں اور نہ گھاس پھوس اگانے کے قابل ہیں) میں کیونکر آبادی ہوگی اور یہ گھر کسطرح آباد ہوگا۔ لیکن وہ فرمان بردار بندے ہمارے حکم کی تعمیل میں دل وجان سے مصروف تھے۔ اور انہیں کامل یقین تھا کہ یہ گھر ضرور مرجع انام بنیگا۔ لہذا تعمیر کے ساتھ ساتھ نہایت عجز اور خلوص سے یہ دعا بھی مانگا کرتے تھے الٰہی اسے باامن بنا ئیو کہ اس میں رہنے والے محفوظ رہیں اور دور سے قصد کرنے والے بے خوف اور بے ڈر ہو کر اسکی طرف سفر کریں۔ اے مالک یہاں کے مخلص ایمانداروں کو پاکیزہ اور لطیف میووں اور صاف وستھرے غلات سے رزق دیجو۔ کہ فراغت اور اطمینان سے رہیں۔ اور دوسرے شہروں کی طرف انہیں ہجرت کرنے کی آرزو نہ رہے۔ اور ہم ان کی دعا سُنا کرتے تھے پھر ہمنے کہا۔ اے ابراہیم میری رحمت عام ہے میں ہر ایک مومن اور کافر و فاجر کا پروردگار ہوں۔ البتہ مومنین کا رزق ابدالآباد تک قائم رہے گا۔ اور منکرین ومفسدین ایک معین وقت کے بعد جہنم میں رہنے کے لئے مجبور کئے جائینگے اور وہ بہت ہی بُری جگہ ہے اور چونکہ ہمارے مخلص بندوں کو یقین ہے کہ ہمارے احکام حکمت ومصلحت سے خالی نہیں ہوتے لہذا ان دونوں برگزیدۂ خلائق کو تعمیر کعبہ سے یقین ہو چکا تھا کہ ضرور عبادت کے لئے اب کوئی نیا طرز قائم ہونیوالا ہے اس وہ کہا کرتے تھے اے ہمارے پروردگار ہمارے سچے مالک

ہمیں اپنی اطاعت اور فرمان برداری پر ثابت قدم رکھ قبول احکام کی توفیق
اور شریعت حقہ کی پیروی نصیب کر ہم دونوں کی اولاد میں سے ایک فریق کو
خلوص عبادت اور حسن عقیدت پر ہمیشہ قائم رکھ - اے ہمارے مالک اس
مبارک گھر کے آداب اور اسکی مقبول عبادت کے اصول و فروع سے ہمیں
مطلع فرما تاکہ ہم سب سے پہلے اپنے شوق کا اظہار دیں - ہماری بھول - چوک
تغافل اور غفلت سے اگر عبادات میں نقص واقع ہو جائے اسکے عوض اے
مالک سخت گیری نہ کر - بلکہ معاف فرما اور اسکے انتظام و درستگی کے تدابیر و حیلوں سے
آگاہ کر - اور چونکہ وہ یہ بھی جان چکے تھے کہ یہ شہر مرجع انام ہوگا - مختلف طبیعتوں
کے لوگ مخالف و موافق اقوام کے اشخاص دور و نزدیک کے شہروں کے
باشندے یہاں جمع ہونگے - اسلئے انہوں نے انکے باہمی میل جول - اتحاد و
دائمی اتفاق کے لئے پھر دعا کی اور کہا اے مالک ان لوگوں کی تعلیم کے لئے
جو تیرے آباد کئے ہوئے شہر میں آباد ہوں یا دور سے سفر کر کے آئیں انہیں
میں سے ایک ذی قوت پیغمبر کا ہمیشہ ہوتے رہنا ضروری ہے جو تیرے بھیجے
احکام کی تبلیغ یا توضیح کرتا رہے - تاکہ وہ لوگ جسمانی کدورتوں فطری ظلمتوں سے
پاک صاف ہو کر تیری مہربانی اور عنایت سے تیرے تقرب اور معیت کے انوار
سے مستفیض ہو سکیں - اور بیشک تو ہی مہربان بخشش اور کرم کرنیوالا ہے -

ف ۲ البیت اسکی مختصر تاریخ یہ ہے - روایات میں ہے سب سے پہلے حضرت
آدم علیہ السلام یا حضرت شیث علیہ السلام نے اسکی تعمیر کی ہے - طوفان نوح
میں اسکی عمارت منہدم ہو گئی اور بلند ٹیلے کیطرح باقی رہ گئی تھی مگر لوگ اس کی

تعظیم کرتے تھے اور دعا مانگنے کے لئے وہاں جایا کرتے تھے۔ آخر حضرت ابراھیم علیہ السلام کو اس کے بنانے کا حکم ہوا اور انہوں نے وحی آسمانی کے مطابق اسکی عمارت بنائی۔ یہ عمارت بلندی میں نو گز تھی اور اس کا دور حجر اسود سے رکن شامی تک تینتیس ۳۳ گز۔ رکن شامی سے رکن غربی تک بائیس گز اور رکن غربی سے رکن یمانی تک اکتیس ۳۱ گز۔ اور رکن یمانی سے حجر اسود تک بیس گز کا تھا۔ غرض اس وقت خانہ کعبہ کی شکل مستطیل تھی۔ اور اس کے دروازہ میں کواڑ بھی نہ تھے۔ تبع حمیری نے اس میں کواڑ۔ اور زنجیر اور قفل بنائے۔ یہ عمارت ایک عرصہ تک قائم رہی اور پھر منہدم ہوگئی بعد میں قوم عمالقہ نے اسکو بنایا پھر وہ بھی گر گئی ایک زمانہ کے بعد پھر اسکو بنی جرہم[۵] نے تعمیر

[۵] جرھم۔ مورخین لکھتے ہیں عمران بن عامر رئیس قوم سبا کسی ایک معاملہ میں اپنی قوم سے ناراض ہو کر واقعہ سیل عرم و قبل از سیح مادب سے اپنے خاندان کو لیکر نکل آیا اور عمان میں آکر آباد ہو گیا۔ اور اس کا بھتیجا ثعلبہ العنقاء بن عمرو بن عامر ماء السماء حجاز کی طرف متوجہ ہوا اور معہ اہل و عیال ثعلبیہ و ذی قار کے درمیان فروکش ہوا اور تھوڑے دنوں بعد وہ مدینہ میں آپونچا جہاں یہود متفرق طور پر آباد تھے۔ ثعلبہ نے چندے قیام کے بعد یہود کو مدینہ سے نکال دیا اور خود قابض ہوگیا اور شہر کو چھوٹی چھوٹی گڑھیوں سے محفوظ کر کے اس کے اطراف و جوانب میں کھجوروں کے باغات لگا کر اسے خوب آراستہ کیا۔ ثعلبہ سے حارثہ اور حارثہ سے دو بیٹے اوس و خزرج پیدا ہوئے تمام مدینہ کے انصار انہیں دونوں بھائیوں کی اولاد ہیں۔ اسیطرح ثعلبہ کا دوسرا بھائی حارثہ حرم کعبہ میں آپونچا جہاں قوم جرہم آباد تھی اور یہ وہی قوم ہے جو حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے وقت میں یہاں آکر آباد ہوئی تھی۔ انہیں میں سے ایک مرد نے جس کا نام

کیا۔ اسکے بعد قصی[1] بن کلاب نے اور اس کے بعد جب پہاڑوں کے پانی کے رو سے اسکی بنیاد کو صدمہ پہونچ گیا تو پھر قریش نے اسکی تعمیر کی اسوقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر پچیس برس کی تھی آپ بذات خود بھی اس کام میں شریک رہے ہیں۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ جب حجر اسود

[illegible] اساف تھا۔ اور ایک عورت نے جسکا نام نائلہ تھا خاص کعبۃ اللہ کے اندر زنا کیا تھا جسکی سزا میں وہ مسخ ہو کر پتھر بن گئے تھے اور اس کے ایک زمانہ کے بعد عمرو بن لحی نے انکو معبود بنا کر تمام اقوام عرب کا خدا بنا دیا تھا۔

آخر کار حارثہ کی قوم حرم کعبۃ اللہ میں خزاعہ کے نام موسوم ہوئی اور رفتہ رفتہ اس نے جرھم سے لڑ بھڑ کر حد حرم کو ان سے خالی کرا لیا۔ اس اخراج کے بعد قوم جرہم تتر بتر ہو کر منقطع النسل ہو گئی اور عرب میں صرف قومی تذکروں کے سوا انکے وجود کا نام و نشان تک نہ رہا۔ انہیں میں سے ایک شاعر کہتا ہے ؎

کان لم یکن بین الحجون الی الصفا ۔۔۔ انیس ولم یسمر بمکۃ سامر

گویا کہ حجون اور صفا کے درمیان کوئی ۔۔۔ آدمی نہ تھا اور مکہ میں کسی نے رات کو بیٹھ کر باتیں ہی نہیں کیں

بلی نحن کنا اھلھا۔ فاباد نا ۔۔۔ صروف اللیالی والخطوب الزواجر

کیوں نہیں ہمیں تو وہاں کے ساکن تھے ہمیں کو ۔۔۔ گردش زمانہ اور حوادث عظیمہ نے تباہ کر دیا

قوم جرہم کے اخراج کے بعد خزاعی بیت اللہ کے متولی بن گئے اور ایک زمانے تک وہ اس خدمت کو سر انجام دیتے رہے آخر کار ایک بد قسمت خزاعی ابو غبشان نے کعبۃ اللہ کو ایک مشک شراب کے عوض بیچ ڈالا۔ جس سے اس حرم محترم کی تولیت قریش کے قبضہ میں آئی (مختصر تاریخ طبری و ابن اثیر) [illegible]

[1] قصی بن کلاب قصی بصیغہ تصغیر و بضم قاف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چوتھی پشت میں دادا تھا

کے رکھنے کا وقت آیا تو قریش میں باہم جھگڑا ہوا کہ اسکو کس قبیلہ کے لوگ اپنے
ہاتھ سے اٹھا کر رکھیں - آخر آنجناب علیہ السلام اس معاملہ میں حاکم مقرر ہوئے اور
آپ نے یہ فیصلہ کیا کہ ایک چادر میں حجر اسود کو رکھا اور ہر قبیلہ کے لوگوں نے اس
چادر کو ہاتھ سے پکڑ کر اٹھایا - پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ
سے اس پتھر کو اسکے مقام پر رکھدیا - قریش نے اس تعمیر جدید میں کعبۃ اللہ کا
طول بجائے بیس گز کے اٹھارہ گز کر دیا اور کچھ عرض میں بھی کمی کر دی - مگر
دروازہ اس کا اتنا ہی اونچا رکھا - پھر زمانہ اسلام میں جب یزید کی فوج معرکہ کربلا
سے واپس ہو کر حضرت عبداللہ بن زبیر کے تعاقب میں کعبۃ اللہ پونچی اور
شہر کا محاصرہ کر لیا پہاڑوں پر سے بذریعہ منجنیق پتھر مارتے رہے اسوجہ سے
کعبۃ اللہ کے پردوں کو آگ بھی لگ گئی تھی اور اسکی بنیادوں میں بھی بہت کچھ
ہرج آگیا تھا - لیکن چونکہ اس روز یزید کے مرنے کی خبر آگئی تھی اسلئے فوج
واپس ہو گئی - پھر حضرت زبیر عبداللہ بن زبیر[۵] نے اسکو از سر نو بنایا اور جو قریش

انکا نام مجمع اور زید بھی ہے - انکے زمانے سے پہلے مکہ مین کچھہ ایسے حوادث آئے تھے کہ وہ ویران
ہو گیا تھا اور وہاں کے لوگ جا بجا متفرق ہو گئے تھے پھر انہوں نے ان سب کو جمع کر کے مکہ میں آباد کر دیا تھا
۵ - عبداللہ بن زبیر بن العوام قریشی اسدی پانچویں پشت میں انکے دادا قصی بن کلاب ہیں - مدینہ میں
سب سے پہلے اولاد مہاجرین بھی پیدا ہوئے ہیں - جب یزید بن معاویہ کا زمانہ آیا تو آپ نے بھی
مثل حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی بیعت یزید سے انکار کر دیا اور مکہ کو چلے گئے یزید کی فوج نے
اول حضرت امام کو شہید کیا اور پھر بسرداری حصین بن نمیر مدینہ منورہ پر چڑھائی کی وہاں لوٹ
مار کرکے مکہ پر چڑھائی اور شہر کو اور کعبۃ اللہ کو منجنیقوں کے ذریعہ سے پتھر مار مار کر بہت سخت صدمہ پہونچایا

نے کمی کی تھی اسکو پھر انہوں نے پورا کر دیا یعنی حضرت ابراہیم کی بنیاد پر
اسکو تعمیر کیا اور اس حدیث پر عمل کیا جو حضرت عائشہ صدیقہؓ سے مروی ہے
کہ رسول اکرم نے فرمایا کہ اگر تیری قوم کے لوگوں نے بہت قریب جاہلیت
کا زمانہ نہ چھوڑا ہوتا تو میں کعبۃ اللہ کو توڑ کر پھر بناتا اور جسقدر زمین اسمیں
سے نکل گئی ہے وہ پھر داخل کر لیتا اور دروازہ اس کا زمین کے برابر رکھتا
اور دو دروازے بناتا ایک شرقی اور دوسرا غربی اور بنیاد ابراہیم کو پورا کر دیتا
یہ روایت بخاری کی ہے اور مسلم میں بھی اسی کے قریب قریب ہے۔ یہ تعمیر
جمادی الاخری سنہ چونسٹھ ہجری میں شروع ہوئی اور رجب سنہ پینسٹھ میں تمام ہوئی
اس کے بعد سنہ بہتر میں عبد الملک خلیفہ مروانی کی طرف سے حجاج بن یوسف
نے پھر کعبۃ اللہ پر چڑھائی کی اور سات مہینے تک لڑائی ہوتی رہی آخر ماہ
جمادی الاخر سنہ تہتر ہجری میں حضرت عبد اللہ شہید ہو گئے پھر حجاج نے
عبد اللہ کا نام مٹانے کے لئے سنہ چوہتر ہجری میں کعبۃ اللہ کو گرا کر از سر نو

انہیں دنوں میں یزید کے مرنے کی خبر پہونچی جس سے وہ فوج واپس ہو گئی پھر اہل مکہ نے
حضرت عبد اللہ سے بیعت کر لی اور وہ وہاں کے خلیفہ بنائے گئے نو برس آپ نے خلافت کی
ہے۔ اسی زمانہ خلافت میں آپ نے از سر نو کعبۃ اللہ کی تعمیر بھی کی ہے۔

سنہ ۷۲ ہجری میں عبد الملک خلیفہ مروانی کی طرف سے حجاج بن یوسف نے حضرت
عبد اللہ پر چڑھائی کی اور کعبۃ اللہ کا محاصرہ کر لیا سات مہینے تک لڑائی ہوتی رہی
ماہ جمادی الاخر سنہ ۷۳ ہجری میں حضرت عبد اللہ شہید ہو گئے آپ کی عمر اس وقت
تہتر برس کی تھی۔ ۱۲ تاریخ مکہ

تعمیر کیا اور اسکی بنا قریش کی بنا پر قائم کی یعنی عرض میں بنیاد ابراہیم میں سے پانچ گز کم کر دیا۔ اسکے بعد ہارون رشید نے اس کی تعمیر کا قصد کیا تھا مگر امام مالک رضی اللہ عنہ نے سخت تاکید سے اسکو منع کر دیا جس سے وہ رک گئے۔ پھر سلطان مراد چہارم نے جو سنہ ایکہزار اڑتیس میں تخت نشین ہوا تھا۔ کعبۃ اللہ کی تعمیر کی ہے یہ تعمیر سنہ ایکہزار چالیس ہجری میں واقع ہوئی ہے سلطان نے گوشہ حجر اسود کے سوائے تمام مکان کو گرا کر از سر نو بنایا ہے۔ اب تک وہی عمارت باقی ہے مگر یہ عمارت حجاج کی تعمیر کے مطابق ہے۔

اس تعمیر میں چاہ زمزم پر بھی ایک عمارت بنائی گئی ہے اور اسکی دیوار پر لکھا ہے وسقاھم ربھم شرابا طھورا اس عمارت کے فوقانی درجہ میں آج کل رئیس المؤذنین رہتا ہے مطاف والی درازوں یعنی حد کے قریب ایک مدور دکہ (چبوترہ) ہے جس میں آئمہ کے مصلیات واقع ہیں۔ سب سے بڑا مصلی حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ کا ہے اسکے دو طبقے ہیں۔ یہ مصلے کعبۃ اللہ کے رکن عراقی و شامی کے محاذی ہے اسکی سیدھی جانب تھوڑے فاصلے پر امام مالک رضی اللہ عنہ کا مصلی ہے اسکے سیدھی جانب تھوڑے فاصلے پر امام احمد حنبل رضی اللہ عنہ کا مصلی ہے اور مقام ابراہیم کے قریب امام شافعی رضی اللہ عنہ کا مصلے ہے۔ اور اسی کے متصل منبر مسجد حرام ہے نماز جمعہ اسی مصلے پر ہوتی ہے مسجد الحرام کے اسوقت تیئس ۲۳ دروازے ہیں۔ (۱) باب ابراہیم (۲) باب الوداع (۳) باب حمیدی (۴) باب التکیہ (۵) باب الجعاد (۶) باب المجاہد (۷) باب الصفا (۸) باب البغلہ (۹) باب النوش (۱۰) باب العلی (۱۱) باب العباس (۱۲) باب البنی

(۱۳) باب السلام (۱۴) باب الدریبہ (۱۵) باب السلیمانیہ (۱۶) باب المحکمہ (۱۷) باب الزیارہ (۱۸) باب القطبی (۱۹) باب البطیہ (۲۰) باب الربالیہ (۲۱) باب العتیق (۲۲) باب العمرۃ (۲۳) باب وودیہ - قدیم الایام میں باب ابراہیم کو باب الخیاطین اور باب علی کو باب بنی ہاشم اور باب العمرۃ کو باب بنی سہم کہتے تھے - (تاریخ)

رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ

اے پروردگار ما بفرست درمیان ایشاں پیغامبرے از ایشاں بخواند بر ایشاں

اے پروردگار ہمارے اور بھیج انکے بیچ پیغمبر انہیں میں سے پڑھے اور انکے

اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ

آیتہائے تو و بیاموزد ایشاں را کتاب و علم و پاک کند

آیتیں تیری اور سکھلادے انکو کتاب اور حکمت اور پاک کرے

اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (۱۲۹)

ایشاں را ہر آئینہ توئی توانا دانا

انکو تحقیق توئی ہے غالب حکمت والا

ربنا وابعث

(اے پروردگار ما بفرست - اے ہمارے پروردگار اور بھیج)

ابعث، امر ح - یوم البعث، مردہ زندہ کرنا - اٹھانا - بھیجنا - مصدر ف

بَعَثَ - يَبْعَثُ - بَاعِثٌ - مَبْعُوْثٌ

اِبْعَثْ - لَا تَبْعَثْ -

فیہم (درمیان ایشاں) ان میں سے - ان میں رسول

فیہم لے فی ذریتنا و فی امۃ

مسلمۃ۔

رسول، بمعنی مرسل۔ خدا کا بھیجا ہوا شخص خداوند تعالیٰ کے احکام کی تعلیم دینے والا جسکو خداوند اپنی طرف سے معین کرتا ہے مراد رسول صاحب کتاب صاحب شریعت۔

منھم (از ایشاں۔ انہیں میں سے)

من، بیانیہ۔ و مرجع ضمیر (ذریت)

یتلوا علیھم (کہ بخواند بر ایشاں۔ پڑھے ان پر۔ یا سنائے ان کو)

یتلو، مضارع۔ مصدر التلاوۃ۔

آیتک (نشانہاے تو۔ آیات ترا۔ تیری آیتیں)

آیات، جمع آیۃ۔ ایک جملہ مکمل مراد کتاب۔

ویعلمھم (و بیاموزد ایشاں را۔ اور سکھائے ان کو۔ سمجھائے انہیں)

یعلم، مضارع۔ التعلیم پڑھانا۔ سکھانا۔

الکتب والحکمۃ (کتاب اور حکمت) یعنی اسرار و حقائق واحکامات۔

الکتب، اسے المنزل من اللہ وشریعت حقہ۔

الحکمۃ، وہ علم جس سے ہر ایک شئے کی واقعی اور سچی حالت معلوم ہوتی ہے اور وہ جس سے حلال و حرام معلوم ہو سکے لغت میں اس کے معنی ہر ایک شئے کو اس کی مناسب جگہ میں رکھنے کے ہیں۔ مراد حقائق کتاب واسرارات خفیہ وحی۔

ویزکیھم (و پاک کند ایشاں را۔ اور سنوارے ان کو)

یزکی، مضارع۔ التزکیۃ التخلیۃ من ارجاس الشرک والشک۔ پاک کرنا۔ اپنے مال سے شرعی تعلیم کے موافق ایک حصہ مال کا فقرا کو دینا۔ مصدر تفعیل ناقص۔ زکی۔ یزکی۔ مزکی۔ زکِ۔ لا تزکِ۔

انک (ہر آئینہ توئی۔ تحقیق تو ہی ہے)

انّ، موکد مضمون جملہ۔ انت ضمیر فصل بیان صفت و خبر۔

(غالب دانا۔ زبردست حکمت والا۔)
عزیز۔ غالب و زبردست جسے کوئی چیز عاجز نہ کرسکے۔ جو چاہے کرے صفت مشبہ

الحکیم۔ پختہ کار جسکا کوئی فعل مصلحت و عمدگی سے خالی نہو۔

ربنا، منادیٰ۔ فعل ھذا ندا
یقولوا، محذوف۔ فعل مع الفاعل

وابعث، ... فعل با فاعل
فیہم، جار مجرور ظرف لغو
رسولا، ... ذو الحال
منہم متعلق مرسلا حال

یتلو، ... فعل مع الفاعل
علیہم، جار مجرور ظرف لغو
اٰیٰتک، ... مفعول

ویعلم، ... فعل مع الفاعل
ھم، ... مفعول اوّل
الکتب والحکمۃ، ... مفعول دوم
ویزکیھم، جملہ فعلیہ معطوف علیٰ ماقبل

ان، حرف مشبہ بالفعل۔ ک۔ اسم
انت، ... ضمیر فصل
التواب، موصوف
الرحیم، صفت
... خبر

وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ

وکیست کہ رو بگرداند	از کیش	ابراہیم	مگر آنکہ	در احمقی افگند		
اور کون	پھر جاتا ہے	دین	ابراہیم کے سے	مگر جس نے	بیوقوف کیا	

نَفْسَهٗ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا وَاِنَّهٗ

نفس خودرا	و ہر آئینہ	برگزیدیم اورا	در	سرا سے	و ہر آئینہ	
جان اپنی کو	اور تحقیق	پسند کیا ہمنے اسکو	بیچ	دنیا کے	یعنی ابراہیم کو اور تحقیق	

فِی الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۲۵﴾ اِذْ قَالَ

در سرائے دیگر از شائستگان است آنگاہ کہ گفت اورا

بیچ آخرت کے البتہ صالحوں سے ہے جب کہا اسکو

لَهٗ رَبُّهٗۤ اَسْلِمْ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۲۶﴾

پروردگار او کہ منقاد شو گفت منقاد شدم پروردگار عالمہارا

رب اسکے نے کہ مطیع ہو کہا مطیع ہوا ہیں واسطے پروردگار عالموں کے

او کیست کہ روئے بگرداند۔ اور کون ہے جو پھر جائے۔ ترک کرے)	الارادۃ۔ اِن عدی بالیٰ او بفی۔
مَن، مظہر استعجاب و استبعاد و انکار۔	وَان عُدی بعن فالمراد بہ الترک چھوڑنا۔ اعراض کرنا۔ اور مائل ہونا۔ و قصد کرنا مصدر ک۔ ف
یرغب، مضارع۔ الرَّغْبُ۔ والرَّغْبَۃ	رَغِبَ یَرْغَبُ۔ رَاغِبٌ۔ مَرْغُوْبٌ

ف۱ ومن یرغب - حضرت عبداللہ بن سلام سے مروی ہے کہ انہوں نے اپنے بھتیجوں سلمہ ومہاجر کو اسلام کی دعوت دی اور جتایا کہ تم دونوں خوب واقف ہو کہ توراۃ میں خداوند عالم نے خبر دی ہے کہ میں ولد اسمعیل سے ایک نبی امی پیدا کرونگا اس کا نام احمد ہوگا جو شخص اسپر ایمان لائے گا ہدایت و رشد پائے گا لیکن جو اس سے انکار کرے گا وہ ملعون ہوگا یہ سنکر حضرت سلمہ ایمان لے آئے اور مہاجر نے انکار کر دیا۔ اسپر یہ آیت نازل ہوئی۔

ف۲ مظہر استبعاد و انکار اے قال استبعادا و انکارا لا یکون احد یرغب عن ملتہ الواضحۃ الغراء اے لا یرغب احد عن ملتہ ۱۲

عن ملة ابراهيم ـ الا من سفه نفسه

اِرْغَبْ - لَا تَرْغَبْ -

(از کیش ابراہیم - ابراہیم کے مذہب سے)

عن، صلہ فعل - ملۃ - مذہب و طرز وروش -

اِبْرَاهِيم، اسم عجمی غیر منصرف

(مگر آنکہ سفیہ کرد نفس خود را - یا خوار گرداند نفس خود را - مگر جسنے ذلیل کیا اپنے کو -

اِلَّا، حرف استثنائے مفرغ منصوب المحل

مَن، موصولہ - سفہ، باضیٔ اسع

السفاهة الخفة يقال لمن يتعجل في الافعال باتباع الهوى والشهوة من غير تدبر وتفكر في منافعه و مضاره - غرض سفاہت اس بےتحملی ہلکے پن اور سبکی کا نام ہے جو خوشی یا غصہ کے وقت انسان میں پیدا ہو کر اسے خلاف عقل و خلاف شرع امور پر برانگیختہ کرتی ہے اور اکسانی ہے

مصدر ض ض وک ف - سَفِہَ -

يَسْفَهُ - سَفِيهٌ - سَافِهٌ - مَسْفُوهٌ - اِسْفَهْ - لَا تَسْفَهْ

ولقد اصطفيناه

(وہر آئینہ برگزیدیم اورا - اور تحقیق خاص کیا ہے ہمنے اسکو - یا پسند کیا ہے)

ل، ابتدائیہ - قد، مظہر تاکید

اصطفینا، ماضی ج م و مرجع ضمیر منصوب (ابراہیم)

الاصطفاء چھانٹنا - الگ الگ کرنا عام ملی ہوئی چیزوں میں سے عمدہ چیز چھانٹ لینا قال واصله اتخاذ صفوة الشئ اسے خالصہ (روح)

في الدنيا

(در دنیا - دنیا میں)

فی، ظرفیہ - دنیا اسے دار الدنیا عالم ممکنات - مقدمہ آخرت - محل کسب و عمل -

وانه في الآخرة

(و بدرستی کہ او در آخرت - اور البتہ وہ آخرت میں)

اِنَّهٗ، اسے ابراہیم - اٰخرۃ اسے

فی دارالأخرۃ۔

من الصلحین

(ہر آئینہ از شایستگان ست۔ البتہ صالحین سے ہے)

ل، مظہر تاکید۔ مِن، بعضیہ

الصّٰلِحِین، جمع صالح وہ شخص جس کا قول و فعل قانون فطرت کے مطابق ہو عقلاً و شرعاً تحسین کے لائق ہو۔ اور وہ شخص جو اپنے آپ کو قلبی اور قالبی فساد نوں اور کدورتوں سے پاک کرے۔

اذ قال له ربه

(و آں وقت کہ چوں بگفت او را پروردگار اور جب کہا اسکو اسکے رب نے)

اذ، ظرف متعلق باصطفینا۔ یا منصوب باذکر اے اذکر ذلك الوقت لتعلم انه المصطفی الصالح وانه نال ما نال الا بالمبادرۃ والانقیاد الی ما امر به واخلاص سرہ حین دعاہ ربه۔

قالَ، ماضی له اے لابراھیم

اسلم

(کہ گردن بنہ۔ قبول بکن فرمان ما۔ مطیع ہو۔ کہا مان۔ عبودیت کا اظہار کر)

اسلم، امر اے خلص نفسك الی اللّٰہ وفوض الیه امورك و بمعنی خلص دینك و عبادتك و توجہك او اظہر الاسلام بالعمل والخلوص۔

قال اسلمت

(گفت مطیع شدم۔ باطاعت سر نہادم کہا مسلمان ہوا میں۔ مطیع و فرمانبردار ہوا میں۔

اَسْلَمْتُ، مضی

الاسلام، آمر کے امر و نہی کا بلا اعتراض مان لینا۔ اس کا مطیع ہو جانا۔ مصدر

لرب العلمین

(مر پروردگار جہانیاں را۔ جہان کے پروردگار کے لئے۔)

العٰلمین، جمع عالم جملہ ماسوی اللّٰہ تمام مخلوق۔ اجناس ذی اعلام۔

ومن یرغب

مَن، استفہامیہ ... مبتدا

یرغب، فعل مع الفاعل

عن ملت ابراھیم، ظرف لغو

الا-من،... موصولہ
سفہ نفسہ، جملہ فعلیہ صلہ
ویا الا من سفہ نفسہ
بدل ضمیر یرغب
ویا سفہ نفسہ منصوب بنزع الخافض
وافضاء الفعل الیہ اے سفہ فی نفسہ
وقیل اصلہ سفہ نفسہ بالرفع فلما اسند
الفعل الی صاحبہا نصب علی التمیز کما
یقال طاب زید نفساً اے طاب نفس
زیدٍ

الا من سفہ نفسہ[1]-
سفہ، متعدی بنفسہ فعل ضمیر فاعل
نفسہ، ...... مفعول بہ

ولقد اصطفینا، فعل با فاعل
ہ، مفعول - فی الدنیا ظرف لغو
یہ جملہ یرغب کی ضمیر مرفوع سے
حال ہے اور مقرر جہتہ انکار ہے
ای یرغب عن ملتہ ومعہ ما یوجب
الترغیب اور لام ابتدائیہ ہے
اور جواب قسم محذوف - اور جملہ
معطوف ماقبل پر ہے -
و- انہ، حرف مشبہ بفعل مع الاسم
فی الاخرۃ[2]، متعلق بمحذوف خبر
اے انہ فی الاخرۃ - صالح -
وھو لمن الصلحین - وفیہ حجۃ
وبیان لما سبق فانہ من کان

---

[1] - اور کہا ہے کہ سفہ، بالکسر مثل سفہ بالضم لازم ہے اور بوجہ تضمن معنی جہل متعدی ہوا ہے ای جہل نفسہ لخفۃ عقلہ وعدم تفکرہ اور یا نفسہ منصوب بنزع خافض ہے اے فی نفسہ یہ تقدیر بھی اسکے لزوم کے منافی ہے اور یا منصوب بنا بر تمیز ہے اور اصل میں مرفوع لیکن فعل جب اپنے فاعل کیطرف منسوب ہوا تو اسے منصوب کر دیا ہے بنا بر تمیز مثل طاب زید نفساً اے طاب نفس زیدٍ -

[2] فی الاخرۃ ظرف مستقر - کیونکہ الصالحین کا الف ولام بمعنی الذی ہے اے لمن الذین صلحوا

ھذا سنا نه فی الدنیا و الاٰخرة فلا یرغب عن اتباعہ الا سفیہ جاھل ضعیف العقل اور جملہ اول ماضویہ ہے اسلئے کہ وہ حکایت ماضی ہے اور دوسرا جملہ اسمیہ ہے اسلئے کہ وہ مفید بزمان نہیں کیونکہ صالحین آخرت کے زمرہ میں داخل ہونا اور ان سے شمار ہونا ایک امر مستمر فی الدارین ہے یہ مطلب نہیں کہ وہ آخرت میں پیدا ہوگا۔ اور انّ ولام تاکید کے لئے ہیں کہ امر آخرت مخاطبین کے لحاظ سے امر خفی ہے۔

جملہ فعلیہ معطوف:

و۔ اذقال، ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ فعل

ربّه، ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ فاعل

له، ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ظرف لغو

اسلم، ۔ ۔ ۔ جملہ فعلیہ مفعول

قال، ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ فعل مع الفاعل

اسلمت لربّ العالمین — جملہ فعلیہ مقولہ

وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ؕ يٰبَنِيَّ

ووصیت کرد بایں کلمہ ابراہیم پسران خود را و یعقوب نیز فرزندانش را اے فرزندان من

اور نصیحت کی ساتھ اسکے ابراہیم نے بیٹوں اپنے کو اور یعقوب نے اے بیٹو میرے تحقیق اللہ نے

بقیہ حاشیہ صفحہ ۶۱۶

پس اس صورت میں فی الاٰخرة کا تعلق صالحین سے نہیں ہوسکتا کیونکہ تقدم صلہ ممنوع ہے لہذا اس کا تعلق ایک محذوف سے ہونا چاہیئے تقدیر عبارت یہ ہے (وانه صالح فی الاٰخرة لمن الصالحین۔ اور کہا گیا ہے کہ کلام میں تقدم وتاخر ہے اصل عبارت یہ ہے (و لقد اصطفینٰه فی الدنیا والاٰخرة و انه لمن الصالحین اور یا صالحین کے ساتھ متعلق ہے اور ال اس کا تعریفی ہے نہ بمعنی الذی۔

إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ إِلَّا

خدا برگزیدہ است برائے شما ایں دین را پس ازیں جہان نمیرید مگر

پسند کیا ہے واسطے تمہارے دین پس نہ مرو تم مگر

وَأَنْتُمْ مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ أَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ إِذْ حَضَرَ

مسلمان شدہ آیا حاضر بودید آنگاہ کہ پیش آمد

اور تم مطیع ہو کیا تم تھے حاضر جسوقت آئی

يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ إِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ

یعقوب را مرگ آنگاہ کہ گفت فرزندان خودرا چہ چیزرا عبادت خواہید کرد

یعقوب کو موت جسوقت کہا اسنے واسطے بیٹوں اپنے کے کس چیز کو عبادت کروگے

مِنْ بَعْدِيْ قَالُوْا نَعْبُدُ إِلٰهَكَ وَإِلٰهَ آبَآئِكَ

بعد از من گفتند عبادت کنیم معبود ترا و معبود پدران ترا

تم پیچھے میرے سے کہا انہوں نے عبادت کرینگے ہم معبود تیرے کو اور معبود باپوں تیرے

إِبْرٰهٖمَ وَإِسْمٰعِيْلَ وَإِسْحٰقَ إِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ

کہ ابراہیم و اسمعیل و اسحق اند عبادت کنیم آن معبود یگانہ را

ابراہیم اور اسمعیل اور اسحق کے معبود ایک کو

وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۳﴾ تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ

وما اورا منقادیم ایں گروہے است کہ درگذشت

اور ہم واسطے اسکے مطیع ہیں یہ تھی ایک امت تحقیق گزر گئی

مَا كَسَبَتْ وَلَكُم مَّا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْـَٔلُونَ

وے راست آنچہ کروند وشمار است آنچہ کردید وشما پرسیدہ

واسطے انکے تھا جوکچھ کمایا انہوں نے اور واسطے تمہارے جوکچھ کمایا تم نے اور نہ پوچھے

عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۱۲۹

نخواہید شد ازآنچہ آں گروہ میکردند

جاوٴگے تم اس چیز سے کہ تھے وہ کرتے

وصّی (وہ وصیت نمودآں - اور وصیت کی اسکی)

وصّٰی، تاکیداً کہا اُسنے حکم کیا اُسنے - وصیت کی اُسنے - ماضی

التَّوصِیَۃُ التقدم الی الغیر بفعل فیه صلاحٌ وقربةٌ اصلها الوصل یقال وصّاہ اذا وصله وفصّاہ اذا فصله کان الموصی یصل فعله بفعل

الموصّی - نیک امر کی صلاح دینا - شے کا عہد لینا - ایک شے کا حکم دینا - مصدر تفعیل معتل واوی ناقص - وَصّٰی، یُوَصِّیْ، مُوَصٍّ، وَصِّ، لَا تُوَصِّ - یقال وَصّٰی تَوصِیَۃً فلانًا بکذا اے عہد الیه به - بِهَا اے بملة او بقوله اسلمت علی تاویل الکلمة -

۱ التوصیۃ دوسرے کو اپنا فعل سونپنا بلحاظ صلاح وقربت آخروقت عمر میں ہو یا اس سے پہلے وصیت بالقول ہو خواہ بالدلالة لیکن عرف میں مشہور ہے کہ وصیت کا اطلاق قول مخصوص پر ہوتا ہے جو حالت احتضار موت میں کہا جائے - اصل اس کا وصل ہے ذی زرع وسبزہ زار زمین کو ارض واصیۃ کہتے ہیں یعنی زمین متصلة النبات اور ایسی جب ایک شے کو دوسری سے ملایا جائے تو وصاہ کہتے ہیں اور جب اسکو اس سے الگ کیا جائے تو فصاہ بولتے ہیں گویا موصی اپنے فعل کو اپنے نائب کے

ابراہیم بنیہ و یعقوب

(ابراہیم پسران خود را و یعقوب نیز۔ ابراہیم نے اپنے بیٹوں کو اور یعقوب نے)

بنی، اصل بنین۔ نون اضافۃ کی وجہ سے ساقط ہوا ہے۔

یعقوب، نام پسر حضرت اسحاق بن حضرت ابراہیم ملقب بہ اسرائیل علیٰ نبینا وعلیہ السلام۔

یٰبنی

(اے فرزندان مرا۔ اے میرے بیٹو)

یا، حرف ندا۔ زبان عرب میں ایسے حروف سے مخاطب کو اپنی طرف متوجہ کیا جاتا ہے وہ دور ہو خواہ نزدیک مرد ہو خواہ عورت۔

بنی، (اصل بنوی۔ بنی ی۔)

ان اللہ اصطفیٰ

(ہر آئینہ خدا برگزیدہ است۔ تحقیق اللہ نے پسند کیا ہے)

اصطفیٰ، ماضی۔ الاصطفاء چن لینا۔ پسند کرنا۔ چھانٹنا۔ مصدر افتعال ناقص۔ اس میں الف حرف یا سے اور وہ واو سے منقلب ہے اصل مادہ (الصفوۃ) اِصطفٰی یَصطفِی۔ مُصطفٍ اِصطفِ لَا تصطفِ۔

لکم الدین

(برائے شما این دین را۔ تمہارے لئے یہ دین۔)

لے جعل لکم الدین الذی ہو صفوۃ الادیان۔

ل، زائد۔ یا مظہر تخصیص

الدین، ل عہد خارجی۔ اسے دین ابراہیم و دین اسلام

فلا تموتن الا وانتم مسلمون

(پس ازیں جہاں نہ میرید مگر۔ پس نہ مرو تم مگر) ظاہر انہی موت پر واقع ہے اور حالانکہ یہ مقصود نہیں کیونکہ موت کسی کے بس اور قدرت میں نہیں ہے۔ بلکہ نہی اتصاف بخلاف حال اسلام پر واقع وقت موت کے۔ یعنی موت کے وقت تمہیں خلاف حالت اسلام سے متصف نہ ہونا چاہیے۔ اور غرض اس کے

تاکید احتیاط ہے۔

ف، تفریعیہ وتعقیبیہ۔

لا تموتن، مـ ج ح نہی مؤکد الموت والمیتۃ والممات فوت ہونا مصدر ف۔ ض۔ اجوف واوی۔ مات یموت۔ مائت۔ مموت۔ مت لا تمت۔

الا، حرف استثنا یہ حرف اپنے مدخول یعنی مستثنیٰ کو حکم مذکور سابق سے علیحدہ کرتا ہے۔ اور اس کی عدم شرکت کو ظاہر کرتا ہے۔

(الا وانتم مسلمون) (کہ شما مسلمان باشید۔ ایسی حالت میں کہ مسلمان ہو تم۔ یا مسلمانی پر)

و۔ حالیہ انتم، اصل ان ضمیر و تم بیان خطاب۔

مسلمون، جمع مسلم۔ سچا و دیندار و مسلمان

(ام کنتم شہداء) (آیا شما حاضر بودید۔ کیا تم حاضر تھے)

ام، منقطعہ بمعنی بل اضرابیہ[۱] اے لیس الامر کذالک بل ما کنتم حاضرین۔

و یا متصلہ و ہمزہ مظہر لزوم اے اکنتم غائبین ام کنتم شہداء۔ اس تقدیر پر استفہام اپنی حقیقت پر نہیں ہے کیونکہ شق اول محقق الوقوع و معلوم ہے اور شق ثانی متحقق الانتفاء ہے لہٰذا یہ استفہام الزام و تبکیت کے معنی میں ہے کہ امرین میں سے جو مانا جائے تمہارا مدعا باطل ہے۔ اے ای الامرین

[۱] ام منقطعہ۔ یعنی بیان وصیت سے اعراض کر کے ان کے ابطال دعویٰ یہودیت کی طرف توجہ دلائی گئی ہے اور معنی ہمزہ مقدرہ انکار کے ہیں اے ما کنتم حاضرین یعنی تم ابراہیم اور یعقوب کے مرنے کے وقت حاضر نہ تھے پس کس طرح تم ان سے وصیت یہودیت کا دعویٰ کر سکتے ہیں۔ روی ان قالت الیہود للنبی صلی اللہ علیہ وسلم الست تعلم ان یعقوب یوم مات اوصی بنیہ بالیہودیۃ فنزلت ام کنتم و تقدیرہ لیس الامر کذالک اے کما قلتم بل ما کنتم حاضرین فلم تدعون دعاوی باطلۃ۔ وقیل خطاب للمومنین والمعنی ما شہدتم ذالک وانما علمتموہ بالوحی ۱۲

کان مدعاکم باطل - اور یا استفہام
تقریری ہے اور تقدیر عبارت یہ ہے
اے کانت او ائلکم حاضرین حین
وصی بنیه علیه السلام بالاسلام
والتوحید وانتم عالمون بذلك فما لکم
تدعون علیه خلاف ما تعلمون -

کُنْتُمْ، ماضی ج ح ناقص
شھداء، جمع شہید یا غیر منصرف
بوجہ الف تانیث جمع شاہد بمعنی حاضر

حضر
(آنوقت کہ بیامد - جسوقت آئی -)
حضر، ماضی ا - ع اَلْحَضْرُ، وَالْحُضُوْرُ
سامنے آنا - حاضر ہونا مصدر ن ض
حَضَرَ - یَحْضُرُ - حَاضِرٌ - مَحْضُوْرٌ
اُحْضُرْ - لَا تَحْضُرْ -

یعقوب الموت
(یعقوب را مرگ - یعقوب کو موت)
یعقوب، نام حضرت ابن اسحاق نام
تعقیب سے ماخوذ ہے کیونکہ آپ حضرت
عیص کے توامان بھائی ہیں اور ولادت
میں ان سے معقب ہیں اور وہ ان سے
سابق ہیں - اسی تعقیب ولادت کے
باعث آپکو یعقوب کہتے ہیں -
الموت - اصل جسم سے روح کی علیحدگی
آخری دم حیات - حضرت عزرائیل -

اذ قال لبنیه
(آنوقت کہ بگفت مر پسران خود را -
جسوقت اس نے کہا اپنے بیٹوں سے)
بنی اصل بنین جمع ابن -

ما تعبدون
(چہ چیز را عبادت خواہید کرد - کس چیز
کی عبادت کروگے -)
ما، استفہامیہ بمعنی ای شئ -
تعبدون، مضارع ج ح

من بعدی
(از پس من - میرے مرنے کے بعد)
اے ای شئ تعبدونه من بعد موتی
اراد تقریرهم علی التوحید والاسلام

قالوا نعبد
(بگفتند عبادت کنیم - انہوں نے کہا
ہم عبادت کرینگے)
قالوا، ماضی ج ع **نعبد** مضارع ج م

الهک
(معبود ترا - تیرے رب یا معبود کی)
الله، اسم عربی جامد غیر مشتق ذات لائق

عبادت و پرستش جامعہ صفات کمالیہ حی، علیم، قدیر، مرید، کلیم سمیع بصیر۔ ازلی، ابدی۔

والٰه اٰبآئك

(و معبود پدران ترا۔ اور تیرے باپ داوون کے رب کی)

اٰباء، جمع اب وما علیٰ۔ باپ اور جد وغیرہ

ابراهیم و اسمٰعیل و اسحٰق الٰهًا واحدًا

(کہ ابراہیم و اسمٰعیل و اسحاق ہیں معبود یگانہ کو)

واحد، تنہا و یگانہ بذات و صفات خود

وکان اسمٰعیل علیہ السلام عمًّا لهم [1]

والعرب یسمّی العم ابًا کما تسمّی الخالۃ امًّا۔

ونحن له مسلمون آے مذعنون مقرون بالعبودیۃ او خاضعون منقادون مستسلمون لنبیہ و امرہ قولاً و عقلاً او داخلون فی الاسلام ثابتون علیہ۔

تلك امة قد خلت

(این گروہے است کہ بتحقیق درگذشتند وہ ایک جماعت ہے، جو گذر چکی ہے۔)

امۃ، بمعنی جماعت ماخوذ ہے ام بمعنی قصد سے اسکا اطلاق ایسی جماعت پر

---

[1] اسمٰعیل علیہ السلام مقدم الذکر اس لئے ہیں کہ آپ مسن تھے اور آپ حضرت یعقوب علیہ السلام کے عم ہیں تغلیباً آپ کو آباء یعقوب سے شمار کیا ہے اور اکثر وقت عرب عم کو بجائے اب استعمال کرتے ہیں۔ والٰہ اٰبائك متعدد کی طرف اضافت الٰہ میں یہ اشارہ ہے کہ مذکورین تمام اسی دین ملت علیائے اسلام کے پیرو تھے اور کہا ہے کہ اس وقت حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بارہ صاحبزادے تھے حضرت اسمٰعیلؑ و اسحاقؑ و مدین و زمزان و سرخ۔ نقش۔ نقشان۔ امیم۔ کیسان۔ سورج۔ لوطان۔ نافس ایسے ہی حضرت یعقوب علیہ السلام کے بھی بارہ صاحبزادے تھے۔ حضرت یوسفؑ روبیل۔ شمعون۔ لاوی۔ یہوذا۔ وانی۔ نفتالی۔ کاد۔ اسیر ایساجر۔ اریکون۔ بنیامین ۱۲۔ (روح) مصطفٰی

ہوتا ہے جن کی جمعیت کا باعث امر واحد ہے مثل دین واحد یا زمان واحد یا مکان واحد۔

قد خلت، ماضی۔

تلک، مراد ابراہیم و یعقوب وغیرہم۔

لها ما کسبت ولکم ما کسبتم ولا تسئلون عما کانوا یعملون

(مر ایشاں راست آنچہ کردند و شمارا است آنچہ کسب کردید شما - وہ انکا ہے جو کمایا انہوں نے - اور تمہارا ہے جو تم نے کمایا ہے - یا کماؤ گے)

(و نہ پرسیدہ خواہید شد از آنچہ آنگروہ میکردند - اور تم نہ پوچھے جاؤ گے اس چیز سے کہ وہ کرتے تھے)

التركيب

لا تسئلون، مضارع - جمع - حاضر - مجہول۔

وصّی، فعل - بہا - ظرف لغو

ابراهیم ...... فاعل

بنیه، ...... مفعول

و یعقوب، ..... مبتدا

کذالک، ... محذوف خبر

یا، ...... حرف ندا

بنیّ، ...... منادی

اِنّ، مشبہ بفعل - **اللّٰه،** اسم

اصطفٰی، فعل مع فاعل

لکم، ... ظرف لغو

الدین، .. مفعول

اس سے قال او قالا - او قائلا اس تقدیر پر کہ کلام محکی مشترک ہے درمیان حضرت ابراہیم و حضرت یعقوب علیہما السلام کے یہ تقدیر قول بنا بر قول بصریین ہے اور کوفی عدم اضمار قول کے قائل ہیں اسلئے کہ توصیت متضمن معنی قول ہے دونوں تقدیروں پر جملہ حیز مفعول میں ہے

فلا تموتن، فعل با فاعل ذو الحال

الا، حرف استثنا ہے

و، حالیہ - **انتم،** ... مبتدا

مسلمون، ... خبر

الّا، حرف استثنا ...... اسکا مستثنیٰ منہ مقدر ہے (اعم الاحوال) تقدیر عبارت یہ ہے لا تموتن کائنا علی حال

من الاحوال الا فی حال کونکم ثابتین
علی الاسلام (شیخ)

والنھی فی الظاھر وقع علی الموت
وفی الحقیقۃ ھی عن ترک الاسلام
فی حین من الاحیان کیلا یقع
الموت فی تلک الحین وھو موت
لاخیر فیہ۔

ام منقطعہ۔ کنتم، فعل ناقص
انتم ضمیر اسم۔ شھداء، خبر
اذ، ظرفیہ۔ حضر، ... فعل
الموت، ... فاعل
یعقوب، ... مفعول
اذ ظرفیہ۔ قال، ... فعل مع الفاعل
لبنیہ، جار مجرور ظرف لغو
ما بمعنی ای شیٔ ... مفعول
تعبدون، فعل با فاعل
من بعدی، ظرف لغو
ای من بعد موتی

قالوا، ... فعل با فاعل
نعبد، فعل با فاعل فی الحال
نحن، ... مبتدا
لہ، ... ظرف
مسلمون، خبر
الٰھک والٰہ اٰبائک، مفعول
الٰھک والٰہ اٰبائک ذوالحال
الٰھًا محذوف موصوف یا مبدل منہ
واحدًا، صفت

اور نکرہ معرفہ سے بدل واقع ہو سکتا ہے
مثل قولہ تعالیٰ بالناصیۃ ناصیۃ
کاذبۃ اور فائدہ ابدال دفع توہم
تعدد ہے جو پیدا ہوا ہے ذکر الٰہ
سے مکرر واقع ہونے میں اور یا منصوب
بمدح ہے۔

ابراھیم واسمٰعیل اٰبائک سے بدل ہے
واسحٰق یا عطف بیان۔

۵ اذ قال لبنیہ الخ یہ بدل اشتمال ہے اذ حضر سے اور دونوں مقصود ہیں جیسا کہ ابدال جمیل کے لئے
مقرر ہے مگر بدل میں بعض بیان کی زیادتی ہوتی ہے جو مبدل منہ میں نہیں پائی جاتی۔

تلک، ۔۔۔۔ مبتدا
امۃ، ۔۔۔ موصوف
قد خلت، فعل با فاعل ذوالحال
لہا، ظرف مستقر خبر
ما، موصولہ
کسبت، جملہ
اور یا بدل ہے قولہ تعالیٰ خلت سے
بمعنی لا تشارکوہم وھی کثیرا لواعیہ
وھذہ واعیۃ بتمام المراد اور یا
جملہ لہا ما کسبت امت کی دوسری
صفت ہے اور جملہ لکم ما کسبتم
جملہ اسمیہ مستقلہ ہے کیونکہ ان دونوں میں
کوئی رابط نہیں ہے اور نہ مقارنت
زمانی ہے اور کلام میں مضاف محذوف
ہے بقرینہ مقام لہا نکل اجر عملہ۔
اور تقدیم مسند اظہار قصر مسند الیہ کے

لئے ہے مسند پر والمعنی ان انتسابکم
الیہم لا یوجب انتفاعکم باعمالہم
وانما تنتفعون لموافقتہم واتباعہم
کما قال علیہ السلام یا معشر قریش
ان اولی الناس بالنبی المتقون
فکونوا بسبیل من ذلک فانظروا ان لا یلقانی
الناس یحملون الاعمال وتلقونی بالدنیا فاصد
ولکم، ظرف مستقر، خبر مقدم
ما، ۔۔۔ موصولہ مبتدا
کسبتم، جملہ فعلیہ صلہ
ای ما کسبتموہ۔
ولا تسئلون، فعل با فاعل
عن، حرف جار۔ ما موصولہ
کانوا یعملون، فعل مع الفاعل
ہ، ضمیر محذوف ۔۔۔ مفعول
ای لا تسئلون عن اعمالہم فلہا ما کسبت

ف۔ ومن یرغب الخ بتائید مضمون ماقبل۔ یہود کہا کرتے تھے بالفرض اگر یہ مان
بھی لیا جائے کہ مناسک حج حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عبادت اور اُنکے
طرز تعبد کی یادگار ہیں تاہم عامہ عبادت کے لئے وہ دائمی عبادت کے اصلی

نہیں ٹھہر سکتے کیونکہ توریت مقدس انکی شاہد و مصدق نہیں ہوسکتی ہے کہ یہ نافلہ عبادت یا ان کی مخصوصہ عبادت ہو عوام کے لیے اسکی اتباع ضروری نہیں۔ لہذا ارشاد ہوتا ہے۔ کہ ابراہیمی ملت کے دوام اور قابل اتباع ہونے سے کوئی عاقل سمجھدار حق پسند اعراض نہیں کرسکتا۔ کیونکہ وہ دنیا و آخرت میں ہمارے مقبول بندوں اور مخلص برگزیدوں کی مختار شریعت ہے تم نے نہ حضرت ابراہیم و یعقوب علیہما السلام کو دیکھا ہے اور نہ اسوقت تم حاضر و موجود تھے جبکہ انہوں نے اپنی اولاد سے وصیت کی ہے۔ کیونکہ ان دونوں بزرگواروں نے آخری وقت میں اپنی اولاد کو بلا کر تاکید سے فہمایش کی ہے کہ اے میرے بیٹو میں تمھیں وصیت کرتا ہوں اور امید رکھتا ہوں کہ تم اسے قبول کرلیں گے۔ میرے بعد اسی ملت حقہ کے تابع رہنا۔ اور اسی سچے مذہب اور پسندیدہ طرز تعبد پر ثابت قدم رہنا میں چاہتا ہوں کہ تمہارا خاتمہ اسی طریق پر ہو۔ کیونکہ بارگاہ رب العزت میں شرف تقرب حاصل کرنے کے لئے اس ملت سے بڑھکر کوئی آسان اور بہتر ذریعہ نہیں۔ اے یہود تم جانتے ہو کہ اس وقت انکی اولاد نے انہیں کیا جواب دیا تھا؟ ان سب نے یک زبان ہوکر اقرار کرلیا تھا کہ ہم ضرور اسی طرز تعبد کو اپنا شعار بنائیں گے اور ہمیشہ کے لئے اسی ملت پر قائم رہیں گے۔

روی ان قالت الیہود للنبی صلی اللہ علیہ وسلم ألَسْتَ تعلم ان یعقوب یوم مات اوصی لبنیہ بالیہودیۃ فنزلت ام کنتم شہداء اذ حضر یعقوب الموت الخ۔

ایسے ہی مشرکین مکہ سے ارشاد ہوتا ہے کہ صرف بعض مناسک حج اور طواف کی

نقل کر لینے سے ابراہیمی ملت کی پیروی کا دعویٰ نہیں ہوسکتا کیونکہ اس کی ملت کا سب سے پہلا اصول کفر و شرک اور بت پرستی وغیرہ بدعات سے علیحدہ ہوکر خالصاً سچی عقیدت سے بارگاہ قدس کی طرف رجوع ہونا ہے۔ چنانچہ جب ہم نے کہا اے ابراہیم اپنی دلی توجہ اور طبعی رجحان کو ظاہر کر تو اس نے فوراً جمیع ماسوی اللہ سے اعراض کرکے کہا میں خالصاً اپنے پروردگار کی اطاعت و فرمانبرداری پر ہوں پس ان تمام اصولوں کی پابندی کے بغیر ہرگز کوئی شخص ابراہیمی ملت کی پیروی کا دعویٰ نہیں کرسکتا۔

ف ۲۔ من سفه نفسه قيل معناه جهل نفسه وذلك انه من عبد غير الله فقد جهل نفسه لانه لم يعرفها وان عرفها عرف ربه لان عرفان حقيقة نفسه انه ممكن لا يقتضى ذاته وجوده ولا بقائه ولا يتصور له فى نفسه وجود ولا قيام ولا بقاء ولا يجوز حمله على نفسه حملا اوليا نحو زيد زيد۔ الا بعد انتسابه الى واجب الوجود قائم بنفسه قيوم لغيره لولاه لم يوجد غيره وهو اصل الاصل وهو نور السموات والارض قيم الاشياء واقرب الى الاشياء من انفسها حيث لم يجز حمل انفسها عليها الا بعد انتسابها اليه فقد عرف ربا واجبا واحدا قيوما نورا مبينا قريبا فمن سفه نفسه اى جهلها جهل ربه (اوحدى)

وقال المظهرى واعلم ان الجهل قد يكون ضد العلم الذى هو الاعتقاد الجازم المطابق للواقع المتعلق بالنسبة الحكمية التى بين القضية فيقتضى المفعولين۔ والعلم الذى يحصل بالبداهة او بالاستدلال

او الوحی اوالالہام فضدہ الجہل وہو عدم اصلی لیستند الی عدم تلک الاشیاء
ویکون ضد المعرفۃ التی تقتضی مفعولا واحدًا وہو من باب التصورات
ویحصل المعرفۃ بالمباشرۃ والبصیرۃ الموہوبۃ لارباب القلوب فالمراد
بالسفہ ہو الجہل بالمعنی الثانی حیث عدی الی مفعولٍ واحدٍ ای لم یعرف
نفسہ بالبصیرۃ (مظ)

وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ۭ قُلْ
وگفتند شوید جہود یا ترسا تا راہ یابید بگو
اور کہا انہوں نے ہو جاؤ موسائی یا عیسائی راہ پاؤ گے تم کہو

بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ حَنِيْفًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ
بلکہ پیروی میکنیم بملت ابراہیم کہ حنیف بود و نبود از اہل
بلکہ پیروی کرتے ہیں ہم دین ابراہیم کی جو ایک طرف تھا اور نہ تھا

الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٣٥﴾ قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ
شرک بگوئید ایمان آوردیم بخدا و بآنچہ فرود آوردہ شد
مشرکوں سے کہو ایمان لائے ہم ساتھ اللہ کے اور جو کچھ اتاری گئی طرف ہمارے

اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ
بسوے ما و آنچہ فرود آوردہ شد بسوے ابراہیم و اسمعیل و اسحق
اور جو کچھ اتاری گئی طرف ابراہیم کے اور اسمعیل کے اور اسحق کے

وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى
و یعقوب و ذریت یعقوب و بآنچہ دادہ شد موسی و عیسی
اور یعقوب کے اور اولاد اسکی کے اور جو کچھ دی گئی موسی اور عیسی کو

وَمَا أُوتِيَ النَّبِيُّونَ مِن رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ

و آنچہ داده شدند پیغامبراں از پروردگار خویش تفریق نمے کنیم

اور جو کچھ دی گئی پیغمبروں کو پروردگار اپنے سے ہیں جدا ڈالتے ہم

بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ ○

درمیان ہیچ کس از ایشاں و ما برائے حق عز و جل منقادیم

درمیان کسی کے ان میں سے اور ہم واسطے اسکے مطیع ہیں

وقالوا كونوا هودا

(بگفتند شوید یہود یا ترسا۔ اور کہا انہوں نے ہوجاؤ موسائی یا عیسائی)

قالوا، ماضی ج غ کونوا، امر ج ح

ھودًا۔ الھودُ۔ والتھوّدُ یہودی ہونا

یقال ھادَ۔ یھودُ۔ ھودًا۔ دخل فی الیھودیۃ والھودُ۔ الیھودُ وقیل ھو جمع ھائد۔

او، مظہر توزیع گفتگو یا تفصیلیہ۔ یعنی ہر ایک گروہ نے اپنے اپنے خیال کے موافق کہا یہودیت کی ترغیب دی یہودیوں نے اور عیسائیت کی عیسائیوں نے۔

تھتدوا

(کہ راہ بیابید۔ راہ پاؤ گے۔)

تھتدوا، مضارع ج ح مجزوم بجواب امر اصل تھتدون الاھتداء راہ راست پر آنا مصدر افتعال۔

قل بل

(بگو نہ یہود شویم نہ ترسا بلکہ۔ کہہ نہ ہم یہودی بنتے ہیں نہ عیسائی بلکہ)

اے قل لھم علی سبیل الرد

قل، امر ح بل، اضرابیہ یہ حرف ماقبل کے حکم سے اعراض اور مابعد کی اثبات کو ظاہر کرتا ہے۔

بل ملۃ ابراھیم حنیفا

(پیروی میکنیم۔ یا لازم میگیریم ملت ابراہیم را۔ کہ او حنیف بود یا حنیف است۔ ہم پیروی کرتے ہیں دین ابراہیم کی جو حنیف ہے)

[illegible]

اسے لا نکون کما تقولون بل نکون ملة
ابراهیم لیے اهل ملة برعایت لفظ
او بل نتبع ملّة ابراهیم برعایت معنی
کیونکہ قال اول اتبعوا ملة الیهود
او النصاریٰ ہے یعنی اگر الفاظ مقولاتنا
کا اعتبار کیا جائے تو یہ معنی ہونگے
کہ ہم تمہارے کہے کے موافق یہود
ونصاریٰ نہیں بن سکتے بلکہ ہم اہل ملت
ابراہیم علیہ السلام ہیں۔ اور باعتبار
معنی یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہم تمہارے
کہنے پر یہود ونصاریٰ نہیں بن سکتے
بلکہ ہم ملت ابراہیمی کی اتباع اور اسکی
پیروی کرتے ہیں۔ اور یہ بھی کہہ سکتے
ہیں۔ کہ تم ہمیں یہود ونصاریٰ بنجانے
کی کیا ترغیب دیتے ہیں بلکہ تم خود
اہل ملت ابراہیم بنو یا اسکی ملت کی اتباع کرو

مِلّت، طرزِ عبادت۔ دین ومذہب
حنیفًا۔ حنیف کجی سے راستی
کی طرف مائل ہونے والی چیز اور وہ
شخص جو باطل سے ہٹ کر دین حق کی
اطاعت پر قائم ہو
اسے ملة مائلة عن الباطل او
ابراهیم مائلا عن الباطل او منه

وما کان من المشرکین
(ونہ بود او از مشرکاں۔ اور ابراہیم
نہ تھا شریک کرنے والوں سے)
غرض اس سے تعریض باہل کتاب وعرب
ہے جو اتباع ملت ابراہیمی کا دعویٰ
کرتے ہیں۔ اور ایک فرقہ العزیر ابن اللہ
اور دوسرا المسیح ابن اللہ اور تیسرا
الملائکہ بنات اللہ کہتا ہے پس تعریضًا
ان سے کہا جاتا ہے کہ اسی کا نام اتباع
ابراہیمی نہیں بلکہ یہ خاص صریح شرک
ہے اور وہ مخلص وموحد تھا مشرک
نہیں تھا۔ نعوذ باللہ۔
ما نافیہ **کان**، ماضی ناقص

قولوا آمنا باللہ
(بگوئید ایمان آوردیم بخدا۔ کہو تم ایمان
لائے ہم اللہ پر) مخاطب مومنین ہیں
۵۱ قولوا بصیغہ جمع اور اس سے پہلے بصیغہ افراد

قولوا ، ج ح امر ، **اٰمنّا** ، ما ضی ج م

ب - تعدیہ -

وما انزل الینا

(و بآنچہ فرستادہ شدہ است بسوی ما - اور جو بھیجا گیا ہے ہمارے طرف)

اسے القرآن قدم لانہ سبب للایمان بغیرہ لکونہ مصدقا -

ما ، موصولہ **انزل** ، ماضی مجہول ا ح ع

وما انزل الی ابراھیم واسمعیل واسحق ویعقوب والاسباط

(آنچہ کہ فرستادہ شدہ است بسوئے ابراہیم و اسمعیل و اسحاق و یعقوب و ذریت یعقوب اور اسپر جو بھیجا گیا ہے طرف ابراہیم اور اسمعیل و اسحاق و یعقوب پر اور یعقوب کی اولاد پر)

مراد وہ صحف ہیں جو حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نازل ہوئے ہیں اور اسمٰعیل و اسحاق وغیرہم کی طرف انکے نزول کی نسبت مجازاً ہے بعلاقہ تعبد و اتباع جیسے ہم کہتے ہیں کہ قرآن مجید ہم پر نازل ہوا ہے -

اسباط - جمع سبط مثل جمال و جمل

سبط ، بفتح سین و با و بکسر سین و سکون با ولد ولد کو کہتے ہیں - اور عموماً اسکا اطلاق قبیلہ و قوم پر ہوتا ہے -

مراد قبائل بنی اسرائیل - ماخذ اس کا بسط ہے یعنی درخت پر شاخ و کثیر الوسعت اور یا البسوطۃ یعنی استرسال سے ماخوذ ہے اور کہا ہے کہ وہ لبسط کا مقلوب ہے حضرت حسنین کو سبطین رسول علیہ السلام اسی وجہ سے کہتے ہیں کہ آپ سے دو قبیلے کثیر البرکت و کثیر التعداد قائم ہیں لیکن اب عام طور پر اولاد بنت پر سبط کا اطلاق ہوتا ہے -

وما اوتی موسیٰ وعیسیٰ

(و بآنچہ دادہ شد موسیٰ و عیسیٰ - اور اس پر جو دی گئی موسیٰ و عیسیٰ کو)

ما ، موصولہ ، **اوتی** ، ماضی مجہول ا ح ع

موسیٰ ، (اصل موسایا) اسم عجمی عبری)

وما اوتی النبیون

(و بآنچہ دادہ شدہ اند پیغمبران - اور اس پر جو دیگئی ہے پیغمبروں کو)

النبیون، جمع نبی مراد عام انبیاء ورسل بطریق تعمیم بعد تخصیص مراد کتب وصحف ومعجزات۔

من ربهم

(از پروردگار ایشان اپنے رب سے)

من، ابتدائیہ۔ رب صفت مشبہ یا مصدر۔

لا نفرق

(تفریق نے کنیم۔ ہم فرق نہیں کرتے)

لا نفرق، معنی التفریق، الگ الگ کرنا۔ پراگندہ کرنا مصدر تفعیل

فَرَّقَ، یُفَرِّقُ، مُفَرِّقُ، فَرِّقْ لَا تُفَرِّقْ۔

بین احد منهم

(درمیان ہیچ کس از ایشاں۔ درمیان کسے کے ان میں سے)

بل نؤمن بهم جمیعاً۔

بین، اسم ظرف۔ **احد،** ہمزہ اسکا اصلی ہے اور اس میں واحد و مثنی و مجموع مذکر و مؤنث یکساں ہے۔ اکثر غیر کلام موجب میں استعمال ہوتا ہے (کوئی یا کسی) اور کہا ہے کہ اصل اس کا وحد بمعنی واحد ہے سیاق نفی میں واقع ہونے کے بعد عموم کا فائدہ دیتا ہے واحد و کثیر اس میں مساوی ہیں اور یہ غیر احد عددی کے ہے جو اول عدد ہے مثل قولہ تعالیٰ قل هو الله احد ہیں

من، بیانیہ۔ ومرجع ضمیر نبیون

ونحن له مسلمون

(وما مراد استقادہم۔ اور ہم اسی کے مطیع ہیں۔ اسکے حکم پر ہیں۔)

فهذا هو الاسلام الذی کان ملة ابراهیم الحنیف ودینا لکل نبی من الانبیاء ودینا لمحمد صلی الله علیه وسلم۔

وقالوا

قالوا ... فعل مع الفاعل

کونوا فعل ناقص مع الاسم

هوداً او نصاریٰ ... خبر

تهتدوا جملہ فعلیہ جواب امر

لے ان کنتم کذلک تهتدوا۔

اے قالت الیهود للمؤمنین کونوا هوداً وقالت النصاریٰ لهم کونوا نصاریٰ۔

قُل ، . . . . . فعل با فاعل
بَل ، اضرابیہ - ملّۃ ، مضاف
ابراھیم ، ذوالحال
حنیفًا . . حال
نَتَّبِع ، فعل محذوف با فاعل

اے لا نکون ھودًا ولا نصاریٰ بل
نکون ملّۃ ابراھیم حنیفًا اے
بل نتبع ملّۃ ابراھیم مائلاً کما فی
قولہ تعالیٰ ونزعنا ما فی صدورھم
من غلّ اخوانًا - ویا ملّۃ ، منصوب
علیٰ حذف الجار وتقدیرہ بل نکون
علیٰ ملّۃ ابراھیم اے اھل ملتہ
فحذف علیٰ فصار منصوبًا -

ویا حنیفًا ملّۃ بمعنی دین سے حال
ہے - اے ملّۃ مائلۃ من الباطل
وقیل منصوب علی القطع اراد بل ملّۃ
ابراھیم الحنیف فلما اسقطت
الالف واللام لم تتبع النکرۃ المعرفۃ
فانقطع منہ فنصب

وَ مَا كَانَ ، فعل ناقص مع الاسم
مِن ، زائد - المشرکین ، خبر

ع یا وقف حنفاء اللہ غیر مشرکین
بہ اور حال ہے مضاف الیہ سے
نہ مضاف سے مگر تقدیر مضاف کے
بعد اے ما کان دین المشرکین -

قولوا . . . فعل مع الفاعل
اٰمنّا ، . . . فعل با فاعل
ب ، جار - اللہ ، معطوف علیہ
و ، ما . . . موصولہ
انزل الینا ، جملہ صلہ

ع مبنزلہ بدل بعض کیونکہ اتباع اعتقاد
وعمل پر مشتمل ہے اور یہ بیان اعتقاد ہے
اور یا بدل اشتمال ہے کیونکہ اس میں
تفصیل ہے جو اول میں نہیں - اور
یا جملہ استینافیہ ہے کانہم سألوا کیف
الاتباع فاجیبوا بذلك -

و ، ما . . . . موصولہ
انزل ، فعل ضمیر مستتر نائب فاعل
الیٰ ابراھیم الخ الاسباط ، ظرف

وَمَا ۔۔۔۔۔۔ موصولہ	لَا نُفَرِّقُ ۔۔۔ فعل با فاعل
اُوْتِیَ ۔۔۔۔ فعل	بَیْنَ اَحَدٍ ۔۔۔۔ ظرف
مِنْ رَّبِّهِمْ ظرف لغو	مِّنْهُمْ ۔۔ جار مجرور ظرف لغو
اور یا حال ہے عائد محذوف سے۔	اے امنا غیر مفارقین بینہم۔
النَّبِیُّوْنَ ۔۔ نائب فاعل	وَنَحْنُ ۔۔۔۔۔ مبتدا
	لَهٗ ظرف لغو۔ مُسْلِمُوْنَ خبر

ف۔ قَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا الخ۔ یہود کہا کرتے تھے۔ موسوی شریعت کے سوائے کوئی طریقہ قابل اتباع اور پیروی کے لائق نہیں۔ کوئی شخص اسکی پابندی بغیر خداوند عالم کی خوشنودی کے حاصل نہیں کرسکتا۔ اے مسلمانو اگر اپنی بہتری و فلاح چاہتے ہو تو اس پرانے اور صدہا برگزیدہ پیغمبروں کے مختار طریق کو اپنا رہبر بناؤ بھلائی کو پہنچو گے۔ ایسے ہی نصاریٰ اپنے مذہب کی صداقت اور غیر ادیان کی تکذیب کیا کرتے تھے اور نجات اُخروی کو عیسوی اطاعت میں محصور بتاتے تھے ارشاد ہوا اے مسلمانو ان دونوں فرقوں کے جواب میں کہہ دو کہ ہم نہ یہودی بنتے ہیں نہ عیسائی۔ بلکہ ہم برگزیدہ خدا امام الناس حضرت ابراہیم علیہ السلام کے مختار اور پسندیدہ طریقت کے پیرو ہیں۔ یہ وہ حق پسند موحد شخص ہے جس نے کفر و شرک اور گمراہی کے رسومات باطلہ کو مٹا کر توحید حقہ کے نورانی مشعل سے جہان کو روشن کیا۔ شرائع اسلام اور حق پرستی کی تعلیم دی توحید ذات و صفات کی راہ بتائی۔ اے یہود و نصاریٰ ہم حضرت موسیٰ و حضرت عیسےٰ علیہما السلام کی رسالت اور نبوت سے ہرگز انکار نہیں کرتے اور نہ تمہاری

طرح ان کی شریعت کو جھٹلاتے ہیں۔ بلکہ ہم ابراہیم علیہ السلام سے لیکر عیسیٰ علیہ السلام تک جو پیغمبر ہوئے ہیں اور جو ان سے بھی پہلے ہو گزرے ہیں ہم ان سب کی نبوت اور تمام منزلہ کتابوں اور صحیفوں پر صدق دل سے یقین رکھتے ہیں اور ہر ایک پیغمبر کو اپنا سچا سرپرست مانتے ہیں۔ کیونکہ قرآن شریف اُن سب کی صداقت پر گواہی دیتا ہے اور حق یہ ہے کہ ہم اس سچے پروردگار عالم اپنے حقیقی مالک کے دل و جان سے مطیع و فرماں بردار بندے ہیں۔ پس مناسب یہی ہے کہ کامل مکمل مذہب اسلام کی پیروی کیجائے جسکی تعلیم یہ ہے کہ اس تنہا بے مثل ذات کو شرکت غیر سے مبرّہ و منزہ سمجھا جائے اتخاذ ولد و بنات کے ناموزون وہموں سے اسکے دامن تقدس کو پاک صاف رکھا جائے۔ ہر ایک پیغمبر کو اپنا رہبر اور ہر ایک مقدس کتاب کو اپنا ہادی بنایا جائے۔ ھٰذا ھُوَ الاِسلامُ حقًا وَ مِلّۃَ اِبْرٰھِیمَ حَنِیفًا۔

ف ۲۔ والاسباط۔ جمع سبط۔ اولاد کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے چنانچہ حسنین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو اسی لئے سبطین کہتے ہیں کہ حسنی و حسینی دو بڑے قبیلے آپ حضرات سے قائم ہیں۔ اور یہاں اسباط سے اولاد حضرت یعقوب علیہ السلام مراد ہے انکے بارہ بیٹے تھے۔ انہیں کی اولاد سے بنی اسرائیل میں بارہ خاندان قائم ہوئے ہیں۔ گویا آپکا ایک فرزند ایک ایک قبیلہ دسبط ہے اور صحیفے اگرچہ صرف حضرت ابراہیم پر نازل ہوئے ہیں۔ مگر حضرت اسمٰعیل و اسحاق و یعقوب علیہم السلام اور ان کی اولاد کی طرف اسوجہ سے منسوب کئے گئے ہیں۔ کہ وہ انہیں صحیفوں کے ماننے والے اور ان پر عمل کرنے

والے اور ان کی تعلیم دینے والے تھے۔ جیسے مسلمان کہتے ہیں کہ قرآن ہم پر نازل
ہوا ہے۔

فَإِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا

پس اگر باور دارند اہل کتاب آنچہ باور داشتید شما پس راہ یافتند

پس اگر ایمان لاویں ساتھ اس چیز کے کہ ایمان لائے ہو تم ساتھ اس کے پس تحقیق راہ پائی

وَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا هُمْ فِيْ شِقَاقٍ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ

و اگر برگشتند پس جز این نیست کہ ایشان در مخالفت اند پس زود باشد کہ کفایت کند

اور اگر پھر جاویں پس سوائے اسکے نہیں کہ وہ بیچ خلاف کے ہیں پس شتاب کفایت کریگا تجھکو ان سے

اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳۷﴾ صِبْغَةَ اللّٰهِ وَمَنْ

خدا بانتقام تو ایشان را و اوست شنوا و دانا قبول کردیم رنگ خدا را و کیست

اللہ اور وہ سننے والا جاننے والا ہے رنگ دیا ہے ہمکو اللہ نے اور کون

أَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً وَنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ﴿۱۳۸﴾

بہتر از خدا باعتبار رنگ و ما او را پرستندگانیم

بہتر خدا سے رنگ میں اور ہم اسی کو عبادت کرنے والے ہیں

فَإِنْ اٰمَنُوْا (پس اگر ایمان بیارند یا بیاورند پھر اگر وہ ایمان لے آویں یا لائے)

اِن اس جگہ مجرد فرض کے لئے ہے اور قبیل استدراج سے ہے۔

ف فصیحہ۔ اٰمنوا ماضی بمعنی مضارع۔

بِمِثْلِ (بمانند آن آنچہ کہ ایمان آوردید شما بآن۔ جسطرح کہ ایمان لائے ہو تم اس پر۔)

ب، صلہ مثل - یا بمعنی استعانت و یا سببیہ یعنی جن دلائل کی مدد و استعانت یا سبب سے تم ایمان لائے ہو - اگر اہل کتاب ان کی مثل دلائل کے سبب یا ان کی مدد و استعانت سے ایمان لائیں تو البتہ راہ یاب ہونگے -

مثل ایک صفت اگر چند چیزوں میں پائی جائے تو وہ چیزیں اس وصف مشترکہ کے باعث ایک دوسری کی مثل اور مانند کہلاتی ہیں - یعنی ہم نہیں کہتے کہ ہم حق پر ہیں اور تم باطل ہو لیکن یہ کہتے ہیں کہ اگر تم میں یہ بات پیدا ہو جائے جسپر ہم ہیں جو کہ ایمان و تدین کی اصل اصول ہے البتہ ہدایت پاؤگے اور یہی ہمارا مقصود ہے -

لے یہود کیا اس ایمان کے مقابلہ میں کوئی دوسرا ایمان ہو سکتا ہے - ہرگز نہیں - ہم ایمان لائے ہیں اس وحدہ لاشریک لہ کی ذات یگانہ و بے مثل پر اور اسکی تمام منزلہ کتابوں پر اور اسکے تمام برگزیدہ خلائق انبیا و رسل پر ہر ایک کو ہم اپنا سر تاج سمجھتے ہیں اور ہر ایک کے ساتھ ہماری سچی عقیدت ہے - کسی ایک کے طرفدار بنکر دوسرے کو برا نہیں کہتے - یہی ہمارا ایمان جسکی ہمکو تعلیم دی گئی ہے اس تقدیر پر

مثل بمعنی ظاہر و اٰمنوا متعدی بالباء ہے اور کہا ہے اٰمنوا جاری مجری لازم ہے اور با استعانت یا الہ کیلئے ہے اور معنی یہ ہے کہ اگر وہ داخل ہو ایمان میں بواسطہ شہادت مثل شہادت تمہاری کے قولا و فعلا و اعتقادا البتہ ہدایت پائینگے اور یا با زائدہ تاکید کے لئے ہے اور ما مصدریہ ہے اور ضمیر راجع ہے طرف اللہ کے یا طرف قرآن کے یا طرف محمد رسول اللہ علیہ السلام کے تو یہ معنی ہونگے اگر ایمان لائیں وہ ما ذکر پہ مثل ایمان لانے

تمہارے سے کے - اوریا بمعنی ملابست
ہے اسلئے فامنوا متلبسین بمثل
ما اٰمنتم متلبسین بہ اوفان اٰمنو
ایمانا متلبسا بمثل ما اٰمنتم ایماناً
متلبسًا بہ من الاذعان والاخلاص
وعدم التفریق بین انبیاء اللہ تعالٰی
اوریا لفظ مثل زائد ہے - جیسے قولہ
تعالٰی میں ہے وشہد شاھد من
بنی اسرائیل علٰی مثلہ اے علیہ
اور ہوسکتا ہے مرجع ضمیر بہ انجیل یا
توراۃ ہو - اور معنی یہ ہیں کہ وہ یعنی
یہود یا نصارٰی توراۃ یا انجیل پر ایمان

لائیں جبکہ تم ان پر ایمان لائے ہو
مراد انجیل و توراۃ غیر محرف البتہ وہ
ہدایت یاب ہوسکتے ہیں اور مومنین
سے تمام مومنین مراد لے سکتے
ہیں اوریا خاص وہ حضرات جو اہل
کتاب سے مشرف باسلام ہوئے
ہیں مثل عبداللہ بن سلام وغیرہم کے
میرے خیال میں یہ توجیہ تمام تاویلوں
سے مرجح ہے -
بعضوں نے لفظ مثل[1] کو زائد کہا ہے
کہ یہ صرف اظہار تعظیم و تفخیم کے لئے
لایا گیا ہے -

---

[1] مثل - بعضوں نے اسکو زائد کہا ہے - مگر شاہ عبدالعزیز صاحب اسکی یہ وجہ لکھتے ہیں - کہ مومن بہ عبارت ہے معنی قضیہ سے جو متعلق حکم و تصدیق ہے - اور معنی قضیہ کو اس اعتبار سے کہ وہ متعدد تصدیق کنندگان کے اذہان کے ساتھ قائم ہوتا ہے - متعدد و متغائر لکھتے ہیں - کیونکہ اعراض کی تشخیص انکے موضوعات کی تشخیص سے ہوا کرتی ہے - پس وہ معنی قضیہ جو مومنین کے اذہان کیساتھ قائم ہیں - بالضرور اس معنی کے غیر ہونگے جو اہل کتاب کے اذہان کے ساتھ قائم ہونگے لیکن باعتبار اتحاد طرفین و نسبت و حکم ان دونوں معانی میں مماثلت متحقق ہے لہذا بلحاظ اس مغائرت کے لفظ مثل لانا مناسب محل سمجھا گیا - اور اگرچہ عرف میں اس قسم کی مغائرت کا اعتبار نہیں کیا جاتا لیکن حقائق

ما، مصدریہ - اٰمنتم، ماضی ج ح
ب، زائدہ یا بمعنی استعانۃ یا سببیہ مثل
اول -

فقد اھتدوا (پس ہر آئینہ راہ راست یافتند پس
تحقیق راہ پائی انہوں نے)
ف، جواب ان - اھتدوا، راہ
پائی انہوں نے - یا راہ پائیں گے
ماضی ج ع بمعنی مضارع بوجہ جواب شرط
الاھتداءُ، راہ راست پر آنا - ہدایت پانا
مصدر افتعال ناقص

وان تولوا (واگر برگشتند - اور اگر پھر جائیں یا پھر گئے)
یعنی ایمان مامور بہ سے - یا تمہاری نصیحت
سے -
ان، حرف شرط - تولّوا، ماضی ج ع
بمعنی مضارع اَلتَّوَلِّی - پھرنا منہ موڑنا
مصدر تفعّل - لفیف، مقرون

فانما ھم (پس جز این نیست کہ ایشان پس
اسکے سوائے نہیں کہ وے سب)
ف، جزائیہ - اِنَّمَا، مفید حصر و اثبات
مطلوب کے جو مخالف اوہام کے
ابطال کے لئے لایا جاتا ہے -
ھُمْ، ضمیر راجع (یہود و نصاریٰ)

فی شقاق (در مخالفت اند - وہ خلاف میں ہیں
یا وہی ضد پر ہیں)
شقاق، جانب مخالف - دوسری
طرف شق بمعنی جانب سے مشتق ہے یا
مشقت و صعوبت سے اور یا ماخوذ ہے
مقولہ عرب شق العصا، اذا اظہر العداوۃ
سے اور تنوین اظہار تفخیم کے لئے ہے

فسیکفیکھم اللہ (پس کفایت کند خدا با نتقام تو ایشان را
اب کافی ہے تیری طرف سے اللہ انکو)
اے سیکفیک کیدھم و شقاقھم -
اسلئے کہ کفایت کا تعلق افعال کے
ساتھ ہوتا ہے اعیان سے اس کا تعلق
نہیں ہوتا - اور بفضلہ یہ وعدہ پورا ہوا
فتح مکہ و قتل بنی قریظہ و اجلاء بنی نضیر اور
تمام غلبۂ اسلام کے ساتھ -
ف، تعقیبیہ سیکفی، مضارع ا ع

وحرف سین مظہر قرب یا مظہر تاکید اثبات۔
الکفایۃ، کافی ہونا مصدر ف۔ ک
ناقص۔ کفیٰ۔ یکفی۔ کافٍ۔ مکفیٌّ
اِکفِ۔ لَاتکفِ۔

وھو السمیع العلیم

(واوست شنوا ودانا۔ اور وہی ہو سُننے والا۔ جاننے والا۔)
سمیع وعلیم۔ ہر دو صفت مشبہ

صبغۃ اللہ

(قبول کردیم رنگ خدا را۔ یا صبغ داد مارا خدا وبہ صبغ کامل۔ ہمنے اللہ کا رنگ لیا ہے۔ یا رنگ دیا ہے ہم کو اللہ نے اچھا اور پورا رنگ)
اے قولوا صبغنا اللہ صبغۃً اے تطہر قلوبنا تطہیرۃ۔ یا فطرنا اللہ علےٰ فطرتہ

صبغ، رنگ اور صبغہ[۵] رنگ میں ڈبا دینے اور رنگنے کو کہتے ہیں) اصل میں صبغہ بالکسر فعلۃ صبغہ سے مشتق ہے مثل جلسہ جلس سے ماخوذ ہے اور یہ اس حالت کا نام ہے جسپر صبغہ واقع ہوتا ہے

ومن احسن من اللہ صبغۃ

(وکیست بہتر از خدا۔ اور کون بہتر ہے اللہ سے۔
مَن، استفہامیہ بمعنی انکار یعنی کوئی اس سے بہتر نہیں۔
احسن، افعل التفضیل۔
(از جہت صبغہ۔ رنگ کے لحاظ سے)
یعنی اللہ کے رنگ سے کوئی رنگ اچھا نہیں ہوسکتا اور کوئی رنگ اسپر غلبہ نہیں کرسکتا۔

---

[۵] صبغہ نصاریٰ میں عادت تھی کہ جب اُنکے ہاں بچہ پیدا ہوتا۔ تو سات دن کے بعد زرد رنگ کے پانی میں جسکو معمودیہ کہتے ہیں اسے غوطہ دیتے اس اعتقاد سے کہ یہ غوطہ اسے غیر ادیان سے پاک کرنے والا اور اسکی نجات کا ذریعہ ہے اور اسکو ختنے کے قائمقام جانتے تھے اور بعد غوطہ دینے کے کہا کرتے۔ صبغناہ بالنصرانیۃ۔ اسی طرح جب کسی شخص کو نصاریٰ بناتے اسپر بھی وہ رنگ لگاتے تھے۔ اور اس رسم کے ادا ہونے کے بعد اسکو عیسائی سمجھتے تھے۔ لہذا بطور مشاکلت اللہ نے اللہ تعالےٰ

زوا عبادت کنندگان اوایم۔ اور ہم
اسی کی عبادت کرنے والے ہیں یا
اسکی اطاعت اور بندگی پر ہیں۔)
نحن، ضمیر مرفوع المحل (مراد نبی علیہ السلام
واصحابہ)
ل، مظہر تخصیص وتاکید۔ مرجع ضمیر
ملت یا ابراہیم۔
عابدون، جمع عابد
ان، شرطیہ۔ اٰمنوا، فعل مع فاعل
مثل، زائد۔ ما، موصولہ
اٰمنتم بہ، جملہ فعلیہ صلہ مصدر
اے اٰمنوا بما اٰمنتم بہ۔
ویا۔ مثل ۔۔۔۔ مضاف
ما، مصدریہ۔ اٰمنتم بہ، جملہ فعلیہ
بتاویل ۔۔۔ مصدر | مضاف الیہ
لے فان اٰمنوا ایمانا مثل ایمانکم
ف، جزائیہ۔ فقد اہتدوا | جملہ فعلیہ
ان، شرطیہ۔ تولوا، فعل مع فاعل | شرط
ف، جزائیہ۔ انما، کلمہ حصر
ھم ۔۔۔۔۔ مبتدا
فی شقاق ۔۔۔ ظرف مستقر خبر
لے فانما ھم مقیمین فی شقاق۔
فسیکفی ۔۔۔ فعل اللہ فاعل
ک، ضمیر مفعول (۱) ھم مفعول (۲)
لے فان کان حالھم ھذا فقد عصم
سیکفی اللہ عنک۔
ھو مبتدا۔ السمیع العلیم خبر
جملہ اسمیہ تاکید مضمون اول

نے مسلمانوں سے کہا کہ تم کہدو کہ ہم کو اس رسم کی کوئی ضرورت نہیں۔ ہم تو اللہ کے رنگ میں رنگے ہوئے ہیں اللہ کے رنگ سے بڑھکر اور کونسا رنگ ہے مطلب یہ کہ دین اللہ سے بڑھکر اور کوئی ہدایت کا طریقہ نہیں ہے اللہ کے رنگ سے مراد دین اسلام ہے اسلئے کہ دین اسلام بھی مسلمانوں کے دلوں میں اسی طرح اثر کرتا ہے جسطرح رنگ کپڑے وغیرہ میں اور جسطرح صبغ مصبوغ کے لئے ہمزہ حلیہ ہوجاتا ہے اسی طرح ایمان قلوب مومنین کے لئے حلیۂ قبولیت ہے۔

صبغۃ اللہ ، مفعول } جملہ فعلیہ
اتبعوا ، محذوف فعل با فاعل }

اے قولوا اتبعوا الزموا صبغۃ اللہ

ویا مفعول مطلق اے منصوب

علی المصدریۃ - اے صبغنا اللہ

صبغۃ ویا ملۃ ابراہیم سے بدل محض ہے

اے اتبعوا ملۃ ابراھیم اے

صبغۃ اللہ -

من ، استفہامیہ ، ... مبتدا
احسن ، افعل التفضیل } خبر
من اللہ ، ظرف لغو
صبغۃ[۱] ، ... تمیز
} جملہ اسمیہ انشائیہ استفہامیہ

اس کا عطف امنا پر ہے اس تقدیر

پر صبغۃ اللہ مفعول ہے قولوا سے تاکہ

معطوفین بین فصل لازم نہ آئے اور جملہ اسمیہ

اظہار دوام و استمرار کے لئے ہے اور اگر

صبغۃ اللہ منصوب بفعل الزموا یا اتبعوا ہے

تو یہ جملہ مقولہ قول محذوف ہے اور عطف

الزموا پر کیونکہ ما قبل اس کا قول مومنین ہے

نحن ، .... مبتدا
لہ ، ظرف لغو - عابدون ، خبر
} جملہ اسمیہ معطوفہ

اے - قولوا امنا و قولوا نحن لہ عابدون

والمعنی اتبعوا ملۃ ابراھیم و قولوا

امنا -

ف - فسیکفیکھم اللہ - یعنی اللہ تیری حفاظت کرے گا اور مدد کرے گا مخالف تجھے کچھ ایذا نہ پہونچا سکیں گے بلکہ تیری مخالفت کی وجہ سے اللہ ان کو خوار و ذلیل کریگا چنانچہ یہ وعدۂ الٰہی پورا ہوا - بنی قریظہ قتل ہو گئے - اور بنی نضیر

[۱] صبغۃ تمیز الیہ منقول ہے مبتدا سے مثل زید احسن من عمرو وجھا - اور تفضیل جاری ہے بین صبغتین نہ انکے فاعلوں میں اے لا صبغۃ تعالیٰ علی معنی انہ احسن من کل صبغۃ اور چونکہ مدار تفضیل تمیم حسن پر ہے جو شامل ہے حسن حقیقی اور فرضی پر جو انکے زعم پر مبنی ہے اسلئے یہ لازم نہیں آتا کہ غیر میں بھی کچھ حسن ہے -

جلاوطن کردیئے گئے اور نصاریٰ پر جزیہ مقرر کیا گیا۔
قرآن شریف کی یہ آیت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت[۵۱] کو یاد دلاتی ہے۔

۵۱ قصہ شہادت یہ ہے۔ جناب خلیفہ سوم امیر المومنین حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ کیطرف سے عبداللہ بن ابی سرح (بجائے مہلہ برادر رضاعی حضرت عثمانؓ جنہوں نے فتح مصر میں بڑی نام آوری حاصل کی تھی) مصر کے حاکم مقرر ہوئے تھے مگر مصر والے ان سے ناراض ہوگئے اور انہوں نے انکی بہت سی شکایتیں خلیفہ زماں کی حضرت میں پہونچائیں۔ جسپر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ابی سرح کو معزول کردیا۔ اور انکی جگہ حضرت محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کو معین فرمایا چنانچہ وہ لوگ جو مصر سے آئے ہوئے تھے حضرت محمد بن ابی بکر کے ساتھ روانہ مصر ہوگئے۔ اثناء راہ میں انکو ایک سانڈنی سوار پیچھے سے آتا ہوا ملا۔ بعد تفتیش معلوم ہوا کہ وہ مدینہ منورہ سے مصر کو ایک شاہی فرمان لئے ہوئے جارہا ہے۔ فرمان میں لکھا ہوا تھا محمد بن ابی بکر کو قتل کردیا جائے۔ اور دوسرے خط میں لکھا تھا ابن ابی سرح کو حکومت مصر پر بحالہ قائم رکھا جائے اور جو لوگ ان سے ناراض ہیں انکو سزا دیجائے۔ بعض کہتے ہیں۔ فرمان کے علاوہ ایک علیحدہ خط تھا جس میں محمد بن ابی بکر کے قتل کردینے کیطرف اشارہ کیا گیا تھا۔ اس فرمان اور خط کے دیکھنے سے مصری لوگ آگ بگولہ بن گئے اور انہوں نے اس سانڈنی سوار سے اس خط کو چھین لیا اور وہیں سے مدینہ منورہ کو واپس ہوگئے اور حضرت امیر المومنین کو وہ خط لا دکھایا۔ آپ نے قسم کھائی کہ نہ مین نے اس خط کو لکھا ہے اور نہ مجھے اس قضیہ سے کچھ خبر ہے۔ تب اس جماعت نے کہا کہ آپ اپنا منشی ہمارے حوالے کردو۔ اس وقت آپکا منشی مروان بن حکم آپ کا چچا زاد بھائی تھا۔ اور یہ اسی کی حرکت تھی۔ مگر حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس خوف سے کہ یہ لوگ کہیں مروان کو قتل نہ کرڈالیں اسکو انکے حوالے نہ کیا اور آہستہ

آپ بعہد خلافت جمعہ کے روز بعد نماز عصر اٹھارویں ذی الحجہ ۳۵ھ پینتیس ہجری کو اپنے مکان میں تلاوت قرآن فرما رہے تھے۔ کہ مخالفین آ پہونچے اور گھر میں

شہادت ۱۸ ذی الحجہ ۳۵ھ

آہستہ آہستہ بات بڑھ گئی۔ جب ہنگامے کا خوف ہوا تو بعض مشاورین نے مدافعت کی اجازت مانگی۔ جسپر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت پر سب سے پہلا مسلمانوں اور خصوصاً صحابہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر میں تلوار اٹھانے والا بننا نہیں چاہتا۔ پھر انہوں نے کہا مناسب ہے کہ اسوقت آپ مکہ معظمہ کا قصد فرمائیں۔ آپ نے فرمایا میں حرم کعبۃ اللہ میں فساد پھیلانا نہیں چاہتا پھر انھوں نے کہا مناسب ہے کہ جناب شام کا قصد فرمائیں تو آپ نے فرمایا میں عطیہ جناب حضرت سرورکائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرۂ ہجرت کو کسی طرح چھوڑنا نہیں چاہتا۔ پھر آپ نے اپنے شمشیر بکف غلاموں سے ارشاد فرمایا جو شخص تلوار نہیں کھینچیگا وہ آزاد ہے میرا قتل ہوجانا مسلمانوں میں باہم خونریزی ہونے اور ان میں فتنہ وفساد برپا ہوجانے سے بدرجہا بہتر ہے الغرض جب بلوائی بالکل آمادہ فساد ہوگئے اور انہوں نے مکان کو ہر طرف سے گھیر لیا تو ناچار حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اپنے دونوں صاحبزادوں کو فہمایش کے لئے بھیجا اور وہ بہ ہزار دقت دروازہ مکان تک پہونچے اور انھوں نے دروازہ بند کرلیا اور کسیکو گھسنے نہیں دیتے تھے۔

بلوائی پڑوس والے مکان کی چھت پر سے اندر گھس آئے اور انھوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا کام تمام کردیا۔ یہ واقعہ جمعہ کے دن بعد نماز عصر اٹھارویں ذیحجہ سنہ پینتیس ۳۵ ہجری میں ہوا ہے اسوقت آپکی عمر بیاسی برس کی تھی۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے قاتل کی تحقیقات فرمائی مگر کوئی ثبوت نہ پہونچ سکا۔ حضرت محمد بن ابی بکر پر عام شبہ کیا گیا تھا۔ مگر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے حرم محترم نے ان کی برارت کردی۔ سیرت عثمان وغیرہ بعض خصوصیات حضرت عثمان رضی اللہ عنہ۔ آپکا لقب ذی النورین ہے جسکی وجہ یہ ہے کہ جناب سرورکائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی

گھسکر پہلے آپ کے ہاتھ پر ایک تلوار ماری جس سے خون جاری ہوگیا اور اس آیت پر گرا۔ آپ نے فرمایا واللہ یہ وہی ہاتھ ہے جس نے سب سے پہلے قرآن مجید

تیسیر ۹ مجمع تیسیر ص ۱۴۹

دو صاحبزادیوں کا یکے بعد دیگرے آپ سے نکاح ہوا ہے۔ (۲) جناب سرور کائنات جب مدینہ منورہ میں تشریف فرما ہوئے تو اسوقت بئر رومہ ہی ایک کنواں تھا جسکا پانی شیریں اور عمدہ تھا اور وہ ایسے یہودی کے تصرف میں تھا جو مسلمانوں کا جانی دشمن تھا مشکوٰۃ شریف میں بروایت ثمامہ اسطرح لکھا ہے کہ جب حضرت عثمانؓ کو بلوائیوں نے گھیر لیا اور آپکو پانی کی تکلیف ہوئی تو آپ نے کوٹھے پر چڑھ کر لوگوں کی طرف خطاب کیا۔ کیا؟ تم لوگ نہیں جانتے کہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ منورہ میں تشریف فرما ہوئے تھے تو بئر رومہ کے سوائے میٹھا پانی نہیں ملتا تھا۔ آپ نے شوق دلایا کہ کون مرد خدا ہے جو اسکو خریدے اور دوسرے مسلمانوں کے ساتھ خود بھی اسکا پانی پیئے اور عوض اس احسان کے جنت کا مالک بنے" پھر میں نے اپنے خاص مال سے بئر رومہ کو خرید کیا (اور بحکم سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم میں نے اس کا پانی عام مسلمانوں پر وقف کر دیا تھا) آج تم لوگ مجھکو اسکے پانی سے روکتے ہو سب نے کہا اس میں کوئی شک نہیں (انتہی)

(۳) سنہ ۹ نو ہجری میں جبکہ بذات خود جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ تبوک کی تیاری فرمائی اس وقت صحابہؓ کی حالت نہایت تنگ تھی چنانچہ ابن کثیر نے قتادہؓ سے نقل کیا ہے کہ صحابہؓ نے غزوہ تبوک کے وقت ملک شام کی طرف ایسی گرمی کی شدت میں سفر کیا تھا کہ اللہ ہی کو معلوم ہے اور توشہ کی بھی از حد تنگی تھی ایک خرما دو شخص تقسیم کر کے کھاتے تھے اور ایسا بھی ہوا ہے کہ ایک خرما کو اول ایک شخص نے کچھ دیر منھ میں رکھا اور اسے چوس لیا اور اسپر پانی پی لیا۔ اور پھر اس خرما کو دوسرے شخص نے چوسا اور اوپر پانی

کو مفصل لکھا ہے اور پھر آپ شہید کر دئے گئے اس وقت آپ کی عمر بیاسی ۸۲ برس کی تھی۔ حضرت عبد اللہ ابن امام احمد (جو فن حدیث میں نہایت معتبر ثقہ ہیں

(بقیہ نوٹ صفحہ ۶۴۷)

پی لیا۔ عبد اللہ بن امام احمدؒ لکھتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مشکل سفر کے وقت جب لوگوں کو مال خرچ کرنے کی ترغیب دینے کیلئے منبر بچھایا اور فضیلت خرچ مال کو بیان فرمایا تو حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں سو اونٹ مع سامان کے دونگا۔ پھر رسول علیہ السلام نے منبر کی ایک سیڑھی اتر کر حضرت عثمانؓ کی اس بر موقع امداد کی فضیلت بیان فرمائی تو حضرت عثمانؓ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سو اونٹ میرے ذمہ پر اور بھی ہیں۔ اس وقت آنجناب علیہ الصلوۃ والسلام کا چہرہ مبارک حساس و بشاش تھا اور اپنے ہاتھ مبارک کو حرکت دیتے تھے اور فرماتے تھے کہ اسکے بعد عثمان ابن عفان جو عمل کریگا اس کا مواخذہ اسپر نہیں دوسری روایت میں ہے "کہ غزوہ تبوک کی فراہمی سامان کے وقت حضرت عثمانؓ اپنے کپڑے میں ہزار دینار لائے۔ اور رسول علیہ السلام کے سامنے رکھ دئے۔ اور آنجناب انکو نیچے اوپر کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ اب ابن عفان کو اس کا کوئی عمل ضرر نہیں دیگا" تبوک سرحد شام پر ایک مقام ہے مدینہ منورہ سے چودہ منزل اور دمشق سے گیارہ منزل ہے۔ آپکی خلافت کا زمانہ گیارہ برس۔ گیارہ مہینے تیرہ دن ہے آپ ہمیشہ ازار (تہ بند) باندھا کرتے تھے شہادت سے ایک روز پہلے آپ نے پاجامہ پہن لیا تھا۔ بعد شہادت ہفتہ کی شب میں عشاء سے پہلے بقیع میں مدفون ہوئے۔

(۴) اتقان میں ہے۔ کہ جب اسلامی فتوحات دور دراز تک پہنچ گئیں۔ اور آذربائیجان آرمینیہ وغیرہ ممالک عجم میں عرب و غیر عرب کی زبان پر قرآن پڑھا جانے لگا تو وجوہ قرأت میں از حد اختلاف پیدا ہو گیا۔ بلکہ عرب ہی میں باعتبار وسعت زبان بہت کچھ اختلاف ہو گیا تھا

اور مسند امام احمد پر انہوں نے تتمہ بھی لکھا ہے) لکھتے ہیں کہ عمرہ بنت ارطاۃ عدویہ کہتی ہیں۔ کہ جس سال حضرت عثمانؓ شہید ہوئے ہیں میں حضرت عائشہؓ کے کے ساتھ حج کرنے کو گئی تھی میں نے بچشم خود دیکھا ہے کہ خون کے قطرے اس آیت پر پڑے ہوئے تھے۔ اسی طرح ابن ابی حاتمؒ بھی نافع ابن نعیم سے روایت کرتے ہیں۔

قُلْ أَتُحَاجُّونَنَا فِي اللَّهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ

بگو آیا مکابرہ می کنید با ما در باب خدا و او پروردگار ما و شما است

کہہ کیا جھگڑتے ہو تم ہم سے بیچ اللہ کے اور وہ ہے پروردگار ہمارا اور پروردگار تمہارا

جس سے آئندہ بہت سخت مشکلات کے پیش آنے کا خوف پیدا ہو گیا تھا۔ پس حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے وہ مصحف مجید جو پہلے حضرت ابوبکرؓ کی پاس اور بعد ازآں حضرت عمرؓ کے پاس اور بعد ازآں حضرت بی بی حفصہؓ ام المومنین بنت عمرؓ کے پاس محفوظ تھا اپنے پاس منگوا لیا اور زید بن ثابت۔ عبداللہ بن زبیر۔ سعد بن العاص۔ عبدالرحمٰن بن الحارث بن الہشام کو اسکی نقل کرنے پر مامور فرمایا اور یہ فہمایش کی کہ جہاں کہیں۔ قرات کا اختلاف آجائے۔ وہاں تمام قبائل عرب کی زبان چھوڑ کر قریش کی زبان پر اکتفا کیا جائے کیونکہ قرآن مجید قریش کی لغت میں نازل ہوا ہے۔ کہتے ہیں کہ کل سات قرآن مجید نقل کئے گئے ایک ایک مصحف۔ مکہ معظمہ۔ شام۔ یمن۔ بحرین۔ بصرہ۔ کوفہ۔ کو ارسال کیا گیا اور ایک مصحف مدینہ منورہ میں رکھا گیا۔ ۱۲

———— ۰۰ ————

وَلَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ١٣٩

و مار است کردارہائے ما و شمار است کردارہائے شما و ما او را با خلاص پرستندگانیم

اور واسطے ہمارے ہیں عمل ہمارے اور واسطے تمہارے ہیں عمل تمہارے اور ہم واسطے اسکے اخلاص کرنیوالے ہیں

اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ

آیا می گوئید که هر آئینه ابراهیم و اسمٰعیل و اسحٰق

کیا کہتے ہو تم تحقیق ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق

وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى

و یعقوب و نبیرگان او یہود بودند یا ترسا بودند

اور یعقوب اور اولاد اسکی کو تھے یہودی یا نصاری

قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ

بگو شما دانا ترائید یا خدا و کیست ستمگار تر از آنکه پوشید

کہو کیا تم بہت جاننے والے ہو یا اللہ اور کون ہے بہت ظالم اس شخص سے کہ چھپاتا ہے

شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ١٤٠

آن گواہی را که نزدیک اوست از جانب خدا و نیست خدا بے خبر از آنچه میکنید

گواہی جو پاس اسکے ہے اللہ کی طرف سے اور نہیں اللہ بے خبر اس چیز سے کہ کرتے ہو تم

(بگو آیا حجت یا مکابرہ میکنید با ما - کیا تم جھگڑتے ہو ہم سے)

اَ تُحَاجُّوْنَنَا - ا - ہمزہ استفہامیہ

تُحَاجُّوْنَ - مضارع جمع مذکر حاضر المحاجة والحجاج

باہم حجت کرنا - مکابرہ کرنا مصدر مفاعلہ

مضاعف حَاجَّ - يُحَاجُّ - مُحَاجٌّ

حَاجِجْ - لَا تُحَاجِجْ

(درباب خدا یا در دین خدا -

خدا کے بارے میں یا اللہ کے دین

میں لے فی اللہ ام فی دین اللہ -

وھو ربنا وربکم

(حالانکہ او پروردگار ما و پروردگار شما است

اور وہ ہے مالک ہمارا اور مالک تمہارا لہ

او اختصاص لہ بقوم دون قوم یصطفی بالنبوۃ

من یشاء من عبادہ وھو یفعل

ما یرید -

ولنا اعمالنا

(وما راست جزائے کردارہائے ما -

ہمارے لئے بدلہ ہمارے کا ہوگا)

ل مخففہ لے لنا نفع اعمالنا و

ضرر اعمالنا اعمال جمع عمل اس کا

اطلاق عاقل بالغ آزاد کے ہر اس

فعل وحرکت پر ہوتا ہے جو اسنے

اپنی اختیار سے کی ہے اس کا

تعلق اعضائے ظاہرہ سے ہو خواہ

باطنہ سے -

ولکم اعمالکم

(وشما راست جزائے کردارہائے شما

اور تمہارے لئے ہیں اعمال تمہارے (تمہارے)

یعنی تمہارے پر ہے اپنے عملوں کا

نفع یا نقصان فلکل واحد جزاء عملہ

اعمالکم اسے جزاء کم

ونحن له مخلصون

(وما او را مخلص پرستندگانیم - اور

ہم اسکے لئے اخلاص کرنے والے

ہیں)

نحن، ضمیر منفصل - ل، نظہر تخصیص

مخلصون، جمع خالص اسم فاعل

الاخلاص و الخلوص - پاک صاف

کرنا شئے کو آمیزش غیر اور آلائش

سے اصطلاحاً اعمال کو ریا

سے بچانا اور عبادت لوجہ اللہ کرنا -

مصدر - پس مخلص کے یہ معنی ہوئے

ذات واجب الوجود کو نقائص شرک

وکدورت محدثات سے بری اور بے عیب

سمجھنے والا - اور اسے واحد لاشریک لہ

فی الذات ولا فی الصفات ماننے

والا - یا یہ کہ ہم اپنے کو اس کی عبادت

کے لئے شرک وبدعت وغیرہ

کی مکروہ کدورتوں اور آمیزشوں سے

پاک اور ستھرا رکھتے ہیں۔ اور ہمارے اور اس ذات کے درمیان کسی غیر کو حلولیت کی گنجایش نہیں۔

ام تقولون

(آیا میگوید۔ کیا تم کہتے ہو)

ام [ف] منقطعہ بمعنی بل وہمزہ مقدرہ مفید انکار اے اتقولون ان ابراھیم الخ بل ینبغی ان لا یقع ذلک القول منکم

دیا متصلہ ومعادلہ ہمزہ اتحاجون اے ای الامرین تأتون المحاجۃ

فی ادعاء الیھودیۃ او النصرانیۃ علی الانبیاء۔ او فی الحکمۃ الالٰھیۃ۔ وقیل ام بمعنی الھمزہ فقط او ھو للتنویع۔ تقولون مفـ ع ح

ان ابراھیم واسمٰعیل واسحاق ویعقوب والاسباط کانوا ھودًا اونصارٰی۔

(کہ ابراہیم واسمٰعیل واسحاق ویعقوب واولاد ایشاں یہود یا ترسا بودند۔

کہ ابراہیم اور انکے بیٹے اسمٰعیل

[ف] ام دو احتمال رکھتا ہے (۱) منقطعہ بمعنی بل یعنی اے مخاطبین کیا تم حضرت ابراہیم وغیرہم انبیاء کے بارے میں یہ کہتے ہو کہ وہ یہودی یا نصاری تھے ہم کہتے ہیں کہ تم اہل علم ہو ایسی بات ہرگز تم سے نہ ہونی چاہیئے۔ اور یا وہ متصلہ ہے اس وقت ہمزہ اتحاجون کا معادل ہوگا کہ تم کس امر میں حجت کرنا چاہتے ہو۔ کیا اس میں کہ انبیاء یہود یا نصارے تھے۔ اور یا حکمت الٰہیہ میں مراد استفہام سے امرین کا انکار ہے ثبوت امرین پر علم ہوتے ہوئے اس طرز عبادت کو اختیار کرنے میں اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ ان میں سے ایک امر بھی ذم کے لئے کافی ہے۔ چہ جائیکہ دونوں جمع ہوں جیسا کہ اس شخص کے بارے میں جو تدبیر اور تقریر دونوں میں خطا کرتا ہے کہتے ہیں أ تدبیرک ام تقریرک۔ ۱۲

و اسحاق اور انکے پوتے یعقوب اور
اسباط یہودی یا نصاری تھے)
ھود، مصدر بمعنی اسم - و نصاری - جمع
نصرانہ، مراد متبعان حضرت مسیح علیہ
السلام -

ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ

او، حرف عطف مظہر تنویع و تفصیل
(بگو آیا شما دانا ترائید - کہ کیا تم بہت
جاننے والے ہو -)
ا، ہمزہ استفہام مظہر تقریر مخاطب
اے انکم قد افوزتم بانہ تعالیٰ اعلم
انتم، (ان ضمیر تم بیان خطاب)
اعلم، افعل تفضیل - دانا تر -

اَمِ اللّٰهُ

(یا اللہ) ام حرف عطف تردید
کے لئے ہے - لستم اعلم بحال
ابراھیم فی باب الدین بل اللہ
تعالیٰ اعلم بذلک -
یا متصلہ اے ایکم اعلم

وَمَنْ اَظْلَمُ

(وکیست ستمگار تر - اور کون ہے بڑا ظالم
من، انکاری اے لا یکون احد اظلم

اظلم افعل

مِمَّنْ كَتَمَ

(از آنکہ بپوشید - اس سے جو چھپاتا)
ممن، بیانیہ - من موصولہ
کتم، ماضی چھپایا اس نے اَلْکِتْمَانُ
اَلْکَتْمُ چھپانا - پوشیدہ کرنا مصدر
ن - ص - کَتَمَ، یَکْتُمُ، کَاتِمٌ
مَکْتُوْمٌ، اُکْتُمْ، لَا تَکْتُمْ -

شَهَادَةً عِنْدَهٗ

(گواہی را کہ نزد اوست - گواہی کو جو
اس کے پاس ہے)
شہادۃ، اظہار معلومات حقہ واقعیہ
اصل اس کے معنی روبرو اور سامنے
ہونے کے ہیں -
عندہٗ، اے ثابتۃ عندہٗ -
اسم ظرف و مرجع ضمیر (من)

مِنَ اللّٰهِ

(از خدا - یا از جانب خدا - اللہ کی
طرف سے) اے موصولۃ من اللہ
من، ابتدائیہ یا متعلق بشہادۃ -
اے لا احد اظلم ممن کتم
شہادۃ اللہ -

وما اللہ بغافل عما تعملون

(ونیست خدا بے خبر از آنچہ کہ شما میکنید - اور اللہ بے خبر نہیں ہے اس سے جو تم کرتے ہو - تمہارے کاموں سے)

ما، نافیہ - ب، زائد اکثر خبر پر داخل ہوتی ہے -

غافل، اسم فاعل بھولنے والا شخص جسکی قوت حافظہ و ممیزہ معلومات حاصلہ میں تمیز نہ کر سکے - اور وہ شخص جس کا ذہن ضروریات کی طرف متوجہ نہ ہو -

عن - بمعنی من - ما، موصولہ

تعملون، مضارع خ خ مصدر العمل

قل اتحاجونا

قل، ...... فعل با فاعل

ا، ہمزہ استفہامیہ استبعادیہ

تحاجون، فعل با فاعل

نا، ضمیر ..... مفعول

فی اللہ، ظرف لغو

اے اتحاجون فی اللہ اے فی دینہ

او اصطفائہ نبیاً من العرب - وما ینبغی لکم ہذہ لان ھو ربنا و ربکم -

و - ھو، ...... مبتدا

ربنا و ربکم، .... خبر

جملہ حال ہے اے اتجادلوننا و الحال انہ لا وجہ للمجادلۃ اصلا لانہ تعالیٰ مالک امرنا وامرکم -

و - لنا، ظرف مستقر خبر مقدم

اعمالنا، اے جزاء اعمالنا - مبتدا موخر

و - لکم اعمالکم جملہ اسمیہ معطوفہ حالیہ اے لکم جزاء اعمالکم

و نحن، ...... مبتدا

لہ، ظرف لغو - مخلصون ... خبر

ام، منقطعہ - تقولون، فعل با فاعل

ان، ... مشبہ بفعل

ابراہیم و اسمعیل و اسحاق و یعقوب والاسباط ... اسم

کانوا، فعل مع الاسم

ھوداً او نصاریٰ ... خبر

أ- انتم ..... مبتدا
أعلم ..... خبر
قل، محذوف ... فعل با فاعل

ام، منقطعہ - الله ..... مبتدا
اعلم، محذوف ..... خبر

و من، استفہامیہ ..... مبتدا
اظلم ..... افعل التفضیل
من، جار من موصولہ
کتم شہادۃ عندہ صلہ
خبر

ص - اے لا احد اظلم من اهل الکتب حیث کتموا هذه الشهادة واثبتوا نقیضها والجملة تذئیل تقررها انکر علیهم من ادعاء الیهودیة والنصرانیة

اور یا تذئیل جملہ أ انتم اعلم ام الله

والمعنی لا احد اظلم منا لو کتمنا هذا الشهادة -

کتم ..... فعل مع الفاعل
الناس، محذوف مفعول اوّل
شہادة، موصوف ...
عنده، ظرف مستقر صفت
من الله، ظرف مستقر صفت دوم

اے کتم الناس شهادة کائنة عنده کائنة من الله -

و- ما نافیہ، الله ... مبتدا
ب، زائدہ غافل، اسم فاعل
عن، جار - ما، موصولہ
تعملون، جملہ فعلیہ صلہ
خبر

ف - قل اتحاجون الخ مشرکین کفار اور یہود وغیرہ معاندین اسلام کے فاسد خیالات اور ان کے ردی اعتقادات کی تردید۔ شرائع اسلام کی تائید اور اصول حقہ کی فہمائش کے بعد قطع نزاع کے لئے ارشاد ہوتا ہے۔ کہ اے مومنین تم مخالفین سے کہدو کہ اب تم اس بات پر جھگڑتے ہیں

کہ مالک الملک قادر مطلق و مختار کل نے ہمیں دین اسلام سے کیوں مشرف
کیا ہے۔ کتاب کس لئے دی۔ ہر ایک امر میں کیوں مدد کرتا ہے۔ تمہاری
خیالات کی پاسداری کیوں نہیں کی جاتی۔ موسوی شریعت کس لئے منسوخ
کردی گئی۔ تو اے معاندین اسلام اس معاملہ میں نزاع اور جھگڑے کی
گنجایش نہیں۔ جس پادشاہ عالم نے ایک زمانے تک تمہیں عزت
دی ہے دینی اور دنیوی حکومت کی عنان تمہارے قبضہ میں دی اور
تمہیں سرفراز کیا ہمارا بھی وہی مالک ہے اور ہم تم دونوں اسی کی عنایت
و مہربانی کے چشمہ فیض سے ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں۔ جب اس نے
اپنی نوازش سے آج ہمیں سرفراز کیا ہے تو کچھ بیجا نہیں۔ تمہیں اسباب
پر حسد کرنا اور ہم سے عناد رکھنا بالکل لغو اور فضول ہے۔ کیونکہ اس کی حکمت
کے چمکتے آفتاب سے ہر ایک ذرہ مستفیض ہونے کا مستحق ہے۔ اور اگر
تمہیں اس بات کا دعویٰ ہے۔ کہ حضرت ابراہیم و حضرت اسمٰعیل و حضرت
اسحاق و حضرت یعقوب علیہم السلام اور آپ کی سب کی سب اولاد یہود یا نصاریٰ
تھی تو اس خبر کی واقفیت میں اس عالم الغیب مخبر صادق سے تمہاری واقفیت
اور تاریخ دانی مرجح نہیں ہوسکتی کیونکہ اس کے علیم و خبیر اور صادق ہونے پر
تمہارا بھی اعتقاد ہے۔ اب رہی یہ بات کہ ہم جھوٹ کہتے ہیں یا تم سچے
واقعات اور پوری کیفیت کو لوگوں پر ظاہر نہیں کرتے تو خوب یاد رہے
کوئی شخص کسی دوسرے کی قبر میں نہیں جاسکتا۔ ہر ایک شخص اپنے نیک و بد
کردار کی جوابدہی کا ذمہ دار ہے۔ پھر اس شخص سے کونسا شخص اپنے نیک و بد

کردار کی جوابدہی کا ذمہ دار ہے۔ پھر اس شخص سے کون سا شخص زیادہ تر ظالم ہو سکتا ہے۔ کہ خداوند عالم کو حاضر و ناظر اور عالم ما تخفی الصدور جانتا ہو اور پھر امر حق کو ظاہر نہیں کرتا۔ اور جس حکم کے اظہار کی تاکید ہے اس کے برخلاف وہ اس کے چھپانے میں مبالغہ کرتا ہے۔ اب رہا ان بزرگوں سے خاندان کی نسبت یا ان کی اولاد ہونیکا دعوٰی۔ پس اے یہود وہ جو کچھ کہ تھے اور جیسے تھے اپنے اپنے وقت پر آئے اور چلے گئے جو کچھ انہوں نے کیا تھا وہ اپنے ساتھ لیگئے ہیں اور جو ہم کریں گے اپنے ساتھ لیجائیں گے محض خاندانی دعوٰی بے کار اور بے سود ہے

تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ

این گروہے است که در گذشت وی راست آنچه کردند و شما راست

یہ ایک امت تھی کہ تحقیق گذر گئی واسطے انکے تھا جو کچھ کمایا انہوں نے اور واسطے

مَا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

آنچه شما کردید و پرسیده نخواهید شد شما از آنچه ایشان میکردند

جو کمایا تم نے اور نہ پوچھے جاؤ گے تم اس چیز سے کہ تھے وہ کرتے

لغات (این قوم گروہے بودند۔ وہ ایک امت تھی۔ یا ایک جماعت تھی)

تلک، اسم اشارہ مؤنث۔ تانیث اس کی باعتبار تانیث خبر ہے۔

امۃ، وہ جماعت جس کی طرف کوئی پیغمبر تبلیغ احکام کے لئے آیا ہو۔ اور اس سچے دیندار شخص کو بھی کہتے ہیں جو لوگوں کو سیدھی راہ

کی ہدایت کرتا ہے۔ راہ حق بتانے
والا۔ وہادی شریعت حقہ۔
وفی الاصل الامۃ الجماعۃ
فی اللفظ واحد وفی المعنی جمع
اور حیوانات کی ہر ایک جنس پر
بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے وفی
الحدیث لولا الکلاب امۃ من
الامم لامرت بقتلہا وبمعنی طریقہ
ودین ومذہب یقال فلان
لا امۃ لہ ای لا دین لہ ولا
نحلۃ وبمعنی ناصح امین کما فی قولہ
کنتم خیر امۃ وقال الاخفش
معناہ خیر اہل دین۔

قد خلت

(کہ درگذشت۔ کہ تحقیق گذر گئی ہے)
قد، یہ حرف اکثر زیر امید امر کی
تکمیل کو ظاہر کرتا ہے۔
خلت، ماضی مؤنث الخلو
ا۔ ع
خالی ہونا۔ گذرنا۔ مصدر ف ض
خَلَا۔ یَخْلُو۔ خَالٍ، مَخْلُوٌّ
اُخْلُ۔ لَا تَخْلُ۔

لها ما كسبت

(مرایشان راست آنچہ کسب کردند۔
وہ اُن کے لئے ہے جو کمایا
انہوں نے)
ل، تخصیص وتملیک مشعر
بضر ونفع۔
ما، موصولہ، کسبت، ماضی مؤنث
ا۔ ع

لہ کسب مطلق تحصیل شئے پر بولا جاتا ہے اب معنی یہ ہونگے کہ ان کو ان کی نیکیوں کا نفع پہونچ جائے گا خواہ انہوں نے ادنیٰ سے ادنیٰ محنت سے کی ہیں اور خواہ محنت وسعی شاقہ سے کی ہیں۔ بخلاف اس کے اکتساب کا اطلاق اس وقت کیا جاتا ہے جبکہ کسی شئے کے حاصل کرنے میں مبالغہ اور کوشش کی جائے جیسے آیت میں ہے لہا ما کسبت وعلیہا ما اکتسبت یعنی ہر ایک جی کو اس کی نیکی کا نفع پہونچ جاتا ہے جو اس نے ادنیٰ سے ادنیٰ محنت کے ساتھ کی ہو اور وبال اسی صورت میں آتا ہی جبکہ نافرمانی کے لئے کوشش کی ہو

لکم ما کسبتم

الکسب کمانا حاصل کرنا مصدر ف ک۔

(و مر شماراست آنچہ کسب میکردید) اور تمہارے لئے ہے جو تم کمائے ہو

ل، مظہر تخصیص وتملیک۔ ما، موصولہ

کسبتم، ماضی ج ح

ولا تسئلون

(و نہ پرسیدہ خواہید شد۔ اور نہ پوچھے جاوگے تم)

لا تسئلون، مضارع ج ح مجہول مصدر السؤال ف ض۔

عما کانوا یعملون

(از آنچہ کہ ایشاں میکردند۔ اس چیز سے جو وہ کیا کرتے تھے)

عن، بمعنی من لے عما۔ ما ہو صلہ

کانوا یعملون، کرتے رہتے تھے یا کرتے رہے تھے، ماضی استمراری ج ع العمل مصدر ک ف۔

تلک

تلک، ... اسم اشارہ

مذکورین بالا ابراہیم وغیرہم مبتدا

مشار الیہ۔

امۃ، .... موصوف

قد خلت، فعل مع الفاعل ذوالحال

لہا، ظرف مستقر خبر

ما کسبت، ... مبتدا

کرر للمبالغۃ فی التحذیر والزجر عن الافتخار بالآباء والاتکال علیہم وقیل الخطاب فیما سبق لہم وفی ہذہ الآیۃ لنا تحذیر عن الاقتداء بہم۔

و۔ لکم، ظرف مستقر متعلق ثابت خبر مقدم

ما، .... موصولہ

کسبتم، جملہ فعلیہ صلہ

ولا تسئلون، ... فعل با نائب فاعل

عن، حرف جار۔ ما، موصولہ

کانوا، فعل ناقص مع الاسم

یعملون، فعل مع الفاعل

ہ، ضمیر محذوف مفعول

ای اذا کان الامر کذلک فلا

تسئلون اللہ عن اعمالھم ولایسئلون	ھؤلآء عن اعمالکم

ف - تلک اُمّۃ الخ آیت میں مکرر اُن لوگوں کو تنبیہ کی گئی ہے جو خاندانی نسبت اور قومی شرافت کے گھمنڈ پر کسب فضائل سے باز رہتے ہیں۔ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ان کے بزرگوار اجداد کے گرامی اوصاف اور نیک عمل اُن کے تمام قومی افراد کی سعادت کے لئے کافی ہیں اور وہ انہیں کی بدولت دینی و دنیاوی مدارج پر ترقی کر سکتے ہیں۔ پس انہیں جان لینا چاہیئے کہ خاندانی شرافت اور آبائی عزت فی الواقع اگر کوئی مؤثر چیز ہوتی تو بنی اسرائیل سے سلسلہ نبوت و امامت کبھی ہرگز منقطع نہ ہوتا کیونکہ ان کے خاندان سے صدہا پیغمبر اور ہزارہا انکے جائز جانشین خلیفے بڑے بڑے زاہد و متقی اور علماء و فضلاء بادشاہ و وزراء مدبران ملک ہو گزرے ہیں۔ یہ ایک شیطانی وسوسہ ہے جس سے عوام دھوکہ کھا جاتے ہیں۔ اسی اغوا پر یہود نے رسالت حضرت خاتم نبوت سے انکار کر دیا تھا اور اس مبارک کتاب کی تکذیب کی جو تمام کتب منزلہ کا لب لباب اور اُن کی مصدق ہے۔ اُن کے پاس سوائے اس خبط کے اور کوئی دلیل نہ تھی کہ وہ کہا کرتے تھے "کہ رسالت و نبوت کی خلعت فاخرہ صرف ہمیں ہی کو زیب دیتی ہے اور ہم ہی اس مقدس تشریف کے مستحق ہیں ہمارے ہوتے ہوئے کوئی دوسرا شخص اس رُتبہ علیا پر ترقی نہیں کر سکتا کیونکہ ہم ہی یادگار نبوت ہیں اور علم و فضل بھی ہمارے ہی خاندان میں منحصر ہے۔ بادشاہت وزارت اور تدبیر ملک کا اعزاز بھی

نہیں حاصل ہے" اور اسی بے سود غرور کے باعث راندۂ درگاہ ہوگئے
اور خلعت نبوت و تشریف امامت کے بجائے طوق لعنت و زنجیر ذلت
دارین انکے نصیب ہوئی (فَبَآءُو بِغَضَبٍ عَلٰی غَضَبٍ) چونکہ خود اُنکے
عمل اچھے نہ تھے اس لئے آبائی شرافت انکے کچھ کام نہ آئی۔

سلف صالح اور گذشتہ بزرگوار اجداد کی نسبت پر البتہ وہ شخص فخر کرسکتا
ہے جو اُن کی پیروی اور اُن کے مختار طریق پر ثابت قدم ہے اور
بالاستقلال اوصاف حمیدہ و محاسن جمیلہ کا مظہر بن کر اپنے اسلاف
کے نام کو روشن کرتا ہے اور خود ہادی امت و پیشوائے خلق کا خطاب
پاتا ہے۔ الغرض ہر ایک شخص کو بذاتہ نیک بننے کی سعی اور کوشش
کرنی چاہیئے۔ گذشتہ بزرگوں کے تذکرے اور ان کے سوانحات اس
اس غرض سے لکھے جاتے ہیں۔ کہ اُن کے جانشین اپنے اولوالعزم
بزرگوں کے حالات کا مطالعہ کریں اور دیکھیں کہ وہ کون سے ذرائع ہیں
جن کی سلسلہ جنبانی سے اُن بزرگوں نے عزت قرب و شرف حضور
حاصل کیا ہے تاکہ وہ اپنے بزرگوں کی مقبول چال پسندیدہ روش کو اپنا شعار
بنائیں۔ ورنہ ظاہر ہے کہ محض قصہ خوانی اور اسم شماری سے تضیع اوقات کے
سوائے دنیا و آخرت میں کچھ حاصل نہیں ہوسکتا۔ پس ارشاد ہوتا ہے کہ ہر
ایک شخص کے لئے اپنے کمائے ہوئے عمل ہی دنیا و آخرت میں کار آمد
ہوسکتے ہیں۔ گذشتہ بزرگوں کے کارناموں سے اگر یہ عبرت نہ حاصل
کیجائے تو ان سے کوئی معتدبہ فائدہ نہیں ہوسکتا۔ وہ جو کچھ کہ تھے اور جیسے

کہ تھے اپنے اپنے وقت پر آئے اور چلے گئے۔ جو کچھ انھوں نے کیا تھا وہ اس کو اپنے ساتھ لیگئے ہیں۔ اگر انھوں نے اچھا کیا ہے تو آج اُس کے ثمروں سے خوشوقت ہیں اور اگر بُرا کیا ہے تو یاد رہے اُن کی برائی کی باز پرس تم سے ہرگز نہ ہوگی۔

بعض مفسرین نے لکھا ہے کہ پہلی آیت میں بنی اسرائیل مخاطب تھے اور یہ دوسری آیت اہل اسلام کی تنبیہ اور تحذیر کے لئے ہے تاکہ وہ بنی اسرائیل کے حالات کا مطالعہ کریں اور محض اسلاف کی شرافت پہ بھروسہ کرکے خود بیکار و معطل نہ رہجائیں بلکہ ان کو چاہیئے کہ اپنے اولوالعزم بزرگان دین کی مقبول چال کو اپنا شعار بنائیں اور ان کی پیروی اور اطاعت کو اپنی سرخروئی اور کامیابی کی دلیل سمجھیں اور اپنے آپ کو "کنتم خیر امۃ" کے مصداق بنانے کی کوشش کریں ۔۱۲

ھذا قد تم الجزء الاول بفضلہ والیہ المرجع والمآب واٰخر دعونا ان الحمد للہ رب العلمین

اللھم صل علی سیدنا محمد وعلی اٰلہ وصحبہ وسلم

العبد محمد فتح الدین آزر خوشابی ابن حکیم غلام محمد صاحب مرحوم حنفی القادری۔

خوشاب ۔ پنجاب ضلع شاہ پور

رجب المرجب سنہ ۱۳۴۲ ہجری